فقیہہ ملت مفتی اعظم پاکستان
حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ
کے گراں قدر ملفوظات کا مجموعہ

# مجالسِ مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ


مفتی عبدالرؤف سکھروی
خلیفہ مجاز حضرت مفتی اعظم پاکستان قدس سرہ



ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

# مجالسِ مفتیٔ اعظم

فقیہِ ملّت مفتیٔ اعظم پاکستان،
حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرّہ،
کے گراں قدر ملفوظات کا مجموعہ

مفتی عبدالرؤف سکھروی
خلیفہ مجاز حضرت مفتی اعظم پاکستان قدس سرّہ

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

باہتمام : محمد مشتاق ستی
طبع جدید : ربیع الاول ۱۴۲۴ھ مئی ۲۰۰۳ء
مطبع : احمد پرنٹنگ پریس، ناظم آباد کراچی
ناشر : ادارۃ المعارف کراچی۔ احاطہ دار العلوم کراچی ۱۴
فون : 5049733 - 5032020
ای میل : i_maarif@cyber.net.pk

ملنے کے پتے:

- ادارۃ المعارف کراچی احاطہ دار العلوم کراچی ۱۴
  فون: 5049733 - 5032020
- مکتبہ معارف القرآن کراچی احاطہ دار العلوم کراچی ۱۴
  فون: 5031565 - 5031566

# پیش لفظ

## حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مد ظلہم العالی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم .

الحمدللہ و کفیٰ ، و سلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ

**امابعد!**

میرے والد ماجد حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب ﷫ کو اللہ تعالیٰ نے عجیب کمالات سے نوازا تھا۔ علم وفضل اور صلاح وتقویٰ کا بحر ناپیدا کنار ہونے کے باوجود ان کی تواضع اور فنائیت ہر دیکھنے والے کو متاثر کئے بغیر نہیں رہتی تھی آپ حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ کے اجل خلفاء میں سے تھے ان خلفاء میں سے جن کے بارے میں حضرت حکیم الامت نے نام لے لیکر فرمایا تھا کہ انشاءاللہ میرے بعد ان حضرات کا فیض پھیلے گا۔ لیکن وہ ہمیشہ اپنے آپ کو مسند اصلاح وارشاد سے اتنا دور تصور کرتے رہے کہ اپنی زبان فیض ترجمان سے درجنوں انسانوں کی زندگی میں خوشگوار دینی انقلاب دیکھنے کے باوجود کبھی یہ خیال بھی نہیں گذرا کہ کوئی اصلاحی مجلس سجائیں جہاں لوگ اپنی اصلاح کی غرض سے آیا کریں۔ بلکہ جب کبھی لوگوں نے یہ تجویز پیش کی کہ آپ کی کوئی اصلاحی مجلس ہونی چاہئے تو ہمیشہ طرح دے گئے ' اور اس تجویز کو منظور نہیں فرمایا۔ کبھی کسی نے زیادہ اصرار کیا تو صاف صاف جواب دیا کہ "میں کیا؟ اور میری مجلس کیا؟ مجلس تو حکیم الامت قدس سرہ جیسے حضرات کی ہوتی تھی ' میں اس لائق کہاں کہ کوئی اصلاحی مجلس منعقد کروں؟ اور اگر کر بھی لوں تو کون ہے جو اصلاح کی غرض سے اس مجلس میں آئے گا؟"

اسی تواضع کا نتیجہ تھا کہ ۱۹۴۸ء میں پاکستان آنے کے بعد تقریباً دس سال تک حضرت والد صاحب کی کوئی ہفتہ وار اصلاحی مجلس نہیں ہوتی تھی۔ البتہ ایک مسجد

میں روزانہ درس قرآن دینے کا معمول تھا' نیز حسب موقع وعظ بھی فرماتے تھے اور اگر کوئی شخص اصلاح کیلئے رجوع کرتا تو انفرادی طور پر حضرت حکیم الامت قدس سرہ کے حکم کی تعمیل میں اس کے ساتھ اصلاحی تعلق بھی قائم فرمالیتے تھے لیکن کوئی باقاعدہ مجلس کا سلسلہ نہیں تھا۔

بالاخر غالباً ۱۹۵۷ء میں حضرت والد صاحب قدس سرہ کے ایک بے تکلف دوست نے' جو سورتی صاحب کے نام سے مشہور تھے اور حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت بھی تھے' ایک مرتبہ کچھ اس انداز سے حضرت والد صاحب پر زور دیا کہ والد صاحب انکار نہ کر سکے۔ انہوں نے کہا کہ جو کچھ حضرت حکیم الامت کی مجلسوں میں آپ نے حاصل کیا۔ وہ آپ کے پاس ایک امانت ہے' اور حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے آپ کو بیعت وتلقین کی اجازت دیکر ایک طرح سے آپ پر یہ ذمہ داری عائد کی ہے کہ اسے دوسروں تک پہنچائیں' لہٰذا آپ محض اپنی تواضع کی بنیاد پر لوگوں کو اس سے محروم کیوں کرتے ہیں؟

یہ بات سورتی صاحب مرحوم نے نہ صرف کہی بلکہ ایک اتوار کو عصر کے بعد کچھ لوگوں کو لیکر آگئے' اور فرمائش کی کہ آپ کے پاس حضرت حکیم الامت کے جو ملفوظات لکھے ہوئے ہیں' وہ ہمیں سنایئے۔

بس اس طرح اس مجلس کا آغاز ہو گیا۔ اس وقت ملک میں ہفتہ وار چھٹی اتوار کو ہوا کرتی تھی' اس لئے لوگوں کی سہولت کی وجہ سے اتوار کے دن عصر کے بعد مجلس کا وقت طے پایا' حضرت والد صاحب نے لسبیلہ ہاؤس کے قریب اشرف منزل کے نام سے جو مکان بنایا تھا' اس کے بیرونی چمن میں یہ مجلس شروع ہوگئی۔ مجلس کے شروع میں عموماً ختم خواجگان ہوتا' اس کے بعد حضرت والد صاحب قدس سرہ حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ کے وہ ملفوظات سنایا کرتے تھے جو خود آپ نے حضرت کی مجالس میں تحریر فرمائے تھے' اور مدت سے کپڑے کی ایک گٹھڑی میں محفوظ رکھے ہوئے تھے۔ یہ گٹھڑی حضرت والد صاحب کو بہت عزیز تھی' ہجرت کے وقت بہت سا سازوسامان چھوڑ آئے' بہت سا منتقل ہونے کی کارروائیوں میں گم ہو گیا' لیکن یہ گٹھڑی ہمیشہ ساتھ رہی' اور حضرت والد صاحب نے جان کی طرح اس کی حفاظت فرمائی۔

اس وقت جو حضرات اس مبارک مجلس میں عموماً حاضر ہوتے تھے، ان میں سورتی صاحب تو مجلس کے محرک ہی تھے (اوران کی یہ نسبت اتنی مشہور ہوگئی تھی کہ ان کا نام بھی اب مجھے یاد نہیں رہا) اس کے علاوہ حضرت حکیم امداد اللہ صاحب، حاجی محمد ابراہیم صاحب، مولانا جمیل احمد صاحب، احقر کے خسر جناب شرافت حسین صاحب کے نام اس وقت یاد ہیں، بہت سوں کی صورتیں یاد آرہی ہیں، نام یاد نہیں، خلاصہ یہ کہ رفتہ رفتہ اس مجلس میں حاضری بڑھتی گئی اور بہت سے حضرات کی زندگیوں میں انقلاب آگیا۔

جب تک حضرت والد صاحب لسبیلہ ہاؤس کے مکان میں مقیم رہے، یہ مجلس وہیں جاری رہی، پھر جب دارالعلوم کورنگی میں سکونت اختیار فرمائی تو چونکہ دارالعلوم شہر سے دور تھا، اس لئے حضرت والد صاحب نے فرمایا کہ میں بہت سے حاضرین کو اتنی دور آنے کی زحمت دینا نہیں چاہتا، اس لئے یہ مجلس شہر کے محلہ نانک واڑہ میں واقع دارالعلوم کی مسجد میں شروع فرما دی۔ ہر اتوار کو آپ خود اہتمام کے ساتھ شہر تشریف لیجاتے اور مجلس وہیں منعقد ہوتی تھی۔ یہ سلسلہ اس وقت تک جاری رہا جب تک مختلف بیماریوں اور ضعف نے آپ کیلئے شہر جانا سخت مشکل نہیں بنا دیا۔ اس مرحلے پر خود حاضرین مجلس نے درخواست کی کہ مجلس کو دارالعلوم کورنگی ہی میں منتقل کر دیا جائے، چنانچہ پھر یہ مجلس دارالعلوم کورنگی میں شروع ہو گئی اور حضرت والد صاحب کی وفات سے تین دن پہلے تک جاری رہی، جب اتنی بھی طاقت نہ رہی کہ گھر سے اٹھ کر دفتر یا مسجد تک جا سکیں تو گھر ہی میں چارپائی پر بیٹھے بیٹھے بھی یہ سلسلہ جاری رکھا۔

شروع میں حضرت والد صاحب نے حضرت حکیم الامت کے وہ ملفوظات سنانے شروع کئے تھے جو خود آپ نے قلمبند فرمائے، ان ملفوظات کی تشریح آپ خود فرمایا کرتے تھے، مدتوں یہ سلسلہ چلا۔ اس کے بعد آپ نے "ملفوظات حسن العزیز" پڑھنے شروع کئے اور مدت دراز تک وہ سلسلہ جاری رہا، آخر دور میں طریقہ یہ ہو گیا تھا کہ حاضرین مجلس میں سے کوئی صاحب ملفوظات کی کوئی کتاب پڑھتے اور حضرت والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ جہاں ضرورت سمجھتے، تشریحی بیان فرماتے تھے۔ اس زمانے میں ملفوظات پڑھنے کی یہ خدمت عموماً عزیز گرامی مولانا عبدالرؤف صاحب انجام دیا

کرتے تھے۔

جن حضرات کو اللہ تعالیٰ نے اس مجلس میں شرکت کی سعادت عطا فرمائی وہ جانتے ہیں کہ اس مبارک مجلس میں کیا تاثیر تھی؟ ایسا محسوس ہوتا تھا کہ اس محفل میں پہنچ کر انسان دنیا ومافیہا سے بے خبر ہو کر ایک عجیب نورانی فضا میں پہنچ گیا ہے۔ یہ وعظ وارشاد کی کوئی عام مجلس نہ تھی جس میں رسمی تقریر وخطابت کے جوہر دکھائے جاتے ہوں۔ یہ ایک ایسی شفقت آمیز محفل تھی جس میں ہر شریک ہونے والے کو ایک پیکر شفقت مربی کا سایہ محبت ملتا تھا' اس میں دین کے اسرار ومعارف بیان ہوتے تھے' اس میں دلوں سے شبہات کے کانٹے نکالے جاتے تھے' اس میں زندگی کے آداب سکھائے جاتے تھے' اس میں لوگوں کی مشکلات کے عقدے حل کئے جاتے تھے' غرض زندگی کے مسائل کا کوئی پہلو ایسا نہیں تھا جس پر یہاں ہدایت کی ٹھنڈی روشنی مہیا نہ ہوتی ہو۔

بارہا احقر کو خیال ہوا کہ مجلس کی باتیں ضبط تحریر میں لائی جائیں' لیکن اول تو بعض مرتبہ اپنی غفلت اور بعض مرتبہ تو دارالعلوم کی گوناگوں مصروفیات کی وجہ سے احقر کو مجلس میں پابندی سے حاضری کا موقع نہیں ملتا تھا' دوسرے آخر میں یہ اطمینان ہو گیا تھا کہ بفضلہ تعالیٰ مجلس کی باتیں ٹیپ ریکارڈر کے ذریعے محفوظ ہو رہی ہیں اس مجلس کے ایک حاضرباش مولوی محمد علی صاحب مرحوم اہتمام کے ساتھ مجلس ٹیپ کیا کرتے تھے' اور انہی کے پاس یہ ٹیپ محفوظ بھی رہتے تھے' لیکن افسوس ہے کہ حضرت والد صاحب قدس سرہ کے انتقال کے موقع پر مہمانوں کی آمدورفت کا جو ہنگامہ رہا' اس میں یہ تمام ٹیپ کہیں ضائع ہو گئے اور ان سے استفادے کا کوئی راستہ موجود نہ رہا۔

مجلس کے بعض حاضرین اپنی اپنی بساط کے مطابق بہت سی باتیں نوٹ کیا کرتے تھے' لیکن وہ بھی منتشر تھیں اور کسی کے پاس کوئی مکمل ریکارڈ محفوظ نہ تھا۔

احقر کی معلومات کی حد تک اگر کسی کے پاس مجلس کی سب سے زیادہ یادداشتیں جمع تھیں تو وہ عزیز گرامی قدر مولانا عبدالرؤف صاحب کے پاس تھیں' جو آخر دور میں سالہا سال مجلس میں پابندی سے حاضر ہوتے رہے' بلکہ ملفوظات پڑھنے کی خدمت بھی وہی انجام دیتے تھے' اللہ تعالیٰ نے انہیں حضرت والد صاحب کی مجلس سے ماشاء اللہ

بہت فیضیاب کیا' وہ حضرت والد صاحب کی طرف سے مجاز بیعت بھی ہیں اور ماشاء اللہ قابل رشک حالات رکھتے ہیں۔انہوں نے اپنی یادداشتوں کو قسط وار ماہنامہ البلاغ میں شائع کرنا شروع کیا'اوراب یہ کتاب انہی یادداشتوں کا مجموعہ ہے جسے انہوں نے مختلف عنوانات کے تحت عمدہ طور پر مرتب فرمادیا ہے۔

الحمدللہ 'اس کتاب میں حضرت والد صاحب کی مجلس کی بہت سی باتیں محفوظ ہوگئی ہیں اوراس طرح ایک حد تک اس نقصان کی تلافی ہوگئی ہے جوگمشدہ ریکارڈ کے نہ مل سکنے سے ہوا تھا۔لیکن یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ اس کتاب میں حضرت والد صاحب کی مجلس کی باتوں کی انتہائی مختصر تلخیص شامل کی گئی ہے جس سے کچھ ضروری باتوں کا مرکزی مفہوم تو سامنے آجاتا ہے'لیکن اس سے نہ مجلس کے مجموعی رنگ کا اندازہ ہوسکتا ہے' نہ اس کی پوری تاثیر سامنے آسکتی ہے'اور نہ ہی یہ کہا جا سکتاہے کہ تمام باتیں اپنے پورے سیاق وسباق اور ضروری قیود وشرائط کے ساتھ درج ہوئی ہیں۔مولانا عبدالرؤف صاحب نے مجلس میں حاضری کے دوران وقتی طور پر جو بات جن الفاظ میں قلمبند فرمائی وہ اسی طرح اس کتاب میں درج ہے۔یہاں تک کہ الفاظ کی تقدیم وتاخیر کا بھی ہر جگہ لحاظ نہیں ہے۔لہٰذا اس کتاب کو اپنی اصلاح کی خاطر پڑھا جائے'اوراس سے اپنے عمل میں رہنمائی حاصل کی جائے توانشاءاللہ مفید ہوگی لیکن اس کے ایک ایک لفظ کو موجودہ شکل میں حضرت والد صاحب قدس سرہ کی طرف منسوب کرکے اس سے کوئی علمی نتیجہ نکالنا درست نہیں ہوگا۔اس کیلئے حضرت والد صاحب قدس سرہ کی خود اپنی تصانیف کی طرف رجوع کرنا چاہئے'کیونکہ عین ممکن ہے کہ ان ملفوظات کی ترتیب میں کوئی ایسی بات قلمبند ہونے سے رہ گئی ہو جس کے موجود نہ ہونے سے سیاق کلام بدل جاتا ہو۔

اس اہم نکتے کو مدنظر رکھتے ہوئے انشاءاللہ اس کتاب کا مطالعہ مفید ہوگا۔اور حضرت مولانا عبدالرؤف صاحب اس کی ترتیب وتالیف پر شکریہ اور تبریک کے مستحق ہیں۔اللہ تعالیٰ اس کو مسلمانوں کیلئے نافع بنائیں اور عمل کی توفیق عطا فرمائیں۔آمین!

محمد تقی عثمانی

دارالعلوم کراچی نمبر ۱۴

۴/ ربیع الثانی ۱۴۱۶ھ

# فہرست مضامین

پیش لفظ ........ ۳
عرض مرتب ........ ۵۱

## باب اول عقائد ۵۹

### مجلس : ۱ عید میلاد النبی ﷺ ۶۱

یادگار منانا بے اصل ہے ........ ۶۱
عید میلاد النبی بدعت ہے ........ ۶۲
شب قدر کی عبادت ثابت ہے ........ ۶۳
شیطانی دھوکے ........ ۶۳
بے مثال مذہب ........ ۶۴
عیدیں منانے لگو گے تو دفتر نہ جاسکو گے ........ ۶۵
محفل سیرت کا صحیح طریقہ ........ ۶۵
عید میلاد النبی منانے کی بنیاد ........ ۶۶

### عقائد سے متعلق متفرق ارشادات ۶۷

بدعت کی تعریف ........ ۶۷
راہ سنت اور بدعت ........ ۶۷
خلاف سنت عمل ........ ۶۹
مزارات پر پھولوں کی چادر چڑھانا ........ ۶۹
دین کی حیات پر حملہ ........ ۶۹
دین میں تحریف کرنا ........ ۷۰
دین بدلنے والا خود مٹ جائے گا ........ ۷۰
تقدیر کی پوری حقیقت معلوم کرنا گناہ ہے ........ ۷۱

علم پر ناز نہ کرو .......... ۷۲
نفاذ قانون کیلئے روحانی عقیدہ .......... ۷۳
سازو سامان کی کمی بیشی منجانب اللہ ہے .......... ۷۳
تنگی رزق .......... ۷۴
تمام غموں کا علاج .......... ۷۵
اہل بیت کی محبت سے مراد .......... ۷۵

## باب دوم عبادات ۷۷

مجلس : ۲ اتباع سنت .......... ۷۹
اتباع سنت بھلائی کا راستہ ہے .......... ۷۹
اتباع سنت دو قسم پر ہے .......... ۸۰
عجب اور تکبر میں فرق .......... ۸۱
اتباع سنت تمام نیکیوں کی کنجی ہے .......... ۸۲
قلم بڑی لعنت ہے .......... ۸۲

مجلس : ۳ اتباع سنت کا صحیح طریق کار .......... ۸۴
سیرت کا اہم پہلو اسوۂ حسنہ .......... ۸۴
عملی نمونہ اشاعت اسلام کا باعث ہے .......... ۸۵
اتباع سنت کا اہتمام .......... ۸۶
مشرکہ عورت کے نکاح سے اجتناب .......... ۸۷
حضور ﷺ کے اتباع میں جان و مال قربان .......... ۸۸
حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی سنت کی پیروی .......... ۸۹
سیرت طیبہ پر عمل کے طریقے .......... ۹۰
تین عملی تجاویز .......... ۹۱

## چند ارشادات ۹۳

اتباع سنت کیا ہے؟ ........................ ۹۳
راہ اعتدال سے تجاوز ........................ ۹۳
ثواب کے بجائے عذاب ........................ ۹۳
خطرناک غلطی ........................ ۹۳

## مجلس : ۴ اکابر کے پر حکمت جوابات اور آداب تبلیغ ۹۴

محفل میلاد کا جواب ........................ ۹۵
حضرت مولانا اسماعیل شہید کی جراءت اور تبلیغ ........................ ۹۵
فاحشہ عورتوں کو تبلیغ ........................ ۹۶
آداب تبلیغ ........................ ۹۷
ادب کی حقیقت ........................ ۹۸
معاصی سے بچنا کمال ہے ........................ ۹۸

## چند ارشادات ۹۹

اسلام کیسے پھیلا؟ ........................ ۹۹
دین کا کمال دو باتوں پر ہے ........................ ۹۹
تبلیغ کون کرے ........................ ۹۹
بے عمل بھی تبلیغ کر سکتا ہے ........................ ۹۹
دین کی اصل فکر کیا ہے ........................ ۱۰۰
حضرت تھانوی کا طرز عمل ........................ ۱۰۰

## مجلس : ۵ قرآن کریم حفظ کرنے کی اہمیت ........ ۱۰۱

حفظ قرآن بڑا انعام ہے ........................ ۱۰۱
حق تعالیٰ کا احسان ہے کہ وہ کسی سے قرآن کی خدمت لے لیں ........ ۱۰۲
حافظ کے والدین کو تاج پہنانے کی وجہ ........................ ۱۰۲

قرآن کریم چھوڑنے پر مصائب کی آمد ............ ۱۰۳
قرآن کریم اور ہمارے فرائض ............ ۱۰۳

مجلس : ۶ صبح تلاوت قرآن کریم کا معمول بنائیے ۱۰۵
دنیا کی پیش کش اور حضور ﷺ کا انکار ............ ۱۰۵
دنیا کو کون چلا رہا ہے ............ ۱۰۶
خدائے پاک موجود ہے ............ ۱۰۷
سب کچھ اللہ پاک کی ملک ہے ............ ۱۰۷
اصلی انسان ............ ۱۰۸
اصل ترقی کیا ہے ............ ۱۱۰
مال و دولت کی حقیقت ............ ۱۱۱
انسان انسان بنے ............ ۱۱۲
جانوروں سے سبق ............ ۱۱۲
اسلام انسانیت سکھاتا ہے ............ ۱۱۳
تلاوت قرآن کریم کا اہتمام کریں ............ ۱۱۳

مجلس : ۷ نفلی صدقہ اور اس کا مفہوم عام ............ ۱۱۴
پہلی حدیث ............ ۱۱۴
صوفیائے کرام کی نفس کشی کا مطلب ............ ۱۱۴
اپنے نفس کا بھی حق ہے ............ ۱۱۵
نیت شرط ہے ............ ۱۱۵
حضرت والا کا ارشاد ............ ۱۱۵
دوسری حدیث ............ ۱۱۶
حضرت ابراہیم ابن ادھم کا واقعہ ............ ۱۱۶
نتیجہ ............ ۱۱۷
اسی حدیث کا دوسرا ٹکڑا ............ ۱۱۷

حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا ........................ ۱۱۸
غلط رواج ........................ ۱۱۸
تیسری حدیث ........................ ۱۱۹
زکوۃ میں ادائیگی ضروری ہے ........................ ۱۱۹
بے فکری ........................ ۱۲۰
حقوق اللہ و حقوق العباد کی تاکید ........................ ۱۲۱
نکاح کی تین آیات میں تقویٰ کی تاکید ........................ ۱۲۱
قساوت قلبی ........................ ۱۲۲
حدیث کی وضاحت ........................ ۱۲۳

مجلس : ۸ ہدیہ کے آداب ........................ ۱۲۵
شیخ احمد کا وصیت نامہ بے اصل ہے ........................ ۱۲۶
ہدیہ قبول کرنا ضروری نہیں ........................ ۱۲۷

حیا اور اس کی قسمیں ۱۲۸
بے حیائی کی مذمت ........................ ۱۲۸
سب سے افضل کلمہ ........................ ۱۲۹
تکلیف دہ چیزیں راہ سے ہٹانا ........................ ۱۲۹
حیا کی چھ قسمیں ........................ ۱۳۱
گناہوں سے حیا ........................ ۱۳۱
حیا تقصیری ........................ ۱۳۱
حیا کرم ........................ ۱۳۱
حیا جنسی ........................ ۱۳۲
حیا اجلالی ........................ ۱۳۳
حیا استحقار ........................ ۱۳۳

## چند ارشادات ۱۳۴

مال کی قدر کرو ........ ۱۳۴
کم خرچ والا نکاح زیادہ باعث برکت ہے ........ ۱۳۴
نفلی صدقہ بھی کرنا چاہئے ........ ۱۳۴
صدقہ اور ہدیہ میں فرق ........ ۱۳۴
برکت ہونے کا مطلب ........ ۱۳۵
مال تجارت کی کونسی قیمت زکوۃ میں معتبر ہے ........ ۱۳۵

## مجلس : ۹ تین آدمیوں کا دوگنا ثواب ........ ۱۳۶

سنی ہوئی بات کی تحقیق ضروری ہے ........ ۱۳۶
دوگنا ثواب ملنے کی وجہ ........ ۱۳۷
کیا حضرت سلمان حضرات خلفاء سے بڑھ گئے؟ ........ ۱۳۸
ماتحتوں کے بارے میں بازپرس ........ ۱۳۹
دیہاتی کی نقل ........ ۱۳۹
ایک بڑھیا کی عقلمندی ........ ۱۴۰
آدمی اپنے گھر والوں پر نگران ہے ........ ۱۴۱
تعلیم کمیٹی ........ ۱۴۱
نصاب تعلیم و نظام تعلیم ........ ۱۴۲
ماں کی گود اسکول ہے ........ ۱۴۳
بچوں کی تربیت ........ ۱۴۳

## مجلس : ۱۰ سورۂ یوسف کی آیت اِذْ قَالُوْا لَیُوْسُفُ الخ کی عجیب تشریح ۱۴۵

## ایک ارشاد ۱۴۸

من یشاء کی دو تفسیریں ........ ۱۴۸

## مجلس : ۱۱ شہادت حسین رضی اللہ عنہ ۱۴۹

مومن ہونے کی ایک شرط ...... ۱۵۰
پریشانی اپنی رائے سے ہوتی ہے ...... ۱۵۰
حضرت حمزہ ؓ کی شہادت ...... ۱۵۱
سید الشہداء اور صحابہ کا عمل ...... ۱۵۱
ہمارا سارا خاندان شہیدوں کا ہے ...... ۱۵۲
عاشورہ کا روزہ اور اسراف ...... ۱۵۳
شہادت حسین کی مثال ...... ۱۵۳
شہادت حسین کے تاریخی حالات مخدوش ہیں ...... ۱۵۳
حضرت حسین ؓ کا مختصر واقعہ ...... ۱۵۴

## عبادات کے متعلق متفرق ارشادات ۱۵۶

نماز جماعت کی اہمیت ...... ۱۵۶
جماعت بڑھانے کا اہتمام ...... ۱۵۶
خشوع وخضوع کا مطلب ...... ۱۵۶
نماز میں دھیان لگانے کا طریقہ ...... ۱۵۶
تین آخری نصیحتیں ...... ۱۵۷
طلوع آفتاب سے کب تک نماز پڑھنا منع ہے ...... ۱۵۸
عجیب نکتہ ...... ۱۵۸
دعائے استخارہ کا مطلب ...... ۱۵۸
قبولیت عبادت کی علامت ...... ۱۵۹
دو مجرب عمل ...... ۱۵۹
ختم خواجگان کا طریقہ ...... ۱۵۹
ختم خواجگان کے اوقات ...... ۱۶۰
رمضان میں تلاوت سب سے افضل عمل ہے ...... ۱۶۰

قرآن کریم کو سلسلہ وار پڑھنا بہتر ہے ........................ ۱۶۰
شب قدر میں صحابہ کا دستور ........................ ۱۶۰
عتاب سے بچئے ........................ ۱۶۱
اعتکاف میں غسل جمعہ کرنا ........................ ۱۶۱
رمضان میں گناہوں کے تقاضے کی وجہ ........................ ۱۶۱
حج بدل ........................ ۱۶۲
شریعت میں رات پہلے آتی ہے ........................ ۱۶۲
مدینہ سے افراد کا احرام باندھنا ........................ ۱۶۲
منیٰ میں چار کام کرنا ........................ ۱۶۲
سعی میں مناجات مقبول پڑھنا ........................ ۱۶۳
وعظ الحج المبرور ........................ ۱۶۳
تابیر نخل کی حدیث سے اعتراض اور اس کا جواب ........................ ۱۶۳
جہاد کی حقیقت ........................ ۱۶۳
تین اشخاص کی امداد خدا کے ذمہ ہے ........................ ۱۶۴
یک مشت سے زائد داڑھی رکھنا سنت نہیں ........................ ۱۶۴
ہدایت برائے مفتی ........................ ۱۶۴
وسیع النظر ........................ ۱۶۴
علم سے عمل کرنا مقصود ہے ........................ ۱۶۴
یُسر سے کیا مراد ہے؟ ........................ ۱۶۵
حقیقی راحت ........................ ۱۶۵
امن واطمینان کی جڑ ........................ ۱۶۵
راحت کی کنجی ........................ ۱۶۵
طاعات کی جزا کچھ نقد بھی ہے ........................ ۱۶۶
نقد جنت ........................ ۱۶۶
عزت حاصل کرنے کا طریقہ ........................ ۱۶۷
دوست اور دشمن کے معاملے میں امتیاز ........................ ۱۶۷

## باب سوم معاملات ۱۶۹


مجلس : ۱۲ اسلام کے معاشی اصول ........ ۱۷۱
دولت خرچ کرنے کا اصول ........ ۱۷۲
کفایت شعاری کی مثالیں ........ ۱۷۳
تہذیب مغرب کی لعنت ........ ۱۷۴
کپڑوں میں پیوند ........ ۱۷۴
ایک گھسیارہ کا حسن انتظام ........ ۱۷۵
مجلس کا خلاصہ ........ ۱۷۶

مجلس : ۱۳ اصل تقویٰ یہ ہے ........ ۱۷۸
ملکیت کی وضاحت کا اہتمام ........ ۱۷۸
اموال کی بے غبار تقسیم ........ ۱۷۹
اپنی ملکیت کا امتیاز ........ ۱۸۰
ہمارے لئے راہ عمل ........ ۱۸۰
تقسیم میراث میں غلطی ........ ۱۸۱
نابالغوں کے حقوق کی حفاظت ........ ۱۸۱
بالغ کا حق ادا کرنے کا طریقہ ........ ۱۸۲
ترجمہ قرآن کریم میں اردو ادب کا زیادہ اہتمام ........ ۱۸۲
احکام شرعی کی حکمت پوچھنا بندگی کے خلاف ہے ........ ۱۸۳
شرعی لباس باعث شرافت ہے ........ ۱۸۴
اپنی وضع پر پختگی ........ ۱۸۴

معاملات سے متعلق متفرق ارشادات ۱۸۶
حضرت نانوتوی کا مدرسہ کا قلم استعمال کرنا ........ ۱۸۶

رقم لکھنے سے پہلے لفظ مبلغ لکھنے کا فائدہ ........ ۱۸۶
ضروریات زندگی میں اولاد کے درمیان برابری ضروری نہیں ........ ۱۸۶
دیوانہ کے ہدیہ کا حکم ........ ۱۸۷
سود سے بخل بڑھتا ہے ........ ۱۸۷
نکاح کا اصل مقصد ........ ۱۸۷
سنت کے مطابق نکاح کرنے کی برکت ........ ۱۸۷
عورت کا مہر معاف کرنا ........ ۱۸۷

## باب چہارم معاشرت ۱۸۹

### مجلس: ۱۴ مشورے کی اہمیت ........ ۱۹۱

فتنوں کا ظہور ........ ۱۹۱
قادیانی فتنہ ........ ۱۹۱
رجوع الی اللہ اور پوری کوشش ........ ۱۹۲
مشورہ کرنا صحیح طریقہ ہے ........ ۱۹۲
آیت لم تقولون مالا تفعلون کی تفسیر میں شبہ اور اس کا ازالہ ........ ۱۹۳
دعویٰ اور دعوت میں فرق ........ ۱۹۳
جاہل کو علماء کا لباس اختیار کرنا ........ ۱۹۴
خاندانی وضع نہ چھوڑیں ........ ۱۹۴
حضرت تھانوی کا ایک دلچسپ اور سبق آموز واقعہ ........ ۱۹۵
دوسروں کو دعوت دینے میں کوئی حرج نہیں ........ ۱۹۶
دعویٰ کبھی عمل سے بھی ہوتا ہے ........ ۱۹۶
حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کثرت حدیث کی وجہ ........ ۱۹۸
مالداری بری چیز نہیں ........ ۱۹۹
اہل علم دنیا جمع کرنے کی فکر میں نہ لگیں ........ ۱۹۹
علماء کو بہت سے جائز کام بھی چھوڑنے پڑتے ہیں ........ ۲۰۰

حضرت مفتی صاحب کا درس پر معاوضہ نہ لینا ........ ۲۰۰

## مجلس : ۱۵ معاشرے کی اصلاح ........ ۲۰۱

اخلاق و اعمال سے غفلت ........ ۲۰۱
بغض اور کینہ کی حقیقت ........ ۲۰۳
شرعی لباس گناہوں سے بچنے کا ذریعہ ہے ........ ۲۰۴
آداب معاشرت ........ ۲۰۴
بے وقت فون کرنا اور کسی کے گھر جانا ........ ۲۰۶
جانوروں کو ایذا دینا ........ ۲۰۷

## مجلس : ۱۶ حسن انتظام کے فوائد ........ ۲۰۹

سفر میں قصر کی علت ........ ۲۱۰
ہدیہ قبول کرنے کا اصول ........ ۲۱۰
قواعد کی بنیاد حصول راحت ہے ........ ۲۱۱
حسن انتظام کی تعلیم ........ ۲۱۲
حسن انتظام سے راحت ہونا ........ ۲۱۲
بیٹھ کر سونے میں احتیاط ........ ۲۱۳
خواب سے زیادہ بیداری کی فکر ........ ۲۱۳
مباحات کی کثرت باعث قساوت ہے ........ ۲۱۴

## مجلس : ۱۷ عوام پر علماء کی ہیبت نہ ہونے کی وجہ ... ۲۱۶

عوام پر ججوں کی ہیبت کی وجہ ........ ۲۱۶
علم بھی قابل ادب ہے ........ ۲۱۷
دنیا داروں کے ساتھ کیسا معاملہ کرنا کرنا چاہئے؟ ........ ۲۱۷
عبادت حکم ماننے کا نام ہے ........ ۲۱۸
حضرت والا کا ایک عجیب واقعہ ........ ۲۱۹

حضرت عمر ﷺ کا رک جانا ........................ ۲۲۰

مجلس : ۱۸ شرعی سزائیں ........................ ۲۲۲

خدا کی ناراضگی سے وبال آتا ہے ........................ ۲۲۲
علی گڑھ کالج کی مسجد ........................ ۲۲۲
شرعی سزاؤں کا فائدہ ........................ ۲۲۳
شرعی سزا اس لئے ہے کہ قہر خدا نازل نہ ہو ........................ ۲۲۴
شرعی سزائیں رحمت ہیں ........................ ۲۲۴
ظاہری اور باطنی سزائیں ........................ ۲۲۵
شاہجہاں کا واقعہ ........................ ۲۲۵
عدل وانصاف کا نفع ........................ ۲۲۷

معاشرت کے متعلق متفرق ارشادات ........................ ۲۲۸

مشورہ کی برکت ........................ ۲۲۸
تہذیب کی حقیقت ........................ ۲۲۸
سلامتی یکسوئی میں ہے ........................ ۲۲۸
تحصیل راحت کا گر ........................ ۲۲۸
اپنا کام خود ہی کرنا چاہئے ........................ ۲۲۸
عمر بھر یاد رکھنے کی بات ........................ ۲۲۹
حق العبد کی تین اقسام ........................ ۲۲۹
قطع تعلق کا وبال ........................ ۲۲۹
بیوی سے بد خلقی نہ کرنا ........................ ۲۲۹
بیوی کی بد خلقی برداشت کرنا ........................ ۲۲۹
دوسروں پر ہنسنا ........................ ۲۲۹
ہروقت دھیان رکھنے کی بات ........................ ۲۳۰
گول مول بات کرنا ........................ ۲۳۰

واضح جواب دینا ........................................ ۲۳۰
معاشرت اور معاملہ کا طریقہ ........................................ ۲۳۰
تکلف اور تصنع ........................................ ۲۳۰
ماں باپ کی نافرمانی ........................................ ۲۳۰
معمولی احسان بھی یاد رکھیں ........................................ ۲۳۱
رعایت کرنے والے کی رعایت کریں ........................................ ۲۳۱
لباس وزیور کی محبت کم کرنے کا علاج ........................................ ۲۳۱
تقریبات میں عورتوں کو جانے سے روکنا ........................................ ۲۳۱
بوڑھوں سے پردہ ........................................ ۲۳۱
ایک غلطی ........................................ ۲۳۲
مال حرام گناہوں کی جڑ ہے ........................................ ۲۳۲
تھوڑی آمدنی کب کافی ہوسکتی ہے ........................................ ۲۳۲
اہل دنیا کی صحبت سے بچیں ........................................ ۲۳۲
صحبت حرام ........................................ ۲۳۳
حرام خور کو مرید کرنا ........................................ ۲۳۳
پردہ پوشی ........................................ ۲۳۴
عبدالمعروف نام نامناسب ہے ........................................ ۲۳۴

## باب پنجم اخلاقیات ۲۳۵

### مجلس : ۱۹ تصوف کی حقیقت اور اس کی اہمیت .... ۲۳۸

انسان گوشت و پوست کا نام نہیں ........................................ ۲۳۸
انسان میں اصل چیز روح ہے ........................................ ۲۳۹
انسان جسم اور روح کے مجموعہ کا نام ہے ........................................ ۲۳۹
انسان میں دو قسم کے جہاں پائے جاتے ہیں ........................................ ۲۳۹
اسلام کا ہمہ گیر نظام ........................................ ۲۴۰

قلب کی حقیقت ............ ۲۴۱
دو لطیف قوتیں دل اور روح ............ ۲۴۱
تصوف کا موضوع ............ ۲۴۲

## مجلس : ۲۰ طریقت شریعت کا ایک حصہ ............ ۲۴۳

تصوف قرآن و سنت کا ایک شعبہ ............ ۲۴۳
فقہ اور تصوف دونوں ضروری ہیں ............ ۲۴۳
طریقت شریعت پر عمل کرنے کا نام ہے ............ ۲۴۴
مشائخ طریقت کا وجود ............ ۲۴۵
صوفی شریعت کے مکمل تابعدار کا نام ہے ............ ۲۴۶
علماء اور صوفیاء میں انحطاط ............ ۲۴۶
علماء اور صوفیاء میں بیزاری ............ ۲۴۷
مجددین کی آمد ............ ۲۴۸
دارالعلوم دیوبند کا منور دور ............ ۲۴۸

## چند ارشادات ۲۵۰

تصوف کی تعریف ............ ۲۵۰
تصوف کی لطافت ............ ۲۵۰
سلوک کا خلاصہ ............ ۲۵۰
اعمال ظاہری و باطنی ............ ۲۵۰
ظاہر کا اثر باطن پر ............ ۲۵۱
تصوف اصلاح باطن کا نام ہے ............ ۲۵۱
فساد دین کی بناء پر نہیں ............ ۲۵۲
تین طاقتوں میں درجہ اعتدال ............ ۲۵۲
معیار اعتدال ............ ۲۵۲

## مجلس : ۲۱ روح کی بیماری اور اس کا علاج ......... ۲۵۳

روح کی بیماری خدا سے غفلت ہے ......... ۲۵۳
روح کی بیماری کا علاج ......... ۲۵۳
امراض باطنی کا مکمل علاج ......... ۲۵۴
جسمانی اور باطنی بیماریوں میں فرق ......... ۲۵۴
قرآن وسنت کی جامعیت ......... ۲۵۵
علم فقہ اور تصوف ......... ۲۵۵
ایک افسوس ناک غفلت ......... ۲۵۶
اپنے نفس سے سوال ......... ۲۵۶

## چند ارشادات ۲۵۸

روح اور اس کی غذا ......... ۲۵۸
روح کے امراض ......... ۲۵۸

## مجلس : ۲۲ طریقت اور مرشد ......... ۲۵۹

غلط مجاہدہ کا نقصان ......... ۲۵۹
تصوف شریعت پر عمل کا نام ہے ......... ۲۵۹
ذکر اللہ میں لذت ہے ......... ۲۶۰
آخرت کی کامیابی چار باتوں سے ہے ......... ۲۶۰
تصوف کی حقیقت ......... ۲۶۲

## مجلس : ۲۳ اعمال باطنہ ......... ۲۶۴

اعمال باطنہ کی مجمل فہرست ......... ۲۶۴
اعمال باطنہ کے فرائض وواجبات ......... ۲۶۵
اعمال باطنہ کی حرام وناجائز باتیں ......... ۲۶۵
اعمال ظاہرہ اور باطنہ میں ایک خاص فرق ......... ۲۶۵

اعمال باطنہ کی اصلاح کیلئے مرشد کی ضرورت .......... ۲۶۶
اعمال باطنہ کی اصلاح کیلئے امام غزالی کی تجویز .......... ۲۶۷
اصلاح کے چار طریقے .......... ۲۶۸
پہلا طریقہ مرشد کامل اور اس کا اتباع ہے .......... ۲۶۸
ایک شیطانی فریب اور اس کا جواب .......... ۲۶۸
ایک اور شیطانی فریب .......... ۲۷۰
اولیاء اللہ کی پہچان .......... ۲۷۱
اصلاح باطن کا دوسرا طریقہ .......... ۲۷۲
تیسرا طریقہ .......... ۲۷۳
چوتھا طریقہ .......... ۲۷۴

## ایک ارشاد ۲۷۵

شیخ سے مناسبت پیدا کرنے کا طریقہ .......... ۲۷۵

## مجلس : ۲۴ اصلاح نفس کیلئے مجاہدات .......... ۲۷۶

رذائل سے بچنے کی تدابیر .......... ۲۷۶
ھویٰ اور ھدیٰ .......... ۲۷۷
نفسانی خواہشات کی دو قسمیں .......... ۲۷۸
مجاہدہ کی حقیقت .......... ۲۷۹
مجاہدہ کی حقیقت ایک مثال میں .......... ۲۷۹
علماء و طلباء .......... ۲۸۰
ہمارے زمانے کا مجاہدہ .......... ۲۸۲
ایک اہم بات .......... ۲۸۳
خلاصہ کلام .......... ۲۸۳

## چند ارشادات ۲۸۵

راہ سلوک میں مجاہدہ کی ضرورت ........ ۲۸۵
مجاہدہ کا مقصود ........ ۲۸۵

## مجلس: ۲۵ مہلکات ورذائل ........ ۲۸۶

طریقت کا خلاصہ تخلیہ اور تحلیہ ہیں ........ ۲۸۶
تمام رذائل کی جڑ ہوا پرستی ہے ........ ۲۸۷
نفس پر قابو پانے کے تین طریقے ........ ۲۸۸
خواہشات نفس کا علاج ........ ۲۸۹

## رذائل کے متعلق متفرق ارشادات ........ ۲۹۱

گناہوں کی جڑ تین باتیں ہیں ........ ۲۹۱
غصہ کا پہلا علاج ........ ۲۹۳
غصہ کا دوسرا علاج ........ ۲۹۳
بغض وکینہ ........ ۲۹۴
غصہ کا مختصر علاج ........ ۲۹۵
ظلم اکثر غصہ سے ہوتا ہے ........ ۲۹۵
کبر اور غرور کی تعریف اور علاج ........ ۲۹۵
کبر اور عجب میں فرق ........ ۲۹۶
تکبر خطرناک مرض ہے ........ ۲۹۶
اپنی غلطی مان لینا ........ ۲۹۶
سب سے خطرناک مرض ........ ۲۹۷
عجب خطرناک مرض ہے ........ ۲۹۸
غلطی کی تاویل ........ ۲۹۸
کبر کے تین درجے ہیں ........ ۲۹۸
حقیقی بالغ ........ ۲۹۸

تکبر کا ایک اور علاج ........ ۲۹۹
علماء کیلئے دو بری چیزیں ........ ۲۹۹
حسد کا علاج ........ ۲۹۹
حسد کا ایک اور علاج ........ ۲۹۹
ریا کا علاج ........ ۲۹۹
ریا ہر خیال کا نام نہیں ........ ۳۰۰
حرص شرعی ........ ۳۰۰
حرص ام الامراض ہے ........ ۳۰۰
حرص کا علاج ........ ۳۰۰
حبِ مال وجاہ ........ ۳۰۰
مرض حبِ جاہ ........ ۳۰۱
حب دنیا کا علاج ........ ۳۰۱
دنیا عارفین کی نظر میں ........ ۳۰۱
عشق امرد ........ ۳۰۱
دین اور علوم دینیہ سے غفلت کا نتیجہ ........ ۳۰۲
معصیت کے نتائج ........ ۳۰۲
مصیبت معصیت کی علامت ........ ۳۰۲
دل کے تباہ ہونے کی علامتیں ........ ۳۰۲
رذائل کا امالہ کرنا چاہئے ........ ۳۰۳
اپنے عیوب پہچاننے کے طریقے ........ ۳۰۳
مصائب کے وقت دستور العمل ........ ۳۰۴
پریشانی کا علاج ........ ۳۰۴
رنج وغم کا علاج ........ ۳۰۴
تجویز پریشانی کی جڑ ہے ........ ۳۰۵
راحت کا نسخہ ........ ۳۰۵
غیر اختیاری پریشانی مضر نہیں ........ ۳۰۵

غیراختیاری پریشانی مجاہدہ ہے ........................ ۳۰۵
اصلاح یہ ہے ........................ ۳۰۵
اختیاری کام کی فکر غیراختیاری کام سے بے فکری ........................ ۳۰۶
نصف سلوک ........................ ۳۰۶
دفع پریشانی کی توقع نہ رکھو ........................ ۳۰۶
خیالات ووساوس کا علاج ........................ ۳۰۶

مجلس : ۲۶ اصلاح قلب کا طریقہ ........................ ۳۰۷
قلب کی اہمیت ........................ ۳۰۷
قلب کی تندرستی اور بیماری ........................ ۳۰۷
اہل اللہ کی صحبت ........................ ۳۰۸
اصلاح قلب کیلئے وقت نکالنے کا طریقہ ........................ ۳۰۸
دین کا ضروری علم حاصل کریں ........................ ۳۰۹
اعمال کی درستی قلب کے تابع ہے ........................ ۳۱۱
اصلاح قلب ضروری ہے ........................ ۳۱۱
نفس کے حیلے بہانے ........................ ۳۱۲
اہل اللہ کی علامات ........................ ۳۱۳

مجلس : ۲۷ اللہ والوں کی محبت کا صلہ ........................ ۳۱۴
عالم کی تعظیم باعث مغفرت ہے ........................ ۳۱۴
مشائخ کی نظر ........................ ۳۱۵
ہاتھ چومنے کی رسم ........................ ۳۱۶

مجلس : ۲۸ فلاح کی حقیقت ........................ ۳۱۷
نماز میں کامیابی ........................ ۳۱۷
غفلت اور بے حسی ........................ ۳۱۷

گناہوں کی آگ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۱۸
گنہگاروں کو سکون نہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۱۹
راحت تعلق مع اللہ میں ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۱۹
اللہ کا تعلق بڑی نعمت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۱
آخرت کی کرنسی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۱
علمی اور عملی قوت میں کمی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۱
خلوت کی حقیقت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۲
بے علم کیلئے سب سے بہتر راستہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۳

## مجلس : ۲۹ اصلاح و تربیت کی باتیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۴

بری نظر کا علاج ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۴
گواہی دینے کا حکم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۴
بدعتی کے سوالوں کا عجیب جواب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۵
دعا وہ ہے جو دل سے نکلے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۵
اخلاق کی درستی اصل چیز ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۶
بے پرواہی سخت مضر ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۷
خودرائی زہر ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۸
اتباع سنت ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۲۸
اہل حق کی پہچان ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۰

## مجلس : ۳۰ تربیت میں اعتدال ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۳

پائے استقلال کو بوسہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۴
ہر چیز حد کے اندر اچھی ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۵
حضرت فاروق اعظم ؓ کے سامنے ایران کے خزائن اور آپ کی دعا ۔۔۔ ۳۳۶
رذائل کا امالہ مقصود ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۷
فرشتہ اور انسان بنانے میں حکمت ہے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ ۳۳۸

نعمت کی قدر ............................................ ۳۳۹
مال کی محبت حد میں نعمت ہے ............................................ ۳۳۹

## چند ارشادات

۳۴۱
حق تعالیٰ تک پہنچنے کا طریقہ ہر شخص کیلئے ہے ............................................ ۳۴۱
صالح کی صحبت کو لازم کرنا ............................................ ۳۴۱
ہمت سے کام لو ............................................ ۳۴۱
اصلاح باطن کا طریقہ ............................................ ۳۴۱
اصلاح امراء کا طریقہ ............................................ ۳۴۲
ذکر کی تعداد نفس کیلئے ہے ............................................ ۳۴۲
احباب کی وجہ سے ترک معمولات ............................................ ۳۴۲
بلاتحقیق بات کرنا ............................................ ۳۴۲
مرزا قتیل کا قصہ ............................................ ۳۴۳
سیر الی اللہ کا مطلب ............................................ ۳۴۳
سیر فی اللہ کا مطلب ............................................ ۳۴۳
دماغ کا علاج کراؤ ............................................ ۳۴۴
نفس کشی کا مطلب ............................................ ۳۴۴
ذکر اللہ بے حد لذیذ ہے ............................................ ۳۴۵
اصل مقصود ............................................ ۳۴۵
نسبت کی حقیقت ............................................ ۳۴۵
ذکر اللہ کی فضیلت ............................................ ۳۴۶
سلطان الاذکار کا مطلب اور پاس انفاس کا طریقہ ............................................ ۳۴۶

## مجلس : ۳۱ اصلاح کیلئے مجاہدہ

مجلس : ۳۱ اصلاح کیلئے مجاہدہ ............................................ ۳۴۷
حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی ............................................ ۳۴۷
دنیا سے بے رغبتی ............................................ ۳۴۸

محنت ایک کی، پھل سب کھائیں ........................ ۳۴۸
حضرت شاہ عبدالقدوس گنگوہی کے لڑکے کا مجاہدہ ........................ ۳۴۸
بلخ میں حاضری اور استقبال ........................ ۳۴۹
اصلاح کی درخواست ........................ ۳۴۹
تکبر کا علاج ........................ ۳۵۰
دوسرا امتحان ........................ ۳۵۰
تیسرا امتحان ........................ ۳۵۱
چوتھا امتحان ........................ ۳۵۱
بڑی آزمائش اور عطاء دولت باطنی ........................ ۳۵۱

مجلس: ۳۲ مراقبات واشغال کا درجہ اور ہدیہ کے آداب ۳۵۴
صوفیا کے اشغال از خود نہ کریں ........................ ۳۵۴
اشغال صوفیا کا مقصد ........................ ۳۵۵
اذکار واشغال میں فرق ........................ ۳۵۵
ذکر میں جہر وضرب کا درجہ ........................ ۳۵۶
قبول ہدیہ سے متعلق امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق پر اشکال اور جواب ........................ ۳۵۶
دھوکہ سے بچانا ........................ ۳۵۷
ضرورت مند سمجھ کر زیادہ ہدیہ دینا ........................ ۳۵۸

مجلس: ۳۳ ہمت اور حسرت ........................ ۳۵۹
حسرت نایاب ........................ ۳۵۹
اصلاح کے دو اصول ........................ ۳۵۹
اہل وعیال کی اصلاح کا طریقہ ........................ ۳۶۰
بقدر ہمت عمل کرامت سے بڑھ کر ہے ........................ ۳۶۰
مسلسل کوشش چاہئے ........................ ۳۶۲
حقیقت تقویٰ ........................ ۳۶۲

حسرت کا اجر ........................................ ۳۶۳

مجلس : ۳۴ محاسبہ نفس ........................................ ۳۶۵
شیطان کے بہکانے کا طریقہ ........................................ ۳۶۵
عادی گناہگار کا دل الٹے برتن کی طرح ہے ........................................ ۳۶۶
بے پردگی کا عذاب ........................................ ۳۶۶
دوسری نظر اور دوسرا خیال لانا وبال ہے ........................................ ۳۶۷
ہروقت حق تعالیٰ کا دھیان رکھو ........................................ ۳۶۷
عابد اور فیاض حکیم ........................................ ۳۶۸
سانس عمر کے اجزاء ہیں ........................................ ۳۶۸
آخرت کے پانچ سوال ........................................ ۳۶۹
ڈرائی کلین کی مشین ........................................ ۳۷۰
ہمارا وجود ایک متحرک کارخانہ ہے ........................................ ۳۷۱

مجلس : ۳۵ دل میں گناہوں کا خیال لانا ........................................ ۳۷۲
صغیرہ اور کبیرہ دونوں گناہوں سے بچو ........................................ ۳۷۲
صغائر کی مثالیں ........................................ ۳۷۳
صغیرہ کو معمولی نہ سمجھو ........................................ ۳۷۳
ہرحاجت اللہ سے مانگو ........................................ ۳۷۴
اصحاب کہف اور خدا کی قدرت ........................................ ۳۷۴
پہلے حق تعالیٰ سے مانگو پھر ذریعہ اختیار کرو ........................................ ۳۷۵
ہرحال میں ہم اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں ........................................ ۳۷۵
ہر نعمت کی قدر کرو ........................................ ۳۷۶
عربوں کی مہمان نوازی ........................................ ۳۷۶
حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا معمول ........................................ ۳۷۶
شہرت یا مصیبت ........................................ ۳۷۷

دنیا کی تکلیف آخرت کی کلفت سے بہتر ہے ........................ ۳۷۷

## مجلس : ۳۶ زبان کی آفتیں ........................ ۳۷۹

زبان کے بعض سنگین گناہ ........................ ۳۷۹
لایعنی باتیں ........................ ۳۸۰
فضول مباحثے ........................ ۳۸۱
مراء وجدال ........................ ۳۸۲

## چند ارشادات ۳۸۳

زبان کو قابو کیجئے ........................ ۳۸۳
بزرگوں کو ستانا سخت گناہ ہے ........................ ۳۸۳
غیبت کا علاج ........................ ۳۸۴

## مجلس : ۳۷ متقی بنانے والی کتاب ........................ ۳۸۵

ھدیً للمتقین کا مطلب ........................ ۳۸۵
۱۸۵۷ء کی ایک نصیحت امیز حکایت ........................ ۳۸۵
اصلاح میں خودرائی مضر ہے ........................ ۳۸۶

## مجلس : ۳۸ اعمال صالحہ ........................ ۳۸۸

تین دوست ........................ ۳۸۸
فوائد تقویٰ ........................ ۳۸۸
گناہوں کے اثرات ........................ ۳۸۹
سب سے اچھا دوست اعمال صالحہ ہیں ........................ ۳۸۹
برزخ میں ہرایک کا حال جدا ہے ........................ ۳۹۰
انسان کا ہربول محفوظ ہے ........................ ۳۹۱

| | |
|---|---|
| عقلمندی کا فیصلہ | ۳۹۱ |
| لقمہ حرام ایک انگارہ ہے | ۳۹۲ |
| عقلمند کون ہیں؟ | ۳۹۲ |
| انگریز عقلمند نہیں | ۳۹۲ |
| اصلی کرامت | ۳۹۳ |
| تقویٰ اور خوف خدا | ۳۹۴ |
| دقیق تقویٰ | ۳۹۴ |
| تقویٰ حاصل کرنے کا ایک اور طریقہ | ۳۹۵ |
| **مجلس : ۳۹ اعتقاد عوام کی حقیقت** | ۳۹۶ |
| لباس میں تکلف کی پابندی نکما پن ہے | ۳۹۶ |
| رحمت حق تعالیٰ کا ایک عجیب واقعہ | ۳۹۸ |
| قبر اور آخرت کی زبان عربی ہے | ۳۹۸ |
| کسی کو حقیر مت سمجھو | ۳۹۸ |
| اسم الٰہی کی عظمت | ۳۹۹ |
| انعامی وظیفہ کا درجہ | ۴۰۰ |
| بیوی کی غلطی پر صبر باعث مغفرت | ۴۰۱ |
| حضرت کرش مجذوب کی ایک کرامت | ۴۰۳ |
| حضرت گنگوہی کے تفقہ پر حضرت نانوتوی کی شہادت | ۴۰۴ |
| بیماری میں حضرت نانوتوی کا تیمم نہ کرنا اور حضرت مولانا محمد یعقوب کی تنبیہہ | ۴۰۵ |
| اہل علم کیلئے انتظامی کاموں سے الگ رہنا ہی بہتر ہے | ۴۰۵ |
| ذکر جہر اشغال صوفیاء اور بدعت کی حقیقت | ۴۰۶ |
| حضرت سید احمد بریلوی اور مفتی الٰہی بخش کاندھلوی | ۴۰۷ |

مجلس : ۴۰ اخلاق حمیدہ ........................ ۴۰۸
پہلی فصل توبہ میں ........................ ۴۰۸
توبہ کے تین درجے ........................ ۴۱۰
پہلا درجہ ........................ ۴۱۰
دوسرا درجہ ........................ ۴۱۱
تیسرا درجہ ........................ ۴۱۱
بیعت وطریقت ........................ ۴۱۲

چند ارشادات ۴۱۴
اخلاق کی تعریف ........................ ۴۱۴
تعلیم کا اصل مقصد تزکیہ اخلاق ........................ ۴۱۴
تصوف میں اصل چیز تہذیب اخلاق ہے ........................ ۴۱۴
ایثار نفس ........................ ۴۱۴

مجلس : ۴۱ صبر ........................ ۴۱۶
نیکی کی دعوت دینے والی قوتیں ........................ ۴۱۷
برائی کی دعوت دینے والی قوتیں ........................ ۴۱۸
نفسانی خواہشات پر قابو پانا ........................ ۴۱۸
مقام صبر حاصل کرنے کا طریقہ ........................ ۴۱۹
صابرین بھی ہوشیار رہیں ........................ ۴۱۹
بے صبری تباہی ہے ........................ ۴۲۰
حکیم الامت کی احتیاط ........................ ۴۲۱

مجلس : ۴۲ صبر ایمان کا سر ہے ...................... ۴۲۲
نفس کو قابو میں رکھنے کا نام صبر ہے .............................. ۴۲۳
ایک درویش کا واقعہ .............................. ۴۲۴
خیالات کا محاسبہ .............................. ۴۲۴
اپنے عیوب کی فکر کریں .............................. ۴۲۵
توکل اور کمانے میں اعتدال .............................. ۴۲۵
دنیا میں جان مت کھپاؤ .............................. ۴۲۶
تکالیف گناہوں کا کفارہ ہیں .............................. ۴۲۷
جنت کے تحفے .............................. ۴۲۷
عقلمند اور متقی کی دوستی اور اس کا معیار .............................. ۴۲۷

مجلس : ۴۳ باقی اور فانی .............................. ۴۲۹
جو کچھ تمہارے پاس ہے .............................. ۴۲۹
جو کچھ خدا کے پاس ہے .............................. ۴۳۰
صبر کا بدلہ .............................. ۴۳۱
طاعت میں لگنے والا وقت .............................. ۴۳۲

چند ارشادات ۴۳۴
تمام اعمال کا مغز .............................. ۴۳۴
بے صبری .............................. ۴۳۴
صبر کی حقیقت .............................. ۴۳۴
صبر کا ادب .............................. ۴۳۴

مجلس : ۴۴ شکر کی حقیقت .............................. ۴۳۵
شکر کیلئے تین لازمی عناصر .............................. ۴۳۵

مقام شکر ............ ۴۳۵

مقام شکر حاصل کرنے کا طریقہ ............ ۴۳۶

مقام شکر سے محرومی کا انجام ............ ۴۳۷

رنج وبیماری میں مقام شکر کا حصول ............ ۴۳۸

## چند ارشادات ۴۴۰

شکر کا مفہوم ............ ۴۴۰

معمولی نعمت کی قدر ............ ۴۴۰

قدر نعمت بعد زوال ............ ۴۴۰

## مجلس: ۴۵ مقام زہد ............ ۴۴۱

زہد کے لفظی وشرعی معنی ............ ۴۴۱

حقوق نفس کی ادائیگی ضروری ہے ............ ۴۴۱

حظوظ نفس کو چھوڑنا چاہئے ............ ۴۴۲

زہد کے تین درجے ............ ۴۴۲

زہد کا پہلا درجہ ............ ۴۴۲

زہد کا دوسرا درجہ ............ ۴۴۳

زہد کا تیسرا درجہ ............ ۴۴۳

ایک بزرگ زاہد کا واقعہ ............ ۴۴۴

زہد کی مکمل مثال ............ ۴۴۴

روح زہد ............ ۴۴۵

## زہد کے متعلق چند ارشادات ۴۴۶

زہد کی حقیقت ............ ۴۴۶

حاجت پوری ہونے پر اکتفاء کریں ............ ۴۴۶

دیندار دنیا کی طرف نہ جھکے ........ ۴۴۶
ترک دنیا اچھی چیز ہے ........ ۴۴۶
زہد حاصل کرنے کا طریقہ ........ ۴۴۷

**مجلس : ۴۶ مقام توحید** ........ ۴۴۸
توحید کا مفہوم ........ ۴۴۸
توحید عملی ........ ۴۴۸
توحید کی مثال ........ ۴۴۹
مقام توحید حاصل کرنے کا طریقہ ........ ۴۵۰
توحید کا ایک لطیف ادب ........ ۴۵۱

**مجلس : ۴۷ مقام توکّل** ........ ۴۵۴
توکّل کے لفظی اور شرعی معنی ........ ۴۵۴
کسی پر بھروسہ کرنے کی تین وجہ ........ ۴۵۴
تینوں اوصاف حق تعالیٰ میں کامل ہیں ........ ۴۵۵
توکّل کی تین قسمیں ........ ۴۵۶
توکّل کا مطلوبہ درجہ ........ ۴۵۷

**مجلس : ۴۸ ترک اسباب کا نام توکّل نہیں** ........ ۴۵۸
یقینی اسباب ........ ۴۵۸
ظنی اسباب ........ ۴۵۸
ترک اسباب کی شرطیں ........ ۴۵۹
اسلاف کا ترک اسباب علاج کے طور پر تھا ........ ۴۵۹
توکّل کی حکیمانہ حکایت ........ ۴۶۰
اسباب اختیار کرنا بہتر ہے یا ترک کرنا ........ ۴۶۱

اسباب خفیہ کو ترک کرنا چاہئے ........................ ۴۶۱
اسباب اختیار کرنا اور توکل ........................ ۴۶۲
توکل کا خلاصہ ........................ ۴۶۲

مجلس : ۴۹ رزق رسانی کا قدرتی نظام ........................ ۴۶۴
آب رسانی کا قدرتی نظام ........................ ۴۶۴
کوے اور باز کی حکایت ........................ ۴۶۵
حصول رزق میں اختصار کی حدود ........................ ۴۶۶
پریشانیوں کا نفسیاتی علاج ........................ ۴۶۶
باطنی امراض سے بچنے کا طریقہ ........................ ۴۶۷

توکل کے بارے میں چند ارشادات ........................ ۴۶۹
تفویض وتوکل ........................ ۴۶۹
حقیقت توکل ........................ ۴۶۹
سکون کا طریقہ ........................ ۴۶۹
اکابر کا توکل ........................ ۴۶۹

مجلس : ۵۰ مقام محبت ........................ ۴۷۱
تحصیل محبت فرض ہے ........................ ۴۷۱
محبت حاصل کرنے کا طریقہ ........................ ۴۷۲
دل اللہ پاک کی یاد کیلئے ہے ........................ ۴۷۲
شیخ حداد کا حال ........................ ۴۷۳
حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے باغ کا صدقہ ........................ ۴۷۳
محبت حاصل کرنے کا دوسرا طریقہ ........................ ۴۷۴
محبت حاصل کرنے کا تیسرا طریقہ ........................ ۴۷۴

محبت حاصل کرنے کا اصل طریقہ ............ ۴۷۵

## مقام محبت کے متعلق ارشادات ۴۷۵

عمل پیدا کرنے کا طریقہ ............ ۴۷۵

## مجلس : ۵۱ مقام شوق وانس اور رضا بالقضاء ...... ۴۷۶

شوق وانس کا مطلب ............ ۴۷۶

دل کی نزاکت ............ ۴۷۶

رضاء بالقضاء ............ ۴۷۷

رضاء بالقضاء کا صحیح مفہوم ............ ۴۷۸

گاڑی نکل جانا بہتر ہوا ............ ۴۷۹

اسباب غم سے غم ہونا بے خبری کی وجہ سے ہے ............ ۴۷۹

## مجلس : ۵۲ اصل چیز تعلق مع اللہ ہے ............ ۴۸۱

اللہ تعالیٰ سے دل وابستہ ہونا ............ ۴۸۱

حضرت تھانوی کے دل کا حال ............ ۴۸۲

اہل اللہ کی بادشاہت ............ ۴۸۳

صحبت کا اثر ............ ۴۸۳

ماں کی محبت کی حقیقت ............ ۴۸۴

حضرت بشر حافی کی توبہ ............ ۴۸۵

واسطہ کی قدر ............ ۴۸۶

## تعلق مع اللہ سے متعلق چند ارشادات ۴۸۷

مخلوق سے بلا ضرورت تعلق مضر ہے ............ ۴۸۷

اصل دین ............ ۴۸۷

تعلق مع اللہ ............ ۴۸۷
صحیح تعلق پیدا کریں ............ ۴۸۷
غیراللہ کی دوستی کا آخر دشمنی ہے ............ ۴۸۷

## مجلس : ۵۳ اخلاص کے ثمرات ............ ۴۸۸

"لِمَ تقولُون مالا تفعلون" کا صحیح مفہوم ............ ۴۸۸
اعمال حسنہ کی روح اخلاص ہے ............ ۴۸۹
جسم اور روح لازم وملزوم ہیں ............ ۴۹۰
تمام اعمال کی روح اخلاص ہے ............ ۴۹۰
حسن عمل مقصود ہے نہ کہ کثرت عمل ............ ۴۹۱
اخلاص کا ثمرہ ............ ۴۹۲
دعوت میں اخلاص ہو تو اصلاح ہوسکتی ہے ............ ۴۹۲
دعوت کے تین زرین اصول ............ ۴۹۳
اخلاص کا اثر ............ ۴۹۳

## مجلس : ۵۴ اخلاص عمل ............ ۴۹۴

عبادت میں خلوص ضروری ہے ............ ۴۹۴
عبادت میں دنیوی غرض اچھی نہیں ............ ۴۹۵
صدقے سے مال گھٹنے کا مطلب ............ ۴۹۶

## اخلاص سے متعلق چند ارشادات ............ ۴۹۸

خلوص پیدا کریں ............ ۴۹۸
خلوص کی علامت ............ ۴۹۸
اصل مقصود ............ ۴۹۸
خلاصہ تصوف ............ ۴۹۸

فکر آخرت ........ ۴۹۹
مثنوی کا خلاصہ ........ ۵۰۰

## مجلس : ۵۵ ادب اور اس کی تفصیلات ........ ۵۰۱

سب سے زیادہ نافع ادب ........ ۵۰۲
اللہ تعالیٰ کا ادب ........ ۵۰۲
مشائخ کا ادب ........ ۵۰۲
چھوٹوں کا ادب اور تربیت کا طریقہ ........ ۵۰۳
عارفین کا ادب ........ ۵۰۴
ہر مسلمان کا ادب ........ ۵۰۴
نفس کا ادب ........ ۵۰۴
شیطان کا ادب ........ ۵۰۵
ناشکری کا وبال ........ ۵۰۵

## چند ارشادات ۵۰۶

ادب کی حقیقت ........ ۵۰۶
ادب کا مدار ........ ۵۰۶
علم نافع حاصل کرنے کے دو گر ........ ۵۰۶

## مجلس : ۵۶ رجوع الی اللہ ........ ۵۰۷

غیر اختیاری رجوع الی اللہ ........ ۵۱۱
اگلی منزل ........ ۵۱۲
اختیاری رجوع الی اللہ ........ ۵۱۵

مجلس : ۵۷ اصلاح نفس کیلئے دو کام کی باتیں ...... ۵۱۷
اصل ضرورت اصلاح نفس کی ہے ...... ۵۱۷
کامیابی حاصل کرنے کے دو گر ...... ۵۱۷
بیکار گفتگو سے بچیں ...... ۵۱۸
دو نعمتیں ...... ۵۱۹
پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو ...... ۵۱۹
شریعت کی نظر میں مالدار ...... ۵۲۰
اصل فقیر ...... ۵۲۰
زندگی غنیمت ہے ...... ۵۲۱

مجلس : ۵۸ علمائے دیوبند کی فنائیت اور دنیا سے بے رغبتی ...... ۵۲۲
حاجی صاحب کے سلسلہ کی علامت فنا ہے ...... ۵۲۳
حضرت شیخ الہند کی فنائیت ...... ۵۲۳
فنائیت کا دوسرا عجیب واقعہ ...... ۵۲۴
حضرت تھانوی کی فنائیت ...... ۵۲۶

فنائیت اور دنیا سے بے رغبتی سے متعلق چند ارشادات ...... ۵۲۸
اپنی اصلاح کی فکر ...... ۵۲۸
فنا کی حقیقت ...... ۵۲۸
طریق باطن کی تعریف ...... ۵۲۸
مقصود رضائے حق ہے ...... ۵۲۸
گمنامی ...... ۵۲۹
خشوع وتواضع کے آثار ...... ۵۲۹
بڑا بننے کا طریقہ ...... ۵۲۹
اتفاق کا مدار ...... ۵۲۹

حاصل نہ ہونے کا احساس ہی سب کچھ ہے ........................ ۵۲۹
تواضع کا طریقہ ........................ ۵۳۰
طلباءِ دین کو نصیحت ........................ ۵۳۰
مقام کی تعریف ........................ ۵۳۱
عبدیت کی تعریف ........................ ۵۳۲

## مجلس: ۵۹ حضرت تھانوی کا مزاج ومذاق .......... ۵۳۳

جھگڑے میں بزرگوں کا تحفظ ........................ ۵۳۴
بزرگوں سے محبت نہ ہونے کی دلیل ........................ ۵۳۴
سختی اور مضبوطی میں فرق ........................ ۵۳۴
مثال دینے کا فن ........................ ۵۳۶

## مجلس: ۶۰ امن وسکون کا راستہ ........................ ۵۳۷

اللہ تعالیٰ کی محبت کا مدار ........................ ۵۳۷
غیر اللہ کی یاد سے دل کو خالی رکھو ........................ ۵۳۷
اللہ تعالیٰ کی یاد دنیا سے بے تعلقی میں ہے ........................ ۵۳۸
حضرت شیخ قطب الدین بختیار کاکی کا واقعہ ........................ ۵۳۸
حضرت تھانوی کا طریقہ انفاق ........................ ۵۳۹
زبان جوڑنے کا واقعہ ........................ ۵۳۹
روضہ اقدس سے سلام کا جواب ........................ ۵۴۰
بدعتی پیر کا سلام ........................ ۵۴۰

## مجلس: ۶۱ متفرقات ........................ ۵۴۲

شہرت سے نفرت ........................ ۵۴۲
اصلاح بذریعہ اہل اللہ ........................ ۵۴۲

مہمان کا اکرام اور دینی مضرت سے احتیاط ........................ ۵۴۴
کفر اور اسلام سے مرکب سیاست ........................ ۵۴۴
سلیقہ مندی مطلوب و محمود ہے ........................ ۵۴۵
اپنے بزرگوں پر اعتقاد کی وجہ ........................ ۵۴۶
فکر اصلاح کیجئے ........................ ۵۴۶

## چند ارشادات

چند ارشادات ۵۴۸
اصل آدمی ........................ ۵۴۸
نعمتیں ........................ ۵۴۸
عافیت بڑی نعمت ہے ........................ ۵۴۹
برکت اعمال ........................ ۵۴۹
دعا قبول ہوتی ہے ........................ ۵۴۹
تکرار عمل کا فائدہ ........................ ۵۴۹
فضول خرچی سے بچو ........................ ۵۴۹
فضولیات میں مشغول ہونا ........................ ۵۴۹
بلاضرورت اچھی باتیں بھی مضر ہیں ........................ ۵۵۰
قلب بڑا مفتی ہے ........................ ۵۵۰

## اخلاقیات

اخلاقیات ۵۵۱
معیار قساوت ........................ ۵۵۱
نادانی کی محبت ........................ ۵۵۱
بے تکلفی کی علامت ........................ ۵۵۱
مخلوق کا برا کہنا ........................ ۵۵۱
کردار کی درستی ........................ ۵۵۱
انسان کی سعادت وفضیلت ........................ ۵۵۱

بد دینی کا اثر ........................ ۵۵۲
پاکستان بننے پر کیا کرنا تھا؟ ........................ ۵۵۲
نزهة البساتين ........................ ۵۵۳

مجلس: ۶۲ دارالعلوم دیوبند اور اس کا مزاج و مذاق .... ۵۵۴
دارالعلوم دیوبند کے قیام کا سبب ........................ ۵۵۴
اہل بصیرت علماء کی دوراندیشی ........................ ۵۵۵
دارالعلوم دیوبند کا بنیادی مقصد اسلام کی حفاظت ........................ ۵۵۷
سن تاسیس اور جگہ کا انتخاب ........................ ۵۵۷
خصوصیات دارالعلوم دیوبند ........................ ۵۵۸
دارالعلوم دیوبند کا منفرد دور ........................ ۵۵۹
علمائے دیوبند کے کارنامے اور ان کی سادگی ........................ ۵۶۰
حکیم الامت کا نظم وضبط ........................ ۵۶۱
مقصد دارالعلوم دین کی حفاظت ........................ ۵۶۲
دارالعلوم دیوبند اور عظیم شخصیتیں ........................ ۵۶۲

مجلس: ۶۳ اسلام کے قرن اول میں تعلیم کا نصاب اور نظام ۵۶۴
نظام تعلیم ........................ ۵۶۴
نصاب تعلیم ........................ ۵۶۶
ہندوستان میں اسلام اور تعلیم ........................ ۵۶۹
ایک لمحہ فکریہ ........................ ۵۷۵
پاکستان بننے کے بعد ........................ ۵۷۶
ایک افسوس ناک تجربہ ........................ ۵۷۷

مجلس : ۶۴ طلباء کو نصیحتیں ........................ ۵۸۰
مجلس کا مقصد اور غرض و غایت ........................ ۵۸۰
مجلس جاری رکھنے کی وصیت ........................ ۵۸۰
نصیحت کا مقصد اور اس کا اثر ........................ ۵۸۱
آدمی کیسے بنتا ہے؟ ........................ ۸۵۲
آدمی کی تلاش ........................ ۵۸۲
حقیقت انسانیت کیا ہے؟ ........................ ۵۸۳
دارالعلوم دیوبند کی خصوصیت ........................ ۵۸۴
علم دین کی فضیلت ........................ ۵۸۴
علم نافع ........................ ۵۸۵
عمل کرنے کا طریقہ ........................ ۵۸۶
حضرت شیخ الہند کا درس منطق ........................ ۵۸۶
زندگی میں انقلاب ........................ ۵۸۷
مدرسے کیوں بانجھ ہوگئے؟ ........................ ۵۸۷
ابلیس کی تلبیس ........................ ۵۸۸
متقی لوگوں کی آمد کا وعدہ ........................ ۵۸۸
موجودہ اساتذہ کافی ہیں ........................ ۵۸۹
آخری عمر میں آخری وصیت ........................ ۵۸۹
طلباء کو مطالعہ کیلئے دو کتابوں کی وصیت ........................ ۵۹۰
علم مقصود کی فکر ........................ ۵۹۱
جنہم کا افتتاح ........................ ۵۹۱
آخری آرزو ........................ ۵۹۲

مجلس : ۶۵ متفرق ارشادات ........................ ۵۹۳
امام غزالی کا واقعہ ........................ ۵۹۳

امام محمد کے متعلق خواب ........................ ۵۹۴
ایک طالب علم کا واقعہ ........................ ۵۹۴
مولانا عبدالحیؒ کا واقعہ ........................ ۵۹۴
مسلک دیوبند کیا ہے؟ ........................ ۵۹۵
طلباء کیلئے مفید دستور العمل ........................ ۵۹۶
طلباء اپنی اصلاح کرائیں ........................ ۵۹۶
امتحان میں کامیابی کا عمل ........................ ۵۹۶
عظمت علم ........................ ۵۹۶
عالم دین کے اوصاف ........................ ۵۹۷
علماء میں استغناء چاہئے ........................ ۵۹۷
بہترین فقیہ ........................ ۵۹۷
علماء کے بارے میں غلط فہمی ........................ ۵۹۸
ذلت کی حقیقت ........................ ۵۹۸
اساتذہ کو نصیحت ........................ ۵۹۸

## مجلس: ٦٦ تفکر اہم عبادت ہے ........................ ٦٠٠

تمناؤں کا سمندر ........................ ٦٠١
موت سے فرار ممکن نہیں ........................ ٦٠١
پہلا عمل تفکر ........................ ٦٠٢
ایک گھڑی کا تفکر ........................ ٦٠٣

## متفرق ارشادات ٦٠٥

ولی کی پہچان ........................ ٦٠٥
حکیم ہونے کا معیار ........................ ٦٠٥
خوشگوار دنیا ........................ ٦٠٥

مذاہب اربعہ کی معتبر کتابیں ............ ۶۰۵
حسنِ اسلام ............ ۶۰۵
عقل وایمان ............ ۶۰۶
دین سے عقل صحیح ہوتی ہے ............ ۶۰۶
عزت بڑھنا ............ ۶۰۶
کسی کو حقیر نہ سمجھے ............ ۶۰۶
اکابر کی سادگی ............ ۶۰۶
حضرت شیخ الہند کا ارشاد ............ ۶۰۷
کام کرنے کا سہل طریقہ ............ ۶۰۷
عملیات کا اثر ............ ۶۰۷
مقبول کوشش ............ ۶۰۷
حاجات بر آنے کا ذریعہ ............ ۶۰۸
قول یحییٰ بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ ............ ۶۰۸
قول شیخ ابوالحسن شاذلی ............ ۶۰۸
دین و دنیا کے ثمرہ کا فرق ............ ۶۰۹
اب تک دنیا پر کتنا عرصہ گزرا ہے ............ ۶۰۹
جامع ارشاد ............ ۶۰۹
تعصب اور تصلب میں فرق ............ ۶۰۹
چاپلوسی کرنا ............ ۶۰۹
دبنے اور رعایت میں فرق ............ ۶۰۹
لہو ولعب میں فرق ............ ۶۱۰
خیر محض ............ ۶۱۰
چالاکی کی تعریف ............ ۶۱۰
پریشانی خیالات کا نام خواب نہیں ............ ۶۱۰
عافیت کے دوگر ............ ۶۱۰

مطلب و اغراض معیار محبت نہیں ............................ ۶۱۰
بہادر رحم دل ہوتا ہے ............................ ۶۱۱
صحیح متحدہ قومیت ............................ ۶۱۱
مہنگا سودا ............................ ۶۱۱
بد بختی کی علامت ............................ ۶۱۱
حقیقت پسندی ............................ ۶۱۲
لطیفہ غیبی کی حقیقت ............................ ۶۱۲
حضرت خضر علیہ السلام کی تسلی ............................ ۶۱۲
صحابی بننے کی دو شرطیں ............................ ۶۱۳
حضرت حواء کی قبر ............................ ۶۱۳
بابرکت گھوڑا ............................ ۶۱۳
حوض کوثر کی تعریف ............................ ۶۱۳
جہنم میں قیام کی ادنیٰ مدت ............................ ۶۱۴
بغیر متن کے قرآن کریم کا ترجمہ چھاپنا درست نہیں ............................ ۶۱۴
بیوی زیادہ حسین نہ ہو ............................ ۶۱۴
بواسیر کا علاج ............................ ۶۱۴

مجلس : ٦٧ حضرت مفتی اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی آخری مجلس عام ۶۱۵
زبانی ارشادات سے نوازنا ............................ ۶۱۶
حاضرین کو آرام گاہ میں بلوانا ............................ ۶۱۶
آپ پر حضرت تھانوی کی شفقتیں ............................ ۶۱۸
جانشینی کا منصب عطاء فرمانا ............................ ۶۱۸
احکام القرآن کی تالیف ............................ ۶۲۰
بڑا ہدیہ قبول کرنے سے معذرت ............................ ۶۲۱
بعض اعتبار سے عمرہ نفلی حج سے بہتر ہے ............................ ۶۲۲

آزمائش میں مبتلا کرنا بھی قرب کا ذریعہ ہے ........................ ۶۲۲

آخری دعاء ................................................ ۶۲۳

علم اور اہل علم ............................................ ۶۲۴

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# عرضِ مرتب

یہ ناکارہ و آوارہ ' ارذل خلائق ' حق تعالیٰ کا جتنا بھی شکر کرے کم ہے کہ اس نے محض اپنے فضل و کرم سے ناچیز کو سیدی وسندی واستاذی مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمتہ اللہ علیہ کی خدمت عالیہ میں ' علمی اور عملی استفادہ کے لئے حاضری کا شرف بخشا ؎

کہاں میں اور کہاں یہ نکہت گل
نسیم صبح ' تیری مہربانی

حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت اور خدمت نصیب ہوئی اور صاف محسوس ہوا کہ ؎

یہ وہ جگہ ہے میکدہ ' غم کا گزر جہاں نہیں
گردشِ جام ہے یہاں ' گردشِ آسماں نہیں

اس کے بعد حضرت والا کی مجلس میں بارہا شرکت کی سعادت ملی ' شروع میں یہ مجلس اتوار کو عصر سے مغرب تک دارالعلوم کراچی میں ہوتی تھی ' اس کے بعد صبح گیارہ بجے سے بارہ بجے تک ہونے لگی جس میں قرب وجوار اور شہر کے لوگ ذوق وشوق سے شریک ہوتے جس میں وہ حضرات بھی شریک ہوتے جن کا حضرت سے بیعت واصلاح کا تعلق ہوتا اور عام لوگ بھی شریک ہوتے ۔ حضرت والا کی مجلس بڑی پراثر ہوتی تھی ' حضرت کے بیان سے آنکھیں بہہ پڑتیں ' دل گداز ہو جاتا ' کچھ حاضرین مجلس پر بے ساختہ گریہ طاری ہو جاتا اور کچھ کی چیخیں نکل جاتیں ' دلوں کا زنگ دور ہو جاتا ' اتباع سنت کی فکر ہو جاتی اور آخرت سامنے محسوس ہونے لگتی اور مجلس میں

شریک ہر شخص کا یہی جذبہ ہوتا کہ وہ حضرت کے بیان کے مطابق ضرور اپنی اصلاح کرلے اور جی چاہتا کہ حضرت والا اسی انداز سے اپنا بیان جاری رکھیں -بقول حضرت مجذوب ؎

پھر ذرا مطرب اسی انداز سے
جی اٹھے مردے تیری آواز سے

وفات سے ایک دو سال پہلے نماز فجر کے متصل بھی، حضرت والا نے اپنی آرام گاہ پر طالبین کو ایک خاص اجازت اور عنایت فرمائی تھی کہ وہ حضرت کی خدمت میں حاضر ہوں اور دس منٹ خاموش بیٹھ کر چلے جایا کریں، احقر بھی کئی بار اس مجلس میں شریک ہوا، اللہ اللہ! حضرت کی اس مجلس کا عجیب سماں ہوتا، چند طالبین خاموش سر جھکائے حضرت کے سامنے ہوتے اور حضرت والا ان کے سامنے تسبیح لئے چارپائی پر آرام فرما ہوتے اور ذکر اللہ میں مشغول رہتے، کمرہ میں مکمل خاموشی ہوتی، کبھی کبھی حضرت کی زبان مبارک سے ذکر کا کوئی جملہ قدرے بلند ہو جاتا تو اس سے اس خاموش مگر پر کیف فضا میں، عجیب لہر دوڑ جاتی، دلوں میں ایک نئی حیات محسوس ہوتی، توجہ الی اللہ میں اضافہ ہو جاتا، اکثر یہ جملہ حضرت کی زبان مبارک سے سنا گیا: سُبْحَانَ اللہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ.

کبھی کوئی طالب اپنا کوئی باطنی اشکال پیش کرتا (جس کی اجازت تھی) تو حضرت والا اس کو اس طرح آسان انداز میں حل فرماتے کہ قلوب پوری طرح مطمئن ہو جاتے، اس دوران کبھی حضرت کا بیان طویل بھی ہو جاتا جس میں تصوف و طریقت کے جوا ہر لٹتے نظر آتے، اشکالات ختم ہوتے، شریعت کی راہیں کھلتیں اور سہل ہو جاتیں، بقول کسے ؎

مجھے سہل ہوگئیں منزلیں کہ ہوا کے رخ بھی بدل گئے
تیرا ہاتھ ہاتھ میں آگیا تو چراغ راہ کے جل گئے

دس منٹ کی یہ مجلس ایسی دل گداز ہوتی کہ دل کی حالت بدلتی ہوئی صاف محسوس ہوتی اور حضرت والا بھی ایسے ایسے لگتے جیسے انوار و تجلیات میں ڈوبے ہوئے ہوں، بہرکیف حضرت والا کی ہر مجلس کا اثر ایسا عجیب و غریب ہوتا کہ کبھی جی چاہتا مجلس

لکھ لوں، لیکن تیز لکھنے کی مشق نہ تھی، کبھی خیال آتا خلاصہ لکھ لوں مجلس کے بعد یہ بھی نہ کر پاتا اور کبھی ٹیپ کرنے کا ارادہ ہوتا مگر اس وقت ٹیپ رکاڈر کی سہولت پوری طرح حاصل نہ تھی، تاہم کچھ مجالس بفضلہ تعالیٰ ٹیپ کرلیں، اکثر یہ جی چاہتا کہ ہمہ تن حضرت والا کو دیکھتا رہوں اور ان کی باتیں دل و دماغ میں بسالوں، کیونکہ توجہ کے ساتھ سننے کا فائدہ سب سے زیادہ محسوس ہوتا تھا اور دوسرے طریقوں میں ذہن منتشر ہوتا تھا جس سے زیادہ اثر نہ ہوتا، اس لئے بندہ نے زیادہ مجالس بھی ٹیپ نہیں کیں، البتہ بعض دوسرے احباب نے لکھنے اور ٹیپ کرنے کا اہتمام کیا۔

ابھی مسیحاءِ وقت کی ان گرانقدر مجالس کا سلسلہ جاری تھا اور روز بروز لوگوں کا رجوع بڑھ رہا تھا جو اس مسیحا کے لئے رخصت ہونے کی خبر دینے لگا تھا اور ہر وقت اس جدائی کا دھڑکا لگا رہتا تھا، خود حضرت والا بھی کبھی کبھی طلباء کرام سے وعظ کے دوران فرمایا کرتے عزیزو! میری باتیں سن لو! ان پر عمل کرو، میرے بعد ایسی باتیں سنانے والا نہ ملے گا.......... حضرت والا اور حضرت سیدی ڈاکٹر محمد عبدالحی عارفی رحمہما اللہ کا مزاج و مذاق بہت ملتا جلتا تھا، دونوں ہی شفقت و رحمت کی دو ہم شکل تصویریں تھیں اس لئے حضرت عارفی نے بھی اپنے اشعار میں یہی فرمایا ہے ؎

مجھی سے سن لو جو سننا ہے، غم کی داستاں میری
کہاں سے لائے گا پھر کوئی دل میرا، زباں میری

اے عارفی اپنے دل پر شوق کی باتیں
اچھا ہے کہ تو اپنی زباں ہی میں سنائے
ممکن ہے کوئی کاشفِ اسرار محبت
پھر محفل احباب میں آئے کہ نہ آئے

اکثر حضرت عارفی یہ بھی فرمایا کرتے تھے ؎

محفلِ سوزوگداز غم کو، گرمائے گا کون
اہلِ دل کو اپنے دردِ دل سے تڑپائے گا کون

موجزن ہے کس کے دل میں آتشِ سیالِ غم
مستیٔ خونِ جگر آنکھوں سے برسائے گا کون

کس پہ طاری ہے جنونِ عشق کی وارفتگی
یوں زباں پر والہانہ رازِ دل لائے گا کون

عارفی میرا ہی دل ہے محرمِ نازونیاز
بعد میرے حسن و عشق سمجھائے گا کون

بالآخر ۱۰/ شوال المکرم ۱۳۹۶ھ میں رات کو تقریباً ۱۲ بج کر ۱۹ منٹ پر عشق و محبت، شفقت ورحمت اور عجزونیاز کا پیکر اور علم وفقہ کا آفتاب ہمیشہ کے لئے افق آخرت میں غروب ہوگیا، شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثانی مدظلہم العالی نے اس موقعہ پر تحریر فرمایا:

حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک زندہ اور چلتا پھرتا نمونہ ایک بے مثال فقیہ، مفکر، عالم اسلام کا ایک درخشندہ ستارہ، بے سہاروں اور ضرورت مندوں کا سہارا، طریقت کے اسرار وحکم کا بے مثل خزانہ، سالکین کا ایک مشفق مربی، عزیز واقارب کے سروں کا سایہ شفقت ورحمت، طالبان علم کا ایک مشفق استاد اور ہمارا ایک عدیم النظیر مشفق و مربی باپ، سب کو یتیم کرکے آخر اپنے مالک حقیقی سے جا ملا، اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْن۔ (مفتی اعظم نمبر ص ۲۴۲)

حضرت والا کے وصال پر حضرت ہی کے یہ شعر کس قدر موزوں ہیں ؎

وہ بزم اب کہاں، وہ طرب کا سماں کہاں
ساقی کہاں، وہ جام وئے ارغواں کہاں

ڈھونڈیں ہم اب نقوشِ سبک رفتگاں کہاں
اب گردِ کارواں بھی نہیں، کارواں کہاں

ایک ناتمام غزل کے یہ شعر ملاحظہ ہوں ؎

لب پر دم اخیر ترا نام آگیا
رکتا ہوا یہ سانس بہت کام آگیا

بیمار عشق لے کے تیرا نام سو گیا
مدت کے بے قرار کو آرام آگیا

حضرت حکیم سید محمد ابراہیم رزمی فرماتے ہیں ؎

یہ حالت ہو گئی ہے ایک ساقی کے نہ ہونے سے
کہ خم کے خم بھرے ہیں مئے سے' اور میخانہ خالی ہے

؎
ویراں ہے میکدہ' خم وساغر اداس ہیں
تم کیا گئے کہ روٹھ گئے' دن بہار کے

بہرحال حضرت والا کے وصال پر اصلاح و تربیت کا باب بند ہو گیا' ہر طرف ظلمت' تاریکی اور مایوسی چھا گئی' درودیوار افسردہ معلوم ہوتے تھے' کوئی چیز اچھی نہ لگتی تھی' ایک عرصہ تک یہی کیفیت قائم رہی' پھر رفتہ رفتہ غم ہلکا ہونے لگا' اور حضرت والا کی انمٹ یادیں ذہن میں ابھرنے لگیں' اور مجلس کی باتیں یاد آنے لگیں' اور حق تعالیٰ کے فضل وکرم سے دل میں بار بار یہ تقاضا پیدا ہونے لگا کہ حضرت والا کے قیمتی ملفوظات و مجالس کو جمع کیا جائے اور استفادہ کیا جائے اور عام مسلمانوں کے نفع کے لئے انہیں مرتب کرکے البلاغ میں بھی شائع کیا جائے تاکہ حضرت والا کو اس کا ثواب ملے اور بندگان خدا کو ہدایت ملے' اس جذبہ کے تحت جہاں سے جو کچھ ملا تھوڑا تھوڑا مرتب کرکے بنام خدا البلاغ میں دینا شروع کیا۔

حضرت والا کے کچھ ملفوظات احقر کی ڈائری میں لکھے ہوئے تھے اور کچھ بھائی غلام قادر صاحب مدظلہ کی کاپی میں درج تھے انہیں جمع کیا' ملفوظات کا سب سے بڑا ذخیرہ صوفی محمد علی صاحب مرحوم کے پاس تھا' مگر وہ ایسا پیچیدہ لکھا ہوا تھا کہ ان کے سوا کوئی دوسرا انہیں نہیں پڑھ سکتا تھا' اور وہ ابو ظہبی میں ملازم تھے' انہیں اتنی

فرصت نہ تھی کہ وہ سارا ذخیرہ صاف کر کے بھیجتے' تاہم پھر بھی انہوں نے کچھ ملفوظات صاف کر کے بھیجے' اور کچھ ایسے اوراق روانہ کئے جن میں ان کی تحریر قدرے صاف تھی' احقر نے ان کاغذات سے حضرت ؒ کے ملفوظات جمع کئے' اس کے بعد حضرت ؒ کی مجلس کے خاص حاضر باش اور محب صادق محترم جناب ریاض الدین شمسی صاحب ؒ کی ایک کاپی حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم نے عنایت فرمائی جس میں شمسی صاحب نے حضرت والا کی بہت سی مجلسیں قلمبند کی ہوئی تھیں' ان کی تحریر بھی بہت صاف اور مضمون بھی اکثر پورا ہی قلمبند تھا' اس کو دیکھ کر خوشی کی کوئی حد نہ رہی کیونکہ یہ بڑا قیمتی ذخیرہ تھا جو مناسب موقعہ پر دستیاب ہوا چنانچہ پھر اسی سے کافی عرصہ مجالس کا سلسلہ البلاغ میں جاری رہا.......... پھر کچھ ملفوظات و مجالس حضرت والد ماجد ؒ کی ایک کاپی میں ملیں جو اس زمانہ کی لکھی ہوئی ہیں جب کبھی وہ صحت کے زمانہ میں حضرت والا ؒ کی خدمت میں رمضان المبارک گزارنے کراچی آیا کرتے تھے' چنانچہ ان میں اکثر مجالس حضرت ؒ کے لسبیلہ والے مکان کی ہیں' اور کچھ مجالس احقر نے اور بھائی غلام قادر صاحب مدظلہم نے ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ محفوظ کر لی تھیں' مولانا عبداللہ میمن صاحب کو اللہ پاک بہت ہی جزاء خیر عطا فرمائے آمین انہوں نے ان مجالس کو کاغذ پر منتقل کر دیا' اس طرح اب سے کچھ عرصہ پہلے تک مجالس مفتی اعظم کا یہ مبارک سلسلہ البلاغ میں جاری رہا۔

ابھی یہ سلسلہ جاری تھا کہ حضرت ؒ سے محبت کا تعلق رکھنے والے بھائی انوار احمد صاحب کا خط موصول ہوا جس میں انہوں نے ان مجالس کو ترتیب دینے اور کتابی شکل دینے کی فرمائش کی جس سے ان مجالس کو مرتب کرنے کا داعیہ پیدا ہوا' اور اس وقت تک مجالس کی تعداد بھی تقریباً پچاس تک پہنچ گئی تھی جو کتابی شکل دینے کے لئے ایک معقول مقدار تھی' اس دوران ایک اہم چیز اور سامنے آئی وہ یہ کہ حضرت ؒ اپنی حیات طیبہ میں ماہ رمضان المبارک کی نماز فجر کے بعد جامعہ دارالعلوم کراچی کی مسجد میں محاسن قلب اور رذائل نفس پر بڑا ہی جامع اور نافع درس دیا کرتے تھے' احقر بھی ایک مرتبہ اس میں شرکت کی سعادت حاصل کر چکا ہے' شیخ الاسلام حضرت مولانا محمد تقی عثمانی مدظلہم العالی نے انہیں قلمبند فرما کر "دل کی دنیا" کے دلکش عنوان

سے البلاغ کے ابتدائی شماروں میں شائع فرمایا ہے، وہ مجموعہ بھی اس میں شامل کر لیا ہے، فالحمد للہ علی ذالک۔

احقر نے ان تمام مجالس کو پانچ باب پر تقسیم کیا ہے 'عقائد' عبادات 'معاملات معاشرت اور اخلاق اور ہر باب کی ہر مجلس کے عنوان کے مطابق اس کے آخر میں اس کے مناسب ملفوظات جمع کئے ہیں تاکہ مجلس کے ختم پر اس کا خلاصہ ملفوظات کے ذریعہ ذہن نشین ہو اور آسانی سے عمل میں آجائے اور جو مجالس کسی خاص عنوان کے تحت نہ آسکیں انہیں آخر میں متفرقات کے عنوان کے ذیل میں جمع کر دیا ہے جامعہ دارالعلوم کراچی کے کتب خانہ کے ناظم مولانا ابو طاہر صاحب سلمہ کو اللہ تعالیٰ بہت ہی خیر اور جزاء احسن عطا فرمائے آمین ماشاء اللہ انہوں نے ان مجالس کی ترتیب میں بہت تعاون فرمایا اور حسب ہدایت بہت سلیقہ سے ترتیب کا کام انجام دیا۔

گو حضرت ﷺ اب دنیا میں نہیں رہے، لیکن حق تعالیٰ نے محض اپنے فضل وکرم سے حضرت والا کے اخلاص وللٰہیت کے صدقے مجالس کا یہ قیمتی مجموعہ مرتب کروا دیا جو آپ کے ہاتھوں میں ہے جس کا نام "مجالس مفتی اعظم" ہے 'اللہ تعالیٰ اپنی رضا کے لئے اس کو قبول فرمائیں، نافع اور مفید بنائیں اور جن جن حضرات کی کاوشیں اس میں خرچ ہوئی ہیں ان سب کی مغفرت اور نجات آخرت کا ذریعہ بنائیں اور حضرت ﷺ کا دائمی صدقہ جاریہ بنائیں آمین، وصلي الله تعالٰي علي النبي الكريم محمد و آله و اصحابه اجمعين.

بندہ عبدالرؤف

۱۵/ ۱۲/ ۱۴۱۵ھ

## باب اول

# عقائد

تقدیر کی حقیقت ' رزق کی کمی ' محفل سیرت کا صحیح طریقہ ' عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم ' بدعت کی تعریف اور اہل بیت کی محبت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم.

مجلس :۱

# عید میلاد النبی ﷺ

## یاد گار منانا بے اصل ہے

جس فضیلت کو دائمی اللہ پاک نے بنا دیا یا اس کے رسول پاک ﷺ نے فرما دیا وہ اپنی جگہ مسلم ہے مثلاً رمضان یا شعبان یا محرم الحرام یا عیدین وغیرہ اور پھر ان کے لئے ہدایات اور احکامات رسول کریم ﷺ نے فرما دیئے یہ سب تسلیم اور قابل عمل ہیں اور جن کے متعلق آپ نے ہدایات نہ دی ہوں مثلاً رسول پاک ﷺ نے مکہ سے مدینہ منورہ ہجرت کی' طائف تشریف لے گئے۔ جنگ بدر' جنگ احد اور دیگر غزوات میں حصہ لیا جس جگہ قدم مبارک آپ کے پڑ گئے کتنی فضیت اس جگہ کی ہوگی کہ سارے زمین و آسمان سے بڑھ کر قیمت اس جگہ کی ہوگئی۔ اور بہت سے سینکڑوں ایسے واقعات پیش آئے کہ ہر واقعہ ہر کلمہ ہر اٹھنا بیٹھنا برکت والا اور عظمت والا ہے لیکن کہیں اس کی ہر برس تقریب منانے کا حکم نہیں ہے۔ کوئی ہدایت نہیں ہے۔ لہٰذا بغیر حکم وہدایت کے اس کو اپنانا صحیح نہیں ہے۔

حضرت حلیمہ کے یہاں آپ کا جانا۔ فرشتوں کا آپ کے دل مبارک کو دھونا۔ آپ کا غار حراء میں تشریف لیجانا وہاں انوار الٰہی کا ظاہر ہونا۔ پھر نبوت کا عطا ہونا' وحی کا نازل ہونا جب وحی نازل ہوئی اور تین سال تک آپ نے چھپ چھپ کر عبادت الٰہی کی اور دین کی تبلیغ کی' پھر آپ کو فکر ہوئی کہ لوگ استہزاء کریں گے' وحی نازل ہوئی کہ آپ ان کے استہزاء کی فکر نہ کیجئے اور حضرت جبرئیل علیہ السلام نے ان پانچ آدمیوں کو جو مشرکین میں سے تھے جن سے سب سے زیادہ خطرہ تھا۔ حرم شریف میں جاکر انگلی کا اشارہ کیا جس سے وہ طرح طرح کی بیماریوں میں مبتلا ہوگئے اور میدان تبلیغ

کے لئے صاف ہو گیا۔ پھر آپ نے کوہ صفا پر جا کر اللہ کا کلمہ بلند کیا۔

اسلام کا کلمہ بلند کرنے کا وہ سب سے پہلا دن تھا کیا وہ دن مقدس نہیں ہے؟ ہمیشہ ہمیشہ یاد گار رہنے کا دن تھا۔

رسول کریم ﷺ کی زندگی کا ہر ہر قدم اور ہر ہر واقعہ ایسا ہے کہ یاد گار منانے والے اگر ان کو مرتب کریں تو ہزاروں سے بڑھ کر ان کی تعداد ہو گی مگر اسلام ہر اس رسم کو توڑنے آیا جو اسلام سے قبل جاری تھیں اس لئے ان کی یاد گاریں بنانے کا حکم نہیں دیا۔

مکہ سے ہجرت اور غار ثور کا قیام بدر کی پہلی رات ہر دن اور ہر رات اپنے اندر خاص خاص برکات لئے ہوئے ہیں لیکن اس کے لئے نہ خدا کے احکام ہیں نہ رسول پاک ﷺ کے احکام ہیں حالانکہ ہر ایک ان میں سے اس قابل ہے کہ اس کا جشن منایا جاتا، لیکن اسلام ایک فطرت کا دین ہے۔ اس میں ان یاد گاروں کے منانے کی کھپت نہیں ہے۔

## عید میلاد النبی بدعت ہے

تم بتاؤ آپ کی ساری تریسٹھ سال کی زندگی میں ہر سال کے تین سو ساٹھ دنوں میں سے کونسا دن ایسا ہے اور کونسے دن کا کونسا گھنٹہ ایسا ہے جو یاد رکھنے اور اس پر قربان ہونے کے قابل نہیں ہے؟ لیکن کیا کبھی آپ نے فرمایا تھا کہ کوہ صفا کا دن مناؤ، مکہ سے ہجرت کا دن مناؤ انہیں میں سے پیدائش اور وفات کے دن ہیں ان کے لئے آپ کے کوئی خصوصی احکام نہیں ہیں۔

آپ کی ولادت کا دن مقدس اور مبارک ہے اور اسکے ذی شان ہونے میں کوئی شک نہیں ہے لیکن چونکہ آپ کا اس کے متعلق کوئی حکم نہیں اور صحابہ کرام کا کوئی عمل اس سلسلہ میں نہیں اس لئے اپنی طرف سے ہمارا یہ ہنگامہ کرنا صرف بدعت میں داخل ہے، کیا صحابہ کرام یا تابعین سے زیادہ دعویٰ ہے ہم کو حضور اکرم ﷺ سے محبت کا یہ یوم ولادت ان کے سامنے بھی ہر سال آتا تھا پھر آپ کی وفات کی تاریخ میں بھی اختلاف ہے حساب لگانے والوں نے بتایا ہے کہ حجۃ الوداع جمعہ کا دن تھا اور اس

سے ٹھیک اسی روز بعد پیر کے دن وفات ہوئی، مگر ۱۲/ ربیع الاول اس سال کے حساب سے پیر کا دن نہیں ہوتا۔ غرض اور بھی اختلاف ہیں اس تاریخ میں۔

## شب قدر کی عبادت ثابت ہے

غرض آپ کی زندگی کا ایک ایک لمحہ اس قابل ہے کہ اس کی یادگار منائی جائے لیکن آپ کے ارشادات سے یادگاروں کو منانے کی ممانعت ثابت ہوتی ہے اور ہم آپ کے منع کرنے کے باوجود عید منائیں اس دن کو مقرر کر کے، یہ کہاں تک صحیح ہے؟ ہاں شب قدر کے لئے فرمایا اس رات کو عبادت کیا کرو، جاگا کرو۔ اللہ سے معافی چاہا کرو۔ اس رات میں اتنی بخشش ہوتی ہے۔ جس کا کوئی شمار نہیں۔ مگر کوئی روایت کوئی حدیث آپ کی ان جلوس جلسوں، نعروں کی، ضعیف یا قوی کوئی ہے؟ اگر ہے تو لاؤ۔ کوئی روایت نہیں اب ایک بے وقوفی کی بات یہ ہے کہ ان رسومات کے خلاف کچھ کہو تو وہ کہتے ہیں یہ وہابی ہے۔ بس ان کے نزدیک وہابی ایک گالی ہوگئی۔ مگر عقل سے نہیں سوچتے کہ جن کی ہدایت ہمارے پیارے رسول ﷺ نے نہ دی ہو اور ہم اپنی طرف سے گھڑ کر کریں اس کے لئے فرمایا ہے سب سے بدتر کام دین میں وہ ہیں جو اپنی طرف سے کرو، چونکہ اس میں معاذاللہ یہ الزام ہے کہ ہمارے لئے نفع کا ایک کام تھا وہ حضور ﷺ نے ہم کو نہیں بتایا گویا یہ آپ کو الہام ہوا ہے کہ ہاتھی گھوڑے جلوس میں نکالو، نعرے لگاؤ اور ایک فتنہ کھڑا کرو۔

## شیطانی دھوکے

ہندوستان میں تو مسلمان دوہری چکی میں پستے تھے اوپر انگریز نیچے ہندو پھر پیسہ بھی اتنا نہ تھا، حکومت بھی نہ تھی یہاں آکر اللہ میاں نے دولت دی، حکومت دی، آزادی دی اب لگ گئے اچھلنے کودنے دین کے نام پر دین کا کام تو ہوتا نہیں کہ رشوت چھوڑیں نمازیں پڑھیں اس میں تو محنت ہے بس ہمارے شیطان نے ہم کو یہ سکھایا ہے کہ تم پکے مسلمان ہو، اسلام تمہارا ٹھیک ہے یہاں عبادات کی ضرورت

نہیں سود کھائے جاؤ جائز کو ناجائز کئے جاؤ عورتوں کو ننگا پھراتے رہو بس دنیا میں اسلام کی زندگی کا یہ ثبوت پیش کرو کہ جلوس نکالو ڈنڈے ہاتھ میں لو اور نیا کام ایجاد کرو ان کھیل تماشوں کا نام اسلام رکھ دو ساری دنیا میں تم سب سے اونچے ہو جاؤ گے۔

ابلیس نے ہم کو برباد کر کے چھوڑ دیا' ہندوستان میں تو گائے کا گوشت کھانے کا نام اسلام تھا یہاں پر گانا بجانا' شور مچانا اس کا نام اسلام رکھ دو' روزے میں نماز میں' قرآن پڑھنے میں تو تم کو تکلیف ہوگی اسلام کے احکام پر چلنے میں تو بھوکے ننگے ہو جاؤ گے بس یہ شور ہنگامہ کر لو اور اسلام کا لیبل لگا لو۔

اللہ نے دو عیدیں بنائی تھیں ہم تین عیدیں کریں گے بلکہ عید پر اتنے کھانے والے نہیں ہوتے جتنے اس تیسری عید پر ہوتے ہیں' بھوکے کو کھانا کھلانا منع نہیں مگر اس کا تماشا کرنا اور اس کو دین سمجھنا درست نہیں 'ایک عقل کی بات یہ بھی ہے کہ وفات کے دن عید منانے میں خوب ان کو شیطان نے سمجھایا ہے بھلا وفات کا دن بھی خوشی منانے کا دن ہے اور اگر پیدائش کے دن عید مناتے ہو تو نبوت ملنے' ہجرت کرنے' جنگ بدر' فتح مکہ' فتح خندق کون کون سی عیدیں مناؤ گے ؟ اب یہ کیسی حق تلفی ہے کہ آپ کی زندگی کے تریسٹھ سالوں میں سے صرف معراج اور وفات یا ولادت کو تو عید بنا دیا اور باقی دن کیا ہوئے ؟ زیادہ نہیں تو کم از کم آپ کی عمر مبارک کے تریسٹھ سالوں میں سے تریسٹھ دن کی تو عید مناتے 'مگر کچھ نہیں محض رسم کو پورا کرنا ہے۔

## بے مثال مذہب

افسوس ہے کہ ایک ایک چیز کو فنا کر رہے ہیں' جس طرح موٹی بنی ہوئی رسی کٹتی ہے تو ایک ایک تار کٹتا ہے اسی طرح دین کا ایک ایک تار مٹ رہا ہے اور یاد رکھو دین تو نہیں مٹے گا ہم مٹ جائیں گے۔ یہ سنتوں کا مٹنا اور ان کی جگہ کھیل تماشے پیدا کرنا کس قدر خرابی کی بات ہے۔ ارے ایسا پاکیزہ مذہب جو دنیا کے لئے قابل مثال قابل تقلید ہے اس کو تم صورت سے 'سیرت سے توڑ مروڑ کر کیوں ہنسی اڑاتے ہو اپنی بھی اور دین کی بھی' چاہے عمل میں کوتاہی ہو مگر اعتقاد تو صحیح رکھو اسی طرح شیخ عبدالقادر جیلانی کی گیارہویں ہر مہینہ میں ہوتی ہے مگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم ڈیڑھ

لاکھ سے زائد ہیں ان میں سے کوئی اس قابل تم نے نہ سمجھا' کیا یہ سارے شیخ سارے اولیاءاور صوفیاءایک صحابی کے برابر ہو سکتے ہیں؟ ہرگز نہیں۔

## عیدیں منانے لگو گے تو دفتر نہ جاسکو گے

نبی کریم ﷺ کی وفات کے بعد فوراً ارتداد پھیلا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں قسم کھا کر کہتا ہوں کہ سارے دنیا کے کفار اوران کی ذریات مل جائیں اور حجر و شجر مل جائیں اور میرے ساتھی بھی ساتھ نہ دیں میں اکیلا اسلام کو زندہ رکھنے اور سنت کو جاری رکھنے کے لئے اپنی گردن کٹا دوں گا کیا یہ دن عید منانے کے قابل نہیں۔

حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم نے دریاؤں میں گھوڑے ڈال دیئے ایک پیالہ رہ گیا دریا پر لاٹھی مار کر پیالہ طلب کیا اور دریا نے لاکر دیا کیا وہ دن یادگار منانے کے قابل نہیں' سرور کائنات ﷺ کے غلاموں کے یہ کام ہیں ایک صحابی راستہ بھولتے ہیں جنگل میں کھڑے ہو کر کہتے ہیں میں رسول کریم ﷺ کا غلام ہوں یہ جگہ خالی کر دو ہم آج بسیرا کریں گے' دیکھنے والوں نے دیکھا جانور اپنے منہ میں بچے لیکر بھاگے چلے جا رہے ہیں' یہ دن تھا عید منانے کے قابل اگر عیدیں منانے پر آؤ گے تو نہ دفتر جا سکو گے نہ دکان جا سکو گے عیدوں میں ہی الجھ کر رہ جاؤ گے سال کے بارہ مہینوں میں سے گیارہ مہینہ تو سوتے رہتے ہیں کبھی رسول کریم ﷺ یاد نہیں آتے کوئی کام کرتے وقت آپ کا خیال نہیں آتا آپ کے احکام کی تلاش نہیں ہوتی۔ بچپن سے اسکول میں پڑھ کر بے دین رہے پھر دفتر یا دکان میں بیٹھ گئے' دین کہاں سے آئے 'اللہ کا پیغام رسول کے احکام ان کو کیسے پہنچائے جائیں اب یہ سب تماشہ کے نام پر جمع ہو جاتے ہیں چلو ڈھول تماشوں سے جمع ہوئے تو جاکر مولوی صاحب نے اللہ اور رسول کا پیغام پہنچا دیا مولوی صاحب کا صرف رسول پاک ﷺ کا پیغام ان تک پہنچا دینا مقصد تھا مگر اب وہ جلسہ بھی چلنے لگا اور جلوس میں بدل گیا اور یہ مقصد بھی ختم ہوا۔

## محفل سیرت کا صحیح طریقہ

یاد رکھو جتنی محبت حضور ﷺ سے زیادہ ہوگی اتنا ہی دین آئے گا۔ جتنی محبت

سے دوری ہوگی اتنی ہی دین سے دوری ہوگی' اب کرنے کا کام یہ ہے کہ آپ کے حیات طیبہ کے تذکرہ کے لئے صرف یہی مہینہ مقرر نہ کریں ہر مہینہ ہر ہفتہ محفلیں' وعظ اور سیرت کے مقرر کر کے اہتمام سے کرائیں اور سنت کے مطابق درود کی کثرت کریں اور عمل کی اللہ سے توفیق مانگیں ''گلزار سنت'' رسالہ دیکھ کر اعمال سیکھیں حضور ﷺ والے اس طرح آپ کی سنت پر جو قدم ہمارا پڑے گا دین مضبوط ہوگا۔

## عید میلاد النبی منانے کی بنیاد

حق تعالیٰ نے یوم بدر کو یوم الفرقان کہا ہے تو جس دن کی تعریف اور اس کا ذکر خداوند کریم قرآن میں کریں کیا وہ دن عید منانے کا نہیں ہے۔ دراصل یہ ڈے اور دن یہود و نصاریٰ کے مقرر کئے ہوئے ہیں جو مخصوص طور پر مناتے ہیں۔ جن کے پاس کچھ ہے نہیں وہ موت اور پیدائش کو ہی ڈے منا لیتے ہیں جن کے پاس بھری پڑی ہیں نعمتیں اللہ کے فضل و کرم سے ان کو کیا ضرورت ہے ایسے ڈے منانے کی؟ یہ تو وہ منائیں جو خالی ہیں کسی نعمت سے بچارے بھک منگے ہیں کوئی راہ عمل ملتی ہی نہیں' مسلمانوں کے لئے حضور ﷺ کے قدم مبارک جہاں جہاں پڑ گئے ہیں وہ ان کے لئے متبرک ہے لیکن ان کے جانثار صحابہ کرام' اب تک کوئی ثابت نہیں کر سکتا کہ وہ کوئی ڈے مناتے تھے کیا ان سے بھی زیادہ محبت کا دعویٰ ہے ہم کو؟ غرض یہ کہ عیدیں کہاں تک مناؤ گے حضور ﷺ نے جو عمل کیا یا کچھ فرمایا وہ دنیا بھر کی خوشیوں سے بالا تر ہے اور عید منانے کے قابل ہے لہٰذا جو طریقہ آپ نے فرمایا ہے اسی پر عمل کرنا ہماری کامیابی ہے یہ سیرت کے بیان روزانہ ہوں یا کم از کم ہفتہ وار تو ہوتے رہیں یہ ایک سال بعد ایک دن دھوم دھڑکا مچا لیا اور گیارہ مہینہ خاموش بیٹھ گئے یہ کونسی شریعت ہے؟ لہٰذا ان رسمی طور طریقوں سے بچو اور سنتوں پر چلو' حق تعالیٰ توفیق بخشیں۔

# عقائد سے متعلق متفرق ارشادات

## بدعت کی تعریف

فرمایا بدعت کہتے ہیں مقاصد شرعیہ کے بدلنے کو، غیر مقصود کو مقصود بنا دے یا مقصود کو غیر مقصود بنا دے۔

## راہ سنت اور بدعت

سنت یہ ہے کہ ارادہ کرے آخرت کا۔ جس طرح دنیا کا ارادہ کرتے ہیں تو اس کی کوشش بھی اس کے مناسب کرتے ہیں کپڑے کی تجارت کے لئے لوہا منڈی میں پھرنا بیکار ہوگا۔ سبزی منڈی میں کپڑے کی تجارت نہیں ہوگی ہر چیز کا ایک طریقہ ہے آخرت کی کوشش کرنی ہو تو آخرت کے مناسب ہو اور وہ ہے طریقہ حضور ﷺ کا جو آپ نے اپنے قول سے اور عمل سے بتائے ہیں بس وہی صحیح کوشش ہے اس کے علاوہ ساری کوششیں بیکار ہیں۔

آخرت کے عمل کے مناسب سعی وہی ہے جو سرکار دو عالم ﷺ نے فرمائی ہے۔ ذکر اللہ ہو، تلاوت ہو، حج، نماز، روزہ ساری طاعتیں اگر سنت سے ہٹ کر کی گئیں وہی بدعت ہیں۔ وہی ضلالت ہیں وہی گمراہی ہیں۔

دیکھنے میں ان کے اعمال جو بدعتی ہیں بڑے خوبصورت معلوم ہوتے ہیں ان بیچاروں کو کون سمجھائے؟ کہتے ہیں کھڑے ہو کر درود پڑھ لیا تو کیا برا کیا۔ لیکن ان سے پوچھئے کہ حضور ﷺ نے یہ پابندیاں کہاں لگائیں تھیں؟ صحابہ کرام نے کب کھڑے ہو کر درود پڑھا اور کب اس سے نفرت کی جس نے کھڑے ہو کر نہ پڑھا۔ بس یہ پابندی جو خلاف سنت ہے یہی بدعت ہے۔

یہ گیارہویں، بارہویں کا کھانا پکانا کھلانا کب منع ہے مگر یہ سمجھ کر کرنا کہ یہ طریقہ حضور ﷺ نے فرمایا بس یہ بدعت ہے۔

حالانکہ صدقہ اور سلام کرنا یہ گناہوں کا زبردست کفارہ ہے ہمارا عمل یہ ہے

کہ منہ پھیر کر چلے جاتے ہیں سنت تو یہ ہے جس کے خلاف جا رہے ہیں۔مفت میں دعا حاصل ہو جاتی ہے سلام کرنے میں۔معلوم نہیں کونسی گھڑی میں یہ دعا قبول ہو جائے۔سلامتی کی بڑی دعا ہے گناہوں کا کفارہ ہے اس کو تو ہم عمل میں نہیں لاتے۔ آپس میں محبت بڑھے'اللہ پاک راضی ہوں اپنے گناہوں کا کفارہ ہے کیسی برکت کی چیز ہے۔

دوسرا گناہوں کا کفارہ ہے کھانا کھلانا۔یہ کوئی شرط نہیں۔یہ کوئی شرط نہیں کہ کس کو؟اور کس وقت؟اور رات کے وقت تہجد کی نماز جبکہ لوگ سو رہے ہوں کتنا بڑا ثواب ہے۔

اب سمجھئے کہ سلام اور کھانا کھلانا اور تہجد' یہ تین طریقے گناہوں کے کفارہ کے ہیں لیکن بعض وقت سلام بھی ممنوع ہے مثلاً اذان کے وقت آپس میں سلام کرنا مکروہ ہے اس وقت کا حکم اذان کا جواب دینا ہے اسی طرح واعظ کو' مدرس کو'اسی طرح کھانا کھانے والے کو سلام کرنا مکروہ ہے کیسی آسانیاں ہیں شریعت میں۔اس میں ایک راز ہے یا تو کھانے والا جواب بھی دے اور کھانا بھی کھاتا رہے۔یہ تو بدتمیزی ہے یا شریک کرنے میں تکلیف ہوگی۔یا اس کے پاس وقت نہیں۔اس سے اس کو ایذاء پہنچے گی۔تواضع نہ کرنا بھی ظلم ہوا یا کوئی اور ضروری بات ہے کہ وہ آپ کو بلا نہیں سکتا۔یہ رعایت ہے اس کا اصول یہ ہے کہ کھاتے وقت سلام نہ کرو تاہم سعی وہ معتبر ہے جو اللہ کے نزدیک مناسب ہو۔

اسی طرح کھانا (کھلانا) غلط طریقہ سے ہو وہ گناہ ہو جائے گا۔رشوت کی خاطر کھلایا یہ حرام ہے ثواب کو گناہ بنا لیا تاریخ مقرر کر کے کھانا ـــــ۔جو خدا کے رسول اور صحابہ سے ثابت نہ ہو۔اس کی پابندی کر کے اپنے اوپر وبال بنا لیا ایک ثواب کو گناہ سے بدل لیا۔

غرض سنت کے مطابق جو کام ہو گا ثواب ہے۔جو کام سنت کے خلاف ہو گا وہ گناہ ہو گا۔ غرض چار چیزیں آخرت کے حصول کی یہ ہیں۔ایمان ہو'ارادہ ہو' ارادہ کے ساتھ کوشش ہو اور کوشش بھی مناسب ہو'بس یہی حصول آخرت ہے ایک شخص نے شیطان پر کنکری مارنے کی بجائے حج کے دوران کسی اور جگہ گرا دی اور کہا

کہ ہم نے تو نیت کر لی تھی شیطان کو مارنے کی' نہیں بھائی! یہ رمی نہیں ہوئی۔ حج کو جاؤ' شیطان پر کنکری مارنے کی جو جگہ مقرر کی ہے اللہ کے رسول نے' بس اس کے مطابق کرو۔ ہر وہ کوشش جو مناسب ہو سنت کے بس وہ عمل صحیح ہے اور جو کوشش سنت کے خلاف ہو وہ نامناسب ہوگی۔

## خلاف سنت عمل

یقین کیجئے کہ عبادات کا جو طریقہ رسول کریم ﷺ اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اختیار نہیں کیا' وہ دیکھنے میں کتنا ہی دلکش اور بہتر نظر آئے وہ اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے نزدیک اچھا نہیں۔

## مزارات پر پھولوں کی چادر چڑھانا

فرمایا اولیاء اللہ کے مزارات پر پھول چڑھانا بڑی غلطی ہے' کیونکہ دو حال سے خالی نہیں یا تو ان کو ادراک ہے یا نہیں؟ اگر ادراک نہیں تو پھول چڑھانے سے کیا فائدہ؟ اور اگر ادراک ہے تو جو شخص جنت کے شمائم وروائح (خوشبوئیں اور ہوائیں) اور عطریات کو سونگھ رہا ہو' اس کو ان پھولوں کی خوشبو سے کیا راحت پہنچ سکتی ہے' بلکہ اس کو تو الٹی ایذا ہوتی ہوگی!!!

## دین کی حیات پر حملہ

آج کل غیر اسلام کو اسلام بنانا اور غیر قرآن کو قرآن بنانا ہے انفرادی حیثیت سے ہمیشہ یہ کام ہوتا رہا ہے مگر صرف اپنے ایک مخصوص حلقے تک محدود رہا اور اب اجتماعی صورت اختیار کر چکا ہے چنانچہ قانون بنائے جا رہے ہیں اور اسلام کا نام لیکر کفر اختیار کیا جا رہا ہے یہ وہ بلا ہے کہ اگر اس میں مبتلا ہو گئے تو نجات نہیں۔ دین کی حیات پر یہ حملہ ہے۔ جب کوئی گناہ خفیہ ہوتا ہے تو اس کا وبال صرف کرنے والے پر پڑتا ہے اور اگر اجتماعی ہو اور اس کو کوئی نہ روکے تو اس کا وبال سب پر پڑتا ہے۔ آج

دنیا کے دو پیسہ کے نقصان پر سب کو تکلیف ہوتی ہے دین پر آرے چل جائیں کسی کو کچھ خیال نہیں ہوتا۔

حکومت نے لاکھوں روپیہ خرچ کرکے ایک ادارہ قائم کیا"تحقیقات اسلامیہ" لیکن آج تک کسی ایک مسئلہ کو شریعت کے مطابق حل کرکے نہیں بتایا۔بلکہ اس کے برعکس تحریف دین کے درپے ہیں۔

## دین میں تحریف کرنا

کچھ دن پہلے سود کے جواز کا اعلان ہوا۔ان تعلیم یافتہ جاہلوں کے پاس عمدہ طباعت میں تحریف دین کے سوا کچھ نہیں اب زکوۃ پر ہاتھ ڈالا ہے۔کہا ہے کہ چودہ سو برس پہلے ڈھائی فیصد زکوۃ اس وقت کے ماحول کے مطابق تھی۔اب اس سے بڑھا کر آج کل کے حالات کے تحت کرنا چاہئے۔نہ مانوگے تو جیلوں میں بند کر دیا جائے گا۔ آج ان کا ہاتھ اس قدر دراز ہو گیا ہے کہ تحریف دین کر رہے ہیں۔ مسلمانوں میں کب اس کا احساس ہو گا۔کیا چند مولویوں کے چیخنے' چلانے سے کچھ تدارک ہو جائے گا۔وہ جانتے ہیں 'ان چند ملاؤں سے کیا ہو گا۔عام مسلمان اس مسئلہ پر بالکل خاموش ہیں۔آج یہ ہو رہا ہے 'کل اس سے زیادہ ہو جائے گا۔

## دین بدلنے والا خود مٹ جائے گا

اگر عوام میں یہ جان نہیں ہے تو یاد رکھو پاکستان میں اسلام نہیں رہے گا۔۔۔۔۔ آج جو یہ کھلا اعلان ایک ملحد بے ایمان نے کیا ہے کہ سود اور زکوۃ کے مسائل ہم اپنے ہاتھ سے توڑ' مروڑ دیں گے اور یہ سن کر ہم خاموش بیٹھے ہیں۔اسی ادارہ میں لاکھوں روپیہ وہ کھا رہا ہے اور پھر اسلام کی ہی جڑیں کاٹ دیں۔ہم کو ایسا ادارہ نہیں چاہئے ہم کو ایسا نیا اسلام نہیں چاہئے۔جس اسلام نے پاکستان بنایا ہے وہ وہی چودہ سو برس پہلے کا اسلام ہے اس میں نہ شراب حلال ہے نہ سود۔نہ زکوۃ میں تبدیلی ہے کان کھول کر سن لیں کہ اس دین کی حفاظت کا خدا نے وعدہ کیا ہے یاد

رکھو۔ ہم ایک دن نہ ہوں گے۔ لیکن اسلام قیامت تک اسی آب وتاب کے ساتھ قائم رہے گا۔اکبر کا مذہب اس کی قبر میں چلا گیا۔اسلام ہمیشہ سے اسی طرح قائم ہے جیسے چودہ سو برس پہلے تھا جو پرانے اور ہمیشہ رہنے والے اسلام کی حمایت نہیں کرے گا۔وہ بھی مٹ جائے گا۔

آج اگر زکوۃ میں ترمیم ہے 'کل نماز میں ہوگی اگر آپ نے برداشت کیا اس چیز کو تو کل اس کا علاج نہ ہوگا۔یہ توہین ہے قرآن کی۔یہ اسلام کی توہین ہے اس کی توہین کرنے والوں کو عہدہ ملے اور ہمارے سروں پر بٹھایا جائے اس کا ابھی سے تدارک ضروری ہے۔

اس کیلئے دعا بھی کریں اور دوا بھی کریں اور اللہ پاک سے مدد چاہیں 'اللہ تعالیٰ ہم کو اس کام کیلئے کھڑا کرے آمین!

## تقدیر کی پوری حقیقت معلوم کرنا گناہ ہے

تقدیر کے مسئلہ کی کنہ اور حقیقت معلوم کرنا گناہ ہے اور اس کی ممانعت ہے۔ تقدیر کے مسئلے میں گفتگو کرنے کی ممانعت ہے اور ممانعت ہی سبب گناہ ہے ہاں جتنا رسول کریم ﷺ نے بتلا دیا ہے۔اتنا اعتقاد رکھو باقی اس کی اصل حقیقت اللہ کے سپرد کرو۔ وَالرَّاسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ آمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّا اُولُوا الْاَلْبَابِ.

بعض نے تو یہاں تک کہا ہے کہ تقدیر کی کنہ تو جنت میں بھی معلوم نہ ہوگی کیونکہ یہ صفات خداوندی کا مسئلہ ہے اور صفت کی کنہ ذات کی کنہ معلوم ہونے پر موقوف ہے اور یہ ثابت ہو چکا کہ ذات باری کی کنہ کا علم ہو نہیں سکتا اس لئے تقدیر کے مسئلہ کی کنہ بھی معلوم نہیں ہو سکتی۔

عنقا شکار کس نشود دام باز چین کیں جا ہمیشہ باد بدست است دام دار

جس طرح عنقا کا کوئی شکار نہیں کر سکتا اس کے لئے جال پھیلانا۔کوشش کرنا لا حاصل ہے اسی طرح ذات باری کے ادراک کی فکر کرنا اور سوچ بچار کرنا لا حاصل ہے۔کل ما خطر ببالك فهو مالك و الله اعز من ذالك۔

اے برادر بے نہایت درگہیست　　ہرچہ بروے میرسی بروے مایست
اندریں رہ رنجہ می آید بدست　　حیرت اندر حیرت اندر حیرت است

امام فخرالدین رازی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں:

نهاية اقدام العقول عقال وغاية سعي العالمين ضلال
ولم نستفد من بحثنا طول عمرنا سوي ان جمعنا فيه قيل وقال

ہم کو تو محسوسات ہی کا علم نہیں پہلے عقلاء کہتے تھے کواکب بسیط ہیں اب کہتے ہیں ان میں آبادی ہے پتہ نہیں کون صحیح کہتا ہے۔

تقدیر کا مسئلہ یوں سمجھ لو کہ نہ تم مجبور محض ہو نہ مختار محض ہو۔ جس طرح دنیا کے کاموں میں ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر نہیں بیٹھتے۔ دین کے کاموں میں بھی کوشش کرو۔

انبیاء درکار دنیا جبر یہ اند　　کافران درکار عقبیٰ جبرئیند
انبیاء درکار عقبیٰ اختیار　　کافراں را کار دنیا اختیار

## علم پر ناز نہ کرو!

اگر کسی کو اپنے علم پر ناز ہو تو سن لے۔ حضور اکرم ﷺ کے برابر تو کسی کو علم عطا نہیں ہوا حق تعالیٰ آپ کو ارشاد فرماتے ہیں "وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْنَ اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيلًا." یعنی اگر ہم چاہیں تو آپ کو دیئے ہوئے علوم وفقہ سلب کر لیں۔ "ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ عَلَيْنَا وَكِيلًا" پھر آپ کا کوئی کارساز بھی نہیں ہو سکتا، دیکھئے کتنا ہولناک خطاب ہے۔ آپ ڈر گئے ہوں گے اس لئے آگے فرمایا "اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ رَّبِّكَ" بس رحمت خداوندی ہی ساتھ دے سکتی ہے اور کوئی ساتھ نہیں دے سکتا۔ اگلے کلمات سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کو بڑی خشیت ہوگئی تھی اس لئے آگے جملہ بڑھایا "اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ كَبِيْرًا" چونکہ حق تعالیٰ کا فضل آپ کے شامل حال ہے اس لئے بالفعل رحمت آپ کی دستگیر ہے۔ آپ کسی طرح کا اضطراب نہ کریں۔ ایسا ہوگا نہیں۔ محض اظہار قدرت اور تصحیح عقیدۂ امت کے لئے ایسا فرمایا ہے جب حضور اکرم ﷺ کے ساتھ یہ گفتگو ہے تا بدیگراں چہ رسد۔ علم پر ناز کرنا حماقت ہے عرفاں پہ کیا ناز ہو ان میں سے کوئی جز مکتسب نہیں سب عطائے حق

ہے۔ان کو اپنی چیز سمجھنا کبر ہے اور کبر بہت سی گندگیوں کی جڑ ہے۔غصہ اسی سے پیدا ہوتا ہے۔ایک آدمی کو کسی بزرگ نے تکبر سے چلتا ہوا دیکھا۔ٹوکا۔اس شخص نے کہا هَلْ عَرَفْتَ مَنْ اَنَا۔ بزرگ نے کہا نعم اَوَّلُكَ قَطْرَةٌ قَذِرَةٌ وَ آخِرُكَ جِيْفَةٌ قَذِرَةٌ وَ اَنْتَ بَيْنَ ذَالِكَ تَحْمِلُ الْعَذْرَةَ۔جو ہروقت ہر مجلس میں غلاظت اٹھائے پھرتا ہو اگر کسی طرح اس کا اظہار ہوتا رہتا تو ساری شیخی کرکری ہو جاتی کبھی گندہ ذہنی اور کوڑھ کے ذریعہ مشاہدہ کرا دیتے ہیں تاکہ ان کو دیکھ کر رحمت خداوندی یاد آجائے۔

## نفاذ قانون کیلئے روحانی عقیدہ

"دنیا کا تجربہ اس بات کا گواہ ہے کہ نرا قانون کبھی کسی قوم کی اصلاح نہیں کر سکا اور جب تک قانون کی پشت پر ایک "مضبوط روحانی عقیدہ نہ ہو، ظلم واستحصال کو روکا نہیں جاسکتا"۔

## سازوسامان کی کمی بیشی منجانب اللہ ہے

ایک دفعہ سفرحج میں ایک مالدار اور ایک غریب کا ساتھ ہو گیا۔ غریب کو تکالیف میں دیکھ کر مالدار نے کہا۔ ناخواندہ مہمان کے ساتھ یہی سلوک ہوتا ہے۔ہم کو بلایا ہے دیکھو کیسے آرام سے آئے ہیں۔ غریب نے کہا تم سمجھے نہیں۔ ہم تو گھر کے آدمی ہیں۔تقریبات میں گھر کے آدمی کی خاطر نہیں ہوتی۔ مہمانوں کی تواضع کی جاتی ہے۔

انبیاء کرام کو ظاہری سامان کم ملتا ہے لیکن مدارج کس قدر بلند ہوتے ہیں خدا کے معاملات ہر شخص سے جدا جدا ہیں۔ بعض بزرگ بھی بڑی شان سے رہے اور بعض تکالیف میں۔ خدا کی قدرت کسی قانون کی محتاج نہیں ہے۔ ہم کسی کو مقبول و مردود نہیں کہہ سکتے۔ نہ کسی کی عیش وعشرت دیکھ کر بدگمانی کرو اور نہ کسی کے فقروفاقہ سے بدگمان ہو۔ ہرایک کے معاملات خدا کے ساتھ جدا ہیں۔

ایک صاحب پردیسی ایک مسجد میں آئے لوگ ان کے لئے کھانا لیکر آئے۔

انہوں نے یہ کہہ کر واپس کر دیا کہ یہ کھانا میرے لئے نہیں۔ لوگوں کو تعجب ہوا۔ دیکھا تو ایک شخص مرغ پلاؤ لایا۔ انہوں نے وہ لے لیا اور کہا کہ ہاں یہ کھانا میرے لئے ہے۔ دریافت پر انہوں نے بتایا کہ ایک مرتبہ گھر میں کچھ دال وغیرہ تھی جوان کو پسند نہ تھی۔ ماں نے کہہ دیا کہ نہیں کھاتا تو نہ کھا۔ اب تیرے لئے مرغ پلاؤ تو آنے سے رہا۔ اس نے کہا کہ اب تو جب خدا مرغ پلاؤ دیگا تو کھاؤں گا ورنہ کھانا ہی نہ کھاؤں گا۔ چنانچہ اس دن سے آج تک ہمیشہ مرغ پلاؤ ہی ملتا ہے۔ تو کسی پر کوئی گمان نہ کرتا۔ معلوم نہیں کس کی کیا دعا مقبول ہو جائے اور کون خدا کی نظر میں مردود بن جائے۔

حضرت غوث الاعظم شاہانہ ٹھاٹھ سے رہتے تھے جو لباس کوئی بادشاہ نہ خرید سکتا وہ یہ خرید کر پہنتے تھے اور دوسری طرف حضرت ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ علیہ جنگل میں پیاسے کنوئیں اور ڈول کی تلاش میں مارے مارے پھر رہے تھے۔ ایک ہرن آیا کنوئیں کو دیکھا کہ بہت گہرا ہے۔ اس نے گردن اوپر اٹھائی۔ خدا کی طرف دیکھا۔ گویا خدا سے التجا کی۔ پانی جوش کھا کر اوپر آگیا۔ اس نے پیا۔ ابراہیم ادھم بھی اس کی طرف چلے۔ یہ پہنچے تو پانی پھر نیچے ہو گیا۔ ان کو بڑا رنج ہوا۔ اور دل میں کہا۔ مولا تیری شان! فوراً آواز آئی۔ ابراہیم! تم میں اور اس جانور میں کتنا فرق ہے۔ ہرن نے صرف ہماری طرف دیکھا اور تم ڈول، رسی کو تلاش کرتے پھر رہے ہو۔ پھر وہ جانور ہے بے عقل تم کو ہم نے عقل دی، غرض عجب شان ہے خدا کی۔ اسی طرح حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں بعض کو منہ مانگی مرادیں ملتی تھیں۔ بعض کو تکالیف اور پہچاننا مشکل ہے کہ ان دونوں میں سے کون زیادہ مقبول ہے۔

## تنگی رزق

تنگی رزق کی شکایت پر فرمایا کہ یہ انبیاء علیہم السلام کی سنت ہے، رزق جتنا مقدر ہوتا ہے اتنا ہی ملتا ہے اس (کو بڑھانے) کا کوئی خاص وظیفہ نہیں، ہاں دعا کرنا چاہئے، اللہ تعالیٰ سکون دیں گے جب اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھ جاتا ہے پھر پریشانی نہیں ہوتی اور تعلق پیدا کرنے کی بڑی ترکیب یہ ہے کہ خوب مانگا کرے۔

## تمام غموں کا علاج

فرمایا: حدیث میں ہے کہ تقدیر پر ایمان رکھنا سب افکار (غموں) کو دور کر دیتا ہے۔

## اہل بیت کی محبت سے مراد

"حب اہل بیت اظہار جزو ایمان ہے' ان پر وحشیانہ مظالم کی داستان بھلانے کے قابل نہیں۔ حضرت حسینؓ اور ان کے رفقاء کی مظلومانہ اور دردانگیز شہادت کا واقعہ جس کے دل میں رنج و غم اور درد پیدا نہ کرے وہ مسلمان کیا انسان بھی نہیں لیکن اس کی سچی اور حقیقی محبت و عظمت اور ان کے مصائب سے حقیقی تاثر' یہ نہیں کہ سارے سال خوش و خرم پھریں' کبھی ان کا خیال بھی نہ آئے اور صرف عشرہ محرم میں واقعہ شہادت سن کر رولیں' یا ماتم برپا کرلیں' یا تعزیہ داری کا کھیل تماشہ بنائیں' سارے سال گرمی کی شدت کے زمانہ میں کسی کی پیاس کا خیال نہ آئے اور محرم کی پہلی تاریخ کو اگرچہ سردی پڑ رہی ہو' کسی کو ٹھنڈے پانی کی ضرورت نہ ہو' شہدائے کربلا کے نام سے سبیل کا ڈھونگ بنایا جائے' بلکہ حقیقی ہمدردی اور محبت یہ ہے کہ جس مقصد عظیم کے لئے انہوں نے قربانی دی' اس مقصد کو پورا کرنے کے لئے اپنی اپنی ہمت کے مطابق ایثار و قربانی پیش کریں۔ ان کے اخلاق و اعمال کی پیروی کو سعادت دنیا و آخرت سمجھیں"۔

باب دوم

# عبادات

اتباع سنت، زکوۃ کی ادائیگی، آداب تبلیغ، ادب کی حقیقت، حفظ قرآن کریم، نفلی صدقہ، ہدیہ، نصاب تعلیم ونظام تعلیم، ختم خواجگان، جہاد، راحت کی کنجی، ثواب کے بجائے عذاب، معاصی سے بچنا، بے عمل کی تبلیغ، حقوق اللہ اور حقوق العباد کی تاکید

مجلس : ۲

# اتباع سنت

آپ کو معلوم ہے کہ اس محفل کا مقصد کوئی علمی تحقیق نہیں بلکہ جانی ہوئی چیز پر عمل کی توفیق ہو جائے بہت سی چیزیں ہم جانتے ہیں مگر اس پر عمل کی توفیق نہیں ہوتی۔اس کا طریقہ سوائے بزرگوں کی صحبت اور مجلس کے اور کچھ نہیں، ظاہر ہے کہ بزرگوں کی مجلس اب کوئی نہیں۔اس لئے ان کے ملفوظات سنا دیا کریں کہ یہ ان کا قائم مقام ہے، چونکہ ملفوظات عطر ہوتا ہے تمام چیزوں کا اور بسا اوقات انسان کو حق تعالیٰ کی معرفت مل جاتی ہے، ہم کو تو بیس سال تک حضرت کی مجلس کی توفیق ملی گھر پر بڑے بڑے علماء فضلاء آتے تھے اور معلوم یہ ہوتا تھا کہ آج پہلا دن ہے سینہ پر حق بات کھلنے کا۔ حضرت حاجی صاحب کے ذریعہ آپ کو وہ رابطہ اللہ پاک سے ملا تھا جیسا کہ کسی بڑے سے بڑے شبلی اور جنید کو ملا تھا، حضرت کے یہاں شان تربیت کا ایک خاص طریقہ تھا، باقاعدہ تنبیہہ ہوتی تھی۔

اتفاق سے ایک رسالہ میرے سامنے آیا شیخ محی الدین ابن عربی کا انہوں نے شیخ و مرید کے کچھ حالات لکھے ہیں وہ سارے تربیت کے اصول پہلے تھانہ بھون میں جاری تھے، میں نے وہ کتاب حضرت کی خدمت میں پیش کی، حضرت بہت خوش ہوئے، فرمایا خدا کا شکر ہے مجھے تائید مل گئی کہ یہ بدعات نہیں ہیں اس کا ترجمہ بھی شائع ہو رہا ہے۔

## اتباع سنت بھلائی کا راستہ ہے

حضرت ابن عطاء اللہ اسکندری بڑے بزرگ اور حکیم ہیں ان کا ایک ملفوظ ہے ''جب تم رسول کریم ﷺ کی اتباع کرو گے اتنا ہی بھلائی کی طرف چلو گے، جتنا اتباع سے دوری ہوگی، اتنی ہی ہلاکت ہوگی'' فرمایا اللہ کے نزدیک آج قبولیت کے

دروازے بند ہیں بجز اتباع نبی کریم ﷺ کے اور آج کوئی نجات نہیں پا سکتا بغیر کامل اتباع کے۔

## اتباع سنت دو قسم پر ہے

آگے فرمایا کہ متابعت دو طرح کی ہے ایک ظاہری اعمال میں نماز' روزہ' معاشرت ' معاملات' اخلاق میں اس کے جتنا قریب ہوں گے اتنا ہی اس کا وزن بڑھے گا' باطن کے انوار جن پر ظاہر ہوتے ہیں وہ اس کو جانتے ہیں اتباع سنت کی برکات کے انوار کیا ہیں' آج لوگ نئی چیز کو پوچھا کرتے ہیں کوٹ پتلون جوتا وغیرہ میں کہتا ہوں آج ساری دنیا اس بلا میں مبتلا ہے ہم اس کو ناجائز تو نہیں کہتے مگر جو انوار و برکات اس سادہ لباس میں ہیں جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے استعمال کئے وہ ان میں ہرگز نہیں ہو سکتی ۔اسی طرح وضع و قطع عادات و خصال' صورت و سیرت میں جتنی قربت ہوگی اتنا ہی وزن ہو گا آپ کی محبت مدار ہے ساری چیزوں کا جتنا اس سے دور ہوں گے اتنا ہی نحوست آئے گی۔

اور دوسری چیز ہے باطنی متابعت کہ ہم اپنا دل لگائیں خدا کی یاد میں ہم نے سیکڑوں تعلقات باندھ رکھے ہیں' دنیا بھر کے جھگڑے اپنے دل کے ساتھ باندھ رکھے ہیں بس یہ نہ ہو' حقوق تو سب کے ادا ہوں' خیال سب کا ہو مگر قلب ہمیشہ خدا کی یاد میں لگا رہے۔ حضور ﷺ کی یہی شان تھی۔ چنانچہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا ظاہری اعمال تو ہم دیکھتے ہیں' حضور ﷺ کے گھر کے اندر کیا اعمال تھے؟ آپ نے فرمایا گھر کو صرف عبادت خانہ نہیں بنایا تھا' ہنسی مزاح گھر کے دھندے سب میں ہاتھ بٹاتے تھے مگر کوئی کام دین کا آگیا تو سب چھوڑ کر اٹھ کھڑے ہوتے' یا دین کے خلاف کوئی بات کہتا تو آپ کو غصہ آجاتا باطنی کیفیات یہ ہیں کہ قلب کو مشغول رکھیں اللہ کی یاد میں۔

فرمایا جیسے ہم کو نماز میں خشوع حاصل نہیں ہوتا تو اس مرض کو پہچانو مختلف علاج ہیں اس کے 'ابن عطاء اللہ فرماتے ہیں اللہ پاک متوجہ ہوں بندے کی طرف اور بندہ متوجہ نہ ہو اس میں روگ ہے کوئی بیماری ہے 'اللہ کے ذکر سے زیادہ لذت کسی

چیز میں نہیں ہے۔اگر اس میں لذت نہ آئے تو یہ بیماری ہے اس کا علاج کرو۔

## عجب اور تکبر میں فرق

حضرت سے کسی نے سوال کیا ذکر میں دل نہیں لگتا کوئی وظیفہ بتا دیجئے فرمایا اگر وظیفہ بتاؤں اس میں بھی دل نہ لگے تو پھر دوسرا وظیفہ اس میں دل لگنے کا بتاؤں اس طرح کہاں تک سلسلہ جائے گا تو فرمایا قلب کی حضوری نہ ہونا بیماری ہے۔یہ قرآن سے پوچھو کیا بیماری ہے قرآن کریم میں ہے میں اپنی آیات سے پھیر دیتا ہوں ان کے قلوب جو تکبر کرتے ہیں لیجئے بیماری کی تشخیص ہوگئی 'اس سے کون خالی ہے 'لوگوں کو اپنی بیماری کی اطلاع نہیں ہوتی۔ایک شخص جماعت کی پابندی کرتا ہے اچھی بات ہے مگر دوسرے اور عیوب ہیں اس پر نظر نہیں یہ تکبر ہے اپنے عمل کو اچھا سمجھنا۔ہم کوئی نیکی کرتے ہیں تو کمال سمجھتے اور اسی عمل میں دوسرے کو کمزور دیکھے اور تکبر کرے یہ معصیت سے زیادہ برا ہے یہ تمام اعمال ضائع کر دیتا ہے اس لئے نماز میں خشوع نہ ہونا تکبر ہے اس کو تلاش کرو کس جگہ چور ہے 'مدار سارا متابعت پر ہے ظاہر اور باطن دونوں میں اتباع ہو دل اللہ کے لئے خالص رکھو اس میں کسی اور کو نہ گھسنے دو اور اگر یہ روگ دور نہیں ہوتا تو نیک بندوں کی مجالست اختیار کرو محبت سے یہ روگ جائے گا۔اور کوشش کرو کہ اپنے اعمال کی پسندیدگی نہ آئے 'اس سے یہ مطلب نہیں کہ نماز کو اچھا نہ سمجھے 'یا صدقہ کو اچھا نہ کہے لیکن اس اچھے کو اپنی طرف منسوب نہ کرے کہ توفیق اسی نے دی ہے ورنہ میں کہاں اس قابل تھا کہ یہ عمل مجھ سے ہو جاتا 'اللہ ہی دل میں یہ ارادہ دیتا ہے 'ہاتھ پاؤں میں طاقت اس نے دی میں نے کیا کیا 'اسے اپنی طرف منسوب نہ کرے اسی کو عجب کہتے ہیں 'عجب کا تعلق اپنے عمل کو اپنی طرف منسوب کرنا ہے اور تکبر کہتے ہیں دوسروں کو حقیر سمجھے اپنے مقابلہ میں ' یہ فرق ہے عجب اور تکبر میں یہ دونوں روگ ہیں بڑے۔

حضرت گنگوہی ؒ نے فرمایا اولیاء اللہ کے دل سے سب سے بعد جو رذیلہ نکلتا ہے وہ کبر اور عجب ہے اس میں بڑے بڑے اولیاء مبتلا ہیں حالانکہ آپ میں اتباع سنت کی تمام حدود موجود تھیں۔فرماتے ہیں میں تو بوڑھا ہو چکا ہوں اب تک یہ رذیلہ

نہیں گیا اس کا علاج یہ ہے کہ اس کو پاس نہ پھٹکنے دیا جائے۔

## اتباع سنت تمام نیکیوں کی کنجی ہے

فرماتے ہیں کہ اللہ نے ساری نیکیاں ایک مکان میں جمع کر دیں اور اس کی کنجی اتباع رسول ﷺ ہے' اب اتباع کیا ہے متابعت کرو قناعت میں' حرص میں نہ پڑو' رزق کی زیادہ فکر نہ کرو' دنیا بقدر ضرورت بھی آپ نے جمع نہ کی' تم بقدر ضرورت تو جمع کر لو لیکن ضرورت سے زیادہ جمع نہ کرو' بھیک بھی مانگنا نہ پڑے اور فضولیات میں بھی نہ پڑ جاؤ یہ عام مسلمانوں کو حکم ہے کسی کو کچھ دو تو کچھ روک کر بھی رکھو۔ آپ ﷺ نے بعض لوگوں کا ایک تہائی سے بھی کم قبول کیا' باقی واپس کر دیا اور ایک شخص کو بالکل واپس کر دیا جو اپنا سارے کا سارا لایا تھا اس سے خفگی بھی ظاہر کی یہ تو عام معمول تھا اور اپنے لئے اور خاص صحابہ رضی اللہ عنہم کے لئے خصوصیت تھی کہ ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سارا مال قبول کر لیا' ان کے درجات اور ہیں' غرض اعتدال سے جمع کرنے کا حکم ہے' آج دل کو پکڑتے پھرتے ہیں' کھانا ہضم نہیں ہوتا مگر دنیا کی زیب و زینت حاصل کرنے کا روگ ہو گیا ہے بغیر فرنیچر کے چین نہیں آتا۔

اور متابعت کرو فضول باتوں' فضول مجلسوں' فضول کاموں' فضول کھانے' غرض ہر فضولیات سے بچو جہاں چار آدمی بیٹھتے ہیں غیبت اور لایعنی ہوتا ہے' یہ بڑا عذاب لگ گیا ہے قوم کے متقی لوگ بھی اس سے نہیں بچتے۔

## فلم بڑی لعنت ہے

فرمایا مومن کا اسلام جب کامل ہوتا ہے جب لایعنی کو چھوڑ دے۔ آج فلم کا نام اصلاح رکھ لیا ہے' مجھے ایک آدمی بتا دو جس نے اصلاحی فلم دیکھ کر توبہ کر لی ہو اپنے بد اعمالی سے یہ سب بد معاشی کا اڈہ ہے اس میں کچھ اچھا کام بھی ہو تو وہ گندگی کے حوض میں پاک پانی ڈالنا ہے یہ سب سے بڑی لعنت ہے لایعنی کی۔ اس دروازہ پر سب سے سخت پہرہ بٹھایا حضور ﷺ نے۔ اگر کوئی جاننا چاہے کہ مجھ سے خدا

ناراض ہے یا راضی تو دیکھ لے اگر لایعنی میں لگا ہے تو ناراض ہے۔کمزوروں کے لئے یہ بڑا اچھا نسخہ ہے لایعنی کو چھوڑ دو' تقویٰ اختیار کرو' سارا دین اسی میں ہے' متابعت کے لئے ضروری ہے کہ لوگوں کی غیبت زبان سے' یا دل سے نہ کرو' ایذا رسانی سے بچو۔

جس پر اتباع کا دروازہ کھل گیا وہ اللہ کو محبوب ہو گیا۔

مجلس : ۳

# اتباع سنت کا صحیح طریقہ کار

## سیرت کا اہم پہلو اسوۂ حسنہ

سیرت طیبہ کے لئے قرآن کریم کا سب سے واضح اور جامع ہدایت نامہ یہ ہے:

لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُوْلِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ لِّمَنْ كَانَ يَرْجُو اللهَ وَالْيَوْمَ الآخِرَ وَذَكَرَ اللهَ كَثِيرًا.

بلاشبہ تمہارے لئے رسول اللہ (ﷺ) کی حیات طیبہ میں بہترین نمونہ ہے' ان لوگوں کے لئے جو اللہ (کی رحمت) اور یوم آخرت سے امید رکھتے ہیں' اور اللہ کو کثرت سے یاد کرتے ہیں۔

اس آیت نے ہمارے سامنے رسول کریم ﷺ کے حالات ومقالات پڑھنے اور سننے کے مقصد کو واضح کیا ہے۔ اور اس کا حاصل یہ ہے کہ سردار دو عالم ﷺ کی سیرت طیبہ اور آپ کے حالات ومقالات کو عام دنیا کے بادشاہوں' فلسفیوں' دانشوروں اور لیڈروں کی طرح محض ایک تاریخ اور سوانح نہ سمجھا جائے' بلکہ درحقیقت سیرت طیبہ ایک عملی قرآن کا نام ہے جس میں تمام اسلامی تعلیمات اور ان پر عمل کرنے کے طریقے سموئے ہوئے ہیں۔ وہ ایک "صبغة الله" (خدائی رنگ) ہے جس میں پوری دنیا کو رنگنے کے لئے آنحضرت ﷺ تشریف لائے تھے۔ یہ وہی "صبغة الله" ہے جس کی معجزانہ تاثیر نے بڑی بڑی طاقتوں کے مقابلے اور ہزارہا مخالفتوں کے نرغے میں رہتے ہوئے صرف تئیس سال کی مختصر مدت میں پورے جزیرۂ عرب کو مسخر کر لیا اور خود آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک ہی میں ڈیڑھ لاکھ سے زائد انسان جن میں مرد و عورت اور چھوٹے بڑے سب شامل ہیں' اس رنگ میں ایسے رنگے گئے کہ ان کے دیکھنے والوں پر بھی پہلی نظر ہی میں یہ رنگ چڑھنے لگتا تھا۔ ان کی شان یہ تھی

کہ الذین اذا رأ وا ذُکر اللہ یعنی جب ان پر نظر پڑتی ہے تو خدا یاد آتا ہے۔

## عملی نمونہ اشاعت اسلام کا باعث ہے

چنانچہ اسلام کی تاریخ میں ایسے واقعات بے شمار ہیں کہ دنیا کے اطراف میں جب اس نرالے رنگ کے مسلمان تجارت اور کاروبار کے لئے بھی کہیں پہنچ گئے تو وہاں کے لوگ ان کے حالات و معاملات کو دیکھ کر مسلمان ہو گئے۔ مثلاً مالا بار میں اسلام پھیلنے کی تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ نہ وہاں کوئی تبلیغی مشن گیا' نہ کوئی تبلیغی کانفرنس منعقد ہوئی' اور نہ دعوت و تبلیغ کے معروف اور رسمی طریقوں میں سے کوئی طریقہ اختیار کیا گیا۔ بلکہ وہاں صرف چند مسلمان تاجر اور مزدور پہنچ گئے تھے اور معاملات میں ان کی صفائی سچائی اور عصمت و عفت کے حیرت انگیز واقعات دیکھ کر وہاں کے لوگوں میں ان کے دین کے بارے میں معلومات فراہم کرنے کا جذبہ پیدا کیا جو بالاخر انہیں کشاں کشاں اسلام کی طرف لے گیا۔

جس چیز نے انسانوں کے افکار و اعمال میں یہ حیرت انگیز انقلاب برپا کیا وہ درحقیقت عبادت و طاعت' حسن معاملہ' حسن اخلاق' حسن صورت' حسن سیرت' حسن معاشرت' عدل وانصاف' رحم وکرم' عفت و عصمت اور امانت و دیانت کا وہ دلاویز رنگ تھا جو رسول اکرم ﷺ کی رفتار و گفتار نشست و برخاست اور آپ ﷺ کی ہر ہر حرکت و سکون سے مترشح تھا اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس رنگ کو سمجھنے اور اپنانے کے لئے اپنی عمریں وقف کی ہوئی تھیں' چنانچہ ان کی زندگیاں سیرت رسول ﷺ کے رنگ کا نمونہ تھیں ان کی بیشتر مجلسیں اور باہمی ملاقات و گفتگو اسی رنگ کو تازہ اور گہرا کرنے کے لئے ہوتی تھیں۔ حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں حکیم الامت کا لقب رکھتے تھے' ان سے دوسرے صحابہ رضی اللہ عنہم یہ کہا کرتے تھے کہ:

اِجْلس بنا نُومِنْ سَاعَةً.

(کچھ دیر کے لئے ہمارے ساتھ بیٹھ جایئے تاکہ ہم ایمان تازہ کرلیں)

## اتباع سنت کا اہتمام

حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم کے ایک ایک فرد کا حال یہ تھا کہ اپنے رہن سہن، نشست وبرخاست، سونے جاگنے اور کھانے پینے کے تمام احوال میں انکو کوئی ایسی چیز برداشت نہیں تھی جو سیرت مصطفیٰ ﷺ کے خلاف ہو۔ان حضرات کا حال یہ تھا کہ انہوں نے خواہ کسی کام کا کتنا پختہ عزم کر رکھا ہو، کسی مقصد کے لئے خواہ کتنا مستحکم منصوبہ بنا رکھا ہو، اگر ان کو یہ معلوم ہو جاتا کہ یہ عمل سیرت مصطفیٰ ﷺ کے خلاف ہے تو اس پورے منصوبہ کو چھوڑ دینے میں انہیں مطلق تامل نہیں ہوتا تھا، اور اس کے لئے انہیں بڑی سے بڑی قربانی بھی گوارا تھی۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا یہ واقعہ ابو داؤد رحمۃ اللہ علیہ اور ترمذی رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ نے روایت کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور سلطنت روم کے درمیان جنگ بندی کا ایک معاہدہ ہوا۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے صلح کی مدت کے دوران ہی فوجوں کو سرحد کی طرف روانہ کرنا شروع کر دیا۔ مقصد یہ تھا کہ جونہی صلح کی مدت ختم ہوگی فوراً حملہ کر دیا جائے گا۔ رومی حکام اس خیال میں ہوں گے کہ ابھی تو مدت ختم ہوئی ہے، اتنی جلدی مسلمانوں کا ہم تک پہنچنا ممکن نہیں، اس لئے وہ حملہ کا مقابلہ کرنے کے لئے تیار نہیں ہوں گے اور اس طرح فتح آسان ہو جائے گی چنانچہ ایسا ہی ہوا اور جیسے ہی مدت پوری ہوئی، آپ نے فوراً پوری قوت سے رومیوں پر یلغار کر دی۔ ظاہر ہے کہ رومی اس ناگہانی حملے کی تاب نہ لا سکے اور پسپا ہونے لگے۔ عین اسی حالت میں جبکہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا لشکر فتح کی امنگیں دل میں لئے آگے بڑھ رہا تھا۔ پیچھے سے ایک شہسوار آتا دکھائی دیا جو پکار پکار کر یہ کہہ رہا تھا کہ "الله أكبر ، الله أكبر ، وفاء لاغدر" (اللہ اکبر اللہ اکبر مومن کا شیوہ وفا ہے، غدر و خیانت نہیں)۔

یہ شہسوار قریب پہنچا تو معلوم ہوا کہ وہ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ صحابی ہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی ذاتی رائے میں یہ چیز غدر و خیانت نہیں تھی، کیونکہ حملہ جنگ بندی کی مدت ختم ہونے کے بعد ہو رہا تھا۔ لیکن حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّي اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَحِلَّنَّ عَهْدًا وَلَا يَشُدَّنَّهُ حَتَّي يَمْضِيَ اَمَدُهُ اَوْيَنْبِذَ اِلَيْهِمْ عَلَي سَوَاءٍ.

"میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس شخص کا کسی قوم سے کوئی معاہدہ ہو تو وہ اس عہد کو نہ کھولے نہ باندھے (یعنی اس کے خلاف کوئی حرکت نہ کرے) تاوقتیکہ یا اس معاہدے کی مدت گذر جائے، یا کھلم کھلا معاہدے کے اختتام کا اعلان کر دیا جائے"۔

حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مقصد یہ تھا کہ اس حدیث کی رو سے جنگ بندی کے دوران جس طرح حملہ کرنا ناجائز ہے اسی طرح دشمن کے خلاف فوجیں لیکر روانہ ہونا بھی جائز نہیں۔ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے لئے وہ مرحلہ کس قدر نازک تھا؟ اس کا اندازہ بھی شاید ہم آپ اس وقت نہ کر سکیں۔ حضرت عمرو بن عبسہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نصیحت اور مطالبہ پر عمل کرنے سے بظاہر ان کی ساری اسکیم فیل ہو رہی تھی۔ ان کا وہ منصوبہ پیوند زمین ہو رہا تھا جو انہوں نے نہ جانے کب سے سوچ رکھا ہو گا، ساری فوج کے مشقت آمیز سفر کی محنت اکارت جا رہی تھی، اور سب سے بڑھ کر یہ کہ لشکر کی فتح کی امنگیں مجروح ہو رہی تھیں، لیکن حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آنحضرت ﷺ کا یہ ارشاد سننے کے بعد ان تمام مصلحتوں کو قربان کر کے لشکر کو فوراً واپسی کا حکم دیدیا (مشکوۃ المصابح۔ باب الامان) اس وقت نہ کوئی حکمت و مصلحت آڑے آئی، نہ ارشاد نبوی ﷺ میں کسی تاویل کا کوئی خیال آیا۔ بلکہ انہوں نے اپنے اس عظیم اقدام کو فوراً واپس لے لیا، اور مفتوحہ علاقہ تک دشمن کے حوالہ کر دیا۔

## مشرکہ عورت کے نکاح سے اجتناب

حضرت مرثد بن ابی مرثد غنوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مہاجرین صحابہ رضی اللہ عنہم میں سے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں اسلام سے پہلے عناق نامی ایک عورت سے ان کے تعلقات تھے۔

ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ نے انہیں کسی کام سے مکہ مکرمہ بھیجا، وہاں عناق ان سے ملی اور حسب سابق اپنے تعلقات جتائے۔ لیکن حضرت مرثد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جواب میں فرمایا کہ "اسلام میرے اور تمہارے درمیان حائل ہو چکا ہے" اس پر عناق نے ان سے نکاح کی درخواست کی، لیکن حضرت مرثد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ "میں نکاح پر راضی ہوں لیکن جب تک رسول اللہ ﷺ سے مشورہ نہ کرلوں اس وقت تک کچھ کہہ نہیں سکتا" چنانچہ مدینہ منورہ پہنچ کر انہوں نے آپ ﷺ سے مشورہ کیا۔ اس پر یہ آیت قرآنی نازل ہوئی کہ وَلَا تَنْكِحُوا الْمُشْرِكٰتِ حَتّٰى يُؤْمِنَّ (یعنی مشرک عورتوں سے اس وقت تک نکاح نہ کرو جب تک وہ ایمان نہ لے آئیں) چنانچہ حضرت مرثد رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس امر الٰہی کے سامنے سر جھکا کر نکاح کا ارادہ ترک کر دیا۔

(تفسیر مظہری ص ۲۵۵ ج ۱)

## حضور ﷺ کے اتباع میں جان و مال قربان

غرض صحابہ کرام کا حال یہ تھا کہ وہ نبی کریم ﷺ کی اطاعت کے لئے اپنی جان و مال، اور جذبات و خواہشات کو ہر آن قربان کرنے کے لئے تیار رہتے تھے، اپنی ہر ہر نشست و برخاست کو آپ کے اسوۂ حسنہ کے مطابق ڈھالنے کی فکر میں رہتے تھے اور اس معاملہ میں ان کے جذبہ اطاعت کا عالم یہ تھا کہ ایک مرتبہ آنحضرت ﷺ جمعہ کا خطبہ دینے کے لئے تشریف لائے۔ اور جب منبر پر بیٹھ گئے تو کھڑے ہوئے لوگوں سے فرمایا "بیٹھ جاؤ" اتفاق سے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد کی طرف تشریف لا رہے تھے اور ابھی دروازے تک ہی پہنچے تھے کہ آپ کی یہ آواز کانوں میں پڑی۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ حکم سن کر ایک قدم آگے بڑھانا گوارا نہ کیا، اور وہیں دروازے کے پاس بیٹھ گئے۔ آپ ﷺ نے ان کا یہ جان نثارانہ جذبہ اطاعت دیکھا تو اس کی تعریف فرمائی اور پھر اندر بلا لیا (کنز العمال ص ۲۲۸ ج ۷)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو سیرت طیبہ کی اتباع اور آنحضرت ﷺ کی ایک ایک ادا کی نقل اتارنے کا اس قدر شوق اور اتباع سنت کا اس قدر اہتمام تھا کہ وہ اس معاملہ میں غیروں کے استہزاء سے کبھی مرعوب نہیں ہوئے بلکہ مخالف سے مخالف

ماحول میں اپنی وضع اور اپنے طرز زندگی پر ثابت قدم رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت جثامہ بن مساحق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ہرقل بادشاہ روم کے پاس ایلچی بنا کر بھیجا، وہ ہرقل کے دربار میں پہنچے تو ان کے اکرام کے لئے ہرقل نے انہیں سونے کی ایک کرسی پر بٹھایا۔ حضرت جثامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں شروع میں بے خیالی کے عالم میں اس کرسی پر بیٹھ گیا۔ لیکن جب احساس ہوا کہ یہ سونے کی کرسی ہے تو اس سے فوراً اتر کر کھڑا ہو گیا۔ ہرقل نے میرے اس عمل پر ہنس کر پوچھا کہ ہم نے تو اس کرسی کے ذریعہ تمہارا اکرام کیا تھا، تم اتر کیوں گئے؟ میں نے جواب میں کہا کہ

"میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے خود سنا ہے کہ آپ نے اس جیسی (سونے کی چیز) پر بیٹھنے سے منع فرمایا ہے"۔

(کنز لعمال ص ۱۵ ج ۷، و الاصابہ ص ۲۲۷ ج ۲)

## حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سنت کی پیروی

اسی طرح صلح حدیبیہ کے موقع پر جب حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ایلچی کی حیثیت میں مکہ مکرمہ پہنچے اور مکہ مکرمہ کے سرداروں سے ملنے کے لئے جانے لگے تو ان کا ازار طریق سنت کے مطابق ٹخنوں سے اوپر تھا۔ مکہ مکرمہ کے سرداروں کے عام رواج کے مطابق یہ طریقہ کسی سردار کے شایان شان نہیں سمجھا جاتا تھا، چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ان کے چچا زاد بھائی نے ٹوکا کہ آپ مکہ کے سرداروں کے پاس جا رہے ہیں، وہ آپ کی اس وضع کو نہ جانے کیا سمجھیں گے، اس لئے اپنا ازار ٹخنوں سے نیچے کر لیجئے۔ لیکن حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس ایک ہی ٹکسالی جواب تھا کہ:

هٰكَذَا اِزْرَةُ صَاحِبِنَا

ہمارے آقا (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ازار اسی طرح ہوتا ہے (کنز لعمال ص ۸۴ ج ۱)

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے اس طرح کے واقعات سے بلاشبہ ایک ضخیم کتاب تیار ہو سکتی ہے۔ اہل علم کے مجمع میں اس قسم کے واقعات زیادہ سنانے کی ضرورت نہیں۔ لیکن توجہ دراصل اس طرف دلانی ہے کہ اسلام نے دنیا کی تاریخ میں جو

خوشگوار اور حسین انقلاب برپا کیا اس کی وجہ صرف یہ تھی کہ سرکار دو عالم ﷺ کے جاں نثاروں نے آپ ﷺ کی سیرت طیبہ کے ایک ایک جز کی پوری پوری نقل اتارنے کی کوشش کی، اور اس معاملے میں نہ کسی قسم کی ذہنی مرعوبیت اور کسی قسم کی تاویل و تحریف کو آڑے آنے دیا اور نہ اس راہ میں دوسروں کے طعن و تشنیع اور تمسخر و استہزاء کی کوئی پرواکی۔ اگر وہ حضرات آنحضرت ﷺ کی سیرت طیبہ کے صرف زبانی تذکرے پر اکتفا کرتے تو دنیا کو اسلام کی حکمرانی کی برکات نصیب نہیں ہو سکتی تھیں۔

## سیرت طیبہ پر عمل کے طریقے

لہٰذا میری گذارش کا حاصل یہ ہے کہ اگرچہ رسول مقبول ﷺ کی سیرت طیبہ اور حالات و مقالات کا سننا سنانا ہر حال میں نور ہی نور اور نفع ہی نفع ہے اس لئے مسلمانوں کے جتنے بھی اجتماعات منعقد ہوں، وہ ناکافی ہیں، بلکہ ضرورت اس کی ہے کہ ہم سیرت طیبہ کو ہر تعلیمی ادارے اور ہر مسلمان گھر تک پہنچانے کی فکر کریں لیکن ساتھ ہی ہمیں یہ حقیقت ہر آن پیش نظر رکھنی چاہئے کہ ہم دنیا کے دوسرے لیڈروں کی طرح محض کسی شخص کی تاریخی سوانح نہیں پڑھ رہے بلکہ دنیا و آخرت کی صلاح وفلاح کا ایک نسخہ اکسیر لے اور دے رہے ہیں جس کا صرف پڑھ لینا اور سمجھ لینا کافی نہیں، بلکہ اپنے جسم اور روح پر اس کا استعمال ضروری ہے لہٰذا سیرت طیبہ کے لئے منعقد ہونے والی ہر محفل کا ہم سے ایک تقاضا ہے، اور وہ تقاضا یہ ہے کہ اس محفل کے دوران ہم بار بار اپنے آپ سے یہ محاسبہ کریں کہ ہم نے کس کی حیات طیبہ کو اپنا موضوع بنایا ہے، اور خود ہماری زندگی کو اس سے کیا نسبت ہے یہ فریضہ یوں تو ہر مسلمان پر عائد ہوتا ہے، لیکن ہم لوگ چونکہ عام مسلمانوں تک سیرت طیبہ پہنچانے کا ذریعہ ہیں اس لئے ہم پر اس فریضے کی اہمیت کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے۔ سیرت طیبہ کے بارے میں ہماری ہر تقریر اور ہر مقالہ ہم سے یہ سوچنے کا مطالبہ کرتا ہے کہ ہم اپنی عملی زندگی میں کس مقام پر کھڑے ہیں؟ ہم نے دنیا و آخرت کی صلاح وفلاح کے اس نسخہ اکسیر سے عملاً کتنا فائدہ اٹھایا ہے جسے قرآن ہمارے لئے بہترین نمونہ قرار دیتا ہے اور جس کے فضائل و مناقب میں ہم خود رطب اللسان ہیں۔ سیرت طیبہ کے لئے

اجتماعات بہت ہوتے رہے ہیں، اور انشاء اللہ تاقیامت ہوتے رہیں گے، لیکن درحقیقت صرف وہ اجتماع ہماری انفرادی واجتماعی سعادت کی صبح صادق ثابت ہوگا جو ہمارے دلوں میں ان سوالات کا کھرا کھرا جواب تلاش کرنے کی بے تابانہ لگن پیدا کر سکے، جو ہمارے فکر و عمل سے منطقی تاویلات کی غلیظ تہیں اتار کر ہمیں سیرت طیبہ کے آئینہ میں اپنی صحیح صورت دکھا سکے اور جس کے بعد ہم سیرت طیبہ کی صرف نظری اور فلسفیانہ تعریفیں کرنے کے بجائے اتباع سنت کی اس راہ پر گامزن ہو سکیں جس پر ابوبکر و عمر، عثمان و علی اور دوسرے تمام صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین کے نقوش قدم ثبت ہیں۔ لہٰذا ہم میں سے ہر شخص پر یہ فریضہ عائد ہوتا ہے کہ وہ اس مبارک اجتماع کو صرف حاضرین کی کثرت وقلت اور مقالات کے حسن وقبح کی بنیاد پر نہیں، بلکہ اس عملی معیار پر کامیاب بنانے کی کوشش کریں۔ اور جب ہم اس اجتماع سے لوٹیں تو سیرت طیبہ کا صحیح اتباع کرنے اور کرانے کا جذبہ ہمارے دلوں میں پہلے سے زیادہ بیدار ہو۔ اور ہم سیرت طیبہ کا محض نظری فلسفہ نہیں، بلکہ اس کا عملی نمونہ بھی دنیا کے سامنے رکھ سکیں۔

## تین عملی تجاویز

آخر میں میری گذارش یہ ہے کہ سیرت کانفرنس کے اس آخری اجلاس میں ہم اپنے آپ سے یہ پوچھیں کہ کیا ہم ایک ہفتے کی بحث کے بعد کسی عملی اقدام تک پہنچے ہیں یا نہیں؟ اور میرا خیال یہ ہے کہ یہ سوال صرف میرے دل میں پیدا نہیں ہوا، بلکہ اکثر مندوبین کے دل میں پیدا ہو رہا ہے۔

چنانچہ اس سوال کا جواب دینے کے لئے میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ اس کانفرنس کے اختتام تک پہنچنے سے پہلے ہم کم از کم کچھ عملی تجاویز مرتب کرلیں۔ ان میں سے بعض تجاویز عام مسلمانوں کے لئے ہوں، بعض اہل علم وفکر کے لئے اور بعض مسلمان حکومتوں کے لئے۔ میرے ذہن میں تین تجاویز ہیں اگر ان کو اس کانفرنس کی طرف سے منظور کرکے شائع کر دیا جائے تو امید ہے کہ یہ اجتماع جس پر مسلمانوں کی آنکھیں لگی ہوئی ہیں انشاءاللہ دینی فائدے سے خالی نہیں ہوگا۔ وہ تجاویز یہ ہیں:

(۱) یہ کانفرنس ہر دور اور ہر جگہ کے مسلمانوں سے یہ اپیل کرے کہ ان میں سے ہر ایک روزانہ تھوڑا سا وقت سیرت طیبہ کے مطالعہ کے لئے نکالے، خواہ یہ وقت آدھا گھنٹہ یا اس سے بھی کم ہی کیوں نہ ہو سیرت کے واقعات اپنے اہل خانہ کی موجودگی میں پڑھے جائیں، اور اپنے نفس کا محاسبہ کیا جائے کہ وہ ان پر کس حد تک عمل پیرا ہیں؟

(۲) یہ کانفرنس تمام مسلمان حکومتوں سے مطالبہ کرے کہ وہ:

(الف) سیرت نبویہ ﷺ کو ہر قسم کی تعلیم کے ہر مرحلے اور تمام کالجوں اور اسکولوں میں لازمی مضمون قرار دے۔

(ب) نشر و اشاعت کے تمام اداروں میں سیرت پر مشتمل ایک پروگرام روزانہ پابندی سے نشر کیا جائے۔

(۳) یہ کانفرنس تمام اہل علم و فکر سے مطالبہ کرے کہ وہ:

(الف) عام مسلمانوں میں سیرت طیبہ کو عام فہم طریقے سے پھیلانے کی کوشش کریں۔

(ب) قرآن و سنت کو نئے نظریات کے سانچے میں ڈھالنے کے لئے ہر ایسے اقدام سے احتراز کریں جو تحریف کی حد تک پہنچتا ہو۔ اس کے بجائے سیرت طیبہ کو اپنی صحیح اور اصلی صورت میں مسلمانوں کے تمام مسائل کے حل کے لئے زندگی کے ہر شعبے میں نمونہ بنائیں۔

دعاء فرمایئے کہ اللہ تعالیٰ مجھے اور تمام مسلمانوں کو سنت نبوی پر عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

# چند ارشادات

## اتباع سنت کیا ہے

فرمایا حضور ﷺ کی طرز و عادت وہ ہے جو غالب و مستمر ہو' اس کا اتباع کرنا اتباع سنت ہے' اتفاقی واقعات کا نام سنت نہیں۔

## راہ اعتدال سے تجاوز

دنیا کے مسلمات اور علوم متعارفہ میں سے ہے کہ کوئی چیز خواہ کتنی ہی محبوب اور بہتر ہو' جب حدود سے تجاوز کرتی ہے تو مضر اور آفت ہو جاتی ہے' پانی اور ہوا انسان کے لئے مدار حیات ہیں لیکن ذرا اعتدال سے زائد ہو جاتی ہیں تو یہی چیزیں مہلک ہو جاتی ہیں۔

## ثواب کے بجائے عذاب

اسلام میں تمام عبادات نماز' روزہ' ذکر اللہ' تلاوت قرآن وغیرہ سب کیلئے کچھ آداب و شرائط اور حدود و قیود ہیں جن کی رعایت کے ساتھ یہ عبادات ادا کی جائیں تو بہت بڑا ثواب اور فلاح دنیا و آخرت ہے اور ان حدود و قیود سے ہٹ کر کوئی دوسری صورت اختیار کی جائے تو ثواب کے بجائے عذاب اور گناہ ہے۔

## خطرناک غلطی

بدعات و محدثات کے ایجاد کرنے والے اور ان پر عمل کرنے والے عموماً حضرات صوفیاء کرام اور مشائخ طریقت کی پناہ لیتے ہیں اور انہی کی طرف منسوب کرتے ہیں' یہاں تک کہ بہت سے عوام اس خیال میں ہیں کہ "شریعت اور طریقت دو متضاد چیزیں ہیں' بہت سے احکام جو شریعت میں ناجائز ہیں طریقت ان کو جائز قرار دیتی ہے اور یہ ایک خطرناک غلطی ہے کہ اس میں مبتلا ہونے کے بعد دین و ایمان کی خیر نہیں کیونکہ انسان کو تمام گمراہیوں سے بچانے والی صرف شریعت ہے' جب اس کی مخالفت کو جائز سمجھ لیا گیا تو پھر ہر گمراہی کا شکار ہو جانا سہل ہے۔

مجلس : ۴

# اکابرؒ کے پُر حکمت جوابات اور آداب تبلیغ

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا' شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کہ ہندوستان میں جمعہ کی نماز "جو دارالحرب ہے" پڑھنا کیسا ہے؟ حالانکہ یہ سوال غلط ہے اس لئے کہ انگریزوں کی حکومت سہی مگر نماز کی آزادی ہے' سوال علمی تھا جواب دیا جیسے جمعرات کی نماز ایسی ہی جمعہ کی نماز' ایک صاحب نے دریافت کیا فاحشہ کی نماز جنازہ جائز ہے یا نہیں؟ فرمایا جو اس کے آشناؤں کا حکم ہے وہی اس کا حکم ہے' مسئلہ وہی تھا مگر اللہ نے دماغ ایسا دیا تھا کہ لطف آجائے اور شک وشبہ باقی ہی نہ رہے' انگریزوں نے اول تو جنگیں لڑیں مسلمانوں کو خوب پسپا کرنا چاہا۔ اللہ پاک نے ان کو ایسی شکست فاش دیں کہ سمجھ گئے کہ مسلمانوں کو فنا کرنا ہمارا کام نہیں۔ پھر انہوں نے پادریوں کو بھیج کر عیسائیت پھیلانا شروع کی' جگہ جگہ تبلیغ عیسائیت کی ہوتی تھی مناظرے ہوتے تھے' ان کا مشہور پادری فنڈر مقابلہ کو آیا۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ (اور حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی ) انگریزوں کے نزدیک واجب القتل تھے۔ اس لئے ان دونوں بزرگوں نے ہجرت کرلی۔

حضرت شاہ عبدالعزیز صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے ایک پادری نے کہا کہ ہم سوال کرتے ہیں اور جواب اسکا معقول چاہتے ہیں منقول نہ ہو۔ پادری صاحب نے سوال کیا کہ تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم حبیب اللہ ہیں۔ آپ نے فرمایا ' ہاں' پادری صاحب نے کہا تمہارے پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے بوقت قتل امام حسین رضی اللہ عنہ فریاد نہ کی حالانکہ حبیب کا محبوب زیادہ تر محبوب ہوتا ہے۔ خدا تعالیٰ ضرور توجہ فرماتا۔ جناب مولانا صاحب نے جواب دیا کہ :

پیغمبر صاحب جواب کیلئے جو تشریف لے گئے پردۂ غیب سے آواز آئی کہ ہاں تمہارے نواسہ پر قوم نے ظلم کرکے شہید کیا لیکن ہم کو اس وقت اپنے بیٹے عیسیٰ کا

صلیب پر چڑھانا یاد آیا ہوا ہے۔ یہ سن کر پیغمبر ﷺ صاحب خاموش رہے۔ پادری صاحب مان گئے۔(مجموعہ کمالات عزیزی ص ۴)

## محفل میلاد کا جواب

حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ایک گاؤں میں تشریف لے گئے پوچھا گیا محفل میلاد کا کیا حکم ہے؟ جواب دیا نہ تو اتنا برا ہے جتنا لوگ سمجھتے ہیں نہ اتنا اچھا ہے جتنا لوگ سمجھتے ہیں، کچھ تو اتنا اچھا سمجھتے ہیں کہ نماز روزہ کی ضرورت نہیں میلاد پڑھا لو اور قضیہ ختم، اور نہ اتنا برا کہ جو لوگ کریں وہ کافر ہو جائیں، سبحان اللہ (کیا عجیب جواب ہے!)

حضرت مولانا اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ لکھنؤ گئے وہاں سے صبح کو بندوق لے کر شکار کو نکل گئے ایک خرگوش شکار کیا لاکر رکھ دیا ایک شیعہ ان سے ملنے آئے ان کے یہاں خرگوش حرام ہے ایک کتا آیا اتفاق سے ادھر سے گذر کر چلا گیا۔ شیعہ نے کہا مولانا آپ کے شکار کو کتے بھی نہیں کھاتے، مولانا نے فرمایا ہاں یہ شکار کتوں کے کھانے کا نہیں ہے۔

## حضرت مولانا اسماعیل شہید کی جرات اور تبلیغ

دہلی میں بھی شیعوں کا عروج رہا ہے شاہ ولی اللہ کے انگوٹھے کاٹ دیئے تھے، شاہ عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کو پاپیادہ نکال دیا تھا۔ مولانا اسماعیل شہید رحمۃ اللہ علیہ کے زمانہ میں اتنا زور نہ تھا۔ آپ نے لکھنؤ جاکر اعلان کیا عید گاہ میدان میں جلسہ ہوگا اور شیعہ مذہب پر تقریر ہوگی، مسافر، تنہا اور پردیس میں ایسا اعلان نام آپ کا مشہور تھا ہی شیعوں نے بڑے اہتمام سے اپنے مجتہدین کو جمع کیا اور بڑے زعم میں آئے مولانا ممبر پر آئے تقریر شروع کرنے سے قبل ایک نوجوان شیعہ نے کھڑے ہوکر کہا آپ مجھے اجازت دیں پہلے میں ایک بات کہہ دوں، انہوں نے کہا ہاں آیئے! وہ سمجھے یہ کچھ گالیاں دیگا مگر اس نے کہا میرے دل میں ابھی ایک خیال آیا اس کا غلبہ اتنا ہے کہ میرا جی چاہتا ہے سنی ہو جاؤں یہاں مجتہدین جمع ہیں یا تو کوئی جواب دیں یا میں شیعہ مذہب سے پھر جاتا ہوں، سوال یہ ہے کہ ایک نحیف آدمی ایک بات کو حق سمجھ رہا ہے

وہ اپنے مخالفین میں جاکر ڈھنڈورہ پیٹ دے اور ہمارے خلاف کہنے کے لئے اتنی جرات کرے (آخر یہ کیا بات ہے؟) اور ہمارا مذہب کہتا ہے کہ عمر بھر علی ﷛ نے تقیہ کیا یعنی اتنی طاقت بھی نہ تھی جیسے ان نحیف بزرگ میں ہے یعنی وہ ان سے بھی گئے گزرے ہیں ابوبکر و عمر (رضی اللہ عنہما) کے مقابلہ میں ایک حق بات نہ کہہ سکے تو اول تو ان کی بزرگی میں مجھے شک ہے ورنہ کم از کم وہ اس درجہ پر ہیں جس پر یہ سنی کہتے ہیں، وہ جوان یہ کہہ کر بیٹھا ہی تھا کہ دوسرا جوان کھڑا ہوا اس نے بھی یہی بیان دیا کہ میں سنی ہوتا ہوں، سانپ سونگھ گیا تمام مجتہدین پر سینکڑوں شیعہ بدل گئے اب مولانا نے فرمایا بھئی میں تقریر کیا کروں حق تو خود سر پر چڑھ کر بول رہا ہے۔ غرض ان بزرگوں نے بڑی جدوجہد کی بدعات اور باطل کو مٹانے کی اور اللہ پاک نے بڑی مدد فرمائی ان کی، اللہ کا وعدہ ہے کہ تم میرے دین کی مدد کرو میں تمہاری مدد کروں گا آج جو ہمارے ساتھ مدد الٰہی شامل نہیں ہے اس کی وجہ یہی ہے کہ ہماری کوتاہی ہے ہم دین کی مدد نہیں کر رہے۔

## فاحشہ عورتوں کو تبلیغ

یہ بھی مولانا کا ہی ذکر ہے کہ فاحشہ عورتوں کو جو مسلمان ہیں کوئی تبلیغ نہیں کرتا ان بیچاریوں کو کہیں موقعہ نہیں ملتا چنانچہ طوائفوں کے مشہور سردار جہاں مہینہ میں ایک بار ساری طوائفیں جمع ہوتی تھیں موتی نام تھا اس کا، دہلی کی بڑی فاحشہ تھی آپ پہنچ گئے دروازہ پر گئے فقیروں کی طرح صدا لگائی اندر سے کوئی لڑکی آئی کچھ دیا آپ نے واپس کر دیا کہ فقیر اپنی صدا سنائے گا بعد میں بھیک لے گا باندی نے جاکر یہی کہا اس نے کہا جاؤ کون ہے وہاں سے بھگا دو اس کو کہو کہ بھیک لے اور جائیے آپ نے پھر وہی فرمایا اب لوگ سارے بھرے ہوئے سارا مجمع تفریح کی خاطر بلا لیا آپ نے سورۂ والتین پڑھی اور تفسیر کی اس کی آگے کچھ نہیں کہا فرمایا اللہ پاک نے انسان کو دنیا میں حسین ترین بنایا پھر اگر اس نے ہمارے احکام کی اتباع نہ کی تو اس کی سزا یہ ہے کہ پھر اس کو اسفل السافلین کرکے رکھ دیا، بس یہ انجام ہوا کہ جس کے ہاتھ میں طبلہ تھا طبلہ پھینک دیا سارنگی پھینک دی دھاڑیں مار مار کر رونے لگے سینکڑوں

کی تعداد میں اس پیشہ سے توبہ کی اور متقی ہو گئے ۔جو آدمی اپنے آپ کو گنہگار سمجھتا ہے اور توبہ کرتا ہے اللہ پاک اس کو بہت اونچا مقام دیتے ہیں بخلاف اس کے کہ جو گناہ کو ہلکا سمجھیں اور کبر میں مبتلا ہوں ان کو یا تو توبہ کی توفیق نہیں ہوتی یا پھر سطحی دل سے توبہ کے الفاظ نکال دیتے ہیں۔

غرض اس محفل میں جتنے تھے سارے تائب ہو گئے اللہ کو ان کو دولت دینا تھی ' مل گئی۔ پتہ چلا ہے کہ وہ رنڈی موتی اتنی بڑی متقی اور پارسا ہوئی کہ اس وقت مسلمانوں پر سکھوں کے وحشیانہ مظالم ہو رہے تھے مولانا نے سکھوں کے خلاف جہاد کا اعلان کر دیا بڑا لشکر لے کر گئے اللہ نے پشاور کی طرف ان کو کامیابی دی پھر ساتھیوں نے کچھ دغا دی یہاں تک کہ بالاکوٹ میں شہید ہو گئے شہادت کے وقت وہ موتی آپ کے گھوڑے کی خدمت کرتی تھی اور اسی میں اس کی جان بھی گئی اب کسی کو دیکھ کر کوئی اندازہ کیا لگا سکتا ہے۔اسی موتی کو پہلے جن لوگوں نے دیکھا ہو گا کیا کیا اپنے اندازہ میں اس کو سمجھا ہو گا اور کیسا ایمان پر خاتمہ اور کیسی اونچی ہستی کی خدمت پر اس کا انجام ہوا۔

مفتی سعد اللہ اور مولوی تراب علی تھے گفتگو ہوئی مولوی تراب مولود کے قائل تھے مفتی صاحب مخالف مولوی تراب نے کہا ابھی تک آپ کا انکار ہی چلا جاتا ہے مفتی صاحب نے کہا اور آپ کا اصرار ہی چلا جاتا ہے مولوی صاحب نے کہا ہم حضور ﷺ کی محبت کی وجہ سے کرتے ہیں۔مفتی صاحب نے کہا (ہم متابعت رسول اللہ ﷺ کی وجہ سے منع کرتے ہیں) محبت تو متابعت کا نام ہے فرمایا الحمد للہ دونوں کی نجات ہے ' درحقیقت ذکر مبارک ﷺ سے کون روکتا ہے مگر پابندیاں اور قیدیں اور بدعات فضولیات جو اس میں شامل کی جائیں وہ بری ہیں۔

## آداب تبلیغ

تبلیغ کے بھی کچھ آداب ہیں جو اصول سے واقف نہ ہو غلطی کرتا ہے فرمایا تبلیغ امر بالمعروف نهي عن المنكر واجب ہے یہ (کسی خاص انداز کے ساتھ خاص) نہیں بلکہ کوئی سنت متروک ہے اس کو زندہ کرو اور خلاف شرع کام ہے اسے روک

دو' یہ واجب ہے بشرطیکہ مخاطب کو حق نہ پہنچا ہو اور اگر لوگوں نے اس کو کہہ دیا ہو اسے معلوم ہے پھر نہ مانے تو تبلیغ واجب نہیں مستحب ہے کہے تو اچھا ہے ایک شخص نماز نہ پڑھتا ہو کہ تبلیغ اس کو کرنے سے یہ ہم کو نقصان پہنچائے گا اور وہ تکالیف ہماری برداشت سے باہر ہوں تو تبلیغ واجب نہیں ہے اسی طرح ضرر کا خوف نہیں مگر یہ خوف ہے کہ شریعت کو گالیاں دینے لگے گا تو اور زیادہ کفر میں پڑ جائے گا۔ وہاں بھی تبلیغ واجب نہیں ہے۔

کسی کا بیٹا نافرمان ہے باپ کو چاہئے اس کو حکم دے ہی نہیں اس لئے کہ جتنے مرتبہ وہ حکم عدولی کرے گا وہ نافرمانی کے عذاب میں مبتلا ہو گا اور باعث تم بنوگے' ہاں مشورہ دو یہ بات اچھی ہے یہ بری ہے مگر اپنی طرف سے حکم نہ دو چونکہ باپ کا حکم نہ ماننا گناہ کبیرہ ہے اسی طرح بیوی بھائی کے بارے میں ہے' غرض جب معلوم ہے کہ ایک شخص کو کہنے سے اور ضد ہو جائے گی اس کو تبلیغ نہ کرو۔

## ادب کی حقیقت

فرمایا لوگ آج کل بزرگوں کا ادب مصنوعی کرتے ہیں' ادب کی حقیقت ہے آرام پہنچانا' اس کی ضرورت کو پہچاننا ایک وقت مصافحہ کرنا اس کی مرضی کے خلاف ہے وہ تھکا ہوا ہے تو مصافحہ خلاف ادب ہے دین کا سب سے بڑا کام دوسروں کو ایذاء سے بچانا ہے اور ایذاء پہنچانے سے نہ صرف بے ادبی ہوتی ہے بلکہ گناہ لازم ہو جاتا ہے شیخ کے بتائے ہوئے طریقوں میں لگا رہے تو اس کو شیخ کی کرامت دیکھنے کی فکر نہیں ہوتی۔ غرض فکر لگ جائے آخرت کی' اور یہ نہیں تو کچھ بھی نہیں۔

## معاصی سے بچنا کمال ہے

فرمایا انسان کا کمال تو یہی ہے کہ معاصی کا میلان تو ہو مگر پھر بھی اپنے کو قابو میں رکھے اگر میلان ہی نہ رہا تو تم میں اور ایک دیوار میں کیا فرق ہے کمال تو یہ ہے کہ میلان بھی ہو اور قابو بھی رکھے۔ شیخ کی کرامت طالب کے اندر اہتمام دین پیدا کرنا ہے اور جس کے پاس بیٹھ کر یہ بات پیدا ہو جائے وہی شیخ کامل ہے۔

# چند ارشادات

## اسلام کیسے پھیلا؟

فرمایا' اسلام کام سے پھیلا ہے' اسلام نام ونمود سے نہیں پھیلا اور کام بھی وہ جو خلوص کے ساتھ محض اللہ کے واسطے تھا۔

## دین کا کمال دو باتوں پر ہے

فرمایا' دین کا کمال دو باتوں پر موقوف ہے' ایک اپنی تکمیل پھر دوسروں کی تکمیل اور دوسروں کی تکمیل تواصی (نیکیوں کی تلقین) اور تبلیغ سے ہوتی ہے۔

## تبلیغ کون کرے

فرمایا حق یہ ہے کہ تبلیغ وہ کرے جو اپنی اصلاح کر چکا ہو' تبلیغ میں رعایت بدون اس کے نہیں ہو سکتی۔

فرمایا غم میں قصداً (سوچ سوچ کر) رونا ممنوع ہے۔

فرمایا صحبت نیک بڑی دولت ہے

## بے عمل بھی تبلیغ کر سکتا ہے

یہ نہ سمجھ لیا جائے کہ بے عمل یا فاسق کے لئے دوسروں کو وعظ ونصیحت کرنا جائز نہیں اور جو شخص کسی گناہ میں مبتلا ہو وہ دوسروں کو اس گناہ سے باز رکھنے کی تلقین نہ کرے' کیونکہ کوئی اچھا عمل الگ نیکی ہے اور اس اچھے عمل کی تبلیغ دوسری مستقل نیکی ہے اور ظاہر ہے کہ ایک نیکی کو چھوڑنے سے یہ ضروری نہیں ہوتا کہ دوسری نیکی بھی چھوڑ دی جائے' جیسے ایک شخص نماز نہیں پڑھتا تو اس کے لئے یہ لازم نہیں کہ روزہ بھی ترک کر دے۔

## دین کی اصل فکر کیا ہے

فرمایا: اصل دین کی فکر یہ ہے کہ دیکھے مسلمان کس کس غلطی میں مبتلا ہیں ان کو تبلیغ کرے۔اصل فکر یہ ہے کہ یہ دین کس طرح پھیلے ورنہ نری مدرسی سے کیا ہوتا ہے ایک پیٹ کا دھندا ہے۔

فرمایا: فتوے میں دیکھتا رہے کہ عام مسلمانوں کو نفع پہنچے ان کو ضرر سے بچایا جائے۔

مولانا منفعت علی فرماتے تھے کہ یہ نماز یہ لباس ' ڈاڑھی روزہ یہ لوگوں کی ڈر کی وجہ سے ہے کہ بدنام کریں گے۔اللہ واسطے کیا کام کرتے ہو دیکھنا یہ ہے۔

فرمایا: تبلیغ دین اس لئے پڑھوائی تھی کہ آدمی اپنے عیوب تلاش کریں۔خالی مطالعہ مقصود نہیں ہے۔جو غلطیاں مسلمان کریں اسے بیان کرے اور ان کو اس کا صحیح طریقہ بتلائے۔

## حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا طرز عمل

فرمایا: حضرت ڈاکٹر عبدالحئی صاحب نے حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک ملفوظ نقل کیا "کہ میں لوگوں کو شرعی باتیں پہنچا دیتا ہوں۔عمل پر کسی کو مجبور نہیں کرتا۔ہاں خلاف شرع عمل کرتے ہوئے دیکھ کر شکایت ہوتی ہے اور کسی کو ایذا پہنچاتے ہوئے دیکھ کر صدمہ ہوتا ہے"۔

مجلس : ۵

# قرآن کریم حفظ کرنے کی اہمیت

آج اتفاق سے بجلی چلی گئی اور آج کے انسانوں کا حال یہ ہے کہ وہ بجلی سے چلتے ہیں، بجلی سے بولتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ اپنی قدرت دکھاتے رہتے ہیں 'انسان ایک بڑا محل تیار کرتا ہے اور ایک اسکر و فیل ہو جاتا ہے۔ سارا کیا دھرا بیکار ہو جاتا ہے' یہ اللہ کا کرشمہ ہے وہ کبھی کبھی دکھاتے رہتے ہیں جو ایک قسم کی تنبیہات ہیں۔ اللہ کے کارخانے کے سارے کام چل رہے ہیں نہ کبھی سورج ایک سیکنڈ آگے پیچھے ہٹتا ہے نہ ستارے اپنا راستہ چھوڑتے ہیں نہ ہوائیں اپنا کام روکتی ہیں اگر یہ سورج چاند ستارے ایک سیکنڈ کے لئے رک جائیں تو دنیا کا نظام درہم برہم ہو جائے جیسے انسان کی اسکیموں میں ایک ذرا سی بات مانع ہو جائے تو سب کچھ دھرا رہ جاتا ہے تو انسان کا ڈھانچہ اس کا اپنا نظام اس کا اپنا وجود سب ذات باری تعالیٰ کے ہاتھ میں ہے۔ ہماری ساری تدابیر سارے نظام قدرت کے ایک اشارے کے ماتحت ہیں جب اور جیسا وہ چاہتے ہیں کرشمہ دکھاتے ہیں اس وقت بجلی بند ہونے سے ہم مایوس نہ ہوں بلکہ سبق لیں ان تمام چیزوں سے کہ اپنے پروردگار کو پہچانا اپنے ارادوں کے ٹوٹنے سے یہ سب سے بڑی دلیل ہے اللہ کی وحدانیت اور سچائی کی۔

## حفظ قرآن بڑا انعام ہے

بہرحال اس وقت اختصار سے بات کرنی ہے مقصد تو آج یہ تھا کہ اس ادارہ کے کچھ بچوں نے حفظ قرآن کیا ہے یہ اللہ کا بڑا کرم ہے اس کا بڑا انعام ہے ان کے والدین کے اوپر سارے مسلمانوں کے اوپر آپ اندازہ لگائیں ایک بچہ نے حفظ کیا کتنی دنیا کو اس سے فائدہ پہنچے گا یہ اس کا بڑا انعام ہے اللہ سلامت رکھے ہمارے قاری فتح

محمد صاحب کو ان کی محنت سے کتنی دین کی خدمت جاری ہے۔ قرآن کی تلاوت کا ایک تعلق اللہ کے ساتھ ہے اور ایک بندوں کے ساتھ ہے اللہ کے ساتھ معاملہ یہ ہے کہ قرآن میں اللہ نے اعلان کر دیا ہے ہم نے قرآن کو نازل کیا اور ہم ہی اس کی حفاظت کرتے ہیں۔

## حق تعالیٰ کا احسان ہے کہ وہ کسی سے قرآن کی خدمت لے لیں

آپ کا اللہ میاں محتاج نہیں۔وہ خود جس سے چاہیں کام لے لیتے ہیں یہ ان کا کرم ہے کہ اس کام کے لئے ہم کو آپ کو منتخب کر لیں۔ آپ اگر چاہیں گے کہ اللہ کے نیک بندوں میں آپ حصہ لیں تو اللہ پاک آپ کی نیک بختی اور نجات کے لئے آپ کو یہ انعام عطا فرمائیں گے وہ تو اپنے قرآن کی حفاظت خود کرے گا چاہے ہم ہوں یا کوئی اور ہو کسی سے وہ کام لے گا۔ دوسرا معاملہ ہمارا یہ ہے کہ اگر ہم اپنی فلاح دارین چاہتے ہیں تو قرآن کو پکڑ لیں اس کے ساتھ لگ جائیں ہماری دین دنیا کی کامیابی اسی سے ہے قرآن کا رنگ ہمارے چہرہ سے ظاہر ہو قرآن کے الفاظ ہماری زبان پر ہوں قرآن کے مطالب ہمارے قلوب میں ہوں قرآن کے اعمال ہمارے اعضاء سے ظاہر ہوں یہ ہم قرآن پر کوئی احسان نہیں کرتے بلکہ خدا کا یہ احسان ہمارے اوپر ہے۔

## حافظ کے والدین کو تاج پہنانے کی وجہ

اللہ پاک کا وعدہ روزہ پر نماز پر زکوۃ پر نہیں ہے ہاں قرآن پر وعدہ ہے کہ اس کے ماں باپ کو تاج پہنایا جائے گا یہ عزت قیامت کے دن اس کو ملتی ہے۔ دس آدمیوں کی سفارش حافظ کرے گا پھر اس کے لئے تو کیا ہی کچھ ہو گا۔ وجہ یہ ہے کہ بچوں کو تو شعور بھلائی برائی کا ہوتا نہیں اس کے ماں باپ کی محنت کو بڑا دخل اس کے حفظ میں ہے اس لئے وہ انعام ماں باپ پر بھی بہت بڑا ہے۔ بہرحال جو بچے حفظ کر چکے ان کے اور انکے ماں باپ کے لئے بڑا شکر کا مقام ہے اور باقی والدین اس کی

کوشش کریں کہ ان کی اولاد بھی حفظ کے کام میں لگ جائے اللہ پاک جس سے خوش ہوں اس کو اس کام میں لگاتے ہیں حروف قرآن کی ادائیگی صحیح ہو'لب ولہجہ کی نقل کی کوشش ہو۔پھر تلاوت کے معانی و مطالب بھی نہ سمجھے 'اچھی آواز اور تجوید سے قرآن کو پڑھے تو دل پر براہ راست اثر کرتی ہے مسلمانوں کے ہر گھر میں قرآن پڑھنے اور صحیح پڑھنے کی کوشش ہونی چاہئے۔ مرد عورت بچے سب سیکھیں یہ ایک مستقل نیکی ہے اور محنت کرنے سے زیادہ حاصل ہوتی ہے جتنا مقدور ہو محنت کریں۔

## قرآن کریم چھوڑنے پر مصائب کی آمد

(بیٹری سے لاؤڈ اسپیکر لگا دیا گیا) لیجئے آج کل کے انسان کی روح آگئی ہماری روح ایسی ہے جو خود بننے بگڑنے میں بھی محتاج ہے آج جتنی مصیبتیں مسلمانوں پر نازل ہو رہی ہیں اصل بات یہی ہے کہ قرآن کو چھوڑنے سے آرہی ہیں جب تک مسلمان نے قرآن کو پڑھا اس کو سمجھا اس پر عمل کیا بس ترقی کرتے چلے گئے اخلاق ہو سیاست ہو معاش ہو' سارے کے سارے شعبے قرآن سے متعلق ہیں اور مسلمان کی ہر بیماری کا علاج قرآن پاک ہے۔

## قرآن کریم اور ہمارے فرائض

اب کرنا کیا ہے؟ ہر مسلمان جائزہ لے کہ اتنے افراد ہیں اس میں کون پڑھنا نہیں جانتا سارے کام سے مقدم کام یہ ہے کہ قرآن اس کو پڑھائیں خود نہیں پڑھا سکتے کسی سے پڑھوائیں یہ سب سے پہلا فرض ہے پھر دوسرا فرض یہ ہے کہ پڑھتے ہیں تو صحیح پڑھتے ہیں یا غلط چونکہ قرآن کے غلط پڑھنے سے الٹا وبال آتا ہے تیسری بات یہ کہ قرآن چند الفاظ کا نام نہیں یہ اصول زندگی ہے ہم اس پر کتنا عمل کرتے ہیں؟ ہر مسلمان اپنی جگہ یہ جائزہ لے اگر دنیا میں اس کو مسلمان رہنا ہے تو اپنے گھر میں جائزہ لے پھر جو پڑھے ہوئے ہیں وہ پڑھتے بھی ہیں یا نہیں اٹھا کر نہ رکھیں اور پھر یہ سوچنا ہے کہ اس پر عمل کتنا ہو رہا ہے یہ جو تاج پہنانے کی حدیث ہے اس میں شرط بھی ہے

حرام سے بچنے اور حلال حاصل کرنے کی اور جو بچہ یا عورت بوڑھا کوئی بھی ہو اس کو قرآن پڑھائیں اور جو بالکل ایسا بوڑھا ہے کہ نہ دکھائی دیتا ہے نہ سنتا ہے نہ بول سکتا ہے اس کو قرآن کھول کر دیکھنا بھی عبادت ہے دین میں دو چیزوں کا دیکھنا عبادت ہے بیت اللہ اور کلام اللہ اور اس کی عظمت اور تعظیم بھی عبادت ہے غرض قرآن سے کسی حال مومن کی علیحدگی نہ ہونا چاہئے اب دیکھنا یہ ہے کہ اس پچیس لاکھ کی کراچی کی بستی میں پچیس ہزار بھی اگر پڑھتے ہوں تو یہ نسبت ایک لاکھ پر ایک ہے پھر مصائب جو ہم پر ہیں ہم اس کا کس طرح شکوہ کر سکتے ہیں۔ بس بچوں کیلئے آج اس سے بہتر کوئی دولت نہیں کہ وہ قرآن پڑھیں! اور جو قرآن پڑھتے ہوں وہ کسی جاننے والے کو سنا دیں اطمینان کریں کوئی غلطی ہو تو نکال لیں۔

اور تیسری بات یہ ہے کہ تلاوت روزانہ کرنے میں پابندی لگا لیجئے اپنے اوپر اور گھر کے سب لوگوں پر قرآن کے معانی اور حقائق تو علیحدہ رہے اگر صرف ہم تلاوت ہی پر دوام کرلیں تو کر کے دیکھئے یہ قوم کتنی بلند ہو جائے گی دنیا کو فتح ہی الفاظ قرآن نے کیا ہے ان الفاظ میں ہی برکت اور کشش ہے اس میں مستقل تزکیہ کا نسخہ ہے صرف تلاوت ہی نسخہ کیمیا ہے اس کے دل کو' اعمال کو درست کرے گا' پھر عمل تو علیحدہ رہا۔ حضرت امام احمد بن حنبل نے خدا سے پوچھا وہ عمل بتا دیں جس سے بندہ آپ کا زیادہ قرب حاصل کرے اللہ پاک نے فرمایا قرآن میرے قرب کا بڑا ذریعہ ہے یہ نسخہ کیمیا ہے جس کا جی چاہے کر کے دیکھے معنی بھی نہیں جانتے پھر تلاوت کرو! دیکھو! انشاء اللہ باطن کا تزکیہ اور ولایت کا درجہ عطا ہو گا' تقرب الی اللہ کا سب سے بڑا ذریعہ ہے پابندی سے تلاوت کریں اللہ کی نعمتوں کا اتنا فائدہ اٹھاتے ہیں کم از کم اسکے کلام کو تو روزانہ پڑھیں اور جتنے بچوں نے قرآن پڑھا ہے ان کی حفاظت رکھیں تاکہ یہ بھولنے نہ پائیں اور اس کے سمجھنے کے لئے علم دین حاصل کریں حلال حرام یہ ساری چیزیں فقہ کی کتابوں میں موجود ہیں بہشتی زیور عورتوں کیلئے بہت کار آمد ہے اللہ پاک ہم کو اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائیں آمین!

## مجلس : ٦

# صبح تلاوت قرآن کریم کا معمول بنایئے

خطبہ ماثورہ کے بعد فرمایا: میرے عزیزو! میرے لئے یہ بڑا مسرت کا مقام ہے کہ میں اپنے نونہال بچوں کے سامنے تقریر کر رہا ہوں۔ تم قوم کی بنیاد ہو۔ آئندہ تم ہی اس عمارت کے اونچا لیجانے والے اور اس میں بسنے والے ہو۔ وقت مختصر ہے۔ اور دیکھا جائے تو رات کا وقت ہی مختصر ہے۔ کچھ وقت گزر گیا اور جو کچھ باقی ہے معلوم نہیں کب پورا ہو جائے حقیقت شناسی سے کام لیا جائے تو ہر انسان کا وقت تھوڑا ہے۔ زندگی محدود ہے اس زندگی میں جو مختصر ہے سب سے زیادہ ضروری تعلیم کا مسئلہ ہے۔ عمر کو ضائع نہیں کرنا اس کو ٹھکانے لگاتا ہے۔ کام زیادہ ہے' وقت کم ہے' یہ اتنا وسیع میدان ہے کہ ہر ایک کی پرواز ختم ہو جاتی ہے مگر علمی پیاس ختم نہیں ہوتی۔ مجھے اس وقت اس علمی نکات میں سے ایک سیرت کا نکتہ بیان کرتا ہے۔

## دنیا کی پیش کش اور حضور ﷺ کا انکار

جس وقت مکہ کے سرداروں نے اور خواجہ ابو طالب نے نبی کریم ﷺ کے سامنے یہ بات رکھی کہ آپ بت پرستی کے متعلق کچھ نہ کہا کریں۔ اس کے علاوہ اور سب باتوں میں ہم صلح کر لیں گے۔ اگر آپ کو مال و دولت چاہئے' حسن و جمال والی عورت چاہتے ہو بادشاہت اور سرداری کی خواہش ہے تو ہم سب باتیں آپ کی پوری کریں گے مگر آپ ان بتوں کو برا کہنا چھوڑ دیں۔

آنحضرت ﷺ نے فرمایا تم میرے بزرگ ہو۔ تم یقین کرو کہ جو کچھ میں لیکر آیا ہوں اور تم کو پیش کر رہا ہوں۔ ایسا تحفہ' نعمت و دولت کسی نے تم کو نہیں دی ہے

اور نہ دے سکتا ہے' سوچو اگر میں کوئی فریب کرتا تو کیا اپنے گھر والوں کے ساتھ کرتا۔ اپنے ہی بھائی بھتیجوں پر ظلم کرتا۔ اگر جھوٹ بولنا ہی مقصود ہوتا تو کیا اپنے بڑوں کے سامنے بولتا اور ان ہی سے دغا کرتا۔ سوچو میں کیا کہتا ہوں میں وہ چیز لیکر آیا ہوں کہ تم کو کسی نے آج تک نہیں دی ہے۔ اور یہی تعلیم و احکام واسطہ در واسطہ ہم تک پہنچے ہیں اور ہم نے ان کو تسلیم کر لیا ہے۔

## دنیا کو کون چلا رہا ہے

اس دنیا میں جو کچھ ہو رہا ہے سب ہی دیکھ رہے ہیں۔ سورج' چاند' باران' ہوا' پیداوار' نکاح' توالد سب مل کر ایک کارواں ہے جو چل رہا ہے اب سوچنا یہ ہے کہ اس کارخانے کو چلا کون رہا ہے؟ وہ نظروں سے اوجھل ہے اس کو میں واضح کرنا چاہتا ہوں۔

مثال کے طور پر یہ لاؤڈ سپیکر میری آواز دور تک پھینک رہا ہے' یہ قمقمے جل رہے ہیں۔ پنکھے چل رہے ہیں سب دیکھ رہے ہیں۔ ان کو چلانے والا کون ہے تو عقل نے کہا بجلی چلا رہی ہے۔ بجلی کہاں سے بنی انجن سے انجن میں کہاں سے آئی بھاپ سے بھاپ کس طرح بنی پانی اور تیل سے پانی اور تیل کس نے بنایا؟ عقل لاجواب ہے کہیں گے اللہ ہی نے پیدا کیا ہے۔ یہ کپڑے کا کارخانہ چل رہا ہے۔ بجلی دکھائی نہیں دیتی مگر مانتے ہیں کہ پاور ہاؤس سے بجلی آرہی ہے۔ اگر بجلی نہ آئے تو سب سامان اکارت ہو جائے۔ بے کار ہو جائے۔ پاور نہیں تو کھمبا بھی بے کار ہے۔ بجلی کا پاور دکھائی نہیں دیتا مگر مانتے سب ہیں کہ یہ سب اسی کی کارفرمائی ہے۔ یہاں تو سائنس کام کرتی ہے آگے پوچھئے کہ یہ پاور کہاں سے آیا۔ یہ طاقت کس نے پیدا کی۔ پانی کی قوت سے ہوئی پھر سوال ہے کہ یہ پانی کس نے پیدا کیا اور پانی کے ٹکراؤ میں اتنی قوت کس نے رکھی ہے؟ یہ کسی انسان کے بس کا نہیں ہے۔

جس طرح ایک گنوار قمقمہ کے نور کو اسی کا نور سمجھتا ہے لیکن سمجھدار آدمی کہہ سکتا ہے کہ یہ قمقمہ کا خانہ زاد نور نہیں ہے۔ یہ پاور ہاؤس کی مہربانی ہے۔ اگرچہ پاور دکھائی نہیں دیتا۔

## خدائے پاک موجود ہے

اسی طرح انبیاء علیہم السلام کہتے ہیں جو حکماء ہیں کہ اس مخلوق کی طاقت سے آگے بڑھ کر یہ تمام اشیاء پیدا کس نے کی ہیں ہوا، پانی، کس طرح بنا اور کس نے بنایا۔ یہ کہاں سے آیا جب اس جگہ پہنچو گے تب حقیقت کھلے گی اور معلوم ہو گا کہ یہ سارا دھندا ایک مخفی طاقت سے ہوئی ہے اسی طاقت و قدرت والے کو بتانے کے لئے نبی کریم ﷺ تشریف لائے۔اس مخفی طاقت کا نام اللہ ہے اس کے حکم سے یہ سارا جہاں چل رہا ہے۔عقل کی پرواز وہاں تک نہیں ہے۔سائنس وعقلیات کا صرف اتنا ہی کام ہے کہ خدا کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو ایک جگہ جمع کر کے صحیح طریقے سے جوڑا ہے باقی ان اشیاء کا پیدا کرنا۔عناصر اربعہ کا پیدا کرنا سائنس کا کام نہیں۔جہاں تک عقل کی طاقت ختم ہو جاتی ہے اس سے آگے چلو۔آخر ماننا پڑے گا کہ خدا کی طاقت موجود ہے وہی کارساز ہے۔

## سب کچھ اللہ پاک کی ملک ہے

میں نے یہ آیت پڑھی ہے وللہ مَافِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الأَرْضِ . یہ جو کچھ آسمان وزمین میں ہے سب اللہ تعالیٰ ہی کی ملک ہے۔اس کارخانہ دنیا میں اس کے مالک کا ایک ایسا مستحکم نظام چل رہا ہے جو سوائے اس کے اور کوئی توڑ نہیں سکتا۔انسان سمجھتا ہے کہ میں ہی سب کچھ کر رہا ہوں۔یہ سورج بھی ایک مشین ہے۔مشین انسان کی بنائی ہوئی گھس جاتی ہے لیکن یہ اللہ کی بنائی ہوئی مشین ہے مجال ہے جو ایک سیکنڈ کا ہی فرق ہو جائے۔ابتدائے آفرینش سے اب تک کوئی فرق نہیں آیا۔اگر انسان بناتا تو اس میں مرمت ہوا کرتی۔کہ کل آٹھ دن کے لئے سورج مرمت کے لئے جائے گا۔یہ بھی ایک پردہ ہے کہ سوچو یہ آفتاب خود ہی چل رہا ہے بلکہ اس کو کوئی چلا رہا ہے۔اسی محکوم پر تیری نگاہ ٹکی اور اس کے حاکم سے غافل ہو گیا۔

ہاں انبیاء علیہم السلام کے ذریعہ اس نظام کو توڑ کر دکھایا جاتا ہے وہ اس نظام کو ختم کر دیتے نہیں تاکہ معلوم ہو جائے کہ یہ نظام ان کا خانہ زاد نہیں ہے۔ ان کی خود کچھ حقیقت نہیں ہے۔ یہ محکوم ہیں یہ کسی اور کے ہاتھ اور طاقت کے زیر فرمان ہیں۔ چاند کے دو ٹکڑے کئے۔ سورج چھپ کر واپس آگیا۔ اور حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آگ کو حکم دیا یَانَارُ کُونِي بَرْدًا وَّسَلٰماً عَلَي اِبْرَاهِيْمَ. نظام یہ ہے کہ آگ جلایا کرتی ہے۔ مگر یہ نظام یہاں توڑ دیا تاکہ معلوم ہو جائے کہ ان پر اور کوئی قادر ہے۔ پانی نے فرعون کو ڈبو دیا اغرقوا فادخلوا نارا. اس کا نظام تھا مگر حضرت موسیٰ علیہ السلام اور ان کی قوم کے لئے اسی پانی نے راستہ دیدیا۔ معلوم ہوا کہ پانی پر ایک حاکم موجود ہے۔ یہ سارا کارخانہ اور کاروبار چل رہے ہیں تو کون چلا رہا ہے اس بات کو انبیاء بتلاتے ہیں آج کل کے بڑے بڑے عقلمند اس سے آگے نہیں بڑھتے کہ رنگین قمقموں میں الجھے ہوئے ہیں۔

نبی کریم ﷺ کی زندگی کا اصل مشن یہی ہے کہ آپ کو اس جہان کے چلانے والے سے روشناس کرائیں۔ بیشک دنیا ترقی کر رہی ہے اور کریگی اور ہر دور میں ترقیاں ہوتی رہی ہیں۔ مادی ترقی کا اس وقت انتہائی عروج ہے مگر نبی کریم ﷺ کا فرمانا ہے کہ مادیات ہی میں نہ رہ جاؤ۔ آگے بڑھو اس مادہ کو کون پیدا کرتا ہے۔ پانی میں رطوبت اور آگ میں سوزش کون پیدا کرتا ہے؟

انسان دو چیز سے مرکب ہے روح اور جسم۔ اگر انسان میں روح نہ ہو تو یہ ڈھانچہ ہے اس کی حقیقت کچھ نہیں زمین میں گاڑھ دینے کے لائق ہے دنیا اس مادہ میں سارا زور لگا رہی ہے جو فانی ہے نبی کریم ﷺ نے آگر اصل حقیقت کو بتایا ہے کہ یہ برق، بھاپ جو آپ کے سامنے ہے یہ ان کے پیدا کرنے والے کے پیدا کرنے سے وجود میں آیا ہے۔

## اصلی انسان

رہا کھانا۔ پینا، سونا، جاگنا یہ تو جانور بھی کرتے ہیں۔ مادی جتنی بھی ترقی کریں گے اتنے ہی ہوشیار جانور ہو جائیں گے۔

آدمیت لحم وشحم و پوست نیست آدمیت جز رضائے دوست نیست

روٹی کپڑا، جائے رہائش یہی مقصد زندگی ہے تو گائے بھینس، بیل ہم سے زیادہ ادھر مائل ہیں۔ مادہ اور مادی ترقیات جس کا حاصل اس جسم کو آرام دینا ہے۔ اسکا خلاصہ بدن کو آرام دینا۔ بدنی خواہشات پوری کرنا کہ وہ بآسانی پوری ہو سکیں یہ تو ایک جانور بکری گھوڑا بھی کرتا ہے اور چاہتا ہے۔

انسان کیا ہے؟ اس کو نبی کریم ﷺ نے بتلایا ہے۔ انہوں نے واقعی ایسا تحفہ دیا ہے جو کسی نے نہیں دیا۔ آج کی ترقی انسانی ترقی نہیں حیوانی ترقی ہے۔ انسان کی ترقی یہ ہے کہ اس مادے کو پیدا کرنے اس کو چلانے والے کو پہچانے جب نبی کریم ﷺ تشریف لائے انہوں نے انسانیت کی طرف دنیا کو دعوت دی اور انسان کو واقعی انسان بنایا۔

مادیت کی بہت بڑی دوڑ یہ ہے کہ چاند میں چلا جائے اور کہیں چلا جائے لیکن اس سے اپنا انجام تو معلوم نہیں ہوتا کہ میرا آخر انجام کیا ہے؟ میں یہاں کیوں آیا؟ کہاں سے آیا اور کہاں جانا ہے؟ کھانا پینا ہی مقصد ہے یہ تو جانوروں کو بھی حاصل ہے۔ آپ کو کارخانوں پر ناز ہے۔ مگر خدائے تعالیٰ کے ان جانوروں میں سے ایسے جانور بھی ہیں کہ ان کو سو سو روپے کی کھال دے رکھی ہے۔ اس سے تم ٹوپی بناتے اور سر پر اوڑھتے ہو۔ جانوروں کو مفت دیدی اور تم کو مشکل سے ملتی ہے۔ اگر آپ کی زندگی کا مقصد کھانا پینا ہی ہے تو جنگل میں جایئے۔ آپ سے ان مقاصد میں جانور اچھے ہیں۔ کیوں کہ ان جانوروں کے مکان دیکھ کر آپ مکان بناتے ہیں۔ ان کی ساخت دیکھ کر آپ ایجادات کرتے ہیں۔ شہد کی مکھی چھتہ بناتی ہے اس کو پیمائش کرکے دیکھا مسدس و مخمس خانے کیسے ہموار اور یکساں ہوتے ہیں۔ انجینئروں کی تعمیر میں فرق آجاتا ہے مگر مکھی کے مخمس کتنے صحیح ہوتے ہیں سو اٹھنا بیٹھنا، دکان بنانا یہ تو حیوانات کا کام ہے یہ انسان کی نہیں جانوروں کی ترقی ہوگی۔ مادی تعلیم حیواناتی تعلیم ہے اصل تعلیم تو وہی ہے جسے رسول کریم ﷺ لیکر آئے۔

تو انسان ہے۔ ہاتھی، بیل، بکری نہیں ہے اور ان کی ہیئت شکل و صورت تجھ سے بالکل مختلف ہے تو مخدوم کائنات ہے تو ان سے اوپر دوسری ہستی خالق کائنات

کا خادم ہے اسی نکتہ کو تمام کلام پاک میں بیان کیا ہے یہ دنیا کے عام رفامروں کا طریقہ نہیں ہے جو معمولی بہبودی کو سامنے رکھ کر کام کرتے ہیں۔ نبی کریم ﷺ دو طریقے لیکر آئے کہ اس کے بغیر دنیا کا نظام چل ہی نہیں سکتا۔ آج دنیا بے چین ہے جرائم بڑھتے چلے جا رہے ہیں۔ روکنا چاہتے ہیں دنیوی قوانین ٹوٹ جاتے ہیں اور جرائم باہر نکل جاتے ہیں جتنی قانون سازی ترقی پر ہے اتنی ہی جرائم کی تعداد میں روز بروز اضافہ ہوتا جا رہا ہے یہ قانون دراصل قانون ہی نہیں ہیں۔ ان جرائم کے انسداد کا صرف ایک ہی قانون ہے جسے اسلام کہتے ہیں ورنہ غیر اسلام کا حال سامنے ہے "مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی" رسول کریم ﷺ یہ لیکر آئے کہ خدا کو پہچانو اس کو مانو۔ اس کو مان کر اس کے بھیجے ہوئے احکام سے فائدہ اٹھاؤ۔

## اصلی ترقی کیا ہے؟

یہ نہ سمجھو کہ یورپ دہریہ پن اختیار کر کے ترقی کر رہا ہے وہ ترقی کیا ترقی ہے کہ دل کو چین نصیب نہ ہو۔ ترقی کا حاصل تو یہ ہے کہ دل کو سکون و اطمینان ملے اور وہی نہ ملا تو یہ کیا ترقی ہوئی۔ زحمت و مشقت ہے اور کچھ نہیں، دیکھ لو کسی ملک کو چین نہیں ہے، راحت و چین اگر ہے تو وہ صرف اسلام میں ہے۔ چاہے چاند چھوئیں یا آسمان میں چلے جائیں۔ راحت و سکون حضور اکرم ﷺ کی تابعداری میں ملے گا۔ تمام حوادثات کے لئے رسول کریم ﷺ کا پیغام کافی ہے۔ ان ترقیوں میں کبھی بھی چین و سکون نہیں ملے گا۔ دیکھ لو جب بھی رسول کریم ﷺ کے اصولوں کو لوگوں نے اپنایا ہے سکون و راحت میں رہے جب چھوڑا سکون سے محروم کر دیا گیا۔ انسان ہی نہیں درندوں اور مویشیوں کو اطمینان ملا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ کے زمانے میں بھیڑیا اور بکریاں ایک جگہ بیٹھی رہتی تھیں اور ایک دوسرے سے بالکل مطمئن تھے چین اسی کا نام ہے کہ ایک دوسرے سے کسی کو ایذا نہ پہنچے یہ تعلیم نبوی بھی ہے۔

# مال و دولت کی حقیقت

اہل اسلام کی نگاہ میں مادیات کی قدر نہیں اخلاقیات کی قدر ہے۔ دیکھو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں ان کے پاس مال غنیمت آیا۔ سونا چاندی، جواہرات، کا ڈھیر لگا ہوا تھا۔ مسجد نبوی کا صحن بھرا ہوا تھا وہیں بیٹھے بیٹھے سارا کا سارا تقسیم کر دیا۔ اگر جمع کرتے تو سونے کی دیوار کھڑی کر لیتے۔ اسکی کوئی حقیقت نہیں سمجھی۔ اسی لئے تقریر کی اور کہا کہ اے لوگو یہ اللہ کا مال ہے اس کا وہی مالک ہے حسب ضرورت تم لیجاؤ۔ نقد ہے۔ آج کل کی طرح وعدہ کر کے چیک نہیں دیا گیا۔

آج کی دنیا جو ہیرے جواہرات میں کھیلتی ہے اس ملک میں جا کر دیکھو وہ یہ کہہ سکتے نہیں کہ ضرورت مندوں جتنی ضرورت ہے لے جاؤ۔ ہر ملک والوں کا یہ حال ہو گا کٹ مریں گے۔ یہ مہذب دنیا قتل ہو جائے گی۔

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اعلان کرتے ہیں اور لوگوں میں سناٹا ہے۔ غربا حاجت مند بھی ہیں مگر لینے کے لئے کوئی آگے نہیں بڑھتا دوبارہ اعلان کیا تیسری بار اعلان کے بعد ایک نوجوان کہتا ہے۔ اے عمر آپ نے کہہ دیا کہ لے لو تمہارا حق ہے؟ تو کیا ہم سب کے سامنے بے غیرت بن کر اٹھائے جائیں۔ آپ امین ہیں آپ کا کام ہے کہ خود پہنچائیں آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ ہماری کیا حاجات ہیں۔ آپ امیر المومنین ہیں۔ آج کا بادشاہ ہوتا تو ایسے شخص کو حکم عدولی کے الزام میں پھانسی دیدیتا مگر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ساری رعیت کا جائزہ لیا اور حاجت مندوں کے گھر پہنچایا آخر یہ تہذیب کہاں سے آئی۔ آپ سمجھے پورے مجمع اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر اس تعلیم نبوی کا اثر ہے۔

بیشک مادے کی جتنی ضرورت ہے اسے ضرورت کے مطابق کام میں لاؤ کون روکتا ہے؟ میں اس سے غافل نہیں کرتا۔ مدافعت کرنا ضروری ہے۔ اتنا کام کرو کہ خدا سے غافل نہ ہو دین سے باہر نہ جاؤ! مثلاً گاندھی نے لکھا تھا کہ کانگریس کو چاہئے کہ ابوبکر و عمر کی سی حکومت کرے ایک ہندو نے تو یہ کہا کہ اس سے بہتر حکومت نہیں ہو سکتی۔ نہ ان کے پاس بم تھے نہ اتنی آبادی تھی اس لئے میں کہتا ہوں کہ فلاح و نیکی کی طرف آؤ۔ اخلاق حاصل کرو۔ آخرت کی پکڑ اور آخرت کی جوابدہی سے ڈرو۔

انسان تو درندے بن گئے۔ تم قانون بناؤ مگر چلانے والے درندے ہوں تو وہ

قانون کیسے چل سکتا ہے جب دل میں خدا کا خوف نہ ہو گا قانون کیا کریگا۔

## انسان انسان بنے

نبی کریم ﷺ نے اس پر زور دیا کہ انسان انسان بنے جب یہ انسان بن جائے گا امن وچین خود آجائے گا۔انسان ہوتا وہی ہے جو دوسرے کو ہاتھ اور زبان سے تکلیف نہ پہنچائے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ جن کو حجتہ الاسلام کہنا صحیح ہے ان کے پاس اسلام کی حقانیت کے دلائل ہیں۔اگر اسلام میں کوئی کسر ہوتی تو غزالی ورازی اسلام میں نہ آتے۔

## جانوروں سے سبق

اے عزیزو! انسان ہونا تو بڑی چیز ہے جانوروں کو دیکھو وہ نفع ہی پہنچاتے ہیں۔ گھوڑا سواری دیتا ہے۔ گائے بکری دودھ دیتی ہے۔بیل ہل چلاتا ہے۔اونٹ بوجھ اٹھاتا ہے۔ان کا گوشت کھاتے ہیں ان کی کھال' ہڈی' اون' سے نفع اٹھاتے ہیں۔ زندہ ہوں تب نافع مردہ ہو جائے تب بھی فائدہ مند۔

دوسری قسم کے ایسے جانور ہیں جو انسان کو نقصان پہنچاتے ہیں جیسے سانپ بچھو درندے لیکن ان سے پھر بھی نفع ہے ان کے اجزاء بھی انسان کے کام آتے ہیں۔

تیسری قسم کے وہ جانور ہیں کہ نہ ان سے نفع ہے نہ ضرر ہے جیسے حشرات الارض ان کے تو نام بھی معلوم نہیں۔کیچوے' کیڑے مکوڑے نہ ان سے نفع ہے نہ نقصان ہے مگر انسان کے کسی حیثیت سے کام ضرور آتے ہیں۔

ان جانوروں کو انسان نفع مند بناتا ہے ان سے فائدہ اٹھاتا ہے مگر خود انسان جانور' درندہ بننے کی فکر میں ہے۔اب سارا فکر یہی سوار ہے کہ روٹی' کپڑا' مکان ملے۔کمیونزم کا خلاصہ یہی ہے۔انبیاء علیہم السلام کہتے ہیں یہ تو ایک جانور کا کام ہے۔

## اسلام انسانیت سکھاتا ہے

انسان وہ تھے کہ ان کو کہا جاتا ہے کہ سونا لیلو مگر نہیں لیتے اور اب اسی سونے کا ہونا معلوم ہو جائے تو چوری کریں گے یا ڈاکہ ڈالیں گے۔ قتل کر دیں گے یہ تعلیمات ہی کا اثر ہے۔ اگر وہی اسلام کا قانون آجائے تو انسان انسان بن جائیں پھر قوانین کے بغیر چین آجائے۔

آپ کی اس تعلیم میں جسے مادی تعلیم کہا جائے جب تک رائج رہے گی انسان کو آرام وچین نہیں ملے گا۔ مادہ ہی کی طرف نگاہ مرکوز ہوگئی ہے پھر کوئی سا افسر تبدیل کرو چین نہیں آئے گا بے چینی بڑھتی چلی جائے گی۔

جو کچھ آپ پڑھ رہے ہیں مبارک ہو۔ مادیات میں لگو مگر اسے اپنی حد پر رکھو اور اس سے ایک قدم اور آگے بھی پڑھو۔

## تلاوت قرآن کریم کا اہتمام کریں

وہ مختصر یہ ہے کہ قرآن کی تلاوت کرو' الفاظ ہی کی کرو' اسے فرض ولازم کرلو۔ آج کل کی نئی روشنی نے تلاوت قرآن پر بھی ظلم کیا ہے ان کو یہ سمجھا دیا کہ بغیر معنی سمجھے رٹنے سے کیا فائدہ؟ اللہ کی کتاب کو اور کتابوں پر قیاس نہ کرو حقیقت کو نہیں سمجھتے تو مان ہی لو اس قرآن کے تو الفاظ میں بھی نور ہے اور معنی تک تو الفاظ ہی کے ذریعہ پہنچتے ہیں۔ آخر ان ہی الفاظ نے کیسا انقلاب عظیم پیدا کیا کتنی فتوحات ہوئی ہیں۔ آپ تلاوت کرکے دیکھیں آپ کے دل میں ایک نور پیدا ہوگا۔ سکون ہوگا۔

یہ نبی کریم ﷺ کا لایا ہوا تحفہ ہے۔ اتنا بھی غنیمت ہے کہ اسے جلسوں میں پڑھ لیتے ہیں۔ اس تعلیم کا اثر یہ ہے کہ فجر کی نماز جماعت سے ادا کرتے ہیں پھر تلاوت قرآن مجید کرتے ہیں اس نئی تعلیم کا اثر یہ ہے کہ نو بجے سو کر اٹھتے ہیں پھر ڈان پڑھتے ہیں۔ اگر اتنا کام کرلیا کہ قرآن مجید کی تلاوت آپ کر لیا کریں تو یہ جلسہ کامیاب جلسہ ہوگا۔ اب دعا کرتا ہوں۔

مجلس : ۷

# نفلی صدقہ اور اس کا مفہوم عام

## پہلی حدیث

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

مَا اَطْعَمْتَ نَفْسَكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَمَا اَطْعَمَ خَادِمُكَ صَدَقَةٌ.

صدقہ، ایسے خرچ کرنے کو کہتے ہیں جس سے اللہ تعالیٰ کی رضا مقصود ہو۔ مال ہو۔ قول ہو یا کوئی کام ہو۔ مقصود اس سے اللہ کی رضا ہو۔ خواہ کسی مسلمان بھائی سے خوش ہو کر ملو۔ اپنے ڈول سے کسی دوسرے مسلمان کے ڈول میں پانی ڈال دو۔ کسی مسلمان کو سلام کرنا بھی صدقہ ہے۔ صدقہ کا مفہوم عام ہے۔ صرف مال کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ نہ کسی آدمی کے ساتھ مخصوص ہے۔ اپنے آپ کو کھلانا پلانا بھی صدقہ ہے۔ بیوی بچوں کو کھلانا پلانا بھی صدقہ ہے۔ اگر کوئی شخص، ہوتے ہوئے پھر کھانا نہ کھائے اور بھوکا مرجائے تو عاصی ہوگا۔

## صوفیائے کرام کی نفس کشی کا مطلب

صوفیائے کرام کے یہاں جو لفظ نفس کشی بولا جاتا ہے وہ ان کی ایک خاص اصطلاح ہے ورنہ ظاہری معنی کیسے مراد لئے جاسکتے ہیں جبکہ حدیث شریف میں مصرح ہے وَاِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا صوفیائے کرام کے نزدیک نفس کشی کا مطلب نفس کی ناجائز خواہشات کو مارنے کا نام ہے اور یہی طریق سلوک کا حاصل ہے کہ فنا حاصل ہو جائے۔

## اپنے نفس کا بھی حق ہے

یہ وجود انسانی ایک سرکاری مشین ہے جو استعمال کے لئے دیدی ہے۔اس مشین میں تیل ڈالنا پڑے گا۔اس کا تیل یہی خوراک کھانا ہے۔یہ ہمارے پاس ایک امانت ہے اس کی حفاظت کرنا واجب ہے۔اگر اس میں تیل نہ ڈالا تو ایسا ہو گا کہ ملازم سرکاری مشین کو تیل نہ دے اور مشین کو گھس کر پٹک دے یہ مشین خدا کی بنائی ہوئی ہے ہماری ملک نہیں ہے لہٰذا اس پر مالک کا حکم ضرور چلنا چاہئے۔

## نیت شرط ہے

مگر شرط یہ ہے کہ نیت خالص ہو کہ اس کھانے سے اللہ کے حکم کی تعمیل کرنا ہے تو یہ کھانا کھانا بھی صدقہ ہو جائے گا۔اور جب خود کھانا بھی صدقہ ہے تو بیوی بچوں کو کھلانا بھی باعث اجر وصدقہ ہو گا۔نابالغ اولاد کو کھلانا تو والد کے ذمہ واجب ہے ایسے ہی غیر ناشزہ بیوی کو کھلانا واجب ہے اسی طرح خادم اور نوکر کو کھلانا بھی صدقہ ہے۔حالانکہ یہ کام بظاہر دنیوی کام ہیں اللہ تعالیٰ نے ان کو بھی صدقہ بنا دیا بشرطیکہ اطاعت حق کا ارادہ کرے۔

## حضرت والا کا ارشاد

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے ایک خط میں لکھا تھا کہ جتنے بھی دن بھر کے کام ہیں اگر ان میں نیت سیدھی ہو جائے تو سب کے سب عبادت ہو جائیں۔

دنیا کے اکثر پیشے عبادت الٰہی کا ذریعہ بن سکتے ہیں مثلاً کپڑا پہننا ہے تو یہ نیت کرے کہ نماز بغیر کپڑوں کے پہنے نہیں ہو سکتی۔ہم نماز اور ستر پوشی اور تجمل فی الناس کے قصد سے بناتے اور خریدتے ہیں۔برتن کھانا کھانے اور کھلانے کے کام کے لئے بناتے اور خریدتے ہیں کھانا کھانا اور کھلانا بھی خدا کی عبادت ہے علیٰ ہذا القیاس ہاں اگر صرف پیٹ بھرنا ہی مقصود ہو جائے تو پھر وہ عبادت نہیں۔

## دوسری حدیث

قَالَ رَسُوْلُ اللہ ﷺ خَیْرُ الصَّدَقَةِ مَایَکُوْنُ عَنْ ظَھْرِ غَنِيٍ

صدقہ دینے کا یہ اصول ہو کہ اتنا صدقہ دیوے کہ صدقہ کر دینے کے بعد بھی غنا باقی رہے۔یعنی مالداری باقی رہے تم خود فقیر نہ بن جاؤ۔ سارا مال لٹانے والے مجذوب ہوتے ہیں۔ثواب کی بات ضرور ہے مگر طریقہ کار اچھا نہیں۔

## حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ

لوگ کہتے ہیں دیکھو حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃ اللہ علیہ نے سلطنت کو ترک کر دیا۔ مال و دولت لٹا دی۔ تین چیزیں لیکر جنگل کو چل دیئے۔ تکیہ' ڈول رسی' اور پانی پینے کا ایک پیالہ۔ راستے میں دیکھا ایک شخص سر کے نیچے ہاتھ رکھے ہوئے سو رہا ہے تو کہا کہ یہ تکیہ فضول ہے آدمی ہاتھ کا تکیہ بھی لگا سکتا ہے لہٰذا تکیہ پھینک دیا۔ آگے چلے کسی کو دیکھا کہ ہاتھوں کا چلو بنا کر پانی پی رہا ہے تو کہنے لگے کہ جب ہاتھوں سے پانی پیا جا سکتا ہے تو یہ پیالہ بھی فضول ہے۔ آگے چلے جب پیاس لگی ایک کنوئیں کی طرف چلے وہاں دیکھا کہ بہت سی ہرنیں کنوئیں پر آئیں انہوں نے دیکھا کہ پانی کنوئیں میں بہت نیچے ہے یہ دیکھ کر انہوں نے آسمان کی طرف نگاہ اٹھائی۔ اللہ کی طرف نظر کی رحمت خداوندی سے پانی میں جوش اٹھا اور کنوئیں کا پانی منڈیر تک آگیا۔ ہرنوں نے پانی پیا اور چلے گئے حضرت ابراہیم بن ادہم نے جب یہ ماجرا دیکھا تو خود بھی پہنچے کہ لاؤ پانی پی لوں۔ جب یہ کنوئیں پر پہنچے تو پانی پھر تہہ میں اتر گیا۔ خیال ہوا اور اللہ تعالیٰ سے عرض کیا یا اللہ ابراہیم کی اتنی بھی قیمت نہیں ہے جو ان ہرنوں کی ہے۔ ندا آئی۔ اے ابراہیم! اس واقعہ سے قیمت کا اندازہ نہ لگا ہمارا معاملہ ہر ایک کے ساتھ الگ الگ ہے۔ ان ہرنوں کے پاس نہ ڈول تھا نہ رسی نہ ان کو قدرت تھی انہوں نے ہم پر نظر کی ہم ان کو اسی طرح پانی پلاتے ہیں۔ تمہارے پاس ڈول رسی ہے۔ طاقت ہے۔ تم اس ذریعہ سے نکال لو۔ پھر انہوں نے ڈول رسی بھی ترک کر دی۔

## نتیجہ

یہ ایک واقعہ ہے۔لاکھوں کروڑوں آدمیوں میں سے ایک آدمی نے ایسا کیا تو یہ شرعی حکم تو نہ ہوا۔اگر شریعت یہی حکم دیتی جو حضرت ابراہیم بن ادہم علیہ نے کیا ہے تو دنیا والے کیسے زندہ رہتے۔ہلاک ہوجاتے۔انبیاء علیہم السلام تو دنیا کو آباد کرتے ہیں پھر دعوت پیش کرتے ہیں۔اولیاء کرام کے اس قسم کے واقعات صحیح ہیں لیکن تعلیم نبوی نہیں ہے رسول کریم ﷺ اس لئے تشریف نہیں لائے تعلیم وہی ہے جو حدیث شریف میں ہے کہ وہ صدقہ ناپسند ہے جس سے تم فقیر ہو جاؤ۔جن اصول پر دنیا چل سکتی ہے وہ یہی ہے کہ دینے دلانے کے بعد کاروبار میں فرق نہ پڑے۔مگر لوگوں کا رجحان جتنا اولیاء عظام کے واقعات کی طرف ہوتا ہے اتنا حضور اکرم ﷺ کی حدیث کی طرف نہیں ہوتا حالاں کہ

چہ نسبت خاک را با عالم پاک

انبیاء علیہم السلام تو وہی اصول بتاتے ہیں جسے ساری دنیا کر سکے۔یہ ایک اصول ہوا۔

## اس حدیث کا دوسرا ٹکڑا

وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰي – اوپر والا نچلے ہاتھ سے بہتر ہے۔اوپر والے ہاتھ سے مراد دینے والے کا ہاتھ ہے۔نیچے والے ہاتھ سے مراد لینے والا کا ہاتھ ہے کیوں کہ عادۃً دینے والے کا ہاتھ اوپر اور لینے والے کا ہاتھ نیچے ہوتا ہے۔کیا عجیب تلقین ہے کہ تم دینے والا بنو لینے والا نہ بنو۔مجبوری ہی ہو جائے تو لینے میں عیب نہیں لیکن کوشش اس کی کرو کہ دینے والا بنو۔لوگوں سے مانگ کھانے کی خصلت نہ بناؤ۔ہرایک کو یہی حوصلہ رکھنا چاہئے کہ دوسروں کو دیں نہ کہ لیں۔

تجربہ شاہد ہے کہ جن کی لینے کی عادت ہوتی ہے وہ مانگنے کا پیشہ اختیار کر لیتے ہیں۔کتنا بھی ہو جائے وہ دوسروں پر خرچ کر ہی نہیں سکتے۔جذبہ ہو فکر ہو تو ہرایک کے اندر یہ طاقت واستعداد رکھی ہے خواہ دس روپے میں سے ایک پیسہ خرچ کرے

مگر کرے ۔لینے والوں کے متعلق مشہور ہے کہ وہ یہی کہتے ہیں کہ تم ہمارے پاس آؤ گے تو کیا لاؤ گے اور ہم تمہارے پاس آئیں تو کیا دو گے؟ آج کل پیروں نے اس حدیث کو دیکھ کر یہ صورت اختیار کی ہے کہ پیر صاحب کے سامنے ہتھیلی پر ہتھیلی رکھو اس پر روپیہ رکھو اور پیر صاحب کے سامنے کرو تاکہ پیر صاحب کا ہاتھ اوپر رہے دینے والے کا نیچے رہے ۔نذرانہ لینے میں بھی ہاتھ اوپر رہے تاکہ پیر صاحب کا ہاتھ بہتر ہی رہے یہ سب لغو ہے ۔

## حدیث شریف کا تیسرا ٹکڑا

وَابْدَأْ بِمَنْ تَعُوْلُ جب صدقہ نکالو تو اس سے شروع کرو جو تمہاری عیال داری میں ہیں ۔بیوی کو، بچوں کو جس کو بھی ضرورت ہو اس کی ضرورت پوری کرو یہ ضرورت پوری کرنا صدقہ ہے ۔اور بقدر ضرورت دینا تو ویسے بھی واجب ہے ۔ واجب کی ادائیگی کے بعد نفلی صدقہ دینا ہو تو پہلے ان پر صرف کرو ۔یعنی واجب اخراجات کے علاوہ نوافل بھی پہلے ان پر خرچ کرو پھر ملازموں کو دیکھو ۔ان کی تنخواہ کم ہوتی ہے تو ان کو بطور انعام دیتے رہو ۔تنخواہ بھی دیتے رہو ۔زکوۃ کو اس تنخواہ میں محسوب نہ کرو اس طرح زکوۃ ادا نہ ہوگی ۔ہاں تنخواہ کے علاوہ زکوۃ کی رقم ملازمین کو دی جا سکتی ہے ۔بعض لوگ باوجود ملازم کے مستحق ہونے کے ان کو زکوۃ نہیں دیتے کہ کہیں زکوۃ ادا نہ ہوگی سو اگر اس دینے سے کام پر کوئی اثر نہ پڑے یعنی زکوۃ دیکر اس سے زیادہ کام نہ کرائے تو جائز بلکہ ثواب ہے ۔

## غلط رواج

بعض لوگ گھر والوں کو تنگ رکھتے ہیں اور دوستوں کو کھلاتے پلاتے رہتے ہیں ۔ہوٹلوں پر بیٹھ کر بچوں کا حق بھی خرچ کر ڈالتے ہیں وہ احمق ہیں اور بڑے احمق ہیں ہاں اگر ایک آدمی بھوکا مر رہا ہے تو وہ مقدم ہے ۔ہمارے پاس اتنا ہے کہ واجب نفل دونوں ادا ہو سکتے ہیں تو اس کی بھی رعایت کی جا سکتی ہے ۔

## تیسری حدیث

ایک مجلس میں آنحضرت ﷺ نے صدقہ کرنے کی ترغیب دی تو ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ میرے پاس ایک دینار ہے کہاں صدقہ کروں؟ مقصد یہ کہ کس کو دوں؟ فرمایا اَنْفِقْهُ عَلَي نَفسكَ . اپنے نفس پر خرچ کر یہ بھی صدقہ ہے ایک دینار کوئی بڑی رقم نہیں ہے جس کو دوسروں پر بھی صدقہ کرے ایک دینار چار ماشہ چونی سے کچھ زائد سونے کا سکہ ہوتا تھا اس لئے انہیں اپنے اوپر خرچ کر۔ قَالَ عِنْدِي آخَر اس نے کہا میرے پاس ایک دینار اور ہے قَالَ اَنْفِقْهُ عَلَي زَوْجَتكَ. آپ نے فرمایا اپنی بیوی پر خرچ کر یہ سن لیا تو اس نے کہا عندي آخر میرے پاس ایک دینار اور بھی ہے قَالَ اَنْفِقْهُ عَلَي خَادِمكَ فرمایا اپنے خادم وملازم پر خرچ کر۔ معلوم ہوتا ہے اس سائل کے اولاد نہ تھی۔ اگر اولاد ہو تو ملازم سے پہلے اولاد کا حق ہے بلکہ اولاد تو بیوی سے بھی مقدم ہے۔ کیوں کہ اولاد کا نفقہ کسی حال میں ساقط نہیں ہوتا اور بیوی ناشزہ یعنی نافرمان ہو جائے تو اس کا نان نفقہ ساقط ہو جاتا ہے۔ تین درجہ بترتیب ارشاد ہوئے' خود کا نفس' بیوی' خادم 'اولاد کا اس حدیث میں بیان نہیں آیا۔ اس شخص نے کہا عندي آخر میرے پاس ایک دینار اور بھی ہے قَالَ ثُمَّ اَنْتَ اَبْصر یعنی پھر تم جانو۔ کوئی عزیز ہو ہمسایہ ہو اور محتاج ہو جو جس کو جانتے ہو اس کے حال سے واقف ہو اسے دیدو۔ لفظ ابصر سے معلوم ہوا کہ بصیرت سے کام لینا چاہئے کہ کہاں خرچ کرنا بہتر ہے اس سے اشارہ ہے کہ اس معاملے میں لاپرواہی نہ کرے۔

## زکوۃ میں ادائیگی ضروری ہے

قرآن کریم میں آتو الزَّکوٰۃَ فرمایا ہے یعنی زکوۃ مستحق کو ادا کرو تو مقصود مستحق کو دینا ہے نہ کہ زکوۃ نکالنا۔ اگر زکوۃ کا صرف نکالنا ہی مقصود ہوتا تو نکال کے کہیں ڈال دیتے فرض ادا ہو جاتا۔ مگر ایسا نہیں ہے ورنہ یوں فرمایا جاتا وَ اَخْرِجُوا الزَّکوٰۃَ

زکوۃ نکالو۔ سو مقصود زکوۃ نکالنا نہیں بلکہ مصرف صحیح میں خرچ کرنا مقصود ہے۔ادا کرنا یہ ہے کہ مستحق کو پہچان کر دو پہلے صحیح مصرف پہچانو تو پھر اس کو دو۔ آج بہت سے ایسے سیٹھ بھی ہیں کہ ان کے یہاں زکوۃ کا مہینہ ہی نہیں آتا اور جو نکالتے ہیں وہ مصرف نہیں دیکھتے۔ معلومات کرتا رہے فکر رکھے۔جب وقت آئے ادا کر دے۔

## بے فکری

ایک شخص بنس روڈ سے آئے کہنے لگے کہ زکوۃ کے کپڑے بنے رکھے ہیں۔ کس کو دوں؟ میں نے کہا کہ ہماری زکوۃ تو پیشگی خرچ ہو جاتی ہے کیوں کہ فکر رہتا ہے اس لئے پوچھ پاچھ کرتے رہتے ہیں۔بہت ضرورت مند ہیں اپنی قوم اور برادری میں بہت مل جائیں گے۔جب فکر نہیں تو پڑوس کا بھی حال معلوم نہیں کہ وہ کس حال میں ہیں۔ لفظ البصر میں ہدایت کی گئی ہے کہ اعزاء اقرباء اور ماحول میں دیکھ بھال رکھا کرو کہ کون احق ہے۔کون مقدم ہے۔ محض زکوۃ نکال کر جس کو چاہے دیدینا کافی نہیں ہے۔

## حدیث

حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو خادم تمہارا کھانا پکاتا ہے جب وہ تم کو کھانا کھلانے کیلئے لائے تو آنحضرت ﷺ نے حکم دیا ہے کہ اس کو بھی ساتھ کھلاؤ اور اگر اپنے ساتھ کھلانا کسی وجہ سے مناسب نہیں معلوم ہوتا تو دو چار لقمہ کھانا اس کو دیدیا کرو۔ گویا اس کا یہ حق ہے اس نے محنت کی ہے اس کو کھانے کی خوشبو آئی ہے۔اس کا بھی دل چاہتا ہے۔ایک حدیث میں ہے کہ آنحضرت ﷺ تو غلاموں کے ساتھ بھی حسن سلوک کرنے کا حکم دیا کرتے تھے۔ حضرت ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی روایت میں ہے کہ آنحضرت ﷺ نے آخری لمحات میں جب اس دنیا سے تشریف لے جارہے تھے یہ فرماتے تھے الصلوۃ وما ملکت ایمانکم کہ نماز کا خیال رکھنا اور غلام باندیوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آنا۔ حضرت صدیقہ فرماتی ہیں

کہ جس وقت وصال ہوا ہے آپ کا سر مبارک میرے سینے اور گود میں تھا میں نے کان لگا کر سنا تو آپ یہی نماز اور غلاموں کے متعلق فرمارہے تھے۔

## حقوق اللہ اور حقوق العباد کی تاکید

آپ غور کریں کہ نماز کا ذکر قرآن مجید میں تقریباً پانچ سو جگہ آیا ہے پھر آخری سانسوں میں اسی کی تلقین کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ دین کا خلاصہ ہے۔ کیوں کہ الصلوٰۃ تو حقوق اللہ ہوئے اور ما ملکت ایمانکم حقوق العباد ہوئے اور سارا قرآن وسنت اسی حقوق اللہ وحقوق العباد کی تفسیر ہیں۔ نماز حقوق اللہ میں اعظم حق ہے اور عبادتیں تو ایک وقت ہوتی ہیں ایک وقت نہیں ہوتیں مگر نماز ایک دائمی روزانہ کا فریضہ ہے اور غلام باندیوں کے حقوق میں لوگ کوتاہی کرتے ہیں سمجھتے ہیں یہ ہمارے غلام باندی ہیں یہ کیا کہہ سکتے ہیں۔ ہماری ملک ہیں اور کہے بھی کسے اور کسی کو کہے تو سنتا کون ہے؟ نہ لڑسکتے ہیں نہ جھگڑا کر سکتے ہیں اس لئے حقوق العباد میں ان کا نام لیا۔یہ آخری لمحہ حیات کی وصیت ہے۔

اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ اس لفظ سے مراد صرف غلام وباندی ہی نہیں ہیں بلکہ ہر وہ شخص مراد ہوگا جو دوسرے سے اپنی دادرسی نہ کر سکے۔اس کا کوئی حمایتی اور سننے والا نہ ہو۔اگر تم اپنی چھوٹی اولاد یا بیوی کو تکلیف دو تو وہ کس سے کہیں۔باپ یا خاوند ہی ظلم کرے تو کس سے کہیں۔اس سے تو خدا ہی کا خوف باز رکھ سکتا ہے۔ورنہ دنیوی قانونی راستہ بالکل ناکافی ہے۔اگر راحت وسکون مل سکتا ہے تو قرآن اور نبی کریم ﷺ کی تعلیم میں مل سکتا ہے خدا کا خوف اور تقویٰ جب تک قلب میں نہ ہو ظاہری قوانین سے کیا بنتا ہے؟

## نکاح کی تین آیات میں تقویٰ کی تاکید

نکاح کے خطبہ میں جن تین آیتوں کا پڑھنا مسنون ہے وہ تینوں آیتیں اتقو اللہ سے شروع ہوتی ہیں۔ آخر ان تینوں آیات کا کیوں انتخاب کیا اسی لئے کہ ازدواجی

زندگی خوف خدا کے بغیر درست نہیں ہو سکتی۔ اور نہ کوئی مار مار کر درست کر سکتا ہے۔ زوجین کی زندگی کے حسین بنانے کے لئے صرف تقویٰ درکار ہے۔ اگر تقویٰ نہ ہو تو کوئی طاقت سنوار نہیں سکتی۔ مثلاً خاوند اچھی بات کرتا رہے اور آخر میں ایک جملہ ایسا کہہ دے جس سے تن بدن میں آگ لگ جائے تو دنیا کا کون سا قانون اس کو روکے گا۔ ایک شخص تھے ان کے یہاں کھانے پینے کو سب ہی راحت کا گھر میں سامان تھا مگر وہ منہ بنا کر چڑا دیتے تھے۔ اب اس پر قانون کیا حکم لگائے گا اور کیا انتظام کرے گا۔ بیوی کی زندگی تلخ ہو رہی ہے خاوند کہتا ہے نہ میں نے مارا نہ گالی دی ہے اور بیوی شکایت بھی کرے تو والدین کیا روزانہ ان باتوں کا فیصلہ کرنے آسکتے ہیں۔ خوف خدا ہی اس رشتہ کو جوڑ سکتا ہے۔ لہٰذا آخری لمحات میں اسی طرف توجہ دلائی ہے کہ تم سربراہ ہو تمہارے ماتحت غلام ہو یا بیوی بچے ہوں انکا خیال رکھنا۔

اسلام کے اندر قرون اولیٰ میں غلاموں کا بھی وہ حال نہ تھا جو آج ماتحتوں کے ساتھ ہو رہا ہے۔ جانوروں کے ساتھ وہ سلوک نہیں تھا جو انسانوں کے ساتھ کر گزرتے ہیں۔ افسروں کی یہ حالت ہے۔

## قساوت قلبی

کسی کلرک نے درخواست دی جس کا تبادلہ ہو گیا تھا کہ میری بیوی سخت بیمار ہو گئی ہے اور میں اکیلا ہوں آپ تبادلہ نہ کریں مجھے یہیں رہنے دیں تو سن کر وہ آفیسر ہنسے اور کہنے لگے دعا کرو اس کی بیوی ختم ہو جائے تو فرصت سے یہ دفتر کا کام کریں گے۔ یہ قساوت قلبی ہے، بے رحمی ہے اور ایسے واقعات ہوتے رہتے ہیں۔ رحم رہا ہی نہیں۔ کوئی رشوت دینے والا ہو تو جو چاہے کرا لو۔ اب تو عوام، افسروں اور کلرکوں سب آوہ کا آوہ ہی بگڑ رہا ہے۔ درخواست دیکھی پھینک دی۔ کبھی گم کر دی۔ جو سلوک برے سے برے غلاموں کے ساتھ نہ ہوا وہ آج رعایا کے ساتھ کیا جا رہا ہے۔

حدیث کا حاصل یہ ہوا کہ جو لوگ بے چارگی سے لاچار ہوں ان کے حقوق کی بھی نگرانی کرو۔ ورنہ لاچار کا انتقام پھر اللہ تعالیٰ ہی لیتے ہیں۔

## حدیث کی وضاحت

حدیث شریف میں یہ جو فرمایا جو تم کھاؤ ان کو کھلاؤ تو جو تم پہنو ان کو پہناؤ اس سے بعینہ وہی کھانا نہیں ہے جو تم کھاتے ہو وہی لباس نہیں ہے جو تم پہنتے ہو بلکہ اس قسم کا لباس ہو جس کے ذریعہ سردی گرمی سے حفاظت ہو سکے ولا تعذبو ا خلق اللّٰہ ۔اللہ کی مخلوق کو تکلیف میں نہ ڈالو۔ مخلوق عام ہے غلام ہو بیوی ہو اور کوئی ہو۔

آنحضرت ﷺ تو یہ فرمارہے ہیں کہ اس کو ساتھ بٹھا کر کھانا کھلاؤ۔ آج یہ حال ہے کہ غلام تو غلام نوکر کو بھی ساتھ بٹھلا کر کھانا نہیں کھلاتے۔ ہاں بعض مواقع ایسے ہوتے ہیں کہ تم کو اپنی حیثیت برقرار رکھنی ہے۔تو خیر اس کو الگ ہی دیدو۔

## حدیث

حضرت ابو محذورہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔یہ ابو مخدورہ آنحضرت ﷺ کے موذن تھے۔ایک حضرت بلال رضی اللہ عنہ دوسرے حضرت عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ ایک اور صحابی ہیں اس طرح یہ چار موذن آنحضرت ﷺ کے عہد مبارک میں تھے قَالَ کُنْتُ جَالِساً عِنْدَ عُمَرَ اِذْ جَاءَ صَفْوَانُ بنُ اُمَیَّۃَ بِجَفْنَۃٍ کہتے ہیں میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں بیٹھا تھا۔اتنے میں حضرت صفوان بن امیہ جفنہ لیکر آئے۔ جفنہ کے معنی تھال۔تسلہ جس میں کھانا کھاتے تھے اور یہ صفوان آخر میں مسلمان ہوئے ہیں۔فتح مکہ میں بھی بھاگ نکلے تھے پھران کے کسی عزیز نے ان کے لئے پناہ طلب کی تھی پناہ ملنے پر یہ واپس مکہ آگئے تھے۔ آنے کے بعد بھی کفر پر قائم رہے جب غزوۂ حنین ہوا اس وقت یہ مسلمان ہوئے۔یہ جاہلیت کے رئیسوں میں سے ہیں جاہلیت کے زمانے کے دس رئیس مشہور تھے ان میں سے یہ ایک ہیں وہ جفنہ کافی بڑا تھا اس لئے دیغ کی طرح اس کو پکڑ کر لائے فَوَضَعُوْھَا بَیْنَ یَدَيْ عُمَرَ انہوں نے لاکر حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھ دیا فَدَعَا عُمَرُ مَسَاکِیْنَ النَّاسِ

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تمام مساکین اور غلاموں کو بلالیا فا کلو ا منہ انہوں نے سب نے ملکہ اس جفنہ میں سے کھایا اور یہ فرمایا جو لوگ غلاموں کو اپنے ساتھ بٹھلا کر کھانا کھانے سے عار کرتے ہیں وہ ہلاک ہو جائیں دراصل یہ صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو تعلیم دینی تھی اور صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سمجھا تھا کہ کھانا تھوڑا رہے گا اس لئے غلاموں کو نہیں بلایا تھا۔ چوں کہ حضرت صفون بھی صحابی ہیں ان کا فعل نہ بلانا ہے اس لئے کھانا مقدار میں کم ہو یا اور کوئی عذر ہو تو ساتھ بٹھلا کر نہ کھلانا جائز ہے لیکن جس سے پکوایا ہے اس نے کھانے کی خوشبو سونگھی ہے اس کا حق ہے کہ اس کو ضرور کچھ نہ کچھ دیدیا جائے اور اگر نفس کو ساتھ مل کر کھانے میں عار آتی ہو تو اس میں عجب کا علاج بھی ہے کہ ضرور ساتھ کھلائے اور اس میں نوکر کی تربیت بھی ہے کہ اگر خیال ہو قرینہ سے معلوم ہو کہ نوکر سر پر چڑھ جائے گا کام نہ کریگا تو اس کو الگ دیدیا جائے۔ صحابہ کرام میں حقوق سب کے برابر سمجھے جاتے تھے۔اب ان حقوق کی رعایت نہیں کی جاتی ہے اس لئے دونوں جانب کی مصلحتوں کی رعایت رکھی گئی ہے کہ ساتھ کھلانا حق واجب نہیں ہے مگر ساتھ کھلانے کو اپنی توہین بھی نہ سمجھنی چاہئے۔

مجلس : ۸

# ہدیہ کے آداب

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ بنو فزارہ کے ایک بدو عرب نے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہدیہ میں ایک ناقہ دی۔ آپ نے قبول فرمالی مگر آپ کی عادت مبارکہ تھی کہ ہدیہ کی مکافات فرمایا کرتے تھے اور یہ سنت ہے کہ ہدیہ دینے والے کو کچھ نہ کچھ دیدیا جائے۔ ناپ تول کر پورا پورا نہ دیں۔ کم وبیش ہو سکتا ہے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بدوی کو کوئی ہدیہ دیا تو وہ ناراض ہو گیا اس پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ہدیہ کے لینے دینے میں برابری نہیں ہوتی ہاں توجہ اور خیال اس کا حق ہے۔ اس کی ناراضگی دیکھ کر آپ نے فرمایا کہ آئندہ قبیلہ انصار اوس اور ثقیف ان چار قبیلوں سے ہدیہ قبول کیا کروں گا یہ چاروں قبائل شرفاء شمار ہوتے تھے اور مکافات میں تھوڑے ہدیہ کو خوشی سے قبول کرتے تھے ناراض نہ ہوتے تھے۔ اس لئے ان کی تخصیص کی۔ بہر حال مہدی الیہ (جس کو ہدیہ دیا جائے) انتظار نہ کرے کہ جب اتنے ہدیہ کا انتظام ہو تب دوں گا۔ جو خوشی سے دینا چاہے دیدے اور مہدی مکافات میں آنے کا انتظار نہ کرے۔ آئے تو انکار نہ کرے۔ کیوں کہ بطیب خاطر کوئی دے تو ہدیہ قبول کرنا سنت ہے۔ حدیث میں ہے تہادوا تحالوا۔ گویا ہدیہ دینا اور ہدیہ قبول کرنا دونوں باعث ثواب ہیں۔ جب قبول کرنا ثواب ہے تو انکار کرنا کیسے درست ہو سکتا ہے۔ لے لینا کم از کم باعث برکت تو ہے۔ اس حدیث میں ہے کہ آئندہ کے لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے چار قبائل کے علاوہ ہدیہ لینے سے انکار کر دیا۔ اس سے معلوم ہوا کہ عبادت غیر مقصودہ میں غلطی اور فساد شامل ہو جائے تو اسے چھوڑ دینا چاہئے۔ ترک کرنے میں کوئی گناہ نہ ہوگا۔ اسی لئے ولیمہ کی دعوت قبول کرنا سنت ہے لیکن اگر وہاں منکرات ہوں۔ شرع کے خلاف کام ہوں تو اس دعوت ولیمہ کو چھوڑ دینا

چاہئے۔ بیشتران دعوتوں میں بدعات و منکرات شامل ہو گئی ہیں اس لئے یہ دعوت ہی قابل ترک ہیں۔ اسی طرح محفل میلاد ایک طاعت و کار ثواب ہے۔ آپ کے حالات بیان کرنا عین اسلام ہے مگر اس میں خرافات ہونے لگیں گانا' بجانا' عورتوں کا اجتماع۔ موضوع روایات کا پڑھنا جن کا پڑھنااور سننا حرام ہے۔ کیوں کہ حدیث میں ہے "مَنْ كَذِبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّءْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ."

اس حدیث سے معلوم ہوتاہے کہ جھوٹی حدیثیں بیان کرنا اور ان کا سننا دونوں گناہ ہیں اور ناجائز ہیں۔ اسی لئے صحابہ وسلف کا طریقہ جہاں تک ہے وہ بھی کچھ حدیث کے الفاظ نقل کرتے تھے۔ مفہوم اور معنی بیان کرنے کا دستور نہیں تھا اور الفاظ بھی بہت احتیاط کے ساتھ نقل کرتے تھے اور وجہ اس کی یہی وعید ہے۔

اب واعظ پیشہ وروں نے ٹھیکہ ہی لے رکھا ہے کہ موضوع روایات ہی بیان کرتے ہیں۔ جب تک وہ گھڑی ہوئی روایات نہ سنالیں ان کو مزا ہی نہیں آتا۔ کیوں کہ ان کا مقصد تو مجلس کو گرمانا ہوتا ہے۔

## شیخ احمد کا وصیت نامہ بے اصل ہے

یہ آج کل جو شیخ احمد کا وصیت نامہ چھپ کر تقسیم ہوتا ہے یہ بھی ان ہی موضوعات میں داخل ہے۔ اس سے ڈرنا نہ چاہئے۔ بچہ مرگیا۔ نقصان ہو جائے گا یہ سب لغویات ہیں۔ اور نیک کام کو کرنے ہی چاہئیں۔ بھلا جو بات آپ نے یقظہ میں فرمائی ہے اسی کے خلاف خواب میں کیسے فرما سکتے ہیں۔

اس قسم کی جہالت کی باتوں سے گرما دینا ہی مقصود ہے اور جاہل تو جہالت ہی کی باتوں سے راضی ہوتے ہیں۔ میلاد میں بھی ناجائز باتیں شامل ہوگئیں اس لئے اسے روک دیا گیا ہے اور کھڑے ہو کر درود وسلام پڑھنا ناجائز نہیں ہے مگر اس کو فرض قرار دینا جس کھڑے ہو کر پڑھنے کو اللہ نے واجب نہیں کیا تم کون ہو کہ اسے واجب سمجھو اور اس پابندی سے کرنے کا حکم نہیں آیا یہ پابندی کرنا گناہ ہے۔ پھر اس سے صرف نام و نمود اور رونق کرانا مقصود رہ گیا ہے۔ اس لئے وہ قابل ترک ہو گیا۔

## ہدیہ قبول کرنا ضروری نہیں

نبی کریم ﷺ نے ہدیہ قبول کرنے کو روک دیا اس سے ایک شرعی قاعدہ ثابت ہوا۔ کہ وہ کام فرض، واجب، سنت موکدہ نہیں ہے مستحب ہے اس میں مفاسد شامل ہو جائیں۔ تو وہ کام ہی قابل ترک ہے ہاں فرض وواجب میں مفاسد شامل ہو جائیں تو فرض وواجب کو باقی رکھ کر ان مفاسد کی اصلاح کی جاوے گی۔ مثلاً اذان کے اندر درود وسلام شامل کر لیا تو اذان ترک نہ کریں گے۔ بلکہ اصلاح کریں گے کہ درود وسلام تمہارے اختیار میں نہیں ہے جہاں تمہارا جی چاہا وہاں لگا دیا۔ ہمیں تو نبی کریم ﷺ کی اتباع کرانی ہے اور لوگوں سے ان ہی کی اتباع کرانی ہے نہ کہ ان کو چھوڑ کر ان کے طریقہ کے خلاف اپنی اتباع کرانی ہے۔ اسی طرح نکاح مقصود شرعی ہے اس میں رسوم ملائی جائیں گی تو نکاح کو ترک نہ کریں گے بلکہ رسوم کی اصلاح کریں گے۔ سو سنن مقصودہ کو ترک نہ کریں گے۔

اب ہدیہ قبول کرنا سنن مقصودہ میں سے نہیں ہے۔ عمر بھر نہ لو تو کیا حرج ہے۔ اس میں مفاسد ہوں گے ترک کر دیں گے۔

# حیا اور اس کی قسمیں

## بے حیائی کی مذمت

**حدیث** ۔ پچھلے انبیاء علیہم السلام کے جو کلمات منقول ہیں۔وہ کچھ باقی رہ گئے ہیں اور حضور اکرم ﷺ کے زمانے تک آئے اور آپ کی زبان مبارک سے بھی منقول ہیں ان میں سے ایک بات یہ ہے جیسا کہ رسول کریم ﷺ نے فرمایا ہے کہ نبوت کے کلمات میں سے تھوڑے سے باقی رہ گئے ہیں ان میں سے ایک یہ کلمہ ہے اذَا مَا استَحْیَیْتَ فَاصْنَعْ بِمَاشِئْتَ ۔ جب تجھے حیا نہ رہی تو جو تیرا جی چاہے کر۔اس کے ظاہری معنی مراد نہیں ہیں کہ اجازت دی جا رہی ہے بلکہ مقصود یہ ہے کہ حیا کرو یہ بھی برائیوں سے روکتی ہے جب حیا ہی نہ رہی تو اچھا برا ہی دل سے نکل جاتا ہے اس لئے حیا کو روک رکھنے کا حکم دے رہے ہیں۔

**حدیث** ۔ الایمانُ بِضعٌ وَسبعونَ شُعْبَۃً وَفِي رِوَایَۃٍ ستُّونَ ۔ شعبہ شاخ کو کہتے ہیں ایمان کی ستر سے زائد شاخیں ہیں اور یہ کسی ایک حدیث میں لکھی نہیں ملیں گی مختلف روایات میں متفرق بیان ہوئی ہیں اس لئے بعض حضرات محدثین نے جہاں اس شعبہ ایمان کا ذکر آیا ہے ان احادیث کو ایک جگہ جمع کر دیا ہے صحابہ و تابعین و سلف کو یہ باتیں سب زبانی یاد تھیں، اب حالت یہ ہے کہ قرآن وحدیث کی خالص اصطلاحین بھی یاد نہیں رہیں یہ سب ان جلسوں جلوسوں کی برکت ہے ان احادیث کو بیہقی نے جمع کیا ہے۔

عربی کے نام ضرور لینا چاہیں پھر ان کا مطلب سمجھا دیں۔اس زباندانی کی رٹ نے عربی کا ستیاناس مارا ہے۔شکل تو مسلم و غیر مسلم سب کی یکساں ہوگئی اس عربی محاورے ہی سے مسلمان ہونا سمجھ لیتے اب نام بھی لیں گے تو یہ ایم اے ہیں۔بی اے ہیں۔عربی کے نام سے تو ایک نور پیدا ہوتا ہے۔جتنا اس سے دور ہو گا اتنی ہی نحوست ہوگی۔

## سب سے افضل کلمہ

افضلها لا الٰهَ الله اس کلمہ کا اصل مفہوم کا اعتقاد کرنا اصل ایمان ہے ہاں اس کا کثرت سے ذکر کرنا یہ ایمان کا شعبہ ہے حدیث میں ہے اَفْضَلُ الذِّکر لا الٰهَ الا الله (مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ ﷺ) افضل الذکر گویا لا الٰهَ الا الله ہی ہے مگر دوسرا کلمہ محمد رسول اللہ بھی کبھی کبھی اس کے ساتھ ملاتا رہے۔ لیکن اول بھی یہی کلمہ ہو آخر بھی یہ ہی ہو اور بچے کو بھی پہلے یہی کلمہ سکھلاؤ۔ پھر آخر میں بوقت مرگ اسی کی تلقین کرو۔

حدیث میں ہے مَنْ کَانَ آخرُ کلامه لا إلٰهَ إلا الله دَخَلَ الْجَنَّةَ اس لئے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ سوتے وقت آخر میں یہی کلمہ پڑھ کر سوئے اور جب بیدار ہو تو یہی کلمہ پڑھے اور جاگنے کی دعا بھی پڑھ لے ان کو جمع کر لینا درست ہے۔ آخری کلمہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس کلمہ کو پڑھ کر مرنے والا خاموش پڑا رہے اگر بول پڑے پھر پڑھ لے۔ مرنا تو اختیار میں نہیں ہے اس لئے پڑھ لینے کے بعد خواہ زندہ رہا مگر آخری کلمہ یہی منہ سے نکلے۔

ابوزرعہ رحمۃ اللہ علیہ کا وقت آخر ہوا تو شاگردوں کو جمع کیا اور ان کے سامنے اسی حدیث کی سند پڑھی پھر کہا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّي الله عَلَيْه وَسَلَّم مَنْ کَانَ آخرُ کلامه لا إلٰهَ إلا الله بس اتنا کہتے ہی موت آگئی باقی حدیث تو شاید فرشتوں نے پڑھی ہوگی مگر ان کا خاتمہ لا الہ الا اللہ پر ہوا۔

حدیث شریف میں ہے جَدِّدُوْا اِیْمَانَکُمْ بِقَوْلِ لا إلٰهَ إلا الله اس کا مطلب یہ ہے کہ کلمہ طیبہ کثرت سے پڑھتے رہا کرو۔

## تکلیف دہ چیزیں راہ سے ہٹانا

اَدْنَاهَا اِمَاطَةُ الاذَي عَنْ الطَّرِيْق. اذی وہ ناگوار بات ہے جس سے تکلیف ہو جائے۔ ٹھوکر لگ جائے، کانٹا چبھ جائے، کانچ، ٹین، آگ، روڑا، پتھر

ایسی چیزوں کو راستے سے ہٹا دو یہ ایمان کا ادنیٰ شعبہ ہے اور الحیاء من الایمان یہ درمیانی شعبہ ہے جس میں حیا نہیں اس میں ایمان نہیں اگر حیا ہوتی ایمان ہوتا۔ حیا علامت ایمان ہے۔

اس حدیث میں تین شعبے بیان کئے ہیں مگر امام بیہقی رحمۃ اللہ علیہ نے مستقل ایک کتاب شعب الایمان لکھی ہے۔ ان کے علاوہ اور محدثین نے بھی ایسی کتابیں لکھی ہیں حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے بھی فروع الایمان کے نام سے ایک کتاب لکھی ہے۔ اگر کوئی کتاب مطالعہ کرنی ہو تو کسی عالم دیندار سے مشورہ کرکے مطالعہ کرنا چاہئے اور جاہلوں کی کتابوں سے بچنا چاہئے۔

# حیا کی چھ قسمیں ہیں

## گناہوں سے حیا

ایک حیا یہ ہے کہ گناہ کرتے ہوئے شرمائے۔ حیا کا مقتضی بھی ہے جیسے حضرت آدم علیہ السلام سے جب ایسی بات ہوئی تو اللہ تعالیٰ سے حیا کی وجہ سے چھپتے پھرتے تھے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہم سے کہاں بھاگو گے عرض کیا بھاگتا نہیں ہوں حیا کرتا ہوں فرار نہیں حیاء منك۔

## حیا تقصیری

دوسری حیا تقصیری ہے کام جس طرح کرنا تھا اس طرح وہ نہیں ہوا اس پر بھی حیا آنی چاہئے۔

ایک شخص نے ملنے کا وقت لیا۔ وقت مقررہ پر میں آبیٹھا۔ مگر وہ نہیں آئے چار بجے کا وقت دیا تھا انتظار میں پانچ بج گئے۔ آخر انتظار کر کے چلا گیا پھر دوسرے دن وہ تشریف لائے اور باتیں کرنے لگے۔ معذرت بھی نہیں کی۔ کہنے لگے دیسی ٹائم ایسا ہی ہوتا ہے۔ منتظر نے کہا ان کو حیا نہیں ہے لہٰذا اس دروازے سے سیدھے نکل جاؤ۔ تمہارے اندر حیا نہیں۔ تم انسان نہیں ہو آدمی کسی کام کا وعدہ کرے تو اس کا ایفا کرے ورنہ اپنی شرمندگی کا اظہار کرے ورنہ تو ایمان وانسانیت کا تقاضہ موجود نہیں۔

## حیا کرم

تیسری حیا کرم ہوتی ہے یعنی آدمی شرافت کی وجہ سے شرماتا ہے نہ اس کا کوئی گناہ ہے نہ کوتاہی ہے۔ فقط کرامت نفس کی وجہ سے حیا آتی ہے۔ حضرت زینب رضی اللہ عنہا سے آپ کا نکاح ہوا تو ولیمہ کے کھانا کھانے کے بعد چند لوگوں نے لمبا

کلام کرنا شروع کر دیا اور وہیں جم کر بیٹھ گئے۔ آیت حجاب ابھی تک نازل نہ ہوئی تھی ورنہ آپ فرما دیتے کہ اب دیر ہوگئی ہے جاؤ مگر حیا کی وجہ سے آپ نے ان سے کچھ نہیں کہا۔ کسی سے میل ملاقات کرنی ہو تو فراغت کے بعد دریافت کرلو اور چلے جاؤ دوسرے کو گرانی سے بچاؤ۔ اس کو گرانی ہوتی ہے مگر شرافت نفس کی حیا مانع ہے۔

حضرت میاں جی رحمۃ اللہ علیہ نے لکھ کر لگا رکھا تھا "زیادہ دیر بیٹھ کر اپنا اور دوسرے کا وقت ضائع نہ کیجئے"، اگر کوئی کام نہ ہو بیٹھنا ہو تو مسجد میں تسبیح لیکر بیٹھ جاؤ۔ جب وہ حضرات بیٹھے ہی رہے اور حضور اکرم ﷺ حیا سے فرما نہ سکے تو آسمان سے آیت اتری " وَاِذَا طَعِمتُمْ فَانْتَشِرُوا " یعنی دعوت کھانے کے بعد دھونی دے کر نہ بیٹھو۔

آج کل ایک دعوت چلی ہے ایک گھنٹہ پہلے جاؤ پھر دو گھنٹہ دعوت میں لگاؤ ایک دعوت میں تین چار گھنٹے سے کم خرچ نہیں ہوتے۔ گپ شپ لگی رہتی ہے یہ انسانوں کا کام ہے؟

## حیا جنسی

چوتھی حیا وہ ہے جو ایسی چیزوں کے کہنے سننے سے جو میاں بیوی کے تعلقات میں ہوتی ہے اظہار کرنے سے شرم آتی ہے جیسے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ ان کو مذی کثرت سے آتی تھی۔ زوجہ سے ملاعبت کرتے وقت مذی آتی ہے۔ اس کا قانون معلوم نہیں تھا کہ اس کے نکلنے کے بعد غسل کرنا ہے یا وضو کافی ہے اور سوال کرنا تھا آنحضرت ﷺ سے اور حضرت علی رضی اللہ عنہ داماد تھے خود یہ مسئلہ پوچھنے میں حیا آتی تھی اس لئے دوسرے صحابی حضرت مقداد رضی اللہ عنہ سے انہوں نے کہا کہ تم پوچھ آؤ۔ چنانچہ حضرت مقداد رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا اور حضرت علی رضی اللہ عنہ وہاں موجود رہے۔ آپ نے فرمایا کہ مذی مثل پیشاب کے ہے جس سے وضو ہے اس کے بعد غسل واجب نہیں ہوتا ہاں اس سے کپڑا ناپاک ہو جاتا ہے سو بدن اور کپڑا دھو ڈالیں اس کو حیا شرعی کہتے ہیں یہ بھی محمود ہے بعض لوگ حق کے اظہار کو عام کرتے ہیں۔ غلط ہے۔

## حیا اجلالی

پانچویں حیا اجلالی ہوتی ہے کسی کو بڑا سمجھ کر اس سے حیا آتی ہے جیسے حضرت اسرافیل علیہ السلام اللہ کے حکم کے انتظار میں پر سمیٹے جھکے کھڑے ہیں ان پر اللہ تعالیٰ کے جلال کا غلبہ ہے۔

## حیا استحقار

چھٹی حیا استحقار ہوتی ہے کسی چیز کو حقیر سمجھ کر اس کے مانگنے سے حیا کرنا مثلاً حضرت موسیٰ علیہ السلام سے کسی نے عرض کیا کہ اللہ تعالیٰ نے تو حکم دیا ہے کہ مجھ سے مانگو مگر ایک ماشہ نمک کی حاجت ہے کہتے ہوئے شرم آتی ہے مگر حق تعالیٰ نے یہی فرمایا کہ آٹے کا نمک اور بکری کا چارا بھی مجھ ہی سے مانگو وہ فی نفسہ تو حقیر شے ہے مگر اس کے پیدا کرنے میں بڑی حکمت ہے اس چیز کی حاجت پیدا کرنے میں غایت درجہ کی عظیم حکمت ہے۔

# چند ارشادات

## مال کی قدر کرو

فرمایا مال کی قدر کرو، مال دنیا کی زندگی کا سہارا ہے، اس کو ہوش و عقل کے ساتھ خرچ کرو اور اگر خرچ کرنے ہی کا جوش ہے تو اللہ تعالیٰ کی راہ میں دو، اس میں حوصلہ آزمائی کرو۔

## کم خرچ والا نکاح زیادہ باعث برکت ہے

فرمایا حدیث میں ہے اَعْظَمُ النِّکَاحِ بَرَکَۃً اَیْسَرُہٗ مُئُوْنَۃً (جس نکاح میں خرچ کم سے کم ہوگا برکت اسی میں زیادہ ہوگی) اس سے صاف ظاہر ہے کہ جتنا زیادہ نکاح میں خرچ کیا جائے گا، برکت کم ہوگی۔

## نفلی صدقہ بھی کرنا چاہئے

اپنی نماز کی ظاہری و باطنی اصلاح کرے، انفاق بھی کیا کرے۔ حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کمائی کا تہائی حصہ خیرات کیا کرتے تھے اور حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی آمدنی کا خمس خیرات کرتے تھے حضرت میاں سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس تین چپاتی آتیں تو ڈیڑھ تو خود کھالیتے۔ ایک چپاتی اور سالن کسی غریب آدمی کو دیدیتے اور نصف ہدیہ کر دیتے اور کھانے کی جھاڑن پرندوں کو دیدیتے، آدمی کو انفاق غیر واجبہ بھی کرنا چاہئے۔

## صدقہ اور ہدیہ کا فرق

فرمایا صدقہ میں محض ثواب اور ہدیہ میں ثواب اور تطییب قلب دونوں مقصود

ہیں' اس کی علامت یہ ہے کہ صدقہ اگر کسی محلہ میں صرف کیا جائے اور واپس آجائے تو دوسری جگہ صرف کیا جاتا ہے' اور ہدیہ میں یہ نہیں ہوتا' اگر واپس ہو جائے تو خود صرف کر لیتے ہیں۔

## برکت ہونے کا مطلب

ایک تشریح برکت کی تو حضرت والا ﷺ نے کی ہے کہ وہ اپنی ذات پر خرچ ہوتی ہے دوسروں کے کام نہیں آتی مثلاً ڈاکٹر وکیل وغیرہ کو نہیں دی جاتی ہے۔ بس اللہ میاں انہیں آفات سے بچائے رکھیں۔ دوسرا مطلب یہ ہے کہ برکت ہونے سے رات دن کے کام بہ سہولت ہو جاتے ہیں اور پیسے خرچ ہونے کا کم موقعہ آتا ہے اور بعض مرتبہ بالکل بچا رہتا ہے۔ اوروں کا کام وہ سو روپے میں ہوتا ان کا کام بیس روپے میں ہو گیا اور کوئی مفت ہی کر دیتا ہے۔ کوئی خود اللہ کی طرف سے ایسا سبب بن جاتا ہے کہ اس کے کام میں بہت آسانی پیدا ہو جاتی ہے اور وہ پورا ہو جاتا ہے۔ کسی کا سو روپے میں وہ کام ہوتا ہے اس نے پانچ روپے اللہ کی رضا کے لئے صدقہ کر دیئے تو اس کا کام انشاء اللہ پچانوے ہی میں کرا دیں گے۔ یہی کام دوسرے کا سو ڈیڑھ سو میں ہوتا۔

## مال تجارت کی کونسی قیمت زکوۃ میں معتبر ہے

کسی صاحب نے دریافت کیا کہ میں نے تجارت کرنے کی نیت سے مکان تعمیر کرایا ہے تو اس کی قیمت کا کس طرح اندازہ لگاؤں۔ زکوۃ دینی ہے؟

فرمایا ہر تجارتی چیز کا اصول یہ ہے کہ جس روز زکوۃ نکالنی ہے اس روز یہ دیکھے کہ بآسانی یہ کتنے میں بک سکتی ہے۔ اگر بازار میں بیچیں تو کتنے میں بکے گی۔ وہ قیمت لگالی جائے۔ مکان اگر رہنے کیلئے ہے' کوئی چیز استعمال کیلئے ہے یا کرایہ پر چلاتا ہے تو اس پر زکوۃ نہیں ہے' البتہ اگر فروختگی کیلئے ہے تو اس پر زکوۃ ہے۔

مجلس : ۹

# تین آدمیوں کا دوگنا ثواب

## سنی ہوئی بات کی تحقیق ضروری ہے

حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ جو اکابر تابعین میں سے ہیں ان سے کسی شخص نے کہا کیا ایسا حدیث میں آیا ہے کہ اپنی باندی آزاد کرے پھر اس سے نکاح کرے۔ بظاہر تو یہ ایسا ہی معلوم ہوتا ہے جیسے کوئی قربانی کے جانور پر سوار ہو کر چلے۔ یہ اچھا نہیں سمجھا جاتا۔ اس کا جواب حضرت عامر شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے یہ دیا کہ سنی سنائی بات کی پوری تحقیق کر لینا چاہئے آج کل سنی سنائی بات پر عمل کر گذرنا عام ہو رہا ہے۔ اور یہ خرابی کی بات ہے۔ پھر اس پر یہ طرہ ہے کہ کوئی ٹھیک بات بتائے تو مانتے بھی نہیں۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ثلثة لهم اجران . تین آدمی اس قسم کے ہیں کہ ان کو ان کے عمل کا دوہرا اجر ملتا ہے۔ ایک وہ شخص ہے جو اپنے نبی پر ایمان لایا پھر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر بھی ایمان لایا له اجران۔ اس شخص کے دو ایمان ہوئے یہ دو پیغمبروں پر ایمان لایا لہٰذا اجر بھی اس کو دگنا ملے گا۔ دوسرے وہ عبد مملوک ہے جس نے اللہ تعالیٰ کا حق ادا کیا اور اپنے آقا کا حق بھی ادا کیا۔ یعنی نماز روزے کا بھی پابند ہے اور اپنے آقا کی خدمت میں بھی کوتاہی نہیں کرتا۔ اس میں نوکر بھی داخل ہے۔ جو نوکر حق اللہ یعنی احکام الٰہی کی پابندی کرتا ہے۔ اور جس کے یہاں ملازم ہے اس کا حق بھی پورا ادا کرتا ہے اس کے لئے دو اجر ہیں تیسرا وہ شخص ہے جس کے پاس باندی تھی۔ اس نے اس کو آزاد کر دیا پھر اس سے نکاح کیا اس کو تعلیم دی اور تادیب کی فله اجران اس کے لئے بھی دو اجر ہیں یہ شخص اگرچہ بغیر نکاح کے زن و شوہر کے تعلقات رکھ سکتا تھا۔ کیوں کہ ملکیت قائم مقام نکاح کے ہے۔ بیع میں ایجاب و قبول ہوتا ہے اور قیمت طے ہوتی ہے جس طرح نکاح میں ایجاب و قبول ہوتا ہے اور مہر طے

ہوتاہے۔ نکاح کے ایجاب وقبول سے تو صرف تمتع وانتفاع کا مالک ہوتا ہے۔ بیع میں تو اس کی رقبہ کا مالک ہو جاتاہے تو جب نکاح سے وطی کرنا درست ہے تو بیع جاریہ ہو جانے سے تو بدرجہ اولیٰ وطی کا مالک ہو جانا چاہئے اور ہر طرح کی خدمت لینااس سے درست ہے۔

تین آدمی تو حدیث کی رو سے یہ ہوئے جن کو دوہرا اجر ملتا ہے ایک کا قرآن کریم میں ذکر ہے تَعْمَلْ صَالِحًا نُّؤْتِهَا اَجْرَهَا مَرَّتَيْنِ یہ ازواج مطہرات کے بارے میں آیت ہے۔ان کے عمل کا اجر دوہرا ہے اس طرح گناہ کی سزا بھی دگنی ہے يُضَاعَفْ لَهُ الْعَذَابُ ضِعْفَيْنِ .

## دوگنا ثواب ملنے کی وجہ

ان لوگوں کو دو اجران کے دو عملوں کی وجہ سے دیئے گئے تو اس میں ان ہی کی کیا تخصیص ہوئی۔جو بھی دو کام کریگا اس کو دو ثواب ملیں گے۔کوئی دس کام کریگا تو اس کو دس ثواب ملیں گے؟

تخصیص کا منشا یہ ہے کہ ان کو ہر عمل میں دوگنا ثواب ملے گا۔ نماز پڑھنے کا دوگنا ثواب، روزے کا اوروں سے دگنا ثواب ملے گا۔اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ بعد مشقت ثواب دیتے ہیں۔اوران امور میں بہت مشقت ہے دیکھئے ایک نبی پر ایمان لانے کے بعد دوسرے نبی پر ایمان لانا بہت مشکل ہے۔ آج کل دیکھئے اگر کسی فاسق وفاجر کو پیر بنا لیا تو اسے نبھاتے ہیں حتیٰ کہ خاندانی پیر جسے الف سے بے نہیں آتا اسے بھی نبھاتے ہیں۔جانتے ہیں پھر نہیں چھوڑتے۔تو جب پیر بنا کر اسے نہیں چھوڑ سکتے تو جو شخص حضرت موسیٰ علیہ السلام یا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر ایمان لایا ہو پھر اسے کہا جائے کہ تم خاتم الانبیاء علیہ الصلوۃ والسلام پر بھی ایمان لاؤ تو بڑی مشقت اور دشوار کام لگتاہے۔پہلے نبی کی پیروی چھوڑ کر آخری پیغمبر کی اتباع کرنا مشکل ہوتاہے اور جب کہ ہر آنے والا پیغمبر اپنے سابقہ پیغمبروں کو سچا بتاتے اوران کی تصدیق کرتے ہوں تو ان کے چھوڑنے میں بڑا وزن پڑتا ہے عقل پر بھی ذہن پر بھی اس لئے ان کو دہرا اجر دیا

جائے گا۔

دوسرے غلام یا نوکر اسے بھی مشقت کا سامنا ہوتا ہے۔ایک طرف آقا نے کام بتایا۔ادھر اذان ہوگئی حي علي الصلوۃ نماز کے لئے آداب فکر میں پڑتا ہے کہ کون سا طریقہ اختیار کیا جائے کہ دونوں حق پامال نہ ہوں۔کس قدر مشقت ہے لیکن اگر کسی وقت تضاد رفع نہ ہو تو حق اللہ مقدم ہو گا جو فرض وواجب ہو۔ایسے ملازم کو بھی ہر عمل کا دوہرا ثواب ملے گا۔

تیسرے آقا اپنی باندی سے ویسے ہی صحبت کر سکتا تھا۔اس سے نفع حاصل کرتا اور خدمت لے سکتا تھا۔لیکن اس نے آزاد کیا پھر اپنے اوپر مزید ذمہ داری بڑھائی۔ نان نفقہ اور مہر کا بار اپنے اوپر بڑھایا اس لئے دو اجر ملیں گے۔

## کیا حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرات خلفاء رضی اللہ عنہم سے بڑھ گئے؟

اس سے تو بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو صحابہ اہل کتاب تھے جیسے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یہ اسلام میں داخل ہوئے تو ان کو دہرا اجر ملے گا اور خلفاء راشدین حضرت ابوبکر صدیق و عمر فاروق رضی اللہ عنہما کو اکہرا اجر ملے گا تو سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ خلفائے راشدین سے بڑھ گئے حالانکہ کہ تمام امت کا متفقہ عقیدہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خلفاء راشدین رضی اللہ عنہم سب سے افضل ہیں۔بالترتیب ان چاروں سے کوئی افضل نہیں ہے۔پھر ان چاروں کے بعد عشرۂ مبشرہ ہیں۔ان دونوں فضیلتوں میں بظاہر تعارض ہو گیا۔

دہرا یا اکہرا ہونے کا اثر اس وقت پڑتا ہے جب دونوں کی ایک جنس ہو مثلاً روپیہ ہے ایک آدمی کو دو روپے دیئے ایک کو ایک روپیہ دیا اس میں دو روپے والے کو فضیلت ہے لیکن اگر کسی کو ایک اشرفی دی اور دوسرے کو دو روپیہ دیئے تو ایک اشرفی اگرچہ عدد میں اکہری ہے مگر دو روپے سے جو دہرے ہیں بڑھ جائے گی۔سو سنار کی ایک لوہار کی والا معاملہ ہے۔حضرات شیخین نے عمل کیا تو ایک موتی ملا اور حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کما تو دو روپے ہے۔لہٰذا فضیلت تو خلفاء اربعہ ہی کو ہوگی۔

عامر شعبي نے یہ حدیث بیان کر کے کہا کہ جاؤ تم کو ایک نعمت دیدی ہے یہ

احسان جتلانا نہیں ہے بلکہ رغبت دلانے کی نیت سے کہا ہے۔چونکہ اس زمانے میں ایک حدیث کے حاصل کرنے کے لئے بڑے سفر کیا کرتے تھے۔اور ان کو قدر بھی ہوتی تھی۔ آج اس علم شریعت کی قدر نہیں رہی۔اس لئے بلا بلا کر مسائل بتاتے ہیں ان کو چھپواتے ہیں کسی طرح یہ حلق میں اتر جائے لیکن لوگ اس کو فضول سمجھتے ہیں۔ ان لوگوں کا تو شکر کرنا چاہئے جو بلا طلب دین پیش کرتے ہیں۔

## ماتحتوں کے بارے میں بازپرس

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آنحضرت ﷺ نے فرمایا کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّکُمْ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ . "تم میں سے ہر ایک راعی اور امیر ہے۔ ہر ایک سے اس کی رعیت کی بارے میں سوال ہو گا اور جتنی اس کی رعیت اور اس کے ماتحت ہیں اتنا ہی اس سے سوال زیادہ ہو گا۔ایک ملک کا بادشاہ ہے۔ایک شہر کا حاکم ہے۔ایک گاؤں کا نمبردار ہے۔ایک آدمی گھر کا بڑا ہے۔وہی ان بیوی بچوں کا بڑا اور امیر ہے۔

## دیہاتی کی نقل

تاریخ کی کتابوں میں لکھا ہے کہ ایک دیہاتی آدمی ہارون رشید کے دربار میں پہنچ گیا۔اسے تو پہلے معلوم ہی نہ تھا کہ دربار کیسا ہوتا ہے۔اس نے خلیفہ ہارون رشید کی تعظیم ملاحظہ کی۔وہ تخت پر بیٹھ جاتا ہے اور تمام درباری بڑی تعظیم سے کھڑے ہوتے اور بات کرتے ہیں خیر وہ جب اپنے گھر آیا تو سوچا کہ لوگوں کو یہ کیسے پتہ چلے کہ یہ بغداد ہو کر آیا ہے۔وہاں کا نمونہ دکھاؤں لوگ پوچھیں گے تب میں کہوں گا کہ بغداد میں ایسا ہی ہوتا ہے۔اب اس کی رعیت تو بیوی بچے ہی تھے اس لئے اس نے چوک میں ایک تخت بچھایا اس پر خود بیٹھ گیا اور بیوی سے کہا کہ جاؤ حقہ بھر کر لاؤ اور ہاتھ جوڑ کر میرے سامنے پیش کرو اور یہ کہو امیرالمومنین یہ حقہ حاضر ہے۔تو اس کی رعیت اس کی یہی بیوی تھی۔اس سے یہ کام لیا۔

بہرحال ہرایک امیر ہے اوراس کی کوئی نہ کوئی رعیت ہے۔اس امیر کے رعایا کے متعلق سوال ہو گا۔ کہ تم نے ان کے نام اچھے کیوں نہ رکھے ان کو دینی تعلیم وادب کیوں نہ سکھلایا۔نیکی کی عادات کیوں نہیں ڈالی۔گناہوں سے نفرت کیوں نہیں دلائی؟اب جیسے بیوی اور اولاد کو عمل نہ کرنے سے عذاب ہو گا والدین کو بھی نہ سکھانے کی وجہ سے عذاب ہو گا۔بے دین 'بے نماز ہونے کا لڑکے کو گناہ ہو گا باپ کو نہ بتانے کا گناہ ہو گا۔بیوی پردہ نہیں کرتی اور خاونداس کو تنبیہہ نہیں کرتا تو وہ بھی گنہگار ہو گا۔ملازم تمہارے ماتحت تھے ان کو نہ دین سے آگاہ کیا نہ ان کو حکم کیا تو عاصی ہو گا ہاں ان کو آگاہ کر دیااور بار بار ٹوکتے رہے اپنی طرف سے پوری کوشش کرلی پھراولاد بے دین رہی۔دین پر نہ آئے توپھراس سے سوال نہ ہو گا ورنہ دونوں سے ہو گا۔

وعبد الرجل راعي علي مال مالكه . غلام اور نوکراپنے آقا کے مال کانگران ہے اگر نوکر نے مال چرایا تو نہیں مگر حفاظت میں کوتاہی کی۔اس کی جو ذمہ داری تھی اس کو پورا نہ کیا تو سوال نوکر سے بھی ہو گا کہ تم نے غفلت کیوں کی۔حفاظت کیوں نہیں کی؟

بادشاہ ساری مملکت کا راعی ہے اس سے ہرایک فرد رعیت کے متعلق سوال ہو گاان پر مصیبت آئی اور بادشاہ نے جو خبرگیری نہ کی تب بھی سوال ہو گا۔

## ایک بڑھیا کی عقلمندی

ایک بڑھیا کچھ بکریوں کی مالک تھی۔ایک بھیڑیا آیااوراس کی ایک بکری کو اٹھا کرلے گیا۔بڑھیا نے امیرالمومنین عمر رضی اللہ عنہ کو بددعا دینی شروع کی کہ عمر کا یہ ہو وہ ہو جائے کہ کسی کی بکریاں بھیڑیا نہ کھا جائے اس لئے جنگلوں میں مارے مارے پھریں۔مگر اتفاق کی بات جب وہ بڑھیا بددعا دے رہی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ ادھر آنکلے وہ بڑھیا ان کو پہچانتی نہ تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بڑھیا سے پوچھا کہ عمر نے کیا قصور کیا ہے جو تو یہ کہہ رہی ہے کہ امیرالمومنین بنا بیٹھا ہے رعیت کی خبر نہیں لیتا تو کیا عمر ہروقت تیری بکریوں کی دیکھ بھال کے لئے یہاں بیٹھا رہے۔بڑھیا بولی کہ اگر اس سے رعیت

کی خبر گیری نہیں ہوتی تو استعفا دیدے۔ وہ خلافت کا اہل نہیں ہے۔ سپاہی مقرر کرے۔ ہماری چراگاہ میں پہرہ لگائے۔ پہرہ دار بٹھائے تاکہ بھیڑیا بکریوں کے پاس نہ آوے۔ علم غیب کی کون کہتا ہے۔ بیشک عمر کو علم غیب نہیں ہے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ یہ سن کر رو پڑے کہ مجھ سے تو یہ بڑھیا ہی زیادہ سمجھدار ہے۔ علم غیب کی نفی کر رہی ہے اور انتظام کی بات بتلا رہی ہے۔ میری ہی غلطی ہے سو اس بڑھیا سے معافی مانگی سبحان اللہ وبحمدہ.

امیر تو راعی ہے لوگوں نے سلطنت کرنے کو راحت سمجھا ہے وہ تکلیف و موت کا پیش خیمہ ہے سارے جہاں کا غم مول لیتا ہے۔

ما غم ناں داریم وتوغم جہاں داری

بلکہ جو جتنا بڑا امیر ہے اتنا ہی قابل رحم ہے

## آدمی اپنے گھر والوں پر نگراں ہے

اَلرَّجُلُ رَاعٍ عَلَي اَهْلِ بَيْتِه . مرد اپنے گھر والوں پر نگراں ہے۔ اس میں بیوی بچے، بھتیجے، بھانجے، نوکر چاکر سب داخل ہیں ان سب کی گھر والے پر ذمہ داری ہے۔ ادا نہ کی تو تم بھی بھگتوگے وہ بھی بھگتیں گے۔ سمجھانے میں کوتاہی نہ کرو۔ الا كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّ رَاعٍ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِيَّتِه آپ نے اس کلمہ کا پھر اعادہ کیا۔

## تعلیم کمیٹی

اس پر یاد آیا کہ لاہور میں تعلیم کمیٹی قائم کی گئی تھی۔ میں نے اس کے لئے اسی حدیث کو بنیاد بنایا تھا۔ اسلامی تعلیم فیس سے شروع ہوتی ہے۔

مگر آپ کے یہاں تو بچوں کی تعلیم پرائمری سے شروع ہوتی ہے۔ پانچ سال کی عمر میں سکول میں داخل کیا جائے تو پانچ سال تک آپ کے یہاں بچہ تعلیم سے خارج رہتا ہے۔ اور اسلام کی تعلیم فطری تعلیم ہے وہ پیدا ہوتے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ ذمہ

داری شروع ہی سے ڈال دی جاتی ہے۔

## نصاب تعلیم و نظام تعلیم

دراصل یہ دو چیزیں الگ الگ ہیں ایک نصاب تعلیم ہے اور ایک نظام تعلیم ہے۔ پرندے کے یہ دو بازو ہیں دونوں ضروری ہیں۔ گاڑی کے دونوں پہیئے ہیں۔ آج کل یہ دونوں خراب کر دیئے گئے ہیں۔ اور اسلامی نصاب تعلیم کی قدر نہیں رہی وہ یہ ہے کہ وہ ہم کو مفت مل گیا ہے۔ اگر محنت و مشقت کے بعد حاصل ہوتا تو قدر ہوتی۔ جو ماں باپ نے بتلا دیا وہ سیکھ لیا۔ اور جو کچھ کلمہ و نماز سیکھ لیا اس کی قدر نہ کی۔

سو نصاب تعلیم کلکم راع سے شروع ہو گا۔ بچے پر گناہ و ثواب تو نہیں مگر والد پر ذمہ داری ضرور ہے۔ بچے کو بھی اگر ریشمی کپڑا پہنایا تو والد پر گناہ ہو گا۔ سونے چاندی کا استعمال مرد کو حرام ہے۔ عورت کے لئے زیور پہننا جائز ہے۔ لیکن مرد کی طرح نابالغ بچوں کو بھی چاندی سونے کا استعمال ناجائز ہے ہاں انگوٹھی چاندی کی ہو تو ساڑھے تین ماشہ تک مستثنیٰ ہے سونے کی بالکل جائز نہیں ہے اور سونے چاندی کے بٹن تو جو بٹن زنجیر والے آتے ہیں وہ تو مرد کو حرام ہیں وہ باقاعدہ زیور ہے۔ ہاں کپڑے کی گھنڈیاں تار سے گونتھ لی جائیں اس کو فقہاء نے جائز لکھا ہے۔ کیوں کہ اہل عرب ان گھنڈیوں کو کپڑے میں سی لیتے تھے اس لئے ان کو کپڑوں کے تابع رکھ کر جائز کہا ہے۔ بٹن کپڑوں سے الگ ہوتے ہیں وہ جائز نہیں۔

اسی طرح سونے کی گھڑی جس میں اکثر حصہ سونے کا ہو مرد کو حرام ہے ہاں اولڈ گولڈ جائز ہے وہ سونا نہیں ہے۔ گھڑی کا کیس غالب یا کل سونے کا ہو اس کا استعمال بھی حرام ہے اگر دوسری دھات اور سونا برابر کا ہو تو بعض فقہاء نے اس کو بھی حرام کہا ہے کیوں کہ بہرحال اس میں سونا موجود ہے اور زیور کے طور پر پہننا ناجائز ہے۔ البتہ مجبوری امر ہو تو بناء بر اختلاف کے گنجائش نکل آئے گی البتہ نہ پہننا ہی اولیٰ ہے۔ باقی زیور کے علاوہ استعمالی چیزیں مثلاً آئینہ گلاس، چمچہ سب کا استعمال مرد و عورت دونوں کے لئے حرام ہے۔ فاؤنٹین پن کا نب نہ وہ زیور ہے اور نہ ظرف

ہے وہاں ضرورت ہے اس لئے یہ جائز ہے اور نب خالص سونے کا ہوتا بھی نہیں ورنہ گھس جاتا۔

## ماں کی گود اسکول ہے

ماں کی گود اسکول ہے والدین معلم و ماسٹر ہیں۔ یہ گھر یونیورسٹی ہے۔ تعلیم جبری ہے۔ جب بچہ بولنے لگے سب سے پہلے اللہ کا نام یا لاالہ الااللہ سکھلاؤ۔ تعلیم کمیٹی کے سپرد نہیں مگر گھر کا نصاب تعلیم اللہ کے نام سے شروع ہوا ہے اس سلیبس کا پہلا سبق کُلُّکُمْ رَاعٍ وَکُلُّ رَاعٍ مَسْئُولٌ عَنْ رَعِیَّتِہٖ ہے اس کے بعد سبحان اللہ پھر کوئی آیت سکھلاؤ۔ انبیاء کے نام سکھاؤ۔ اسی طرح آہستہ آہستہ سکھاتے رہو یہی اصل پرائمری ہے۔ جھوٹ بولے۔ غیبت کرے تو روکو۔ اس کو بتاؤ۔ بچے کا ذہن کورا کاغذ ہے۔ جو نقش چاہو لگا دو جھوٹ نہ بولو۔ گالی نہ دو اس طرح کی تہذیب شروع ہی سے سکھائی جاتی ہے معمولی اسکول کی تعلیم نہیں ہے۔ گھریلو والدین کی ذمہ داری والی تعلیم ہے۔ اس وقت بچہ بلا تکلیف کے اسلامی تہذیب و تمدن کا عادی ہو جائے گا جب بالغ ہو گیا اس وقت بری عادتیں چھڑوانا تو ماں کا دودھ چھڑوانا ہے۔

یورپ کے خاص خاص اخلاق کی جو تعریف کی جاتی ہے وہ سب اسلام ہی سے لئے ہیں اور جہاں اخلاق کچھ اچھے نہیں وہ کالج کی تعلیم سے نہیں بلکہ گھریلو اور ماحول کا اثر ہے۔

## بچوں کی تربیت

جب بچہ آنکھ کھولے گا اس کے سوا اور کوئی سامنے آئے گا۔ ماں، باپ، بھائی، بہن ان کے سوا کس سے وہ سیکھے گا۔ اسکول ہر جگہ نہیں ہیں۔ جہاں اسکول نہیں وہاں کس طرح سیکھے گا۔ جن قوموں نے قرآنی تعلیمات کو اپنا لیا خواہ وہ مسلمان نہ ہوں انہوں نے گھر کا سارا ماحول سدھار لیا۔ انہوں نے نصاب و نظام دونوں

اسلام سے سیکھ لئے ہیں۔ دیکھ لوگ کہیں تعریف کرتے ہیں۔ حقیقت میں تعلیم تو پانچ سال سے پہلے ہی شروع ہو جاتی ہے۔ اس عمر میں بھی بچے کے سامنے کوئی ایسا کام نہ کرو جو ناجائز اور غلط ہو اگر بچہ غلطی کرے۔ گالی دے اور ماں باپ قہقہہ لگائیں گے تو بری عادت پڑ جائے گی پھر عمر بھر نہ جائے گی۔

ایک ماسٹر صاحب کہتے تھے کہ میں تصویر بنا کر یاد کراتا ہوں کہ یہ کتا ہے' بلی ہے' چوہا ہے' تصویر سے ذہن جلدی قبول کر لیتا ہے۔ کتابوں میں بھی فوٹو اسی لئے بنائے جاتے ہیں۔

میں نے کہا آپ لوگ کتا' بھیڑیا' چوہا ان بچوں کو سمجھاتے ہیں اور گھر والے اٹھنا بیٹھنا۔ بات کرنا گھر میں سکھاتے ہیں۔ ہم تو والدین کو کہیں گے کہ دین سکھانا تمہارا کام ہے جب گھر کی پرائمری درست ہوگی تو آخر تک کام ٹھیک رہے گا۔ اسی طرح اگر مسجد کا نظام صحیح ہو جائے کہ امام جو راعی ہے وہ ہدایات صحیح دیتا ہے تو ماہر عالم کی ضرورت نہیں رہتی۔ جتنی یونیورسٹی میں تعلیم ہوتی ہے اس کے مقابلے میں مسجد میں عملی تعلیم ہو سکتی ہے۔

مجلس : ۱۰

# سورۂ یوسف کی آیت اِذْقَالُوْ الَیُوْسُفُ الخ کی عجیب تشریح

یہ آیت تلاوت کی

اِذْ قَالُوْا لَیُوسُفُ وَاَخُوْہُ اَحَبُّ اِلٰي اَبِیْنَا مِنا وَنَحْنُ عُصْبَۃٌ اِنَّ اَبَانَا لَفِيْ ضَلالٍ مُّبِیْنٍ ○

لیوسف میں لام مضمون جملہ کی تاکید کے لئے ہے جس کا ترجمہ ہوگا بیشک اور لام لانے میں یہ اشارہ ہے کہ اس بارے میں رائے مشورے کی ضرورت نہیں کہ والد صاحب کو یوسف سے زیادہ محبت ہے یہ تو تحقیقی بات ہے۔ ورنہ مشورہ یہاں سے شروع ہوتا ہے کہ پہلے محبت کا زیادہ ہونا ثابت کرو۔ پھر یوسف کا نام لیا اگر مبہم لفظ بھائی کہہ دیتے تو مشورہ بھی مبہم ہی رہتا اور ایک دوسرے کو مشورہ دینے میں دقت رہتی۔ اس لئے یہاں نام لینا عین فصاحت ہے کہ اب دوسرے بھائی کا احتمال ہی نہیں رہا۔ اس کے بعد واخوہ میں بنیامین کا نام نہیں لیا کیوں کہ بلاضرورت حسد کے وقت نام لینا گوارا نہیں ہوتا اسی لئے ہمارا بھائی نہیں کہا اخوہ اس کا بھائی کہا۔ پھر ضمیر لائے کیوں کہ اس سے قبل یوسف کا ذکر آچکا ہے دوبارہ لانا ان کو ناگوار تھا۔

اور جب دو ماں ہو جائیں تو ایسا حسد ہو جانا بعید بات نہیں کہ دوسری ماں کے بھائی کو بھائی کہتے ہوئے بھی جھجک ہوتی ہے اور حقیقی بھائی ایک جانب ہو جایا کرتے ہیں۔ اَحَبُّ اِلٰي اَبِیْنَا ۔ ہمارے والد کو اس سے محبت زیادہ ہے یہ نہیں کہا کہ ہم سے بالکل محبت نہیں ہے اس کا تو اقرار ہے کہ ہم سے محبت ہے مگر ان سے زیادہ محبت کرتے ہیں ازدیاد محبت کی نفی کی ہے آخر کو تو پیغمبر تھے اور اس کے تو بھائی بھی

مقرہیں اختیاری حقوق واجبہ میں کوئی کوتاہی نہیں کی۔کھانے پینے روٹی کپڑے میں سب کو برابر رکھتے تھے ورنہ یوں ہی کہتے کہ ان کو کھلاتے پلاتے زیادہ ہیں یہ نہیں کہا۔محبت زیادہ ہونے کی شکایت کی اور ازدیاد محبت غیراختیاری فطری امر ہے اس پر کوئی مواخذہ عنداللہ نہیں ہے۔چوں کہ حسد ہو گیا تھااور محسود کی بھلی شان حاسد کے ذہن سے نکل جایاکرتی ہیں۔ورنہ ان کے احب ہونے کا خیال کرتے کہ یہ سب سے چھوٹے ہیں ان کی والدہ گزر گئی ہے والد صاحب ان کو ہونہار سمجھتے ہیں ان کو صرف اپنا استحقاق ہی یاد رہا وہ یہ کہ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ہم قوی جماعت ہیں۔عصابہ کے معنی پٹی کے آتے ہیں۔گویا ہم پٹی کی طرح ملکر جماعت کی صورت میں مضبوط ہیں سب کام سرانجام دے سکتے ہیں لہٰذا ہم ہی احق الی المحبت ہوئے۔بھائیوں نے اپنا احق ہونا اپنے ذہن میں سمجھ لیا تھا کہ آخر یہ ہمارے بھی والد ہیں پھروہ ایساکیوں کر رہے ہیں۔

کچھ پسری پدری تعلقات ایسے ہوتے ہیں کہ اولاد کی طرف چنداں ایسی باتوں کی طرف التفات کم ہوتا ہے کہ پھر سمجھ جائیں گے دوسروں کو جلدی سمجھا دیاکرتے ہیں اس لئے خفیہ انہوں نے مشورہ کیا اور یکطرفہ فیصلہ کر لیا کہ "اِنَّ اَبَانَا لَفِي ضلال مُّبِين" ہمارے والد صاحب کھلی ہوئی غلطی پر ہیں۔ضلال کے معنی خطا کے ہیں۔والدؑ کو اجتہادی غلطی لگ گئی ہے کیوں کہ اگر ضلال کے معنی گمراہ کے لئے جائیں تو کفر لازم آتا ہے اس قرینہ سے یہ معنی لیں گے کہ وہ خطاءاجتہادی کر رہے ہیں۔اس میں انّ لائے گویاان کے نزدیک یہ بات قطعی اور یقینی تھی۔اپنے نزدیک بے شبہ بات کہہ رہے تھے پھر ابانا کہا۔معلوم ہوا کہ ان کو والد کے ساتھ دشمنی نہیں تھی ورنہ ہمارے نہ بولتے پھر نفی میں لام لاتے گویاان کو ذرابھی شبہ نہ تھا تاکید کے ساتھ کہتے ہیں کہ ہمارے والد سے خطاہو رہی ہے پھر "مبین" کہا کہ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں جو معلوم نہ ہوبلکہ ظاہر باہر بات ہے گویاانہوں نے آپس میں بالکل پختہ طے کر لیا جو ہمارا خیال ہے وہ بالکل صحیح ہے۔

سوال: حضرت یعقوب علیہ السلام کو جب معلوم تھا کہ ان میں یہ کش مکش ہے پھر اس کی وجہ یوسف علیہ السلام سے ازدیاد محبت ہے تو اس کا بندوبست کیوں نہیں کیا۔

جواب: بھائیوں کو ایک طرف نگاہ تھی یہ ان کی خود غلطی تھی یعقوب علیہ السلام

دونوں جانب نگاہ رکھتے تھے یوسف علیہ السلام احبیت کے مستحق تھے۔ پھر یہ ایک فطری غیر اختیاری امر ہے اس پر دلالت نہیں ہوسکتی۔

سوال: ان بھائیوں نے والد کو خطا کی طرف کیوں منسوب کیا؟

جواب: خطا سے مراد خطا اجتہادی ہے۔ حالاں کہ خود ہی خطا میں مبتلا تھے ان کی والدہ فوت ہوگئی تھی کمزور تھے۔ سب سے چھوٹے تھے۔ سب سے خوبصورت تھے۔ ہونہار تھے یہ باتیں بھائیوں سے اوجھل رہی اس لئے وہ حسد کر بیٹھے۔

# ایک ارشاد

## مَنْ یَّشَاءُ کی دو تفسیریں

مشہور یہ ہے کہ "وَلٰکِنَّ اللہَ یَھْدِیْ مَنْ یَّشَاءُ" میں یشاء کی ضمیر اللہ کی طرف راجع ہے یعنی جس کو اللہ تعالیٰ ہدایت بخشنا چاہیں اس کو ہدایت فرما دیتے ہیں یہ عقیدہ بالکل درست ہے۔ مگر بعض کج فہم لوگ اس سے جبر اور ترک سعی پر استدلال کرنے لگتے ہیں۔ سو اس کا جواب یہ ہے اور یہ جواب اغبیاء کے لئے ہے کہ ضمیر من موصولہ کی طرف راجع ہے مطلب یہ ہوگا کہ جو شخص ہدایت چاہے اس کو ہدایت دیدیتے ہیں یہ تفسیر اگرچہ منقول نہیں مگر دوسری آیت سے اس کی تائید ہوتی ہے۔ "اَنُلْزِمُکُمُوْھَا وَاَنْتُمْ لَھَا کَارِھُوْنَ" یعنی وہ خود تمہارے اوپر ہدایت کو چپکاتے نہیں ہیں تم ارادہ کرو تب وہ ہدایت دیں گے۔

اس پر اشکال یہ ہوگا کہ خود بندے کا ارادہ بھی تو ان کی مشیت پر موقوف ہے "وَمَا تَشَاءُوْنَ اِلَّا اَنْ یَّشَاءَ اللہُ" اس کا جواب یہ ہے کہ تم کو پہلے سے تو معلوم نہیں کہ فلاں کام میں اللہ تعالیٰ کی کیا مشیت ہے۔ پہلے تم مشیت کرو ارادہ کرکے تمام کرو اس کے بعد معلوم ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کی مشیت اس طرح تھی۔ اسی طرح تم اوامر ونواہی پر عمل کرنا شروع کرو۔ بعد میں معلوم ہو جائے گا کہ مشیت الٰہی یہ تھی۔ ارادہ کرو شرع کے مطابق عمل کرو۔ تمہارا یہی کام ہے۔ آگے اللہ کی مشیت ہے ترک عمل کا نام مشیت نہیں ہے۔

اور الزامی جواب یہ ہے کہ دنیاوی افعال میں تم ایسا کیوں نہیں کرتے کہ اللہ کو منظور ہوگا تو دنیا کا کام ہو جائے گا۔ ہمارے ارادے اور مشیت سے کیا ہوتا ہے یہاں ایسا نہیں کرتے۔ تو معلوم ہوا کہ یہ محض نفس کی شرارت ہے۔

مجلس : ۱۱

# شہادت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ

حضرت قاری فتح محمد صاحب حج سے تشریف لائے ہیں۔ فرمایا کہ آج تو قاری صاحب سے سننے کو جی چاہتا ہے۔ قاری صاحب نے اصرار فرمایا۔ اس کے بعد شروع کیا۔ محرم کا عشرہ ہے اور عام مسلمان آج دین سمجھ کر کیا کیا کر رہے ہیں۔ آپ بھی دیکھ رہے ہیں بلکہ ایک سوال مجھ سے ہوا ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بارے میں۔ اب میں کیا عرض کروں یہ سوال نیا نہیں ہے پرانا ہے۔ سینکڑوں کتابیں لکھی گئی ہیں، بڑے اختلاف ہوئے ہیں۔ جنگ وجدال ہوئے ہیں پہلے تو اصول کی بات بتاتا ہوں۔ قرآن اور حدیث سے مسلمان کے لئے جو زندگی کا اصول ثابت ہے۔ کس وقت کیا عمل ہم کو کرنا ہے۔ یہ ہر سمجھدار آدمی معلوم کرنا چاہتا ہے۔ دنیا کی ہر قوم کچھ تقریبات رکھتی ہیں اور ان کے منانے کا خاص طریقہ ہوتا ہے۔ اسی طرح ہمارے لئے کیا کرنا ہے۔ اب آپ اور ہم سوچیں تو کوئی کہے گا۔ روزہ زیادہ رکھو۔ کوئی نماز، کوئی صدقات کوئی تلاوت۔ اسی طرح ہر شخص کی اپنی رائے علیحدہ ہوگی۔ یہ آپ سوچ لیجئے کہ آپ کو اپنی رائے سے کرنا ہے یا جو قرآن وحدیث سے ثابت ہو وہ کرنا ہے۔ ظاہر ہے کہ نہ انسان کی رائے اور قیاس اس کا ادراک کر سکتا ہے اور نہ اس طریقہ سے کسی فلاح کو پہنچ سکتے ہیں۔ اس لئے ہر شخص اپنے مذہب کی اس میں آڑ لیتا ہے اور لینا چاہئے۔ اس میں کسی کمیٹی بنانے یا ووٹنگ کرنے یا جمہور سے فیصلہ کرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ قرآن کی آیت میں اس کا حل موجود ہے۔ وہی ہم کو ماننا چاہئے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔ آپ کے رب کی قسم یہ لوگ کبھی مومن نہ ہوں گے جب تک کہ آپ کو حکم نہ مان لیں۔ اپنے تمام اختلافی اور نزاعی معاملات میں۔ لہٰذا رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم کو ہم یقین کے ساتھ یہ سمجھیں اور عمل کریں کہ یہی ماننے کی

چیز ہے ۔پھر صرف حکم ماننا ہی نہیں ۔بلکہ فرمایا پھر جو آپ نے فیصلہ دیدیا وہ گردن جھکا کر مان لیں ۔پھر اپنے دلوں میں کچھ تنگی بھی محسوس نہ کریں تب وہ مسلمان ہوں گے اب ایک ہمارے موجودہ حالات ہیں کہ دل میں اگر کوئی حضور ﷺ کے حکم کو مان بھی لے تو دل میں یہی کہتا ہے کہ ہے تو سنت کی بات مگر عمل کرنا بڑا دشوار ہے ۔لیکن اللہ پاک فرماتے ہیں کہ جب تک دل سے اس کو مان نہ لے رضامندی کے ساتھ وہ مومن نہ ہوں گے ۔

## مومن ہونے کی ایک شرط

خلاصہ یہ ہے کہ اس آیت میں مومن کی شرط اللہ پاک نے واضح کر دی ۔جو بھی اختلاف ہے اس میں جب تک آپ کا فیصلہ ٹھنڈے دل سے مان کر عمل نہ کرے ۔اس وقت تک مومن نہیں ۔اسی لئے صحابہ کرام ایسے معاملہ میں جوانہیں پیش آئے صرف یہ دیکھتے تھے کہ حضور ﷺ اس معاملہ میں کیا کرتے ہیں ۔ایک صحابی نے فرمایا کہ ایک مرتبہ سورج گہن ہوا سب نماز اور دعا کے لئے دوڑے ہوئے مسجد نبوی میں آئے اور دیکھا کہ نماز خسوف ہو رہی ہے اس میں شامل ہو گئے ۔

## پریشانی اپنی رائے سے ہوتی ہے

غرض اپنی رائے اپنے خیالات نے ہم کو پریشان کر رکھا ہے ۔اگر ہم ہر کام میں یہ دیکھ لیں کہ حضور ﷺ نے اس حال میں کیا کیا اور کس سے بچنے کو فرمایا ۔ایسا کوئی کام زندگی کے کسی شعبہ کا نہیں جو آپ کے زمانہ میں نہ ہوا ہو جہاد بھی ہوا ۔ زخم بھی آئے ۔پیدائش ،موت ،تجارت ،معیشت غرض ہر شعبہ کی تعلیم شرع میں موجود ہے ۔ مومن کا کام ہے ہر چیز میں پہلے قبلہ درست ہو، رُخ کا یقین ہو، تب اس کو اختیار کرے اور عمل کرے اور آپ کی تعلیم قرآن کی ترجمانی ہے اس لئے آپ ﷺ کی بات ہی پر عمل کرنا چاہئے ۔

## حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت

حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کے چچا شہید ہوئے۔ابو طالب اور حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دونوں چچا آپ کے خاص شفیق تھے۔چنانچہ آپ کو ان سے محبت تھی۔یہی وجہ ہے کہ باوجودیکہ حضرت ابو طالب مسلمان نہ ہوئے لیکن کوئی مسلمان ان کو برا نہیں کہتا۔ چونکہ آپ کو ان سے محبت تھی آپ کو جس وقت طرح طرح کی تکالیف دیجاتی تھیں، اس وقت حضرت حمزہ کہیں تیر کمان لیکر جارہے تھے۔کسی نے طعنہ دیا کہ تمہارے بھیجے پر ظلم ہو رہا ہے تم شکار کو جارہے ہو۔بس اسی وقت دل پلٹ گیا اور مسلمان ہو گئے، یہ وقت حضور کی امداد کے لئے مسلمان ہونے کا آپ کو بے حد پسند آیا اور مسلمانوں کو تقویت حاصل ہوئی، اس وقت سے یہ مجال کسی کی نہ ہوئی کہ کوئی بری حرکتیں کرتا۔ غرض حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جب شہید ہوئے تو سخت صدمہ پہنچا۔چونکہ ایک تو ایسا نازک وقت، پھر ایسی بے رحمی اور ظلم سے شہید ہوئے۔غرض ایک محبوب عزیز کی شہادت کا واقعہ اور جو آپ نے ان کی شہادت کے موقع پر عمل کیا وہ ہم سب کے لئے نمونہ ہے۔

## سید الشہداء اور صحابہ رضی اللہ عنہم کا عمل

جب غزوہ احد کا مہینہ ہر سال حضور کے سامنے آتا تھا۔کیا کوئی شہادت نامہ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا پڑھا جاتا تھا یا آپ یا آپ کے صحابہ یا اہل بیت اس کی یادگار اس طرح مناتے تھے۔امام حسین کو ہم سید الشہداء کہتے ہیں۔ہمارا کہنا آپ کا کہنا اور ہے۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو سید الشہداء کا خطاب دیدیا۔اب یہ خطاب آپ کا دیا ہوا ہے۔ہاں تعظیماً ہم سید الشہداء حضرت حسین کو کہہ لیں تو کوئی گناہ نہیں۔مگر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سید الشہداء کا خطاب حضرت حمزہ کو دیدیا۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ آپ نے آپ کے عشاق نے، آپ کے صحابہ نے، آپ کے پیروؤں نے حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی یادگار کس طرح منائی۔ آج تک تاریخ میں کوئی ایسا واقعہ نہیں، جس سے اہتمام ہو کسی ماتم کا، کسی مجلس کا، حالانکہ ان کی محبت اور

ایثار نے تمام صحابہ کرام کے دلوں میں کیا جگہ پیدا کر رکھی تھی۔

## ہمارا سارا خاندان شہیدوں کا ہے

دوسری بات یہ ہے کہ ہمارا تو سارا خاندان شہیدوں کا ہے۔ایک حضرت ابوبکر صدیق ﷺ کو چھوڑ کر سارے ہمارے بڑے شہید ہی ہیں۔اب اگر اس وقت سے آج تک کے ہمارے سارے بزرگوں کے صرف شہیدوں کا ہی ذکر ہو تو ۳۶۵ سے کہیں زیادہ شہید نظر آئیں گے۔ حضرت فاروق اعظم ﷺ نماز میں مصلیٰ پر شہید ہوئے لیکن آپ کے گرنے کے بعد فوراً دوسرے صحابی امامت کے فرائض انجام دینے کے لئے آ گئے۔پہلے نماز ہوئی بعد کو خلیفہ کی خبر لی آپ بے ہوش تھے ساری تدابیر ہوش میں لانے کی کی گئی ہوش نہ آیا۔کسی نے کہا کان میں کہو۔ "الصلوٰۃ الصلوٰۃ" یہ سن کر فوراً آنکھیں کھل گئیں اور فرمایا کہ بیشک جس نے نماز چھوڑ دی اس کا اسلام میں کوئی حصہ نہیں۔

ستر تو شہید ہیں غزوۂ احد میں۔بارہ کے قریب بدر میں۔پھر آپ کے سامنے اور آپ کے بعد کتنی جنگیں ہوئیں کتنے شہید ہوئے حضرت عثمان، حضرت علی، حضرت حسن رضی اللہ عنہم، کس کس کا تم ماتم کرو گے۔حقیقت تو یہ ہے کہ فی گھنٹہ ایک شہید کا بھی پورے سال میں ایک دفعہ ذکر کرو تو شہداء کے نام پورے نہ ہوں گے۔اسلام کے لئے جن شہداء نے حضور ﷺ پر جانیں دیں کیا ان کا ماتم کرنا باعث گناہ ہو گا؟ یہ تو حضور ﷺ کی امت کو یہ فخر عطا ہوا ہے کہ جو شہید ہوا۔اس نے درجات حاصل کئے۔ کامیابی ملی۔ خوش ہونے کی چیز ہے۔ جان دی اللہ کی راہ میں۔ اور حیات جاودانی پائی۔۔یہ بہادروں کا شیوہ ہے انہوں نے زندگی کا حق ادا کیا۔ پھر کیسے کیسے قراء حفاظ، علماء خلفاء ہر درجہ کے لوگوں کو جام شہادت نصیب ہوئی۔رسول پاک ﷺ نے کیا کیا، صحابہ کرام نے کیا کیا بس یہ دیکھ لو یہی دین ہے۔

## عاشورہ کا روزہ اور اسراف

یوم عاشورہ کا ایک روزہ تو حدیثوں میں آیا ہے۔ پھر آپ نے فرمایا تنہا ایک نہ رکھیں چاہے نویں، دسویں یا دسویں، گیارہویں رکھو۔ یہ تو عمل ہے محرم کی دس تاریخ کا۔ اب آج جو ہنگامہ جو اسراف جو خرافات سامنے ہے اس کو دیکھو۔ کہتے ہیں اپنے آپ کو اہل سنت۔ اور خرافات یہ ہیں جن کی دلیل نہ قرآن میں نہ حدیث میں۔ بلکہ سنت کو مٹانے والے بنے ہوئے ہیں۔ کھیل، تماشے، شربت سبیلیں اور مجلسیں یہ سب خلاف سنت ہیں۔

## شہادت حسین کی مثال

اب رہا یہ سوال کہ جو سوال مجھ سے کیا گیا ہے کہ حضرت حسین کے متعلق کچھ کہوں تو طبیعت نہیں چاہتی کہ جن مذاکرات اور مجالس کی ہم نفی خود کریں اسی ذکر شہادت کو آج کے روز خود کرنے بیٹھ جائیں۔ دوسرے یہ کہ اس دریافت میں کہ کس نے مارا، کیوں شہید کیا؟ کیا چیز ہے اس کرید میں کچھ بہتری نہیں ہے۔ صحابہ کرام آپس میں لڑے تلوار بھی چلی۔ لیکن اس کی مثال یہ ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو غصہ آیا۔ ہارون علیہ السلام پر۔ انہوں نے داڑھی پکڑ کر کھینچی قرآن میں یہ واقعہ موجود ہے انہوں نے کہا میری بات تو سن لیں، پھر عذر پیش کیا۔ اب کسی پیغمبر کی ادنیٰ درجہ کی توہین کفر ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے داڑھی کھینچی ان کو کیا کہو گے؟ اگر تم ہارون علیہ السلام کی داڑھی کا بے ادبی سے تذکرہ بھی کرو گے تو جہنم میں جاؤ گے۔

## شہادت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تاریخی حالات مخدوش ہیں

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ، حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ میں جنگ ہوئی۔ یہ باپ اور چچا کی لڑائی ہے۔ اولاد کا کام یہ نہیں کہ اس میں اپنا دماغ الجھائے۔ ایک سبق یاد رکھو کہ قرآن نے صحابہ کرام کی شان میں فرما دیا ہے کہ اللہ ان سے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں۔ جن سے اللہ راضی ہے تم ان سے ناراض ہونے کا کونسا جواز لاتے ہو۔ تم کو کیا

حق ہے ان سے ناراض ہونے کا ان کے معاملہ میں دخل دے کر اپنے ایمان کو خطرہ میں ڈالنا اور قلب کو روگ لگانا ہے۔یہ شہادت نامے اور تاریخیں سب مخدوش ہیں۔ ان سب میں آمیزش ہے۔اس سے قلب پریشان ہوگا اور ہاتھ کچھ نہ آئے گا۔ آپ ﷺ نے فرما دیا ہے کہ میرے ساتھی، میرے صحابی ستاروں کی طرح ہیں۔فرمایا جو ان سے بغض رکھے وہ مجھ سے بغض رکھے گا۔جو ان سے محبت رکھے گا مجھ سے محبت کرے گا۔پس اگر ان تاریخی واقعات میں دیکھ کر ہمارے دل میں اگر کوئی ذرا سا تکدر بھی آگیا تو ہمارا ایمان خطرہ میں پڑ جائے گا حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بغض رکھنے والا ایسا ہے جیسا کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے۔اس لئے ان تاریخوں کو پڑھنے سے منع کیا گیا ہے یہ تاریخیں مدون ہیں۔مورخین سے اس میں سازش بھی ہو سکتی ہے۔اس میں جذبات کا اظہار بھی ہو سکتا ہے۔کوئی یہ حدیثیں تو نہیں ہیں جو ان پر بھروسہ کیا جائے۔

شکر کرو کہ احادیث ابھی تک ملوث نہیں۔ان تمام لکھنے والوں سے۔ورنہ آج صحیح دین ہمارے پاس تک نہ پہنچتا۔دوسرے یہ کہ کوئی مجبوری ہم پر نہیں کہ ہم فیصلہ کریں۔حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔یزید اور حسین کا ہم سے قیامت کے دن یہ سوال نہ ہوگا کہ تم ان سے کس کو حق پر سمجھتے ہو۔آپ کو اس کی تفصیل کی ضرورت نہیں اپنا دین سنبھال کر رکھئے۔قبر میں یہ سوال آپ سے منکر نکیر نہیں پوچھیں گے، وہاں جو پوچھا جائے گا۔ان سوالوں کے جواب تم تیار کر لو۔جن کا دارومدار تمہاری جنت اور دوزخ کے جانے میں ہے۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ خدا کا شکر ہے کہ ہماری تلواریں کسی صحابی کے خون سے نہیں رنگیں، اب تم یہ سوال کرکے ہماری زبانیں ان کے خون سے رنگنا چاہتے ہو۔

## حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مختصر واقعہ

اب اجمالی طور پر واقعہ سمجھ میں آجائے اس لئے عرض ہے کہ حضرت حسین کو تمام صحابہ کرام نے مکہ میں روکا یعنی سارے صحابہ کرام جو اس وقت موجود تھے سب نے روکا اور آپ نہیں رکے۔اس سے کچھ کم فہموں نے اپنا غلط خیال قائم کر لیا کہ

آپ حکومت حاصل کرنے گئے حالانکہ یہ غلط تھا۔ایک واقعہ ہے کہ راستہ میں آپ کو جب ایک شخص نے روک کر سمجھایا تو آپ نے ایک تھیلہ الٹ کر سارے خطوط جو تقریباً ۹سو تھے، دکھائے کہ کوفہ سے لوگوں نے آنے پر مجبور کیا ہے اور سارے عوام نے اپنی جانبازی کا یقین دلایا ہے چونکہ باطل کے مقابلہ میں صرف آپ ہی آسکتے تھے کہ اہل بیت ہیں، دیگر صحابہ سے وہ کام نہ ہو گا۔اس سے مقصود بلاشبہ آپ کا اعلاء کلمۃ الحق تھا اور دین کی حفاظت تھی۔صحابہ کرام نے اس وجہ سے روکا تھا کہ یہ لوگ جھوٹے ہیں۔ آپ کو دھوکہ دیں گے اور وہی ہوا۔لیکن حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر کوئی شبہ کرنا قطعی حرام ہے البتہ وہاں جاکر آپ نے ان کی بے وفائی دیکھ کر لوٹنا چاہا تو پھر یزید نے واپسی کا موقع نہ دیا۔

بہرحال! یہ واقعہ ہونا تھا اور ہوا، لیکن عوام کا یہ کام نہیں کہ اس میں اپنی جان کھپائیں۔

# عبادات کے متعلق متفرق ارشادات

## نماز جماعت کی اہمیت

ارشاد: فرمایا کہ اگرچہ ہماری مسجد کے امام صاحب کے پیچھے نماز پڑھنے کو جی نہیں چاہتا لیکن ان کے پیچھے اس لئے پڑھ لیتا ہوں کہ نفس گھر پڑھنے کا خوگر ہو جائے گا۔

## جماعت بڑھانے کا اہتمام

فقہاء کرام نے تکثیر جماعت کا خاص اہتمام کیا ہے۔ مثلاً امام ایسا بنائے کہ جس سے تکثیر جماعت ہو۔ ایسے لوگ امام نہ ہوں جن سے نمازیوں میں تقلیل ہو جائے اس لئے اَعْلَمُ ثُمَّ اَقْرَءُ ثُمَّ الاَسَنُّ ثُمَّ الاَحْسَنُ وَجْهًا وَلِبَاسًا وَزَوْجَةً کما لانه مَنْ كَانَ زَوْجَتُهُ حَسِينًا يَكُوْنُ الامام عَفِيفًا وَيَكْرَهُ خَلْفَ فَاسِقٍ وَمُبْتَدِعٍ وَاَعْمِي وَوَلَد الزِّنَا ولَايَاتِي الْمَسْجِدَ مَنْ يَّاْكُلُ الْبَصَلَ وَالثُّوْمَ وَيَمْنَعُ مِنَ الْمَسْجِدِ كُلَّ كَيَحْ يَقُوْمُ الْفَسَادِ وَيَكُوْنُ بِهِ قِلَّةَ الْمُصَلِّيْنَ.

## خشوع وخضوع کا مطلب

نماز میں دو لفظ آتے ہیں خشوع اور خضوع۔ خشوع ظاہری سکون اور خضوع باطنی سکون کو کہتے ہیں۔

## نماز میں دھیان لگانے کا طریقہ

وساوس کا ایک درجہ غیر اختیاری ہے اس کی فکر نہ کریں اور ایک درجہ

اختیاری ہے اسے ضرور اختیار کرے۔ وساوس کے آنے پر بالکل بے فکر ہو جانا اور ان کو غیر اختیاری تصور کر لینا ہی ٹھیک نہیں ہے۔ جس کے اسباب اختیار میں ہوں وہ غیر اختیاری نہیں ہوتا۔ سو وساوس کے دفع کرنے کے کچھ اسباب اختیاری ہیں مثلاً طہارت کا پورا خیال رکھا جائے۔ وضو باقاعدہ طور سے کیا جائے۔ وضو اور نماز کے درمیان کوئی دنیوی کام' بات چیت نہ کرے۔ جو کام نماز سے پہلے کر رہا ہے تھوڑی دیر اس کو چھوڑ دے تاکہ خیالات مٹ جائیں اور نماز شروع کرنے سے پہلے ذرا یہ سوچ کہ جب میں اللہ تعالیٰ کے سامنے کھڑے ہو کر اس سے ہمکلام ہوں گا۔ نماز پڑھوں گا لہٰذا مجھ کو بہت دھیان لگانے کی ضرورت ہے۔ اور دونوں ہاتھ اٹھائے تو خیال کرے کہ رب میں نے دو جہان سے ہاتھ اٹھائے۔ مجھے اب کسی سے کوئی غرض نہیں۔ ان کے سامنے سب حقیر و ذلیل ہیں پھر اللہ اکبر کہہ کر نیت باندھے اور سمجھے کہ میں اللہ کے سامنے ہاتھ باندھے کھڑا عرض و نیاز کر رہا ہوں۔

حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے لاکھ روپے کا ایک نسخہ عنایت فرمایا ہے جو کوئی اس کو استعمال کرے انشاء اللہ وساوس نہیں ستائیں گے پہلے لوگ تو اس کام کے لئے چلے کشی کرتے تھے وہ بات یہ ہے کہ نماز پڑھنے میں جو الفاظ زبان سے ادا ہوں ان کی ادائیگی کی طرف دھیان رکھے اگر معنی یاد ہوں تو معنی سوچتے رہا کریں اور نماز کو فکر سے پڑھو۔ بے فکری سے ہرگز نہ پڑھو۔

## تین آخری نصیحتیں

۱۔ گناہ خواہ کتنا ہی چھوٹا ہو اس کو ہلکا نہ سمجھو۔

۲۔ نیک عمل جو کچھ کرو اس کو زیادہ نہ سمجھو۔

۳۔ نماز پنجگانہ کا اتنا اہتمام کرو کہ دنیا کے سب کاموں پر غالب آجائے۔ مرد جماعت کے ساتھ پڑھنے کی اور عورتیں گھروں میں وقت اول میں اس فریضہ سے فارغ ہونے کی کوشش کریں اور عادت ڈالیں۔

## طلوع آفتاب سے کب تک نماز پڑھنا منع ہے

ملفوظ : کسی شخص نے دریافت کیا کہ طلوع (آفتاب) کے وقت جو نماز پڑھنا منع ہے اس کے لئے کتنا وقت ہے؟ فرمایا کہ آفتاب اتنا روشن ہو جائے گا کہ جس پر نگاہ کرنے سے نگاہ خیرہ ہو جائے۔ (جس کا اندازہ گھڑی گھنٹہ کے حساب سے کم از کم دس منٹ ہے)

## عجیب نکتہ

حق تعالیٰ نے تارک صلوۃ کو مشرکین سے تشبیہ دی ہے اور تارک حج کو یہود ونصاریٰ سے اس کی وجہ یہ ہے کہ مشرکین حج کرتے تھے لیکن نماز نہ پڑھتے تھے اور یہود ونصاریٰ نماز پڑھتے تھے لیکن حج نہ کرتے تھے۔

## دعاء استخارہ کا مطلب

دعائے استخارہ کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے دعائے خیر کرتا رہے۔ استخارہ کرنے کے بعد ندامت نہیں ہوتی اور یہ مشورہ کرنا نہیں ہے مشورہ تو دوستوں سے ہوتا ہے۔ استخارہ سنت ہے۔ اس کی دعا مشہور ہے اس کے پڑھ لینے سے سات روز کے اندر اندر قلب میں ایک رجحان پیدا ہو جاتا ہے اور یہ خواب میں کچھ نظر آنا یا یہ قلبی رجحان حجت شرعیہ نہیں ہیں کہ ضرور ایسا کرنا ہی پڑے گا۔ اور یہ جو دوسروں سے استخارہ کرایا کرتے ہیں یہ کچھ نہیں ہے۔ بعض لوگوں نے عملیات مقرر کر لئے ہیں دائیں طرف یا بائیں طرف گردن پھیرنا یہ سب غلط ثابت ہوئے ہیں۔ ہاں دوسروں سے کرالینا گناہ تو نہیں لیکن خود کرنا چاہئے' اس دعا کے صیغے ہی ایسے ہیں۔

فرمایا میں تو چھوٹا سا استخارہ پڑھ لیتا ہوں۔ نماز کے بعد یا سوتے وقت اَللّٰھُمَّ خِرْلِيْ وَاخْتَرْلِيْ گیارہ مرتبہ پڑھ لیتا ہوں اور یہ حدیث میں آیا ہے۔

## قبولیت عبادت کی علامت

فرمایا، حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا اگر ایک حاضری میں بادشاہ ناراض ہو جائے تو کیا دوسری بار وہ دربار میں گھسنے دیگا؟ ہرگز نہیں بس جب تم ایک مرتبہ نماز کے لئے مسجد میں آگئے اس کے بعد پھر توفیق ہوئی تو سمجھ لو کہ پہلی نماز قبول ہو گئی اور تم مقبول ہو۔

## دو مجرب عمل

کوئی شخص کسی کام سے عاجز ہو جائے اور اس کے سرانجام دینے کی کوئی صورت نہ ہو تو تنہائی میں صاف پاکیزہ ہو کر دو رکعت نفل پڑھے پھر اس دعائے حزب البحر کو پانچ سات مرتبہ پڑھے امید ہے وہ کام ہو جائے گا۔

حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ شمشیر مومنین ہے عشاء کے بعد جب لوگ سو جائیں تو دو رکعت نفل ادا کر کے تشہد کی ہیئت پر قبلہ رو بیٹھے حضور دل سے حَسْبُنَا اللّٰہ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ ۴۵۰ مرتبہ پڑھے اور اپنے مطلوب کا تصور کرے جب یہ تعداد پوری کرلے تو سات مرتبہ حزب البحر پڑھے اس طرح بار بار مکرر پڑھے مراد پوری ہوگی انشاءاللہ۔

## ختم خواجگان کا طریقہ

ایک صاحب نے "ختم خواجگان" کے متعلق پوچھا کس طرح پڑھا کرتے ہیں فرمایا اول دس مرتبہ درود شریف پھر ۳۶۰ مرتبہ لا حول ولا قوۃ الا باللّٰہ لا ملجأ ولا منجأ من اللّٰہ الا الیہ اس کے بعد ۳۶۰ مرتبہ سورہ ألم نشرح اس کے بعد ۳۶۰ مرتبہ اوپر والا لا حول ولا قوۃ آخر تک پھر دس مرتبہ درود شریف۔

اس کے بعد مولوی بشیر صاحب کی بیمار پرسی فرمائی اور فرمایا کہ رمضان شریف میں ظہر کے بعد تین بجے سے پانچ تک مجلس ہوا کرے گی۔

## ختم خواجگان کے اوقات

فرمایا: ختم خواجگان ہمیشہ بھی پڑھ سکتے ہو۔ کسی خاص وقت دعا کرنی ہو تب بھی پڑھ لیا کرو۔

## رمضان میں تلاوت سب سے افضل عمل ہے

ان ہی صاحب نے پوچھا کہ رمضان شریف میں کون سی عبادت افضل ہے؟ فرمایا۔ تلاوت قرآن کریم 'اور اس کو پڑھنے کی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ جتنا زیادہ ہو سکے پڑھا کرے۔ دوسرا وقت ایسا نکالے کہ اس میں سمجھ کر پڑھے اگرچہ ایک رکوع ہی کیوں نہ ہو۔

## قرآن کریم کو سلسلہ وار پڑھنا بہتر ہے

ایک صاحب نے کہا کہ قرآن کریم کو سلسلہ وار تلاوت کرنے کو جی چاہتا ہے بلا سلسلہ جی نہیں چاہتا یہ کیسا ہے؟

فرمایا: سلسلہ وار کرنا ہی بہتر ہے۔ دیکھئے میں نے یہ قرآن شریف کھلا ہوا رکھا ہوا ہے اور اب دوسرے کام میں مصروف ہوں۔ قران شریف جب تک کھلا ہوا رہے گا دل میں تقاضا رہے گا کہ اس کو پڑھنا ہے۔ اسی طرح سلسلہ وار پڑھنے میں تقاضا رہتا ہے۔ بلا سلسلہ پڑھنے میں یہ تقاضا ختم ہو جاتا ہے۔

## شب قدر میں صحابہ کا دستور

صحابہ کرام کا شب قدر میں دستور تھا کہ لمبے رکوع و سجود کرتے تھے۔ بہتر یہ ہے کہ تراویح کے بعد کچھ آرام کرے آخری شب میں زیادہ حصہ جاگے۔

## عتاب سے بچئے

ارشاد: اگر محلے میں سے کوئی بھی اعتکاف میں نہ بیٹھے تو سب اہل محلہ معتوب ہوں گے اس عتاب سے بچنا چاہئے۔

## اعتکاف میں غسل جمعہ کرنا

ارشاد: اعتکاف کی حالت میں اگر حالت طبعی یا شرعی کے لئے نکلے تو جیسے راستے میں وضو کرکے آسکتے ہیں اسی طرح آتے ہوئے غسل جمعہ کرکے بھی آسکتے ہیں۔ہاں غسل جمعہ کے لئے نکلنا درست نہیں ہے۔

## رمضان میں گناہوں کے تقاضے کی وجہ

فرمایا: رمضان شریف کے بارے میں حدیث شریف میں آیا ہے صفدت الشیاطین ومردۃ الجن سو سرکش شیاطین وجن قید کئے جاتے ہیں۔ شتونگڑے نہیں۔یہی ریشہ دوانی کرتے ہیں۔

شیطان الجن قید ہوتے ہیں شیطان الانس نہیں ہوتے۔حدیث میں ہے فُتِحَتْ اَبْوَابُ الْجَنَّةِ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النِّيرَانِ ابواب الجنة سے مراد ابواب الخیر ہیں لان الْجَنَّةَ مَقَامُ الرَّاحَةِ والامن والْخَيْرَاتِ وَهٰذِهٖ اَبْوَابُ الْخَيْرِ مُوصِلَةٌ اِلَي الْجَنَّةِ وَالْمُرَادُ مِنْ تَغْلِيْقِ اَبْوَابِ النِّيرَانِ اَبْوَابُ الشَّرِّ لانهن مُوْصِلَةٌ اِلَي النَّارِ . اور اسی کا اثر ہے کہ رمضان المبارک میں مساجد نمازیوں سے بھرجاتی ہیں۔تلاوت کرنے کو جی چاہتا ہے اور ایام کی بہ نسبت معاصی بھی کم ہوجاتے ہیں۔

## حج بدل

فرمایا: مرد عورت کا اور عورت مرد کا حج بدل کر سکتے ہیں

## شریعت میں رات پہلے آتی ہے

فرمایا: شریعت میں رات پہلے آتی ہے اور دن بعد میں سوائے حج کی رات کے (کہ اگر کوئی شخص ذوالحجہ کی نو تاریخ کو غروب آفتاب سے پہلے میدان عرفات نہ پہنچ سکا تو غروب آفتاب کے بعد صبح صادق سے پہلے پہلے پہنچنے پر بھی اس کا حج ہو جائے گا)۔

## مدینہ سے افراد کا احرام باندھنا

فرمایا: پاکستان سے حج کے لئے شوال یا اسکے بعد جانا ہو تو مکہ معظمہ عمرہ کا احرام باندھ کر چلا جائے۔ جب مد ا سے آئے تو ذی الحجہ کے قریب وہاں سے صرف افراد کا احرام باندھ کر آئے۔

## منی میں چار کام کرنا

مزدلفہ سے واپسی پر منی میں چار کام کرنے ہوتے ہیں اور پہلے دن ان کا کرنا افضل لکھا ہے۔ رمی جمرۂ عقبہ قربانی' سرمنڈانا' طواف زیارت کرنا' اگر ان کو سہولت کی بناء پر اس طرح کر لیا جائے تو مکروہ بھی نہیں ہے کہ دسویں تاریخ کو صرف رمی کرلے۔ گیارھویں تاریخ کو فجر کے بعد جاکر قربانی کر آئے۔ پھر طواف زیارت کرلے۔ زوال شمس کے بعد سے غروب شمس کے درمیان رمی کرلے۔ یہ تمام کام آسانی سے بلا کراہت ادا ہو سکتے ہیں۔ اسی طرح عرفات کے وقوف میں جبل رحمت پر جانا افضل لکھا ہے۔ مگر آنے جانے میں دعا اور پڑھنے پڑھانے میں کمی ہو جاتی ہے۔

## سعی میں مناجات مقبول پڑھنا

میں اور اہلیہ جب سعی کرتے تو عربی والی مناجات مقبول میں لے لیتا اور اردو کی ان کو دیدیتا تھا۔ چونکہ مسعی پر صرف مردوں کو دوڑنا ہوتا ہے اور اب خلاصہ جگہ ہوگئی ہے اس لئے ان سے کہا تم خود چلتی رہو میں علیحدہ چلوں گا۔ عورتوں کے لئے دوڑنے کا حکم نہیں ہے۔ اور آتے جاتے دکھلائی دے جاتا ہے، کوئی دقت نہیں۔

## وعظ الحج المبرور

ارشاد: حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے حج کے بارے میں ایک تو الحج المبرور وعظ ہے۔

## تابیر نخل کی حدیث سے اعتراض اور اس کا جواب

بعض تابیر نخل کی حدیث پیش کر کے کہتے ہیں کہ امور دنیوی میں شریعت کو کوئی دخل نہیں۔ جواب یہ ہے کہ امور دنیوی کے متعلق بہت سے کام وحی سے معلوم ہوئے ہیں ان سب میں شریعت کو دخل ہے ہاں ایجادات اور انتظامات و طریقہ انبات کیلئے فرمایا ہے انتم اعلم بامور دنیاکم.

## جہاد کی حقیقت

"وہ ڈاکٹر اپنے فن کا ماہر نہیں ہو سکتا جو صرف مرہم لگانا جانتا ہے مگر سڑے ہوئے فاسد شدہ اعضاء کا آپریشن کرنا نہیں جانتا۔ سمجھو اور خوب سمجھو کہ جب عالم کے جسم میں شرک کے زہریلے جراثیم پیدا ہوگئے اور وہ ایک مریض جسم کی طرح ہوگیا تو رحمت خداوندی نے اس کے لئے ایک مصلح اور مشفق طبیب (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم) کو بھیجا جس نے تئیس ۲۳ سال تک متواتر اس کے ہر عضو اور ہر رگ و ریشہ کی اصلاح کی فکر کی جس سے قابل اصلاح اعضاء تندرست ہوگئے مگر بعض اعضاء جو بالکل سڑ چکے تھے۔ ان کی اصلاح کی کوئی صورت نہ رہی بلکہ خطرہ لاحق ہوگیا، کہ ان کی سمیت تمام

بدن میں سرایت کر جائے 'اس لئے حکیمانہ اصول کے موافق عین رحمت وحکمت کا اقتضا یہی تھا کہ آپریشن کر کے ان اعضاء کو کاٹ دیا جائے 'یہی جہاد کی حقیقت ہے ' اور یہی تمام جارحانہ اور مدافعانہ غزوات کا مقصد ہے"۔

## تین اشخاص کی امداد خدا کے ذمہ ہے

فرمایا: حدیث میں ہے کہ تین شخص ایسے ہیں جن کی مدد کرنا خدا کے ذمہ ہے:

۱۔ مجاہد فی سبیل اللہ (اللہ تعالیٰ کے راستہ میں جہاد کرنے والا)

۲۔ وہ مکاتب (غلام) جو بدل کتابت ادا کرنے کا قصد رکھتا ہے۔

۳۔ وہ نکاح کرنے والا جو عفت کی زندگی چاہتا ہو۔

## یک مشت سے زائد داڑھی رکھنا سنت نہیں

فرمایا ایک مشت سے زائد داڑھی کا کٹوانا آنحضرت ﷺ اور صحابہ کرام سے ثابت ہے۔لمبی داڑھی رکھنا سنت نہیں ہے۔

## ہدایت برائے مفتی

مفتی کو چاہئے کہ عوام کو قواعد کلیہ نہ بتائے بلکہ جو سوال اس نے کیا ہے اس جزیئے کا جواب دیدے اور جواب دینے میں تشقیق نہ کرے کہ اگر ایسا ہو تو یوں ہو گا اگر یہ ہو گا تو ایسا ہو گا جو سوال کیا ہے اس کا جواب دیدو۔

## وسیع النظر

فرمایا' وسیع النظر آدمی ڈھیلا ہوتا ہے 'اس کی نظر سب طرف ہوتی ہے۔

## علم سے عمل کرنا مقصود ہے

مدرس لمبی چوڑی تقریر کر کے سمجھتا ہے کہ میں نے درس کا حق ادا کر دیا یا کتاب سمجھا دی بس میرا حق ادا ہو گیا۔اسی طرح طالب علم سمجھتے ہیں کہ مقصد یہ ہے

کہ امتحان میں پاس ہو جائیں گے۔اور مدرس بنیں گے پڑھائیں گے یہ کافی نہیں ہے بلکہ ضروری ہے کہ مدرس اور طالب علم جو کچھ پڑھے اس پر عمل کرے۔عمل کیا تو واقعی اس کا حق ادا کیا اس لئے عمل کرنے اور کرانے کی نیت سے پڑھنا پڑھانا چاہئے۔

## یُسْرَ سے کیا مراد ہے؟

یُرِیْدُ اللہ بِکُمُ الْیُسْرَ میں یسر روحانی مراد ہے اور یسر روحانی سے جسمانی راحت بھی ہو جاتی ہے۔جیسے دنیوی مشاغل میں آسانی مل جائے۔

## حقیقی راحت

فرمایا: غایت کے اعتبار سے دیکھا جائے تو دنیا کو عیش و آرام کے لئے طلب کیا جاتا ہے، عام طور سے لوگ عمدہ لباس، عمدہ مکان اور عمدہ غذا کو عیش و آرام سمجھتے ہیں، حالانکہ یہ محض اسباب عیش و آرام ہیں، لیکن حقیقت عیش و آرام کی راحت قلب ہے، اور راحت قلب طلب دین سے حاصل ہوتی ہے، طلب دنیا سے حاصل نہیں ہوتی۔

## امن واطمینان کی جڑ

فرمایا: امن کی جڑ اور اوامر شرعیہ پر عمل کرنا اور نواہی شرع سے بچنا ہے، یہی دافع فساد ہے۔

خدا کی قسم! جو شخص شریعت کے موافق چل رہا ہو، وہ بادشاہ ہے، گو ظاہر میں سلطنت نہ ہو، اور جو شخص شریعت سے ہٹا ہو وہ پنجرہ میں مقید ہے گو ظاہر میں بادشاہ ہو۔اور فرمایا رضاء حق ہر حال میں مقدم ہے۔

## راحت کی کنجی

فرمایا: اللہ تعالیٰ سے تعلق بڑھاؤ اور غیراللہ سے حالاً و عملاً و قالاً تعلق کم کرو،

پھر دنیا و آخرت دونوں کی راحت تمہارے ہی لئے ہے 'اگر فقر و فاقہ بھی ہو جب بھی تم کو راحت وچین ہو گا اور بغیر سرمایہ اور سامان کے تم سلاطین سے بڑھ کر سلطان ہو گے ؎

اے دل آں بہ کہ خراب از مئے گلگوں باشی
بے زرو گنج بصد حشمت قاروں باشی

## طاعات کی جزا کچھ نقد بھی ہے

طاعات (نیکیاں) کی جزا نقد بھی ہے اور ادھار بھی 'اللہ تعالیٰ نے ساری طاعات کی جزا ادھار نہیں رکھی ' آخرت میں تو ان کی جزا ملے ہی گی ' دنیا میں بھی جزا ملتی ہے 'وہ یہی راحت و اطمینان اور عزت و عظمت ہے۔

## نقد جنت

"روشن خیال دنیا سن لے کہ سائنس کی حیرت انگیز ترقیوں سے وہ آسمان کی طرف چڑھ سکتے ہیں' سیاروں پر جا سکتے ہیں' سمندر میں جا سکتے ہیں' لیکن امن و امان اور سکون و اطمینان جو ان سارے سامانوں اور سارے کارخانوں کا اصل مقصد ہے وہ نہ ان کو کسی سیارے میں ہاتھ آئے گا نہ کسی نئی ایجاد میں' وہ ملے گا تو پیغمبر عربی روحی فداہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام اور ان کی تعلیمات میں' خدا تعالیٰ کو ماننے اور آخرت کے حساب پر عقیدہ رکھنے میں الا بذکر اللہ تطمئن القلوب . سائنس کے حیرت انگیز انکشافات روز بروز خدا تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور اس کی بے مثال صنعت کاری کو اور زیادہ روشن کرتے جاتے ہیں' جن کے سامنے ہر انسانی ترقی اپنے عجز و درماندگی کا اعتراف کر کے رہ جاتی ہے 'مگر ؎

"چہ سود چوں دل دانا و چشم بینا نیست"

قرآن حکیم نے ایک طرف تو دنیا کے سارے نظام کا منشا ہی قیام عدل

وانصاف بتلایا' دوسری اس کاایک بے مثال انتظام ایسا عجیب و غریب فرمایا کہ اگر اس کے پورے نظام کو اپنایا جائے اور اس پر عمل کیا جائے تو یہی خونخوار اور بدکار دنیا ایک ایسے صالح معاشرے میں تبدیل ہو جائے جو آخرت کی جنت سے پہلے نقد جنت ہو۔

## عزت حاصل کرنے کا طریقہ

**ملفوظ** : فرمایا تم شریعت پر چل کر دیکھو؟ انشاءاللہ سب تمہاری عزت کریں گے 'جس کی بین دلیل یہ ہے کہ جو پکے مسلمان ہیں 'انگریز' ہندو' پارسی وغیرہ سب ان کی عزت کرتے ہیں تم دین پر قائم رہو' ساری قومیں تمہارے لئے مسخر ہو جائیں گی۔

## دوست اور دشمن کے معاملہ میں امتیاز

دوست اور دشمن کے ساتھ معاملہ یکساں نہیں ہوا کرتا۔ دوست کو قدم قدم اور بات بات پر ٹوکا جاتا ہے 'اولاد اور شاگرد کو ذرا ذرا سی بات پر سزا دی جاتی ہے' لیکن دشمن کے ساتھ یہ سلوک نہیں ہوتا'اس کو ڈھیل دی جاتی ہے 'اور وقت آنے پر دفعۃً پکڑ لیا جاتا ہے۔

مسلمان جب تک ایمان واسلام کا نام لیتا ہے اور اللہ کی عظمت ومحبت کا دم بھرتا ہے' وہ دوستوں کی فہرست میں داخل ہے 'اس کے برے اعمال کی سزا دنیا میں دے دی جاتی ہے 'تاکہ آخرت کا بار ہلکا ہو جائے' بخلاف کافر کے کہ اس پر باغیوں اور دشمنوں کا قانون جاری ہے' دنیا کی ہلکی ہلکی سزاؤں سے ان کا بار عذاب ہلکا نہیں کیا جاتا'ان کو یک لخت عذاب میں پکڑ لیا جائے گا۔

رسول کریم ﷺ کے ارشاد گرامی کا یہی مطلب ہے کہ "دنیا مومن کے لئے قید خانہ اور کافر کے لئے جنت ہے"۔

باب سوم

# معاملات

اسلام کے معاشی اصول، ملکیت کی وضاحت کا اہتمام، دولت خرچ کرنے کا اصول، تقسیم میراث میں غلطی، نابالغوں کے حقوق کی حفاظت، ضروریات زندگی میں اولاد کے درمیان برابری کرنے کا حکم، سنت کے مطابق نکاح کرنے کی برکت

مجلس : ۱۲

# اسلام کے معاشی اصول

اسلام نے معاشیات کے جو گر بتائے ہیں ' دنیا بھر کے سارے فلاسفر اپنی عقلیں دوڑالیں اور ریسرچ کرلیں 'اس سے بہتر اصول نہیں لا سکتے ۔ فرمایا ہے کہ "مال کو حلال طریقہ سے حاصل کرو اور پھر اس کو ناجائز طور پر صرف نہ ہونے دو" ۔ایک طرف کمانے کے طریقے اور دوسری طرف خرچ کرنے کے طریقے ' دونوں کی حدود اللہ پاک نے اپنے پیارے رسول ﷺ کے ذریعہ سے اپنے بندوں کو تعلیم کئے ہیں ۔

اب دیکھنا یہ ہے کہ ساری معیشت دو اجزاء پر مشتمل ہے ۔ایک پیسہ حاصل کرنا' دوسرا اس کو خرچ کرنا' تو ظاہر ہے کہ دولت حاصل کرنے میں اس کے اسباب تو اختیاری ہیں ۔لیکن دولت حاصل کرنا بذات خود غیراختیاری ہے 'اور آج ہم اختیاری چیز کو چھوڑ کر غیراختیاری کے پیچھے دوڑے ہوئے ہیں ۔لیکن خرچ کرنا پورے طور پر اختیاری فعل ہے ۔اب سب سے پہلے حصول زر کو لیجئے ۔ کاشتکار زمین میں ہل چلاتا ہے ۔ پھر اپنا وقت اور پیسہ لگا کر زمین میں بیج بوتا ہے ' پھر پانی دیتا ہے ' یہ ذرائع ہیں حصول زر کے جو اختیاری ہیں ۔اسی طرح دکاندار دکان لگائے اس میں مال سجائے جو مال بازار میں فروخت کے قابل ہے ' وہ اکٹھا کرے ' یہ ذرائع اختیاری ہیں 'لیکن گاہک کی جیب سے پیسہ نکالے یہ غیراختیاری ہے ۔ایک ہی قسم کی دس دکانیں ہیں ۔ دوسے گاہک سودا لیتا ہے ' دوسے نہیں لیتا ۔یہ رزاقی خداوند کریم کی ہے کہ جو گاہک کے دل میں ڈالتا ہے کہ فلاں دکان سے خرید کرے ' یہ رزاقی اللہ پاک کی ہے کہ وہ زمین سے اناج پیدا کرکے اس کو گرمی ' سردی ' دھوپ ' بارش ' ہوا تمام طریقوں سے اناج کی پرورش کرتا ہے 'اور عام عادت اللہ تعالیٰ کی یہی ہے کہ جو محنت کرتا ہے اس کو اس کا

پھل ضرور عطا کرتے ہیں لیکن وہ اس کے مختار ہیں کہ چاہیں تو ان سب ذرائع کے باوجود ناکام کر دیں اور چاہیں تو تھوڑے ذرائع سے تھوڑے اسباب سے زیادہ معاوضہ عطا کر دیں۔ تاہم سبب کا اختیار کرنا' اختیاری فعل ہے اور اس کے ثمرات حاصل ہونا غیر اختیاری ہے۔

اب جبکہ پیسہ حاصل ہو گیا تو اس کا خرچ کرنا یہ انسان کیلئے اختیاری چیز ہے۔ چاہے تو سو روپیہ ایک دن میں یا ایک وقت میں خرچ کر دے۔ لیکن اس کے لئے بھی اصول بتائے ہیں' حدود قائم کی ہیں' حقوق بتلائے ہیں' اب جو ان اصول و حدود میں رہ کر اپنے اخراجات کو ایک نظام سے چلائے اس کو برکت بھی ملتی ہے' اور وہ کبھی پریشان نہیں رہتا۔

## دولت خرچ کرنے کا اصول

اصول سب سے بڑا یہ ہے کہ ضروریات پر خرچ کرو فضولیات سے بچو۔ آج ہمارے معاشرہ میں اگر غور کیا جائے تو ضروریات کم ہیں' فضولیات زیادہ ہیں' بلکہ فضولیات کا نام ہی ہم نے ضروریات رکھ لیا ہے' میں سچ کہتا ہوں کہ اگر انسان اس زریں اصول پر عمل کرے تو آج دنیا سے نوے فیصد معاشی تنگی اور بدحالی دور ہو جائے۔ یہ ساری دنیا جو پریشان ہے' آپ تجزیہ کر کے دیکھ لیں کہ ان میں کچھ تو ایسے آدمی ضرور ہیں جو آمدنی نہ ہونے کی وجہ سے پریشان ہیں۔ لیکن کثیر تعداد ایسے لوگوں کی ہے جن کی آمدنی تو ہے' لیکن وہ اس آمدنی سے اپنے اخراجات کے کفیل نہیں ہو سکتے۔ اور ہوں بھی کس طرح؟ آج غسل خانے اور پاخانے میں ٹائل تو لگتے ہیں۔ لیکن بیوی' بچوں کی جائز ضروریات پوری طرح ادا نہیں ہوتیں' آج ٹیلی فون اور موٹر تو ضروریات بن گئیں' اور ہمسایہ بھوکا سو رہا ہے۔

بڑے سے بڑے گھرانے کا حال آج یہ ہے کہ مہینہ کی اول تاریخوں میں اخراجات کی اور حالت ہے اور آخیر تاریخوں میں قرضے کی نوبت آجاتی ہے۔ پہلے لوگوں میں کبھی پہلی اور آخری تاریخ کا فرق کوئی جانتا بھی نہ تھا وجہ یہ ہے کہ وہ اس اصول پر عامل تھے۔

## کفایت شعاری کی مثالیں

مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ حضرت حکیم الامت ﷺ کے بکس میں بہت سے چھوٹے، بڑے سادہ کاغذوں کا ڈھیر جمع رہتا تھا۔ دیکھنے والے بڑے حیران کہ ان کاغذوں پر کچھ لکھا ہوا بھی نہیں ہے۔ بظاہر یہ چھوٹے، بڑے کاغذ کسی کام کے بھی نہیں، پھر آخر وجہ کیا ہے؟ دریافت پر معلوم ہوا کہ حضرت کے پاس جو خطوط آتے تھے ان میں تحریر کے بعد جو فاضل کاغذ چھوٹا ہوا ہوتا تھا آپ اس کو کاٹ کر بکس میں رکھ لیا کرتے تھے۔ تاکہ مسلمان کا پیسہ ضائع نہ ہو، پھر اس کو چھوٹی، موٹی ضروریات میں کام لیتے تھے، یہی وجہ ہے کہ آپ کے پاس ہزاروں خطوط کے جوابات دیئے جانے کے باوجود کبھی بازار سے کاغذ نہیں خریدا گیا۔

یہ صرف ایک مثال تھی خرچ کرنے میں کفایت شعاری کی اور آج ہم ایسا کرنے لگیں تو لوگ کنجوس کہیں گے مگر وہ اس کے باوجود جہاں خرچ کرنے کا موقع ہوتا، سب سے بڑھ کر خرچ کرتے۔

ایک دفعہ کسی جگہ سے کوئی صاحب چندہ لینے آئے۔ آپ نے ان کو پچاس روپے نکال کر دیدیئے۔ وہی چندہ لینے والے شخص ایک مالدار کے یہاں جو آپ کے عزیز بھی تھے، گئے۔ انہوں نے پانچ روپے دیئے۔ ان صاحب نے کہا: واہ صاحب! مولانا صاحب نے تو پچاس روپے دیئے تھے۔ وہ بھی حاضر جواب تھے۔ فرمایا کہ بھائی! مولانا کے پچاس کے مقابلہ میں ہمارے پانچ بھی بہت ہیں۔ اس لئے کہ ان کو تو لکھنے کی ضرورت پڑتی ہے تو سرکنڈے سے مفت میں کام نکال لیتے ہیں، اور مجھے لکھنے کی ضرورت پڑتی ہے تو پچاس روپے کا فونٹین پین چاہئے۔ اب ان کو کون سمجھا تاکہ حضرت آپ کو کس نے منع کیا ہے کہ مفت کا سرکنڈا استعمال نہ کریں۔

اسی طرح دارالعلوم کے مہتمم کا آپ کے پاس خط آیا، اس میں کاغذ کی دو تہہ تھیں۔ آپ نے وہ زائد کاغذ پھاڑ کر ان کو واپس بھیج دیا، اور خط کا جواب علیحدہ کاغذ پر اپنے پاس سے لکھا، اور تحریر فرمایا کہ یہ مدرسہ کی امانت ہے اس کو ضائع ہونے سے بچاؤ۔

اسی طرح آپ ایک مرتبہ ریل میں سفر کر رہے تھے۔ کھاتے میں ایک بوٹی گر گئی۔ آپ نے اس کو اٹھایا اور دھو کر کھا لیا۔ پاس چند آج کل کے تہذیب یافتہ بیٹھے ہوئے تھے' ان کو کچھ ناگوار محسوس ہوا۔ آپ نے کھانے سے فارغ ہو کر فرمایا کہ ایک ایک لقمہ پر اللہ تعالیٰ کی کتنی مخلوق نے محنت کی ہے۔ زمین نے' سورج نے' چاند نے' جانوروں نے' ہواؤں نے' مٹی نے' پانی نے اور ہم اس کی بے قدری کریں۔

ان سب باتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ جو نعمت اللہ کی ہم کو حاصل ہو اس کی قدر کر لیا کریں' اور ضائع ہونے سے بچائیں یہی حکمت کھانے کی پلیٹ صاف کرنے میں ہے' پھر ساتھ ساتھ کہ داد و دہش کا جہاں موقع ہوتا آپ بے دریغ کرتے۔

ایک مرتبہ مدرسہ میں یہ سوال پیدا ہوا کہ ملازمین مدرسہ دوران ملازمت کچھ رقم قرض لینا چاہتے ہیں' اب وہ کس طرح تحویل میں سے دی جائے۔ آپ نے فرمایا: تحویل میں سے نہ دو۔ بلکہ اس کے لئے ایک علیحدہ فنڈ بنالو اور سب سے پہلے خود پانچ سو روپیہ آگے رکھ دیئے۔ پھر سب نے اور کچھ رقم ملا کر فنڈ قائم کیا۔ یہ بزرگ تھے ان کو آتا تھا خرچ کرنا' اور ضائع ہونے سے بچانا۔

## تہذیب مغرب کی لعنت

اور سچ تو یہ ہے کہ مغربی تہذیب نے ہمارے اخراجات اتنے بڑھا دیئے ہیں کہ ایک ملازم مجبوراً اپنے اخراجات کو پورا کرنے کے لئے رشوت لیتا ہے۔ ایک دکاندار مجبوراً جھوٹ بولتا ہے۔ یہ ساری لعنت ان بیجا لوازمات کی ہے۔ جس کو اگر ہم چھوڑ دیں تو سکھ بھی حاصل ہو اور آمدنی بھی پوری ہو جائے بلکہ بچ جائے۔

## کپڑوں میں پیوند

حضور ﷺ نے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ کوئی کپڑا ضائع مت کرو' جب تک اس میں پیوند لگا کر نہ پہن لو۔ آج پیوند تو درکنار فیشن بدل جانے سے بہت سے کپڑے ہمارے گھروں میں ایسے ہی پڑے رہتے ہیں۔ یہ سب فضولیات

نہیں تو کیا ہیں؟

حضرت ابراہیم ادھم رحمہ اللہ کی بابت تو سب کو معلوم ہے' جو بادشاہی چھوڑ کر فقیری اختیار کرتے وقت ایک تکیہ' ایک پیالہ اور ایک ڈول لیکر چلے۔ پھر راستہ میں ایک شخص کو دیکھا کہ ہاتھ سر کے نیچے رکھ کر سو رہا ہے۔ آپ نے تکیہ پھینک دیا۔ پھر ایک شخص کو ہاتھ سے پانی پیتے دیکھا تو پیالہ پھینک دیا۔ اور ایک ہرن کی خاطر اللہ تعالیٰ نے کنوئیں کے پانی کو جوش دیکر اوپر کر دیا۔ اور ہرن نے اپنی پیاس بجھائی۔ جس کے نتیجہ میں انہوں نے اپنا ڈول' رسی بھی پھینک دیا۔ وہ تو بہت اعلیٰ درجہ ہے' بہت اونچی بات ہے۔

## ایک گھسیارہ کے حسن انتظام

ابھی ہمارے زمانہ کی تھانہ بھون کی بات ہے کہ ایک شخص جنگل سے گھاس کاٹ کر بازار میں چھ پیسہ کی روزانہ بیچتا تھا۔ بس وہ اتنی ہی گھاس روزانہ لاتا اور چھ پیسہ سے کم نہ زیادہ۔ بس چھ پیسہ سے ہی گزارا کرتا تھا۔ ایک روز ایک تحصیل دار کا آدمی آیا' اور گھاس اٹھوا کر لے گیا اور جا کر جیسے یہ حکومت والے رعب دکھاتے ہیں اس کو چار پیسے حوالے کئے۔ اس نے کہا کہ میری گھاس تو چھ پیسے کی ہے۔ وہ بولا جاؤ' بس یہی ملے گا۔ وہ بیچارہ چلا گیا۔ ابھی گھوڑے نے گھاس پر منہ ڈالا تھا کہ گھوڑا منہ کے بل گر گیا۔ حکیم' ڈاکٹر آئے۔ لوگوں نے کہا یہاں یہ گھوڑا حکیم' ڈاکٹروں سے نہیں بچے گا۔ اسی گھاس والے کو بلاؤ۔ چنانچہ ان کو بلایا' اور اب تحصیل دار نے بڑی عزت اور منت' سماجت کی اور دس روپے آپ کی خدمت میں پیش کئے' انہوں نے وہ روپے اٹھا کر پھینک دیئے اور کہا: مجھے تو دو پیسے چاہئیں' وہ لے گئے۔ گھوڑا ٹھیک ہو گیا۔

اب سنئے! وہ اس چھ پیسہ کا کرتا کیا تھا؟ چار پیسہ میں دونوں وقت کھاتا' ایک پیسہ بیماری' کپڑا وغیرہ ضروریات کیلئے جمع کرتا' اور ایک پیسہ میں سے آدھا یعنی دھیلا اپنی ایک بچی کیلئے جمع رکھتا' اور ایک دھیلا بزرگوں کے ہدیہ کیلئے جمع کرتا۔ چنانچہ اس طرح جب وہ دھیلا جمع کرتے کرتے تین آنے ہو جاتے تو وہ لیکر جاتے حضرت مولانا

محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ‘مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا یعقوب رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ‘اور کہتے : بھائی! پکانا تو مجھے آتا نہیں یہ تم تینوں کے دعوت کے پیسے ہیں ‘اور وہ حضرات بڑی خوشی سے یہ پیسے لیکر دعوت کھاتے ‘بلکہ اس دعوت کے ہمیشہ منتظر رہتے ۔کیونکہ اس دعوت کو کھانے کے بعد ان میں سے ہرایک کا یہ بیان تھا کہ آج رات بھر نہ تو نیند آئی اور نہ کسل ہوا۔بس رات بھر عبادت اور ذکر الٰہی میں مشغول رہنے کو طبیعت چاہی ۔یہ تھے وہ چھ پیسے جو گھاس بیچ کر ایک نظام کے تحت خرچ کرتے تھے۔

تو بھائی حصول زر اگر غیر اختیاری ہے تو اس کے اسباب تو اختیاری ہیں۔ہم غیر اختیار کے پیچھے کیوں پڑیں ‘اس کا صرف کرنا جو اختیاری ہے اس میں حدود شرعی کے تحت صرف کریں۔ دیکھئے کتنی برکت ہوتی ہے ‘اور کتنی بلاؤں سے آپ محفوظ رہتے ہیں ‘اور کیسی سہل اور آرام دہ زندگی گزرتی ہے۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا یہ حال تھا کہ جیسے ہروقت موت کیلئے تیار رہتے تھے ‘اپنی سہ دری میں جو چیزیں تھیں بس فرمایا کرتے تھے یہی میری ملکیت تھی ‘جو گھر میں ہے وہ گھر والوں کا ہے۔چنانچہ اس سہ دری میں اگر ایک پنکھا مسجد کا آجاتا تو فوراً وہاں سے ہٹا دیتے تھے ۔یہ تھی بزرگوں کی شان۔

## مجلس کا خلاصہ

تو حاصل آج کی نشست کا یہ ہوا کہ ہم اختیاری کو عمل میں لائیں ‘غیر اختیاری کے پیچھے نہ پڑیں ‘جو کچھ خدا کی طرف سے آئے اس پر قانع رہیں ‘اور تہذیب مغربی اور رسم ورواج اور لوگوں کے کہنے کی طرف نہ دیکھیں ۔بلکہ حدود شرعی معلوم کریں ‘اور اپنے مال کو ضائع ہونے سے بچائیں اور اسکی نعمتوں کا شکر ادا کریں ۔اللہ پاک ہم سب کو اس پر عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

ہے تو ایک چھوٹا سا عمل ۔لیکن آج سے اگر ہم شروع کر دیں تو بہت فرق پڑ جائے گا۔ ہر بلڈنگ میں ہر محلہ میں دیکھا جاتا ہے کہ کہیں چاول پڑے ہیں ‘کہیں سڑا ہوا سالن پڑا ہوا ہے ‘یہ چیزیں ضائع ہونے سے پہلے ہی اگر بچ رہی ہیں تو کسی کے منہ

میں پڑ جائے 'ان کو خراب ہونے سے پہلے فوراً کسی کے گھر بھیج دیا جائے اور قبول کرنے والے بھی خواہ کتنا ہی چھوٹی تعداد کا ہدیہ ہو قبول کرلیں۔اس کا ہی اگر رواج پڑ جائے تو بڑے وبال سے بچ سکتے ہو۔چونکہ یہی تھوڑا تھوڑا نعمتوں کے ضائع کرنے کا ہم کو بڑا وبال اٹھانا پڑا ہے 'اسی سے ہم شروع کر دیں۔ آگے جس کو جتنی خدا توفیق دے۔

اللہ پاک ہم سب کو نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین!

مجلس : ۱۳

# اصل تقویٰ یہ ہے

## ملکیت کی وضاحت کا اہتمام

ایک مرتبہ حضرت والا کے ساتھ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں جانا ہوا، وہاں جا کر دیکھا کہ ان کے پاس کتابوں کا بہت بڑا ذخیرہ ہے اور ایک بڑا کتب خانہ ہے، جو حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی عمر بھر کی محنت تھی۔ یہ تو ان کا کتب خانہ تھا۔ مجھ جیسے ناکارہ اور نکمے کا ذاتی کتب خانہ اتنا بڑا ہے کہ اس کو دیکھنے کے لئے ایک مہینہ چاہئے۔ اور کتب خانہ میں کوئی کتاب ایسی نہیں تھی جس پر یہ لکھا ہوا نہ ہو کہ یہ کس کی ملکیت ہے؟ ہر کتاب کے پہلے ورق پر لکھا ہوا تھا:

الا ن بندہ رشید احمد"

"اَن" کے معنی ملکیت کے ہیں۔ لہٰذا اپنی ملکیت کی جتنی کتابیں تھیں، ان سب پر یہی لکھا تھا اور جو کتاب دوسرے کی تھی، اس پر اس کا نام لکھا ہوا تھا۔ چنانچہ ایک کتاب پر میرے ماموں کا نام لکھا ہوا تھا جو حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہوا کرتے تھے۔ بعد میں ان کا انتقال ہو گیا تھا، میں نے کہا کہ اس کتاب کا وارث تو میں ہوں۔ چنانچہ وہ کتاب میں نے لے لی، آج بھی وہ کتاب "فتاویٰ حمادیہ" جو میرے ذاتی کتب خانہ میں موجود ہے۔ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے کتب خانہ سے حاصل ہوئی ہے اور اس پر قلم سے میرے ماموں کا نام لکھا ہے۔

کہنے کی بات یہ ہے کہ یہ صرف ایک شخص کا معاملہ نہیں تھا، بلکہ:

ایں خانہ تمام آفتاب است

ہمارے تمام بزرگوں کی یہ حالت تھی کہ دیکھنے میں تو بظاہر کچھ بھی نظر نہیں

آتا تھا۔ یہ نہیں ہوتا تھا کہ بیٹھے ہوئے لمبی چوڑی تسبیحات پڑھ رہے ہوں۔ بلکہ اصل تقویٰ ان کے اندر یہ تھا کہ "املاک کا انتظام" آج کل یہ آفت آگئی ہے کہ بڑے بڑے لوگوں کو پرواہ نہیں ہے۔ حلال و حرام کی فکر نہیں ہے 'اس کے باوجود صوفی و بزرگ کہلاتے ہیں' ہمارے بزرگوں کا یہ معمول تھا کہ اگر کاشتکار کوئی چیز لاتا تو اس سے یہ پوچھتے تھے کہ موروثی زمین کی پیداوار تو نہیں ہے؟ اگر موروثی زمین کی پیداوار ہوتی تو واپس کر دیتے اور ہدیہ لینے میں اس کا اہتمام ہوتا تھا۔

## اموال کی بے غبار تقسیم

خاص کر حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں یہ چیز دیکھی کہ ان کے یہاں اموال اور املاک کی روزانہ ایسی تقسیم ہوتی تھی کہ کبھی ابہام رہتا ہی نہیں تھا۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا یہ معمول تھا کہ جب کوئی چیز آتی تو اس کے تین برابر حصے کرتے۔ چونکہ دو بیویاں تھیں اس لئے ایک حصہ ایک گھر میں بھیج دیا اور دوسرا حصہ دوسرے گھر میں بھیج دیا اور ان کو اس چیز کا مالک بھی بنا دیا اور اپنی ملک سے نکال دیا اور ایک حصہ اپنی ملکیت میں رکھتے' پھر اس حصہ کو بھی اکثر غرباء اور فقراء میں تقسیم فرما دیتے اور کبھی خود استعمال کرنے کی ضرورت ہوئی تو خود استعمال کر لیا' حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا معمول یہ تھا کہ جتنی آمدنی ہوتی تھی اس کا ایک ثلث (تہائی) اللہ کی راہ میں خرچ کرتے تھے 'یعنی تین روپے میں سے ایک روپیہ 'اس لئے جو حصہ اپنے لئے رکھتے تھے وہ عموماً صدقہ کر دیا کرتے تھے۔ اسی حصہ سے بہت سی کتابیں چھپوا کر تقسیم کرتے اور اسی میں سے بہت سے غرباء کے وظیفے مقرر تھے اور زکوۃ تک نوبت تو شاید ہی پہنچی ہو' چنانچہ حضرت والا خود فرمایا کرتے تھے کہ جب میری ملکیت میں سو روپے ہو جاتے ہیں تو مجھے بار معلوم ہونے لگتا ہے 'اس لئے وہ پیسے اپنے گھروں میں بانٹ دیتا ہوں۔ اپنی ملکیت میں نہیں رکھتا ہوں۔

## اپنی ملکیت کا امتیاز

املاک کا اس قدر اہتمام تھا کہ میں نے حضرت کی وہ کاپی دیکھی ہے، جس میں املاک کی تفصیل لکھی تھی۔اس کاپی میں لکھا تھا کہ جس جگہ جس کمرے میں میں بیٹھتا ہوں، اس جگہ کوئی چیز دوسرے کی ملکیت نہیں ہے، سب چیزیں میری ملکیت ہیں۔ اس جگہ پر مسجد، مدرسہ اور خانقاہ کی کوئی چیز نہیں ہے حتیٰ کہ یہاں میری بیویوں کی بھی کوئی چیز نہیں ہے۔سب کچھ میری ملکیت اور میری میراث ہے اور گھروں میں جو کچھ ہے، اس سے میرا کوئی تعلق نہیں ہے، جس گھر میں جو چیز ہے وہ انہی کی ملکیت ہے، چھوٹے گھر میں چھوٹے گھر والوں کی ملک ہے اور بڑے گھر میں بڑے گھر والوں کی ملک ہے۔اپنی املاک اور بیویوں کی املاک کا اتنا امتیاز ہوتا تھا کہ اگر آج انتقال ہو جائے تو کچھ کہنے سننے کی ضرورت نہیں پیش آئے گی۔ چنانچہ وفات کے بعد جب حضرت والا کے حجرے کا سامان نکالا گیا۔تاکہ حساب کرکے وارثین کے درمیان بطور میراث تقسیم کر دیں تو اس وقت دیکھا کہ کوئی چیز مبہم نہیں تھی۔

## ہمارے لئے راہ عمل

اصل تقویٰ وطہارت تو اس کا نام ہے، آج دنیا میں سب جگہ پر مشترک خرچ چلتے ہیں۔ میاں بیوی کی ملکیتوں میں کوئی امتیاز نہیں ہوتا، بلکہ یوں کہا جاتا ہے "میاں بیوی کا کس نے بانٹا" حالانکہ دونوں کی ملکیت الگ الگ ہے۔اللہ کا شکر ہے کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی تلقین کے بعد ہمارے گھر کا بھی یہی معمول ہے کہ میری ملکیت الگ ہے، بیوی کی ملکیت الگ ہے اور اولاد کی ملکیت الگ ہے ہر چیز کی ملکیت متعین ہے، ملک کے اندر میں کبھی اشتباہ نہیں رکھتا، جب کوئی چیز گھر میں آتی ہے تو فوراً اس کی ملک متعین کرکے الگ کر دیتا ہوں۔تاکہ کل کو یہ اشکال اور اشتباہ نہ ہو کہ یہ چیز میری ملکیت تھی یا نہیں؟

احقر جامع کہتا ہے کہ اسی کا یہ اثر تھا کہ وفات کے بعد کسی چیز میں بھی یہ اشتباہ پیش نہیں آیا کہ یہ حضرت والا کی ملکیت ہے یا گھر میں سے کسی کی ملکیت ہے۔

(حتیٰ کہ گھڑے کے اوپر جو ڈھکن تھا اس پر بھی لکھا ہوا کہ یہ میری ملکیت ہے' ایک ایک چیز لکھی ہوئی تھی۔

## تقسیم میراث میں غلطی

فرمایا کہ تقسیم میراث میں بہت سے اہل علم وصلاح بھی غلطیوں میں مبتلا ہو جاتے ہیں' تقسیم میراث سے پہلے مشترک مال میں سے ایصال ثواب کے نام پر تمام ورثاء کی اجازت کے بغیر خرچ کر دیتے ہیں اور تبرکات کے نام پر کچھ اشیاء تقسیم کر دیتے ہیں۔اس میں دوسرے وارثوں کی حق تلفی ہوکر سب کام خراب ہو جاتا ہے۔
تشریح: اب وہ وارث بولتے نہیں۔لیکن دل میں دینے پر راضی نہیں ہوتے اور حدیث شریف میں ہے کہ جب تک کوئی خوشی سے راضی نہ ہو اس وقت تک اس کا مال خرچ کرنا جائز نہیں' عام طور سے تقسیم میراث کے وقت یہ ہوتا ہے کہ سارے وارث بیٹھے ہیں' اور ان میں سے ایک وارث نے یہ بول دیا کہ یہ چیز تو اللہ کے نام پر دیدو' اب دوسرے وارثوں کا دل نہیں چاہ رہا ہے کہ وہ چیز دیں' بلکہ وہ بیچارے شرما شرمی میں انکار نہیں کرتے ہیں۔حالانکہ سیدھی بات یہ ہے کہ وہ مال پہلے تقسیم کر دو' اس کے بعد وہ وارث چاہے اللہ کے نام دے اور چاہے خود رکھے' تم اپنی طرف سے دینے والے کون ہوتے ہو؟ اللہ تعالیٰ نے جس شخص کو اس کا مالک بنایا ہے اس کو دیدو' اب وہ وصول کرنے کے بعد جو چاہے کرے' خود سے بیچ میں دخل دینا کہ اس کو مدرسہ میں لگا دو' اس کو مسجد میں لگا دو یہ بالکل حرام ہے۔

## نابالغوں کے حقوق کی حفاظت

اور فرمایا کہ خصوصاً نابالغ بچوں کے حقوق کی حفاظت انتہائی ضروری ہے۔اس میں اکثر لوگ غفلت کرتے ہیں' یہ بھی یاد رہے کہ نابالغ کی چیز اس کی اجازت کے بعد بھی دوسرے کے لئے حلال نہیں۔
تشریح: نابالغوں کے حقوق کے بارے میں اللہ تعالیٰ بچائے' اس کا تو کوئی علاج ہی

نہیں۔اگر نابالغ کا مال تم نے خرچ کر دیا توکل کو اگر نابالغ نے معاف بھی کر دیا تو معاف ہونا مشکل ہو جائے گا (البتہ بالغ ہونے کے بعد اس کا معاف کرنا معتبر ہو سکتا ہے)

## بالغ کا حق اداء کرنے کا طریقہ

فرمایا کہ اگر کسی کے ذمے نابالغ کا کوئی حق واجب ہو تو اس کے اداکرنے کی سہل صورت یہ ہے کہ اس کو کوئی چیز ایسی بنا کر دیدے جو خاص اسی کے استعمال میں آئے۔ جیسے کپڑا جوتا وغیرہ۔ نابالغ کی ملکیت میں ماں باپ کو بھی یہ اختیار نہیں کہ دوسرے کو دیدیں۔ بچوں کے لئے جو جوتے کپڑے عام گھروں میں جو بنائے جاتے ہیں۔ان میں احتیاطاً ایسا کرنا چاہئے کہ وہ بچوں کی ملک نہ بنائیں' اپنی ہی ملک میں رکھیں۔تاکہ جب وہ کپڑا ایک بچے کے بدن پر چھوٹا ہو جائے تو وہ دوسرے بچے کو پہنا سکیں۔اور اگر وہ کپڑا بچے کی ملکیت کر دیا گیا ہے تو پھر باپ کے لئے بھی یہ جائز نہیں کہ وہ کپڑا کسی دوسرے بچے کو پہنا دیں۔

تشریح: اس میں بڑی بے احتیاطی ہوتی ہے'اگر بچے کو کپڑے کا مالک بنا دیا ہے تو وہ کپڑا دوسرے بچے کو دینا جائز نہیں۔مثلاً ایک بچے کے لئے اچکن بنا دی اور فرض کرو کہ اس بچے کو اس کا مالک بنا دیا'اب وہ اس کا مالک ہو گیا۔اب اگر کل کو وہ اچکن اس کو چھوٹی ہو۔اور باپ یہ چاہے کہ اب وہ اچکن چھوٹے بچے کو دیدیں۔یہ باپ کے لئے جائز نہیں۔اس لئے صحیح طریقہ یہ ہے کہ باپ اپنی ملکیت میں رکھے۔

## ترجمہ قرآن کریم میں اردو ادب کا زیادہ اہتمام

ڈپٹی نذیر احمد صاحب دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ترجمہ قرآن کا ذکر آیا تو فرمایا کہ اس میں جو زبان استعمال کی گئی ہے'اس کو اردو ادب چاہے پسند کرتے ہوں'مگر شاہانہ کلام سے بالکل بعید ہے۔

تشریح: اردو ادب کی چاشنی تو اس میں پیدا کر دی'مگر اللہ کے کلام کا ترجمہ نہ ہوا۔

## احکام شرعی کی حکمت پوچھنا بندگی کے خلاف ہے

ایک شخص نے حضرت سے پوچھا کہ نمازیں پانچ کیوں فرض کی گئی ہیں؟
حضرت نے جواب دیا کہ آپ کی ناک منہ پر کیوں لگی ہے، کمر پر کیوں نہیں لگی؟

وہ کہنے لگے کہ کمر پر لگتی تو بدصورت معلوم ہوتی، حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اگر سب انسانوں کی ناک کمر ہی پر ہوا کرتی تو کیا ہوتا؟ وہ خاموش ہو گئے۔
تشریح: بدصورت تو اس وقت ہوتی جب ایک شخص کی کمر پر ہوتی، اور اگر سب کی کمر پر ہوتی تو پھر سب کو اچھی لگنے لگتی۔

احقر جامع کہتا ہے کہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے بار بار فرمایا کہ احکام شرعیہ کی حکمتیں بہت سی معلوم بھی ہیں اور کوشش کرنے سے مزید معلوم بھی ہو سکتی ہیں۔ چنانچہ خود حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی ایک مستقل کتاب اس موضوع پر "المصالح العقلیه في الأحكام النقلیه" کے نام سے شائع شدہ موجود ہے۔ مگر فرمایا کہ بندہ کے لئے یہ شایان نہیں کہ احکم الحاکمین کے حکم کی لم اور علت کی تلاش میں رہے کیونکہ اس کا اثر یہ ہوتا ہے کہ اگر کسی حکم کی حکمت معلوم نہ ہو سکی تو اس پر عمل کرنا دوبھر ہو جاتا ہے، بندے کا کام بندگی اور تعمیل حکم ہے اور جتنا زیادہ کوئی شخص تعمیل حکم کی کوشش کرتا ہے، اتنا زیادہ اس پر احکام شرعیہ کی حکمتیں کھلتی جاتی ہیں۔
تشریح: دنیاوی افسر بھی اگر کوئی حکم دے اور آپ اس سے پوچھیں کہ اس میں کیا مصلحت اور حکمت ہے؟ یہ کام کیوں کرا رہے ہو؟ افسر کیا جواب دے گا۔ وہ تو کان پکڑ کر باہر نکال دے گا کہ ہمارا حکم ماننا ہے تو مانو، ورنہ یہاں سے چلے جاؤ۔

ایک مرتبہ ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ اس کی حکمت ہمیں معلوم تو ہے لیکن اس کا بتانا تمہارے لئے مضر ہے۔ اس لئے کہ تمہیں یہ علت لگ جائے گی کہ ہر حکم کی حکمت اور مصلحت کی تحقیق کرتے پھرو اور جو اصل اتباع کا حکم ہے وہ پورا نہ ہوا، اور فرمایا کہ:

## شرعی لباس باعث شرافت ہے

ارشاد فرمایا کہ خواجہ عزیز الحسن مجذوب رحمۃ اللہ علیہ بڑے بڑے سرکاری عہدوں پر رہے، مگر اپنا لباس اور اپنی وضع قطع ہمیشہ سادہ اور شریعت کے مطابق رکھی۔

تشریح: وہ اچکن پہنا کرتے تھے، وہ شیروانی نہیں ہوتی تھی، بلکہ کلی دار اچکن ہوتا تھا، میں نے بچپن میں بہت پہنا ہے۔ یہاں آکر شیروانی بنوانی پڑگئی، اس لئے کہ اس کا بنانے والا دیوبند میں ایک درزی تھا وہ اب مرگیا، ہمیشہ وہی بنایا کرتا تھا۔ وہ پرانے طرز کا کلی دار اچکن ہوتا تھا حضرت خواجہ صاحب اسی طرح کا اچکن ہمیشہ پہنا کرتے تھے، وہ انسپکٹر کے عہدے پر فائز رہے۔ اس کے بعد ڈپٹی کلکٹر بھی ہوگئے بڑے بڑے عہدوں پر رہے۔ لیکن اچکن وہی پہنا کرتے تھے۔

ایک جرمنی صاحب نے ان کو دور سے دیکھتے ہی کہا کہ یہ آدمی بہت شریف معلوم ہوتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ ان کی نقالی کرتے ہیں۔ ان کی نظر میں بھی یہ لوگ شرافت کے خلاف کام کرتے ہیں۔

تشریح: حقیقت یہ ہے کہ جو شخص اپنی وضع پر قائم ہے وہ شریف طبیعت کا آدمی ہے انہوں نے شرافت اسی میں سمجھی اور وہ اپنی وضع پر قائم رہے، دوسروں کی نقالی نہیں کی، دوسروں کی نقالی کرنے والے اور ان کی طرح کا لباس پہننے والوں کے بارے میں وہ جانتے ہیں کہ یہ تو ہماری نقل اتار رہے ہیں، ان میں کیا رکھا ہے۔

## اپنی وضع پر پختگی

ہمارے دارالعلوم دیوبند کے مہتمم حضرت مولانا قاری محمد طیب (رحمۃ اللہ علیہ) کے والد حضرت حافظ محمد احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ، ان کو آخر زمانے میں حکومت کی طرف سے شمس العلماء کا خطاب مل گیا تھا اور گورنروں کے کبھی کبھی دربار منعقد ہوتے تو اس میں شرکت کے لئے ان کے پاس بھی دعوت نامے آتے، ایک مرتبہ دربار میں شرکت

کا دعوت نامہ آیا' چنانچہ یہ شرکت کے لئے تشریف لے گئے' جب دربار میں پہنچے تو اندر جانے سے ان کو روک دیا گیا اور یہ کہا گیا کہ چونکہ آپ نے ہندوستانی جوتا پہنا ہوا ہے اور ہندوستانی جوتا پہن کر اندر جانے کی اجازت نہیں۔ آپ انگریزی بوٹ پہن کر آئیں انہوں نے کہا کہ میں تو یہی جوتا پہنتا ہوں۔اگر اس جوتے کے ساتھ اندر جانے کی اجازت نہیں تو میں یہیں باہر بیٹھتا ہوں۔ آپ اندر اطلاع کرا دیں کہ فلاں صاحب آئے ہیں۔لیکن ہندوستانی جوتا پہنے ہوئے ہیں چنانچہ جب اندر اطلاع کی گئی تو گورنر خود اٹھ کر دروازے پر آئے اور آکر کہا کہ آپ کا جوتا تو بڑا اچھا ہے۔اور یہ کہہ کر ان کو عزت اور احترام کے ساتھ اندر لیجاکر بٹھایا اور دوسرے لوگ دیکھتے رہ گئے۔

# معاملات سے متعلق متفرق ارشادات

## حضرت نانوتوی کا مدرسہ کا قلم استعمال کرنا

فرمایا مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ جب مدرسہ دیوبند کے دوات و قلم سے کوئی (ذاتی) خط لکھتے تھے تو روشنائی اور قلم کے استعمال کے عوض میں ایک پیسہ (مدرسہ میں) دیتے تھے۔

فرمایا مسلمان جب تک دین کی حفاظت نہ کرے، اس کو دنیا کی فلاح کبھی بھی نہ ہوگی۔

## رقم لکھنے سے پہلے لفظ مبلغ لکھنے کا فائدہ

فرمایا۔ رقم سے پہلے لفظ مبلغ لکھنے کو ہم پہلے فضول سمجھا کرتے تھے لیکن اب معلوم ہوا کہ اس کا بڑا فائدہ ہے کہ اس سے قبل کوئی رقم نہیں بڑھا سکتا ہے ایک ہزار روپے پہلے ایک لاکھ کر دے بندیاں بڑھا دے تو بڑھا سکتا ہے مگر مبلغ لکھنے کے بعد جگہ نہیں رہتی اس لئے اب نہیں بڑھا سکتا۔

## ضروریات زندگی میں اولاد کے درمیان برابری ضروری نہیں

فرمایا: اولاد کی طبعی شرعی ضرورت میں جس قدر ایک پر خرچ ہو گیا اتنا ہر ایک پر خرچ کرنا ضروری نہیں۔ مگر بیمار ہوا۔ علاج میں خرچ ہو گیا۔ تعلیم پر خرچ ہوا۔ اب سب برابر خرچ کرنا ضروری نہیں ہے۔ یا جو اولاد آئندہ بالغ ہوگی تو پھر مالداری رہے یا نہ رہے۔ حالات بدل جائیں تو ہر ایک کی ضرورت زندگی الگ الگ ہوتی ہیں لہٰذا عرفاً و عادۃً جو ضروریات زندگی سمجھی جاتی ہیں اس میں تسویہ ضروری نہیں ہے جس کو جیسی ضرورت پڑے حسب استطاعت پوری کر دے۔ جہیز دینا سنت ہے مگر اب آمدنی گھٹ گئی۔ پہلے کی شادی پر آمدنی زیادہ تھی اسے زیادہ دیدیا اب آئندہ اہتمام

کرنا کہ اتنا ہی دیا جائے ضروری نہیں۔ عرفی ضروریات میں بھی توسع ہے البتہ ہبہ کرے تو برابر ہبہ کرے۔

## دیوانہ کے ہدیہ کا حکم

فرمایا، جس شخص کا دماغ درست نہ ہو اس کا ہدیہ لینا درست نہیں۔

## سود سے بخل بڑھتا ہے

فرمایا: سود لینے سے بخل بڑھتا ہے۔

## نکاح کا اصل مقصد

فرمایا، اصل حکم تحصین فرج (شرم گاہ کی حفاظت) وغض بصر (نگاہ نیچی رکھنے) کا ہے، مگر نکاح کا امر محض تسہیل مطلوب کے لئے ہے۔

## سنت کے مطابق نکاح کرنے کی برکت

فرمایا: سنت کے موافق نکاح میں نورانیت ضرور ہوتی ہے اور یہ بھی بات ہے کہ جتنی سہولت ہوتی ہے اتنی ہی نورانیت قلب میں ہوتی ہے، کیونکہ جھگڑا بکھیڑا ہوتا نہیں، اس لئے انشراح رہتا ہے اور جہاں طوالت اور جھگڑے ہوتے ہیں، وہاں ضرور قلب میں کدورت اور ظلمت ہوتی ہے۔

## عورت کا مہر معاف کرنا

فرمایا عورت گو مہر معاف کر دے لیکن پھر بھی ادا کرے، کیونکہ یہ غیرت کی بات ہے کہ بلا ضرورت احسان لے۔

باب چہارم

# معاشرت

مشورہ کی اہمیت، حسن انتظام کے فوائد، آداب معاشرت، تہذیب کی حقیقت، تکلف اور تصنع، بے وقت فون کرنا، جانوروں کو ایذاء دینا، شرعی سزائیں رحمت ہیں، سلامتی یکسوئی میں ہے، عمر بھر یاد رکھنے کی بات، قطع تعلق کا وبال، لباس وزیور کی محبت کم کرنا۔

مجلس : ۱۴

# مشورے کی اہمیت

## فتنوں کا ظہور

حدیث شریف میں آتا ہے کہ آخر زمانے میں دنیا پر فتنے اس طرح ٹوٹیں گے، جیسے موتیوں اور دانوں کی لڑی ٹوٹ جائے، تو وہ دانے دفعتاً یکے بعد دیگرے سارے گر جاتے ہیں۔ آج کل اسی چیز کا مشاہدہ ہو رہا ہے، سارے عالم میں عجیب و غریب فتنے ہیں، خاص کر عالم اسلام زیادہ مبتلا ہے، آزمائش تو اللہ کے بندوں کی ہوتی ہے۔ اس لئے فتنے بھی زیادہ تر اسلامی ملکوں اور شہروں میں آرہے ہیں، اس لئے حضور ﷺ نے فتنوں سے پناہ مانگنے کے لئے بہت دعائیں مانگی ہیں۔

"اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَھَرَ مِنْھَا وَمَا بَطَنَ."

اس لئے کہ فتنہ عام مصائب سے مختلف ہوتا ہے، مثلاً مصیبت یہ آئی کہ کوئی سیلاب آگیا، کوئی طوفان آگیا، کوئی زلزلہ آگیا۔ اس کا مصیبت ہونا متعین ہوتا ہے، اور اس میں علاج کی جہت متعین ہوتی ہے کہ اس جگہ سے بھاگ کر جان بچالو، یا کوئی تدبیر ہو تو اس کو اختیار کرلو۔ لیکن فتنہ ایسی چیز ہوتی ہے کہ اس میں حقیقت ملتبس ہوتی ہے کہ آدمی کیا کرے۔ اِدھر جائے یا اُدھر جائے، اللہ تعالیٰ بچائے۔ یہ بڑی خطرناک چیز ہے اور آج کل عوام اسی میں مبتلا ہوتے ہیں۔

## قادیانی فتنہ

آج کل ایک نیا فتنہ قادیانیوں کا کھڑا ہو گیا ہے، یہ بھی اسی قبیل سے ہے، اس

پر پہلے بھی ملک میں کتنے ہنگامے ہو چکے ہیں اور اب بھی ہو رہے ہیں لیکن ہر کام میں سب سے پہلی چیز جس کی طرف مسلمانوں کو رجوع کرنا چاہئے۔ وہ ہے اللہ کی طرف توجہ 'اللہ تعالیٰ سے ان فتنوں سے پناہ مانگے اور ان میں مبتلا ہونے سے پناہ مانگے' پھر یہ کہ ان فتنوں سے بچ کر صحیح راستہ پر نکل آئیں۔ یہ بڑا مشکل کام ہوتا ہے۔ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا ارشاد ہے: کہ فتنہ جب اترتا ہے تو جال کی شکل میں اترتا ہے اور جال کی خاصیت یہ ہے کہ اس میں جتنا شکار ہونے والا جانور پھڑ پھڑاتا ہے۔ وہ اور جال میں پھنستا ہے اور تدبیریں ناکام ہو جاتی ہیں۔ اسی واسطے نبی کریم ﷺ نے فتنوں سے پناہ مانگی ہے۔

## رجوع الی اللہ اور پوری کوشش

تو سب سے پہلا کام ہے۔ توجہ الی اللہ اور دعا کہ یا اللہ! ہمیں سیدھا راستہ بتا دیجئے اور پھر اپنی مقدور بھر کوشش کرنا۔ اس وقت جو کچھ ہو رہا ہے۔ غنیمت ہے کہ الحمدللہ اس میں مسلمان سنبھل گئے' جبکہ خطرہ یہ تھا کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ حکومت اور عوام میں جھگڑا ہو جائے اور قادیانی بیٹھیں تماشا دیکھیں' جیسا کہ پہلے بھی ایسا ہو چکا ہے اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا کہ رخ صحیح چل رہا ہے' خدا کرے آگے بھی صحیح رخ چلے اور مسلمانوں کا جو مقصد ہے اللہ تعالیٰ اس کو پورا فرما دے اس کے لئے اس وقت بھی دعا کریں اور انشاءاللہ مجلس کے بعد بھی دعا کریں گے اور آئندہ بھی کرتے رہیں اور اپنے سے جتنی کوشش بھی بن پڑ سکتی ہے وہ کرنی چاہئے جائز اور صحیح کوششوں میں کوئی کوتاہی نہیں کرنی چاہئے۔

## مشورہ کرنا صحیح طریقہ ہے

اس وقت یہ مختصر مضمون اس لئے عرض کر دیا کہ لوگ اس وقت اس میں مبتلا ہیں اور اس کے لئے طرح طرح کے مختلف طریقے سوچتے ہیں۔ لیکن اہل الرائے بھی جمع ہیں اور مشورے ہو رہے ہیں' جب کوئی بات طے ہو جائے گی تو انشاءاللہ اس کے

مطابق عمل ہوگا، لیکن ہر شخص الگ الگ اپنی اپنی رائے دے اور اس پر عمل کرے۔ یہ غلط ہوتا ہے اور اس کے ثمرات اور نتائج بھی غلط نکلتے ہیں۔

## لِمَ تَقُوْلُوْنَ مالا تَفْعَلُوْنَ کی تفسیر میں شبہ اور اس کا ازالہ

**حضرت تھانوی کا ملفوظ**: ارشاد فرمایا کہ: قرآن کریم کی آیت لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لا تَفْعَلُوْنَ یعنی کیوں کہتے ہو وہ جو خود نہیں کرتے، اس کے ظاہر سے بعض لوگوں نے یہ سمجھا کہ جو شخص خود کوئی نیک عمل نہیں کر رہا ہے اس کے لئے جائز نہیں کہ وہ دوسروں کو نیکی کی دعوت دے حالانکہ بالاتفاق یہ غلط ہے، اس غلط فہمی کی اصل وجہ یہ ہے کہ لوگوں نے اس آیت کو دعوت پر محمول کر لیا۔ حالانکہ یہ آیت دعوت سے متعلق نہیں، بلکہ دعوے سے متعلق ہے اور مراد یہ ہے کہ جو وصف تم میں موجود نہیں اس کا دعویٰ کیوں کرتے ہو؟ مطلب یہ ہے کہ جو کام تم نے کیا نہیں یا جو وصف تم میں موجود نہیں اس کا دعویٰ نہ کرو"۔

## دعویٰ اور دعوت میں فرق

**تشریح**: "دعویٰ" اور "دعوت" میں دو لفظ ہیں، ان لفظوں کو سمجھ لیجئے "دعوت" کے معنی ہیں کہ کسی کام کے لئے لوگوں کو بلانا اور "دعویٰ" کے معنی یہ ہیں کہ کوئی شخص یہ دعویٰ کرے کہ میں عالم ہوں، بزرگ ہوں۔ متقی ہوں یا کسی اور وصف کا یا کمال کا دعویٰ کرے۔ کسی کمال کا یا کسی وصف کا دعویٰ کرنا اور چیز ہے اور لوگوں کو کسی نیک کام کی دعوت دینا اور چیز ہے، اس آیت میں یہ جو فرمایا کہ لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لا تَفْعَلُوْنَ تم ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں؟ اسکے معنی ہیں کہ تم ایسی بات کا دعویٰ کیوں کرتے ہو جو واقع میں تمہارے اندر نہیں؟ تمہارے اندر جو وصف نہیں ہے۔ تم اس بات کا دعویٰ کرو کہ ہمارے اندر یہ وصف ہے۔ عالم نہیں اور دعویٰ کرتے ہو عالم ہونے کا، متقی، پرہیزگار نہیں ہو۔ لیکن متقی پرہیزگار ہونے کا دعویٰ کرتے ہو یا کوئی اور فن کوئی اور ہنر ہو، جو تمہیں نہیں آتا، اس کا دعویٰ مت کرو، یہ ہے اس آیت کا خلاصہ۔

## جاہل کو علماء کا لباس اختیار کرنا

اللہ تعالیٰ صوفیاء کرام کو جزائے خیر دے کہ ان کے ہاں اس کا بہت ہی اہتمام تھا۔ان کے یہاں "دعویٰ" صرف زبان سے "دعویٰ" کرنے کا نام نہیں تھا۔بلکہ اپنے حال سے 'اپنے افعال واعمال سے بھی اگر دعویٰ کرے تو وہ بھی دعویٰ ہوتا ہے' ایک آدمی علماء کی سی شکل وصورت بنالے اور حقیقت میں جاہل آدمی ہے بعض لوگ ایسا کر کے بیوقوفی سے یہ سمجھتے ہیں کہ ہم کوئی ثواب کا کام کر رہے ہیں۔ایک صاحب نیک نیت تھے' بدنیت نہیں تھے اور نیک نیتی سے سمجھتے تھے کہ علماء کا لباس ہمیں اختیار کرنا چاہئے یہ تو ثواب کا کام ہے اور خود عالم تھے نہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ تمہارے لئے ایسا لباس اختیار کرنا غلط ہے۔کیونکہ یہ ایک قسم کا عالم ہونے کا دعویٰ ہے اور یہ عملی دعویٰ ہے۔لوگ اس لباس میں دیکھ کر تمہیں عالم سمجھیں گے اور تم سے پھر مسئلہ پوچھیں گے' اس لئے ایسی وضع بنانا جو اس شخص میں کھپتی نہیں یہ بھی ایک قسم کا دعویٰ ہے۔صوفیاء کرام اس سے بہت بچتے ہیں۔

## خاندانی وضع نہ چھوڑیں

اسی وجہ سے صوفیاء کرام کے یہاں یہ اصول تھا کہ کوئی خاص وضع اختیار نہ کرو' جو اپنی خاندانی وضع چل رہی ہے' بشرطیکہ وہ خلاف شریعت نہ ہو بس اسی کو اختیار کرو۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کسی کتاب میں لکھا ہے کہ جو آدمی تصوف میں قدم رکھے' اور اللہ کے راستے پر چلے اور اللہ تعالیٰ اسے ولی کامل بنا بھی دے اس کو چاہئے کہ اپنی خاندانی وضع کو نہ چھوڑے' اپنی وضع نہ بدلے۔اگر کوئی شخص تاجر ہے تو تاجروں کا جو لباس ہوتا ہے وہی رکھے اور جو عام آدمی ہے وہ عام آدمیوں کا سا لباس رکھے۔ ہر ایک طبقے کا ایک خاص لباس ایک خاص انداز کا ہوا کرتا ہے' اسی کو اختیار کئے رکھے۔ حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انسان ولایت اور کمال دین حاصل ہونے کے بعد بھی اپنی وضع قطع کو نہ بدلے' کیونکہ اس میں خواہ مخواہ ایک قسم کا عملی دعویٰ ہو جاتا ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ جو ہنر اور جو وصف اپنے اندر موجود نہ ہو۔ اسکا زبان سے دعویٰ کرنا تو گناہ ہے ہی۔ لیکن عملی طور پر ایسی صورت اختیار کرنا کہ وہ دعویٰ بن جائے اور اس کو دیکھ کر لوگ مغالطے میں پڑ جائیں، یہ بھی صحیح نہیں ہے۔

## حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک دلچسپ اور سبق آموز واقعہ

ہمارے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں دو بیویاں تھیں۔ ایک بڑی تھیں، اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے، آمین! وہ باکمال عورت تھیں اور بڑی دیندار اور سمجھ دار عورت تھیں، حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے میری بڑی اہلیہ نے مجھے ایک نصیحت کی۔ حضرت والا کی عادت تھی کہ اگر کوئی ادنیٰ سے ادنیٰ آدمی بھی نصیحت کرتا تو اسے قبول کرتے تھے اور یہ بھی نہیں تھا کہ آپ چھپاتے کہ میں نے فلاں کی بات مان لی، بلکہ اس کا اظہار فرمایا کرتے تھے۔ تو یہ نصیحت کہ جب سفر پر جایا کرو تو کپڑے اچھے پہن کر جایا کرو اور میرا معمول یہ تھا کہ جیسا بھی اور جس حال میں بھی ہوتا تھا، اسی حال میں سفر شروع کر دیتا تھا اور جب کپڑے بدلنے کا وقت ہوا تو کپڑے بدل لئے، لیکن خاص طور پر سفر کے لئے کپڑے نہیں بدلتا تھا، تو اہلیہ نے کہا کہ نہیں، جب سفر پر جایا کرو تو کپڑے اچھے پہن کر جایا کرو۔ اس لئے کہ جب سفر میں شکستہ حال اور معمولی کپڑے پہن کر جاؤ گے تو دیکھنے والے یہ سمجھیں گے کہ غریب اور مفلس ہے اور غریب مفلس سمجھ کر خواہ مخواہ کوئی تمہاری امداد کرے گا تو ایسے کپڑے پہننا ایک قسم کا ادعاء ہے کہ میں مفلس ہوں۔ مجھے کچھ دو۔ حضرت والا فرماتے ہیں کہ واقعی انہوں نے بڑی حکیمانہ بات کہی اور اب میں ہمیشہ اس پر عمل کرتا ہوں۔

حضرت کا معمول یہ تھا کہ اپنا لباس بڑا صاف ستھرا رکھتے تھے، تاکہ کسی کو یہ گمان نہ ہو کہ یہ غریب ہے۔ اس گمان سے بچنے کا بڑا اہتمام فرمایا کرتے تھے۔

خلاصہ یہ ہے کہ آیت کی تفسیر میں بعض لوگ یہ غلط سمجھتے ہیں کہ جو آدمی خود عمل نہ کرتا ہو، وہ دوسروں کو اس کی ہدایت اور تبلیغ بھی نہ کرے، آیت کا یہ مفہوم نہیں ہے، بلکہ اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ جو وصف تمہارے اندر نہیں ہے اس کا دعویٰ نہ کرو۔ اگر تم عالم نہیں ہو تو اپنے قول و فعل اور شکل و صورت سے اپنے کو

عالم ثابت نہ کرو، اگر تم بزرگ نہیں ہو تو ایسی وضع اختیار نہ کرو کہ لوگ تمہیں بزرگ سمجھنے لگیں، ایسا نہ کرو، یہ آیت "لِمَ تَقُولُونَ مَا لَا تَفْعَلُونَ." کی صحیح مراد ہے۔

## دوسروں کو دعوت دینے میں کوئی حرج نہیں

اس واسطے علماء نے فرمایا ہے کہ فرض کرو کہ اگر ایک شخص خود کسی نیک کام پر قادر نہیں، وہ اگر دوسروں کو ہدایت کرے تو اس میں کیا حرج ہے، ایک آدمی خود معذور ہے، نیک کام نہیں کر سکتا، وہ اگر دوسروں کو اس نیکی کی ہدایت کرے تو کر سکتا ہے۔ فرض کرو کہ ہم نفل نماز نہیں پڑھ رہے ہیں، اپنے کسی مشغلہ یا مصروفیات کی بناء پر نفل نہیں ہو رہی ہے، تو اگر ہم دوسروں کو تاکید کریں اور ترغیب دیں کہ نفلیں پڑھا کرو فلاں عمل کیا کرو تو اس کے اندر کوئی قباحت نہیں ہے اور اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

## دعویٰ کبھی عملی بھی ہوتا ہے

ملفوظ: فرمایا کہ جس طرح قولاً کسی کام یا ایسے وصف کا دعویٰ جائز نہیں۔ جو مدعی میں موجود نہ ہو۔ اسی طرح اپنی سیرت اور صورت اور چال ڈھال سے بھی ایسا دعویٰ ممنوع ہے، اس سے ایک حدیث کے مفہوم پر جو اشکال ہوتا ہے، وہ بھی رفع ہو جاتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ صحابہ اہل صفہ میں سے کسی ایک شخص کا انتقال ہوا، مرنے کے بعد ان کی جیب سے ایک دینار برآمد ہوا۔ جو ساڑھے چار ماشہ سونے کا ایک سکہ ہے۔ آنحضرت ﷺ کو خبر ہوئی تو آپ نے فرمایا: كَيٌّ مِنَ النَّارِ یعنی یہ دینار جہنم کی آگ کا ایک داغ ہے۔ پھر ایک دوسرے صحابی اہل صفہ کے انتقال کے بعد ان کی جیب سے دو دینار نکلے، تو آپ نے فرمایا کہ كَيَّتَانِ مِنَ النَّارِ یعنی یہ جہنم کے دو داغ ہیں۔

اس پر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ایک دو دینار پر تو زکوۃ بھی واجب نہیں ہوتی،

جس کی عدم ادائیگی کے احتمال پر جہنم کی وعید ہو سکے۔اس کے علاوہ ایک دو دینار کسی کی ملکیت میں ہونا کوئی شرعی جرم نہیں۔حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے پاس چالیس ہزار دینار تھے، جن کو انہوں نے اسلامی ضروریات میں صرف کیا۔ہجرت کے وقت سات ہزار باقی تھے، جن کو ساتھ لے گئے اور رسول اللہ ﷺ کے ارشاد کے مطابق خرچ کئے۔حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ۔حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ حضرت زبیر رضی اللہ عنہ صحابہ کرام میں بڑے مالدار حضرات تھے۔ہزاروں دینار کے مالک تھے، جن پر رسول اللہ ﷺ نے کوئی نکیر نہیں فرمائی، جبکہ ان دو صحابہ پر اتنی شدید وعید ارشاد فرمائی۔اس کی کیا وجہ ہے؟

تشریح: صحابہ کرام میں بڑے بڑے مالدار ہوئے ہیں۔حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ جن کا ابھی ذکر آیا ہے۔صحیح بخاری میں ان کی میراث کی تقسیم کا جو واقعہ بیان کیا گیا ہے کہ ان کے سینکڑوں وارثین تھے اور فی آدمی ۸۰ ہزار دینار تقسیم ہوئے۔

**بقیہ ملفوظ**: حضرت قاضی ثناء اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی یہی توجیہہ فرمائی ہے کہ حضرات اہل صفہ اپنی حالت اور صورت کے اعتبار سے گویا اس کے مدعی تھے کہ ہم فقیر ہیں، صاحب مال نہیں۔چونکہ یہ عملی دعویٰ حقیقت کے خلاف ثابت ہوا۔اس لئے اس پر یہ وعید آئی۔

تشریح: حضور اقدس ﷺ نے اصحاب صفہ کی جیب میں سے ایک دینار نکلنے کو ”جہنم کا داغ“ قرار دیا اور دو دینار کو دو داغ قرار دیئے، وجہ اس کی یہی تھی۔کہ اصحاب صفہ ان لوگوں کو کہتے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی حضور ﷺ کی صحبت کے لئے وقف کر رکھی تھی۔بس ان کا کام یہی تھا کہ حضور کے ارشادات سنا کریں اور امت تک پہنچایا کریں۔علم دین حاصل کریں اور امت کو پہنچائیں۔بس اس کام کے لئے اپنی زندگی کو وقف کر رکھا تھا۔کوئی کسب و کمائی نہیں کرتے تھے زراعت، تجارت، مزدوری وغیرہ جو کسب کے ذرائع ہیں ان میں سے کوئی طریقہ ان کا نہیں تھا اسی واسطے عموماً وہ فقیر ہوتے تھے۔متوکلانہ زندگی گزارتے تھے۔کہیں سے کچھ آگیا تو کھایا، نہ آیا تو صبر کر لیا۔یہ ان کا معمول تھا۔

انہی کے بارے میں قرآن کریم کی آیت نازل ہوئی۔

لِلْفُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِينَ الَّذِينَ اُحْصِرُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ .

یعنی وہ فقراء جو اللہ کے راستے میں روک دیئے گئے ہیں اور ان کا وصف فقراء بیان فرمایا اور یہ آیت اہل صفہ کی تعریف میں نازل ہوئی ہے اور دوسری صفت یہ ہے کہ "لَا یَسْتَطِیعُونَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ." وہ اللہ کے راستے میں محصور ہو کر رہ گئے ہیں۔ کہیں کمانے وغیرہ کے لئے نہیں جاتے اور کہیں جانے کے قابل بھی نہیں، اس لئے کہ ان کو حضور ﷺ سے علم سیکھنے اور مسئلہ مسائل جاننے کے علاوہ دوسرے کام کی فرصت بھی نہیں۔ ہر وقت مسجد نبوی میں پڑے ہیں اور علم دین کا مشغلہ اختیار کئے ہوئے ہیں۔

تو یہ علم اس طرح جمع ہوا ہے، علم دین کو جمع کرنے کے لئے اللہ نے ایک ایسی قوم پیدا کر دی تھی جو رات دن مسجد نبوی کے چبوترے پر پڑی رہتی تھی جس کا نام صفہ ہے نہ تجارت کے لئے باہر نکلتے ہیں۔ نہ کسی اور کام کے لئے جاتے ہیں، بس رات دن وہیں پڑے رہتے ہیں۔

## حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کثرت حدیث کی وجہ

مجھے یاد آیا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ جو اصحاب صفہ میں سے ہیں، جو کثرت حدیث میں مشہور ہیں صحابہ کرام میں سب سے زیادہ حدیثیں انہی کی ہیں، ایک مرتبہ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان سے کہا کہ بھائی! تم بہت حدیثیں نقل کرتے ہو، کوئی اور صحابی اتنی حدیثیں نقل نہیں کرتا۔ تمہارے پاس اتنی حدیثیں کہاں سے آگئیں؟ انہوں نے جواب میں فرمایا: اماں جان! آپ کو تو سرمہ دانی اور آئینے سے فرصت نہیں تھی۔ ابو ہریرہ تو دن رات حضور ﷺ کے دروازے پر پڑا رہتا تھا اسی کام کے لئے کہ جب حضور تشریف لائیں تو ان سے کوئی کلمہ سنیں، آپ مجھ پر دوسروں کو قیاس کرتی ہیں؟ (الطبقات الکبریٰ لابن سعد۔ ج ۲ ص ۳۶۴، الاصابۃ۔ ج ۴ ص ۲۰۸)

## مالداری بری چیز نہیں

بہرحال! حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا قصہ اسی لئے پیش آیا کہ اَلَّذِيْنَ اُحْصِرُوا فِي سَبِيْلِ الله . وہ اللہ کے راستے میں محصور کردیئے گئے۔ ان کو کہیں جانے کی فرصت نہیں، کسی سے ملنے کی، بازار جانے کی، کاروبار کرنے کی۔ کہیں کی بھی ان کو فرصت نہیں۔ یہ اہل صفہ کی صفت ہے۔ جب اہل صفہ کی یہ صفت قرآن کریم میں نازل ہوئی ہے اور اس میں "فقراء" کا لفظ سب سے پہلے بیان فرمایا ہے تو پھر وہ فقیر ہی ہونے چاہئیں وہ مالدار نہیں ہونے چاہئیں، ویسے شریعت میں مالداری کوئی جرم نہیں ہے۔ نہ اپنی ذات میں مالداری بری ہے لیکن یہ دعویٰ کرکے ہم فقیر ہیں اور یہ دعویٰ کرکے کہ ہم دنیادار نہیں ہیں اور پھر دنیا دار بننا، یہ بڑی خطرناک بات ہے۔

## اہل علم دنیا جمع کرنے کی فکر میں نہ لگیں

آج کے اہل علم اور علماء بھی اسی میں داخل ہیں، اگرچہ وہ اس درجے کے نہ سہی، مگر کم از کم جو لوگ اس علم میں لگے ہوئے ہوں اور جنہوں نے اپنے آپ کو دین کے لئے وقف کیا ہو۔ ان کی زندگی میں کم از کم یہ تو ہونا چاہئے کہ دنیا کو دین پر ترجیح نہ دیں۔ دنیا کے جمع کرنے کی فکر میں زیادہ نہ پڑیں اگر اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے کسی کو دیدیں تو اس کو نعمت سمجھ کر استعمال کرنا گناہ نہیں۔ لیکن دنیا کی فکر میں لگے رہنا اور اسی فکر میں لگے رہنا کہ پیسے بڑھائیں یہ کام علماء کی شان کے خلاف ہے، علماء کو اللہ تعالیٰ نے علم دیا ہے اور علمی کام میں لگایا ہے ان کا کام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے دین کے کام لگیں، پھر اللہ تعالیٰ غیب سے ان کو ایسا دیتا بھی ہے کہ تأتي الدنيا وهي رغمة دنیا ان کے پاس ذلیل ہوکر آتی ہے لیکن خود ان کو اس فکر میں لگے رہنا یہ ان کے اس دعوے کے خلاف ہے یہ جو ہم نے اپنا لباس بنایا ہے۔ کرتا، پائجامہ، ٹوپی، جو علماء کا لباس ہے۔ یہ پہننے کے بعد ہمارے دل میں یہ طمع ہو کہ یہاں سے کچھ پیسے وصول کرلیں، وہاں سے کچھ پیسے وصول کرلیں، یہ کمائی یہاں سے کرلیں یہ ہماری اس وضع کے خلاف ہے اس دعویٰ کے خلاف ہے یہ ہماری وضع درحقیقت

اس بات کا دعویٰ ہے کہ ہم اللہ والے ہیں اللہ کے طالب ہیں دنیا کے طالب نہیں۔

دنیا ہونا کوئی مضر نہیں، بشرطیکہ غیر معمولی کوششوں کے بغیر مل جائے تو اللہ کی نعمت ہے اور غیر معمولی کوششوں میں لگنا یہ علماء کی شان کے خلاف ہے۔

بہرحال! رسول اللہ ﷺ نے اہل صفہ کے بارے میں ایک دینار ہونے کو بھی جہنم کا ایک داغ قرار دیا اور دو دینار ہونے کو دو داغ قرار دیئے اس واسطے کہ ان کی ظاہری وضع قطع کے اعتبار سے ان کا دعویٰ یہ تھا کہ دنیا دار نہیں۔

## علماء کو بہت سے جائز کام بھی چھوڑنے پڑتے ہیں

میں اپنے دوستوں سے اور علماء و طلباء سے یہی بات کہا کرتا ہوں کہ تم اپنے آپ کو عوام کی طرح سمجھ کر یہ مت کہو کہ یہ کام جائز تھا، اس لئے ہم نے کر لیا۔ بلکہ علماء کو بہت سے جائز کاموں سے بھی رکنا پڑتا ہے۔ اس لئے تاکہ عوام گمراہ نہ ہوں، علماء کو بہت سے ایسے جائز کام چھوڑنے پڑتے ہیں جن میں خطرہ یہ ہو کہ عوام کو کوئی مغالطہ لگ جائے گا۔ ایسے کاموں سے بھی علماء کو بچنا چاہئے اس واسطے کہ تم اپنی ظاہری وضع قطع سے دعویٰ کر رہے ہو کہ ہم اللہ والے ہیں اور اللہ والوں کا جو طرز عمل ہے اہل علم کو اس کے خلاف نہیں کرنا چاہئے۔ چاہے وہ حقیقت میں جائز ہی ہو۔

## حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا درس پر معاوضہ نہ لینا

میں بارہ سال تک ریڈیو پاکستان پر درس قرآن دیتا رہا اور میرے نزدیک اس پر معاوضہ لینا کوئی گناہ نہیں تھا بہت سے اللہ کے بندے لیتے ہیں ویسے قرآن پر معاوضہ لینا کوئی گناہ نہیں۔ جائز ہے۔ مگر میں نے قصداً ضرورت مند ہونے کے باوجود نہیں لیا اور اگر لیتا تو بیس تیس ہزار روپیہ مجھے ملتا، لیکن میں نے صرف اس لئے نہیں لیا کہ اس لباس کا تقاضہ نہیں تھا ہم کوئی درس دیں اور اس پر معاوضہ لیں یا کوئی وعظ کہیں اس پر نذرانہ وصول کریں یہ اس وضع کے خلاف بات ہے۔ چاہے اپنی ذات میں وہ گناہ نہ ہو۔ مگر ہم نے چونکہ یہ وضع اختیار کر کے یہ دعویٰ کیا ہے کہ ہم اللہ والے ہیں ہم دنیا کے طالب نہیں اس لئے لینا مناسب نہ تھا۔

مجلس : ۱۵

# معاشرے کی اصلاح

حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ساری شریعت اسلام پانچ چیزوں میں ہے:

(۱) عقائد (۲) عبادات (۳) معاملات (۴) اخلاق اور اعمال باطنہ (۵) معاشرت۔

ان میں عقائد اور عبادات کو ساری دنیا جانتی ہے' سب جانتے ہیں کہ اسلام نام ہے کچھ عقائد و عبادات کا لیکن معاملات میں کیا جائز ہے کیا ناجائز ہے اللہ اور اس کے رسول ﷺ نے اس میں بھی احکام وقوانین مقرر کئے ہیں اس سے عوام اکثر بے خبر ہیں' مسجد میں نوافل' فرائض ادا کر لئے یہ تو سب کیلئے آسان ہے لیکن بازار میں کیا کریں کیا نہ کریں اس سے ان کو سروکار نہیں' معاملات اگر شریعت کے خلاف ہوئے تو یہ بھی فرائض سے کوتاہی ہوگی اس لئے امام اعظم کے شاگرد امام محمد سے کسی نے کہا آپ نے بہت سی کتابیں لکھی ہیں لیکن تصوف میں کوئی نہیں لکھی' آپ نے فرمایا سارا تصوف اس میں ہے کہ آدمی حلال روزی کھائے' حرام لقمہ سے اول تو توفیق ہی عبادت کی نہ ہوگی' کر بھی لیا تو اس سے فیض نہ پا سکے گا۔

## اخلاق واعمال سے غفلت

لوگوں نے نماز روزہ حج کو ہی عبادت سمجھ رکھا ہے' معاملات کی طرف توجہ بہت کم ہے' چوتھی چیز اخلاق اور اعمال باطنہ کی اصلاح ہے' اس سے عوام تو غافل ہیں ہی' اہل علم بھی اس میں کوتاہی کرتے ہیں' بہت سے لوگ علم کے اعتبار سے کمالات رکھتے ہیں مگر باطنی حالات خراب ہیں کبر ہے' ریا ہے' حسد ہے' بغض ہے' یہ

گندگیاں ایسی ہیں جیسے پیشاب پاخانہ۔ یہ دل کی ناپاکی ہیں جیسے نماز کیلئے کپڑااور جسم پاک کرنا ضروری ہے اسی طرح کبر' ریا جیسے امراض کاازالہ ضروری ہے جیسے چوری' شراب سے بچنا فرض ہے (ان باطنی گناہوں سے بچنا بھی ضروری ہے )افسوس ہے کہ اہل علم بھی اس میں غفلت کرتے ہیں مثلاً امراض باطنہ میں ایک مرض ریااور دکھلاوا ہے کہ قرات پڑھ رہے ہیں 'ارادہ یہ ہے کہ مجھے بہت اچھا قاری سمجھا جائے' وعظ کر رہے ہیں کہ واہ واہ ہوگی' یہ زبردست روگ ہے قرات جب مجلس میں ہوتی ہے لوگ خدا کو کم اور بندوں کو زیادہ خوش کرنا چاہتے ہیں تاکہ اپنی تعریف ہو' خدا کو چھوڑ کر اپنی تعریف کے لئے بندوں کو خوش کرنا شامل ہو گیا' یہ ریاکاری ہے' یہی چور ہے اگر مقصود اللہ کو راضی کرنا ہے تو پھر کوئی پھڑکے یا تڑپے اس سے کیا واسطہ ہے۔ ریا کا عیب لگ جانا پھراس میں کبراور بغض اور دوسرا عیب پیدا ہو جاتا ہے مثلاً یہ خیال ہو جانا کہ اچھا کام کر لیا عجب ہے' اور خیال کیا میں دوسروں سے اچھا ہوں کبر ہے' چوری' زنا' شراب کی طرح یہ ریااور کبر بھی گناہ کبیرہ حسد' کینہ' بغض یہ بھی کبائر میں سے ہیں' جنت میں نہیں جاسکتا وہ شخص جس کے دل میں کبر ہے' دوسرے کو کمتر سمجھنا کبر ہے' نماز پڑھ لی' بے نمازی کی حقارت دل میں آگئی یہ کبر ہے اس فعل کی حقارت ضرور ہو فاعل کی حقارت نہ ہو ایک شخص شرابی ہے تم کو حق نہیں اس کو کمتر سمجھنے کا' معاملہ انجام پر ہے معلوم نہیں کوئی عمل تمہارا اسے مبغوض ہو کہ سارا نیک عمل دھرا رہ جائے اوراس شرابی کی ایک بات ایسی مقبول ہو کہ وہ اس وقت اسے نجات دلا دے' ساری عمر نیکیاں کرنے سے صرف ایک کلمہ کفر بول دینے پر سب نیکیاں ضائع ہو جاتی ہیں یہ معاملہ بڑے بڑے متقیوں کو پیش آجاتا ہے' بدی اور غیبت بھی اس میں داخل ہے ایک ہی عمل سے ساری نیکیاں ضائع اور ایک ہی عمل سے سارے گناہ زائل ہو جاتے ہیں' آپ کو کوئی حق نہیں کہ اس کو حقیر سمجھیں 'اول تو یہ کہ ناز کس پہ کرتے ہو نیکی کی توفیق تم کو دی تو دی کس نے 'اللہ کا کرم ہے' دوسرے یہ کہ تم ظاہر کو دیکھتے ہو اس وقت چور شرابی ہونے کے باوجود ممکن ہے کوئی عمل نیک بھی کرتا ہو اور وہ اس قدر مقبول ہو کہ ساری بداعمالیاں مٹ جائیں اور ہو سکتا ہے کہ ہمارے سارے نیک اعمال کسی ایک کلمہ پر رد ہو جائیں' تیسری بات یہ ہے کہ انجام کا حال

معلوم نہیں ہو سکتا ہے کل تم چور ہو جاؤ اور وہ شرابی دیندار بن جائے۔

حدیث میں ہے کہ جو آدمی کسی گنہگار کو مبتلا گناہ دیکھ کر استہزا کرے وہ اس وقت تک مرتا نہیں جب تک خود اس گناہ میں مبتلا نہ ہو جائے' بڑے ڈرنے کی اور احتیاط کی ضرورت ہے۔ بڑی خطرناک بات ہے' یہ مشاہدہ کیا گیا ہے۔ ایک بزرگ آئے اچھے عالم تھے مگر نکتہ چینی کرتے تھے ہر بات پر 'مگر کچھ عرصہ بعد دیکھا گیا کہ وہ خود اسی میں مبتلا تھے' یاد رکھنے کی بات یہ ہے۔

اور چوتھا جز اعمال باطنہ کی اصلاح ہے اپنے عمل کو اچھا سمجھنا یہ بڑا زبردست روگ ہے باطن کا' دوسرے کو کمتر سمجھنا کبر ہے اس میں اور زنا میں کوئی فرق نہیں ہے۔

حافظ شیرازی نے کہا ریا کو حلال سمجھتے ہیں' اور شراب کو حرام یہ عجب بات ہے حالانکہ ریا کے ڈانڈے شرک سے ملتے ہیں چاہے کتنا نمازی ہو' دوسرے مطلع ہو کر ہم کو اچھا سمجھیں نیک کام کرنے والوں کے دل میں شیطان یہ ضرور ڈالتا ہے اور یہ بڑے خطرہ کی بات ہے علماء سب اس سے غفلت برتتے ہیں۔

## بغض اور کینہ کی حقیقت

بغض اور کینہ دو لفظ ہیں اس کی حقیقت حرام ہے جس کے دل میں کسی مسلمان کی طرف سے بغض ہو وہ جنت میں نہ جائے گا' شعبان کی شب اللہ پاک کی رحمت اتنی برستی ہے اتنے لوگوں کی مغفرت ہوتی ہے جیسے ایک قبیلہ کی بکریوں کے بال 'ایک بکری کے بال جمع کرو پھر سارے گلے کے پھر بنو کلب وہ قبیلہ ہے جس کی بکریوں کی کثرت ساری دنیا میں مشہور تھی' پورے قبیلہ کی بکریوں کے بال اربوں پدموں اتنے لوگوں کی مغفرت ہوتی ہے اس میں بھی چند لوگوں کی مغفرت نہیں ہوتی ان میں وہ بھی شامل ہے جو کسی مسلمان سے کینہ بغض رکھے اپنے دل میں اتنی خطرناک چیز ہے' شرابی کے بارے میں یہ حکم نہیں ہے 'اسی طرح جو آدمی ٹخنوں سے نیچا پاجامہ پہنتا ہے اس کی بھی مغفرت نہیں ہوتی' آج فیشن کے مارے دو انچ کپڑا ٹخنوں سے نیچے لٹکا کر جنت کو کھوتے اور دوزخ خریدتے ہیں' تیسرے یہ گانا اور بجانا جو آدمی طبلہ سارنگی اور گانے میں لگا ہے اس کی مغفرت نہیں ہوتی' ذرا سوچو اتنے سے وقت

کی لذت سے دوزخ خریدنا کیسی نادانی کی بات ہے آج گھروں میں ہر طرف گانا بجانا عام ہے۔

بغض اور کینہ کے معنی سمجھ لو' یہ معنی نہیں کہ کسی نے سنایا برا کہا دل میں اس کی طرف سے رنج آگیا 'بغض کینہ کے معنی یہ ہیں کہ اس فکر میں رہے کہ موقع ملے تو اس کو تکلیف پہنچاؤں یا اس کو نقصان تکلیف پہنچے اس پر خوش ہوں اس لئے کہ انتقام اختیاری چیز ہے اس جذبہ کا نام کینہ ہے' یہ بھی چوری اور شراب کی طرح حرام ہے اس میں عوام کیا علماء بھی مبتلا ہیں۔

## شرعی لباس گناہوں سے بچنے کا ذریعہ ہے

اللہ پاک نے کرتا ٹوپی داڑھی کو بہت سے ایسے موانعات سے باز رکھا ہے اس سے بہت سے گناہوں سے شرما شرمی بھی بچ جاتا ہے میں کہا کرتا ہوں کہ بھائی یہ جو ہم چوری' شراب وغیرہ سے بچ جاتے ہیں یہ دراصل ہم کو' یہ داڑھی 'کرتا' ٹوپی نہیں کرنے دیتے مگر اس سے زیادہ ذلیل گناہ اور عیوب ہمارے اندر ہیں' یہ باطن کے روگ ریا 'کینہ 'غیبت 'بغض 'کبر بہت سی بیماریاں ہیں جس میں ہم مبتلا ہیں اصل تو ان سے بچنا تھا' غرض عبادات واعتقاد کو دنیا جانتی ہے معاملات سے عوام بے خبر ہیں اور اخلاق اور اعمال باطنہ سے علماء بھی بے خبر ہیں بلکہ ملوث ہیں اس میں اس چوتھے جز اعمال باطنہ کی طرف صوفیاء کرام متوجہ ہوئے۔

## آداب معاشرت

اب وہ پانچواں جز جو معاشرت ہے اس باب میں صوفیاء بھی شامل ہیں۔ عوام' علماء' صوفیاء سارے اس میں داغدار ہو جاتے ہیں اس لئے کہ اس کو دین ہی نہیں سمجھا آج میں آداب معاشرت کے متعلق کچھ کہنا چاہتا تھا' معاشرت کے معنی یہ ہیں کہ رہن سہن کا ایسا طریقہ اختیار کرنا جس سے دوسرے کو ایذاء نہ پہنچے 'ظاہری طور سے اور باطنی طور پر کسی طرح دوسرے کو تکلیف نہ ہو اپنے اٹھنے بیٹھنے چلنے پھرنے' بازار'

گھر، بولنا چالنا تمہارا ایسا ہو جس سے دوسرے کو تکلیف اور ذرا بھی ٹھیس نہ پہنچے، قرآن میں ایسے لوگوں کو عباد الرحمٰن کہا گیا ہے جو زمین پر چلتے ہیں آہستہ یہ مطلب نہیں کہ چال چیونٹی کی ہو بلکہ ان کی چال سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کوئی بڑا آدمی جا رہا ہے، یا اکڑ فوں ہے، یا لوگ اس سے جاہلانہ گفتگو کریں تو وہ کہیں ''سلام'' اس کے دو مطلب ہیں ایک تو یہ کہ جواب کچھ نہ دیا سلام کہہ کر چل دیئے، دوسرا یہ کہ اس جاہل کا جواب سلامتی سے دیں، ظلم کا جواب عدل سے دیں، ایک واقعہ یاد آیا حضرت اسماعیل شہید کا، یہ رد بدعت میں بہت وعظ کہا کرتے تھے، ایک دفعہ جامع مسجد دہلی میں اسی طرح بیان کر رہے تھے، لوگوں نے ایک شخص کو مقرر کیا مولانا آئیں تو کہنا مجھے کچھ پوچھنا ہے، فرمایا کہو، اس نے کہا حضرت ہم نے سنا ہے ''آپ حرامی ہیں''۔ تم ٹھنڈے دل سے سوچو تم سے کوئی بازار میں روک کر یہ بھرے مجمع میں ایسا کرے تو کیا جواب دیں گے سات پشت کو حرامی بنا کر چھوڑیں گے، مولانا نے فرمایا تم کو غلط خبر پہنچی ہے، میری والدہ کے نکاح کے گواہ آج بھی موجود ہیں مجھے کون حرامی کہتا ہے۔ یہ ہے سلامتی کی بات اس کی گالی کو مسئلہ بنا دیا جس کی اللہ پاک تربیت فرمائیں ان کا یہ حال ہے۔

بہرحال اس عنوان سے اللہ پاک نے تعریف کی ہے کہ آہستہ چلتے ہیں کسی کو تکلیف نہ ہو پستی عاجزی سے چلتے ہیں سینہ نکال کر نہیں چلتے کسی کو دھکا دیکر نہیں چلتے، تیسری صفت یہ کہ اپنے رب کے سامنے رات گزارتے ہیں سجدے میں، اس میں دیکھنے کی بات یہ ہے کہ پہلے نمبر میں آہستہ چلنا دوسرے نمبر میں سلامتی کی بات کرنا تیسرے نمبر پر سجدہ کی بات ہے معلوم ہوا کہ معاشرت عبادت سے اول ہے قرآن کی اس آیت نے آداب معاشرت کا چھوٹا سا باب کھولا ہے الذين يمشو ن علي الا رض اسی کو رسول پاک ﷺ نے فرمایا: مسلمان وہ ہے جس کے ہاتھ اور زبان سے مسلمان محفوظ رہے مطلب یہ کہ تکلیف دوسروں کو زبان اور ہاتھ سے ہی پہنچتی ہے، آداب معاشرت کا سب سے بڑا عنوان یہ حدیث ہے اپنے رہن سہن اور چال ڈھال، بول چال ایسی بناؤ کہ کسی اپنے پرائے کو تکلیف نہ پہنچے، اسی طرح فرمایا ایمان کے ستر سے زیادہ شعبے ہیں اس میں ادنیٰ یہ ہے کہ راستہ کی تکلیف دینے والی

چیز ہٹا دو جس سے دوسروں کو اذیت ہو' اتنی اہمیت دی ہے اس عمل کو کہ شعبہ ایمان قرار دیا ہے۔اس میں سب ہی غفلت برتتے ہیں اس کی کوتاہی میں بیشتر لوگ مبتلا ہیں تم نے پتھر راستہ میں ڈالا نہیں مگر تمہارے ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ اس کو راستہ سے ہٹا دو اور جو خود ڈال دے ایسی چیزیں اس کا کیا کہنا' فرمایا دو لعنت کی چیزوں سے بچ' کسی سایہ دار درخت کے نیچے پیشاب کرنے سے گندگی پھیلانے سے بچ اس لئے کہ دوسروں کو تکلیف ہوگی اس کا اطلاق ہر جگہ ریل میں' اسٹیشن' ہسپتال' دفتر کوئی جگہ جہاں صرف تم تنہا نہیں بیٹھتے اس کو گندا نہ کرو' دیکھئے یہ دین کا جزو ہے اور اس کو ہم کوئی گناہ نہیں سمجھتے یہ گناہ کبیرہ ہے دوسرے مسلمان کو ایذاء پہنچتی ہے' بیت الخلاء میں گئے گندگی ادھر چھوڑ کر چلے آئے اس کو لوگ گناہ کبیرہ نہیں سمجھتے حالانکہ یہ بھی گناہ ہے۔

## بے وقت فون کرنا اور کسی کے گھر جانا

اللہ پاک فرماتے ہیں جب کسی کے گھر جاؤ بغیر اجازت کے نہ جاؤ اور جا کر سلام کرو اور ایسے وقت جائے کہ اس کے کھانے کا وقت نہ ہو آرام کا وقت نہ ہو یہ فرائض میں ہے اس کے خلاف کرنا حرام ہے اس کو ہم گناہ نہیں سمجھتے' چاہے جس وقت کسی کے گھر چلو دھڑ دھڑ کرنے لگے' قرآن کی تعلیم یہ ہے کہ دوسروں کی ایذاء سے بچو کسی کی ناگواری سے بھی بچو کسی کے دل پر بار نہ آنے پائے' ٹیلی فون والوں کو رات کو بارہ بجے بھی یہ ایذاء رسانی بلا وجہ دیدیتے ہیں بے رحموں کو کچھ فکر نہیں' اس میں احتیاط رکھیں' غرض اس ٹیلی فون کی وجہ سے بھی بعض لوگ گناہ میں مبتلا ہو جاتے ہیں' آج وزٹنگ کارڈ انگریز کی برکت سمجھتے ہیں اس کی اصل اسلام نے سکھائی ہے عوام اس کو قرآن کے آداب ہی نہیں سمجھتے' کسی کے دل کو مجروح کرنا اس سے بڑا دنیا میں کوئی گناہ نہیں اور کسی مومن کا کسی طریقہ سے دل خوش کرنا سب سے بڑی نیکی ہے' بمبئی کی مسجد میں ایک بزرگ تھے بڑی پوچھ تھی' ایک دفعہ دوبارہ دیکھا کہ لوگوں نے ان کو چھوڑ رکھا ہے ان بزرگ نے جوان سے دوبارہ ملنے گئے تھے محض اس لئے کہ ان کا دل خوش ہو جائے ان کے سامنے دو زانوں ہو کر بیٹھ گئے' انہی کا ایک اور واقعہ ہے

دیوبند میں ایک فاحشہ عورتوں کا محلہ تھا یہ نماز عشاء دیر سے پڑھ کر آتے تھے ایک فاحشہ کے گھر کے سامنے سے جب جاتے جوتے اتار کر ننگے پاؤں گزر جاتے پھر بعد میں جوتا پہنتے، پوچھنے پر معلوم ہوا کہ یہ فاحشہ بوڑھی ہے کوئی گاہک آتا نہیں اگر میرے جوتے سے اس کے دل میں طمع ہو جائے کہ کوئی آیا اور میں گزر جاؤں تو اس کے دل کو تکلیف پہنچے گی، اب سمجھئے اس بات کو کہ وہ طمع بھی بیہودہ اس کی اتنی فکر اس لئے کہ وہ مسلمان تھی چاہے کیسی بھی تھی، یہ دل دکھانا ایسا وبال ہے کہ عبادات بھی قبول نہیں ہوتی۔

## جانوروں کو ایذا دینا

حضرت نے فرمایا ایک دفعہ آپ گھر میں تنہا تھے مرغیاں صبح کھول کر گئے شام کو بند کر دیا ایک دن نماز تلاوت میں دل نہ لگا میں متوجہ ہوا اللہ سے معافی چاہی، اس وقت دل میں آیا آج مرغیاں کھولنا بھول گیا ان کو بند کر رکھا ہے، اس لئے اللہ نے میرا دل بند کر دیا، اللہ پاک نے جن کو بصیرت دی ہے ان کے سامنے مرغی کا دل دکھانے پر دیوار کھڑی ہو جاتی ہے، ہم اندھا دھند کتنے دل دکھاتے رہتے ہیں اس کا احساس ہی نہیں ان کا دل کھلا ہوا تھا وہ اگر کسی وقت ذرا بھی حق تعالیٰ سے دور ہو جاتے تو ان کو اطلاع ہو جاتی ہے جیسے ہم اتنے دور ہیں اللہ سے کہ ہم کو کیا اس کی اطلاع ہو، نظر آتے تو محسوس ہوتا جب تعلق مع اللہ سے ہی ہم محروم ہیں تو پتہ کہاں سے چلے، قرآن وحدیث ساری بھری ہوئی ہے اس بات سے کہ ایذاء رسانی سے بچو، حضرت یوسف علیہ السلام سے دو قیدیوں نے دو خواب بیان کئے ان میں سے ایک کی یہ تعبیر تھی کہ تم عیش کرو گے بادشاہ کی خدمت میں ہو جاؤ گے ور دوسرے کو پھانسی ہوگی، یہ چیزیں متعین تھیں اللہ کے یہاں لیکن جب تعبیر کی تو یہ نہیں کہا تم کو پھانسی ہوگی بلکہ یہ کہا کہ ایک کو یہ ہوگا اور ایک کو یہ، یوں نہیں کہا کہ تم کو یہ ہوگا اتنی سی بات سے بھی اس کے دل کو ٹھیس نہیں لگائی جہاں تک کوشش کی اس کو مبہم کر دیا کون ایسا ہوگا، غرض یہ ہے کہ اللہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمان کے دل کو ادنیٰ درجہ کی تشویش دینے سے بھی منع کیا ہے، فرمایا ایک مجلس میں تین آدمی ہوں تو دو آدمیوں کو کانا

پھوسی نہ کرنا چاہئے کہ تیسرا اکیلا رہ جائے گا اس کے دل کو تشویش ہوگی' حالانکہ اس کو گالی نہیں دی برا نہیں کہا مگر اس سے بچایا کہ تشویش نہ ہو یہ مرض عام ہے آج کل آپس میں انگریزی میں بھی بات شروع کر دیتے ہیں' یہ بھی اسی حکم میں ہے اتنی سی ایذاء سے بھی بچایا ہے اللہ کے راستے میں یہ چیز جتنی مضر ہے اتنی کوئی مضر نہیں اللہ پاک ہم کو اس پر عمل کی توفیق عطا فرمائے آمین!

مجلس : ۱۶

# حسن انتظام کے فوائد

**ملفوظ :** ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ کرتے ہوئے فرمایا کہ الحمدللہ! مجھ کو ہر چیز اپنی حقیقت پر نظر آتی ہے اور الحمدللہ! ہر ایک کے درد کا اثر ہوتا ہے اور دونوں اثروں میں کوئی فرق نہیں ہوتا، یعنی یہ نہیں ہے کہ ایک کا اثر دوسری چیز میں ظاہر ہو۔ مثلاً ان صاحب نے اس وقت مجھے اذیت پہنچائی۔ اس کی وجہ سے غصہ بھی ہے۔ لہجہ میں تغیر بھی ہے مگر اضطرار نہیں ہے کہ اختیار سلب ہو گیا ہو۔ چنانچہ اگر اس کے بعد کوئی صاحب ڈھنگ اور سلیقے سے بات کریں تو اس کا اثر اس دوسرے پر نہ ہو گا۔

**تشریح :** عام طور پر ایک آدمی کو جب کسی پر غصہ آرہا ہے اور اس وقت کوئی دوسرا آدمی آگیا تو پہلے شخص کے غصہ کا اثر اس دوسرے پر بھی پڑتا ہے۔ یہ انسان کی فطرت ہے یا مثلاً انبساط کا اثر چل رہا ہے اور انبساط کے ساتھ گفتگو ہو رہی ہے اگر اس وقت کوئی دشمن بھی آجائے تو اس کے ساتھ بھی انسان انبساط کا برتاؤ کرتا ہے، لیکن حضرت والا کے ہاں ایسا نہیں تھا، بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنے جذبات پر پورا قابو عطا فرمایا تھا، جس حد تک غصہ کرنا مقصود ہے اسی حد تک غصہ کریں گے، اس سے آگے نہیں کریں گے۔ اپنے اپنے موقع پر ہر بات ہوگی، سختی کی جگہ سختی، نرمی کی جگہ نرمی، ہر چیز میں بحمدللہ فضل خداوندی اور اپنے بزرگوں کی برکت سے عدل اور اعتدال رہتا ہے، ایسا نہیں ہے جیسا کہ آج کل کے میاں جی کرتے ہیں کہ ایک لڑکے کے کسی غلطی پر غصہ آیا اور پھر فیض عام شروع ہو گیا۔

**تشریح :** یعنی سب کو مارنا شروع کر دیا، یہاں جب شروع میں کراچی آیا تو وزراء حکومت کیساتھ مجھے کچھ کام کرنا پڑتا تھا۔ انہیں لوگوں سے واسطہ پڑتا تھا۔ ایک کلکٹر صاحب ہماری مجلس کے رکن تھے، ایک دن ان کے یہاں جانا ہوا تو دیکھا کہ ان کو غصہ

آرہا ہے۔ اور اب جو ماتحت بھی ان کے ساتھ تھے' اس کو کسی بات پر ڈانٹ دیتے۔ میرے ساتھ حضرت مولانا احتشام الحق صاحب بھی تھے۔ انہوں نے فرمایا کہ معلوم ہوتا ہے کہ آج ان کلکٹر صاحب کو اپنے افسر کی طرف سے ڈانٹ پڑی ہے جس کا یہ بدلہ اتار رہے ہیں۔

## سفر میں قصر کی علت

ایک مولوی صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ قصر کی اصل علت مشقت ہے۔ لیکن چونکہ اس مشقت کی پہچان مشکل تھی۔ اس لئے اس مشقت کا سبب یعنی سفر کو اس کا قائم مقام کر دیا۔

تشریح: یعنی سفر میں اللہ تعالیٰ نے یہ حکم دیا کہ چار رکعت والی نماز کو آدھی کر دو۔ اس کی اصل علت تو یہ تھی کہ سفر میں مشقت ہوتی ہے۔ لیکن اس مشقت کا پیمانہ مقرر کرنا بڑا مشکل ہے کہ کہاں ہوگی اور کہاں نہیں ہوگی' بعض اوقات سفر میں ذرا مشقت نہیں ہوتی۔ بلکہ حضر میں ہوتی ہے۔ لیکن عادۃً چونکہ سفر میں مشقت پیش آتی ہے' اس واسطے سفر کو مشقت کا قائم مقام کر دیا۔

## ہدیہ قبول کرنے کا اصول

اسی طرح میں نے ہدیہ میں عمل کیا ہے کہ قبول ہدیہ کی اصل علت خلوص ہے۔ لیکن خلوص اور عدم خلوص کی پہچان مشکل تھی۔ اس لئے خلوص کی علامت جو کہ خصوصیت کے ساتھ جان پہچان ہے قائم مقام خلوص کے کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ جس شخص سے خصوصی جان پہچان اور بے تکلفی نہ ہو' اس سے ہدیہ نہیں لیتا اور یہ قاعدہ کافی تجربات کے بعد مقرر کیا ہے اور میرے یہاں جتنے قواعد ہیں۔ سب تجربات کے بعد مقرر کئے گئے ہیں۔ اگر ان کا سبب ورود تیار کروں تو ایک بہت بڑا ضخیم رسالہ تیار ہو جائے اور ان اصول و قواعد سے حکومت مقصود نہیں' بلکہ طرفین کی راحت

رسانی مقصود ہے جس سے لوگ گھبراتے ہیں اور اعتراض کرتے ہیں۔

## قواعد کی بنیاد حصول راحت ہے

**تشریح:** خود میرا اپنا قصہ ہے، جب میں دارالعلوم دیوبند سے فارغ ہو گیا تو یہ ارادہ ہوا کہ حضرت تھانوی کے پاس اصلاحی تعلق کے لئے حاضری دوں تو والد صاحب کو میں نے ساتھ لیا اور وہاں پہنچ گئے حضرت رحمۃ اللہ علیہ اور والد صاحب دونوں ہم سبق تھے اور مساویانہ انداز کا دوستانہ تعلق تھا، ظہر کا وقت قریب تھا۔ تھوڑی دیر کے لئے مہمان خانے میں جا کر لیٹ گئے، ظہر کی آذان کے بعد حضرت رحمۃ اللہ علیہ حسب معمول اپنی جگہ سے اٹھ کر وضو کے لئے تشریف لائے اس وقت والد صاحب نے ملاقات کی۔ میں نے بھی ملاقات کی اور مصافحہ کیا اور والد صاحب نے حضرت سے فرمایا کہ یہ بچہ مجھے یہاں لے کر آیا ہے۔ اس کو یہاں آنا تھا لیکن یہ ڈر رہا تھا اور یوں کہہ رہا تھا کہ یہاں قواعد وضوابط بہت ہیں اس لئے مجھے اکیلے جاتے ہوئے ڈر لگتا ہے۔ آپ ساتھ چلیں۔ اس پر حضرت نے فرمایا کہ لوگوں نے مجھے خواہ مخواہ بدنام کر رکھا ہے۔ میرے پاس قواعد وضوابط کچھ نہیں۔ بلکہ مصیبت میں ہوں اور اس مصیبت سے بچنے کے لئے اور لوگوں کو بچانے کے لئے یہ قواعد وضوابط بنا رکھے ہیں ورنہ حقیقت میں کچھ نہیں ہے۔

اب دیکھیں سامنے وہ شخص کھڑا ہے، اس نے آج صبح مجھے ستایا۔ بے وقت آکر میرے کام میں مخل ہوا۔ وہ وقت ملاقات کا نہیں تھا۔ میں نے اس کو بھگایا اور تھوڑی سی ڈانٹ بھی پڑی اور بتایا کہ فلاں وقت ملنا۔ اب وہ شخص وہاں کھڑا جھانک رہا ہے لیکن میرے پاس نہیں آتا۔

اگر میں کھلی چھٹی دیدوں اور یہ قواعد وضوابط نہ ہوں یہ لوگ مجھے ایک مرتبہ بھی "لا الٰہ الا اللہ" کہنے کی فرصت نہ دیں اور اسی قسم کے لوگوں نے یہ قواعد بنوائے ہیں۔

## حسن انتظام کی تعلیم

لوگ کہتے ہیں کہ ان کے مزاج میں تو انگریزوں کا سا انتظام ہے۔ میں کہا کرتا ہوں کہ یوں کہو کہ انگریزوں کے مزاج میں ہمارا جیسا انتظام ہے۔ کیوں کہ یہ چیز انگریزوں کے گھر کی نہیں ' ہمارے گھر کی ہے۔ جس کو وہ لوگ اختیار کر کے راحت حاصل کر رہے ہیں۔

تشریح: قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ جل شانہ نے جنت کی نعمتوں کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ "وَاَكْوَابٌ مَّوْضُوعَةٌ." یعنی پیالے ہیں رکھے ہوئے' پیالے کا ذکر تو ٹھیک ہے کہ پانی پینے کے لئے پیالے کی ضرورت پڑتی ہے لیکن "مَوْضُوعَةٌ." کا لفظ قرآن کریم نے کیوں استعمال کیا؟ اس لفظ کا مطلب یہ ہے کہ وہ پیالے اپنی جگہ پر رکھے ہوں گے ' یہ نہیں ہو گا تو آپ گھڑے کے پاس پانی کے لئے آئے اور وہاں گلاس موجود نہیں۔ اب آپ گلاس ڈھونڈتے پھر رہے ہیں۔ اس لئے فرمایا کہ وہ پیالے اپنی جگہ پر رکھے ہوئے ہوں گے۔

میں بچوں کو کہا کرتا ہوں کہ آج کل لوگ بدتمیز ہوتے جا رہے ہیں۔ حالانکہ قرآن کریم یہ بات سکھاتا ہے کہ ہر چیز کے رکھنے کی جگہ مقرر کرو اور پھر اس کو اسی مقررہ جگہ پر رکھو' خاص کر ایسی چیزیں جن کے استعمال کی سب کو ضرورت رہتی ہو اور اس نیت سے اس کو اپنی جگہ رکھو کہ دوسروں کو تکلیف نہ ہو۔ اب مثلاً آپ نے گلاس اٹھا کر پانی پیا۔ اور پھر گلاس دوسری جگہ پر رکھ دیا اور اب جب دوسرا شخص پانی پینے کے لئے آئے گا تو اس کو گلاس ڈھونڈنا پڑے گا اور تلاش کرنا پڑے گا اور اس میں آج دنیا کے اکثر لوگ مبتلا ہیں حالانکہ قرآن کریم نے "اکواب" کے ساتھ "موضوعة" کی قید لگا کر اس طرف اشارہ فرما دیا کہ ہر چیز میں انتظام ہونا چاہئے۔ دنیا کے کاموں میں بھی انتظام ہونا چاہئے اور دین کے کاموں میں بھی انتظام ہونا چاہئے۔

## حسن انتظام سے راحت ہونا

کیونکہ راحت کی چیز اختیار کرنے سے ضرور راحت پہنچے گی 'اس میں مسلم اور

غیر مسلم کی کوئی قید نہیں، جیسے کوئی سڑک ہے، جس کے دونوں طرف برابر برابر درخت لگے ہوئے ہیں اور درمیان میں سڑک پختہ ہے اور اس پر درختوں کا سایہ ہے۔ اب اس سڑک پر جو شخص بھی چلے گا۔ راحت اور آرام پائے گا اس میں کسی مسلم یا غیر مسلم، شیخ، سید، مغل، پٹھان، انگریز، ہندو، مجوس، یہود، بھنگی، چمار کی کوئی قید نہیں۔

## بیٹھ کر سونے میں احتیاط

ایک صاحب کے سوال کے جواب میں فرمایا کہ بدون سہارے بیٹھے ہوئے سو جانے پر فتویٰ تو یہی ہے کہ وضو نہیں جائے گا۔ لیکن تجربہ سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ پہلے لوگوں کے قویٰ مضبوط ہوتے تھے اور بدن کسا رہتا تھا۔ اب قویٰ کمزور ہو گئے ہیں اور بدن ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ اس لئے احتیاط اسی میں ہے کہ وضو کر لے، یہ فتویٰ تو نہیں، مگر احتیاط کا درجہ ہے۔

## خواب سے زیادہ بیداری کی فکر

ایک صاحب نے حضرت والا سے خواب کی تعبیر معلوم کرنے کی درخواست کی، اس پر حضرت والا نے فرمایا کہ خواب میں کیا رکھا ہے، بیداری کی کوئی بات پوچھو۔ آج کل لوگ خوابوں کے پیچھے پڑے ہوئے ہیں۔ کثرت سے خطوط میں خواب لکھے ہوئے آتے ہیں۔ میں اکثر یہ جواب لکھ دیتا ہوں کہ:

نہ شبم، نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم
زغلام آفتابم ہمہ آفتاب گویم

بیداری کو چھوڑ کر خواب کے پیچھے پڑنا ایسا ہے جیسے کوئی اصل شکار کو چھوڑ کر اس کے سائے کے پیچھے پڑ جائے اور یہ سب آخرت سے غفلت اور حقیقت سے بے خبری کی باتیں ہیں۔

**تشریح:** بہت سے لوگ اس مغالطے میں ہیں کہ انہوں نے خواب دیکھنے کا نام

تصوف سمجھا ہے اور کوئی اچھا خواب دیکھ لیا تو یہ سمجھنے لگے کہ اب ہم ولی ہو گئے' خواب کے عجیب و غریب راز ہیں اس کو کوئی پہچان نہیں سکتا اس واسطے حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ خوابوں کی فکر میں زیادہ نہ پڑو' بلکہ اپنی بیداری کی حالت کو درست کرو اور یہ خوابوں کی تعبیر کے امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ:

الاصل يقظة لا يضر منام

یعنی تم اپنی بیداری کی حالت درست کرلو' خواب میں جو کچھ بھی دیکھا کرو گے وہ مضر نہیں ہوگا۔ اگر کسی نے کیسا بھی برے سے برا خواب دیکھا ہو۔ لیکن اگر تمہاری بیداری کی حالت صحیح ہے تو پھر کوئی فکر کی بات نہیں۔

ورنہ ان فضولیات میں کیا رکھا ہے۔ کیوں بیکار وقت کھویا جائے۔ وقت کی قدر کرنا چاہئے اور ضروری کام میں لگنا چاہئے۔

## مباحات کی کثرت باعث قساوت ہے

ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ کثرت مباحات میں بھی زیادہ انہماک کرنے سے قلب پر کدورت کا اثر ہوتا ہے۔ مثلاً ہنسنا۔ اس کی کثرت قلب کو پژمردہ بنا دیتی ہے۔

**تشریح:** ہنسنا مباح ہے۔ ہنسنے کی اجازت ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام بھی ہنسا کرتے تھے' لیکن مباحات کی بھی ایک حد ہے وہی بات ہے جو ابھی کہہ رہا تھا کہ ہر چیز میں حدود و قیود ہیں ان حدود و قیود کی رعایت اگر نہیں رہے گی تو اچھی سے اچھی چیز مضر ہو جائے گی اور عمدہ سے عمدہ چیز خراب ہو جائے گی لہٰذا ہنسنا اچھی چیز ہے اس سے صحت کو فائدہ پہنچتا ہے اور ایک قسم کا اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اظہار بھی ہے لیکن اس کی حد ہے۔ زیادہ ہنسنا قلب کی قساوت کو بڑھا دیتا ہے۔

جیسے ذکر اللہ سے قلب کو طمانیت اور نورانیت حاصل ہوتی ہے' جس نے خلوت کا تھوڑا سا بھی ذائقہ چکھ لیا ہوگا وہ اس کو محسوس کرے گا اور اس کدورت کا اثر اس کو ایسا معلوم ہوگا کہ ایک پہاڑ جیسی چیز قلب کے سامنے اڑی ہوئی ہے اور بدون استغفار کے یہ کیفیت نہ بدلے گی' مگر ان باتوں کے احساس کے لئے یہ ضروری

ہے کہ کچھ خلوت میسر آچکی ہو۔ ذکر میں مشغول رہ چکا ہو۔ بدون اس کے قدر کرنا مشکل ہے۔ایسی حالت سے بچنے کی خاص سعی اور کوشش کرتے رہنا چاہئے۔اس حالت افسردگی کو "قبض" کہتے ہیں۔اس میں بہت سے لوگوں نے خودکشی کر لی ہے۔ اس راہ میں ہزاروں راہزن ہیں کئی دشوار گزار گھاٹیاں ہیں۔ جن میں سے ایک یہ قبض وافسردگی بھی ہے، مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ اسی افسردگی کے متعلق فرماتے ہیں کہ۔

بر دل سالک ہزاراں غم بود
چوں زباغ دل خلالے کم بود

مجلس : ۱۷

# عوام پر علماء کی ہیبت نہ ہونے کی وجہ

ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ ان دنیاداروں پر علماء کی مجالس کی ہیبت نہیں ہوتی اور درویشوں کی ہوتی ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگ علماء کو صاحب اختیار نہیں سمجھتے۔ صاحب اختیار تو اگرچہ درویش بھی نہیں، مگر ان کے بارے میں یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے خلاف کرنے سے کوئی وبال آجائے گا اور مولویوں کے خلاف کرنے پر ایسا نہیں سمجھتے۔

تشریح: مولویوں کے بارے میں ان کا خیال ہے کہ ان کا معاملہ ادھار کا ہے یعنی اگر کسی مولوی کی گستاخی یا بے ادبی کر دی تو اس کی سزا آخرت میں ملے گی یا نہیں ملے گی اور یہ دور کا معاملہ ہے اور اب آخرت کی فکر بھی لوگوں کو رہی نہیں۔البتہ دنیا کی نقد تکلیفوں کو تکلیف سمجھتے ہیں اس لئے ان کے نزدیک کوئی درویش اور صوفی بڑی چیز ہے۔کوئی پاگل اور مجنون بھی آجائے تو اس سے بھی گھبراتے ہیں کہ اگر اس کے خلاف ہم نے کچھ کہہ دیا تو وبال آجائے گا اور دنیا ہی میں کوئی مصیبت آجائے گی اور بیچارے مولوی کے بارے یہ فکر اور اندیشہ نہیں ہے۔

## عوام پر ججوں کی ہیبت ہونے کی وجہ

اسی طرح عوام پر ادنیٰ ڈپٹیوں اور ججوں کی ہیبت ہوتی ہے، مگر علماء کی ہیبت نہیں اور یہ سب علماء کا تسامح ہے اور یہ لوگ علماء کو صاحب غرض سمجھتے ہیں، اب انہی صاحب کو دیکھ لیجئے۔ان پر میری بزرگی کا اثر ہوا۔ ناقص علم کا نہیں۔ معذرت میں بھی یہی کہا آپ بزرگ ہیں اور یہ نہیں کہا کہ آپ عالم اور نائب رسول ہیں۔

## علم بھی قابل ادب ہے

تشریح: دارالعلوم دیوبند کی جامع مسجد میں ایک مرتبہ حضرت والا کا وعظ ہوا۔ میں اس وقت متوسط درجے کی کتابیں پڑھا کرتا تھا اور وعظ کا موضوع یہی تھا کہ لوگ بزرگوں کی تو عظمت کرتے ہیں جن کو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ اللہ والے ہیں اور عبادت گزار ہیں عابد زاہد ہیں اور جو بڑے علم والے ہیں چاہے وہ ان کے استاد ہی کیوں نہ ہوں ان کی عزت و عظمت نہیں کرتے۔ چنانچہ میں یہاں آکر دیکھتا ہوں کہ استاد کے استاد کا تو ادب کریں گے اپنے استاد کا ادب نہیں کریں گے اس لئے کہ استاد کے استاد کو یہ سمجھتے ہیں کہ یہ بزرگ ہیں اور اس وقت حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ نے مولانا اعزاز علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا نام لیا' جو میرے تو بہت ہی کرم فرما استاد تھے اور یہ زمانہ وہ تھا جس میں حضرت مولانا شیخ الہند قدس اللہ سرہ حیات تھے اور دارالعلوم میں تشریف فرما تھے حضرت والا نے فرمایا کہ تم لوگ مولانا اعزاز علی صاحب کا احترام اتنا نہیں کرتے' حالانکہ وہ تمہارے استاد ہیں اور حضرت شیخ الہند جو تمہارے براہ راست استاد بھی نہیں ہے۔ ان کا ادب واحترام زیادہ کرتے ہو' وہ ان کے علم کی وجہ سے نہیں کرتے۔ بلکہ ان کی بزرگی کی وجہ سے کرتے ہو اور حضرت والا نے فرمایا کہ میں تو دونوں کو قابل احترام سمجھتا ہوں' بزرگی الگ قابل ادب ہے اور علم الگ قابل ادب ہے' اس لئے کہ اگر اللہ تعالیٰ نے کسی کو دین کا علم دیا ہے اور وہ اگرچہ صرف پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہے اور کوئی دوسری عبادت نہیں کرتا اور بزرگوں میں اس کا شمار نہیں ہے اور یہ بھی ہے کہ وہ گناہوں کے اندر نہ ملوث ہو بلکہ عام مسلمانوں کی طرح نیک مسلمان ہے اور دین کا علم رکھتا ہے تو میں اس کی بھی عزت اور احترام کرتا ہوں۔

## دنیاداروں کے ساتھ کیسا معاملہ کرنا چاہئے؟

وجہ یہ ہے کہ میں یہ چاہتا ہوں کہ علماء ایسا طرز اختیار کریں جس سے عوام میں دین اور اہل دین کی بے وقعتی نہ ہو' اور یہ علماء کو نظر تحقیر سے نہ دیکھیں۔ مگر اس کے ساتھ یہ بھی شرط ہے کہ تکبر بھی نہ ہو۔ غرض یہ کہ نہ تکبر ہو نہ تذلل ہو۔

تشریح: سب سے بڑی مشکل یہی ہے کہ بعض لوگوں نے حضرت والا کی مجلس سے تکبر سیکھا' اس لئے کہ حضرت والا کا طرز یہ تھا کہ عوام کے ساتھ ایسا معاملہ کرو کہ نہ وہ تمہیں ذلیل سمجھیں کہ یہ لوگ ہماری کسی چیز کے محتاج ہیں اور نہ ان کے ساتھ سختی کا برتاؤ کرو۔ وہ دین کے خاطر تمہارے پاس آئے ہیں۔ طالب دین ہوکر تمہارے پاس آئے ہیں اس لئے تم ان کی عزت کرو۔ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب قدس اللہ سرہ کا ملفوظ حضرت والا نے نقل فرمایا کہ ''جب دنیاوی اعتبار سے کوئی بڑا آدمی' کوئی سیٹھ مالدار یا حکومت کے کسی بڑے عہدے کا آدمی تمہارے پاس دین کی بات پوچھنے کے لئے آئے تو وہ اس وقت اس لئے قابل تعظیم ہے کہ وہ دین کے لئے تمہارے پاس چل کر آیا ہے تمہارے پاس دنیا تو ہے نہیں جس کو لینے کے لئے وہ آئے بلکہ وہ دین کی خاطر تمہارے پاس آیا ہے دین کا طالب بن کر آیا ہے اس لئے اس طلب دین کی وجہ سے اس کی عزت اور احترام کرو۔

## عبادت حکم ماننے کا نام ہے

اور یہ اعتدال کسی کامل کی صحبت سے پیدا ہو سکتا ہے اور اس کی جوتیاں سیدھی کرنے سے۔

حضرت والا ﷫ کا ایک وعظ ہے۔ ''الحدود والقیود'' اگر ہو سکے تو سب لوگ اس کا مطالعہ کریں۔ بڑا اہم وعظ ہے اور پورے دین کا خلاصہ ہے۔ اس میں حضرت والا نے فرمایا کہ دین اصل میں ''حدود وقیود کا نام ہے نہ نماز کا نام دین ہے' نہ روزے کا' نہ حج کا اور نہ زکوۃ کا بلکہ حدود وقیود کا نام دین ہے'' جو شریعت نے مقرر کر دی ہے وہاں رک جاؤ' جہاں چلنے کو کہا وہاں چلو اور جہاں ٹھہرنے کو کہا وہاں رک جاؤ یہی بندگی ہے اور اسی بندگی کا نام عبادت ہے اور بندگی نام ہے حکم ماننے کا' اگر یہ حکم ہوا کہ سو جاؤ تو سو جانا عبادت ہے اور اگر حکم ہوا کہ کھڑے ہو جاؤ تو پھر کھڑے ہونا عبادت ہے۔ جب نماز پڑھنے کا حکم ہو تو نماز پڑھنا عبادت اور جب نماز چھوڑنے کا حکم ہو تو نماز چھوڑنا عبادت ہے طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت نماز چھوڑنے کا حکم ہے اب اس وقت نماز پڑھنا گناہ ہے تو اصل چیز حدود وقیود ہے اور

پھر حدود وقیود کی ایک مقدار بھی ہوتی ہے مثلاً دین کے لئے کبھی غصہ کی بھی ضرورت ہے۔اور کبھی تشدد کی ضرورت پیش آتی ہے اور کبھی نرمی کی ضرورت پیش آتی ہے لیکن ہرایک چیز کی حدود ہیں۔ نرمی کس حد تک ہو؟ غصہ اور تشدد کس حد تک ہو' لیکن ان حدود کو کسی کتاب میں لکھ کر بیان نہیں کیا جاسکتا' قرآن وحدیث میں یہ تو بتایا گیا ہے کہ فلاں جگہ نرمی کرو اور فلاں جگہ سختی کرو اور اس کے اصول بتا دیئے گئے ہیں لیکن نرمی کی حد کیا ہوگی؟ اس لئے نرمی حد سے گزر جائے گی تو وہ نرمی مضر ہو جائے گی اور اگر سختی حد سے گزر جائے گی تو وہ بھی مضر ہوگی ان تمام پہلوؤں کو قرآن وحدیث نے واضح کیا ہے' لیکن اس کا کوئی پیمانہ نہیں بتایا جاسکتا کہ اس حد تک نرمی کی جائے گی اور اس حد تک سختی کی جائے گی یہ چیز صرف بزرگوں کی صحبت سے حاصل ہو سکتی ہے' اللہ والے اہل علم اور اہل فہم کی صحبت میں رہ کر یہ بات معلوم ہوتی ہے کہ کہاں نرمی کرنی ہے اور کہاں سختی کرنی ہے۔

## حضرت والا کا ایک عجیب واقعہ

حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کو سختی کے معاملے میں بہت بدنام کیا ہوا تھا کہ حضرت والا بہت سخت مزاج ہیں اور ہر چیز پر ڈانٹ دیتے ہیں۔ لیکن حقیقت میں معاملہ برعکس تھا۔ چنانچہ واقعہ یاد آیا کہ حضرت کے ایک خادم خاص تھے جن کا نام تھا بھائی نیاز۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت فرمائے آمین! اور بالکل ان پڑھ' جاہل اور پٹھان تھے اور حضرت والا کے گھر کے خادم تھے۔ حضرت کے نہ تو مرید تھے' اور نہ ہی مرید ہونے کی غرض سے آئے تھے۔ بلکہ اپنی نوکری کے لئے آئے تھے۔ حضرت والا نے ان کو گھر کے کاموں کے لئے نوکر رکھ لیا تھا۔ مگر حضرت والا کی صحبت اور ماحول کے اثر سے متقی پرہیز گار اور اللہ والے بن گئے تھے اور حضرت والا کے گھر کے کام کرتے رہتے تھے۔ وہ خود اپنا قصہ سنایا کرتے تھے کہ ایک مرتبہ حضرت والا نے بلا کر پوچھا کہ تم نے فلاں کام کیوں کیا؟ اور ناراض بھی ہوئے اور آپ کے ہاتھ میں ایک چھڑی تھی وہ اٹھائی۔ میں نے حضرت کو جواب دیا کہ حضرت! اللہ سے ڈرو' جھوٹ نہ بولو۔ اب دیکھئے کہ ایک آقا اپنے نوکر پر غصہ کی حالت میں ڈانٹ رہا ہے اور چھڑی اٹھا رکھی

ہے' اس وقت وہ نوکر حضرت سے کہہ رہے ہیں کہ خدا سے ڈرو۔ جھوٹ نہ بولو۔ انہی کا بیان ہے کہ جب میں نے یہ الفاظ کہے۔ حضرت والا نے فوراً چھڑی ڈال دی اور استغفراللہ' استغفراللہ کہہ کر چلے گئے۔ یہ اس لئے جب یہ لفظ سنا کہ اللہ سے ڈرو۔ بس اس لفظ کو سننے کا تحمل نہ کر سکے اور یہ سوچا کہ ممکن ہے کہ مجھ سے کوئی غلطی ہوگئی ہو۔ یہ مقولہ ان پر بھی صادق آتا ہے کہ:

کان وقانا عند حدود اللہ    اللہ تعالیٰ کی حدود کے آگے رک جانے والا

جو حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان میں آیا ہے۔ حقیقت میں اللہ تعالیٰ نے ان کو صحابہ کرام کا نمونہ بنایا تھا۔

## حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رک جانا

واقعہ یاد آیا کہ جو تاریخ کی مشہور کتاب ''طبقات ابن سعد میں'' نقل کیا ہے کہ ایک مرتبہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ مسجد نبوی میں تشریف لائے۔ دیکھا کہ ایک شخص کا پرنالہ مسجد نبوی کے صحن میں گر رہا ہے کسی مہاجر یا انصاری کا مکان تھا۔ روزانہ مسجد نبوی میں آتے تھے۔ لیکن پہلے کبھی اس طرف دھیان نہیں گیا۔ اس روز دھیان ہوا کہ مسجد تو اللہ کا گھر ہے۔ اس میں کسی کے گھر کا پرنالہ گرے یہ درست نہیں ہے۔ چنانچہ اس کو گرانے کے لئے یہ نہیں کیا کہ حکم نامہ جاری کریں اور پھر پولیس آئے اور وہ آکر اس کو گرائے بلکہ خود گئے اور اس وقت چونکہ مکانات بھی اونچے نہیں ہوتے تھے۔ اس لئے آپ نے اچک کر اس پرنالے کو توڑ دیا۔ اب جس شخص کا مکان تھا۔ وہ جب آیا اور اس نے دیکھا کہ پرنالہ توڑ دیا گیا ہے اس نے لوگوں سے پوچھا کہ یہ پرنالہ کس نے توڑا' لوگوں نے بتایا کہ امیرالمومنین نے توڑا ہے۔ وہ امیرالمومنین کے پاس گئے اور جاکر کہا کہ آپ نے جو کچھ کیا وہ اچھا کیا۔ لیکن میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ پرنالہ نبی کریم سرور دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے دست مبارک سے لگایا تھا۔

کہاں تو اشد ھم فی أمر اللہ کی کیفیت تھی کہ اتنا بھی انتظار نہیں کیا کہ کسی مزدور سے کہیں کہ وہ اس پرنالے کو توڑ دے۔ بلکہ خود جاکر توڑ دیا۔ لیکن جب

یہ الفاظ سنے کہ حضور اقدس ﷺ نے اپنے دست مبارک سے لگایا تھا۔ تو فوراً فرمایا کہ اچھا! عمر نے ایسی غلطی کی، عمر سے ایسا جرم سرزد ہوا۔ استغفراللہ، استغفراللہ۔ آؤ، ابھی چلو۔ اسی وقت وہاں تشریف لے گئے اور پرنالہ کی جگہ پر نیچے بیٹھ گئے کہ میرے کندھے پر سوار ہو کر اس پرنالے کو دوبارہ اس کی جگہ پر لگا دو۔ ان صاحب نے فرمایا کہ امیرالمومنین! آپ رہنے دیں۔ میں خود کر لوں گا۔ آپ نے فرمایا کہ قصور عمر نے کیا اور بھگتے کوئی اور؟ چنانچہ پورے مجمع کے سامنے ان کو اپنے کندھے پر کھڑا کیا اور پرنالے کو درست کرایا۔ یہ تھے:

وقانا عند حدود اللہ اللہ تعالیٰ کی حدود کے آگے رک جانے والے

کہ غصہ کے وقت غصہ بھی آیا اور اس پر عمل بھی کیا، لیکن اللہ کی حدود کے آگے رک گئے یہ حدود کا پیمانہ کہ غصہ کہاں کرنا ہے؟ اور کتنا غصہ کرنا ہے؟ اور غصہ ہے بھی ضروری چیز، بقول امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے کہ اگر غصہ نہ ہو تو انسان جہاد نہیں کر سکتا، اس لئے کہ اگر کفار پر غصہ نہیں آئے گا تو پھر جہاد کیسے کرو گے، اس لئے جہاد تو غصہ سے کریگا تو غصہ بھی ایک نعمت ہے۔ لیکن اس کو اپنے حد کے اندر رکھنا فرائض میں سے ہے اور ضروری ہے۔

لیکن اس کی حد کیا ہے؟ اور اس کا پیمانہ کیا ہے؟ وہ اولیاء اللہ کی صحبت کے علاوہ کہیں اور سے حاصل نہیں ہو سکتا۔ جو دانش مند ہو اور عالم ہو، ان حقائق کو سمجھتا ہو کہ کہاں کتنی سختی کرے۔ کہاں کتنی نرمی کرے؟ اس کی صحبت سے یہ چیز حاصل ہوتی ہے۔

مجلس : ۱۸

# شرعی سزائیں

## خدا کی ناراضگی سے وبال آتا ہے

حافظ ابن قیم آٹھویں صدی ہجری کے ایک بڑے عالم ہیں' انہوں نے ایک بات کہی ہے بہت اہم ہے فرمایا: "انسان جو گناہ کرتا ہے ظاہر ہے کہ اس سے اللہ کی ناراضگی آتی ہے اور اس پر اس کا وبال پڑنا ضروری ہے ایک معمولی آقا جب غلام سے ناراض ہو جائے تو غلام کو کیا کیا سزا اٹھانا پڑتی ہے۔ شریعت نے جو سزائیں جرائم کی مقرر کی ہیں' چوری' زنا' بہتان' شراب یا اسی طرح اور سزائیں قرآن و حدیث سے ثابت ہیں بڑی بڑی سخت سزائیں ہیں۔ آج کل کے وحشی "نعوذ باللہ!" ان کو وحشیانہ بھی بتاتے ہیں۔ اسلام میں درحقیقت سزائیں سخت ہیں اور مجرم کو جب تک سزا سخت نہ ہو' اس سے گناہ کرنے سے کیسے بچے اور عبرت کیسے حاصل ہو؟ اگر سزا ہلکی ہو تو پھر سزا کیا خاک ہوئی؟

## علی گڑھ کالج کی مسجد

مجھے یاد آیا کہ علی گڑھ کالج کی مسجد نہایت شاندار تھی۔ جماعت میں چار' پانچ آدمی تھے' میں نے کہا اتنی بڑی مسجد اور مسلم یونیورسٹی۔ طلباء تو الگ سینکڑوں اساتذہ بھی ہیں۔ پھر کیا وجہ ہے کہ نمازی کم ہیں۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ نماز کی تو یہاں سختی ہے حاضری ہوتی ہے۔ لیکن غیر حاضری پر چار آنہ فی نماز سزا ہے اس لئے نوابوں کے لڑکے ہیں سزا کی مجموعی رقم جمع کروا دینا ان کے لئے آسان ہے۔

ملک سعود کسی ہوٹل میں امریکہ میں گئے تھے۔ پوچھا کہ آپ کے یہاں چور کی

سزا ہاتھ کاٹنا کتنی سخت ہے جواب دیا کہ امریکن کے علاوہ کوئی پوچھتا تو جواب دیتا۔ امریکن نے تو بیحد وشمار سینکڑوں انسان ' جانور ہلاک کر دیئے صرف ایک بم سے وہ بھی خدا کی مرضی کے خلاف نہیں اپنی مرضی کے خلاف ہونے پر۔ تو وہ شخص کیا جواب کے قابل ہے۔ کوئی اور پوچھتا تو جواب دیتا کہ جو شخص چوری کرے اس کا ہاتھ کاٹنا مناسب ہے یا نہیں؟

## شرعی سزاؤں کا فائدہ

ابن القیم نے فرمایا کہ جس ملک میں یہ شرعی سزائیں جاری ہیں۔ وہاں یہ جرائم بند ہو جاتے ہیں اور جہاں سستی ہے وہاں بڑھ جائیں گے۔ چنانچہ سعودی عرب میں اب کچھ ڈھیل شرعی احکام کی سزاؤں میں ہوگئی ہے تو دیکھ لو کہ جرائم پہلے بالکل بند تھے اب نہیں ہیں۔

چنانچہ ایک حاجی کا واقعہ ابھی کا ہے کہ ۳۶ ہزار ریال چوری ہو گئے دوسرے روزہ وہ تھیلا پولیس نے اس کو دیدیا۔ آج امریکہ اور لندن کی سچائی کے گیت گائے جاتے ہیں کوئی مثال ان کے یہاں ۳۶ ہزار ڈالر کی دکھادو کہ چوری ہو جائیں اور مل جائیں۔ ہاں! خسیس چوریاں دو آنہ ' چار آنہ کی نہیں کرتے۔ وہ ہوشیار چالاک چور ہیں یہ نادان ہیں۔

غرض جتنی سخت سزائیں ہوں اتنے ہی جرم کم ہوں گے۔ ہمارے یہاں ایک چور مشہور تھا ہمیشہ جیل خانہ میں رہتا تھا۔ جہاں نکلا ایک چوری کی پھر چلا گیا۔ جب جیل سے نکلتا تو ساتھیوں سے کہتا کہ میں جلد آؤں گا۔ یہ سزائیں ہیں؟ کہیں ان سزاؤں سے چوریاں رکتی ہیں؟ ہاں! سربازار کسی کے درے لگاؤ' مجال ہے آئندہ وہ جرم ہو جائے۔

آج دنیا جرائم بند کرنے کے لئے لاکھوں روپیہ صرف کرتی ہے لیکن جرائم بند نہیں ہوتے۔ بند کہاں سے ہوں؟ جب سزائیں ایسی سہل ہیں کہ ہر شخص کو ہمت ہو جاتی ہے چنانچہ آج مکھی ' مچھر کی طرح قتل ہو رہے ہیں اس وجہ سے کہ یا تو سزائیں موجود نہیں یا ہیں تو رشوت کے بل پر وہ سزائیں ملتی نہیں۔ ابھی انگریزی راج میں

ایک چھوٹے سے چھوٹے گاؤں کے چھوٹے سے چھوٹے پیشہ ور چمار کو کسی نے ایسی جگہ قتل کر دیا۔ جہاں ریل بھی نہ جاتی ہو' ایک ہفتہ مسلسل بڑے افسر روزانہ اس جگہ جاتے، تفتیش کرتے۔ نتیجہ یہ کہ قاتل کا پتہ لگ گیا اور سارے علاقہ کو عبرت ہوگئی۔ اسلام کی سزائیں نہایت حکیمانہ ہیں اور اس کا ادنیٰ کرشمہ یہ ہے کہ جس ملک میں یہ جاری کی جائیں اس میں جرائم نہیں ہوں گے۔

## شرعی سزائیں اس لئے ہیں کہ قہر خدا نازل نہ ہو

ابن القیم کہتے ہیں کہ یہ سزائیں جو اللہ پاک اپنے مجرم کو دیں گے ان سے بہت کم ہیں اللہ کو قدرت ہے کہ وہ اپنے مجرم کو خود سزا دیں۔ لیکن یہ اس لئے رکھ دی ہیں کہ اللہ کا قہر نازل نہ ہو اور سارا ملک بچ جائے۔ اس کے وبال سے۔ ورنہ ایک چوری کرے اور ساری بستی اس کے عذاب میں مبتلا ہو جائے تو اللہ پاک اس پر بھی قادر ہیں مگر وہ بڑے رحیم ہیں اس لئے چاہتے ہیں کہ صرف مجرم کو سزا ملے اور وہ بھی تحقیقات کے بعد اتنی رحمتیں اللہ پاک کی کہ ایک مجرم کی سزا سے ساری قوم کو اس کے عذاب سے بچا دیا۔ چونکہ وہ مجرم ہماری ہی قوم کا ہے' حدیث میں ہے کہ جب کسی قوم میں منکرات ہوں اور وہ لوگ اس کو منع نہ کریں تو ساری قوم اس کے وبال میں آجاتی ہے۔

## شرعی سزائیں رحمت ہیں

فرمایا کہ ایک تو ان سزاؤں سے جرم رک جائیں گے' دوسرے یہ کہ تقدیری سزائیں یعنی دردناک عذاب سے اللہ پاک نجات دیدیں تو یہ سزائیں رحمت ہیں کہ آخرت کے عذاب سے بچے اور قدرتی سزاؤں کا کفارہ ہوگئیں یہ شرعی سزائیں۔ اور جہاں شرعی سزائیں جاری نہ ہوں وہاں اللہ پاک تمہارا انتظار نہیں کرتے۔ بلکہ وہ خود اس کو سزا دیتے ہیں اور اللہ کی ہر چیز عظیم ہے ان کی سزا بھی عظیم ہے اس کے لئے وہ بھی اور ہر خاص و عام اس سزا میں شریک ہو جائیں گے اور پھر آخرت کی سزا نہ معلوم

کیسی ہو؟ اللہ پاک محفوظ رکھیں ۔ان آسمانی سزاؤں میں ایک سخت مصیبت یہ ہے کہ اس مجرم پر ہی نہیں بلکہ ساری بستی پر آتی ہیں اور ظاہر ہے کہ عام عذاب بھی سخت ہو گا۔

## ظاہری اور باطنی سزائیں

ابن القیم نے سزاؤں کی تفصیل بتائی کہ اللہ کی طرف سے دو سزائیں آتی ہیں' باطنی اور ظاہری' باطنی تو یہ کہ انسان کے قلب کا سکون اور اطمینان جاتا رہے گا۔کبھی بے فکری نصیب نہ ہوگی ۔جس ملک میں اللہ کا قانون جاری نہ ہو گا۔ وہاں امن 'چین ' سکون قلبی میسر نہ ہو گا۔اب غور کر کے دیکھ لو۔ مشرق سے مغرب تک کون بے فکری اور سکون سے بیٹھا ہے ۔فقیر سے بادشاہ تک ہر شخص فکر' پریشانی میں مبتلا ہے۔

یہ دراصل اسی ایک جرم کی سزا ہے جو اس کے مجرم کو دی گئی اور ساری بستی اس کے وبال میں مبتلا ہوگئی پھر بیماریاں طرح طرح کی۔بس وہ سزائیں اور عذاب بے آواز ہوتی ہیں ۔اسی کو کہتے ہیں کہ اللہ کی لاٹھی میں آواز نہیں ہے۔

اور ہزاروں کوششیں اس بات کی ہو رہی ہیں کہ پریشانیاں دور ہوں ۔ سکون قلبی میسر ہو جائے مگر کہیں یہ نصیب نہیں ۔ارے! سکون قلب کا ساری دنیا میں کوئی وجود نہیں 'سوائے اللہ کو راضی کرنے کے اور یہ عیش 'آرام کوئی سکون نہیں کہ آج شراب و کباب میں پڑے ہو۔کل جیل اور مصیبت میں ۔جن کی بڑی ذمہ داریاں ہیں ان کی بڑی مشکلات ہیں۔

## شاہجہاں کا واقعہ

شاہجہان اپنی ملکہ کے پاس آئے ۔ملکہ نے کہا کہ آپ کو کیا حق ہے آرام کرنے کا۔کتنی مخلوق خدا بے چین پریشان ہیں ۔ان پر ظلم ہو رہا ہے ۔ تم کو کیا حق ہے

آرام و عیش کرنے کا۔انہوں نے ممتاز بیگم کی بات کا اس وقت کوئی جوب نہ دیا۔ باہر آکر اپنے وزیر کو حکم دیا کہ وزیر مالیات کو جس حالت میں ہے فوراً اٹھا لاؤ۔

چند فرمانبردار حاضر ہوئے۔وزیر کپڑے اتار کر کاغذات بکھرے پڑے 'گرمی کی وجہ سے پریشان' سوچ فکر میں بیٹھا تھا ان کو پکڑ کر لے آئے۔بادشاہ نے پوچھا۔یہ تم کیسے پریشان ہو؟ وزیر نے کہا یہ تو میں پریشان اس لئے ہوں کہ نہ معلوم مجھ سے کیا خطا ہوئی 'کیوں بلایا ہے۔مگر ایک پریشانی یہ تھی کہ میں مالیات جوڑ رہا تھا۔ایک بستی سے رقم آئی تھی۔اس میں کچھ رقم زیادہ تھی۔میں سوچ رہا تھا کہ یہ رقم اللہ کی برکت ہے یا کسی پر ظلم ہے۔جب میں یہاں لایا جا رہا تھا تو مجھے یاد آیا کہ اس شہر کے دفتر کے جتنے تالے تھے پرانے وہ سب فروخت کر کے کچھ رقم آئی تھی اور یہ رقم اسی کی تھی اس سے مجھے اطمینان ہوا۔ ممتاز بیگم سن رہی تھی۔اس نے بلا کر کہا۔ شہنشاہ عالم! اب آپ کو حق ہے جس کا وزیر اتنا ہوشمند ہو اس کو بے شک آرام کا حق ہے۔یہ وہ بادشاہ تھے جو مخلوق خدا کی اتنی دیکھ بھال کرتے تھے۔

کراچی میں ایک دولتمند ہیں' جن کے کئی ہزار روپیہ صرف آڈٹ میں جاتے ہیں۔میں نے ان سے کہا کہ کیا تمہارے یہاں اتنے حساب ہونے کے باوجود چوریاں ہوتی ہیں۔انہوں نے کہا کہ بے شک ہوتی ہیں۔میں نے کہا پھر کیوں جان کھپاتے ہو اس میں اس نے کہا ان چوروں کو یہ معلوم ہے کہ حساب آڈٹ ہوتا ہے تو کچھ تو محتاط رہیں گے۔اب کتنے ہی محتاط ہوں مگر سارے فاروق اعظم تو ہو نہیں سکتے۔جو دعاء کرتے تھے کہ اے اللہ! رعیت زیادہ ہو گئی۔میں نگرانی نہیں کر سکتا ان کے حقوق نہیں ادا ہو سکتے۔اب تو مجھے اٹھا لے۔ چنانچہ دعا قبول ہوئی اور اسی عرصہ میں شہادت ہوئی۔

تو ایک سزا اللہ پاک کی یہ ہے کہ سزاؤں کے نہ دینے سے جو بستی پر عذاب آتے ہیں وہ ایک تو باطنی ہیں جیسے بے چینی اور تفکرات۔ان سے بچنے کا واحد علاج ہے۔۔سزائے شرعیہ۔

## عدل و انصاف کا نفع

حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ایک پہاڑی پر کھڑے تھے۔ زمین ہلی۔ آپ نے قدم پتھر پر مارا۔ فرمایا کہ کیوں ہلتی ہے میں موجود ہوں میں ظلم کر رہا ہوں؟ پھر کیوں ہلتی ہے وہ پہاڑی خاموش ہوگئی۔ دیکھا آپ نے وہ لوگ کتنے نبض شناس تھے۔

بس آج جو یہ سیلاب' زلزلے' طوفان آرہے ہیں یہ ظاہری سزائیں ہیں ان جرائم کی جن پر سزائیں نہیں ملتی اب اگر ہم اس پر قادر نہ ہوں کہ سزائیں شرعی جاری کریں یا کرائیں تو کم از کم اللہ سے تو ڈریں کہ ایک شخص ظالم ہے' شرابی ہے زانی ہے ہم اس کے ساتھ دوستی رکھیں اس کو برا بھی نہ کہیں تو پھر ہماری اللہ پاک سے اطاعت کس چیز کی ہے یہ ساری دقتیں' پریشانیاں اسی بات کی ہیں ہم دوسروں کو اگر روک نہ سکیں تو کم از کم ایسے لوگوں سے پرہیز تو کریں' ترک موالات تو کریں اللہ سے رجوع تو کریں۔ توبہ کر کے اللہ سے مدد چاہیں پھر دیکھیں اللہ پاک کتنا رحم فرماتے ہیں۔

# معاشرت کے متعلق متفرق ارشادات

## مشورہ کی برکت

فرمایا اگر بڑا اپنے چھوٹوں سے مشورہ کیا کرے تو انشاء اللہ غلطیوں سے محفوظ رہے گا' چہ جائیکہ چھوٹا اپنے بڑوں سے کرے' وہ تو بدرجہ اولیٰ محفوظ ہو گا۔

## تہذیب کی حقیقت

فرمایا: تہذیب اس کا نام ہے کہ بناوٹ نہ ہو۔

## سلامتی یکسوئی میں ہے

فرمایا: آج کل سلامتی عزلت اور یکسوئی میں ہے اور اس میں یہ نیت ہونی چاہئے کہ میرے شر سے وہ اور ان کے شر سے میں بچا رہوں۔

## تحصیل راحت کا گر

فرمایا: حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ کسی سے کسی قسم کی بھی توقع مت رکھو یہ بات دین و دنیا کی راحت کا گر ہے' جس شخص کی یہ حالت ہوگی وہ افکار وہموم سے نجات پائے گا۔

## اپنا کام خود ہی کرنا چاہئے

فرمایا محض دوسروں کے اعتماد پر کام چھوڑ دینے سے' وہ کام اکثر مکمل نہیں ہوتا۔

## عمر بھر یاد رکھنے کی بات

فرمایا: کسی پر بوجھ ڈال کر اس کے یہاں کھانا پینا نہ چاہئے 'اس بات کو عمر بھر یاد رکھنا۔

## حق العبد کی تین اقسام ہیں

فرمایا: حق العبد کی تین اقسام ہیں: ۱-جان' ۲-مال' ۳- آبرو

## قطع تعلقی کا وبال

فرمایا: حدیث میں ہے کہ اگر مسلمان سے (بغیر کسی شرعی وجہ کے) ایک سال تک نہ بولا جائے تو قتل کا گناہ ہوتا ہے۔

## بیوی سے بد خلقی نہ کرنا

فرمایا: بیوی کے ساتھ بد خلقی نہ کرو' مگر یہ بھی نہیں کہ اس کو میاں بنالو۔

## بیوی کی بد خلقی برداشت کرنا

فرمایا: بیوی کی تھوڑی بہت بد خلقی کو گوارا کر لینا چاہئے 'کیا عجیب بات ہے کہ وہ شادی ہوتے ہی سارے اعزہ و اقارب کو چھوڑ کر شوہر کیلئے وقف ہو جاتی ہے۔

## دوسروں پر ہنسنا

فرمایا: دوسروں پر ہنسنا نہ چاہئے 'اکثر دیکھا ہے جو جس پر ہنسا خود اس عیب یا مصیبت میں مبتلا ہوا۔

## ہروقت دھیان رکھنے کی بات

فرمایا: نشست و برخواست سب میں اس امر کا خیال رکھنا چاہئے کہ کسی کو تکلیف و تنگی نہ ہو۔

## گول مول بات کرنا

فرمایا: گول مول بات ہرگز نہیں کہنی چاہئے۔

## واضح جواب دینا

فرمایا: سوال کو خوب سمجھ کر پورا اور صاف جواب دینا چاہئے تاکہ دوسرے کو بار بار نہ پوچھنا پڑے۔

## معاشرت اور معاملہ کا طریقہ

فرمایا: معاملہ کرو اجنبیوں کی طرح اور معاشرت اختیار کرو بھائیوں جیسی۔

## تکلف اور تصنع

فرمایا: دنیاداروں میں دیکھا ہے کہ دوستوں سے بھی تکلف و تصنع سے ملتے ہیں ایک کو دوسرے کی شان کا بہت خیال رہتا ہے۔

## ماں باپ کی نافرمانی

فرمایا: ماں باپ کی نافرمانی اس کو کہتے ہیں جس میں انہیں تکلیف ہو۔

## معمولی احسان بھی یاد رکھیں

فرمایا: اگر تمہاری ایک چیز بالشت بھر سے اٹھا کر دیدے تو اس کو بھی احسان سمجھو، ہمیشہ یاد رکھو۔

## رعایت کرنے والے کی رعایت کریں

ایک صاحب پان کی ڈبیہ پر پالش کرا کر لائے تو حضرت والا نے فرمایا اس کی اجرت دیدی ہے؟ اس نے عرض کیا کہ پالش کرنے والا جاننے والا آدمی ہے اس نے پیسے نہیں لئے۔ حضرت والا نے فرمایا کہ جاننے کا حق صرف ایک طرف تو نہیں ہے، تم بھی کبھی جاننے کا حق ادا کرتے ہو یا وہی پٹتا رہے۔ کبھی ایک آنے کی بجائے دو آنے تم بھی دیدیا کرو اس بنا پر کہ یہ جاننے والا ہے۔

## لباس وزیور کی محبت کم کرنے کا علاج

فرمایا: زیور یا لباس کی محبت کم کرنے کا علاج یہ ہے کہ اپنے گھر میں سب زیور ولباس پہنا کریں اور دوسروں کے گھروں میں معمولی زیور ولباس پہن کر جایا کریں۔

## تقریبات میں عورتوں کو جانے سے روکنا

فرمایا: تقریبات میں عورتوں کے جانے کے انسداد کا آسان طریقہ یہ ہے کہ جانے کو منع نہ کریں، مگر اس پر مجبور کریں کہ کپڑے زیور وغیرہ کچھ نہ پہنیں، جس حیثیت سے اپنے گھر رہتی ہیں، اسی طرح چلی جائیں، خود جانا بند ہو جائے گا۔

## بوڑھوں سے پردہ

فرمایا: بوڑھوں سے پردہ ضروری ہے، بوڑھے میں تجربہ زیادہ ہوتا ہے، اس لئے وہ دقائق حسن کو زیادہ جانتا ہے اور اس کا ادراک اور ہیجان اس میں محسوس

نہیں ہوتا تو شبہ ہو جاتا ہے کہ ہیجان نہیں اور واقع میں ہیجان ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ ترقی کرتا ہے اور ضبط کی قوت دیگر قویٰ کی طرح اس میں ضعیف ہوتی ہے تو اس کا مبتلا ہو جانا ذرا بھی مشکل نہیں، اس واسطے بوڑھے سے پرہیز کریں اور بوڑھوں کو بھی پرہیز کرنا چاہئے۔

## ایک غلطی

فرمایا: ایک غلطی (عام طور پر) یہ ہے کہ زبان اور پیٹ کی حفاظت نہیں کرتے، بدون اکل حلال انوار الٰہی نصیب نہیں ہوتے۔

## مال حرام گناہوں کی جڑ

فرمایا: حرام مال سب سے بری چیز ہے، یہ تخم ہے تمام گناہوں کا، اور گناہوں کو اس طرح یاد کیا کرو اور زبان سے کہا کرو، اے اللہ میں بڑا نالائق ہوں، اس قابل ہوں کہ غرق کر دیا جاؤں، کوئی عذر میرے پاس نہیں، میں نے بہت ہمت کی مگر مجھے کامیابی نہیں ہوئی، آپ مدد کیجئے اور اس خباثت سے نکال دیجئے۔

## تھوڑی آمدنی کب کافی ہو سکتی ہے

آدمی قناعت پر اکتفا کرے اور ضروری سامان کے ساتھ رہے تو تھوڑی آمدنی میں بھی رہ سکتا ہے اور فرض منصبی کو بھی ایسا ہی تقویٰ والا ادا کر سکتا ہے۔

## اہل دنیا کی صحبت سے بچیں

اہل محبت کی صحبت سے محبت پیدا ہوتی ہے، لیکن ان کی صحبت پرہیز کے ساتھ اختیار کی جائے پرہیز یہ ہے کہ اہل دنیا کی صحبت سے بچو۔

اہل دنیا وہ ہیں جو غیر اللہ کا تذکرہ زیادہ کریں۔

ایسی خدمت خلق جس میں اپنے دین کا ضرر ہو مذموم ہے۔

## صحبت حرام

فرمایا: اگر (کوئی شخص) اپنی بیوی کے پاس ہو اور صحبت کے وقت کسی اجنبیہ کا قصداً تصور کرے تو وہ حرام ہو گا۔

## حرام خور کو مرید کرنا

ایک شخص حرام روزی میں مبتلا ہے۔ اس کو مرید بھی کر لیا۔ فرمایا کہ میں معصیت کو جائز نہیں کرتا۔ کفر سے بچاتا ہوں اس لئے کہ یہ ملازمت چھوڑ دی اور فقر و فاقہ میں مبتلا ہو گیا تو کفر کے الفاظ نہ نکل جائیں۔ آج لوگ عیسائی مذہب اختیار کر رہے ہیں۔ وہ حقیقت میں اس مذہب کو اچھا نہیں سمجھتے۔ بلکہ فقر سے مجبور ہو کر ایسا کرتے ہیں۔ یہ چیز ہر شخص نہیں جانتا۔ عطائی علماء نے ایک لفظ سن لیا اسی کو کہتے پھرتے ہیں۔

فرمایا کہ بہت سے گناہ ایسے ہیں جس کو چھوڑ کر دس اور گناہوں میں مبتلا ہونے کا خطرہ ہے۔ اس لئے جب تک اس کو چھوڑ کر ہدایت کا راستہ نہ ملے اسے نہ چھوڑے۔ بعض بیماریاں ایسی ہیں کہ اگر ایک کا علاج کرو تو دس اور امراض پیدا ہو جائیں۔

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ سفر میں تھے۔ ایک گاؤں میں پہنچے 'اس زمانہ میں کوئی ہوٹل نہ ہوتے تھے۔ کوئی مسافر بستی میں آیا دیہات والوں نے فوراً اس کے کھانے کا بندوبست کیا۔ چنانچہ آپ کو دیکھ کر ایک شخص ٹیلہ پر چڑھا۔ ایک آواز اپنی بولی میں لگائی۔ اس کو سن کر سب لوگ اپنا اپنا کھانا لیکر وہاں جمع ہو گئے۔ ایک بڑا حوض بنا تھا۔ ہر شخص نے اپنا کھانا خواہ وہ چاول تھا یا دال یا روٹی یا گوشت سب نے اس میں ڈال دیا اور امام صاحب کو وہاں لے کر آ گئے۔ امام صاحب گھبرائے کہ یہ کیا ماجرا ہے۔ دیکھا کہ ہر شخص آستینیں چڑھا کر حوض میں ہاتھ ڈالتا ہے اور بڑی بے ادبی سے کھانا شروع کیا۔ آپ غور کرتے رہے۔ دل میں خیال کیا کہ اگر سنت پر عمل کروں گا تو

سب ہنسیں گے اور سنت پر ہنسنا کفر ہے اس لئے اس وقت اس سنت کو چھوڑنا ان کو کفر سے بچانا ہے۔اس لئے خود بھی اسی طرح شریک ہو گئے۔عطائی علماء ایک نیک کام کو لے کر کھڑے ہوتے ہیں۔اس میں بہت سے واجبات وفرائض چھوٹ گئے پرواہ نہیں۔

## پردہ پوشی

مردے کو کفن دینا، نہلانا، دفن کرنا سب پردہ پوشی کے لئے ہے مومن مومن کی حیات وبعد الممات پردہ پوشی کیا کرتا ہے۔

## عبدالمعروف نام نامناسب ہے

عرض کیا گیا: ایک شخص کا نام عبدالمعروف ہے، فرمایا: معروف تو اللہ تعالیٰ کی صفات میں سے کوئی نہیں، محمد معروف (نام) ہوتا تو اچھا ہوتا۔ پھر فرمایا: حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانہ میں ایک آدمی آیا: پوچھا تیرا کیا نام ہے؟ اس نے کہا "شعلہ"، بستی کا نام "حرہ" باپ کا نام "شہاب" فرمایا تیرے گھر میں آگ لگ گئی ہے، (جاکر) دیکھا مکان جل کر خاک ہو چکا تھا۔

## باب پنجم

# اخلاقیات

انسان کی حقیقت ' تصوف کی تعریف ' روح کی بیماریاں ' مرشد کی ضرورت 'اصلاح قلب ' فلاح کی حقیقت ' تربیت میں اعتدال ' مراقبات واشغال ' محاسبہ نفس 'ہمت وحسرت 'اخلاق حمیدہ 'مہلکات ورذائل ' رذائل سے بچنے کی تدابیر' اپنے عیوب پہچاننے کے طریقے 'اصلاح قلب کیلئے وقت نکالنے کا طریقہ ' بے علم کیلئے سب سے بہتر راستہ ' حضرت تھانوی کا مزاج ومذاق 'آخری مجلس 'آخری دعا۔

# قلب کی حقیقت

"پہلو میں دل کا شور" آپ نے بہت سنا ہوگا، لیکن اس کی حقیقت کیا ہے؟ اس کا اتنا شور کیوں ہے؟ اسلام میں اس کی کیا اہمیت ہے؟ ان سوالوں کا جواب علم تصوف دیتا ہے "دل کی دنیا" کا عنوان اس موضوع کے لئے مخصوص ہے، اس موضوع کی ابتداء سیدی حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی بصیرت افروز تقاریر سے ہو رہی ہے، یہ تقریریں رمضان ۱۳۶۷ھ میں دارالعلوم کے اساتذہ و طلباء کے سامنے کی گئی تھیں، جنہیں تحریری طور پر ضبط کرنے کے علاوہ ٹیپ ریکارڈر پر بھی محفوظ کر لیا گیا تھا، اب وہ آپ کے سامنے ہیں۔ امید ہے کہ ان منفرد تقاریر سے آپ اپنے دل کی دنیا بدلی ہوئی محسوس کریں گے"۔

مجلس : ۱۹

# تصوف کی حقیقت اور اس کی اہمیت

## انسان گوشت پوست کا نام نہیں

ہم اور آپ انسان ہیں، ہمیں اپنے انسان ہونے پر فخر بھی ہے، لیکن کیا کبھی آپ نے غور کیا کہ ''انسان'' کہتے کسے ہیں؟ کیا انسان اس گوشت پوست، ان ہاتھ پاؤں، ناک کان، اور اس ظاہری ڈھانچے کا نام ہے؟ کیا انسان کا لفظ صرف ہمارے ظاہری جسم اور اعضاء وجوارح کے لئے وضع ہوا ہے؟ آپ غور کریں گے تو ان سوالات کا جواب آپ کو نفی میں ملے گا، اس لئے کہ واقعات اس کی تردید کرتے ہیں، اس بات کو ذہن نشین کرنے کے لئے ایک مثال پر غور کیجئے:

زید ایک انسان ہے، اپنی زندگی میں وہ اپنے مال ودولت اور زمین جائداد کا مالک ہے، اپنی بیوی کا شوہر ہے اپنے دفتر کا افسر ہے، اپنے ماتحتوں پر اس کا حکم چلتا ہے، اس کے چھوٹے اس سے ڈرتے ہیں، جب تک اس کے سینہ میں آخری سانس باقی ہے اس وقت تک کسی کی مجال نہیں ہے کہ اس کی اجازت کے بغیر اس کا مال لے اڑے، یا اس کی جائیداد پر قبضہ کر بیٹھے، یا اس کی بیوی کو اپنی بیوی بنا لے، اگر کوئی ایسا کرے گا تو قانون اس کی پشت پناہی کے لئے موجود ہے، قانوناً وہ شخص سزا کا مستحق ہوگا۔

لیکن جہاں آخری سانس اس کے منہ سے نکلا تو نہ وہ مال ودولت کا مالک رہا، نہ زمین جائیداد کا، نہ بیوی اس کی رہی، نہ اسکے ماتحت، اس کی لاش صحیح سالم ابھی گھر میں موجود ہے، لیکن اس کی تمام دولت کسی اور کی ہو چکی ہے، جو مکان اس نے اپنے لئے تعمیر کیا تھا اب غیروں کی ملکیت ہے، جن نوکروں پر وہ حکم چلاتا تھا اب وہ کسی اور کے چشم وابرو کو دیکھتے ہیں۔

## انسان میں اصل چیز روح ہے

اگر انسان اس گوشت پوست اور ظاہری ڈھانچہ کا نام تھا تو سوال یہ ہے کہ یہ اتنا بڑا انقلاب کیسے رونما ہو گیا۔اس کا جسم وہی جسم ہے 'اس پر وہی گوشت پوست اب بھی موجود ہے 'اس میں ہاتھ پاؤں اور ناک کان اسی طرح لگے ہوئے ہیں 'لیکن اب اس کو کوئی انسان کیوں نہیں کہتا؟ اب اسے انسانی حقوق کیوں حاصل نہیں؟

معلوم ہوا کہ "زید" صرف گوشت پوست اور ظاہری ڈھانچہ کا نام نہیں تھا' سوال یہ ہے کہ وہ پھر کس چیز کا نام تھا؟ آیئے' دیکھیں کہ "زید" کی لاش میں وہ کونسی چیز ختم ہو گئی ہے جس کی بناء پر اب اسے انسان نہیں کہا جاتا؟ .... ذرا سا غور کریں گے تو معلوم ہو گا کہ "زید" کی لاش میں اور تمام چیزیں موجود ہیں' صرف ایک چیز کی کمی ہے 'اور وہ ہے .... "روح" اسی روح کی کمی سے اب زید وہ زید نہیں رہا جو کبھی کوٹھی بنگلوں کا مالک تھا 'اور جس کا اس کے ماتحتوں پر حکم چلا کرتا تھا۔

## انسان جسم اور روح کے مجموعے کا نام ہے

اس تشریح سے واضح ہو گیا' کہ انسان صرف گوشت پوست اور جسم کا نام نہیں ہے' بلکہ جسم اور روح کے مجموعہ کا نام ہے' جب تک روح کا تعلق جسم کے ساتھ قائم رہتا ہے اس وقت تک انسان 'انسان کہلاتا ہے 'اور جب روح جسم کی قید سے آزاد ہو جاتی ہے تو پھر وہ ایک بے جان لاش بن جاتا ہے 'انسان نہیں رہتا۔

## انسان میں دو قسم کے جہاں پائے جاتے ہیں

اسی بات کو دوسرے پیرایہ میں یوں کہہ لیجئے کہ انسان میں دو قسم کے جہان پائے جاتے ہیں 'ایک جسم اور مادہ کا جہان' جسے ہم آنکھوں سے دیکھ کر اور ہاتھوں سے چھو کر محسوس کر لیتے ہیں 'اور اس جہان کے ساتھ ایک باطنی جہان اور ہے' جسے ہم نہ دیکھ سکتے ہیں نہ چھو سکتے ہیں۔اسی باطنی دنیا میں "روح" آباد ہے 'اسی پوشیدہ

دنیا میں دل دھڑکتا ہے' اسی میں خواہشیں جنم لیتی ہیں' اسی میں امنگیں اور آرزوئیں پروان چڑھتی ہیں' اسی میں سرور اور غم' نفرت اور محبت' ایثار اور بغض جیسے جذبات پرورش پاتے ہیں اور لطف کی بات یہ ہے کہ یہی پوشیدہ دنیا جسے ہماری آنکھیں نہیں دیکھ سکتیں' انسان کی اصل دنیا ہے' جب تک اس دنیا کا نظام چلتا رہتا ہے اسی وقت تک انسان زندہ رہتا ہے اور اسے معاشرے میں تمام انسانی حقوق حاصل ہوتے ہیں' لیکن جہاں یہ نظام بند ہو جاتا ہے وہیں انسان مردہ کہلانے لگتا ہے' اور اس کے تمام حقوق سلب ہو جاتے ہیں۔

پھر جس طرح انسان کا ظاہری جسم کبھی تندرست ہوتا ہے اور کبھی اسے بیماریاں لگ جاتی ہیں' اسی طرح روح بھی کبھی صحت مند ہوتی ہے اور کبھی بیمار ہو جاتی ہے جس طرح زکام' نزلہ' بخار اور مختلف قسم کے درد جسم کی بیماریاں ہیں' اسی طرح غم وغصہ' خود غرضی' تکبر' ریاء اور خود پسندی روح اور دل کی بیماریاں ہیں۔

## اسلام کا ہمہ گیر نظام

اسلام چونکہ زندگی کا ایک ہمہ گیر نظام ہے' اس لئے اس نے انسان کی ان دو حیثیتوں کو نظرانداز نہیں کیا' اس نے جہاں ہمارے ظاہری جسم کے متعلق ہمیں کچھ ہدایات دی ہیں' وہاں ہمارے دل کی پوشیدہ دنیا سے متعلق بھی ہمیں کچھ احکام بتلائے ہیں' جس طرح ہماری ظاہری زندگی میں وہ ہمیں نماز' روزہ' حج اور زکوۃ جیسے بہترین اعمال کو اختیار کرنے کی تلقین کرتا ہے' اور کچھ برے کاموں سے روکتا ہے' اسی طرح ہماری باطنی زندگی میں اپنے آپ کو کچھ بہترین صفات سے آراستہ کرنے کا حکم دیتا ہے' اور کچھ رذیل صفات سے پاک کرنیکا۔

اسلام کے جو احکام ہماری ظاہری زندگی سے متعلق ہیں وہ علم فقہ کا موضوع ہیں' اور جو احکام ہمارے باطن کی پوشیدہ دنیا سے تعلق رکھتے ہیں وہ علم تصوف میں بیان کئے جاتے ہیں۔

## قلب کی حقیقت

لہٰذا علم تصوف کا موضوع ہمارے دل کی وہ دنیا ہے جو ہمیں اپنی آنکھوں سے نظر نہیں آتی، مگر اس کا ہماری زندگی سے نہایت گہرا تعلق ہے، سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ دل کیا ہے؟ طبیبوں اور ڈاکٹروں سے پوچھئے تو وہ اس کا جواب یہ دیں گے کہ دل گوشت کا ایک لوتھڑا ہے، جو انسان کے سینہ میں بائیں جانب لٹکا ہوا ہے، اور اس کے جوف میں سیاہ قسم کا جما ہوا خون ہوتا ہے، جو سویداء قلب کہلاتا ہے، اور جب یہ لوتھڑا خون کو پمپ کر کے باہر کی طرف پھینکتا ہے تو اس کو دل کی دھڑکن سے تعبیر کرتے ہیں، اسی طرح روح اطباء کے نزدیک اس بھاپ اور اسٹیم کا نام ہے جو قلب کے اندر خون سے پیدا ہوتی ہے، اور شریانوں کے ذریعہ سارے بدن میں پہنچ جاتی ہے۔

## دو لطیف قوتیں دل اور روح

لیکن تصوف میں جس چیز کو دل اور روح کہا جاتا ہے وہ اس ظاہری روح اور دل سے کسی قدر مختلف ہے تصوف کی اصطلاح میں ''دل'' اور ''روح'' دو لطیف قوتیں ہیں جو انسان کے خالق نے اس ظاہری قلب وروح کے ساتھ پیدا کی ہیں، جس طرح آنکھ دیکھنے کی، کان سننے کی اور ہاتھ چھونے کی طاقت رکھتے ہیں، اسی طرح خون کا یہ لوتھڑا جسے ''دل'' کہتے ہیں خواہشیں کرنے کی طاقت رکھتا ہے تصوف کی اصطلاح میں دل اسی طاقت کا نام ہے جو انسان میں مختلف خواہشیں اور جذبات پیدا کرتی ہے۔

دل اور روح کی یہ لطیف اور پوشیدہ قوتیں ہمارے ظاہری قلب کے ساتھ کیا جوڑ رکھتی ہیں؟ ان دونوں میں باہم کیسا ربط ہے؟ اس کی حقیقت ہم نہیں جانتے، ہمیں صرف اتنا معلوم ہے کہ ان دونوں میں باہم گہرا ربط ہے، کس طرح ہے؟ یہ صرف خدا جانتا ہے، جس نے یہ جوڑ پیدا کیا ہے، جس طرح ہمیں یہ معلوم نہیں کہ مقناطیس اور لوہے میں کیا ربط ہے؟ مقناطیس روئی اور کاغذ کو کیوں نہیں کھینچتا؟ اسی طرح ہمیں یہ بھی معلوم نہیں کہ قلب وروح کی یہ پوشیدہ قوتیں خون کے اس

لوتھڑے سے کیا جوڑ رکھتی ہیں؟ اسی لئے جب مشرکین نے روح کی حقیقت کے بارے میں سوال کیا تو اس کے جواب میں یہی کہا گیا کہ

﴿قُلِ الرُّوْحُ مِنْ أَمْرِ رَبِّيْ ﴾

"یعنی روح ایک امر ربی ہے، جس کی حقیقت تم نہیں جان سکتے"۔

تصوف ہمیں یہ بتلاتا ہے کہ دل کی یہ پوشیدہ دنیا انسان کی ظاہری دنیا کی بنیاد ہے، اور اسی پر انسان کا بناؤ اور بگاڑ موقوف ہے، اگر دل کی یہ دنیا صحیح ہے، اس کا نظام ٹھیک چل رہا ہے، اس میں صحیح خواہشیں پیدا ہوتی ہیں۔ صحیح جذبات جنم لیتے ہیں تو انسان صحت مند ہے اور اگر اس کا نظام گڑبڑ ہے تو انسان کی ظاہری زندگی کا نظام بھی گڑبڑ ہو جاتا ہے، سرکار دوعالم محمد مصطفیٰ ﷺ نے اسی حقیقت کو آج سے تیرہ سو سال پہلے اس طرح بیان فرمایا تھا:

"الا انَّ فِي الْجَسَدِ لَمُضْغَةً اذا صَلَحَتْ صَلَحَ الْجَسَدُ كُلُّهُ وَ إِذا فَسَدَتْ فَسَدَ الْجَسَدُ كُلُّهُ، ألا وَهِيَ الْقَلْبُ".

"یعنی خبردار! جسم میں ایک لوتھڑا ہے اگر وہ درست رہے تو پورا جسم درست رہتا ہے، اور اگر وہ بگڑ جائے تو پورا جسم بگڑ جاتا ہے"۔

## تصوف کا موضوع

دل کے سنورنے اور بگڑنے کا کیا مطلب ہے؟ وہ کن چیزوں سے سنورتا اور کن چیزوں سے بگڑتا ہے؟ اس کی بیماریاں کیا ہیں؟ اور ان کا علاج کیسے کیا جا سکتا ہے؟ بس یہی باتیں علم تصوف کا موضوع ہیں، اور انہی باتوں کو قدرے تفصیل اور وضاحت کے ساتھ میں آئندہ نشستوں میں بیان کرنا چاہتا ہوں۔

مجلس: ۲۰

# طریقت شریعت کا ایک حصہ

## تصوف قرآن و سنت کا ایک شعبہ

پچھلی مجلسوں میں یہ واضح ہو چکا ہے کہ انسان قلب اور قالب یعنی باطن و ظاہر کے مجموعے کا نام ہے قرآن و سنت نے جو انسان کی صلاح و فلاح کا مکمل نظام بتلایا ہے اس کے احکام دونوں سے متعلق ہیں، سہولت کے لئے ظاہری اعضاء انسانی سے متعلق احکام عبادات، نکاح و طلاق، معاملات کو علم فقہ میں مدون کر دیا گیا ہے، اور باطن یعنی قلب وروح سے تعلق رکھنے والے احکام اعتقادات و اخلاق کو علم عقائد اور علم تصوف میں الگ الگ جمع کر دیا گیا ہے، اور درحقیقت یہ سب کتاب و سنت کی ہی تعلیمات کے مختلف شعبے ہیں، ان میں سے ہر ایک کو دوسرے سے الگ بھی اس طرح کہہ سکتے ہیں کہ جیسے ہاتھ الگ عضو ہے، پاؤں الگ، آنکھ اور چیز ہے ناک اور، قلب، جگر، معدہ، آنتیں سب الگ الگ اعضاء ہیں، لیکن مجموعہ انسانیت کی تکمیل ان سب کے مجموعے سے ہوتی ہے، ان میں سے کسی ایک کو لیکر دوسرے سے استغناء نہیں ہو سکتا، نہ ایک کا وجود دوسرے کیلئے منافی ہے، نہ ایک کا عمل دوسرے کے عمل سے ٹکراتا ہے۔

## فقہ اور تصوف دونوں ضروری ہیں

اسی طرح عقائد، فقہ، تصوف بلاشبہ الگ الگ علوم و فنون ہیں، مگر انسان کامل یا مومن و مسلم ان سب کے مجموعے ہی سے بنتا ہے، قرآن و سنت کی پیروی سب پر عمل کرنے ہی سے حاصل ہو سکتی ہے، ان میں سے صرف کسی حصے کو لیکر دوسرے سے استغناء ایسا ہی مہلک ہے جیسے کانوں کی حفاظت کریں اور آنکھوں کو ضائع کر دیں، فقہ کو تصوف کے

خلاف یا تصوف کو فقہ کے خلاف سمجھنا ایسا ہی ہے جیسے آنکھوں کو کانوں کے خلاف سمجھنا، جن حضرات کو حق تعالیٰ نے ان تمام تعلیمات قرآن و سنت کا جامع بنایا ہے وہی ان تمام کی حقیقت کو پہچاننے والے ہیں انہیں کے ارشادات سے ان علوم و فنون کا صحیح مقام اور درجہ معلوم ہو سکتا ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

"شریعت بغیر طریقت (یعنی تصوف) کے نرا فلسفہ ہے اور طریقت بغیر شریعت کے زندقہ والحاد"۔

## طریقت شریعت پر عمل کرنے کا نام ہے

چوتھی صدی ہجری کے مشہور عالم اور شیخ صوفیاء امام ابوالقاسم قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے زمانے کے مشائخ صوفیاء کے لئے جو ایک مفصل پیغام بنام "رسالہ قشیریہ" لکھا ہے، اور بعد کے تمام مصنفین کی کتابوں کا مدار اور متن یہی کتاب سمجھی گئی ہے، اس کے مقدمہ میں بڑی وضاحت سے ائمہ صوفیاء کے مقالات سے ثابت کیا ہے کہ طریقت شریعت سے الگ کوئی چیز نہیں، بلکہ شریعت و سنت پر پوری طرح عمل کرنے کا نام ہی طریقت ہے، اس کے باب اول میں فرمایا کہ اسلام میں نبوت و رسالت کے بعد سب سے بڑی فضیلت صحبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم سمجھی گئی ہے، اس لئے جن لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت کا شرف حاصل کیا ان کی سب سے بڑی فضیلت اور سب سے اعلیٰ لقب ان کا "صحابی" ہونا ہے، ان کے بعد جن لوگوں نے صحابہ کی صحبت سے علم و عمل حاصل کیا ان کا سب سے بڑا تعظیمی لقب "تابعی" اور ان کے بعد کے لوگوں کیلئے "تبع تابعی" قرار پایا، یہ سب حضرات شریعت و سنت پر مکمل عمل کرنے والے، کتاب و سنت کے تمام اعمال ظاہرہ و باطنہ سے پوری طرح آراستہ، شریعت و طریقت کے جامع حضرات تھے، ان کے طبقات اور القاب علوم و فنون کی تخصیصات کے بجائے صحابی، تابعی، تبع تابعی کے عنوان سے تھے۔

## مشائخ طریقت کا وجود

ان کے بعد لوگوں کے طریقے مختلف ہوگئے، بعض کا زیادہ اشتغال تعلیم وتعلم، تصنیف وتالیف میں زیادہ رہا۔ باطنی علوم واعمال میں بھی ان کو کمال حاصل تھا، مگر اشتغال ان میں کم ہوا، وہ علوم ظاہرہ کے محقق ہوکر عالم، محدث، مفسر، فقیہ کہلائے اور بعض جن کا رخ عمل کی طرف اور اعمال دین کے مکمل اہتمام کی طرف زیادہ رہا وہ عباد، زہاد کہلائے، مگر علوم ظاہرہ شرعیہ میں بھی ان کو کوئی کمی نہیں تھی، مگر عباد وزہاد میں پھر کچھ ایسے لوگ بھی داخل ہوگئے جو طریق سنت سے منحرف بدعات میں مبتلا ہوئے اور مسلمانوں میں مختلف فرقے پیدا ہوگئے، ہر فرقے میں کچھ لوگ عباد وزہاد کے نام سے معروف ہوگئے، اس وقت وہ لوگ جو اہل سنت والجماعت کے عقیدے پر قائم شریعت وسنت کے مکمل اتباع کے دلدادہ ہونے کے ساتھ عبادات وزہادت اور اعمال باطنہ کی تکمیل کی طرف زیادہ متوجہ ہوئے، وہ اہل تصوف کے نام سے موسوم ہوئے، اور دوسری صدی ہجری ختم ہونے سے پہلے ہی یہ اکابر مشائخ اہل تصوف کے نام سے معروف ہوگئے، جو ظاہر شریعت وسنت پر مکمل عمل کے ساتھ اپنے ایک ایک سانس کی حفاظت اور ذکر اللہ میں مشغول رہنے کا اہتمام کرنے والے، اور غفلت کے ہر خطرے سے بچنے والے تھے، امام قشیری کے الفاظ اس بارے میں یہ ہیں:

ثم ظهرت البدع وحصل التداعي بين الفرق فكل فريق ادعوا أن فيهم زهاداً فانفرد خواص اهل السنّة المراعون أنفاسهم مع الله تعالي الحافظون قلوبهم عن طوارق الغفلة باسم التصوّف واشتهر هذا الاسم لهولاء الأكابر قبل المائتين من الهجرة.

(رسالة قشيريه، ص ۸)

"پھر مسلمانوں میں بھی کچھ بدعتیں نکل آئیں، اور ہر فرقہ اپنی طرف یہ کہہ کر بلانے لگا کہ ہم میں بھی درویش ہیں، ان کی طرف رجوع کرو، اس وقت امتیاز کے لئے ان خواص اہل سنت کو تصوف کے نام سے ممتاز کر دیا گیا، جو اللہ تعالیٰ

کے ساتھ تعلق میں اپنے ایک ایک سانس کی حفاظت کرتے ہیں' اور غفلت کے تمام خیالات سے اپنے قلوب کی حفاظت کرتے ہیں' اور تصوف کے ساتھ ان کے نام کی شہرت دوسری صدی ہجری سے پہلے ہی ہوگئی تھی''۔

## صوفی شریعت کے مکمل تابعدار کا نام ہے

امام قشیری کی اس تشریح سے ثابت ہوا کہ اہل تصوف اور صوفی کے نام سے سلف کے زمانے میں صرف وہی لوگ معروف ہوئے جو شریعت و سنت کے پیرو اور بدعات سے مکمل اجتناب کرنے والے تھے خالی زہد و ریاضت والے جو متبع سنت نہ تھے وہ اس نام سے موسوم نہ تھے 'بلکہ ان سے امتیاز پیدا کرنے ہی کے لئے یہ نام اختیار کیا گیا تھا' اور علماء و صوفیاء کے اوصاف میں بجز اس کے کوئی فرق نہیں تھا کہ زمانہ نبوت سے بعد اور ضعف قوی کے سبب اعمال ظاہرہ و باطنہ میں یکساں کمال' اور بیک وقت دونوں میں مکمل اشتغال ممکن نہ رہا تو علماء نے تعلیم و تعلم تصنیف و فتویٰ اور علمی موشگافیوں کو اپنے عمل کا موضوع بنالیا' اس کے مدارس قائم کئے' صوفیائے کرام نے باطنی اعمال و احوال کی درستی' اور اس پہلو سے مسلمانوں کی اصلاح و ارشاد کو اپنا دائرۂ عمل بنالیا' اس کے لئے خانقاہیں آباد ہوئیں' یہ صرف ایک تقسیم کار کا اصول تھا' باہمی اختلاف کا کوئی پہلو نہ تھا' کیونکہ اہل مدارس اپنے باطنی اعمال و احوال سے غافل نہ تھے اور اہل خانقاہ احکام ظاہرہ شرعیہ سے ناواقف یا ان کی حیثیت کو کم کرنے والے نہ تھے۔

## علماء اور صوفیاء میں انحطاط

لیکن زمانے کی نیرنگیاں بھی کیا کیا گل کھلاتی ہیں' دونوں طبقوں میں محقق ماہرین کی کمی شروع ہوئی' اور ایک طرف علماء میں ذکر اللہ اور فکر آخرت سے غفلت کے جراثیم آئے اور اللہ تعالیٰ اور رسول کریم ﷺ سے انتہائی محبت کا جو مقام ایمان کامل کے لئے ضروری ہے اس میں کمی آئی' دوسری طرف صوفیاء میں علوم شریعت سے ناواقفیت یا کم علمی کے جراثیم پھیلے' سنت و شریعت کے اہتمام میں کمی آئی' اس کے نتیجے میں مدارس اور خانقاہوں

کے ادارے ایک دوسرے کے حریف بن کر ایک دوسرے پر الزام تراشی میں لگ گئے، مدارس میں صرف چند مسائل جان لینے کو کمال سمجھ لیا گیا اور خانقاہوں میں چند تسبیحات ونوافل کو، مدارس میں اعمال باطنہ کا فقدان ہوتا چلا گیا اور خانقاہوں میں شریعت وسنت کا، یہاں تک کہ تصوف صرف چند رسوم کا نام رہ گیا جن کی شریعت وسنت میں کوئی اصل نہیں۔

اس کا دوہرا ضرر امت کو پہنچا، اول تو یہی دو طبقے جو اصلاح مسلمین کے کفیل تھے، خود ان کا مجروح ہو جانا ایک بہت بڑا المیہ تھا، دوسرے ان دونوں کے اختلاف میں شدت اور ایک دوسرے کو گرانے کی کوششیں جنہوں نے مسلمانوں کی وحدت کو پارہ پارہ کر دیا۔

## علماء اور صوفیاء میں بیزاری

اس سے زیادہ اشد ایک اور افتاد یہ پڑ گئی کہ مسلمانوں میں ایسے لوگ پیدا ہونے لگے جو ان دونوں طبقوں سے بیزار اور دونوں سے برسرپیکار ہو گئے، ان کے پاس خود اتنی علمی یا عملی صلاحیت نہ تھی کہ ان دونوں طبقوں سے آزاد ہو کر براہ راست قرآن وسنت کی تعلیمات کو صحیح سمجھتے اور صحیح عمل کر لیتے، اور جن کے ذریعہ یہ دولت حاصل ہوتی ان سے بیزاری پیدا ہو کر ان کی مثال اس بیمار کی سی ہو گئی جو خود اپنے علاج کو نہ سمجھتا ہے اور نہ اس پر قادر ہے اور سارے حکیموں وڈاکٹروں سے بیزار ہو جائے، ایسے حضرات نے علم دین کے محقق اور ماہر اساتذہ سے بیزاری کے نتیجے میں علم دین حاصل کرنے کے لئے صرف دینی کتابوں کے مطالعے پر اعتماد کیا اور بہت سے قرآنی مسائل میں ایسی راہوں پر پڑ گئے جو جمہور امت کی راہ سے مختلف ہے، اس طرح دین میں ترمیم کا ایک نیا شاخسانہ پیدا ہو گیا، ان میں سے کچھ لوگوں نے علماء دین کو اپنے الزامات واعتراضات اور استہزاء وتمسخر کا ہدف بنا لیا اور کچھ لوگوں نے صوفیاء کرام کو اور بعض نے دونوں کو۔

## مجد دین کی آمد

رسول اللہ ﷺ کی پیشین گوئی کے مطابق ہر سو سال کے بعد اللہ تعالیٰ کے ایسے بندے مختلف ممالک اور مختلف طبقات میں پیدا ہوتے رہے جنھوں نے اس فساد عظیم کے اسباب کو پہچانا اور اس کا صحیح علاج کیا اور تجدید دین کی خدمت انجام دے کر دونوں طبقوں کی اصلاح کی، آخری دور میں حضرت مجدد الف ثانی اور پھر ہندوستان میں حضرت سید احمد صاحب بریلوی رحمۃ اللہ علیہ کے ہاتھوں بڑی حد تک یہ خدمت انجام پائی، اس کے بعد ہندوستان میں جن اکابر نے دیوبند میں دارالعلوم کی بنیاد رکھی وہ سب جیسے علوم شریعت کے اعلیٰ ماہر اور محقق تھے اسی طرح علم باطن و تصوف میں اعلیٰ کمال رکھنے والے تھے، انہوں نے "دارالعلوم دیوبند" کی بنیاد مدرسہ اور خانقاہ کے امتزاج پر رکھی۔

## دارالعلوم دیوبند کا منور دور

میرے والد ماجد مولانا محمد یٰسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے ہمعصر تھے، جس سال دارالعلوم کی بنیاد رکھی گئی وہی والد مرحوم کا سال پیدائش ہے، والد صاحب فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے دارالعلوم کا وہ دور دیکھا ہے جبکہ اس کے عملے میں صدر مدرس اور مہتمم سے لیکر ایک چپراسی اور دربان تک سب صاحب نسبت اولیاء اللہ تھے، جو دربان دروازے پر رہتا تھا ہر وقت ذکر اللہ میں مشغول رہتا، جس طرح دن بھر مدرسے کی درسگاہوں اور طلباء کے حجروں سے علمی بحثوں کی آوازیں سنائی دیتی تھیں اسی طرح رات کو ہر ہر جگہ سے تلاوت و ذکر اللہ کی دلنواز آوازیں آتی تھیں۔

دارالعلوم کے احاطے میں ابتداء کوئی مسجد نہ تھی، طلباء و مدرسین قرب وجوار کی مساجد میں نماز ادا کیا کرتے تھے، احقر کی طالب علمی کے زمانے میں دارالعلوم کی اپنی مسجد تعمیر ہوئی، تو اس کا قطعہ تاریخ سیدی شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب نے لکھا تھا۔ اس کا مصرعہ تاریخ یہ تھا۔

"در مدرسہ خانقاہ دیدیم"

یہ مصرعہ اس روح دارالعلوم کا حامل ہے جس پر اس کی بنیاد رکھی گئی تھی 'اسی امتزاج کے وہ ثمرات طیبہ ہیں جو دنیا کے سامنے آئے کہ یہاں سے پیدا ہونے والے علماء میں سینکڑوں عالم مرجع خلائق بنے اور اپنے اپنے خطوں میں دینی شعور پیدا کرنے اور بدعت وغفلت کے طوفانوں کا مقابلہ کرنے میں کامیاب داعی ثابت ہوئے۔

اور خاص خاص ایسے اکابر بھی پیدا ہوئے جن میں سے ایک ایک آفتاب وماہتاب بن کر چمکا اور پوری دنیائے اسلام ان کی روشنی سے جگمگا اٹھی 'شیخ الہند حضرت مولانا محمود حسن صاحب قدس سرہ 'حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی چند مثالیں ہی اس کے ثبوت کے لئے کافی ہیں۔

# چند ارشادات

## تصوف کی تعریف

فرمایا تصوف نام ہے ''مقامات'' کا 'تصوف لوٹنے پوٹنے کا نام نہیں ہے 'بلکہ مقامات کا نام تصوف ہے اور مقامات بھی ملکات ہیں 'اخلاص ورضا اور تواضع وغیرہ ان کو حاصل کرو اور ان کی اضداد ریاء 'کبر اور اعتراض وغیرہ سے نکل جاؤ بس صوفی ہو گئے۔

## تصوف کی لطافت

حضرت کے ملفوظات میں سے کچھ سنا رہا ہوں۔ بزرگوں سے سنا ہے کہ بہت سی کتابوں سے بڑھ کر بزرگوں کے اقوال ہیں کہ وہ چھنی چھنائی باتیں ہیں۔

فرمایا کہ: تصوف جب بگڑتا ہے تو جنون یا زندقہ بن جاتا ہے۔ جتنی عمدہ لطیف غذا ہوگی جب وہ سڑ جاتی ہے تو اس کی بدبو بھی سب سے غلیظ ہوتی ہے اسی طرح تصوف بڑی لطیف چیز ہے اس کے بغیر ایمان کی تکمیل نہیں۔ لیکن اگر وہ بگڑ جائے تو یا پاگل ہو جاتا ہے یا عقلی جنون الحاد ہو جاتا ہے۔ انہی کو دیکھ کر لوگ تصوف سے بدگمان ہو جاتے ہیں۔ مصیبت یہ ہے کہ جب آدمی اللہ اللہ کرنے والا ہو جاتا ہے تو وہ اگر پاگل بھی ہو جائے تب بھی لوگ اس کی حرکات کو عقیدت سے دیکھتے ہیں۔

## سلوک کا خلاصہ

سارے سلوک کا خلاصہ سنت کی پیروی کرنا ہے اور کچھ نہیں۔

## اعمال ظاہری و باطنی

اعمال کی دو قسمیں ہیں۔ ایک ظاہری اس کو فقہ دوسرے باطنی اس کو تصوف کہتے

ہیں۔جس طرح ظاہری معاصی سے اجتناب اور فرائض وواجبات پر عمل کرنا ضروری ہے اسی طرح رذائل سے اجتناب اور فضائل کا حصول بھی فرض ہے بلکہ باطنی امراض ظاہری اعمال کی جڑ ہیں اس لئے باطنی امراض کی اصلاح اور بھی زیادہ قابل توجہ ہے۔فضائل ،صبر ، شکر ،توحید ،صدق ، مراقبہ ،محاسبہ ،شوق وانس ، رذائل ،حسد ،بخل ، ریا ،کبر ، آفات لسان ، حقد ،حرص ،عیب جوئی ،غرور ،شہوت پرستی۔

## ظاہر کا اثر باطن پر

فرمایا،انسان کا ظاہر اس کے باطن میں موثر ہوتا ہے۔اگر کوئی غم کی شکل بنائے تو تھوڑی دیر بعد دل میں حزن کی کیفیت محسوس ہوگی۔

## تصوف اصلاح باطن کا نام ہے

بات چلی تھی تصوف پر۔تصوف اعمال باطنہ کی اصلاح کا نام ہے۔کبر ،ریا ،عجب ، بغض یہ بالکل اسی طرح گناہ ہیں جیسے چوری ، زنا ، شراب ،اللہ پاک نے ان کو بھی گناہ کبیرہ بتایا ہے۔مصیبت یہ ہے کہ ظاہری گناہ کو تو ہم سب گناہ سمجھتے ہیں مگر امراض باطنہ کی طرف کسی کی نگاہ نہیں جاتی۔

ایک ڈاکٹر صاحب نے کہا مولویوں کی لڑائی نے ہمیں مار رکھا ہے ایک ایسا مدرسہ کھولو جس میں سارے مذاہب پڑھائے جائیں اور اتفاق پیدا ہو جائے۔میں نے کہا ”ایلوپیتھک“ کا علاج کیسا ہے ؟ کہنے لگے حق ہے میں نے کہا ”یونانی“؟ کہنے لگے حق ہے میں نے کہا ”ویدک ہومیو پیتھک“؟ کہنے لگے حق ہے میں نے کہا ایسا کرو کوئی ایسا دوا تیار کرو جو ان چاروں حق طریقہ علاج کا واحد اجتماع ہوں۔انشاء اللہ جلد یہ شہر قبرستان بن جائے گا۔

## فساد دین کی بناء پر نہیں

اور یہ خیال غلط ہے کہ یہ لڑائی جھگڑے 'فساد' دین سے ہو رہے ہیں یہ نفسانیت ہے چاہے حنفی ہو' وہابی ہو' کوئی ہو' دین میں کوئی جھگڑا نہیں جھگڑا کبر کا۔ریاء کا' عجب کا' ہر شخص اپنی ضد پر قائم ہے جس طرح ہر شخص اپنے طریقہ علاج کو پسند کرتا ہے۔ لیکن دوسرے حکیم یا وید کو برا نہیں کہتا۔مگر دین کے اعمال میں نفسانیت شامل کرکے دوسرے کو برا کہتے ہیں یہ برا مرض ہے۔ان کا علاج خانقاہیں اور مساجد میں جو شیخ اور بزرگ ہوں گے وہ پہچان لیں گے کہ اس میں کونسا مرض ہے کبر ہے۔نفسانیت ہے' حسد ہے' بغض ہے۔

بس یہ باطنی امراض کو پہچاننے اور عمل کرنے کی ضرورت ہے اور ایسے خدا کے بندے بہت ہیں لہٰذا ان سے رجوع کرکے اپنی اصلاح کی فکر کرنی چاہئے۔

## تین طاقتوں میں درجہ اعتدال

فرمایا' انسان کا کمال تحصیل عدالت ہے' حکماء کا اس پر اتفاق ہے کہ انسان کا کمال یہ ہے کہ قوت عقلیہ' قوت شہویہ اور قوت غضبیہ میں اعتدال کا درجہ حاصل کرے۔اگر ان میں افراط کا درجہ ہو یا تفریط کا تو یہ کمال نہیں بلکہ نقص ہے۔قوت عقلیہ میں تفریط کا درجہ ""حماقت"" ہے اور افراط کا درجہ ""جزبرہ"" (بہت تیزی) ہے اور درجہ اعتدال کا نام حکمت ہے۔قوت شہویہ سے مراد وہ قوت ہے جو منافع کو حاصل کرنا چاہتی ہے' اس میں افراط کے درجہ کا نام ""فجور"" ہے اور تفریط کا نام ""خمود"" ہے اور درجہ اعتدال کا نام ""عفت"" ہے۔قوت غضبیہ سے مراد وہ قوت ہے جو مضرتوں کو دفع کرنا چاہتی ہے۔اس میں درجہ افراط کا نام ""تہور"" ہے اور تفریط کا نام ""جبن"" ہے اور اعتدال کا نام ""شجاعت"" ہے۔ان میں حکمت' عفت اور شجاعت تینوں کے مجموعہ کا نام عدالت ہے۔

## معیارِ اعتدال

فرمایا: افراط و تفریط سے بچنا ہی اعتدال ہے

مجلس: ۲۱

# روح کی بیماری اور اس کا علاج

## روح کی بیماری خدا سے غفلت ہے

پچھلی مجلس میں یہ بتلایا گیا تھا کہ انسان صرف اس کے ظاہری ڈھانچے کا نام نہیں، بلکہ اس کا اصلی جوہر اس کا باطن ہے، جس کو قلب اور روح وغیرہ کے الفاظ سے تعبیر کیا جاتا ہے، پھر صحیح بخاری کی حدیث سے یہ بھی بتلایا گیا تھا کہ انسان کے ظاہری اعمال کی صحت وفساد اور بناؤ اور بگاڑ بھی اس کے باطن کے بناؤ وبگاڑ پر موقوف ہے۔

آج کی مجلس میں یہ بتلانا ہے کہ جس طرح ظاہر بدن کبھی تندرست ہوتا ہے کبھی بیمار، اور تندرستی قائم رکھنے کے لئے غذا ہوا وغیرہ سے تدبیر کی جاتی ہے، بیماریوں کو دفع کرنے کے لئے دواؤں سے علاج کیا جاتا ہے، اسی طرح انسان کے باطن کی تندرستی کی تدبیر اپنے خالق ومالک کو پہچاننا اس کا ذکر وشکر اور اس کے احکام کی اطاعت ہمہ وقت کرنا ہے، اس کی بیماری اللہ کی یاد سے غفلت اس کے احکام کی خلاف ورزی ہے، قرآن کریم کا ارشاد ہے۔

﴿فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضاً ﴾

"ان کے دلوں میں (کفر ونافرمانی کی) بیماری ہے، سو اللہ نے ان کی بیماری اور بڑھا دی"۔

## روح کی بیماری کا علاج

یہ دل کی بیماریاں، کفر، شرک، نفاق، حسد، کینہ، تکبر، نخوت، حرص، بخل، حب جاہ، حب مال، غرور وغیرہ ہیں، اور تندرستی یہ ہے کہ اپنے مالک حقیقی حق تعالیٰ کو پہچانے،

تمام نفع نقصان، تکلیف راحت کا مالک اس کو سمجھے اس کی نعمتوں کا شکر ادا کرے، کوئی تکلیف پیش آئے تو صبر سے کام لے، تمام معاملات میں اللہ پر بھروسہ کرے اس کی رحمت کا امیدوار اور عذاب سے ڈرتا رہے، اس کی رضاجوئی کی فکر میں رہے اور صدق واخلاص کے ساتھ تمام احکام بجالائے۔

## امراض باطنی کا مکمل علاج

ان باطنی امراض سے نجات حاصل کرنے کا مکمل علاج قرآن کریم ہے:

﴿وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّ رَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ.﴾

''ہم نازل کرتے ہیں قرآن سے وہ چیز جو شفاء اور رحمت ہے مومنین کے لئے''۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

﴿قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَاءٌ.﴾

''یعنی آپ ﷺ کہہ دیجئے کہ یہ قرآن ایمان والوں کیلئے ہدایت ہے اور شفاء''۔

## جسمانی اور باطنی بیماریوں میں فرق

لیکن باطنی بیماریوں اور ان کے علاج میں ایک بڑا فرق یہ ہے کہ ظاہری بیماریاں تو آنکھوں اور دوسرے حواس سے محسوس کی جاسکتی ہیں، نبض کی حرکت، خون اور فضلات کا امتحان کرکے معلوم کی جاسکتی ہیں، ان کے معالجات محسوس آلات اور دواؤں سے کئے جاتے ہیں، باطنی امراض نہ آنکھوں سے دکھائی دیتے ہیں، نہ نبض وغیرہ سے ان کو پہچانا جا سکتا ہے، اسی طرح ان کا علاج بھی محسوس غذاؤں اور دواؤں سے نہیں ہوتا، ان امراض کی

تشخیص اور علاج کی تجویز صرف قرآن وسنت کے بتلائے ہوئے اصول ہی سے ہو سکتی ہے۔

## قرآن وسنت کی جامعیت

قرآن وسنت میں انسان کے ظاہری اعمال اور معاملات اور باطنی عقائد اور اخلاق سب ہی کی اصلاح کا مکمل نظام موجود ہے۔

امت میں صحابہ وتابعین سے لے کر موجودہ زمانے کے صالحین کاملین تک جس کو جو کچھ کمال حاصل ہوا ہے وہ صرف اسی نظام عمل کی مکمل پابندی سے ہوا ہے' وہ جس طرح نماز' روزے' حج' زکوۃ کے پابند تھے اسی طرح صدق' اخلاص' توحید' تواضع' صبر' شکر' توکل' زہد وغیرہ باطنی اعمال میں بھی ویسا ہی کمال رکھتے تھے' وہ جس طرح' جھوٹ' فریب' چوری' بے حیائی وغیرہ گناہوں سے ڈرتے بچتے تھے' ٹھیک اسی طرح کبر ونخوت' دوسروں کی تحقیر وتوہین' حب جاہ' حب مال' حرص' بخل وغیرہ باطنی گناہوں کو بھی ایسا ہی حرام جانتے اور ان سے پرہیز کا اہتمام کرتے تھے۔

## علم فقہ اور تصوف

علماء امت نے عوام کی سہولت کے لئے قرآن وسنت کے اس پورے نظام کو چند علوم وفنون میں الگ الگ جمع کر کے مدون کر دیا اعمال ظاہرہ نماز' روزہ' حج' زکوۃ اور نکاح وطلاق اور تمام معاملات کو علم فقہ میں اور اعمال باطنہ میں سے عقائد کو علم عقائد میں اور اخلاق ومعاشرت کو علم تصوف میں جمع کر دیا۔

بعض حضرات علماء نے تینوں علوم کو یکجا بھی لکھا ہے' علامہ ابن السبکی نے اپنی کتاب ''جمع الجوامع'' میں جو اصول فقہ کی مشہور کتاب ہے اس کے آخر میں بعنوان ''خاتمہ'' تصوف واخلاق اور اعمال باطنہ کی بھی کچھ تفصیل لکھی ہے۔

امام قشیری رحمۃ اللہ علیہ نے رسالہ قشیریہ' حضرت سہروردی رحمۃ اللہ علیہ نے ''عوارف المعارف''' امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ''احیاء العلوم'' وغیرہ مستقل تصانیف میں اعمال باطنہ کی

اصلاح اور ان کی اہمیت پر نہایت تفصیلی بحث فرمائی ہے' اور اس آخری دور میں حضرت حکیم الامت سیدی مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ نے اس موضوع پر التکشف' التشرف' مسائل السلوک' تعلیم الدین' قصد السبیل وغیرہ نہایت جامع کتابیں تحریر فرمائی ہیں۔

## ایک افسوس ناک غفلت

مگر ایک زمانہ دراز سے مسلمانوں کی دین اور علوم دینیہ سے عام غفلت کے نتیجے میں سب ہی علوم دینیہ سے مسلمانوں کی اکثریت بے بہرہ ہوتی چلی گئی' خصوصیت سے آخر الذکر علم جس کا تعلق اعمال باطنہ کی اصلاح سے ہے وہ تو ایسا متروک ہوا کہ عوام تو عوام علماء کی ایک بڑی تعداد بھی اس سے بے تعلق ہو گئی' صرف اعمال ظاہرہ کی پابندی میں دین کو منحصر سمجھ لیا گیا' صدق و اخلاص' توحید و توکل' صبر و شکر' قناعت و زہد' تقویٰ کے صرف الفاظ زبانوں پر رہ گئے' حب جاہ' حب مال' نخوت و غرور' غیظ و غضب' کینہ وحسد' جیسے محرمات اور مہلک امراض سے نجات حاصل کرنے کی فکر بھی دلوں سے محو ہو گئی۔

میرا خطاب اس معاملے میں سب سے پہلے اپنے نفس سے اور پھر دوسرے اہل علم سے ہے' کہ ہم نے اپنا ظاہر تو کچھ دین کے مطابق بنالیا ہے' اعمال ظاہرہ کی حد تک ہم پابند شریعت بھی سمجھے جاتے ہیں' اور ایسے تمام گناہوں سے بچنے کا بھی کسی حد تک اہتمام کرتے ہیں جو عوام کی نظر میں منصب علم و علماء کے خلاف سمجھے جاتے ہیں' اور جو لوگ ان میں مبتلا ہوں عوام کی نظر سے گر جاتے ہیں' لیکن باطنی محرمات اور کبیرہ گناہ جو در حقیقت ظاہری گناہوں سے زیادہ سخت گناہ ہیں ان سے بچنے کا کوئی اہتمام ہم میں نظر نہیں آتا۔

## اپنے نفس سے سوال

یہاں ایک سوال ہم سب کو اپنے نفس سے یہ کرنا چاہئے کہ ہماری نماز روزہ وغیرہ عبادات اور چوری' بدمعاشی' عیاشی اور سینما وغیرہ عام کھیل تماشوں سے ہمارا اجتناب اگر

فی الواقع فکر آخرت اور خوف خدا کے نتیجے میں ہے تو اس کی کیا وجہ ہے کہ ان سے زیادہ بڑے گناہوں میں ہم بالکل بے فکری کے ساتھ مبتلا ہیں' ان میں نہ خوف خدا سامنے آتا ہے نہ فکر آخرت۔

کہیں ایسا تو نہیں کہ ہمارے یہ اعمال ظاہرہ خالص اللہ کے لئے ہونے کے بجائے ہماری پیشہ ورانہ ذہنیت کے نتیجے میں ہوں' ان کا تعلق خدا اور آخرت سے نہیں بلکہ اپنے پیشے سے ہو' کہ اگر نماز روزہ وغیرہ چھوڑ گیا یا محرمات جلیہ ظاہرہ کا ارتکاب کیا گیا تو ہمیں ملے ہوئے منصب تعلیم وفتویٰ اور امامت وخطابت وغیرہ ہم سے چھن جائیں گے' اس لئے صرف ان گناہوں سے بچنے کا ہم اہتمام کرتے ہیں' جو ہمارے پیشے اور جبہ ودستار میں نہیں کھپتے' اور باطنی گناہ جن پر جبہ ودستار کا پردہ ڈالا جاسکتا ہے ہم نے ان کو شیرمادر سمجھ لیا ہے۔

آج ہماری تعلیم وتبلیغ جو بے اثر ہو کر رہ گئی ہے بلکہ فتنوں اور جھگڑوں کا ذریعہ بن گئی اس کا واحد سبب ہماری یہ روش ہے۔ إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.

تجربہ شاہد ہے کہ دنیا میں صرف انہیں علماء کی تعلیم وتبلیغ اور اصلاح وتربیت کے آثار باقی رہے جن کے قلوب تقویٰ اور خشیت اللہ اور اخلاص سے لبریز تھے' ورنہ بڑے بڑے محققین کا کہیں نام ونشان نظر نہیں آتا' اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ الْهُدٰي وَالتُّقٰي وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰي.

# چند ارشادات

## روح اور اس کی غذا

آج نزلہ کی وجہ سے گلا بیٹھا ہوا ہے اس لئے ارادہ تو نہ تھا مگر دوستوں سے ملاقات بھی مقصود تھی بہرحال تبرکاً کچھ عرض کرتا ہوں۔

حافظ ابن القیم رحمۃ اللہ علیہ مشہور محدث ہیں۔انہوں نے لکھا ہے کہ انسان کے بدن میں کچھ امراض ہیں۔ان کا علاج بھی ہے۔کچھ ضروریات بھی ہیں، کچھ مضرات اور کچھ منافع۔ ایسے ہی روح کا بھی حال ہے۔روح کی بھی کچھ بیماریاں ہیں کچھ ان کا علاج اور جیسے ظاہری پہچان بدن کی بیماری کی ہے اسی طرح روحانی بیماری کی بھی پہچان ہے۔بدن کی بعض بیماریاں ایسی ہیں کہ ایک ہاتھ میں تکلیف ہے اور دوسرے ہاتھ میں بھی اس کا اثر ہے۔ایک شخص کو آنکھوں کی بیماری ہے۔اس کو نظر نہ آئے گا۔بینائی کا مرض ہے۔مگر کھانا پینا سب کچھ چل رہا ہے۔دنیا میں جیسے امراض اور ان کے خواص ہیں ایسے ہی روح کی بیماریاں اور ان کے خواص ہیں۔

## روح کے امراض

فرمایا کہ روح کے امراض معاصی اور گناہ ہیں اور اس کی غذا "ذکر اللہ" اور اس کی طاعت ہے اور جب یہ غذا نہ ملے تو روح بیمار ہو جاتی ہے، دھوکہ، جھوٹ، چوری، عیاشی ساری بیماریاں ہیں۔اب نمونیہ ہو کسی کو اور پھوڑا نکلا ہوا ہو، اور دوسری کئی بیماریاں ہوں۔اس کا صحت یاب ہونا مشکل ہو جاتا ہے اور ایک بیماری بعض اوقات دوسری بیماری کو کھینچ لاتی ہے اطباء اس کو خوب سمجھتے ہیں ایسے ہی ایک گناہ دوسرے گناہ کو کھینچ لاتا ہے۔

مختلف اثرات بیماریوں کے ہوتے ہیں۔ان کی بہت قسمیں ہیں، ہر مرض میں خاص علاج کیا جاتا ہے۔روح کی بیماریاں ایک نفسانی خواہشات ہیں کہ اس سے غفلت پیش آتی ہے۔ایک جاہی گناہ ہے، اپنے کو بڑا سمجھنا یہ براہ راست قلب کا گناہ ہے، نفسانی گناہ اعضاء کے الگ الگ ہیں اور جاہی گناہ براہ راست قلبی ہے۔

مجلس: ۲۲

# طریقت اور مرشد

## غلط مجاہدہ کا نقصان

ایک صاحب آئے نو سال مجاہدہ کیا تھا ان کے شیخ نے سوکھی روٹی کھلائی تھی جس سے ان کا دماغ خراب ہو گیا لوگ سمجھے یہ مجذوب ہو گئے ہیں حالانکہ وہ مجذوب نہیں تھے۔

حضرت نے دیکھ کر فرمایا تربیت بعد میں ہو گی پہلے ان کے دماغ کا علاج کراؤ چنانچہ حکیم سے علاج کیا مگر دماغ کا دورہ پڑا تو بھاگ گئے اور کورٹ میں جاکر دعویٰ کیا کہ پچاس روپے میرے دواؤں میں برباد کرا دیئے میں تو اچھا خاصا ہوں بعض اوقات زیادہ مجاہدے سے جنون کی نوبت آجاتی ہے۔ یہ نقصان ہوتا ہے ان لوگوں سے جو جاہل صوفی ہوتے ہیں۔ مرید کی حالت سے واقف نہیں ہوتے اور مجاہدے کرائے جاتے ہیں اسی طرح ایک نقصان جو مجاہدوں سے پہنچتا ہے وہ ہے زندقہ اس میں خواب اور الہام وغیرہ ہوتے ہیں۔ بس وہ بھی بے راہ ہو جاتا ہے۔

## تصوف شریعت پر عمل کا نام ہے

تصوف دراصل شریعت پر پورے عمل کا نام ہے ضرورت اس بات کی ہے کہ جو اس میدان میں قدم رکھے اپنی رائے سے کچھ نہ کرے جو کچھ کرے شیخ کامل کی رہنمائی میں کرے۔ ہمارے ایک دوست تھے ان کے یہاں شبلی غزالی بہت ہوتے ہیں وہ بھی شبلی تھے بہت دبلے ڈھانچہ بنے ہوئے تھے میں نے پوچھا کیا ہوا وہ خاموش ہو گئے پھر کئی بار پوچھنے پر بتایا کہ اور تو کچھ نہیں غذا بہت تھوڑی کھاتا ہوں اور امام غزالی کی تعلیم پر عمل کرتا ہوں میں

نے کہا حضرت اپنے زمانہ کے غزالی سے پوچھو یہ جو کتابیں پڑھ کر اپنی اصلاح چاہتے ہو غلط ہے۔

صدیوں پہلے کے زمانوں کی تقلید آج کے زمانہ میں تم ہم جیسے کمزور طبیعتوں والوں سے نہیں ہو سکتی جب طاقت ہی نہ رہے گی تو طاعت کہاں سے ہو گی صوفیاء کے یہاں نفس کو مارنے کا نام جہالت سے بھوکا رہنا رکھ دیا ہے بھلے آدمی جب نفس کو مار دیا تو طاعت کہاں سے ہوگی نفس کے بھی کچھ حقوق ہیں جن میں سے کچھ حقوق کی ادائیگی واجب ہے اس میں سونا کھانا آرام پہنچانا بھی ہے یہ سب بالکل اسی طرح کے حقوق ہیں جیسے بیوی کے 'اولاد کے 'پڑوسی کے حقوق ہیں اگر نفس کے حقوق ادا نہ کئے تو جہنم میں جائے گا ہاں دوسری چیز ہے نفس کے حقوق سے بڑھ کر نفس کی وہ خواہشات جو ضروریات کے علاوہ ہیں بلکہ تضییع اوقات اور تضییع مال ہیں جن کے بغیر کام چل سکتا ہے ان خواہشات کو روکنے کا نام نفس کشی ہے۔

## ذکر اللہ میں لذت ہے

اللہ کے ذکر سے زیادہ لذیذ کوئی شے نہیں اس میں کتنی لذت ہے جو اسے ورد میں رکھتے ہیں وہ جانتے ہیں مگر یہ لذت اور انوار خاصہ ہیں ذکر کا۔ چاہے وہ کافر بھی کرے تو اسے بھی لذت آئے گی مگر مقصود نہیں بس اس فرق کو سمجھ لیں۔

ایک بنیا تھا دوکان کھولتا بسم اللہ کہہ کر ترازو اٹھاتا بسم اللہ کہہ کر اور ہر وقت اللہ اللہ کہتا پوچھنے پر معلوم ہوا کہ میں مسلمان تو نہیں ہوا مگر مزا آتا ہے تو یہ انوار تو ظاہر ہیں مگر یہ لذت یا انوار مقصود نہیں۔ مقصود ہے اللہ کی رضا اور یہ رضا حضور اکرم ﷺ کے طریقوں میں ہے۔

## آخرت کی کامیابی چار باتوں سے ہے

کلام پاک میں ہے جو ارادہ کرے کوشش کرے اور کوشش اس کے مناسب کرے

اور ایمان بھی ہو ان کی کوشش اللہ کے یہاں مقبول ہے

یہاں پہلی شرط ایمان ہے۔ دوسری ارادہ۔ تیسری کوشش۔ چوتھی وہ کوشش جو اس کے مناسب ہو اب ایک تو وہ ہے جس کا ارادہ ہی آخرت کا نہیں یہ جو پنج سورے لٹکاتے ہیں اس لئے کہ برکت ہو مقصد اللہ کی رضا نہیں بلکہ دنیا حاصل کرنے کے لئے تو دنیا تو ان کو مل جائے گی سورۂ مزمل اور یٰس کے فضائل اپنی جگہ مکمل اور اٹل ہیں مگر دنیا کے فوائد حاصل کرنے کی نیت ہو تو وہ صرف دنیا ہے اس میں آخرت کا کوئی حصہ نہیں ہاں یہ نیت کرو کہ سورۂ یٰس قلب قرآن ہے آخرت کے حصول کا ذریعہ ہے اور پھر تیسرے درجہ میں دنیا کے فوائد بھی ہیں تو سنت یہ ہے کہ ارادہ کرے آخرت کا جس طرح ارادہ کرتے ہیں دنیا کا تو اس کی کوشش بھی اس کے مناسب کرتے ہیں کپڑے کی تجارت کے لئے سبزی منڈی میں پھرنا بے کار ہوگا سبزی منڈی میں کپڑے کی تجارت نہ ہوگی ہر کام کا طریقہ ہے آخرت کی کوشش کرنی ہے۔ تو وہ کوشش آخرت کے مناسب ہو' اور وہ ہے طریقہ حضور ﷺ کا جس کو آپ نے قول سے اور عمل سے بتایا ہے بس وہی سعی ہے کوشش ہے اس کے علاوہ ساری کوششیں بے کار ثابت ہوں گی آخرت کے عمل کے مناسب سعی وہی ہے جو سرور دو عالم ﷺ نے فرمائی ہے ذکر اللہ ہو تلاوت ہو' حج نماز روزہ ساری طاعتیں اگر سنت سے ہٹ کر اپنی خود ساختہ طریقوں سے کی گئیں وہی بدعت ہے وہی ضلالت ہے وہی گمراہی ہے یہی حاصل ہے اس آیت کا دیکھنے میں اس کے اعمال جو بدعتی ہے بڑے خوبصورت معلوم ہوتے ہیں ان بے چاروں کو کون سمجھائے۔ کہتے ہیں کھڑے ہو کر درود پڑھ لیا کیا برا کیا لیکن ان سے پوچھئے کہ حضور اکرم ﷺ نے یہ پابندی کہاں لگائی صحابہ کرام نے کب کھڑے ہو کر درود پڑھا اور کب اس سے نفرت کی جس نے کھڑے ہو کر نہ پڑھا' بس یہ پابندی خلاف سنت ہے یہی بدعت ہے یہ گیارہویں' بارہویں کا کھانا پکانا کب منع ہے مگر یہ سمجھ کر کرنا کہ یہ طریقہ حضور پاک ﷺ نے فرمایا بس یہ بدعت ہے۔ حالانکہ غرباء کو کھانا کھلانا گناہوں کا کفارہ ہے مگر یہ کوئی شرط نہیں کس کو کس وقت کھلایا جائے جب سہولت ہو کھلا دیا جائے نہ اجتماع کی ضرورت نہ خاص دن تاریخ کی پابندی ضروری' اسی طرح مسلمانوں کو سلام کرنا گناہوں کا کفارہ ہے مگر ہم منہ پھیر کر چلے جاتے ہیں اس سنت پر عمل

نہیں کرتے اور رات کی تہجد کی نماز جبکہ لوگ سو رہے ہیں کتنا بڑا ثواب ہے۔

اب سمجھئے کہ سلام اور کھانا کھلانا اور تہجد یہ تین طریقے گناہوں کے کفارہ کے ہیں لیکن بعض وقت سلام بھی ممنوع ہے اذان کے وقت آپس میں سلام کرنا بھی مکروہ ہے اس وقت حکم ہے اذان کا جواب دینا' اسی طرح واعظ کو مدرس کو اسی طرح کھانا کھانے والے کو سلام کرنا بھی مکروہ ہے۔ کیسی آسانیاں ہیں شریعت میں اس میں ایک راز ہے یا تو کھانے والا جواب بھی دے اور کھاتا بھی رہے یہ تو بدتمیزی ہے۔ اس کا اصول یہ ہے کہ کھاتے وقت سلام نہ کرو بہرحال سعی وکوشش وہ معتبر ہے جو اللہ کے نزدیک مناسب ہو اسی طرح کھانا غلط طریقہ سے ہو وہ گناہ ہو جائے گا رشوت کی خاطر کھلایا یہ حرام ہے ثواب کو گناہ بنالیا تاریخ مقرر کر کے کھانا کھلانا رسم بنالیا جو خدا کے رسول اور صحابہ سے ثابت نہ ہوا اور اس کی پابندی کر کے اپنے اوپر وبال بنالیا اس طرح ایک ثواب کو گناہ بنالیا غرض سنت کے مطابق جو کام ہو گا ثواب ہو گا جو کام سنت کے خلاف ہو گا وہ گناہ ہو گا غرض چار چیزیں آخرت کے حصول کی یہ ہیں ایمان ہو ارادہ ہو' ارادہ کیساتھ کوشش ہو اور کوشش بھی ہو مناسب بس یہی حصول آخرت ہے ایک شخص نے شیطان پر کنکری مارنے کے بجائے حج کے دوران کسی اور جگہ گرا دی اور کہا ہم نے نیت تو کر لی تھی شیطان کو مارنے کی 'نہیں بھائی' یہ رمی نہیں ہوئی صبح کو جاؤ شیطان پر کنکری مارنے کی جو جگہ مقرر کی ہے اللہ کے رسول نے بس اس طرح کرو ہر وہ کوشش جو مناسب ہو سنت کے وہ عمل صحیح ہے اور جو کوشش سنت کے خلاف ہو وہ نامناسب ہوگی۔

## تصوف کی حقیقت

بات چلی تھی تصوف پر تصوف اعمال باطنہ کی اصلاح کا نام ہے۔ کبر ریاء بغض یہ بالکل اسی طرح گناہ ہیں جیسے چوری زنا شراب اللہ پاک نے ان کو بھی گناہ کبیرہ بتایا ہے مصیبت یہ ہے کہ ظاہری گناہ کو تو ہم سب گناہ سمجھتے ہیں مگر امراض باطنہ کی طرف کسی کی نظر نہیں جاتی۔

ایک ڈاکٹر صاحب نے کہا مولویوں کی لڑائی نے ہم کو مار رکھا ہے ایک ایسا مدرسہ کھولو

جس میں سارے مذاہب پڑھائے جائیں اور اتفاق پیدا ہو میں نے جاکر کہا ایلوپیتھی علاج کیسا ہے کہنے لگے حق ہے میں نے کہا یونانی علاج کیسا ہے کہا حق ہے میں نے کہا ویدک ہومیو پیتھک کہنے لگے حق ہیں، میں نے کہا ایسا کرو۔ایک ایسی دوا کا طریقہ نکالو جس میں چاروں حق طریقہ علاج جمع ہوں انشاءاللہ جلد یہ سارا شہر قبرستان بن جائے گا۔ دراصل یہ لڑائی جھگڑے دین سے نہیں، یہ جھگڑے نفسانیت کے ہیں۔ چاہے حنفی ہو وہابی ہو کوئی ہو دین میں کوئی جھگڑا نہیں ہے جھگڑا ہے کبر کا ریاء کا ہر شخص اپنی ضد پر قائم ہے۔ جس طرح ہر شخص اپنے طریقہ علاج کو پسند کرتا ہے لیکن دوسرے حکیم یا وید کو برا نہیں کہتا مگر دین کے اعمال میں نفسانیت شامل کر کے دوسرے کو برا کہتے ہیں اور یہ بہت برا مرض ہے۔

بہرحال اپنی اصلاح کی فکر ہونی چاہئے اور جو بزرگ ہیں ان سے اصلاح کروانی چاہئے وہ پہچان لیں گے کہ اس میں کونسا مرض ہے کبر ہے، نفسانیت ہے حسد ہے بغض ہے بس ان باطنی امراض کو پہچاننے اور دور کرنے کی ضرورت ہے۔

مجلس : ۲۳

# اعمال باطنہ

پچھلی مجلسوں میں یہ بات بار بار واضح ہو چکی ہے کہ احکام اسلام دو طرح کے ہیں ایک وہ جن کا تعلق انسان کے بدن اور اعضاء وجوارح سے ہے جیسے نماز' روزہ' حج' زکوۃ' قربانی' صدقہ' نکاح' طلاق' میراث' معاملات تجارت واجارہ' معاشرت وغیرہ۔ دوسری قسم وہ ہے جن کا تعلق انسان کے قلب وروح سے جن میں ایمان' اخلاص' توحید' صدق' اللہ ورسول کی محبت' عظمت' صبر' شکر' قناعت' زہد وغیرہ ہیں۔

پہلی قسم کی صحت وسقم اور صحیح وفاسد کا بیان کتب فقہ میں ہوتا ہے۔ دوسری قسم کی صحت وسقم اور صحیح وفاسد کا بیان کتب اخلاق وتصوف میں' جس طرح پہلی قسم کے احکام' دین اسلام کا عظیم شعار ہیں۔ اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ اہمیت احکام اسلام میں قسم دوم کو حاصل ہے۔ مگر سوء اتفاق کہئے یا کید شیطانی۔ مسلمانوں کے دیندار طبقوں میں بھی اسلام صرف پہلی قسم کے احکام کو سمجھ لیا گیا ہے۔ دوسری قسم کے ساتھ ایسا معاملہ کیا جاتا ہے کہ گویا اسلام میں ان کی کوئی ضرورت واہمیت ہی نہیں۔ عوام تو عوام علماء اور طلباء علم دین میں بھی اعمال باطنہ کی اصلاح کی طرف سے انتہائی بے فکری اور غفلت کا مشاہدہ ہو رہا ہے۔

اسی لئے اس مجلس کا موضوع صرف اعمال باطنہ کو قرار دیا ہے۔

## اعمال باطنہ کی مجمل فہرست

جس طرح کے اعمال ظاہرہ میں کچھ چیزیں فرائض وواجبات اور مستحبات ہیں جن کے ادا کرنے پر بہت بڑا اجر وثواب اور نہ کرنے پر سخت عذاب ہے اور کچھ

چیزیں حرام وناجائز یا مکروہات ہیں جن کے کرنے میں سخت وعیدیں عذاب کی ہیں اوران کے چھوڑنے میں ثواب ہے اسی طرح اعمال باطنہ میں کچھ فرائض وواجبات ہیں جن کو فضائل کہا جاتا ہے اور کچھ چیزیں حرام وناجائز ہیں جن کو رذائل کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ان فضائل ورزائل کی مختصر فہرست یہ ہے 'ان کی تفصیلات اگلی مجلسوں میں انشاءاللہ تعالیٰ بیان ہوں گی۔

اعمال باطنہ میں سب سے اہم فرض تو ایمان اوراس کے متعلقہ عقائد ہیں جن کے بغیر آدمی مسلمان ہی نہیں ہوتاان کابیان چونکہ مستقل علم عقائد میں کیا جاتا ہے اوراس کی تعلیم داخلی نصاب بھی ہے اس لئے اس مجلس میں ان کے علاوہ دوسرے اعمال باطنہ کابیان کیا جاتاہے وہ یہ ہیں۔

## اعمال باطنہ کے فرائض وواجبات

توبہ 'صبر' شکر' رجاء' خوف' زہد' توحید' توکل' محبت' رضا' اخلاص' صدق عملی۔ یہ اصطلاحی الفاظ ہیں ان کی تشریح اوران کے حصول کے طریقے آئندہ ذکر کئے جائیں گے۔

## اعمال باطنہ کی حرام وناجائز باتیں

شہوت' آفات زبان' غضب' کینہ' حسد' حب دنیا' بخل' حرص' حب جاہ' ریاء تکبر وغرور۔

یہ بھی اصطلاحی الفاظ ہیں 'ان کا پورا مفہوم وحقیقت اوران سے بچنے کے طریقے آئندہ ذکر کئے جائیں گے۔

## اعمال ظاہرہ اور باطنہ میں ایک خاص فرق

پچھلی کسی مجلس میں یہ بات بتلائی گئی تھی کہ اعمال ظاہرہ اور باطنہ میں ایک خاص فرق یہ ہے کہ اعمال ظاہرہ آنکھوں سے مشاہدہ کئے جاتے ہیں جس طرح نماز'

روزہ، حج زکوۃ وغیرہ، اعمال حسنہ آنکھوں سے محسوس ہوتے ہیں اسی طرح چوری، ڈاکہ، جھوٹ، غیبت، بدمعاشی، عیاشی بھی محسوسات ہیں۔ ہر آنکھوں والا ان کی برائی بھلائی کو دیکھ کر پہچان لیتا ہے۔

لیکن اعمال باطنہ تکبر، حسد، کینہ، حب جاہ، حب مال، ریاء، بخل، حرص وغیرہ کسی کو آنکھوں سے نظر نہیں آتے۔ جو شخص ان گناہوں میں مبتلا ہے۔ مگر ظاہری اعمال کا پابند ہے اس کو کوئی نہیں پہچان سکتا کہ یہ باطنی فسق وفجور میں مبتلا ہے وہ لوگوں کی نظروں میں نیک صالح متقی بنا رہ سکتا ہے۔

دوسروں کی نظروں سے باطنی عیوب کا مستور رہنا تو ظاہر ہے اس سے زیادہ قابل فکر یہ ہے کہ باطنی عیوب اور گناہوں کو بسا اوقات وہ شخص خود بھی نہیں پہچانتا جو ان میں مبتلا ہے کیونکہ جتنے باطنی گناہ اور عیوب ہیں ان کی شکلیں اور آثار ایسے کاموں سے ملتے جلتے ہیں جو حسنات یا مباحات ہیں۔

مثلاً تکبر اور عزت نفس ملتے جلتے دو کام ہیں تکبر حرام ہے اور عزت نفس کی حفاظت مطلوب شرعی ہے، حسد اور غبطہ ملتے جلتے ہیں، حسد حرام ہے۔ غبطہ جائز بلکہ مطلوب شرعی ہے۔ کیونکہ غبطہ کے معنی یہ ہیں کہ کسی شخص کی قسمت وفضیلت کو دیکھ کر اس کی تمنا کرنا کہ یہ مجھے بھی حاصل ہو جائے۔ یہ کوئی مذموم چیز نہیں۔ مذموم حسد ہے جس میں دوسرے کی نعمت وفضیلت کے سلب ہو جانے کی خواہش ہوتی ہے۔

اسی طرح باطن کے جتنے عیوب اور گناہ ہیں ان سے ملتے جلتے دوسرے اوصاف حسنہ بھی ہیں اس لئے خود یہ شخص جو ان عیوب میں مبتلا ہے، بسا اوقات دھوکہ میں رہتا ہے۔ تکبر کو عزت نفس اور حسد کو غبطہ قرار دیکر بے فکر ہو جاتا ہے۔

## اعمال باطنہ کی اصلاح کیلئے مرشد کی ضرورت

اس لئے اعمال باطنہ کی اصلاح عادتاً اس کے بغیر نہیں ہو سکتی کہ اپنے آپ کو کسی ایسے شیخ مرشد کے حوالے کر دے جو باطنی فضائل اور رذائل میں پوری بصیرت اور مہارت رکھتا ہو خود بھی باطنی رذائل سے پاک رہنے کی کوشش میں لگا ہو اور دوسروں کو بھی ہدایت کرتا ہو۔ پھر اس کی تشخیص و تجویز کے سامنے اپنی رائے کو بالکل

فنا کرکے ٹھیک اسی طرح عمل کرے جس طرح ایک بیمار اپنے آپ کو کسی حکیم یا ڈاکٹر کے حوالہ کر کے اسی کی تشخیص و تجویز پر عمل کرتا ہے اگر یہ خود بھی حکیم یا ڈاکٹر ہوتا ہے تو بیمار ہونے کی حالت میں اپنی رائے اور اپنی تجویز کو چھوڑ کر معالج کا مکمل اتباع کرتا ہے۔ اعمال ظاہرہ کے صحت و فساد کو تو کسی استاد سے پڑھ کر معلوم کیا جا سکتا ہے اور کتابوں کے مطالعہ سے بھی کچھ نہ کچھ معلومات حاصل کی جا سکتی ہیں لیکن اعمال باطنہ کی اصلاح میں محض کسی کتاب کا پڑھ لینا اور پوری طرح سمجھ لینا بھی کافی نہیں ہوتا ان کی اصلاح مرشد کامل کے اتباع کے بغیر عادۃً ممکن نہیں۔ خرق عادت کے طور پر اللہ تعالیٰ کسی کو کوئی دولت بغیر اسباب ظاہری کے عطا فرما دیں' یہ الگ بات ہے مگر اس کو کام کا طریقہ نہیں کہا جا سکتا۔

## اعمال باطنہ کی اصلاح کیلئے امام غزالی کی تجویز

حجتہ الاسلام امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کو حق تعالیٰ نے باطنی امور میں خاص بصیرت عطا فرمائی ہے اور تربیت و تعلیم کا بھی ایک خاص سلیقہ ان کو عطا ہوا ہے' ان کی تجویز یہ ہے کہ :-

عیوب نفس اور اپنے باطنی گناہوں سے آگاہ ہونے کے چار طریقے ہیں۔

# اصلاح کے چار طریقے

## پہلا طریقہ مرشد کامل اور اس کا اتباع ہے

سب سے بہتر اور مکمل طریقہ باطنی عیوب سے مطلع ہونے اور ان کی اصلاح کا یہ ہے کہ کسی ایسے شیخ کامل کو تلاش کرے جو شریعت و طریقت کا جامع ہو' باطنی فضائل و رذائل کے پہچاننے میں اور ان کے علاج میں مہارت وبصیرت رکھتا ہو۔

## ایک شیطانی فریب اور اس کا جواب

اس موقع پر عام طور سے لوگوں کو یہ کہتے سنا جاتا ہے کہ مرشد کامل اس زمانے میں کہاں سے لائیں؟ ہر طرف ہر طبقے میں دھوکہ فریب اور نام ونمود اور نمائش ہے کھرے کھوٹے کی پہچان مشکل ہے۔ علماء صلحا اور درویشوں کے بیشمار تجربے اور ان کی غلط کاریوں کی طویل فہرست اس جگہ شیطان انسان کے سامنے کرکے اس کو مایوس کر دینا چاہتا ہے۔ ایسے لوگ بکثرت اقبال مرحوم کا یہ شعر پڑھا کرتے ہیں ؎

خدا وندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں
کہ درویشی بھی سالوسی ہے سلطانی بھی عیاری

اس فتنہ وفساد اور فسق و فجور کے زمانے کے متعلق اقبال مرحوم کا یہ شکوہ نہ غلط ہے نہ بیجا۔ مگر اس کا کوئی یہ مطلب قرار دے کہ اب اصلاح حال سے مایوسی ہے اس کا کوئی راستہ نہیں رہا اس لئے اب جو کچھ اپنے جی میں آئے وہ کرو۔ یہ سرا سر غلط فہمی ہوگی۔

دیکھنے کی بات یہ ہے کہ اس زمانے کا یہ شروفساد اور کوتاہی وکمزوری صرف علماء صلحاء ہی کے طبقہ میں ہے یا تمام طبقات دنیا کا یہی حال ہے۔ آخر کون نہیں جانتا کہ اس زمانہ میں ڈاکٹری تحقیقات اور نوایجاد آلات وادویہ کی بہتات کے باوجود وہ ڈاکٹر ہزاروں میں ایک ہوتا ہے جو فن کا ماہر بھی ہو اور غور وفکر بھی پورا کرے اور اس کے

ہاتھ میں شفا بھی ہو۔

ہزاروں وکیلوں میں کوئی ایک قابل اعتماد و اطمینان نظر آتا ہے' لاکھوں تاجروں میں سچائی کی تجارت کرنے والے گنے چنے چند ہوتے ہیں۔ لاکھوں صنعت کاروں میں کامل ماہر اور قابل اعتماد خاص خاص ہی ہوتے ہیں۔

مگر نہ کسی نے ڈاکٹروں کو چھوڑ کر اپنے علاج میں خودرائی اختیار کی نہ وکیلوں کو چھوڑ کر خود اپنے مقدمات کی پیروی کی نہ تاجروں سے بیوپار چھوڑا نہ صنعت کاروں سے معاملہ ختم کیا۔ انہیں میں سے انتخاب اور تلاش کر کے کام چلایا جاتا ہے۔

آج بازار میں نہ گھی خالص ملتا ہے نہ دودھ نہ آٹا نہ مسالہ مگر اس کی وجہ سے کسی کو نہیں سنا کہ اس نے گھی' دودھ کا استعمال چھوڑ دیا ہو یا آٹے کے بجائے کچھ اور کھانا شروع کر دیا ہو۔

ہزار کوششیں کر کے اسی فریب دھوکہ کے بازار میں سے تلاش کرنے والے خالص اور اچھی چیزیں نکال لاتے ہیں۔

آج دین کے معاملہ میں یہی روش کیوں نہ اختیار کی جائے جبکہ دین کے معاملہ میں اللہ تعالیٰ کا یہ وعدہ بھی ہے کہ صادقین کاملین قیامت تک رہیں گے' اور تلاش کرنے والے ان کو ہر جگہ پائیں گے۔ حق تعالیٰ کا ارشاد ہے :۔

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ .﴾

اے ایمان والو! تقوی اختیار کرو۔ اور سچے لوگوں کے ساتھی بن جاؤ۔

سچے لوگوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو زبان' ہاتھ' قول فعل ہر چیز کے سچے ہوں اور یہی خلاصہ ہے ولی کامل کے اوصاف کا۔ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تفسیر کبیر میں اس آیت کے تحت میں فرمایا۔

یہ حکم سچے لوگوں کے ساتھی بننے کا ظاہر ہے کہ قیامت تک آنے والے تمام مسلمانوں کو ہے اس لئے اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ وعدہ ہے کہ مسلمانوں کا مجمع کسی زمانے میں صادقین سے خالی نہ رہے گا۔

پھر اسی سے امام رازی نے اجماع امت کے حجت ہونے پر بھی استدلال کیا ہے۔ کیونکہ جب مسلمانوں کا مجمع صادقین سے خالی نہیں ہو سکتا تو یہ ممکن نہیں کہ سب مسلمان

کسی گمراہی پر جمع ہو جائیں۔کیونکہ صادقین گمراہی کا شکار نہیں ہوسکتے۔

ہاں یہ ضرور ہے کہ زمانہ ہر چیز کے خصوصاً نیکی اور خیر کے انحطاط اور تنزل کا ہے۔ دھوکہ فریب اور نمائش و نمود بہت ہے' اصلیت اور حقیقت بہت کم ہے۔خیرالقرون میں خیر اور صدق و صلاح کی کثرت تھی۔ ہر جگہ ہر گوشہ میں یہی جنس عام تھی۔ آج یہ جنس صلاح بہت تلاش سے ملتی ہے اور وہ بھی اس معیار کی نہیں ملتی جو سلف کے زمانے میں تھی۔

مگر جیسا کہ اس زمانے میں یہ جنس کمیاب ہوگئی ہے اور اس کی تلاش میں دشواریاں پیدا ہوگئیں ویسے ہی حق تعالیٰ نے اس زمانے کے لوگوں کی مزدوری اتنی بڑھا دی کہ سلف کے زمانے سے اس کی کوئی نسبت نہیں۔

حدیث میں رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے کہ آخری زمانے میں نیک کام کرنے والے ایک شخص کو پچاس عمل کرنے والوں کے برابر ثواب ملے گا۔صحابہ کرام نے سوال کیا کہ پچاس اس زمانے کے یا ہمارے زمانے کے۔

آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ نہیں تمہارے پچاس کے برابر اجر ملے گا۔اب آپ اندازہ لگایئے اس فتنے کے زمانے میں جو شخص نیکی پر قائم رہے اس کا اجر پچاس ابوبکر و عمر اور صحابہ کرام کے برابر ملے گا۔

ان کے عمل کی یہ مزدوری اسی لئے بڑھائی گئی ہے کہ اس زمانے میں نیک لوگوں کی صحبت بھی بہت مشکل سے حاصل ہوتی ہے اور نیکی پر قائم رہنا بھی انگارے کو ہاتھ میں محفوظ رکھنے کی طرح مشکل ہے۔

## ایک اور شیطانی فریب

مرشد کی تلاش اور شیخ کے انتخاب میں شیطان ایک اور فریب میں لوگوں کو مبتلا کرتا ہے وہ یہ کہ اسلاف امت اور اکابر اولیاءاللہ کے حالات جو کتابوں میں مدون ہیں ان کو پڑھ کر وہ اپنے زمانے میں بھی اسی معیار کے لوگوں کو تلاش کرتے ہیں اور جب وہ نظر نہیں آتے تو مایوس ہو کر اصلاح کا خیال ہی چھوڑ ہی بیٹھتے ہیں۔

اس میں فریب یہ ہے کہ زمانے کا تنزل و انحطاط ایک ناگزیر حقیقت ہے 'قرآن وحدیث اس پر شاہد ہیں 'آج نہ کوئی ابوبکر پیدا ہوتا ہے نہ عمر نہ دوسرے صحابہ 'نہ آج جنید وشبلی واپس آئیں گے 'نہ معروف کرخی اور ذوالنون مصری پائے جائیں گے 'جو شخص ان بزرگوں کے بلند حالات ومقامات کا معیار لیکر تلاش کرے گا اس کے لئے محرومی ضروری ہے 'ہونا چاہئے کہ ولی کامل کے لئے جو کم سے کم شرائط ہیں ان کو تلاش کرے تو ہر زمانے میں اور ہر جگہ انشاءاللہ تعالیٰ صادقین کاملین مل جائیں گے۔

## اولیاءاللہ کی پہچان

چند چیزیں ہیں۔اول بقدر ضرورت علم دین جس سے احکام پر عمل کر سکے 'اگرچہ ضابطہ کا عالم نہ ہو۔

دوسرے دوام طاعت کہ احکام شرعیہ فرائض واجبات میں کوتاہی نہ کرے اور محرمات ومکروہات سے اجتناب کرے اگر اس میں کبھی لغزش ہو تو فوراً توبہ کرے۔

تیسرے کثرت ذکر یعنی اس کے اکثر اوقات اللہ کے ذکر میں مشغول ہوں خواہ وہ ذکر تسبیحات واوراد کا ہو یا خالص اللہ کی رضاجوئی کے لئے تعلیم دین اور تصنیف وتالیف اور فتویٰ وارشاد کا ہو کیونکہ یہ سب چیزیں اخلاص نیت کے ساتھ ذکراللہ میں داخل ہیں۔

چوتھے یہ کہ وہ کسی باقاعدہ شیخ کامل سے اصلاح وارشاد کی اجازت پائے ہوئے ہو۔

پانچویں یہ کہ اس کی صحبت میں چند روز بیٹھ کر آخرت کی طرف رغبت اور دنیا کے فضول بکھیڑوں سے وحشت کے آثار ظاہر ہونے لگیں۔

بس اتنی علامات جس شخص میں پائی جائیں وہ اصلاح وارشاد کے لئے کافی ہیں۔ اگرچہ ان سے عمر بھر کسی کشف وکرامات کا ظہور نہ ہو ان میں کشف وکرامات کا تلاش کرنا یا اس پر اعتقاد کا مدار رکھنا خطرناک ہیں۔اگر ان اوصاف کے متعدد آدمی سامنے ہوں تو ان میں سے جس کے ساتھ عقیدت ومحبت اور طبعی مناسبت زیادہ ہو اس کو اختیار کرے۔

## اصلاح باطن کا دوسرا طریقہ

اگر کسی شخص کو شرائط مذکورہ کے مطابق کوئی شیخ و مرشد دستیاب نہ ہو تو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کو چاہئے کہ اپنے مخلص دوستوں کو اپنی اصلاح کے لئے اپنے اوپر مسلط کرلے ان سے پوچھا کرے کہ تمہیں میرے اندر کیا کیا عیب نظر آتے ہیں وہ جو کچھ بتلائیں ان کی اصلاح کی فکر میں لگ جائے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ایک مرتبہ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے معلوم کیا کہ آپ میرے بھائی ہیں آپ مجھے یہ بتلائیں کہ آپ نے مجھ میں کیا کیا عیب دیکھے ہیں؟ پہلے تو حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ادب کی بناء پر بیان کرنے سے انکار کیا مگر جب فاروق اعظم نے اصرار کر کے مجبور کر دیا تو فرمایا کہ میں آپ میں دو عیب دیکھتا ہوں۔

اول یہ کہ آپ کے دستر خوان پر ایک سے زیادہ قسم کے کھانے ہوتے ہیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت نہ تھی' دوسرے یہ کہ آپ کے پاس ضرورت سے زائد کپڑوں کا ایک جوڑا ہے ایک آپ رات کو پہنتے ہیں دوسرا دن کو استعمال فرماتے ہیں۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ سن کر فرمایا کہ ان دونوں کا تو انشاء اللہ تعالیٰ ابھی علاج ہو جائے گا آپ اس کی فکر نہ کریں۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور تمام اسلاف امت کا یہ ہمیشہ کا معمول رہا ہے کہ اپنے عیوب نفس سے باخبر رہتے اور ان کا علاج کرنے سے کبھی غفلت نہ برتتے تھے۔

ایک مرتبہ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس غیر ملکی سفراء آئے ان کی وجہ سے مجلس کو آراستہ کیا گیا دربار سے فارغ ہوتے ہی ایک مشکیزہ اٹھایا اور کنوئیں پر جاکر خود اس میں پانی بھرا اور پڑوس کی ایک بڑھیا کے مکان میں یہ پانی پہنچا دیا۔

لوگوں نے اس عمل کا سبب دریافت کیا تو فرمایا کہ غیر ملکی سفراء کی وجہ سے جو اپنی مجلس کو ایک شان وشوکت کی حیثیت کی ضرورت پڑی مجھے اس سے خطرہ محسوس ہوا کہ کہیں میرے نفس میں تکبر نہ پیدا ہو جائے اس کی اصلاح کے لئے ایسا کام کیا جس سے اپنے نفس کی حقارت واضح ہو۔

یہ بھی صحابہ کرام اور اسلاف امت کی خصوصیت تھی کہ دوستانہ طور پر خیر خواہی

وہمدردی سے ایک دوسرے کے عیوب پراس طرح تنبیہ کردیتے تھے کہ اس میں مخاطب کی تحقیر و توہین یا نقصان رسانی کا کوئی شائبہ نہ ہوتا تھا۔

آج ایسے دوست ملنا بھی آسان نہیں، آج تو عیب دیکھ کر اس کے سامنے تو کچھ نہ کہیں گے مگر دوسروں سے کہتے پھریں گے اور تشہیر کریں گے، ایسے لوگ درحقیقت دوست نہیں ہوتے، دوست بھی صلحاء اور مخلص تلاش کرنا چاہئیں۔

## تیسرا طریقہ

اپنے دشمنوں سے اپنی اصلاح کرائے وہ اس طرح کہ دشمنوں کی باتیں جو اس کی عیب جوئی میں کرتے ہیں، خوب غور سے سنے پھر اپنے حالات کا جائزہ لے کہ اس میں کتنی بات سچی ہے اور کون سا عیب واقعی مجھ میں موجود ہے اس کے ازالہ کی فکر کرے، بزرگان سلف کا عام طریقہ کار یہی تھا۔ اپنے زمانے کے بزرگ امام ربانی حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی کا ایک واقعہ یاد آیا۔

حضرت گنگوہی نے جب خانقاہ قدوسی گنگوہ میں مقام فرمایا اور وہاں درس حدیث اور اصلاح وارشاد کا سلسلہ شروع کیا تو شرک و بدعت کی رسموں پر خاص طور سے لوگوں کو تنبیہ فرماتے تھے۔ بعض رسائل بھی ان مسائل کے متعلق شائع ہوئے۔

اس زمانے میں ایک عالم بہت ہی بدعات کو رواج دے رہے تھے۔ انہوں نے حضرت گنگوہی کے خلاف طرح طرح کے الزامات اور بہتان لگانے شروع کئے اور اشتہارات ورسائل میں انتہائی بدزبانی اختیار کی۔ یہ رسائل حضرت کے پاس آتے تو حضرت مولانا محمد یحییٰ صاحب سے ان کو پورا سنتے تھے کیونکہ آخر عمر میں بینائی جاتی رہی تھی۔ خط و کتابت کا سب کام آپ کے مرید خاص مولانا محمد یحییٰ صاحب کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ انجام دیتے تھے۔

یہ رسائل چونکہ انتہائی بدزبانی اور افتراپردازی پر مشتمل ہوتے تھے۔ ان کا سنانا بھی مولانا کے لئے آسان نہ تھا۔ کچھ روز تک مولانا نے یہ رسائل حضرت کی خدمت میں پیش نہ کئے چند روز کے بعد دریافت فرمایا کہ مولوی یحییٰ! کیا ہمارے دوست نے ہمیں یاد

کرنا چھوڑ دیا؟ بہت دنوں سے کوئی رسالہ میرے خلاف نہیں آیا۔اس وقت مولانا نے فرمایا کہ حضرت رسائل تو ئی آئے ہیں مگر میں نے دیکھا کہ ان میں گالیوں اور افتراء و بہتان کے سوا کچھ نہیں۔اس لئے یہ خیال کیا کہ خواہ مخواہ ان کو سنا کر کیوں آپ کے قلب کو مکدر کروں؟ یہ تو مولانا کا اپنا خیال تھا۔مگر دوسری طرف اللہ کے مقدس بندے تھے جو اپنی ہر ہوا و ہوس اور عزت وجاہ کو اللہ کے لئے قربان کر چکے تھے فرمایا کہ نہیں ایسا نہ کرو جو رسالہ آئے مجھے ضرور سنا دیا کرو۔میں ان سب کو اس نظر سے سنتا ہوں کہ جو باتیں میرے عیب کی اور میرے خلاف وہ کہتے ہیں۔ممکن ہے ان میں کوئی بات سچی ہو تو میں اپنی اصلاح کر لوں۔

## چوتھا طریقہ

باطنی عیوب پر مطلع ہونے اور ان کی اصلاح کا یہ ہے کہ آپ کو لوگوں میں جو بات بری اور قابل اعتراض نظر آئے اس کو اپنے نفس میں ٹٹولیں کہ کہیں میرے اندر تو یہ عیب نہیں اگر اس کا کچھ احساس ہو تو فوراً اس کی اصلاح کا اہتمام کریں۔اس طرح بھی ایک انسان اپنے عیوب پر مطلع ہو کر اصلاح کر سکتا ہے اور درحقیقت تو ضرورت اس کی ہے کہ ان سبھی طریقوں سے اپنی اصلاح کی فکر جاری رکھیں۔

یہ حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد اپنے زمانے کے لوگوں کیلئے ہیں جن کی صلاحیت واستعداد خود بھی بہت تھی اس زمانے میں پہلا طریقہ اختیار کئے بغیر کام چلنا مشکل ہے اور جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا ہے کہ اس زمانے میں بھی قحط الرجال کے باوجود تلاش کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ محروم نہیں فرماتے شیخ و مرشد بہت اعلیٰ مقام کا نہ سہی اس کی ضرورت کے مطابق اللہ تعالیٰ انتظام فرما ہی دیتے ہیں 'البتہ جستجو اور طلب میں کوتاہی نہ کریں و اللہ المستعان اسلئے آئندہ کلام میں اسی چوتھے طریقے کو جو شیخ کامل کے اتباع سے وابستہ ہے سامنے رکھ کر مسائل کی تفصیلات بیان کروں گا جو اصالۃً تعلیم الدین سے لی گئی ہیں اور کچھ تشریحات احیاء العلوم سے بھی لی گئی ہیں۔

# ایک ارشاد

## شیخ سے مناسبت پیدا کرنے کا طریقہ

فرمایا: شیخ سے مناسبت کا مطلب یہ ہے کہ دل میں یوں سمجھے کہ میری اصلاح کے لئے ان سے بہتر دنیا میں اور کوئی نہیں ہے۔ اگر شیخ سے خطاء سرزد ہو جائے تب بھی محبت زائل نہ ہو، اس کے قول و فعل سے دل میں اعتراض پیدا نہ ہو حتیٰ کہ کوئی معصیت بھی سرزد ہو جائے تو دل میں کدورت نہ آئے بلکہ یوں سمجھے کہ یہ بھی ایک انسان ہے انسان سے غلطی ہو ہی جاتی ہے جس طرح باپ سے خطاء ہو جائے تو محبت باقی رہتی ہے اور مناسبت پیدا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ شیخ کی خدمت میں لگا رہے۔ خدمت کے بغیر مناسبت پیدا نہیں ہوتی۔ خدمت سے کسی وقت دل سے دعا نکلتی ہے یہی توجہ ہے۔ اس سے کام بن جاتا ہے جیسے صحابہ کرام رسول کریم ﷺ کی خدمت میں لگے رہتے تھے۔ محبت میں سرشار تھے ایک اشارے پر جان دیتے تھے اسی طرح شیخ کی ہربات سے محبت ہو۔ اس کو تکلیف سے بچانے کی ہروقت فکر رکھے۔ اس کی راحت کا خیال رکھے جیسے کہ ابو العالیہ رحمۃ اللہ علیہ کی غلام بھیک خدمت کیا کرتے تھے ایک دفعہ شیخ ناراض ہو گئے اور غلام بھیک کو نکال دیا۔ برسات ہوئی تو شیخ کی گھر کی چھت ٹپکی ان کی بیوی بولی کہ خواہ مخواہ ایک خدمتگار کو گھر سے نکال دیا اگر وہ ہوتا تو چھت درست کرتا ابو العالیہ بولے اس کو میں نے ہی تو نکالا ہے تم نے تو نہیں نکالا تم بلالو۔ چنانچہ کسی سے کہہ کر جنگل میں روتے پھرتے تھے بلایا اور کہا کہ ہمارے گھر کی چھت ٹھیک کرو۔ وہ مٹی ڈال کر چھت کوٹ رہے تھے کہ ابو العالیہ نے روٹی کا ایک ٹکڑا لے کر آواز دی کہ یہ لیلو تو وہ اتنے خوش ہوئے کہ اوپر سے کود پڑے اور روٹی کو سر پر رکھ کر پھر کھائی۔

بہرحال شیخ سے مناسبت پیدا کرنی چاہئے تب جا کر کچھ حاصل ہوتا ہے اور شیخ کی مناسبت اس طرح بھی پیدا ہوتی ہے کہ شیخ کی عادات واخلاق دیکھ کر ویسے ہی اخلاق و عادات اپنے اندر پیدا کرے۔ (یہ ارشاد آب زر سے لکھنے کے قابل ہے)۔

مجلس: ۲۴

# اصلاح نفس کے لئے مجاہدات

اس طریق میں شیخ و مرشد کی تلاش کے بعد مرشد کی ہدایات کے تابع جس کام کا سب سے زیادہ اہتمام کرنا ہے وہ نفسانی خواہشات کی آزادانہ پیروی سے بچنا اور اس کے لئے مرشد کے بتائے ہوئے طریقوں پر مجاہدہ کرنا ہے مجاہدہ کے معنی ہی اصطلاح میں یہ ہیں کہ نفس کو اس کی ناجائز خواہشات سے روکنے اور نیک کاموں کا پابند بنانے کی کوشش کریں

پچھلی مجلس میں اعمال باطنہ کی دو قسمیں فضائل و رذائل اور ان کی مجمل فہرست بتلائی گئی تھی جس میں فضائل کا حاصل کرنا اور رذائل سے بچنا مطلوب ہے۔

جیسے نماز میں طہارت مقدم ہے جب تک نجاست سے پاکی حاصل نہ ہو نماز کا کوئی عمل مقبول نہیں ہوتا۔ اسی طرح باطنی فضائل کو حاصل کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ اپنے دل کو رذائل سے پاک کیا جائے۔

## رذائل سے بچنے کی تدابیر

اس لئے آج کی مجلس میں رذائل سے بچنے کی تدبیروں کا بیان شروع ہوتا ہے' رذائل سے بچنے کیلئے مجاہدہ اور ریاضت ضروری ہیں مجاہدہ کی دو قسمیں ہیں ایک اجمالی دوسرے تفصیلی اجمالی مجاہدہ جو ہر مسلمان کیلئے لازم وضروری ہے وہ نفس کو اس کی ناجائز خواہشات سے روکنے کا اہتمام ہے۔

ایک انسان اگر اپنے جذبات و خواہشات کو قابو میں رکھ کر شرعی حدود کا پابند بنادے تو وہ تمام رذائل سے پاک ہوسکتا ہے۔ اور فضائل کو بآسانی حاصل کرسکتا ہے۔ اور جس نے نفسانی خواہشات وجذبات کو اپنا امام بنالیا تو نفس کی آزاد خواہشات اس کو فضائل

سے کوسوں دور اور سینکڑوں رذائل میں مبتلا کر دیں گی۔

اسی لئے قرآن کریم نے بیشمار مواقع میں اتباع ہوی کے مہلک نتائج کو بیان کیا اور رسول کریم ﷺ کی تمام تعلیمات کا مرکز و محور یہی ہے کہ انسان کو اتباع و پیروی صرف اس ہدایت نامہ کی کرنا ہے جو رب العزت جل شانہ کی طرف سے نازل ہوا یا جس کی تلقین رسول کریم ﷺ نے فرمائی۔ ہوائی نفسانی اور جذبات نفسانی کی آزادانہ پیروی اس کے لئے زہر قاتل ہے۔

## ہویٰ اور ہدیٰ

علامہ شاطبی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب موافقات میں بڑی تفصیل کے ساتھ یہ بحث کی ہے کہ ساری آسمانی کتابوں کا مقصد اور تمام انبیاء علیہم السلام کا مشترک اور اصولی پیام صرف ہوی اور ہدی کے دو لفظوں میں سمویا ہوا ہے۔ ہدی کے اتباع کا حکم ہے اور ہوی کے اتباع کی ممانعت، یہی سارا اسلام ہے اس میں ساری شریعت و طریقت سموئی ہوئی ہے۔

لیکن جیسا یہ کام بنیادی، اصولی اور انتہائی اہم ہے ایسا ہی اس کا حاصل کرنا کچھ آسان نہیں۔ اس کے لئے کافی جدوجہد اور مجاہدہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور دنیا میں جس کسی کو ہدایت کے سانچہ میں ڈھل جانے کی یہ دولت نصیب ہوئی ہے مجاہدوں اور ریاضتوں ہی سے حاصل ہوئی ہے

عطار ہو، رومی ہو، رازی ہو غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا جز آہ سحر گاہی

صرف انبیاء علیہم السلام اس سے مستثنیٰ ہوتے ہیں کہ ان کے کمالات کسب و اکتساب اور مجاہدہ و ریاضت پر مبنی نہیں ہوتے، خالص عطاء حق اور موہبت وانعام الٰہی ہوتے ہیں۔ مگر ان میں بھی عادۃ اللہ یہی رہی ہے کہ مجاہدات سے گذرنا ان کو بھی ہوتا ہی ہے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بارے میں حافظ شیرازی نے کہا ہے

شبان وادی ایمن گہے رسد بمراد

کہ چند سال بجان خدمت شعیب کند

خاتم الانبیاء ﷺ کو عطاء نبوت سے پہلے طبعی طور پر خلوت میں رہنے اور مہینوں غار حرا میں جاکر عبادت میں مشغول رہنے کی رغبت پیدا ہو گئی تھی۔ (صحیح بخاری)

اولیاء اللہ میں بھی شاذ و نادر کچھ حضرات ایسے ہوئے ہیں کہ جن کو بغیر مجاہدہ و ریاضت کے یہ انعام مل گیا۔

## نفسانی خواہشات کی دو قسمیں

صوفیائے کرام کی زبان پر نفس کشی اور خواہشات نفس کی مخالفت کی تاکیدیں بار بار آتی ہیں۔ جو لوگ ان کی اصطلاحات سے واقف نہیں وہ اس کو عام قرار دے کر رھبانیت میں داخل سمجھتے اور ان حضرات پر اعتراض کرنے لگتے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ خواہشات نفس کی دو قسمیں ہیں ایک حقوق نفس دوسرے حظوظ نفس۔ حقوق نفس وہ چیزیں ہیں جن پر نفس کی بقاء موقوف ہے جیسے کھانا، پینا، سونا، جاگنا، حرکت، سکون جنسی تقاضا کو بقدر ضرورت پورا کرنا یہ حقوق نفس ہیں جن کا پورا کرنا صرف جائز نہیں بلکہ مطلوب شرعی ہے اور خاص حالات میں واجب و فرض ہو جاتا ہے۔ حدیث شریف میں ان کے پورا کرنے کی تاکید آئی ہے رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے۔

.... اِنَّ لِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَ اِنَّ لِعَيْنِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَ اِنَّ لِزَوْجِكَ عَلَيْكَ حَقًّا.

تیرے نفس کا بھی تیرے ذمہ حق ہے تیری آنکھ کا بھی تیرے ذمہ حق ہے کہ کسی وقت نیند کے ذریعہ اس کو آرام دے اور تیری بیوی کا بھی تیرے ذمہ حق ہے۔

ان حقوق کا ترک کرنا رھبانیت ہے جو تعلیمات اسلام کے خلاف ہے۔ ہاں دوسری قسم حظوظ نفس ہے یعنی نفس کی وہ لذتیں جو ضرورت بقاء نفس اور بقاء نسل سے زائد ہوں۔ صوفیائے کرام کی اصطلاح میں نفس کشی اور مخالفت نفس سے یہی قسم مراد ہے کہ انسان غیر ضروری نفسانی لذتوں کا خوگر نہ ہو کیونکہ اسی راستے سے انسان گناہوں کا شکار

ہوتا ہے۔ اور یہ کلام صرف صوفیائے کرام کا نہیں قرآن وسنت کی بیشمار نصوص اس پر شاہد ہیں اس جگہ ایک ہی آیت مثال کے لئے کافی ہے۔

﴿وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوَى فَإِنَّ الْجَنَّةَ هِيَ الْمَأْوَى﴾

جو ڈرا اپنے رب کے سامنے (حساب کے لئے) کھڑا ہونے سے اور اس نے روکا اپنے نفس کو خواہشات سے تو جنت ہی اس کا ٹھکانا ہے۔

قرآن وسنت کی اصطلاح میں لفظ ہویٰ میں جو ہدیٰ کے بالمقابل استعمال ہوتا ہے اس سے مراد وہی ہوائے نفسانی ہے جو حظوظ کی قسم سے ہے۔ اسی سے بچنے کے لئے مجاہدات اور ریاضات کی ضرورت پیش آتی ہے۔

## مجاہدہ کی حقیقت

یہ ہے کہ ناجائز کاموں اور گناہوں سے بچنے کے لئے بعض جائز کاموں کو بھی ترک کرنے کی عادت ڈالی جائے ایسے مجاہدات خود مقصود نہیں ہوتے، جب نفس پر قابو پا لینے کا اطمینان ہو جائے ترک کر دئے جاتے ہیں، صوفیائے کرام کے واقعات شب بیداری، فاقہ کشی، ترک کلام، ترک اختلاط وغیرہ یہ سب اسی طرح کے مجاہدات ہیں۔

## مجاہدہ کی حقیقت ایک مثال میں

میرے والد ماجد حضرت مولانا محمد یٰسین صاحب جو قطب عالم حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے مرید اور جامع کمالات حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے۔ انہوں نے خود اپنا واقعہ سنایا کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے طالب علم بچوں سے کچھ دیر تک خوش طبعی کی باتیں کرتے رہے تو والد صاحب نے سوال کیا کہ حضرت اکابر سلف سے زائد کلام سے بچنے کے بارے میں بڑی سخت تاکیدیں منقول ہیں۔ ان کی اصلی حیثیت کیا ہے؟ حضرت مولانا نے والد صاحب کے

ہاتھ میں سے ایک کتاب لے کر اس کے ایک ورق کا گوشہ موڑ دیا اور پھر کتاب والد صاحب کو دے دی کہ یہ مڑا ہوا ورق سیدھا کر دو۔ والد صاحب نے بار بار سیدھا کیا مگر وہ پھر مڑ جاتا تھا۔ حضرت مولانا نے پھر وہ کتاب لے کر ورق کے اس گوشے کو اس کے مخالف سمت میں موڑ دیا اور پھر والد صاحب کو کتاب دی کہ اب سیدھا کرو۔ والد صاحب نے سیدھا کر دیا تو ورق اپنی جگہ سیدھا بیٹھ گیا۔

اس مثال کے بعد فرمایا کہ بس ترک کلام ترک طعام ترک منام وغیرہ کے مجاہدات کی یہی مثال ہے کہ مقصود تو استقامت اور حدود شرعیہ کے تابع ہونا ہے مگر عادۃً نفس اس وقت تک سیدھا نہیں ہوتا جب تک اس کو دوسرے رخ پر بالکل نہ موڑا جائے ' وہ حلال کھانے اور جائز سونے اور حلال کلام پر تبھی مستقیم ہو گا جبکہ اس کو کچھ عرصہ کے لئے بالکل ترک طعام ' ترک منام ' ترک کلام کا ایسا خوگر بنایا جائے کہ حقوق نفس اور ضرورت سے زائد ان چیزوں کا استعمال نہ کرے اور جب وہ خوگر ہو جائے تو جائز و حلال چیزوں کا ترک پسندیدہ نہیں رہتا بلکہ سنت کے مطابق حلال چیزوں کا شکر کے ساتھ استعمال اور حرام سے اجتناب ہی اصل حالت مقصودہ محمودہ ہے۔

## علماء و طلباء

کتب شریعت کو پڑھ کر حلال و حرام اور مستحب و مکروہ کا علم تو حاصل کر لیتے ہیں جو بہت بڑی نعمت ہے لیکن ان چیزوں کی عملی پابندی بدون مجاہدات کے نہیں ہوتی بقول غالبؔ

جانتا ہوں ثواب طاعت و زہد
پر طبیعت ادھر نہیں آتی!

اس لئے جس طرح علم دین کا حاصل کرنا فرض ہے اسی طرح اس پر عمل کی عادت ڈالنے کے لئے ضروری مجاہدات بھی لازم ہیں 'امت کے تمام علماء ربانی کا یہی طریقہ رہا ہے اور ہم سے بالکل قریبی دور اکابر علماء دیوبند حضرت گنگوہی 'حضرت نانوتوی 'حضرت شیخ الہند 'حضرت حکیم الامت تھانوی وغیرہم کے جو علمی اور عملی کمالات دنیا میں معروف

ہیں وہ صرف کتابیں پڑھنے پڑھانے کے نتیجہ میں نہیں بلکہ ان کے ان مجاہدات کا نتیجہ ہیں جوانہوں نے اتباع ہوی سے بچنے کے لئے اختیار فرمائے۔

بہرحال حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

"ترکنا تسعة اعشار الحلال خشية الحرام."

ہم نے حرام کے ڈر سے حلال کے بھی دس میں سے نو حصے چھوڑ دیئے

اور یہ درحقیقت آنحضرت ﷺ کے اس ارشاد پر عمل ہے کہ:

"الحلال بَيِّنٌ وَالْحَرامُ بَيِّنٌ وبينهما مُشْتَبِهَاتٌ وَمَنْ حَالَ حَوْلَ الْمَحْمٰي اَوْشَكَ اَنْ يَقَعَ فِيهِ" اَوْ كما قال صلي الله عليه وسلم.

حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی، اوران دونوں کے درمیان کچھ مشتبہ چیزیں ہیں، اور جو شخص چراگاہ کے اردگرد گھومتا ہے قریب ہوتا ہے کہ وہ اس میں جا پڑے۔

عام مشاہدہ ہے کہ جماعت کی ٹھیک ٹھیک پابندی (کہ تکبیراولیٰ بھی فوت نہ ہو) اسی وقت ہوسکتی ہے جب آدمی تحية المسجد کا عادی ہو لہٰذا اگر کوئی شخص "تحية المسجد" کی (جو خالصتاً نفل ہے) اس لئے پابندی کرے کہ اس کی وجہ سے نماز باجماعت کی پابندی ہوسکے تو یہی "مجاہدہ" ہے۔اسی طرح اگر کوئی شخص حرام وناجائز گفتگو سے بچنے کیلئے اپنے آپ کو کم گوئی کا عادی بنائے تواسی کو "مجاہدہ" کہا جائے گا"۔

قدیم زمانے کے صوفیاء کرام نے اس مقصد کیلئے بڑے سخت اور پرمشقت مجاہدات کئے ہیں ان کے یہاں اجمالی طور سے چار مجاہدات کارواج تھا، ترک طعام، ترک منام، ترک کلام، ترک اختلاط مع الانام۔

## ہمارے زمانے کا مجاہدہ

لیکن ہمارے زمانے میں قویٰ ان سخت مجاہدات کے متحمل نہیں رہے اس لئے ہمارے حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے مجاہدہ میں ''ترک'' کو ''تقلیل'' سے بدل دیا ہے، حضرت فرماتے تھے کہ اس زمانہ میں اگر کھانا پینا سونا بالکل چھوڑ دیا جائے تو صحت کی خرابی کی وجہ سے فائدہ کے بجائے الٹا نقصان کا خطرہ ہے اس لئے آج کا مجاہدہ یہ ہے کہ ان چیزوں میں قدر ضرورت تک کمی کی جائے۔

پھر ان میں بھی سیدی حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے تھے کہ میں کھانے اور سونے کی کمی پر تو زور نہیں دیتا کیونکہ اس کی حدود کا پتہ لگانا شیخ کیلئے بھی مشکل ہوتا ہے جب تک حالات کا بالکل صحیح صحیح علم نہ ہو بسا اوقات اس سے صحت خراب ہو جاتی ہے۔ البتہ حضرت کے یہاں دو چیزوں پر سخت پابندی تھی، تقلیل کلام اور تقلیل اختلاط یعنی آپ اپنے متوسلین کو گفتگو کم کرنے اور لوگوں سے کم ملنے جلنے کی مشق کرواتے تھے، لہٰذا جو شخص اپنے اعمال واخلاق کی اصلاح چاہتا ہے اس کیلئے ان دو چیزوں میں مجاہدہ کرنا ضروری ہے۔

ان دونوں چیزوں پر پابندی کا عمل شروع سے چلا آتا ہے، امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی انگوٹھی پر نقش کرایا ہوا تھا کہ "قل الخیر و الا فاصمت" بھلائی کی بات کہو ورنہ خاموش رہو۔

حضرت سفیان ثوری رحمۃ اللہ علیہ کے دو متضاد مقولے مشہور ہیں ایک یہ کہ "اقلل من معرفة الناس" لوگوں سے جان پہچان کم کر دو۔ اور دوسرے "اکثر من معرفة الناس" لوگوں سے جان پہچان زیادہ پیدا کرو۔ لیکن درحقیقت دونوں میں تضاد نہیں پہلے جملے میں لوگوں سے مراد وہ لوگ ہیں جو دین کی طرف سے غفلت کا شکار ہیں اور دوسرے جملے میں وہ لوگ مراد ہیں جو دین کے پابند ہیں اور اللہ سے لَو لگائے ہوئے ہیں۔

## ایک اہم بات

لیکن یہاں ایک اہم بات یاد رکھنے کی ہے اور وہ یہ کہ لوگوں سے میل جول کم رکھنا بلاشبہ مجاہدہ کا ایک اہم جزو ہے لیکن اس میں یہ نیت ہرگز نہ ہونی چاہئے کہ لوگ خراب ہیں اس لئے ان سے پرہیز کیا جارہا ہے کیونکہ یہ تو عین تکبر اور خود پسندی ہے بلکہ دوسرے سے دور رہنے میں نیت یہ کرنی چاہئے کہ میرے اعمال خراب ہیں اور میں قلب کے اعتبار سے بیمار ہوں اس لئے کہیں یہ میری بیماری دوسروں کو نہ لگ جائے اس کے برخلاف اگر کوئی شخص دوسرے لوگوں کو اپنے سے خراب اور اپنے سے زیادہ فاسق وفاجر سمجھ کر ان سے الگ رہے گا تو اس تکبر سے تو بازار میں پھرنا اچھا ہے۔

بہرحال کم گوئی اور لوگوں سے کم میل جول کی عادت ڈالے گا تو وقت بھی بچے گا اور انشاء اللہ بہت سے گناہوں سے بھی خود بخود نجات مل جائے گی۔

## خلاصہ کلام

یہ ہے کہ اصلاح خواہ اعمال ظاہرہ نماز روزہ وغیرہ کی ہو یا اعمال باطنہ صبر شکر توکل وتوحید وغیرہ بغیر مجاہدہ کے حاصل نہیں ہوتی البتہ مجاہدہ کی تفصیل اور اس کی مقدار وغیرہ خودرائی سے اختیار نہ کرے بلکہ اپنے شیخ و مرشد کی تلقین کے مطابق کرے۔ خود رائی سے مجاہدات اختیار کرنے والے کبھی اپنی صحت کھو بیٹھتے ہیں اور بیکار ہو جاتے ہیں، کبھی دوسری مضرتیں لگ جاتی ہیں۔ مجاہدہ اجمالی کہ احکام شرعیہ ظاہرہ وباطنیہ ہیں اتباع شریعت کا کیا جائے نفسانی خواہشات کا اتباع نہ کیا جائے تو ہر شخص کو ہر حال میں لازم پکڑنا چاہئے البتہ تفصیلی مجاہدات شیخ کامل کی ہدایت وتلقین کے بغیر مناسب نہیں حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے تعلیم الدین باب مجاہدہ میں فرمایا ہے۔ اصول مجاہدہ اجمالی کے چار ہیں۔ قلت کلام، قلت طعام، قلت منام، قلت اختلاط مع الانام۔ ان سب امور میں مرتبہ اوسط حسب تعلیم شیخ کامل ملحوظ رکھے نہ اس قدر کثرت کرے جس سے غفلت وقساوت اور کاہلی پیدا ہو نہ اس قدر قلت کرے جس

سے صحت وقوت زائل ہو جاوے۔

خلاصہ یہ ہے کہ نفس کے مطالبات دو قسم کے ہیں۔ حقوق وحظوظ۔ حقوق وہ ہیں جن سے قوام بدن وبقاء حیات ہوتی ہے اور حظوظ وہ جو اس سے زائد ہیں حقوق کو باقی رکھنا لازم ہے حظوظ کو فناء کرنا زہد واحتیاط ہے یہاں تک مجاہدہ اجمالی کا بیان تمام ہوا آگے مجاہدہ تفصیلی کا بیان شروع ہوتا ہے۔ جس میں اخلاق حمیدہ اور رذیلہ میں سے ہر کیلئے ایک الگ الگ مجاہدہ کیا جائے اس کو تعلیم الدین اور احیاء العلوم کے طرز کے مطابق دو بابوں میں لکھا جائے گا ایک تحصیل فضائل میں دوسرا ازالہ رزائل میں واللہ الموفق.

# چند ارشادات

## راہ سلوک میں مجاہدہ کی ضرورت

فرمایا حضرت مولانا عبدالقدوس صاحب گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے ابو سعید رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ بیان فرمایا۔ ابتداء یہ تھی کہ فاقہ ہوتا تھا۔ بھوک میں آکر جب صاحبزادے عرض کرتے تو فرماتے گھبراؤ مت۔ دیگ چڑھ رہی ہے وہ پوچھتے کہاں؟ فرماتے جنت میں۔ اس حالت میں بھی سلطان عالمگیر نے دو گاؤں کی دستاویز لکھ کر بھیجی کہ یہ خانقاہ کے گزارے کے لئے ہے جب قاصد لے کر پہنچا تو فوراً پھاڑ کر پھینک دی اور حمام میں ڈال دیا اتنا استغناء تھا پھر جب فتوحات ہوئیں تو صاحبزادے شہزادے ہوگئے اور بلخ میں سلطان نظام الدین سے میراث لینے گئے تھے تو انہوں نے ان کو خوب رگڑے دیئے تب خلافت دی۔

## مجاہدہ کا مقصود

فرمایا مجاہدہ سے مقصود نفس کو پریشان کرنا نہیں، بلکہ نفس کو مشقت کا خوگر بنانا اور راحت وتنعم کی عادت سے نکالنا ہے اور اس کے لئے اتنا مجاہدہ کافی ہے جس سے نفس پر کسی قدر مشقت پڑے، بہت زیادہ نفس کو پریشان کرنا اچھا نہیں ورنہ وہ معطل ہوجائے گا۔

مجلس : ۲۵

# مہلکات ورذائل

اب تک اعمال باطنہ میں سے فرائض کا ذکر ہوا ہے جن کا حاصل کرنا انسان کے ذمہ ضروری ہے۔ عام صوفیا انہیں "فضائل" کہتے ہیں اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے ان فرائض کا نام "منجیات"۔ (نجات دینے والی چیزیں) رکھا ہے۔ اس کے بالمقابل اعمال باطنہ میں سے کچھ اعمال حرام وناجائز ہیں۔ عام صوفیاء انہیں "رذائل" کے نام سے موسوم کرتے ہیں، اور امام غزالی نے ان کا نام مہلکات (ہلاک کر دینے والی چیزیں) رکھا ہے۔

## طریقت کا خلاصہ تخلیہ اور تحلیہ ہیں

سلوک وطریقت کا خلاصہ دو ہی چیزیں ہیں "فضائل" کو حاصل کرنا جسے صوفیائے کرام "تحلیہ" کہتے ہیں اور "رذائل" سے بچنا، جسے "تخلیہ" کہا جاتا ہے۔ مشائخ طریقت کے ذوق اس معاملہ میں مختلف رہے ہیں کہ سالک طریقت کے لئے تحلیہ مقدم ہے یا تخلیہ؟ بعض حضرات صوفیاء کا مذاق تو یہ ہے کہ سالک کو سب سے پہلے "تخلیہ" کی کوشش کرنی چاہئے یعنی دل کو باطنی رذائل اور مہلکات سے پاک کرنا چاہئے۔ اس کے بعد "تحلیہ" یعنی "فضائل" کی تحصیل آسان ہو جائے گی، وہ اس کی مثال اس طرح پیش کرتے ہیں کہ اگر کوئی شخص کسی زمین میں پھل پھول اگانا چاہتا ہے تو یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس زمین کو ہموار کرکے گندگی اور جھاڑ جھنکاڑ سے صاف نہ کر لیا جائے۔ پہلے خس وخاشاک سے زمین کو خالی کیا جائے گا اس کے بعد ہی اس میں پھل پھول کے بیج بار آور ثابت ہو سکیں گے۔ اسی طرح اگر کوئی شخص اپنے دل کی دنیا میں "فضائل" کا چمن کھلانا چاہتا ہے تو

اسے پہلے دل کی زمین سے ''رذائل'' کے خس وخاشاک کو نکالنا ہو گا پھراس میں ''فضائل'' کے پھول کھل سکیں گے۔

صوفیائے کرام کا دوسرا گروہ کہتا ہے کہ ''فضائل'' کی تحصیل ''رذائل'' کو دور کرنے پر مقدم ہے۔اس گروہ کا کہنا یہ ہے کہ ''رذائل'' کی مثال اندھیرے کی سی ہے اور ''فضائل'' کی مثال روشنی کی سی 'اگر کوئی شخص اندھیرے کو دور کرنا چاہتا ہے تو وہ اس وقت تک دور نہیں ہو سکے گا' جب تک وہاں کوئی شمع نہ جلائی جائے ادھر شمع روشن ہوگی 'ادھر اندھیرا کافور ہو جائے گا۔اسی طرح دل کی دنیا سے ''رذائل'' کا اندھیرااس وقت تک دور نہیں ہو سکتا جب تک اس میں ''فضائل'' کی شمع روشن نہ کی جائے۔ادھر دل میں ''فضائل'' پیدا ہوں گے 'ادھر ''رذائل'' خود بخود مٹ جائیں گے۔

بہرکیف !اصلاح باطن کے یہ دونوں طریقے ہی صوفیاء کرام کے درمیان رائج رہے ہیں جو لوگ ''تخلیہ'' کو ''تحلیہ'' پر مقدم سمجھتے ہیں وہ ابتداء میں وظائف واوراد کے بجائے ایسے عملی مجاہدات پر زور دیتے ہیں جن کے ذریعہ نفس کی خواہشات وجذبات پر قابو حاصل ہو۔اس کے برعکس جو حضرات ''تحلیہ'' کو مقدم سمجھتے ہیں ان کی زیادہ توجہ ذکر وتسبیح اور وظائف واوراد پر رہتی ہے اور واقعہ یہ ہے کہ یہ فیصلہ کوئی شیخ کامل ہی کرتا ہے کہ کس شخص کے لئے ان دونوں میں سے کونسا طریقہ زیادہ مفید ہے؟اور اس میں بھی کسی کو اختلاف نہیں کہ سالک کو یہ دونوں ہی کام کرنا ضروری ہیں یعنی مجاہدات وریاضات بھی اور اورادواشغال بھی۔

## تمام رذائل کی جڑ ہوئی پرستی ہے

اب تک ہم نے ''فضائل'' کا ذکر کیا تھا 'اب مختصراً ''رذائل'' کا بیان کرنا ہے 'لیکن ان کی تفصیل سننے سے پہلے یہ بات ذہن نشین کرنی چاہئے کہ دل کے تمام امراض تمام رذائل کی بنیاد درحقیقت نفسانی ہوس کی پیروی ہے۔جسے قرآن کریم میں ''اتباع ہوئی'' کہا گیا ہے۔دل کی جس بیماری پر بھی آپ نظر ڈالیں گے 'اس کی بنیادی وجہ یہی نظر آئے گی کہ انسان اپنی نفسانی خواہشات کے آگے سپر ڈال کر بے

بس ہو جاتا ہے، اگر انسان اپنے نفس پر مکمل قابو حاصل کر لے تو نہ اس سے کوئی گناہ سرزد ہو اور نہ اس کے دل میں کوئی باطنی بیماری پیدا ہو، اسی لئے قرآن کریم اور حدیث میں "اتباع ہویٰ" سے بچنے کی بار بار تاکیدیں کی گئی ہیں، ارشاد ہے:

﴿ ولا تتبعِ الْهوىٰ فيضلَّكَ عَنْ سبيلكَ. ﴾

"اور تم ہوس کے پیچھے نہ چلو کہ وہ تمہیں تمہارے راستے سے بھٹکا دے"۔

لہٰذا اگر کوئی شخص یہ چاہتا ہے کہ اس کا دل باطنی بیماریوں سے پاک ہو اور اس کے رذائل ختم ہو جائیں تو اسے سب سے پہلے اپنے نفس کو قابو کرنے کی فکر کرنی چاہئے۔

## نفس پر قابو پانے کے تین طریقے

قرآن کریم پر غور کرنے سے نفس پر قابو حاصل کرنے کے تین طریقے سمجھ میں آتے ہیں، ایک طریقہ عام اور اجمالی ہے اور دو طریقے خاص اور تفصیلی، اجمالی طریقہ تو یہ ہے کہ دل میں آخرت کی فکر اور اللہ کے سامنے جواب دہی کا استحضار پیدا کیا جائے۔

قرآن کریم ارشاد فرماتا ہے:

﴿ وَأَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهِ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوىٰ فَإِنَّ الجنَّةَ هِيَ الْمأْوىٰ ﴾

اور رہا وہ شخص جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا، اور اس نے اپنے نفس کو ہوس سے روکا تو جنت ہی اس کا ٹھکانہ ہو گا۔

اس آیت میں بتلایا گیا ہے کہ نفس پر قابو حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ انسان کے دل میں خدا کے سامنے جوابدہی کا خوف پیدا ہو۔ جانتا تو ہر مسلمان ہے کہ مجھے ایک دن مرنے کے بعد خدا کی بارگاہ میں کھڑا ہونا ہے۔ لیکن یہ حقیقت جتنی یقینی ہے اتنی ہی کثرت کے ساتھ نگاہوں سے اوجھل رہتی ہے، نفس پر قابو حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ اس حقیقت کو دل میں اس طرح جاگزیں کر دیا جائے کہ کسی بھی وقت خدا کے دربار میں حاضری کا تصور دل سے محو نہ ہو، اور یہ بات "مراقبہ موت" سے حاصل ہوتی ہے، انسان

کو چاہئے کہ وہ دن میں کم از کم ایک مرتبہ پانچ دس منٹ نکال کر اپنی موت اور موت کے بعد کے احوال کا تصور کیا کرے۔اور اپنے روز مرہ کے تذکروں میں موت کے ذکر کو بھی لازمی طور پر شامل کرے آنحضرت ﷺ کا ارشاد ہے:

"أَكْثِرُوا ذِكْرَهَا ذِمِ اللَّذَّاتِ."

"لذتوں کو ختم کر دینے والی چیز یعنی موت کا کثرت کے ساتھ ذکر کیجئے"۔

یہ چیز دل میں خدا کا خوف اور آخرت کی فکر پیدا کرے گی اور اس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ انسان کے لئے اپنی خواہشات نفس پر قابو پانا آسان ہو جائے گا۔

## خواہشات نفس کا علاج

یہ تو نفس پرستی کا ایک عام علاج تھا۔اس کے علاوہ خواہشات نفس سے جو گمراہیاں پیدا ہوتی ہیں، وہ دو قسم کی ہوتی ہیں شبہات یعنی فکری اور نظریاتی گمراہیاں اور شہوات یعنی عملی گمراہیاں، قرآن کریم نے پہلی قسم کی گمراہیوں کا علاج یہ تجویز فرمایا ہے کہ:

وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ.

"اور ایک دوسرے کو حق کی نصیحت کیا کرو"۔

اور دوسری گمراہیوں کا علاج یہ بتایا ہے کہ:

وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ".

"یعنی ایک دوسرے کو "صبر" کی نصیحت کرتے رہو"۔

"صبر" کا مطلب یہ ہے کہ خواہشات نفس کے ترک سے جو تکلیف ہوتی ہے اسے برداشت کیا جائے اور حقیقت یہ ہے کہ یہ صفت بغیر نیک صحبت کے عموماً حاصل نہیں ہوتی، اسی لئے صوفیائے کرام اصلاح کے لئے کسی مرشد کامل کی طرف رجوع کرنے کو ضروری سمجھتے ہیں، قرآن کریم نے بھی ارشاد فرمایا ہے کہ:

﴿يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوآ اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوا مَعَ الصَّادِقِيْنَ. ﴾

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور صادقین کی معیت اختیار کرو''۔

اس آیت میں بتلایا گیا ہے کہ تقویٰ حاصل کرنے اور نفسانی خواہشات کو قابو میں کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ ''صادقین'' یعنی صلحاء کی صحبت اختیار کی جائے۔

# رذائل کے متعلق متفرق ارشادات

## گناہوں کی جڑ تین باتیں ہیں

اس وقت میرا مقصد ان معاصی پر مطلع کرنا ہے جن میں ہم مبتلا ہیں۔ اعمال ظاہرہ کے علاوہ اعمال باطنہ بھی بکثرت ہیں۔ ان کے ثمرات بھی بے شمار ہیں۔ ان معاصی قلب کے اصل الاول تین گناہ ہیں۔ غضب، حقد، حسد، یہ ایک دوسرے کے متقارب ہیں اور ان کی بنیاد غضب ہے باقی وہ دونوں اسی سے پیدا ہوتے ہیں۔ غضب کے معنی خون کے جوش مارنے کے ہیں۔ پھر یہ غضب یا انتقام لینے کے لئے یا ایذا سے بچنے کیلئے پیدا ہوتا ہے۔ اگر کسی ایذا کے پہنچنے کا احتمال ہو جائے اس سے بچنے کیلئے غصہ پیدا ہو جاتا ہے مثلاً چور آتا ہے دشمن آتا ہے تو اس کو دیکھ کر غصہ آتا ہے اور بعض مرتبہ ایذا پہنچ جانے کے بعد غصہ آتا ہے انتقام کے لئے خون جوش مارتا ہے یہ دونوں غضب میں داخل ہیں ویسے تو جو قوت بھی اللہ تعالیٰ نے انسان میں رکھی ہے وہ مستحسن ہی ہے وہ بڑی حکمتوں پر مبنی ہے۔ استعمال کرنے والے کے استعمال اور غیر محل میں لگانے سے وہ شر ہو جاتی ہے۔ مثلاً کوئی بال بچوں پر ہاتھ ڈالنا چاہے تو پہلے غصہ آئے گا پھر اس کو دفع کرے گا۔ اگر غصہ نہ آئے تو دفع کرنے پر قادر ہی نہیں ہو سکتا۔ غصہ ہی وہ محمود خلط ہے جو حسب استطاعت دفع کرنے پر ابھارے گی۔ تو غصہ آنا کوئی بری بات نہیں ورنہ تو یہ بے غیرتی ہے اور غصہ نہ آنا یہ مستقل مرض ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ من اُغضب فلم یغضب فهو حمار۔ آخر قرآن کریم میں صحابہ کرام کی مدح میں یہ لفظ آئے ہیں اَشِدَّاءُ عَلَی الْکُفَّارِ رُحَمَاءُ بَیْنَهُمْ۔ غصہ ہی سے تو سختی پیدا ہوتی ہے۔ معلوم ہوا کہ غصہ غیر محل میں کرنا یا اس کے حد سے تجاوز کر جانا یہ مذموم ہے۔ ورنہ دفع مضرت کے لئے غصہ کا آنا محمود ہے۔ چونکہ غصہ اکثر حد اعتدال سے آگے بڑھ جاتا ہے اور جو نہ کرنا ہو وہ کر گزرتا ہے۔ الغضب اوّله جنون وآخره ندم۔ اسی ناجائز غصہ کا ثمرہ ہے۔ ایک یہ کہ نفس کی خاطر غصہ نہ کرے۔ اللہ کے حکم کے ماتحت اللہ کے لئے غصہ

اتارے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک یہودی سے بر سر پیکار تھے۔جب حضرت علی رضی اللہ عنہ اس یہودی کے سینے پر بیٹھ گئے اور وار کرکے گردن اتارنی چاہی تو اس یہودی نے ان کے چہرے پر تھوک دیا۔ان کا اور غصہ بھڑک گیا لیکن اس یہودی کو چھوڑ کر فوراً کھڑے ہو گئے۔اس یہودی نے کہا کہ قادر ہو جانے کے بعد چھوڑ دیا کیا وجہ ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں اللہ کے لئے تجھ سے لڑ رہا تھا اب جب تو نے میرے چہرے پر تھوکا تو نفس کا انتقام اور جذبہ درمیان میں آگیا اس لئے چھوڑ کر کھڑا ہو گیا۔پہلا غصہ مستحسن تھا اور اب یہ غصہ غلط ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کے لئے نہیں، نفس کے انتقام کے لئے ہو گا اس پر وہ یہودی مسلمان ہو گیا، صحابہ کرام تو پورے سانچے پر ڈھلے ہوئے تھے۔

ایک دفعہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ مسجد نبوی میں آئے دیکھا کہ ایک پرنالہ مسجد نبوی کے صحن میں نکلا ہوا ہے اس کا پانی صحن میں آئے گا۔دیکھ کر غصہ آیا اور حق کے لئے آیا۔خود ہی اچھل کر اس پرنالے کو توڑ دیا۔اب وہ مکان والے صحابی آئے مورا ٹوٹا ہوا دیکھا تو پوچھا کہ یہ کس نے توڑا ہے لوگوں نے کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے توڑا ہے اس پر انھوں نے کہا کہ یہ پرنالہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک کا لگا ہوا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ سنتے ہی کانپ گئے اور مکان والے صحابی کو بلایا انکو کہا کہ میرے کندھے پر چڑھ جاؤ اور اس کو ویسے ہی ٹھیک کر کے لگا لو۔ان کا یہ حال تھا کہ کَانَ عُمَرُ وَ قَافًا عِنْدَ حُدُوْدِ اللہ .ان کے غصے پر اپنے غصے کو قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

سو غصہ وہی برا ہے کہ حدود الٰہی کا احترام باقی نہ رہے مگر ہم غصے کی حالت میں حدود الٰہی کو سوچ بھی نہیں سکتے اس لئے غصہ کی ابتداء ہی سے بچنا چاہئے ایک مرتبہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ کوئی نصیحت فرما دیجئے۔فرمایا "لاتَغْضَبْ"۔دوبارہ درخواست کی یہی فرمایا "لا تغضب" غصہ نہ کرو تیسری بار سوال کیا تب بھی یہی فرمایا یا "لاتغضب" اور تین دن تک سوال کرتے رہے یہی فرماتے ہیں۔"لا تغضب" غصہ مت کیا کرو معلوم ہوا کہ تمام شرور کی بنیاد ہی غصہ ہے اس سے بچ جائے تو تمام معاصی سے بچا رہے۔رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا تم میں سے

پہلوان کون ہے؟ عرض کیا جو دوسرے کو پچھاڑے آپ نے فرمایا لَيْسَ الشَّدِيْدُ بِالصَّرْعِ . یہ پہلوان نہیں بلکہ مَنْ اَمْلَكَ نَفْسَهُ عِنْدَ الْغَضَبِ .غصے کے وقت جو اپنے نفس کو قابو میں رکھے وہ پہلوان ہے۔

## غصہ کا پہلا علاج

اس کا علاج یہ ہے کہ جس پر بے محل غصہ آیا ہے غصہ کی حالت میں اس سے کوئی تعرض نہ کرے۔بلکہ جس پر غصہ آیا ہے اس کے ساتھ اور زیادہ حسن سلوک کرے۔ برائی کو نیکی سے دفع کرنا ہے۔ نفس کو ایک روز عادت پڑ جائے گی اللہ کے غضب سے بچنا چاہتے ہو تو دوسروں پر غضب نہ کرو۔ اِرْحَمُوا مَنْ فِي الارض يَرْحَمْكُمْ مَنْ فِي السَّمَاءِ . حضرت عمر بن عبدالعزیز رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے ایک عامل کو لکھا کہ جب کوئی مجرم سامنے آئے تو ثبوت جرم کے بعد بھی فوراً سزا نہ دو کیونکہ اس وقت غصہ ہو گا اور غصہ میں حدود اللہ کا خیال نہ رہے گا۔ غصہ اتر جانے کے بعد ٹھنڈے دل سے غور کر کے سزا دینی چاہئے۔

مکتب والے معلم بچوں کو بیدردی سے مارتے ہیں یہ گناہ ہے۔ غصہ میں نہ مارنا چاہئے اس کے جرم کی نوعیت اور اس کے قوائے جسمانی کو دیکھ کر اس کی تنبیہ کے لئے سزا دینی چاہئے۔

## غصہ کا دوسرا علاج

غصہ کا ایک علاج یہ ہے کہ غصہ کو روکے اور اس جگہ سے خود ہٹ جائے یا مغضوب علیہ کو ہٹا دے۔وضو کرے۔ٹھنڈا پانی پی لیوے اور غصہ پینے کی عادت پیدا کرے۔ کرتے کرتے عادت ہو جاتی ہے حدیث میں ہے انما العلم بالتعلم. بچہ سبق کو بار بار رٹتا رہتا ہے وہ یاد ہو جاتا ہے۔ انما الحلم بالتحلم. بتکلف اپنے آپ کو انتقام لینے سے روکتا رہا کرے عادت ہو جائے گی ابوداؤد میں ہے وَمَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللهُ. بتکلف صبر کرتا رہے گا تو اللہ تعالیٰ صبر پیدا کر دیں گے ومن يستعف

اللہ ۔ جو عفیف بنے گا اسے عفت دیں گے ۔ دل تو مانگنے کو چاہتا ہے اور مانگنے سے مل بھی جائے گا لیکن بتکلف مانگنے سے رک جائے عفیف ہو جائے گا۔ حدیث میں ہے ایک شخص نے اللہ تعالیٰ سے کہا کہ لوگوں کے پاس مال ہے وہ تیرے راستے میں خیرات کرتے ہیں میرے پاس مال نہیں ہے ہاں آبرو ہے میں اسے ہی خیرات کرتا ہوں ۔ آج تک جس کسی نے بھی میری آبرو خراب کی مجھے ذلیل کیا میں نے ان سب کو معاف کیا ۔ان کے نبی پر وحی آئی کہ اس سے کہہ دو کہ تیرے سب گناہ معاف کر دیئے گئے قرآن شریف میں ہے وَاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجَاهِلُوْنَ قَالُوا سلاما . لڑائی جھگڑا نکالنا جہالت ہے اور اس کی ضد حلم ہے ۔کوئی تمہارے ساتھ جاہلوں کا سا کلام کرے تو تم جواب دو سلاماً یعنی حلم وبردباری اختیار کرو وَاِذَا مَرُّوا بِاللَّغْوِ مَرُّوا كِرَامًا . جب لغو بات سے گزرنا پڑ جائے تو شریفانہ گزر جاؤ۔ حدیث میں ہے اَلرِّفْقُ خَيْرٌ كُلُّهُ . شدت اختیار کرنا کوئی بہادری اور عزت نہیں ہے ۔ آخرت میں ذلت ہوگی ۔

## بغض وکینہ

اسکے بعد حقد پیدا ہوتا ہے ۔اسی کو کینہ وبغض کہتے ہیں غصہ آنے کے بعد انتقام پر قدرت نہ ہو تو غیظ واضطراب پیدا ہوتا ہے ۔گھٹن رہتی ہے اور بدلہ لینے کی فکر میں پڑا رہتا ہے پھر ہر وقت درپے ایذاء رہتا ہے نہ چین سے بیٹھنا نصیب ہوتا ہے نہ چین سے بیٹھنے دیتا ہے پھر ۔حسد پیدا ہوتا ہے ۔

حسد یہ ہے کسی شخص کی اچھی حالت دیکھ کر یہ تمنا ہو کہ یہ نعمت اس کے پاس سے چلی جائے ۔ میرے پاس آئے نہ آئے ۔اس کے پاس نہ رہے ۔کسی کی نعمت کے زوال کی تمنا رکھنا حسد ہے جیسے ایک کبڑا تھا اس سے کسی نے پوچھا کہ تم یہ چاہتے ہو کہ سب تمہاری طرح کبڑے ہو جائیں یا تمہاری کب ٹھیک ہو جائے کہنے لگا میں تو یہی چاہتا ہوں کہ میری کب ٹھیک ہو یا نہ ہو یہ سب کبڑے ہو جائیں ۔تاکہ ان کو میں بھی ان کی نگاہ سے دیکھوں ۔

حدیث میں ہے اَلْحَسَدُ يَاْكُلُ الْحَسَنَاتِ كَمَا تَاْكُلُ النَّارُ الْحَطَبَ .

علامت حسد کی یہ ہے کہ کسی کی تعریف سن کر جی میں آئے کہ اس کا عیب بیان ہوتا یا اب میں بیان کر دوں۔ یہ حسد علماء کی ایک خاص بیماری ہے اپنی بات خواہ غلط ہی ہو مگر دوسرے کی حق بات سننا گوارا نہیں ہوتا۔

## غصے کا مختصر علاج

فرمایا (غصہ کا علاج یہ ہے کہ) مغضوب علیہ (جس پر غصہ کیا گیا) کے پاس سے فوراً جدا ہو جاؤ، اور فوراً کسی ایسے شغل میں لگ جاؤ جس سے فرحت ہو۔

## ظلم اکثر غصہ سے ہوتا ہے

چھوٹوں پر ناگواری کرنے میں کبر ہوتا ہے۔ بڑوں پر ناگواری حزن ہے۔ غصے کے اندر سزائیں دینے میں حد سے تجاوز ہو جاتا ہے ظلم اکثر غصہ ہی کی وجہ سے ہوتا ہے اگر غصہ کے بعد انتقام پر قدرت نہ ہو تو کینہ چھپا رہتا ہے اور حسد ہونے لگتا ہے اس کے بعد ایذا رسانی کی فکر لگ جاتی ہے پھر مکر و فریب کی عادت ہو جاتی ہے۔

## کبر اور غرور کی تعریف اور علاج

فرمایا کسی کمال میں اپنے کو دوسرے سے اس طرح بڑھا سمجھنا کہ اس کو حقیر وذلیل سمجھے، پھر یہ سمجھنا اگر غیر اختیاری ہے تو اس پر ملامت نہیں، بشرطیکہ اس کے مقتضی پر عمل نہ ہو، یعنی زبان سے اپنی تفضیل (بڑائی) اور دوسرے کی تنقیص (تذلیل) نہ کرے، دوسرے کے ساتھ تحقیر کا برتاؤ نہ کرے۔ اور اگر قصداً ایسا سمجھتا ہے یا سمجھنا تو بلا قصد ہے، لیکن اس کے مقتضائے مذکور پر .قصد عمل کرتا ہے تو مرتکب کبر کا اور مستحق ملامت و عقوبت کا ہے اور اگر زبان سے اس کی مدح وثناء کرے اور برتاؤ میں اس کی تعظیم تو اعون فی العلاج (علاج میں بہت مددگار) ہے۔

## کبر اور عجب میں فرق

فرمایا اگر طبیعت میں صرف اپنے کو بڑا سمجھتا ہو (تو عجب ہے) اور اگر دوسرے کو بھی حقیر و ذلیل سمجھتا ہو (تو کبر ہے)

## تکبر خطرناک مرض ہے

سارے بدن کو کتنی بیماریاں ہوں' زیادہ توجہ کے قابل نہیں۔ لیکن قلب پر اثر کرنے والی بیماری بہت خطرناک ہے۔ اسی طرح نفسانی خواہشات' ہاتھ پاؤں' کان' آنکھ ناک کے گناہ سب بیماریاں ہیں ان میں سب سے زیادہ قلب کی بیماری ہے اور وہ اپنے کو بڑا بنانا اور اس کی خواہش کرنا ہے۔ فرمایا کہ یہ دار آخرت بنایا ہے ان لوگوں کے لئے جو کبر پسند نہیں کرتے' ہر بیماری کا علاج آسان نہیں تو مشکل بھی نہیں لیکن خطرناک نہیں ہے' بس قلبی بیماری سب سے زیادہ خطرناک ہے اپنی عقل کو عقل سمجھے دوسرے کو کچھ نہ سمجھے اور پھر یہ سمجھے کہ یہ کوئی بیماری نہیں۔ سب سے خطرناک بیماری یہ ہے' جو کہتا ہے کہ میں بیمار بھی نہیں وہ حکیم کے پاس جائے گا بھی نہیں' اور اس کا علاج بھی بہت مشکل ہے' قرآن وحدیث میں بہت زیادہ زور دیا ہے'۔ اس بیماری پر اور اس کے علاج پر کہ نفس کو ابھرنے نہ دیں۔ ایک بچہ بھی کہہ دے کہ آپ نے فلاں کام غلط کیا ہے' فوراً سوچ میں پڑ جائے' ایک ناواقف نے کچھ کہہ دیا کہ حضرت یہ فلاں کام آپ نے غلط کیا' بس اس کو کچھ نہ کہا فوراً اپنے اعمال پر نظر ڈالی۔

## اپنی غلطی مان لینا

ایک تحریر میں نے گراموفون کے متعلق لکھی (جو حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ارسال کی) جواب دیر میں آیا حضرت نے جواب لکھا۔ تمہاری تحریر میں کچھ میری تحریر پر شبہ کا اشارہ تھا' مجھے خیال ہوا کہ مجھ سے غلطی ہوگئی' بعد میں غور کرنے کے بعد پتہ چلا کہ جو لکھا ہے وہ ٹھیک ہے اور تم اس کی تحقیق کرو۔ آج ہمارے پاس کوئی اعتراض کرنے والا آتا ہے تو ہم فوراً اس کی غلطی پکڑتے ہیں اور اس کو نہ

ماننے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ لیکن بزرگوں کا دستور یہ تھا کہ جب کوئی اعتراض کرتا تو فوراً اپنے اوپر غور کرتے۔

حضرت مولانا یعقوب رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے کچھ اعتراض کیا' آپ کی سمجھ میں وہ آگیا۔ فرمایا تم نے ٹھیک کہا' مجھ سے غلطی ہوئی اور بار بار اس کو دہرایا۔ بھئی! میں نے غلط کہا ہے' انہوں نے ٹھیک بتایا ہے۔

ان تمام بزرگوں میں علو نہیں ہے۔ حضرت فرماتے تھے ہم کو نہ علو چاہئے نہ گلو۔ ہم کو خلو چاہئے۔ کبھی یہ خیال نہیں کہ اپنی بات کی پیچ کریں۔ حضرت حاجی صاحب کے سلسلہ کا خلاصہ یہ ہے کہ اس میں تواضع آتی ہے اگر تواضع نہ آئی تو اس کو اس نسبت سے کوئی فائدہ نہ پہنچا۔

## سب سے خطرناک مرض

ایک گناہ وہ ہیں جو کہ نفس کی خواہشات کی وجہ سے پیدا ہوں اور دوسرا یہ کہ قلب میں اپنے کو بڑا سمجھے۔ اس میں بڑا نقصان یہ ہے کہ توبہ کی توفیق نہیں ہوتی۔ نفسانی خواہشات پر چلنے والا یہ تو سمجھتا ہے کہ میں برا کر رہا ہوں اور کبھی توبہ بھی کر لیتا ہے اور تیسرا گناہ ان سے بھی بڑھ کر عقیدہ میں شکوک پیدا کرنا ہے یہ پہلی دونوں قسموں سے بڑھ کر خطرناک ہے۔ یہ ایسی بلا ہے کہ براہ راست ایمان خراب کر دیتی ہے۔ یہ جو قلب کی حرکت بند ہونے کا مرض ہے یہ کوئی خطرناک مرض نہیں ہے۔ قلب پر تو ذرا سی بھی چوٹ جان لے کر جاتی ہے یہ کوئی بیماری نہیں۔ دراصل عقیدہ پر شبہات کا جو مرض ہے یہ بہت خطرناک مرض ہے۔

جو آدمی بخار میں پڑا ہے ہلا نہیں جاتا سارے اعضاء جواب دے جاتے ہیں جن اعضاء سے کام لیتے تھے' مدافعت کرتے تھے بیماری میں ان پر اثر ہوتا ہے مدد گار مدد چھوڑ دیتے ہیں۔ باطن کی بیماریاں بھی ایسی ہیں جو بچنے کے راستے ہیں وہ مدد چھوڑ دیتے ہیں۔ شہوانی بیماریوں میں کم' جاہی بیماری میں اس سے زیادہ اور عقیدہ کی بیماری میں سب سے زیادہ' اس کے اعضاء وجوارح کیا ہیں؟ بزرگوں کی صحبت میں بیٹھنا' توبہ' اطاعت' استغناء' صدقات یہ ساری چیزیں جواب دے دیتی ہیں۔ نہ اس کا دل

توبہ پر جاتا ہے نہ کسی بزرگ کے پاس بیٹھنے کو جی چاہتا ہے۔ یہ نقد سزا ہے اس بیماری کی، سارے ایمان بچانے والے فوجی، سپاہی اس کی امداد چھوڑ دیتے ہیں۔ جب فوج نے ساتھ چھوڑ دیا تو پھر مدافعت گئی۔

یہ جو بعض اوقات جی چاہتا ہے۔ نیکی کرنے کو مگر اعضاء اس کی ہمت نہیں کرتے۔ وہ عمل اس سے اداء نہیں ہوتا۔ یہ جانتے ہوئے کہ میں برا کر رہا ہوں مگر اس کے چھوڑنے پر قدرت نہیں۔ یہ خدا کی طرف سے ایک قید ہے اور شکوک وشبہات جو تیسری قسم کے گناہ ہیں، اس میں توبہ کی توفیق کم ہوتی ہے۔

## عجب خطرناک مرض ہے

فرمایا مجھے عاصی سے اتنی نفرت نہیں جتنی مدعی تقدس سے ہوتی ہے۔

## غلطی کی تاویل

فرمایا غلطی کی تاویل بہت بری ہے، عذر کیساتھ معافی چاہے تو پروا نہیں۔

## کبر کے تین درج ہیں

۱۔ کبر دل میں ہو افعال سے ظاہر نہ ہو یہ **استکبار** ہے ان اللہ لا یحب المستکبرین.

۲۔ دل میں بھی ہو افعال سے بھی ظاہر ہو یہ مختال ہے۔

۳۔ دل میں ہو افعال سے ظاہر کرتا ہو اور زبان سے بھی کہتا ہو یہ **فخور** ہے ان اللہ لا یحب کل مختال فخور.

## حقیقی بالغ

طبعی بالغ وہ ہے جس سے منی نکلے اور حقیقی بالغ وہ ہے جو مِنّي سے نکل جائے (یعنی خودی اور کبر سے)

## تکبر کا ایک اور علاج

تکبر کا ایک علاج یہ بھی ہے کہ پیخانہ کی ہیئت کذائیہ کا خیال کر لیا کریں۔ اس کا مراقبہ کرے گا تو معلوم ہو گا کہ ہم کیا چیز ہیں آج کل تو اخبار بھی بیت الخلاء میں دیکھتے ہیں اگر کوئی دلچسپ مضمون نظر پڑ گیا تو گھنٹوں وہیں بیٹھے رہتے ہیں اور پاخانہ بھی اسی اخبار سے پونچھ کر آجاتے ہیں۔ دیکھ شریعت میں کیسی صفائی ہے۔ سنت کا ترک عذاب ہے۔

## علماء کے لئے دو بری چیزیں

فرمایا دو چیزیں اہل علم کے لئے بہت بری ہیں، حرص اور کبر یہ ان میں نہیں ہونا چاہئے۔

## حسد کا علاج

فرمایا جس پر حسد ہوتا ہو، اس کے ساتھ احسان و اکرام کا معاملہ کرو اور اگر یہ نہ کر سکو تو مجمع میں اس کی خوبیاں بیان کرو۔

## حسد کا ایک اور علاج

فرمایا حسد کا علاج یہ ہے کہ (جس شخص سے حسد ہے) بہ تکلف اس شخص کے لئے دعا کرتا رہے بکثرت ایسا کرنے سے انشاءاللہ یہ نقص دور ہو جائے گا۔

## ریا کا علاج

فرمایا (ریا کا علاج یہ ہے کہ) قصداً ریا نہ ہو۔

## ریا ہر خیال کا نام نہیں

فرمایا، ریا ہر خیال کا نام نہیں، بلکہ جس خیال کی بناء قصد رضاء خلق بذریعہ دین ہو۔

## حرص شرعی

فرمایا حرص شرعی وہ ہے جس سے دنیا کو دین پر ترجیح ہونے لگے

## حرص ام الامراض ہے

فرمایا، حرص کی حقیقت توجہ اور میلان الی الدنیا (دنیا کی طرف مائل ہونا ہے) یہ حرص تمام پریشانیوں کی جڑ ہے، یہ ایسا مرض ہے کہ اس کو ام الامراض (تمام بیماریوں کی ماں) کہنا چاہئے، کیونکہ اسی کی وجہ سے تمام جھگڑے فساد ہوتے ہیں۔ اخلاق رذیلہ کی جڑ بھی حرص ہے، تمام اخلاق رذیلہ کی اصل کبر ہے، اور کبر ہوس وجاہ کا نام ہے اور کبر کا منشاء بھی یہی حرص ہے۔ یہ خیال غلط ہے کہ ہوس کے پورا کرنے سے ہوس بجھ جائے گی، بلکہ اس کو جتنا پورا کرو گے، اتنا ہی بڑھے گی، انسان کے ہوس کے پیٹ کو مٹی کے سوا کوئی چیز نہیں بھر سکتی۔

## حرص کا علاج

(۱) حرص کے خلاف کرے۔ (۲) توجہ الی اللہ (اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کرے)

اصل علاج خدا تعالیٰ کی توجہ ہے جو عادۃً بندہ کی توجہ پر مرتب ہوتی ہے۔

## حب مال وجاہ

جب مال اور حب جاہ، یہ دونوں قلب کی ایسی بیماریاں ہیں جن کے باعث

انسان کی دنیاوی زندگی اوراخروی زندگی اجیرن ہو جاتی ہے اور غور کیا جائے تو معلوم ہو گا کہ انسانی تاریخ میں اب تک جتنی انسانیت سوز لڑائیاں لڑی گئیں 'اور جو فساد برپا ہوئے ان میں سے اکثر و بیشتر کوانہی دو بیماریوں نے جنم دیا تھا۔

## مرض حب جاہ

فرمایا حب جاہ کا مرض بڑا خبیث ہے ' ورنہ عزت اور ذلت تو کمال اور عدم کمال پر موقوف ہے اور فرمایا میں تعلق کو منع نہیں کرتا' تملق (چاپلوسی) کو منع کرتا ہوں۔

## حب دنیا کا علاج

فرمایا حب دنیا کا علاج بکثرت تذکرۂ موت کرنا ہے۔

## دنیا عارفین کی نظر میں

فرمایا عارفین دنیا کو قید خانہ سمجھتے ہیں اور ان کو یہاں سے نکلتے ہوئے وہی خوشی ہوتی ہے جو جیل خانہ سے نکلتے ہوئے ہوتی ہے۔

## عشق امرد

فرمایا' امردوں (بے ریش لڑکوں) کے عشق میں ظلمت شدیدہ ہوتی ہے 'اگر عاشق کی طبیعت بالکل ہی خبیث نہ ہو تو متقی شخص کی طرف میلان نہیں ہو سکتا'کیونکہ تقویٰ کا قدرتی یہ اثر ہے کہ وہ وقایہ ہوتا ہے نفسانی میلان کا' خواہ دوسرے کو تقویٰ کا علم ہو یا نہ ہو۔ فرمایا' عشق مجازی سخت ابتلاء کی چیز ہے۔

## دین اور علوم دینیہ سے غفلت کا نتیجہ

ایک زمانہ دراز سے مسلمانوں کی دین اور علوم دینیہ سے عام غفلت کے نتیجے میں سب ہی علوم دینیہ سے مسلمانوں کی اکثریت بے بہرہ ہوتی چلی گئی، خصوصیت سے آخر الذکر علم جس کا تعلق اعمال باطنہ کی اصلاح سے ہے وہ تو ایسا متروک ہوا کہ عوام تو عوام علماء کی ایک بڑی تعداد بھی اس سے بے تعلق ہوگی۔ صرف اعمال ظاہرہ کی پابندی میں دین کو منحصر سمجھ لیا گیا۔ صدق و اخلاص، توحید و توکل، صبر و شکر، قناعت وزہد، تقویٰ کے الفاظ صرف زبانوں پر رہ گئے۔ حب جاہ، حب مال، نخوت و غرور، غیظ و غضب، کینہ و حسد جیسے محرمات اور مہلک امراض سے نجات حاصل کرنے کی فکر بھی دلوں سے محو ہوئی۔

## معصیت کے نتائج

معصیت کمبخت نہایت ہی بری چیز ہے اور مہلک ہے اس سے بچنے کی سخت ضرورت ہے، وہ وقت اور گھڑی بندے کے واسطے نہایت ہی مبغوض اور منحوس ہے جس میں یہ اپنے خدا کا نافرمان ہوتا ہے۔ اگر حس ہو تو فوراً معصیت کرنے کے بعد قلب پر ظلمت محسوس ہوتی ہے اور بعض نافرمانی کا یہ بھی اثر ہوتا ہے کہ آئندہ کے لئے عمل کی توفیق سلب کر لی جاتی ہے۔ معصیت میں ایک اور خاصیت یہ بھی ہے کہ اس کے محکوم اس کی نافرمانی کرنے لگتے ہیں۔

## مصیبت معصیت کی علامت

جو مصیبت کہ گناہ کی سزا میں پہنچتی ہے، اس میں پریشانی محسوس ہوا کرتی ہے اور جو رفع درجات کیلئے ہوتی ہے، اس میں پریشانی نہیں ہوتی۔

## دل کے تباہ ہونے کی علامتیں

فرمایا دل کے تباہ ہونے کی علامتیں یہ ہیں:۔

۱- وعظ کرکے دل خوش ہو۔
۲- تعلقات ماسوئی اللہ (اللہ کے سوا دیگر تعلقات) میں دل پھنسا ہو۔
۳- یکسوئی سے کورا ہو۔
۴- نماز پڑھنے میں حظ نہ آتا ہو۔
۵- وعظ جتنا چاہے کہہ لے اس میں مزہ آتا ہو۔
۶- جلسوں میں شرکت کیلئے فوراً تیار ہو جائے۔

## رذائل کا امالہ کرنا چاہئے

فرمایا حضرت حاجی صاحب قدس سرہ کی تحقیق ہے کہ رذائل نفس کا ازالہ نہ کرے، بلکہ امالہ کر دے۔ بخل رہے بخل ہی مگر اس کا محل بدل دے۔ اور فرمایا بخل سخاوت کی ماں ہے۔

## اپنے عیوب پہچاننے کے طریقے

اپنے عیوب کو پہچاننے کے چار طریقے ہیں (۱) رہبر کامل (۲) ایسے ساتھی مل جائیں جو اس کے عیوب پر نگاہ رکھیں (۳) دشمنوں سے سن سن کر عیوب معلوم ہو جاتے ہیں (۴) دوسروں میں کوئی برائی دیکھے تو اپنے اندر غور کرے اور ہو تو نکالے۔

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ سے اپنے عیوب پوچھے۔ صحابہ کرام نے اپنے آپ کو حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کیا ہوا تھا ان کے بعد پھر آپس میں پوچھا کرتے تھے۔

وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ. کی آیت سے معلوم ہوتا ہے کہ صادق لوگ ہمیشہ ضرور رہیں گے۔ کوئی زمانہ ان سے خالی نہ ہو گا۔ جب تک یہ آیت موجود ہے صادقین کی معیت کا حکم باقی اور صادقین کا ہونا بھی ضروری۔ امام رازی رحمۃ اللہ علیہ نے ایسا ہی فرمایا ہے:

## مصائب کے وقت دستور العمل

فرمایا مصائب کو گناہوں کی سزا سمجھو یا ایمان کی آزمائش مگر یہ مت سمجھو کہ اللہ تعالٰی ہم سے ناراض ہوگئے ہیں۔کیونکہ یہ خیال خطرناک ہے اس سے تعلق ضعیف ہو جاتا ہے اور رفتہ رفتہ تعلق زائل ہو جاتا ہے۔

## پریشانی کا علاج

پریشانی کا علاج رضاء خالق کی سعی ہے۔پریشانی کا سبب ہمیشہ معصیت ہوتی ہے جس کی حقیقت خدا کی نافرمانی ہے۔

## رنج و غم کا علاج

ایسا شخص تلاش کیا جاوے جس میں یہ اوصاف ہوں:

۱۔ دل سے اپنا خیر خواہ ہو' محبّ وہمدرد ہو۔

۲۔ عاقل ہو' اور اگر صاحب تجربہ بھی ہو تو سونے پر سہاگہ۔

۳۔ رازدار ہو۔

۴۔ بے تکلف ہو' اگر اس کی رائے میں آپ کی غلطی ہو تو وہ اس کو محبت سے ظاہر کر دے۔

۵۔ اگر دیندار ہو تو نور علی نور' ایسا شخص مل جانے کے بعد کسی غم وفکر کا بوجھ اپنے دل پر نہ رکھا جاوے بلکہ ہر واقعہ کو جس سے خلجان بڑھنے لگے اس پر ظاہر کر دیا جایا کرے خود اس اظہار ہی میں خاصیت ہے کہ غم خفیف ہو جائے گا' اگر وہ کچھ تسلی دے یا کوئی مناسب تدبیر بتلا دے تو غم اور خفیف ہو جائے گا۔

تمام اعمال کی جڑ اخلاق ہی ہے کسی نے ظلم کیا یا سخت کلامی کی تو اس کا منشا تکبر ہے۔

## تجویز پریشانی کی جڑ ہے

فرمایا سارے دکھ اور پریشانی کا مدار یہی "تجویز" ہے کہ انسان اپنے لئے یا اپنے متعلقین کے لئے ایک خیالی پلاؤ پکا لیتا ہے اور اگر پہلے سے کوئی تجویز نہ ہو تو پریشانی کبھی پاس نہ پھٹکے۔

## راحت کا نسخہ

فرمایا تم اپنی طرف سے نہ بلا تجویز کرو نہ راحت 'بلکہ جو وہ تجویز کر دیں اس پر راضی رہو۔

## غیر اختیاری پریشانی مضر نہیں

فرمایا جس پریشانی میں اپنے اختیار کو دخل نہ ہو وہ ذرا بھی مضر نہیں 'بلکہ مفید ہے۔

## غیر اختیاری پریشانی مجاہدہ ہے

فرمایا پریشانی غیر اختیاری واقعی مجاہدہ اور خیر ہی خیر ہے۔ اور پریشانی اختیاری میں نور نہیں ظلمت ہوتی ہے اور فرمایا جس مصیبت سے انقباض اور پریشانی بڑھے وہ تو گناہوں کی وجہ سے ہے اور جس سے تعلق مع اللہ میں ترقی ہو 'تسلیم و رضا زیادہ ہو۔ وہ حقیقت میں مصیبت نہیں۔ گو صورت مصیبت ہے اور صورت مصیبت رفع درجات و امتحان محبت کے واسطے ہے۔

## اصلاح یہ ہے

غیر اختیاری امور کے درپے نہ ہونا اور اختیاری امور میں ہمت کرنا 'اس میں

جو کوتاہی ہو جائے اس پر استغفار اور توفیق کی دعا کرنا اصلاح ہے۔ غیر اختیاری امور کے لئے صرف دعا ہی طریق ہے۔

## اختیاری کام کی فکر غیر اختیاری کام سے بے فکری

فرمایا یہ قاعدہ کلیہ عمر بھر یاد رکھنے کے قابل ہے کہ جو امور اختیار میں ہوں اور فضول نہ ہوں' ان کا تو قصد کرے اور جو اختیار میں نہ ہوں' ان کا ہرگز قصد نہ کرے۔ پریشانی تو ایسے شخص کے پاس نہیں پھٹک سکتی' خدا سے اپنا دل لگائے رکھے' پریشانی میں آدمی عبادت نہیں کر سکتا' جمعیت بڑی دولت ہے۔ مگر پھر پریشانی بھی وہی مضر ہے جو اپنے اختیار سے لائی جائے۔

## نصف سلوک

فرمایا غیر اختیاری امور کے درپے نہ ہوں اور اختیاری امور میں کوتاہی نہ کرو یہ نصف سلوک ہے۔

## دفع پریشانی کی توقع نہ رکھو

فرمایا پریشانی کے رفع ہونے سے تو امید ہی منقطع کر لینی چاہئے 'کیونکہ آپ تو پریشانی کیلئے پیدا ہوئے ہیں یہ تو جنت میں پہنچ کر ہی ختم ہوگی۔

## خیالات و وساوس کا علاج

غیر اختیاری وساوس کے دفع کا قصد نہ کیا جاوے' بلکہ اپنے کام میں زیادہ متوجہ ہونے سے وہ سب از خود دفع ہو جاویں گے۔

مجلس : ۲٦

# اصلاح قلب کا طریقہ

سابقہ ہفتہ حضرت حارث محاسبی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات سنائے تھے‘انہیں کے ملفوظات آج بھی سنا رہا ہوں‘اللہ نے ان حضرات کو باطنی امراض کا ڈاکٹر بنایا تھا جو ان امراض کی رگ رگ سے واقف ہیں اور باطن کے روگ کا خوب علاج بتاتے ہیں۔

## قلب کی اہمیت

فرمایا! حدیث میں ہے : انسان کے بدن میں اللہ نے ایک گوشت کا ٹکڑا دل رکھا ہے۔وہ ساری چیزوں کا مدار ہے‘وہ ٹھیک ہے تو سارا بدن ٹھیک ہے۔وہ خراب ہے تو سارا بدن خراب ہو جاتا ہے۔اس کو آج کے اطباء بھی مانتے ہیں کہ دل کمزور ہو تو سارے اعضاء صحیح ہونے کے باوجود کام نہیں کرتے‘ دل پر صحت کا مدار ہے اسی طرح باطن کی صحت کا مدار بھی دل پر ہے یہ صحیح ہو تو خلاف شرع کام سے بچ جاتا ہے اور دل غلط ہو تو خلاف شرع کام صادر ہوتے ہیں۔دل ٹھیک ہو تو آنکھ کان ہاتھ پیر سب صحیح کام کرتے ہیں اور دل غلط ہو تو آنکھ زبان کان سب غلطی کرتے ہیں۔

## قلب کی تندرستی اور بیماری

دل کی تندرستی کیا ہے؟اللہ جل شانہ کے ساتھ تعلق ہے‘اللہ سے غفلت اس کی بیماری ہے جتنا تعلق مع اللہ بڑھے گا دل تندرست ہو گا اور سارے اعضاء ٹھیک کام کریں گے اور دل کا تعلق صحیح نہ ہو‘اللہ سے غافل ہو تو سارے اعضاء غلط کام کریں گے۔ نماز سے گھبرائے گا ناچ رنگ کو اچھا سمجھے گا قرآن سے بھاگے گا فضول

باتوں میں مزا آئے گا غرض دل کی صحت گناہوں سے بچاتی ہے مشین کا انجن دوسری طرف چلے تو پرزے دوسری طرف کیسے چلیں گے دل تو دنیا پرستی میں لگا ہے' خدا راضی ہو ناراض ہم تو کوٹھی بنائیں گے ہم کو تو فلاں عہدہ حاصل کرنا ہے رسول کی ناراضی کی کیا پرواہ ہے کسی سے خلاف شرع بات کرو' رشوت دو' جھوٹ بولو خدا اور رسول کی پرواہ نہیں ہوتی چونکہ دل کا رخ دوسری طرف ہے بس ان خواہشات کو پورا کرنے کی فکر ہے' دل کے ماتحت سارے اعضاء ہیں اس کی درستگی کس سے ہوتی ہے؟ یوں تو خدا اپنی شان سے کسی کو نواز دے یہ الگ بات ہے مگر کام تو عمل سے ہوتا ہے اور دل کی درستگی کا عمل کیا ہے ایک اللہ کی یاد اور کثرت سے ذکر اللہ دوسرے صحبت اہل اللہ۔

## اہل اللہ کی صحبت

تو ذکر اللہ بھی کام نہیں دیتا جب تک صحبت اہل اللہ نہ ہو' سب سے زیادہ موثر چیز یہی ہے۔ان کی صحبت سے ہی ذکر اللہ کی توفیق بھی ہو جاتی ہے' جیسا باطن کا اثر ظاہر پر آتا ہے ایسے ہی ظاہر کا باطن پر آتا ہے مثلاً دل تو غافل ہے اللہ سے اور زبان سے روزانہ اللہ اللہ کر رہا ہے تو کسی نہ کسی وقت دل بھی قابو میں آجائے گا جس کا دل غافل ہو' اہل اللہ اس کے لئے وظائف بتاتے ہیں دل پر تو جبر نہیں زبان کو لگام دو۔پھر اس کا اثر دل پر بھی آئے گا ایک عالم درویش نے کہا گناہ تو بے گنے کرتے ہو اور تسبیح گن گن کر کرتے ہو بات تو درویشانہ ہے مگر بزرگوں کی صحبت کا اثر ہے کہ جواب میں کہا اللہ کا نام اتنی دفعہ لینا نفس کو پابند کرنے کے لئے ہے کہ اتنی بار تو نام لینا ہی پڑے گا' کیونکہ نفس بے قابو ہے ذرا دیر میں کہہ دے گا ہو گئے بارہ ہزار اتنی دیر ہو گئی اس لئے اس کے کید سے بچنے اور مطالبہ پورا کرنے کے لئے گنتی رکھی ہے۔

## اصلاح قلب کیلئے وقت نکالنے کا طریقہ

کہنے کی بات یہ ہے کہ قلب کی درستی ذکر اللہ اور صحبت اہل اللہ سے ہوتی ہے

آج کہاں سے لاؤ یہ چیزیں سارا دن فرصت نہیں ٹائم ہی نہیں ملتا جواب دیا ٹائم اس لئے نہیں کہ اللہ نے تندرستی دے رکھی ہے ابھی ذرا کان میں درد ہو جائے سارا ٹائم نکل آئے گا۔وقت تو نکالنے سے نکلتا ہے بعض لوگ انتظار میں رہتے ہیں فرصت کی، جب فرصت ہوگی تب ذکر اللہ کریں گے تم تو فرصت کا انتظار کر رہے ہو اور فرصت تمہارا انتظار کر رہی ہے عمر بھر تم کو فرصت نہیں ملے گی یہ تو نکالنے سے نکلے گی گھر کی ضروریات کے لئے مقدمہ کے لئے دوا کیلئے نکالتے ہو۔ صحبت اہل اللہ کے لئے کیوں نہیں نکالتے جس مالک نے سب کچھ دیا ہے نفس کی خاطر تو چوبیس گھنٹے میں سے کتنے نکالتے ہو۔اللہ کے شکر کے لئے کتنا وقت نکالتے ہو۔وقت نکلتا نہیں ہے نکالا جاتا ہے نفس سے مطالبہ کرو کہ آرام اور کھانے کمانے اور بچوں میں کتنا وقت لگاتا ہے اور ذکر کے لئے کتنا مقرر کیا۔ حضور ﷺ نے تو دن میں دو تہائی اور رات میں دو تہائی اللہ کی یاد کیلئے نکالا ہے تم چوتھائی آٹھواں کچھ تو نکالو آٹھواں حصہ جو بہت کم ہے وہ تین گھنٹہ ہے اس میں بھی بہت کچھ کر سکتے ہو۔اب یہ سمجھ لو کہ ادنی درجہ آٹھواں حصہ یعنی تین گھنٹہ ہے جس میں نفس کی بیوی کی کاروبار کی کوئی شمولیت نہ ہو اب اس میں اگر سب نمازیں بھی شامل کر لو تو بہت خشوع سے دو گھنٹہ ہوتے ہیں یعنی نمازوں کے علاوہ ایک گھنٹہ نکالو اس لئے کہ علاج کرنا ہے دل کا۔ہمارا دل بیمار ہے۔اب اس میں کیا کرو، سب سے اچھا یہ ہے کہ کسی اللہ والے سے رابطہ پیدا کرو، اپنی باگ اس کے ہاتھ میں دیدو جب تک ڈاکٹر کی رائے سے علاج نہ کراؤ گے صحت کاملہ نہ ملے گی۔

## دین کا ضروری علم حاصل کریں

پہلے دین کے مسائل معلوم کرو، حضور ﷺ نے کس چیز کے لئے کیا حکم فرمایا کس سے اللہ راضی ہوتے ہیں کس سے ناراض جب تک راستہ معلوم نہ ہو تو چلو گے کہاں ایک زمانہ تھا کہ مسلمان گھرانوں میں دین ہوتا تھا کچھ ماں کو آتا ہے کچھ باپ کو آتا ہے سارے فرائض وواجبات بچہ ماں کی گود سے لیکر آتا تھا آج آٹھویں جماعت تک جو دینیات اسکول میں ہے وہ مسلمان بچہ کو تین سال کی عمر میں سیکھنا چاہئے اب گھر

میں تو خدا اور رسول کا ذکر نہ ہو۔ اسکول میں بیگانوں کی طرح سبق پڑھایا جائے۔ اس میں سے تیسرا حصہ یاد کرلو، پاس ہو جاؤ عمل کی ضرورت نہیں آج جاہل پیروں نے گیارہویں اور حلوا کھچڑا بس اس کا نام دین رکھ لیا ہے دین سیکھنے کا اصل راستہ یہ تھا کہ گھر میں سب دیندار ہوتے اب ماں کی گود باپ کی آغوش دونوں تو دین سے خالی ہیں بچہ کہاں سے دین سیکھے اسکول میں ٹیچر کو قرآن تو پڑھنا آتا نہیں۔ وہ کیا بچہ کو پڑھائے گا اور پڑھائے تو اثر کیا ہو گا غرض دین سیکھنے کا اور کوئی ذریعہ تو ہے نہیں ایک گھنٹہ روزانہ نکالو، علم دین سیکھو ہم میں کوئی ایسا نہیں جو کہہ سکے ہم کو علم دین پورا آتا ہے۔ آج کسی عالم مفتی کو بھی یہ دعویٰ نہیں ہو سکتا کہ ہم کو دین آتا ہے صرف نماز روزہ ہی دین نہیں معاملات اخلاق عادات معاشرت سب دین ہیں یہ سب سیکھنے کی چیزیں ہیں ایک مرتبہ میں درس قرآن دے رہا تھا کچھ لوگ تسبیح پڑھ رہے تھے وہ صرف ثواب کی خاطر مجلس میں بیٹھتے تھے ان کو کیا سمجھ میں آئے گا کیا سیکھے گا سیکھنے کی نیت سے جاؤ پیسہ اور وقت لگاؤ کسی کو استاد بناؤ تم اس کو ضروری کیوں نہیں سمجھتے پھر دین آئے گا کیسے ایک گریجویٹ نے مسئلہ پوچھا میں نے بتایا بولے سمجھ میں نہیں آیا۔ میں نے کہا گفتگو نہ سمجھے یا دلیل نہ سمجھے بولے مطلب سمجھ لیا دلیل سمجھ میں نہیں آتی میں نے کہا تم دلیل سمجھ بھی نہیں سکتے گھر میں تمہارے، علم نہیں کالج میں تمہارے علم نہیں دین کے راستہ سب بند ہیں آئے کہاں سے، آپ مجھے اقلیدس کی بیسویں شکل سمجھاؤ میں نے اس سے آگے پیچھے کچھ نہیں پڑھا انیسویں شکل بھی نہیں جانتا بولے جب تک ایک سے انیس تک نہ سمجھو گے بیسویں سمجھ میں آنا خلاف عقل ہے میں نے کہا بس یہی جواب ہے دین سمجھنے کے لئے درمیان سے کیوں کر دلیل مانگتے ہو علم حاصل کر، پھر آجائے گا اب کوئی شخص بی اے کی کتاب پڑھنا چاہے اور پرائمری تک سے واقف نہیں وہ کیسے سمجھے گا۔ غرض اللہ سے رابطہ قائم کرنا علم دین حاصل کرنے سے ہو گا ہزاروں نفل سے زیادہ ایک دین کا مسئلہ حاصل کرنا ہے کروڑوں روپیہ اللہ کی راہ میں صرف کرنے کا وہ درجہ نہیں جو دین کے ایک مسئلہ کو بتانے کی قیمت ہے جب ہی تو علم دین جس کو اللہ نے دیا ہے اس نے اپنا وقت زیادہ اس کے پھیلانے میں لگایا ہے غرض سب سے پہلی بات ایک گھنٹہ روزانہ نکالو علم بھی آئے گا

عمل بھی آئے گا مگر کسی کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیدو جب تک استاد نہ ہو گا صرف کتابوں سے بھی فائدہ نہ اٹھا سکو گے اور ذکر اللہ میں سب سے بڑا ذکر تلاوت قرآن ہے مگر شروع شروع میں ہر شخص سے تلاوت نہیں ہوتی اس لئے صوفیاء کرام اذکار بتاتے ہیں تاکہ تلاوت کے لئے میدان صاف ہو جائے۔

## اعمال کی درستی قلب کے تابع ہے

اعمال کی درستی قلب کے تابع ہے اور قلب کا تعلق اللہ کے ساتھ ہو جائے یہ ہے قلب کی صحت 'اس کا راستہ سب سے پہلے علم حاصل کرنا پھر ایسے کاموں سے بچنا جن سے اللہ اور رسول ناراض ہوں اور اس کا آسانی سے حاصل ہونا یہ ہے کہ کسی بزرگ کو تلاش کرلو' محنت کرو' ایسا آدمی مل جائے گا دنیا اللہ والوں سے خالی نہیں ہے تم اپنے جسمانی مرض کیلئے کیسے اچھے سے اچھا طبیب تلاش کرتے ہو اور اللہ والے سے عمل سیکھنے کے دوران ہی تم کو ذکر کی توفیق ہو جائے گی۔ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے جس ذکر سے تمہارے قلب کو راحت ملے وہی ذکر پہلے اختیار کرلو۔ اس کو دل قبول جلد کرے گا' ہروقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے ایک کلمہ زبان پر جاری رکھو یہ کرکے دیکھو انقلاب آجائے گا دل میں' مگر ہم تو کرتے ہی نہیں کوئی چیز کتنی پاس یا دور ہو چلنا ہر شکل میں پڑتا ہے جب قدم ہی نہ اٹھاؤ گے کیسے ملے گی۔

## اصلاح قلب ضروری ہے

آج کا حاصل یہ ہے کہ قلب کی اصلاح ضروری ہے آخرت کی نجات دنیا کی عافیت چاہتے ہو تو قلب کی اصلاح کرو۔ قلب باطنی چیز ہے اس کا قابو میں آنا آسان نہیں اس کا علاج بعض اوقات دوسرے طریقہ سے کرتے ہیں جیسے انجکشن کہ دوسرے راستہ سے دوا داخل کرتے ہیں اسی طرح قلب کو ٹھیک کرنے کے لئے پہلے جوارح کا عمل صحیح کرو۔ ہاتھ پاؤں آنکھ کان زبان کو ذکر اللہ میں لگاؤ۔ یہ علاج دیرپا نہیں جیسے انجکشن مگر فوری رخ بیماری کا اس سے پھر جاتا ہے۔ فرائض کے بعد نوافل

میں مساجد میں تلاوت میں عادت سے زیادہ وقت لگاؤ بہت سے لوگ عبادات میں زیادہ وقت لگاتے ہیں مگر علم دین زیادہ نہیں ہوتا ان کو چاہئے پہلے علم دین حاصل کریں غرض دل کے امراض کا علاج علم دین، ذکر اللہ اور صحبت اہل اللہ ہے۔

## نفس کے حیلے بہانے

آج ہمارا نفس کہتا ہے اللہ والے کہاں ہیں وہ مولوی الگ یہ عالم الگ سب میں کیڑے ہیں ہم نے سب مولویوں کو دیکھ لیا سب دوکاندار ہیں یہ نتیجہ محض نفس کا دھوکہ ہے۔ جب یہی بات ہے تو بتاؤ کون سا ڈاکٹر مخلص ہے کونسا وکیل مخلص ہے سب پیسہ کھینچنے والے ہیں کون تمہارا اصل خیر خواہ ہے ہزاروں لاکھوں میں ایک ایسا ہوگا جو خیر خواہی کرے گا۔ جب خود غرضی اتنی ہے تمہارا نفس یہ کبھی کہتا ہے کہ سارے ڈاکٹر مطلب کے ہیں اب علاج ہی چھوڑو۔ جو ہمارا جی چاہے گا کھائیں گے پئیں گے جب سارے وکیل مطلبی ہیں تو چھوڑو، ان وکیلوں کو ہم خود اپنا مقدمہ لڑیں گے دودھ خالص نہیں ملتا چھوڑو دودھ کو، پانی پینا شروع کرو۔ آٹا خالص نہیں چھوڑو مٹی کی روٹی پکاؤ۔ نہیں دنیا کے معاملہ میں چاہے ایک کے دو خرچ کر دیں جہاں چیز اچھی ملے لائیں گے جو ڈاکٹر اچھا ہو، اس کے پاس جائیں گے۔ وہاں شیطان یہ نہیں بتاتا کہ سارے ڈاکٹر چھوڑو۔ دین کے لے بتاتا ہے سارے مولوی چھوڑو۔ اس لئے کہ سارے مولوی چھڑا کر شیطان خود اس کا مولوی بننا چاہتا ہے اللہ والے اس دنیا میں آج بھی ہیں اللہ کا وعدہ ہے کہ ایسے لوگ ضرور ملیں گے دودھ کا وکیل کا وعدہ نہیں اللہ کا وعدہ صادقین کی صحبت کا بہت جگہ ہے اور یہ وعدہ قیامت تک کے لئے ہے سچے لوگ اگر قیامت تک ملنے والے نہ ہوتے تو اللہ کا یہ وعدہ نہ ہوتا۔ گھی، آٹا اور دودھ خالص ملنے کا وعدہ اللہ نے نہیں کیا، ہاں اللہ والوں کے لئے ضرور وعدہ ہے۔ ایک دھوکہ شیطان کا یہ ہے کہ جب ہم کبھی کسی عالم کی تلاش میں نکلتے ہیں تو معیار ذہن میں ہوتا ہے۔ عمر رضی اللہ عنہ اور جنید علیہ الرحمۃ کا جو اس کے خلاف ہو اس کو متقی ہی نہیں سمجھتے یہ نہیں خیال کرتے کہ تم خود کہاں پڑے ہو ان کے زمانہ کے آدمی بھی ایسے ہی تھے جیسے بزرگ، اور جیسی روح ویسے فرشتے آج جیسے تم عیوب سے بھرپور ہو ان میں

سے ہی کچھ بہتر مل سکتے ہیں۔ابوبکر ﷺ اور عمر ﷺ نہیں آئیں گے جنید و شبلی نہیں آئیں گے، امام غزالی نہیں آئیں گے۔ آج کوئی یہ کہے کہ بیمار ہوں مگر علاج کراؤں گا اجمل خان سے تو پھر وہ مرجائے گا شفانہ ہوگی۔ہاں یہ دیکھ لو کہ ان کا شاگرد ہوان کے شاگرد کا شاگرد ہوان کے اصولوں پر علاج کرنے والا ہو۔بس اس کو پکڑ لو۔

## اہل اللہ کی علامات

جو شخص شریعت پر مضبوطی سے چل رہا ہے چاہے عمل میں کوتاہیاں ہو، چاہے عملوں میں کمزوری ہو۔بس بڑی بات یہ دیکھو کہ دنیا کی فکر غالب نہیں ہے وہ دنیا میں کھویا ہوا نہیں ہے آخرت کی فکر غالب ہے، حالات یہ ہوں کہ اکثر گناہوں سے بچنے کی فکر ہو یہ نہیں کہ گناہوں سے بالکل پاک ہو۔ہاں بچنے کی فکر ہو، اللہ کی یاد غالب ہو، بس وہ تم کو پہنچادے گا اللہ کے راستہ پر۔دوسرے یہ کہ اس کی مجلس میں بیٹھ کر اللہ کی یاد آئے۔علم دین بقدر ضرورت پڑھا ہوا ہو۔حلال حرام سے بچنے کی فکر میں لگا ہو، اس کے ساتھ رہنے سے دنیا کی یاد کم آئے دین کی فکر زیادہ ہو، خدا یاد آئے، دنیا سے انہماک کم ہو وہ سونا ہے وہ موتی ہے اگر اس میں کوئی عیب بھی ہے اس کی طرف نظر نہ کرو۔وہ تمہارے لئے کافی ہے۔ایک بزرگ فرماتے ہیں جب میں اپنے اُستاد کے پاس جاتا تو راستہ میں دعا کرتا اے اللہ میرے استاد کا کوئی عیب مجھ پر ظاہر نہ ہو یہ نہیں کہ عیب نہ ہو بلکہ عیب ظاہر ہوا تو وہ تو توبہ کرکے پاک ہو جائے گا میرے دل میں جو نقص پڑ جائے گا وہ ٹھیک نہ ہو گا۔غرض آج کے شیخ کی خصوصیات یہی ہیں کہ آخرت کی فکر غالب ہو۔اس کے ساتھ اللہ کی یاد تازہ ہوتی ہو۔گناہوں سے بچنے کی کوشش کرتا ہو۔علم دین بقدر ضرورت جانتا ہو بس اس کو پکڑ لو۔اگر اس تلاش میں رہے کہ جنید آئیں گے تو وہ تو قیامت تک آئیں گے نہیں نہ تو یہ کرو کہ جو لمبے کرتے بڑی ڈاڑھی ہاتھ میں تسبیح والا دیکھا بس اس کے ہاتھ چومے بلکہ اوپر کی باتیں بنیادی ہیں وہ ضرور سمجھ لو اور پرکھ لو پھر آنکھ بند کرکے اس کے ہاتھ میں اپنا ہاتھ دیدو۔غرض قلب کی صحت اللہ کا ذکر۔اہل اللہ کی صحبت اور علم دین بقدر ضرورت حاصل کرنے میں ہے۔

مجلس : ۲۷

# اللہ والوں کی محبت کا صلہ

حضرت کے ملفوظات کا کچھ حصہ ہے فرمایا خواجہ صاحب نے عرض کیا بزرگان کاملین دین کی دولت دینے میں سخی ہوتے ہیں کہ ہر مسلمان کو حصہ دین کا ملے مگر اختیار میں تو بندہ کے ہے نہیں کہ سب مسلمانوں کو پہنچائیں یہ تو انبیاء کرام کا حصہ ہے لیکن نائبین کو بھی کچھ حصہ ملتا ہے ان کی خواہش بھی یہ ہوتی ہے کہ تمام انسان دین کی طرف آجائیں مگر اختیار میں ان کے یا کسی کے ہے نہیں ہدایت تو اللہ کے ہاتھ میں ہے تاہم انبیاء کرام کے دلوں میں یہ تڑپ ہوتی ہے چنانچہ قرآن پاک میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا ہے ''کیا آپ اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالیں گے اس غم میں یہ اسلام کیوں نہیں لاتے'' اس سے حضور ﷺ کے دل کی تڑپ کا اظہار ہوتا ہے حضرت ابو طالب کے لئے کتنے متفکر تھے آخر وقت تک چچا سے کلمہ کے لئے فرماتے رہے صرف کلمہ پڑھنے پر ہی اصرار کیا مگر انہوں نے کہا کہ لوگوں کے انگلی اٹھانے کی وجہ سے میں کلمہ نہیں پڑھتا۔ حالانکہ میں جانتا ہوں کہ دین تمہارا ہی سچا ہے۔ ایسے ہی اللہ پاک اپنے مخصوص بندوں کو یہ داعیہ دیتا ہے ان کی فکر وہی ہوتی ہے جو انبیاء کی فکر ہوتی ہے کوئی مانے یا نہ مانے' اس پر حضرت نے فرمایا۔ اللہ والوں کی یہ برکت ہوتی ہے کہ جو ان کو راضی رکھتا ہے اس پر اللہ پاک اپنا فضل فرما ہی دیتے ہیں کسی بزرگ سے کچھ تعلق ہے تو اللہ پاک اس کو انعام دے ہی دیتے ہیں تجربہ یہی ہے۔

## عالم کی تعظیم باعث مغفرت ہے

ایک مرتبہ امام احمد بن حنبل اور ایک شخص ایک نہر پر وضو کر رہے تھے امام صاحب نیچے کی طرف تھے وہ مخالف طرف اس نے خیال کیا یہ بے ادبی ہے کہ میرے

وضو کا پانی ان کی طرف جا رہا ہے وہ اٹھا اور ان کے نیچے کی طرف جا بیٹھا بس اتنا عمل اس نے کیا ایک بزرگ کی ای۔انتقال کے بعد اس کو کسی نے خواب میں دیکھا پوچھا کیا گذری کہا اور تو کچھ میرے پاس نہ تھا صرف حضرت امام کے ایک دن کی تعظیم کرنا کام آگئی۔اسی واسطے حدیث میں ہے کہ "کسی چھوٹے عمل کو چھوٹا نہ سمجھو نہ معلوم اللہ پاک کو کونسا عمل پسند آجائے"۔ ہر نیک عمل میں خاصیت ہے مغفرت کی جیسے طاقت کی بہت سی دوائیں ہیں سب کی خاصیت روح کو تازگی دینا ہے کسی نیک عمل کو حقیر سمجھ کر چھوڑ نہ دو اگر وہ پسند ہوگی تو تمام اعمال جو بڑے سے بڑے ہیں ان سے بھی بڑھ جاتی ہے۔دوسرے یہ کہ ہر گناہ میں خاصیت ہے عذاب کی' اسی لئے چھوٹا گناہ چھوٹا سا سمجھ کر نہ کر ڈالو نہ معلوم اس کا عذاب کبیرہ گناہ سے بھی بڑھ جائے اکثر لوگ سوال کرتے ہیں یہ گناہ کبیرہ ہے یا صغیرہ مطلب یہ ہے کہ نفس کو اشارہ مل جائے صغیرہ ہے تو کر ڈالیں میں اس کا جواب یہ دیتا ہوں کہ اگر چھوٹے سانپ چھوٹے بچھو سے ڈسوانا تم کو پسند ہے تو اس صغیرہ کو کر ڈالو۔یہ بڑی اہم بات ہے اور چھوٹی نیکی کی مثال ہے جیسے ایک شخص کو ہنس کر سلام کرنا یا بات کرنا یا نرمی سے جواب دینا۔کوئی شخص بات پوچھے اس کو توجہ اور بے توجہ سے جواب دینے میں زمین آسمان کا فرق ہے ایک صاحب نے کہا نماز تو میں پڑھتا نہیں مگر چاہتا ہوں کہ اذان سن کر کچھ دعا ہی کر لیا کروں اب اگر آدمی یہ سمجھے کہ نماز پڑھتا نہیں پھر دعا پڑھنے کا کیا فائدہ؟ مگر میں نے اس کو دعا بتا دی بس اثر یہ ہوا کہ کچھ دن بعد وہ نماز پڑھنے لگا یہ میرا خود کا تجربہ ہے' ایسے ہی آدمی ایک برائی اختیار کرتا ہے تو دوسری برائی خود آجاتی ہے۔

## مشائخ کی نظر

فرمایا ظاہری اعمال پر بزرگوں کی زیادہ نظر نہیں ہوتی نماز روزہ زکوۃ' حج یہ تو محض ارادہ کا بدلنا ہے۔بے نمازی ایک منٹ میں نمازی ہو سکتا ہے اور اسی طرح فاسق ایک منٹ میں متقی ہو سکتا ہے اس پر بزرگوں کی نظر نہیں ہوتی چونکہ یہ بگڑے ہوئے اعمال درست ہونا زیادہ مشکل نہیں۔لیکن بڑی چیز اخلاق باطنہ ہیں مثلاً تکبر

وغیرہ اپنے کو بڑا سمجھتے ہیں یہ ارادہ کریں بھی کہ میں تکبر چھوڑ دوں تو چھوڑنا بہت دشوار ہے اگر اس کو سمجھائیں کہ ایک ذرہ کبر ہوگا تو جنت میں نہ جائے گا مگر اس کے دل سے نکلنا بڑا مشکل ہے وہ یہ جانتا ہے کہ یہ سب جاہل ہیں میں دین کا علم جانتا ہوں یہ سب بے نمازی ہیں میں نمازی ہوں سب بے ڈاڑھی والے ہیں میں ڈاڑھی رکھتا ہوں یہ کبر بڑی مشکل سے جاتاہے جیسے ساٹھ برس کا رام ایک دم دل سے نہیں نکلتا اول تو اس کا علم ہوتا کہ میں حب جاہ میں کبر میں حب مال میں مبتلا ہوں بڑا مشکل ہے اور اگر علم ہو جائے تو اس کا نکلنا بڑا دشوار ہے۔چنانچہ اعمال ظاہری کے چھوڑنے پر اتنی پکڑ نہیں کرتے جتنی اعمال باطنہ پر توجہ ہوتی ہے چونکہ یہ بڑے نقصان کی چیز ہے۔

## ہاتھ چومنے کی رسم

فرمایا کہ مصافحہ کے بعد ہاتھ چومنے کی رسم کو موقوف کرنا چاہئے چونکہ مصافحہ سنت ہے اور چومنا گو جائز ہے مگر سنت تو نہیں اس لئے کہ چومنا دل کے جذبہ سے ہوتاہے اب جذبہ کسی وقت ہے اور کسی وقت نہیں اور جس وقت جذبہ نہ ہو غلبہ نہ ہو اور پھر چومے تو یہ ریاکاری ہے اور پھر یہ بجائے ' کے تعذیب ہو جاتی ہے بعض وقت اعتقاد ہوتاہے جوش نہیں ہوتا ہاں کسی وقت جوش ہو تو منع نہیں مگر جوش بھی نہ ہو اور دکھاوا ہو یا دوسروں کو تکلیف ہوتی ہو تو اس حالت میں مصافحہ بھی منع ہے۔

مجلس : ۲۸

# فلاح کی حقیقت

فلاح نام ہے مکمل کامیابی کا یعنی دس چیزیں مانگے تو دسوں چیزیں مل جائیں دس تکالیف سے نجات چاہے تو ہر طرح نجات مل جائے کیا ایسا اس دنیا میں کسی کو مل سکتا ہے؟ کسی آدمی کو یہ مکمل کامیابی اس دنیا میں ممکن نہیں ہے یہ مکمل کامیابی تو آخرت میں مل سکتی ہے اسی کا وعدہ قرآن میں ہے جابجا۔ آج کل دنیا والوں نے پیسہ ملنے کو فلاح سمجھ رکھا ہے۔ایک شاعر نے اپنی بیوی سے پوچھا نماز کیوں پڑھتی ہے اس نے کہا اس لئے کہ جنت ملے گی۔اس نے کہا جا بیوقوف تجھے وہاں بھی کمزور غریب ہی ملیں گے دیکھ ہم دوزخ میں جائیں گے جہاں بڑے بڑے آدمیوں کا ساتھ ہوگا۔ دراصل فلاح نام ہی مکمل کامیابی کا ہے اور یہ آخرت میں حاصل ہوگی۔

## نماز میں کامیابی

اصل بات یہ ہے کہ کامیابی نماز سے حاصل ہوتی ہے' بے نمازی آدمی کتنا ہی حسین ہو اس کے چہرہ پر رونق نہیں آتی۔نمازی کتنا ہی کلوٹا ہو مگر رونق چہرہ پر ظاہر ہوتی ہے۔

## غفلت اور بے حسی

دل کی حس جب ختم ہو جاتی ہے تو اسکو برائی' برائی نظر نہیں آتی بے فکری ہو جاتی ہے برائیوں سے' کتنے گناہ کرتا رہے پرواہ نہیں رہتی جس طرح بے ہوش کا بدن کاٹ دو تو خبر نہیں ہوتی اسی طرح دل کی حس جس کی ختم ہو جائے اس کو کچھ تمیز نہیں رہتی مگر ایک دن جب ہوش آئے گا تو بدن کے زخموں اور تکالیف کا پورا احساس

آجائے گا آج ہاتھ جلتا ہوا نظر نہیں آتا اس لئے کہ حس ماری گئی ہے نشہ کب اترے گا جب ہمارا ظاہری ہوش جائے گا۔ جب آنکھیں ظاہری بند ہوں گی تب باطنی آنکھیں کھلیں گی جیسے سونے والے کو کچھ خبر نہیں ہوتی اس کے آس پاس کیا ہو رہا ہے۔ ہر انسان سو رہا ہے اور بیدار جب ہو گا جب اس کو موت کی ہچکی آئے گی سونے والے کو نفع نقصان کا کچھ پتہ نہیں چلتا' ہاں جب بیدار ہو گا تب سب معلوم ہو جائے گا۔

حقائق کا پتہ بھی جب ہی لگے گا۔ ہندو بھی مجاہدے کرتے تھے آنکھیں بند کر کے' چاہے انکو آخرت میں کچھ نہ ملے مگر دنیا میں بھی ایک لذت ان کو ملتی تھی۔ آج دل کی حس ماری ہوئی ہے جھوٹ بولیں سچ بولیں کچھ فرق نظر نہیں آتا یہ گناہ ہمارے لئے کلوروفارم بن گئے ہیں دل پر ایک نکتہ سیاہ لگ جائے اس وقت وہ بھاری معلوم ہوتا ہے بار بار اس کی طرف نگاہ جاتی ہے تکلیف دہ ہوتا ہے پھر اگر کپڑے پر دو چار دس بیس پچاس نکتے لگ جائیں تو پھر اس کو احساس نہیں ہوتا بلکہ اور نکتے پڑ جائیں تو بھلا معلوم ہوتا ہے اسی طرح پہلے گناہ پر اگر متنبہ ہو گیا تو اس کو توبہ سے دھو لیتا ہے پھر بار بار نکتے پڑ کر سارا دل سیاہ ہو جاتا ہے جس طرح سانپ کاٹے ہوئے کو نیم کھلا دو تو اس کو کڑوا نہیں لگتا دل کی حس مرنے سے اچھے برے کی تمیز جاتی رہتی ہے۔

## گناہوں کی آگ

گناہوں کی آگ دوزخ کی آگ ہے جو دلوں پر غالب آجاتی ہے اس کا اصل محل قلب ہے یہ بدن کو نہیں جلاتی اس کا مرکز دل ہے جیسے بجلی کے تار کو پکڑ لیا ہو بدن نہیں جلا دل پر اثر ہوا زندگی ختم ہو گئی' ظاہراً کچھ نہیں معلوم ہوا۔ اللہ پاک نے فرمایا۔ اس کی آگ اللہ کی آگ ہے' یہ دلوں کو کھاتی ہے جہنم کی آگ کیا ہے اس کی تفصیل قرآن میں ہے آگ میں ڈال دیا تو پھر دل کو کھانے کا خصوصی ذکر کیوں ہوا سارے بدن میں دل بھی داخل ہے پھر دل کا ذکر کیوں ہے اس کا اصل جواب یہ ہے کہ دنیا کی آگیں جتنی ہیں وہ دل سے پہلے جسم کو نقصان پہنچاتی ہیں یہاں تک کہ دل پر آگ پہنچنے سے پہلے ہی وہ مر جائے گا زندگی کی حالت میں آگ دل تک نہیں پہنچ

سکتی اس لئے دوزخ کی آگ پہلے دل پر پہنچے گی چونکہ موت تو وہاں آئے گی نہیں اس لئے براہ راست اس کا اثر دل پر ہو گا جس آگ کا دل پر اثر ہو وہ آگ کیسی ہوگی؟

یتیموں کا مال کھانے کو آگ کے انگارے بتایا ہے ہم دیکھتے ہیں کہ وہ تو خوب مزے سے عیش اڑا رہا ہے بات یہ ہے کہ اس بے ہوشی کی حالت میں اس کو پتہ نہیں آنکھ بند ہوتے ہی پتہ لگ جائے گا کہ وہ ساری آگ تھی۔ ظاہری جسم کو نہیں چھوتی براہ راست دل پر جاتی ہے دل کی حس ماری جاتی ہے۔

## گناہ گاروں کو سکون نہیں

اور دعویٰ ہے کہ گناہگار کا دل کبھی چین سے نہیں رہ سکتا ہمیشہ بے چین رہے گا کروڑوں روپے کے مالک کو دیکھ کر دھوکہ ہوتا ہے کہ یہ بڑے مزے میں ہے ارے وہ کم نصیب راحت کو جانتا ہی نہیں، دن رات فکر و غم میں مبتلا ہے فلاں جہاز نہیں آیا وہ مشین ٹوٹ گئی ہے۔

جز بخلوت گاہ حق آرام نیست　　　　ہیچ کنجے بے ددو بے دام نیست

## راحت تعلق مع اللہ میں ہے

جہاں اللہ کی یاد ہوتی ہے بس فکروں غموں جھگڑوں سے نجات ہے تو وہاں ہے جس کا تعلق اللہ پاک سے جڑ گیا بس راحت اس کو ملی۔ یہ کام کرنے کا ہے اگر بے فکری چاہتے ہو تو اللہ سے تعلق جوڑ لو ؎

جو بچنا ہو غموں سے آپ کا دیوانہ ہو جائے

اللہ کو اتنا یاد کرو کہ لوگ تم کو دیوانہ کہنے لگیں۔ارے جو دیوانہ نہیں ہوا وہ دیوانہ ہے ورنہ فرزانہ تو وہی ہے جو دیوانہ ہو جائے اور جس نے اللہ سے رشتہ جوڑلیا وہ دنیا میں بھی فلاح پاتا ہے اس کا اللہ پاک نے قرآن میں وعدہ کیا ہے ہم اس کی دنیا میں بھی مدد کریں گے۔

ہر تکلیف پر جب نظر اللہ پر ہو کہ یہ میرے اللہ نے میرے لئے پسند کیا ہے تو

پھر وہ تکلیف نہیں رہتی جسم کو اگرچہ تکلیف ہو مگر دل ان کا مطمئن رہتا ہے بخلاف عوام کے کہ جسم کو تکلیف کم ہو یا زیادہ مگر دل بہت خوفزدہ اور پریشان ہوتا ہے۔ اللہ پاک حکیم بھی ہیں اور رحیم بھی ہیں ہر تکلیف پر اگر سوچے کہ اس تکلیف کا انجام اللہ نے بہتر رکھا ہے تو اس کا حال وہ ہو گا کہ آپریشن کرانے خود ہسپتال جاتا ہے ڈاکٹر سے کہتا ہے خوشامد کرتا ہے چونکہ جانتا ہے کہ آپریشن سے وقتی تکلیف ضرور ہے مگر پھر آرام آجائے گا تو اس کو آپریشن سے کیا اثر ہو گا ایک آدمی چھرا مار دے اور ایک ڈاکٹر چاقو سے آپریشن کرے تکلیف پریشانی کس میں زیادہ ہے؟ ڈاکٹر کے چاقو سے پولیس کو بلانا بھاگ دوڑ گالی کوسہ کچھ نہیں اگرچہ اس سے کم زخم کسی کے چاقو مارنے سے آئے تو کتنی بھاگ دوڑ دشمنی لاٹھی گالی ہوتی ہے۔ حضرت امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کے جب کوڑے لگتے خون نکلتا تو کہتے ہم کو وہی چیز پہنچے گی جو اللہ نے ہمارے لئے لکھی ہے۔ خلاف طبع بات جب ہوتی تو حضور ﷺ فرماتے۔

مَاشَاءَ اللهُ كَانَ مَالَمْ يَشَاءْ لَمْ يَكُنْ.

(حق تعالیٰ نے جو چاہا وہ ہوا اور جو کچھ نہ چاہا وہ نہ ہوا)

کیا آسان نسخہ ہے غموں سے نجات پانے کا ساری قلبی تکلیف دور ہو جاتی ہے جس کی نظر اللہ کی طرف نہ ہو تو دنیا بھر کے لڑائی جھگڑے نزاع پیدا ہو جائیں۔ جو آدمی یہ سمجھ لے کہ دوست کی بھلائی اور دشمن کی برائی اللہ کے حکم سے ہو رہی ہے تو کسی سے لڑائی جھگڑا نہ ہو۔

ایک دفعہ حضرت کے کوئی درد تھا "يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ارْحَمْنِي." بار بار کہا، پھر خیال آیا یہ درد بھی تو رحمت ہے اللہ کی اس لئے کہ مومن کو جب تکلیف مرض، مصیبت آتی ہے اس کے بعد اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں درجات بڑھتے ہیں یوں طبعی برداشت نہ ہو تو اس کی درخواست اللہ سے کر سکتا ہے 'ارحمنی بھی کہہ سکتے ہو مگر یہ کہو کہ:

یا اللہ! میں اس رحمت کے برداشت کرنے کے قابل نہیں اس سے نجات' آرام دے اور آرام کی رحمت عطا فرما۔ اگر آدمی کے سر پر دو من سونا رکھ دے اور کہے یہ تمہارا ہے مگر سر پر سے نہ اتارنا تو فریاد کرو گے برائی نہیں کرو گے' یہ کہہ مجھ

سے اتنی برداشت نہیں اس سے کم دیدو۔

## اللہ کا تعلق بڑی نعمت ہے

خلاصہ یہ ہے کہ تعلق مع اللہ بہت بڑی چیز ہے یہ اپنے کو عاقل کہنے والے عاقل نہیں یہ سارے دنیا کے لوگ نابالغ ہیں جس طرح نابالغ کو شہوت کی لذت نہیں معلوم' وہ کیا جانے حور میں کیا ہے۔ سوائے اس کے جو ہوا وہوس سے چھوٹ جائے' آنکھیں صحیح کھل جائیں تو دنیا میں کوئی چیز حاصل کرنے کی نہیں' سوائے اللہ سے تعلق کے باقی سب فنا ہے۔ سب یہاں رہ جائے گا۔

## آخرت کی کرنسی

ایک ملک سے دوسرے ملک میں جاتے ہو اس کا سکہ وہاں بازار میں نہیں چلتا' ہر ملک کی الگ کرنسی ہے اگر وہاں کے ملک کی کرنسی پاس ہے تو وہاں سودا مل سکتا ہے۔ اللہ کی رضا سب سے بڑی کرنسی ہے آخرت کیلئے اس سے بڑھ کر دنیا میں کچھ نہیں اس کو حاصل کرو' فقط آخرت کا نہیں بلکہ دنیا میں بھی اس سے کامیابی ملتی ہے کس کی مجال ہے کہ اللہ جس کیساتھ ہو اس کو کوئی پریشان کرے۔ دنیا میں جتنی بڑی سے بڑی فلاح مل سکتی ہے وہ اللہ کے ساتھ تعلق جوڑنے میں مل سکتی ہے چین آرام سکون سب اسی میں ہے اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے اس کے احکام کی تعمیل کرنے میں اسی کا نام تقویٰ ہے جن چیزوں کو اللہ نے منع فرمایا ہے اس سے بچے جس کے لئے حکم دیا ہے وہ کرے۔

## علمی اور عملی قوت میں کمی

فرمایا ہماری قوت عملیہ اس لئے کمزور ہے کہ قوت علمیہ کمزور ہے نماز میں اٹھنے میں تساہل کیوں ہے اس کا علم نہیں یقین نہیں کہ آخرت میں خدا کے سامنے جواب دینا ہے' کھڑے ہو کر حساب دینا ہے۔ نماز کی صفوں کے آگے پیچھے والوں میں

جو فرق ہے اس کے درجات کیا ہیں۔ صرف اس کا اشارہ کیا ہے درجات نہیں بتائے۔ فرمایا اگر لوگوں کو پتہ لگ جاتا کہ صف اول میں کیا درجہ ہے تکبیراولیٰ کی کیا فضیلت ہے تو جھگڑے ہو جاتے قرعہ اندازی ہوا کرتی۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہ طور پر آگے جاکر کہا کہ قوم تو پیچھے آرہی ہے میں اس لئے آگے آیا کہ آپ راضی ہو جائیں۔

تو ہمارا عقیدہ کمزور ہے کہ ہمارے آگے اور پیچھے جانے کو اللہ پاک دیکھ رہے ہیں اگر گناہ کا وبال پورا معلوم ہوتا تو کوئی گناہ صادر نہ ہوتا جیسے زہر کے اثر کا علم ہے کبھی آزمائش کے لئے بھی نہیں کھایا جس کو اللہ اور رسول ﷺ نے بتایا' غیبت ' ایذا رسانی' دل آزاری' سم قاتل ہے اس کا کوئی شعبہ بھی ہو مار کر ہی چھوڑتا ہے اگر علم بھی جاتا ہے تو یاد نہیں دھیان نہیں رہتا' اس لئے کرتے چلے جاتے ہیں اس کو جیسے اوپر سے گرنے کا علم ہے تو کوئی آزمائش کے لئے بھی گر کر نہیں دیکھتا' بہت سوں کو تو معلوم بھی نہیں کہ گناہ کا کیا عذاب ہے اور معلوم بھی ہو تو اس کا یقین پورا نہیں تو علم کی کمی عمل کی کمی بن جاتی ہے۔

## خلوت کی حقیقت

فرمایا خلوت کے معنی ہیں دل خدا کے ساتھ رہے' اگر مجمع میں بیٹھ کر اللہ کا ذکر کریں تو وہ بھی ذکر کی فہرست میں ہے اللہ فرماتا ہے کوئی مجھے دل میں یاد کرتا ہے میں بھی اس کو دل میں یاد کرتا ہوں اور کوئی مجھے مجمع میں یاد کرے تو اس سے بہتر مجمع میں اس کو یاد کرتا ہوں۔ ایک قانون بتا دیا تم مجھے یاد کرو میں تم کو یاد کروں گا جب تم چاہو کہ اللہ مجھے یاد کرے یا میری مدد کو آئے بس اس کی یاد کرنے لگ جاؤ اس سے ایک بات نکلی کہ ذکر خلوت سے ذکر جلوت بہتر ہے بشرطیکہ دوسروں کو فائدہ پہنچانا اور دعوت و تبلیغ مقصد ہو تاکہ دوسرے بھی اس ذکر میں شامل ہو جائیں اس لئے دونوں طرح ذکر کرنا خلوت میں اور جلوت میں دونوں کا معمول رکھے اور اصل بات یہ ہے کہ دل اگر تنہائی میں لگے ذکر کرنے میں تو وہ بہتر ہے ایک آدمی کو خلوت میں خیالات پریشان کرتے ہیں یا نیند آتی ہے اس کے لئے مجمع بہتر ہے مگر مجمع نیک ہو اور ایک آدمی

مجمع میں بیٹھتا ہے تو نیند آتی ہے پھر اس کو خلوت بہتر ہے۔

## بے علم کے لئے سب سے بہتر راستہ

اور جس کو علم دین نہ ہو اس کے لئے سب سے بہتر نفع یہ ہے کہ نیک لوگوں میں بیٹھے اہل اللہ کی صحبت زیادہ سے زیادہ حاصل کرے اپنی تسبیحات اور ذکر سے بڑھ کر یہ ہے کہ دین کی معلومات ہوں جن کو حلال حرام کی تمیز ہے کچھ دین سے مس ہے ان کو خلوت میں وقت نکال کر ذکر کرنا چاہئے اور عوام کیلئے یہ ہے کہ پہلے وہ حلال حرام معلوم کریں گناہ ثواب معلوم کریں ایک زبان کے گناہ بہت ہیں اور اس کے علاوہ بھی کبیرہ بہت ہیں جیسے چوری اور زنا۔ کسی کے راز کو فاش کر دیا کسی کی کرید اور راز معلوم کرنے میں 'ادھیڑ بن کی کسی پر تہمت باندھ دی کسی کی غیبت کی یہ کبیرہ گناہ ہیں جیسے سود شراب چوری غرض عوام کے لئے بہتر یہی ہے کہ اہل اللہ کی صحبت میں بیٹھیں چونکہ اصل مقصد رضائے الٰہی ہے تعلق مع اللہ ہے لہٰذا دل خدا کے ساتھ وابستہ کر دو۔ حق تعالیٰ توفیق عطا فرمائے آمین!

مجلس : ۲۹

# اصلاح و تربیت کی باتیں

## بری نظر کا علاج

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے ملفوظات میں ساری کتابوں کا نچوڑ ہے بڑے کام کی چیز ہے کسی شخص نے نظر بازی کا علاج دریافت کیا فرمایا کہ "بجز ہمت و تحمل کے اور کوئی علاج نہیں" جب تک ہمت نہ کرے گا صحیح نہ ہوگا، جتنی اپنی طاقت ہے اتنا کرو اور پھر اللہ تبارک وتعالیٰ کی مدد چاہو، جو اپنی کوشش کرنے کو تیار نہیں، تو اللہ تبارک وتعالیٰ مدد کو کیسے آئے، کسی پر نظر پڑنا فطری عمل ہے قرآن حکیم میں اس کا علاج یہ بتلایا ہے کہ اپنی نظر نیچی رکھا کرو اور اس جگہ نہ جاؤ جہاں غیر محرموں پر نظر پڑے اس کے باوجود اگر کسی ایسی جگہ سے گذر جاؤ تو نظر نیچی کر لو پھر اگر کسی پر پڑ جائے دوبارہ نہ دیکھو، خواہ نفس کا تقاضہ دوبارہ دیکھنے کا ہو۔ اور اس نفس کو مارنے کا ایک بڑا اجر ہے کہ اس کا دل نور ایمان سے بھر دیا جائے گا۔

## گواہی دینے کا حکم

ایک مسئلہ پوچھا گیا کہ باوجود جاننے کے کوئی شخص عدالت میں شہادت نہ دے اس ڈر سے کہ عدالتوں میں بڑی پریشانی ہوتی ہے خود شاہد ہی مصیبت میں پھنس جاتا ہے، گواہی دینا خود کو عذاب میں ڈالنا ہے جیسا کہ آج کل عام ہوتا ہے، فرمایا کہ اپنے آپ کو ضرر سے بچانا جائز ہے عرض کیا چاہے اس میں دوسرے کا بھلا ہوتا ہو تو فرمایا کہ اپنا نقصان نہ ہوتا ہو اور دوسرے کا بھلا ہو تو ٹھیک ہے، دوسرے کو بچانے کیلئے اپنے آپ کو تکلیف میں ڈالنا ضروری نہیں اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کوئی شخص اتنا صابر ہو اور تحمل والا ہو تو بہت بڑا نفع ہے لیکن واجب اور ضروری نہیں۔

## بدعتی کے سوالوں کا عجیب جواب

فرمایا' میری عمر ۲۰ سال کی تھی فارغ التحصیل ہو کر جوناگڑھ کے دارالعلوم میں گیا رمضان کا زمانہ اور مئی کا مہینہ اس وقت ہمت اور طاقت بھی تھی 'سفر میں روزے رکھے ساتھ ہی چھوٹی لائن کا سفر تراویح جماعت کیساتھ اللہ تبارک وتعالیٰ نے کرا دی' جوناگڑھ پہنچے غروب آفتاب کا وقت تھا پہلے مسجد میں گئے افطار کیا ہی تھا کہ نماز کے بعد سوالنامہ آگیا' اس میں کیا خیال ہے' اس میں کیا کہتے ہیں' مطلب کچھ اور تھا' بحمداللہ ہم تو نبٹ گئے لوگوں نے کہا کہ خیریت اسی میں ہے کہ دیوبند کا نام نہ لینا' ہم کو دکھ ہوا مگر حق تعالیٰ کا انعام اور اکرام ہے کہ دیوبند اور دارالعلوم کے نام سے ساری تقاریر ہوئیں تو حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ایک بدعتی نے مجھ سے کچھ تحریری سوال کئے اور ان کا مقصود عوام میں مفتی کو بدنام کرنا ہوتا ہے تو بدعتی کے سوالوں کا جواب میں نے دیا کہ اگر مسائل کی تحقیق منظور ہے تو کتابیں موجود ہیں' حوالہ یہ ہے اور اگر مناظرہ کرنا ہے تو فن فساد سے میں ناواقف ہوں۔

## دعا وہ ہے جو دل سے نکلے

ایک دعا کی درخواست پر فرمایا کہ میرا کام دعا ہی کرنا ہے جس کو میں کام میں لگا دیکھتا ہوں دعا کرتا ہوں دعا اپنے اختیار میں نہیں دعا تو وہ ہے جو دل سے نکلے 'بھئی جس کی دعا لینی ہے اس کو خوش کرو۔ آرام پہنچاؤ خود دلوں سے دعا نکلتی ہے اس لئے فرمایا کہ جس کے ماں باپ زندہ ہوں اور وہ اپنے آپ کو نہ بخشوائے وہ نہایت ذلیل ہے اس لئے کہ ماں باپ بغیر خدمت کے بھی دعا کرتے ہیں پھر خدمت سے اور دعا نکلتی ہے۔ وہ کام کریں جس سے وہ خوش ہوں' ہمارے اکابر اس سے خوش ہوتے ہیں کہ دین کے کام میں مشغول ہوں آخرت کے کام میں لگیں:

﴿ رَبِّ هَبْ لِي مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً . ﴾

قرآن کی دعا ہے پیغمبروں نے کی ہے "ہمارے اہل وعیال کو ہماری آنکھوں

کی ٹھنڈک بنا دے''۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے اس کی تفسیر یہ کی ہے کہ یہ دین کے کام میں لگیں۔ یہی آنکھ کی ٹھنڈک ہے انبیاء کی دعا بہت انتخاب کی دعا ہوتی ہے سمجھ لیجئے۔ اس سے بڑی دعا ان کی نظر میں نہیں تھی اہل وعیال کے لئے جو انہوں نے طلب کی ہے اور جن کو ہدایت نہیں ہے وہ تو یہی چاہتے ہیں کہ ہماری آنکھوں کی ٹھنڈک یہ ہے کہ ہمارا لڑکا لندن سے ڈاکٹری پاس کرے کوٹھی بنگلہ ہو مگر اصل ٹھنڈک اور اولاد کی دائمی راحت 'اللہ کی اطاعت ہے اور یہی آنکھوں کی ٹھنڈک ہے۔

ہمارے استاد میاں صاحب سید اصغر حسین رحمۃ اللہ علیہ کشف وکرامت والے بزرگ تھے ایک مرتبہ میں نے ان کی منشاء کا کام کیا بہت خوش ہوئے دل سے دعائیں دیں پھر فرمایا دعا وہی ہے جو خود دل سے نکلے 'جو کسی کو خوش کرے گا اس کی دعائیں لے گا۔

## اخلاق کی درستی اصل چیز ہے

فرمایا کہ واللہ مجھے غلطیوں پر تغیر نہیں ہوتا۔ جو طالب آتے ہیں وظائف سے زیادہ ان کے اصلاح اخلاق پیش نظر ہوتا ہے ڈانٹ ڈپٹ بھی ہوتی رہتی ہے' حضرت خواجہ صاحب بڑے لاڈلے تھے لکھنؤ میں ملازم تھے اتوار کی چھٹی تھی ہفتہ کی شام کو چلے صبح کو پہنچے' زیارت کے بعد ہی روانہ ہوگئے' پوچھا کہ صرف ملاقات کیلئے اتنا بڑا سفر' فرمایا کہ صرف ایک لمحہ کی زیارت مجھے سارے خرچوں اور سارے اوقات سے زیادہ قیمتی ہے۔

حضرت بڑے بڑے علماء کو ان کی غلطی پر ضرور اصلاح کرتے تھے 'بلکہ بعض کو نکال دیا کرتے تھے خانقاہ سے ایک ڈپٹی کو نکال دیا وہ سوچنے لگے تو فرمایا کہ ابھی جاؤ انہوں نے کہا کہ گاڑی کا وقت نہیں' فرمایا کہ یہاں سے چلے جاؤ اور بستر کے لئے مزدور کی بھی ضرورت نہیں چنانچہ بستر سر پر اٹھایا اور باہر چلے گئے روتے روتے چلے گھر پہنچے ہی تھے کہ حضرت کا خط ملا کہ اب آجاؤ پھر خوشی کی حد ہی نہ رہی اور بس اصلاح ہوگئی' سالکین کو اسی طرح رگڑ رگڑ کر مانجھا جاتا تھا آج کل تو یہ ہے کہ بس

وظائف بتلا دئے اور دل میں کبر ہے ریا ہے سارے بد اعمال بھرے پڑے ہیں' حرص وطمع دلوں کے وبال اپنی جگہ قائم رہے۔

## بے پرواہی سخت مضر ہے

فرمایا کہ واللہ مجھے غلطیوں پر تغیر نہیں ہوتا بلکہ جس پر تغیر ہوتا ہے وہ ایک تو بے پرواہی اور ایک ڈھٹائی' گناہ کر رہا ہے ندامت بھی ہے تو قابل برداشت ہے ہماری بڑی غلطی یہی ہے کہ گناہ کرتے رہتے ہیں اور ندامت دل میں نہیں ہے حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تم سب خطاؤں میں ملوث ہو بہتر وہ ہے جو توبہ کرے تو جب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین کے لئے یہ الفاظ ہیں تو ہم کس گنتی میں ہیں' بے پرواہی اور خود رائی یہ سب سے بڑا کبر ہے۔

میرے ایک دوست نے مجھ سے ملنے کا وقت لیا میں نے بہت دیر انتظار کیا کام میں بھی حرج ہوا نہ وہ آئے اور نہ ہی ان کی اطلاع آئی اگلے دن ہنستے ہوئے آئے اور آکر بیٹھ گئے' مجھے بہت غصہ آیا' معذرت بھی نہ کی' یہ بڑی تکلیف دہ چیز ہے۔ بے شمار لوگ اس میں مبتلا ہیں' وعدہ کرتے ہیں اور دوسروں کو تکلیف پہنچاتے ہیں پھر ندامت بھی نہیں کم از کم معذرت اور ندامت سے دوسروں کا غصہ تو کم ہو جاتا ہے تو حضرت نے فرمایا کہ اعمال میں بے پرواہی کی سخت پکڑ کرتا ہوں' نماز کا وقت ہے باتوں میں بیٹھے ہیں بڑے سخت پکڑ کی بات ہے۔ حدیث میں یہ ہے کہ قعدہ اخیرہ بھی مل جائے تو جماعت کا ثواب ہے اس لئے کہ کوشش تو کرلی اسے اب چاہے جماعت نہ بھی ملے پھر بھی جماعت کا ثواب ہے وقت پر چلے اور پھر بھی جماعت نہ ملے تو پکڑ نہیں ہاں وقت پر نہ گئے اور وقت نکال دیا بے فکری کے ساتھ پھر گئے اور روئے دھوئے تو فرمایا کہ روتا ہوا جہنم میں ڈال دیا جائے گا' گناہ کے معاملہ میں بے فکری بڑی پکڑ کی بات ہے۔

## خود رائی زہر ہے

فرمایا کہ ایک بے فکری اور دوسرے خود رائی کہ جو دل میں آیا کر ڈالا اول تو سب کے لئے مضر ہے لیکن سالکین کے لئے زہر ہے' مثال اس کی یہ ہے کہ ڈاکٹر نے کچھ پرہیز بتایا اور آپ اس کے خلاف کریں تو مرض کا جانا تو الگ اور مہلک حد تک آپ پہنچ جائیں گے اور مرجائیں گے' یہی حال ہے اس کا جو اصلاح کا طالب ہے خود رائی کا وہاں کوئی دخل نہیں۔

فرمایا کہ معاملات صرف باہر کے نہیں اپنے گھر کے معاملات میں بھی ہدایت کا محتاج ہے دوسرے کے سامنے آدمی تہذیب سے ہی رہتا ہے' اصل اخلاق وہ ہیں جو گھروں میں کرتا ہے عیب اور ثواب تو اس میں ظاہر ہوتے ہیں' بیوی آپ کی ہر اچھائی اور برائی سے واقف ہے اگر آپ اس کے لئے اچھے ہوئے تو سب کے لئے اچھے ہوئے۔

فرمایا کہ بزرگوں کی کرامتوں میں سب سے بڑی کرامت یہ ہے کہ شریعت پر کون کتنا زیادہ چلتا ہے' جتنا درجہ حضور اکرم ﷺ سے متابعت میں زیادہ ہے اتنا ہی درجہ اس کی بزرگی کا ہے۔

فرمایا کہ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی ساری ہدایات یہ تھیں کہ حضور اکرم ﷺ کس طرح چلتے تھے' کس طرح بولتے تھے کس طرح بیٹھتے تھے وہی اختیار کرو۔

## اتباع سنت

دیوبند میں ایک بزرگ تھے حضرت عابد حسین رحمۃ اللہ علیہ گرمی میں مشکیزہ بھر کر سڑکوں پر لوگوں کو پانی پلاتے پھرتے تھے حالانکہ بڑے رئیس تھے خواب میں دیکھا کہ حضور اکرم ﷺ تشریف لیجا رہے ہیں اور بہت مخلوق پیچھے ہے ان میں حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ بھی ہیں مگر سب لوگ دوڑ رہے ہیں مگر حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ آہستہ آہستہ چل رہے ہیں میں نے کہا حضرت آپ بھی دوڑیئے فرمایا کہ نہیں میں تو نشان قدم ڈھونڈھ کر چل رہا ہوں دیر میں پہنچوں وہ بات الگ ہے مگر اتباع اصل بنیادی چیز ہے' رات

بھر جاگ کر عبادت کرنا اور ہے اور ایک لمحہ حضور اکرم ﷺ کی اتباع بہت بلند چیز ہے فرمایا کہ ایک بیت الخلاء میں جانے کی دعا ہزاروں نفلی عبادتوں سے بہتر ہے اس میں نور اور برکت ہی اور ہے ایک صاحب روضہ اقدس ﷺ کے سامنے حاضر تھے' دل میں نادم تھے ان پر رعب تھا روضہ اقدس ﷺ کے قریب نہ جا سکے دور کھڑے رہے' جو لوگ مرتبہ جانتے ہیں وہ ادب کا معاملہ سمجھتے ہیں دوڑ کر جالی کا چومنا اور چیز ہے اور ہیبت دربار ﷺ سے قدم آگے نہ بڑھنا اور چیز ہے جس کو جتنا تعلق آپ ﷺ سے ہوگا اتنی ہی اس پر جلال کی کیفیت اور ہیبت دل پر ہوگی لوگ دھکے دے کر آگے بڑھتے رہے یہ بیچارے پیچھے کھڑے سلام پڑھتے رہے دل میں حسرت بھی تھی کہ لوگ آگے بڑھ رہے ہیں دل میں فوراً ایک ندا ہوئی' سن لو ہم سے قریب وہ ہیں جو ہماری سنت پر عمل کرتے ہیں جو ہماری سنت پر عمل نہیں کرتے وہ چاہے ہماری جالیوں سے چپٹے ہوئے ہوں دور ہیں اور یہ بھی سنا کہ لوگوں سے کہہ دو ہماری قربت اور دوری ہماری اتباع میں ہے۔ حق تعالیٰ جس کو عشق دیتا ہے اس کو اتباع محمدی ﷺ عطا کر دیتا ہے۔

فرمایا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما جب عمرہ کا سفر کرتے تھے تو جس راستہ سے حضور اکرم ﷺ سفر کرتے تھے' اسی راستہ' اسی منزل' اسی طرح اترنا' اسی جگہ کھانا' بلکہ بعض جگہ پیشاب کے لئے آپ اترے پیشاب نہ آتا تھا مگر بیٹھ جاتے۔ یہ احکام نہیں مگر جس کو عشق ہوتا ہے وہ جانتا ہے کہ اس کی کیا محبت ہے اور اس کے ثمرات بھی وہی جانتا ہے کرنے کی بات یہی اتباع ہے حضور کی عظمت اور اتباع اللہ پاک ہم سب کو عطا فرمائے۔ اور اتباع بھی مداومت کیساتھ ہو' دو چار دن کرنا اور بات ہے سنت ہماری زندگی میں داخل ہو جائے ہر کام میں اتباع سنت کا لحاظ ہو اس میں ہمارے اکابر اور خصوصاً حضرت گنگوہی قدس سرہ اس کے خاص عاشق تھے۔ اسی فکر' اسی کوشش اور اسی نقل میں ساری زندگی ختم کر دی۔

حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سن ۵۷ء میں ان تمام بزرگوں نے جہاد کیا تھا۔ تھانہ بھون ایک مستقل مقام تھا شاملی قصبہ پر قبضہ کر لیا تھا' اسلامی حکومت کا بھی جھنڈا لگ گیا تھا' مگر منظور خدا کچھ اور ہی تھا۔ انگریز غالب آئے اور پھر پھانسیاں

اور سزائیں دی گئیں، حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ گرفتار ہوئے۔ حضرت قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ روپوش ہوگئے اور تین دن بعد نکل آئے لوگوں نے کہا کہ حضرت آپ کے لئے خطرہ ہے فرمایا کہ مجھ سے اس سے زیادہ نہیں ہوسکتا، میرے محبوب تو تین ہی دن روپوش رہے تھے پولیس تلاش میں تھی آپ سادہ لباس میں رہتے تھے پولیس نے مسجد میں آکر آپ سے پوچھا کہ مولانا قاسم کہاں ہیں آپ ایک قدم پیچھے ہٹ گئے اور کہا کہ ابھی تو یہیں تھے پولیس والے تلاش کرکے واپس چلے گئے۔

ایک زمیندار اسی علاقہ کا انگریزوں سے ملا ہوا تھا اور وہ نشان دہی کرتا تھا سینکڑوں کو اس نے پھانسی دلوا دی، اتفاق سے اس آوارگی اور ظلم کے باوجود حضرت کا معتقد تھا۔ جب حضرت عدالت میں پیش ہوئے تو کہا کہ ارے تو کہاں آگیا ملا! انگریز اس پر اعتماد کرتے تھے پوچھا کیا بات ہے؟ کہا ارے یہ تو ہماری مسجد کا ملا ہے، چھوڑ دو اسے۔

فرمایا کہ ناجائز شہوت سے نقصان تو ہوتا ہی ہے جائز شہوت میں بھی غلو کرنا بہت نقصان دہ ہوتا ہے اس لئے کہ اس سے طبیعت کا نشاط جاتا رہتا ہے دین کے کام میں نقص واقع ہو جاتا ہے بالخصوص سالک کو بہت احتیاط سے کام لینا چاہئے۔

## اہل حق کی پہچان

فرمایا کہ وہ کیا اہل حق ہے جس کی غیر پر نظر ہو غیر اللہ پر جب نظر ہوگی تو حق پر نظر نہ ہوگی جو آفتاب کو دیکھ لے اس کی نظر میں ٹمٹماتا ہوا دیا کیا آئے گا؟ اور اللہ جل شانہ کی مثال تو ایسی بھی نہیں۔

فرمایا کہ حضرت آپ مریدین کی تعداد کیوں نہیں بڑھاتے اس سے دین کا فروغ ہوگا فرمایا کہ ارے مخلوق پر وہ توجہ کرے جس کی خالق پر نظر نہ ہو، حق خود سب سے بڑی طاقت ہے اگر عالم بھر میں صرف ایک حق اور سارے جہاں والے اہل باطل ہوں تو وہ بھی ان سے مرعوب نہ ہوگا اور دنیا میں ہوا بھی یہی ہے کہ ساری دنیا باطل پر تھی اور ایک سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ تھی اور پورا بھروسہ تھا کہ حق ہی باطل پر غالب آگیا۔ اور شروع اسلام میں مسلمانوں کو تکالیف پہنچائی گئیں،

ابتداء میں تین سال تک چھپ کر تبلیغ ہوتی رہی پھر قرآن میں حکم اعلان آگیا۔ پھر ساری دنیا نے دیکھ لیا کہ حق ساری دنیا پر غالب آگیا اور اگر حق میں اتنی قوت بھی نہ ہو تو وہ حق ہے ہی نہیں۔

ایک مرتبہ (ندوہ میں جہاں دین اور دنیا کی تعلیم کی پہلی بنیاد ڈالی گئی تھی یہ نظریہ بھی برا نہ تھا) حضرت مولانا یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے کسی نے عرض کیا تھا کہ دین کی تعلیم کے ساتھ دنیا کی تعلیم بھی جاری کرا دیجئے تو فرمایا کہ ناپاکی کے ساتھ کبھی پاکی جمع نہیں ہوتی۔ دین کے ساتھ دنیا کو اگر جوڑا جائے تو تجربہ یہ ہے کہ صرف دنیا ہی رہ جاتی ہے، ہاں دین کی تعلیم الگ ہو پھر دنیا کی بعد میں ہو جائے معاش کے لئے تو جائز ہے، چنانچہ ندوہ میں تعلیم کی بنیاد رکھی گئی تو حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس لوگ آئے حضرت نے فرمایا کہ اصول ومقاصد تو ٹھیک ہیں لیکن دل کو نہیں لگتا کہ دین بھی پورا ہو جائے اور دنیا کی نہج بھی آجائے یہ دل کو نہیں لگتا، لہٰذا میں اس میں نہیں آسکتا، آپ لوگ کریں میں اس کی مخالفت نہیں کرتا۔ لیکن پھر لوگوں نے دیکھا کہ انگریزی تعلیم غالب آئی اور دین صرف ایک علم بن کر رہ گیا اور عمل سے کوئی واسطہ نہ رہا۔ مولانا عبدالماجد اور مولانا سلیمان رحمۃ اللہ علیہ وغیرہ تھانہ بھون آئے تو دیکھا کہ یہاں تو رنگ ہی اور ہے اور دین تو یہی ہے چنانچہ بیعت کی اور پھر ندوہ کی اصلاح کی فکر ہوئی طے ہوا کہ کوئی عالم بلا کر اصلاح پر مامور کیا جائے لوگوں نے میرے لئے تجویز کیا کہ ان کو ندوہ بھیجدیا جائے حضرت نے فرمایا کہ ندوہ کے لوگ یہ کہتے ہیں (وکالت اس کا نام ہے کہ اس کا پورا مطلب ظاہر کر دیا جائے اپنی طرف سے کوئی جملہ پسند یا ناپسند کا نہیں بڑھایا کہ جس سے مجھے آپ کی پسند یا ناپسند کا احساس ہو) میں نے عرض کیا کہ حضرت میں کیا عرض کروں میں تو اپنے اوپر شبہ کرتا ہوں کہ مجھ میں کوئی خامی ضرور ہے جو مجھ پر نگاہ پڑی، اور ان کی اصلاح یہ مجھ سے نہ ہوگا، یہ تو خود بڑے بڑے چراغ ہیں مجھ پر ہی یہ لوگ غالب آجائیں گے اس پر فرمایا کہ اس سے بے فکر رہو حق کا ایک ذرہ بھی تمام ظلمت پر بھاری رہتا ہے مگر یہ میرا حکم نہ تھا اور تم نے مفید اور اچھا فیصلہ کیا جی میرا بھی یہ چاہتا تھا۔

چنانچہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب مسیلمہ کذاب سے قتال کا فیصلہ کیا تو

تمام صحابہ کرام اس کے مخالف تھے یہاں تک کہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی اسے خلاف تھے مگر حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنی رائے پر قائم رہے اور فرمایا کہ جہالت میں اتنے سخت تھے اور اسلام میں ایسے کمزور ہو گئے فرمایا کہ جاؤ مجھے کسی ساتھی کی ضرورت نہیں اور فرمایا کہ مجھے کسی جن کی انس کی شجر و حجر کی مخالفت کی پرواہ نہیں میں تنہا جہاد کروں گا اور گھوڑے پر اکیلے سوار ہو کر چل دیئے پھر حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے گھوڑے کی باگ پکڑ لی اور کہا کہ اب آپ مدینہ میں بیٹھیں اور جہاد کے لئے ہم جاتے ہیں آپ نے فرمایا نہیں میں جاؤں گا۔ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا کہ اللہ ہم دونوں کے ساتھ ہے تو اب مجھے کسی کی پرواہ نہیں اللہ پاک میرے ساتھ ہیں اور یہ قرآن سے ثابت ہے اکیلا تمام عالم کے ساتھ تنہا کافی ہوں یہ سن کر سب دم بخود ہو گئے اور چل دیئے۔

مجلس : ۳۰

# تربیت میں اعتدال

ارشاد فرمایا کہ گنگوہ میں حافظ حسین علی ایک متقی بزرگ تھے۔ گنگوہ کی لال مسجد میں امام اور بچوں کے معلم تھے' ان کی بزرگی کے لئے تو حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی یہ شہادت کافی ہے کہ ایک مرتبہ ایک گاؤں کے لوگوں نے ان کو اپنے یہاں لیجانا چاہا' تو انہوں نے کہہ دیا کہ میں تو گنگوہی کا خادم ہوں' اپنے معاملے میں خود مختار نہیں' حضرت والا سے اجازت لے لو تو میں چلا آؤں گا' ان لوگوں نے حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے اجازت چاہی تو آپ نے فرمایا کہ "واہ میاں : گنگوہ میں ایک ہی مسلمان ہے۔ وہی تمہیں دیدوں' یہ کیسے ہو سکتا ہے"۔

ان کے تقویٰ اور خشیت کا یہ حال تھا کہ بعض اوقات کسی کوتاہی پر بچوں کو مارنے کی نوبت آجاتی تو مارنے کے بعد سوچتے کہ شاید مجھ سے مارنے میں کچھ زیادتی ہوگئی ہو' اس لئے بچوں کو بلا کر کہتے کہ ہم نے تم کو مارا ہے۔ تم ہمیں مار کر اپنا بدلہ اتارلو' بعض شریر بچے اس کام کے لئے تیار بھی ہو جاتے۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جب مجھے ان کے اس معاملے کی خبر ہوئی تو میں نے کہا کہ ان کے اس معاملے کا منشاء خوف خدا اور خشیت ہے' جو انسان کے لئے بہترین سرمایہ ہے' مگر اس طرز عمل سے بچوں کی تربیت خراب ہو جائے گی' وہ بے ادب ہو جائیں گے' اچھی صورت یہ ہے کہ اول تو مارنے کے وقت اس کا پورا خیال رکھیں کہ حد اور ضرورت سے تجاوز نہ ہو اور پھر دوسرے وقت ان کے ساتھ ایسا محبت اور شفقت کا برتاؤ کریں کہ وہ خوش ہو جائیں۔

تشریح : حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے حکیم الامت بنایا تھا۔ اگر ہر استاد اس طرح بچوں سے معافی مانگا کرے اور یہ کہا کرے کہ ہم نے تم کو مارا ہے۔ تم ہمیں مار لو' تو

پھر بچے تو بگڑ جائیں گے 'ان کی تعلیم تو خراب ہو جائے گی 'اب بچوں کو تنبیہ تو کرنی پڑتی ہے اس میں اس بات کا خیال رہے کہ حد اعتدال سے تجاوز نہ کرے اور اگر تجاوز اور زیادتی ہو جائے تو بعد میں ان کی تسلی کرے۔ ان کو خوش کرے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا عام معمول یہ تھا کہ اگر کسی کو ڈانٹا یا دھمکایا' یا اگر کسی کو کسی بات پر مار بھی دیا تو ہمیشہ بعد میں کسی وقت اس کی تلافی بھی کیا کرتے تھے 'اس کی دلداری بھی کرتے تھے۔ کبھی اس کو پیسے دیدیئے کبھی اور کچھ دیدیا اس کا دل ٹھنڈا کرنے کا کچھ انتظام کر دیا۔

## پائے استقلال کو بوسہ

بعض اوقات عمل غلط ہوتا ہے مگر اس کا داعیہ صحیح اور قابل قدر ہوتا ہے۔

ایک مرتبہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے دیکھا کہ ایک شخص کو سولی پر لٹکایا ہوا ہے۔ انہوں نے دریافت کیا کہ اس شخص نے کیا جرم کیا تھا؟ لوگوں نے بتلایا کہ یہ ڈاکو ہے 'اولاً چوری میں اس کا داہنا ہاتھ کاٹا گیا' پھر بھی یہ چوری سے باز نہ آیا تو پھر بایاں پاؤں کاٹا گیا۔ لیکن پھر بھی یہ باز نہ آیا' تو اب سولی کی نوبت آئی' حضرت جنید بغدادی آگے بڑھے اور اس کے پاؤں کو آنکھوں سے لگایا اور بوسہ دیا۔ لوگوں نے حیرت سے پوچھا کہ یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے فرمایا کہ میں نے اس کے پاؤں کو بوسہ نہیں دیا بلکہ اس کے وصف استقلال و استقامت کو بوسہ دیا ہے۔ جو اس کے نفس میں تھا۔ اگرچہ اس بیوقوف نے اس کو معصیت اور گناہ میں استعمال کیا۔ جس کی وجہ سے سزا پائی مگر ہم یہ سوچتے ہیں کہ کاش ہمیں بھی خیر و طاعات کے معاملات میں ایسی ہی استقامت نصیب ہو جائے۔

تشریح: اصل میں بات ہے کہ ان حضرات کی نظر اصول پر ہوتی ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ اس شخص کے اندر استقامت کا مادہ تھا 'اپنی بات پر جمنے اور اس پر قائم رہنے کا مادہ تھا مگر اس شخص نے اس مادے کو چوری کرنے میں استعمال کیا۔ ایک غلط کام میں استعمال کیا۔ اگر اس کو کسی اچھے کام میں استعمال کرتا تو یہ شخص کتنے بلند مقام تک پہنچ جاتا۔ حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ نے اس مادے کے اعتبار سے اس کی تعظیم کی 'اسی واسطے حضرات علماء نے فرمایا ہے کہ جتنے اوصاف رذائل اور برے سمجھے جاتے

ہیں وہ اپنی ذات کے اعتبار سے فی نفسہ رذائل نہیں ہوتے 'بلکہ غیر محل میں استعمال کی وجہ سے وہ رذیلہ بن جاتا ہے 'مثلاً "غصہ" ایک رذیلہ ہے 'مگر "غصہ" کی ضرورت ہے 'اگر آدمی کے اندر "غصہ" نہیں ہو گا تو وہ جہاد کیسے کرے گا؟ اور کافر سے کیسے لڑے گا۔ اس لئے غصے کی ضرورت ہے 'لیکن اگر غصے کو ناجائز استعمال کیا۔ اور حدود شرعیہ کے اندر استعمال کیا تو وہ ثواب اور موجب اجر بن جاتا ہے۔

## ہر چیز حد کے اندر اچھی ہے۔

ہر چیز کا معاملہ یہی ہے کہ جب وہ اپنی حدود کے اندر رہتی ہے تو وہ غلط نہیں ہوتی 'لیکن جب حدود سے تجاوز کر جائے تو غلط ہو جاتی ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ نے انسان کے اندر "جنسی شہوت" رکھی ہے۔ یہ ایک قوت ہے اور اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے ' اس پر توالد و تناسل موقوف ہے ' ساری دنیا کے کاروبار اس پر موقوف ہیں ' وہ کوئی غلط چیز نہیں۔ لیکن اگر کوئی شخص اس کو غیر مصرف میں استعمال کرے گا تو وہ پھر بہت بڑا گناہ ہو جائے گا۔

حضرت جنید بغدادی ﷫ نے یہ دیکھا کہ اصل چیز استقامت ہے اور کسی عمل پر جمنا ہے ان بزرگوں کی نظر اس پر ہوتی ہے۔ جن لوگوں کے مزاج میں تلون ہوتا ہے۔ جیسے "پری" بن گئے کل کو "بھوت" بن گئے۔ کبھی کچھ بن گئے 'کبھی کچھ بن گئے 'ایسے لوگوں کی بزرگی کا بھی اعتبار نہیں ہوتا 'ہم نے تو بہت سے آدمی دیکھے ہیں کہ جب نماز پڑھنی شروع کی تو اب نوافل بھی پڑھے جا رہے ہیں۔ تہجد بھی پڑھی جا رہی ہے ' جماعت بھی ہے ' مسجد بھی ہے ' سب کچھ ہے اور دس دن کے بعد دیکھا تو سب کچھ غائب ' نہ تہجد ' نہ نوافل ' نہ مسجد ' نہ جماعت ' اسی لئے حدیث شریف میں حضور اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ:

خَيْرُ الْعَمَلِ مَا دِيْمَ عَلَيْهِ وَاِنْ قَلَّ.

یعنی بہتر عمل وہ ہے جس پر مداومت ہو۔ استقامت ہو۔ اگرچہ وہ عمل تھوڑا ہی ہو۔ سبحان اللہ 'ان بزرگوں کی نظر کس قدر عمیق اور گہری ہوتی ہے کہ ہر چیز کے

حدود کو ہر حال میں پہچانتے ہیں، جس کا حاصل یہ ہے کہ حق تعالیٰ نے انسان کے اندر جو جذبات اور ملکات رکھے ہیں۔ وہ اپنی جگہ محمود ہوتے ہیں۔

تشریح: انسان کے اندر جتنے جذبات وملکات اللہ تعالیٰ نے رکھے ہیں وہ سب اپنی جگہ محمود ہی ہوتے ہیں۔ مثلاً چہرے پر تل ہے، جس کو حسن کی بہت بڑی چیز سمجھی جاتی ہے اور اس چہرے کو بہت حسین سمجھا جاتا ہے، لیکن اگر اس تل کو علیحدہ وہاں سے نکال کر دیکھے تو اس کو دیکھ کر گھن آئے، اس لئے کہ وہ مجموعے کے اعتبار سے حسین چیز ہے۔

ان کو بیجا اور گناہوں میں استعمال کیا جائے تو گناہ کا ذریعہ بن جاتے ہیں، انہی کو نیک کام میں استعمال کیا جائے تو انسان کے لئے اعلیٰ ترقیات کا ذریعہ بنتے ہیں۔ اس بات کی تائید حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایک ارشاد سے بھی ہوتی ہے۔

## عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے ایران کے خزائن اور آپؓ کی دعا

حضرت فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں جب عراق فتح ہوا تو کسریٰ کے خزائن مسجد نبوی میں لاکر ڈھیر کر دیئے گئے۔ تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ یا اللہ! آپ نے اپنے کلام پاک میں ارشاد فرمایا کہ:

﴿ زُيِّنَ لِلنَّاسِ حُبُّ الشَّهَوَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَالْبَنِينَ وَالْقَنَاطِيرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْأَنْعَامِ وَالْحَرْثِ. ذَٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيَوٰةِ الدُّنْيَا. وَاللَّهُ عِنْدَهُ حُسْنُ الْمَآبِ. ﴾

(سورہ آل عمران آیت نمبر ۱۴)

ترجمہ: خوشنما معلوم ہوتی ہے لوگوں کو محبت مرغوب چیزوں کی، عورتیں ہوئیں بیٹے ہوئے لگے ہوئے ڈھیر ہوئے سونے اور چاندی کے نشان لگے ہوئے گھوڑے ہوئے مویشی ہوئے اور زراعت ہوئی یہ سب استعمالی چیزیں ہیں دنیاوی زندگی کی اور انجام کار کی خوبی تو اللہ ہی کے پاس ہے۔

یعنی لوگوں کے دلوں میں خواہشات نفسانی کی چیزیں، عورتیں، بچے، سونا چاندی کے ڈھیر وغیرہ کی محبت ڈال دی گئی ہے۔اس لئے میں یہ دعا تو نہیں کرتا کہ یہ فطرت بدل دی جائے، مگر میں یہ دعا کرتا ہوں کہ ان چیزوں کی محبت آپ کے راستے اور آپ کی رضا جوئی میں ہمارے لئے معین و مددگار ہو جائے۔

## رذائل کا امالہ مقصود ہے

حضرت ﷺ نے اس واقعے کو نقل کرنے کے بعد فرمایا کہ اسی لئے ہمارے حضرت حاجی صاحب قدس اللہ سرہ فرمایا کرتے تھے کہ رذائل کا ازالہ مقصود نہیں، امالہ مقصود ہے، یعنی رذائل کے دواعی وجذبات کو خیر وطاعت کی طرف مائل کر دینا مطلوب ہے۔

تشریح: حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے زیادہ کون عارف ہوگا۔اصل میں یہی لوگ حقائق و معارف کو پہچاننے والے لوگ ہیں، چنانچہ مال لاکر مسجد نبوی میں جب ڈھیر کر دیا گیا تو روایتوں میں آتا ہے کہ وہ اتنا بڑا ڈھیر تھا کہ دوسری طرف کے لوگ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو اس ڈھیر کی وجہ سے نظر نہیں آرہے تھے سونا چاندی وغیرہ کا اتنا بڑا ڈھیر تھا، یہ زمانہ نبوت ورسالت کا تھا، اس زمانے میں آج کی طرح اسٹیٹ بنک کی گیارہ منزلہ عمارت تو تھی نہیں، جس میں اس کو رکھا جاتا، وہاں تو مسجد نبوی ہی میں سب کچھ ہوتا تھا۔سارا مال وہیں آتا تھا۔حدیث میں آتا ہے کہ اس مال کے آنے کے بعد حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ مال اللہ تعالیٰ نے آپ لوگوں کے لئے بھیجا ہے آپ حضرات کو اختیار ہے اس میں سے جتنا مال چاہیں، لے لیں، لیکن کوئی شخص اس کو لینے کے لئے نہیں اٹھتا، پھر دوبارہ اعلان کیا، پھر بھی کوئی نہیں اٹھا، جب تیسری مرتبہ اعلان کیا تو اس وقت ایک نوجوان نے کہا کہ امیر المومنین آپ یہ نہ سمجھیں کہ ہم میں سے کسی کو اس کی حاجت اور ضرورت نہیں ہم میں سے سب کو اس کی ضرورت ہے۔لہٰذا اگر یہ مال ہمارے لئے آیا ہے تو پھر آپ کو یہ مال ہمیں دینا چاہئے۔ہمیں ذلت کا ذریعہ کیوں بنا رہے ہیں کہ ہم خود اس مال کو لیں۔آپ کو ہمیں خود دینا چاہئے آپ ہمارے درمیان تقسیم کریں۔بہرحال: اس طرح مال کے

ساتھ معاملہ ہوا۔

## فرشتہ اور انسان بنانے میں حکمت ہے

یہ تو آسان تھا کہ حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ یہ دعا کرتے کہ یااللہ! اس مال کی محبت ہمارے دلوں سے نکال دے۔ لیکن آپ نے یہ دعا نہیں کی۔ اس واسطے کہ قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ نے فرمادیا کہ "زین للناس حب الشهوات من النساء و البنین." ان چیزوں کی محبت کو آپ نے انسان کے لئے فطری بنا دیا ہے تو اس لئے اگر میں یہ دعا کروں گا تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں آپ سے یہ درخواست کروں کہ آپ انسان کی فطرت بدل دیں اور اس کو فرشتہ بنادیں۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے کسی حکمت سے انسان کو انسان بنایا ہے، اگر وہ چاہتے تو سب کو فرشتہ ہی بنا دیتے، جس طرح فرشتوں میں بھوک، شہوات وغیرہ نہیں ہوتی ہیں۔ ان میں بھی نہ ہوتی۔ حالانکہ اللہ تعالیٰ نے انسان کی مخلوق کو الگ بنایا ہے۔ فرشتوں کی مخلوق کو الگ بنایا ہے حکمت کے ساتھ بنایا ہے اب اس کی حکمت کے خلاف دعا مانگنا بے ادبی ہے۔ لہٰذا یہ دعا مانگنا کہ یااللہ! ہمارے دلوں سے مال و دولت کی، عورت کی، بیوی بچوں کی محبت نکال دے، یہ فطرت کو بدلنے کی دعا ہے یہ اصول کے خلاف ہے۔ اس لئے میں یہ دعا تو نہیں مانگتا۔ مگر یہ دعا کرتا ہوں کہ اس محبت کو اپنے کام میں لگا دے اور یہ مال کی محبت، بیوی بچوں کی محبت یہ سب آخرت کی نجات اور کامیابی کا ذریعہ بن سکتی ہیں مثلاً بیوی کی محبت کے ذریعہ آدمی گناہوں سے، نگاہ بد سے اور بہت سے شرور سے بچ جائے گا، اولاد کی محبت دل میں ہوگی ان کی تربیت اچھی کرے گا۔ ان کی پرورش اچھی کرے گا پھر وہ آگے چل کر ماں باپ کے لئے صدقہ جاریہ بنیں گے اسی طرح ماں کی محبت اپنی ذات میں کوئی جرم نہیں ہے اللہ نے اگر کسی کو مال دیا ہے اور اس کی محبت بھی اس کے دل میں ہو تو یہ کوئی جرم نہیں، بشرطیکہ وہ محبت اللہ اور اس کے رسول کی محبت پر غالب نہ آجائے، بلکہ اس مال کی حفاظت کرنا اس کی قدر کرنا ہے۔ اس کا شکر ادا کرنا ہے۔

## نعمت کی قدر

یاد آیا کہ ایک مرتبہ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کا خط میرے پاس آیا اس میں لکھا تھا کہ میرے پاس سے چار آنے کے ڈاک ٹکٹ کسی لفافے کے اندر غلط چلے گئے ہیں کہیں آپ کے پاس تو نہیں پہنچ گئے ہیں؟ وہ ٹکٹ میرے پاس نہیں پہنچے تھے' اس لئے میں نے جواب لکھ دیا۔ اب جیسے حضرت والا نے مجھے یہ بات لکھی' خدا جانے کتنے لوگوں کو لکھ کر یہ بات پوچھی ہوگی' چنانچہ جب میں تھانہ بھون میں حضرت والا کی خدمت میں حاضر ہوا تو معلوم ہوا کہ ایک دن کی ڈاک میں جتنے خطوط آئے تھے ان سب کو لکھ کر اس چار آنے کے ٹکٹ کے بارے میں معلوم کیا۔ یہ بات صحیح ہے کہ اس زمانے کے چار آنے آج کے چار روپے کے برابر ہوں گے لیکن آج چار روپے کی خاطر بھی آدمی اتنی تحقیق اور اتنا لمبا چوڑا کام نہیں کرتا۔ مگر وہاں تو یہ بات تھی کہ وہ چار آنے بھی اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے اس کو ضائع نہیں کرنا ہے۔ مال کو ضائع ہونے سے بچانا ہے اگر مال ضائع ہو گیا ہے تو تلاش ضرور کرنا ہے۔ تلاش نہ کرنا اس بات کی علامت ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی نعمت سے اعراض کر رہے ہو۔ یہ تو چار آنے کا قصہ تھا۔ حضرت والا تو یہاں تک فرماتے ہیں کہ اگر کبھی میرا ایک پیسہ بھی کہیں گر جاتا تو چند منٹ تک ضرور اس کو تلاش کرتا ہوں اس لئے کہ یہ اس کا حق ہے اگر اس کا حق ادا نہیں کیا تو ہم نے اس نعمت کی ناشکری کی۔

## مال کی محبت حد میں نعمت ہے

بہرحال مال کی محبت اپنی حد پر رہے تو اللہ تعالیٰ کی ایک نعمت ہے۔ میں ابھی یہ بات بیان کر رہا تھا' حضرت سفیان ثوری بڑے عابد و زاہد علماء میں سے ہیں۔ ان کا ایک واقعہ نقل کیا گیا ہے کہ کسی شخص نے ان کو دیکھا کہ حرم مکہ کے اندر مطاف میں نیم بے ہوش پڑے ہوئے ہیں۔ کسی نے قریب جا کر پوچھا کہ کیا بات ہے؟ اب جواب کے لئے زبان سے آواز نہیں نکل رہی تھی۔ بڑی مشکل سے آہستگی سے

جواب دیا کہ ''بھوک'' گویا کہ بھوک کی وجہ سے اٹھنے کے قابل نہیں تھے، حالانکہ تین جگھوں پر ان کی تجارت تھی، مکہ مکرمہ میں ایک دکان تھی۔ایک شاید کوفہ میں دکان تھی ایک دوکان کسی اور جگہ تھی وہ تجارت جاری تھی لیکن اپنے اوپر پیسہ خرچ کرنے کے بجائے اللہ کی راہ میں پیسہ خرچ کر دیتے تھے اور خود فقر وفاقہ میں گزارتے تھے لیکن وہ سفیان ثوری فرماتے ہیں کہ

لولا هذه الدراهم لتمندل بنا هولاء

یعنی یہ درہم ودینار جو اللہ تعالیٰ نے ہمیں دیئے ہیں ہم اس کی قدر اس لئے کرتے ہیں کہ اس کے ذریعہ سے ہم اپنے دین کو بچاتے ہیں اور ان بادشاہوں کے محتاج نہ ہوں۔ورنہ آجکل کے بادشاہ لوگ ہمیں اپنا رومال بنالیتے اور حرام کھا کھا کر ہم سے اپنا منہ پونچھتے یعنی حرام کھا کر اس کو حلال کرنے کے لئے ہم سے فتوے لیتے۔

کیونکہ ملکات دواعی مثلاً شہوت، وغضب وغیرہ یہ اپنی ذات میں مذموم نہیں شہوات کو حلال میں صرف کیا جائے اور قوت غضب کو شیطان اور کفر کے مقابلے میں خرچ کیا جائے تو یہی درجات عالیہ کا ذریعہ بن جاتی ہیں حضرت مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے خوب فرمایا۔

شہوت دنیا مثال گلخن است<br>
کہ ازو حمام تقوی روشن است

# چند ارشادات

## حق تعالیٰ تک پہنچنے کا طریقہ ہر شخص کے لئے ہے

میں حضرت رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں گیا تو ایک مایوسانہ انداز میں کہا کہ لوگ اس راہ پر بڑے مجاہدہ کرتے ہیں۔ میرے پاس تو مشاغل بہت ہیں اور کمزور آدمی ہوں اور جی یہ چاہتا ہے کہ جیسے اور لوگ سلوک طے کرتے ہیں مجھے بھی کچھ حاصل ہو جائے۔ حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اس سلوک کے طے کرنیکا کوئی خاص ایک طریقہ تو ہے نہیں بلکہ طریق الوصول الی اللہ بعدد الانفاس ہیں یہ تو ضعیف کو بھی حاصل ہو جاتا ہے۔ چنانچہ ہمت ہوئی پھر تھوڑا سا پڑھنے کو بتلا دیا کہ اس کے پڑھنے میں دیر ہی نہیں لگتی۔ پھر بہت دن تک کئی دفعہ عرض کیا کہ اور کچھ بتلا دیں فرمایا وہی کافی ہے۔ بالآخر سب کو ذکر کرتے دیکھا تو اور شوق بڑھا تب جا کر ذکر بڑھایا ورنہ وہی کافی ہو جاتا۔

## صالح کی صحبت کو لازم کرنا

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت تھانوی قدس سرہ کے حوالہ سے ارشاد فرمایا، کہ اگر کسی شہر میں ضابطہ کے بزرگ اور بڑے نہ ہوں تو نیک سیرت اور صالح لوگوں کے پاس جایا کریں۔

## ہمت سے کام لو

فرمایا گناہ کے پاس مت بھٹکو، نفس کی بڑی نگرانی رکھو اور ہمت سے کام لو۔ بقدر تحمل و فرصت کچھ ذکر و شغل بھی کرتے رہو، اور کم ملو اور کم بولو۔

## اصلاح باطن کا طریقہ

فرمایا اعمال کی اصلاح اور باطن کی اصلاح کا طریقہ یہ ہے کہ نفس کے جذبات

کی مخالفت کی جائے اور اس کو مشقت کا عادی بنایا جائے۔

## اصلاح امراء کا طریقہ

فرمایا' امراء کی اصلاح کا طریقہ یہ ہے کہ ان سے ذرا استغناء کرے۔

## ذکر کی تعداد نفس کیلئے ہے

فرمایا: مولانا عبدالکریم صاحب گمتھلوی مرحوم سے کسی شاہ صاحب نے کہا کہ تم لوگ گناہ تو بے گنتی کے کرتے ہو اور ذکر الٰہی گنتی کیساتھ کرتے ہو۔ بات اپنے ڈھنگ کی کہی لیکن مولوی عبدالکریم صاحب بہت سمجھدار تھے انہوں نے فرمایا کہ ذکر کی گنتی اپنے نفس کے لئے کرتے ہیں تاکہ یہ پابند رہے۔ حیلے بہانے نہ کرے۔ اگر کم کرے تو پورا کرنے کا مطالبہ رہے۔اسی لئے اپنے معمول کے ناغہ ہونے کو پورا کرنا چاہئے۔

## احباب کی وجہ سے ترک معمولات

فرمایااگر تم دوستوں اور احباب کی وجہ سے معمولات کو ناغہ کرو گے تو ایک دن بالکل کورے رہ جاؤ گے۔

## بلاتحقیق بات کرنا

حضرت سلطان الاولیاء رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں دو آدمی مرید ہونے کو آئے تو حوض پر جاکر یہ گفتگو کی حضرت سلطان جی رحمۃ اللہ علیہ سن رہے تھے ایک نے کہا کہ یہ حوض ہمارے حوض سے بڑا ہے۔ حضرت نے فرمایا کیا تم اپنا حوض ناپ کر آئے ہو انہوں نے کہا نہیں۔ فرمایا پھر بڑا کیسے کہہ دیا' جاؤ پہلے اپنے حوض کو ناپ کر آؤ پھر اسے ناپو۔ تب مرید کروں گا۔بس دور سے آئے تھے واپس گئے پھر واپس آئے اس مشقت میں قلب کی صفائی ہو گئی۔

## مرزا قتیل کا قصہ

فرمایا غالباً مرزا قتیل کا قصہ ہے کہ وہ داڑھی منڈایا کرتے تھے 'ایک شخص ان سے ملنے آئے اور از روئے نصیحت ان سے کہا کہ

آغا ریش می تراشی؟

ترجمہ : بھائی صاحب کیا داڑھی کترواتے ہو؟

مرزا قتیل نے جواب میں کہا

آرے ریش می تراشم 'لیکن دل کسے رانمی تراشم

ترجمہ : ہاں داڑھی کترواتا ہوں 'لیکن کسی کا دل نہیں دکھاتا۔

اس شخص نے فوراً کہا:

آرے دل رسول اللہ ﷺ می تراشی

ترجمہ : ہاں تم رسول اللہ ﷺ کا دل دکھاتے ہو۔

اس جملہ کا مرزا قتیل پر یہ اثر ہوا کہ بیتاب ہو گئے اور وجد کی سی کیفیت ہو گئی اور توبہ کی اور بزبان حال بار بار یہ کہتے تھے ؎

جزاک اللہ کہ چشم باز کر دی　　مرا با جان جاں ہمراز کر دی

ترجمہ : اللہ تعالیٰ تجھ کو جزاء خیر دے کہ تو نے میری آنکھیں کھول دیں 'مجھ کو میرے محبوب کے ساتھ ہمراز کر دیا۔

## سیر الی اللہ کا مطلب

فرمایا اصطلاح میں سیر الی اللہ کا مطلب مقامات کو حاصل کرنا ہے جس کا دوسرا عنوان اخلاق کی درستی 'صبر 'توکل اور رضا وغیرہ ہیں۔

## سیر فی اللہ کا مطلب

فرمایا سیر فی اللہ کا مطلب یہ ہے کہ بعد درستگی 'اس میں تبحر پیدا کرنا جس کو حالات بھی کہتے ہیں 'اس کی بعینہ مثال یہ ہے کہ جیسے درسیات پڑھنا 'پھر پڑھنے کے بعد اس میں تبحر پیدا کرنا۔

## دماغ کا علاج کراؤ

تھانہ بھون ایک صاحب آئے۔ نوسال مجاہدہ کیا تھا۔ان کے شیخ نے سوکھی روٹی کھلا کر، پتھر پر لٹا کر مجاہدے کرائے تھے۔ان کا دماغ خراب ہو گیا لوگ سمجھے یہ مجذوب ہو گئے ہیں۔ حضرت نے دیکھ کر فرمایا

"تربیت تو بعد میں ہوگی پہلے ان کے دماغ کا علاج کراؤ" چنانچہ حکیم کا علاج کیا۔ مگر دماغ کا دورہ پڑا تو بھاگ گئے اور کورٹ میں جاکر دعویٰ کیا کہ پچاس روپے میرے دواؤں میں برباد کرا دیئے۔ میں تو اچھا خاصا ہوں۔ بعض اوقات زیادہ مجاہدے سے جنون کی نوبت آجاتی ہے یہ ہوتا ہے ان لوگوں سے جو جاہل صوفی ہوتے ہیں۔ مرید کی حالت سے واقف نہیں۔ مجاہدے کرائے جاتے ہیں۔

اسی طرح ایک رنگ آتا ہے ان بگڑے ہوئے مجاہدوں سے۔ وہ ہے زندقہ۔ اس میں خواب وغیرہ الہام ہوتے ہیں۔ یہ شیطانی حرکات ہیں وہ سمجھتا ہے کہ مجھے براہ راست الہام ہونے لگا۔ بس وہ بھی بے راہ ہو جاتا ہے۔

## نفس کشی کا مطلب

تصوف دراصل شریعت پر پورے عمل کا نام ہے۔اس لئے ضرورت اس بات کی ہے کہ جو اس میدان میں قدم رکھے اور بغیر قدم رکھے ایمان پورا نہیں ہوتا۔ لیکن اپنے رائے سے کچھ نہ کرے کوئی شیخ کامل پکڑے اعظم گڑھ کے ہمارے ایک دوست تھے، وہاں شبلی اور غزالی بہت ہوتے ہیں وہ بھی شبلی تھے۔بہت دبلے ڈھانچہ بنے ہوئے۔میں نے پوچھا! کیا ہوا؟ وہ خاموش ہو گئے پھر کئی بار پوچھنے پر بتایا کہ اور کچھ نہیں۔غذا بہت تھوڑی کھاتا ہوں۔امام غزالی کی تعلیم پر عمل کرتا ہوں۔میں نے کہا کہ "حضرت اپنے زمانہ کے غزالی سے پوچھو"۔ یہ جو کتابیں پڑھ کر اپنی اصلاح چاہتے ہو یہ غلط ہے۔صدیوں پہلے اماموں کی تقلید آج کے زمانہ میں تم ہم جیسے کمزور طبیعتوں سے نہیں ہو سکتی۔جب طاقت ہی نہ ہوگی تو طاعت کہاں سے ہوگی۔

صوفیا کے ہاں نفس کو مارنے کا جہالت سے نام بھوکا رہنے کا رکھ دیا ہے۔بھلے

آدمیو! جب نفس کو مار دیا تو طاعت کہاں سے ہوگی۔

نفس کے کچھ حقوق ہیں کچھ حظوظ، حقوق کی ادائیگی واجب ہے۔اس میں سونا کھانا، آرام پہنچانا یہ سب بالکل اسی طرح ہیں جیسے بیوی کے اولاد کے، پڑوسی کے حقوق۔

اگر نفس کے حقوق ادا نہ کئے تو جہنم میں جائے گا۔ہاں دوسری چیز ہے نفس کے حظوظ۔یعنی نفس کی وہ خواہشات جو ضروریات سے علاوہ بلکہ تضییع اوقات، تضییع مال وغیرہ سے ہیں۔جس کے بغیر کام چل سکے، زندہ رہ سکے اس کو "حظوظ نفس" کہتے ہیں۔ان خواہشات کے روکنے کا نام "نفس کشی" ہے

## ذکر اللہ بے حد لذیذ ہے

اللہ کے ذکر سے زیادہ لذیذ کوئی شے نہیں اس میں کتنی لذت ہے جو اسے ورد میں رکھتے ہیں وہ جانتے ہیں مگر یہ لذت، خاصہ ہے ذکر کا۔انوار وبرکات نظر آئیں گے چاہے وہ کافر بھی کرے تو اسے لذت آئے گی مگر مقصود نہیں، بس اس فرق کو سمجھ لیں۔

ایک بنیا تھا دوکان کھولتا بسم اللہ کہہ کر، ترازو اٹھاتا بسم اللہ کہہ کر اور ہروقت اللہ اللہ کہتا۔ پوچھنے پر معلوم ہوا کہ میں مسلمان تو نہیں ہوا۔ مگر مزہ آتا ہے تو یہ انوار تو ظاہر ہیں مگر یہ لذت اور انوار مقصود نہیں۔ مقصود ہے اللہ کی رضا اور یہ رضا حضور ﷺ کے طریقوں میں ہے۔

## اصل مقصود

فرمایا ذکر وطاعت میں مشغول ہونا ہی اصل مقصود ہے۔

## نسبت کی حقیقت

فرمایا کثرت ذکر اور دوام طاعت سے جو تعلق خاص ہو جاتا ہے اس کا نام نسبت ہے اور یہ نسبت خاص دور معاصی سے زائل ہو جاتی ہے۔

## ذکر اللہ کی فضیلت

اور فرمایا کہ ایک حدیث میں ہے کہ ایک شخص نے اپنا تمام مال میدان جہاد میں دیدیا حتیٰ کہ خود بھی نکل کھڑا ہوا اور پھر جان بھی دیدی' بڑی فضیلت کا کام کیا' لیکن ذکر اللہ اس سے بھی افضل ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ اللہ کرنے والا اپنے گھر میں بیٹھا اللہ اللہ کر رہا ہے اس کو کوئی نہیں دیکھ رہا ہے' اور جہاد میں مال' وقت اور اپنی جان کی بازی لگانے والے کو بہت بہادر سمجھتے ہیں جس میں ریا کا احتمال ہے' خلوص کم ہونے کی بناء پر اجر کم ہے' آپ لوگ یہاں کسی ذاتی غرض کے واسطے نہیں آتے' مجھے معلوم ہے کہ کہاں کہاں سے مشقت برداشت کر کے آپ لوگ چل کر آئے ہیں یہاں آپ کا جمع ہونا خالصتاً اللہ کیلئے ہوتا ہے' اس کا نفع مجھے تو محسوس ہوتا ہے آپ کو معلوم نہیں محسوس ہوتا ہے یا نہیں؟

## سلطان الاذکار کا مطلب اور پاس انفاس کا طریقہ

سلطان الاذکار کا مطلب یہ ہے کہ ہمہ وقت ذکر ہوتا رہے کوئی وقت ذکر سے خالی نہ ہو۔ پاس انفاس کے متعلق فرمایا حضرت شاہ انور شاہ کشمیری رحمۃ اللہ علیہ نے بتلایا تھا کہ اندر سانس جائے تو الا (اتنا کہے) جب وہی سانس باہر آئے تو ہُ کہے۔ بس ہر ایک سانس میں اللہُ سانس کے ساتھ کرتا رہے۔ مشق ہو جانے کے بعد خود بخود نکلنے لگتا ہے اور جو بات مشقت کے بعد عادت ہو جاتی ہے اس کا ثواب ملتا رہتا ہے ہاں بلا اختیار عمل ہو تو اس پر ثواب نہیں ملتا۔ حدیث میں ہے

اِنَّمَا الأَعْمَالُ بِالنِّیَّاتِ.

اور نیت ارادے اور قصد کا نام ہے۔

مجلس : ۳۱

# اصلاح کیلئے مجاہدہ

فرمایا جس کو جو کچھ ملا ہے، وہ صرف جوتیاں سیدھی کرنے سے نہیں، بلکہ جوتیاں کھانے سے ملا ہے۔

تشریح: آج کل لوگ جو محروم رہتے ہیں نہ وہ حالات پیدا ہوتے ہیں اور آج کل دنیا میں پیر مریدی بھی چل رہی ہے لوگ آکر ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیعت بھی ہو جاتے ہیں۔ لیکن جو جانثاری، جو خدمت اور شیخ کے پاس اپنے آپ کو فنا کرکے رہنا ہے یہ سب باتیں جو پہلے تھیں۔اب معاشرے میں یہ باتیں کہاں ہیں؟

## حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

میں نے اپنے والد ماجد (حضرت مولانا محمد یاسین صاحب) قدس اللہ سرہ سے ایک واقعہ سنا ہے، حضرت شیخ عبدالقدوس گنگوہی قدس اللہ سرہ بڑے درجے کے اور بڑے پائے کے اولیاءاللہ میں سے ہیں۔ہمارے سلسلہ چشتیہ میں ان کا بڑا اونچا مقام ہے خود انہوں نے بڑی فقیرانہ اور درویشانہ زندگی ایسی گزاری کہ کبھی دنیا کو چھوا بھی نہیں۔کبھی دنیا کو پاس آنے نہیں دیا۔جو لوگ کچھ دے جاتے تھے یا جو تحائف آتے تھے سب صدقہ خیرات کرکے فارغ ہو جاتے اور گھر میں فاقہ ہوتا۔بچے روتے اور ماں سے کھانے کا کہتے تو ماں کہتی جاؤ اپنے ابا سے کہو جب وہ ابا سے آکر کہتے کہ بھوک لگ رہی ہے کچھ کھانے کو نہیں ہے حضرت فرماتے کہ کچھ فکر نہ کرو۔دیگیں چڑھ رہی ہیں کھانا پک رہا ہے ابھی مل جائے گا۔ان کا مقصد یہ تھا کہ جنت میں دیگیں چڑھ رہی ہیں۔اس مزاج کے درویش تھے۔

## دنیا سے بے رغبتی

غالباً عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ کا زمانہ تھا جب انہوں نے یہ خبر سنی کہ ایسے درویش ہیں تو انہوں نے کچھ گاؤں پر معافی نامہ لکھ کر بھیجا کہ یہ گاؤں آپ کے نام کرتا ہوں اور ان کا ٹیکس وغیرہ آپ کو معاف کرتا ہوں جب بادشاہ کا آدمی ان کے پاس لے کر آیا۔ انہوں نے پوچھا کہ کیا ہے؟ اس نے جواب دیا کہ بادشاہ سلامت نے آپ کو چند گاؤں بخشے ہیں۔ آپ نے فرمایا کہ ان گاؤں کو لے کر کیا کروں گا۔ جس کونے میں میں بیٹھا ہوں یہ کونا مجھ سے نہیں سنبھلتا۔ چنانچہ وہ بادشاہ کا پیغام حمام کی آگ میں ڈال دیا۔

## محنت ایک کی، پھل سب کھائیں

بہرحال خود تو اپنی زندگی اس شان سے گزاری، اصول یہ ہے کہ ایک اللہ کا بندہ محنت کر جاتا ہے اور بعد والے اس کا پھل کھاتے ہیں۔ اس وقت ان کے خاندان میں بہت سے عالم گنگوہ میں اور گنگوہ سے باہر بھی ہیں اور ماشاءاللہ ان کا خاندان بہت پھیلا ہوا ہے۔ یہاں کراچی میں ان کے خاندان کے کچھ افراد آباد ہیں لیکن میں نے ان میں سے کسی کو دنیاوی اعتبار سے پریشان حال نہیں دیکھا۔ ان میں کوئی ایسا نہیں ہے جو دنیا والوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتا پھرتا ہو یا اس کو معاشی تنگی ہو۔ بس اپنے اوپر تنگی برداشت کر گئے اور اولاد کو دنیا فراوانی کے ساتھ مل گئی۔

## حضرت شاہ عبد القدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے لڑکے کا مجاہدہ

بہرحال کہنا یہ چاہ رہا تھا کہ انہی حضرت مولانا عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک صاحبزادے تھے جن کو اپنے والد کی زندگی میں اپنی اصلاح اور دین کی طرف توجہ نہ ہوئی، والد ماجد کے پاس جو دولت تھی اس کو حاصل کرنے کی فکر نہ ہوئی۔ دوسرے بیٹوں نے اپنے والد صاحب کے ہاتھ پر بیعت کی ان سے فیض حاصل کیا اور ولی اللہ اور خلیفہ ہوئے والد صاحب کی وفات کے بعد ان کو خیال آیا کہ ہائے افسوس!

والد صاحب کا خزانہ تو لٹ گیا اور میں نے کچھ حاصل نہ کیا۔

## بلخ میں حاضری اور استقبال

اب تلاش ہوئی کہ والد صاحب کے خلفاء میں سے کون سب سے زیادہ بہتر ہے۔معلوم ہوا کہ بلخ میں کابل کے قریب حضرت والا کے ایک خلیفہ ہیں جو ولی کامل ہیں چنانچہ گنگوہ سے سفر کرکے بلخ پہنچے۔ان کو جب اطلاع ملی کہ میرے شیخ کے صاجزادے آرہے ہیں۔انہوں نے شہر بھر میں اعلان کرا دیا کہ ان کے استقبال کے لئے سب چلیں چنانچہ شہر کے روسا' امراء' شہر کا امیر غرض یہ کہ ہر طبقے کے لوگ ان کے استقبال کے لئے شہر سے باہر نکلے اور بڑی شان وشوکت کے ساتھ ان کو لے کر آئے اور بڑی آؤ بھگت کی اور ہونا بھی چاہئے تھا۔اس لئے کہ شیخ کے صاجزادے تھے۔

## اصلاح کی درخواست

جب دعوتیں کھاتے کھاتے دو تین روز گزر گئے تو ان صاجزادے نے بتا دیا کہ حضرت! میں یہاں دعوتیں کھانے تو نہیں آیا میں تو آپ سے وہ دولت لینے آیا ہوں جو آپ میرے والد سے لیکر آئے ہیں۔وہ مجھے دیدیجئے۔میں دعوت کھانے نہیں آیا ہوں ان بزرگ نے جواب دیا کہ یہ تو آپ نے بہت سخت اور مشکل بات کہی ہے کہ آپ اس کام کے لئے اور اس مقصد کے لئے آئے ہیں تو اب معاملہ دوسرا ہوگا اس لئے اب تک تو وہ سر کے تاج بنے ہوئے تھے خوب دعوتیں ہو رہی تھیں اور خاطر تواضع اور مدارات ہو رہی تھی۔اب یہ حکم دیا کہ جاؤ مسجد کے حمام کی آگ جلا کر ہر وقت پانی گرم کیا کرو اور اس کے لئے کوڑا کباڑ' لکڑیاں چن کر لا کر اس میں جھونکا کرو۔چونکہ سردی کا موسم تھا۔نمازیوں کے وضو کے لئے گرم پانی کا انتظام کیا جاتا تھا۔تو ان صاجزادے سے کہہ دیا کہ بس تمہارا صرف یہی کام ہے کوئی وظیفہ کوئی تسبیح وغیرہ نہیں بتائی۔کہاں تو وہ اعزاز واکرام ہو رہا تھا اور کہاں یہ خدمت سپرد کر دی

## تکبر کا علاج

چونکہ اخلاص کے ساتھ اپنی اصلاح کے لئے آئے تھے۔اس لئے گئے' اور اس کام میں لگ گئے۔اب ایک عرصہ دراز تک ان کے ذمہ بس یہی کام تھا کہ پانچ وقت کی نماز پڑھو اور مسجد کا حمام روشن کرو۔بزرگ جانتے تھے کہ ان صاجزادوں میں خاندانی شرافت بھی ہوتی ہے۔دلوں میں طہارت ہوتی ہے۔مگر ایک عیب ان کے اندر ضرور ہوتا ہے وہ ہے تکبر اور اپنی بڑائی۔اس کا علاج کرنا منظور تھا اسی لئے ایسا کام ان کے سپرد کیا تاکہ اس بیماری کا علاج ہو جائے۔کچھ عرصہ کے بعد یہ دیکھنے کیلئے کہ شہزادگی کا خیال اور تصور ان کے دل میں ہے یا ختم ہو گیا ہے اس کی آزمائش کے لئے ان بزرگ نے اپنے گھر کی بھنگن کو جو گھر کا کوڑا اٹھا کر لیجاتی تھی۔اس سے کہا کہ آج جب کوڑا اٹھا کر جاؤ تو حمام کے پاس جو صاحب حمام کی آگ روشن کرنے پر لگے ہوئے ہیں ان کے قریب سے گزر جانا' وہ جو کچھ تمہیں کہیں' وہ آکر ہم سے کہنا چنانچہ جب وہ بھنگن کوڑا لے کر ان صاجزادے کے پاس سے گزری تو ان کو بڑا طیش اور غصہ آیا اور کہا کہ یہ تیری مجال کہ ہمارے پاس سے گزرے' نہ ہوا گنگوہ ورنہ تجھے بتاتا۔اب اس بھنگن نے جاکر شیخ کو اطلاع دے دی کہ یہ جواب دیا ہے' ان بزرگ نے سوچا کہ ابھی تو کچا پن باقی ہے ابھی کسر باقی ہے چنانچہ اسی حمام کے جھونکنے پر ان کو مامور رکھا۔

## دوسرا امتحان

جب پھر کچھ عرصہ گزر گیا تو پھر بھنگن سے کہا کہ اب کوڑا اٹھا کر لے جاؤ اور اب کے بالکل ان کے قریب سے گزرو۔چنانچہ وہ بھنگن اور زیادہ قریب سے گزری تو صاجزادے نے اس بھنگن کو غصے سے دیکھا۔لیکن زبان سے کچھ نہ کہا' اس بھنگن نے جاکر شیخ کو اس کی اطلاع کر دی کہ آج یہ واقعہ پیش آیا۔انہوں نے سوچا کہ یہ علاج کارگر ثابت ہوا۔

## تیسرا امتحان

پھر کچھ عرصہ کے بعد شیخ نے بھنگن کو حکم دیا کہ اب کی مرتبہ ان کے اتنے قریب سے گزرو کہ وہ کوڑا کباڑ کا ٹوکرا ان کو لگ بھی جائے اور اس میں سے کچھ کوڑا بھی ان کے اوپر گر جائے۔ چنانچہ وہ بھنگن ان کے قریب سے جب گزری اور تھوڑا کوڑا بھی ان پر گرا دیا۔ تو انہوں نے اب کی مرتبہ نظر اٹھا کر بھی نہیں دیکھا۔ پھر بھنگن نے جا کر شیخ کو اطلاع دیدی۔

## چوتھا مرتبہ امتحان

کچھ عرصہ کے بعد پھر شیخ نے بھنگن کو حکم دیا کہ اب کی مرتبہ کوڑے کا ٹوکرا لے کر ان کے پاس سے گزرو اور ٹھوکر کھا کر ان کے پاس اس طرح گر جاؤ کہ کوڑا سارا ان کے اوپر گرے۔ پھر جو وہ کہیں وہ مجھے آکر بتاؤ۔ چنانچہ وہ بھنگن گئی اور ٹھوکر کھا کر گر گئی جب انہوں نے یہ دیکھا کہ وہ بھنگن گر گئی ہے۔ اب بجائے اس کے ان کو اپنی فکر ہوتی بلکہ اس بھنگن کی فکر ہوئی اور اس سے پوچھا کہ تمہیں کہیں چوٹ تو نہیں لگ گئی۔ اپنی کچھ فکر نہیں ہوئی کہ میرے کپڑے گندے ہو گئے چنانچہ بھنگن نے جا کر شیخ کو اس کی اطلاع کر دی۔ فرمایا کہ اب اس واقعہ کے بعد کامیابی کی امید ہوئی اور اس کا سرا ملا۔

## بڑی آزمائش اور عطاء دولت باطنی

اس کے بعد ایک اور واقعہ پیش آیا۔ وہ شیخ شکار کو باہر جایا کرتے تھے اور شکاری کتے بھی ساتھ ہوتے تھے اس میں بھی انہوں نے کوئی دینی مصلحت اور حکمت دیکھی ہوگی۔ شکاری کتوں کے ذریعہ شکار کرنا کوئی ناجائز کام تو تھا نہیں بلکہ جائز تھا۔ چنانچہ ایک مرتبہ جب شکار کے لئے جانے لگے ان صاحبزادے کو بھی ساتھ لے لیا اور شکاری کتے کی زنجیر ان صاحبزادے کے ہاتھ میں پکڑا دی۔ وہ شکاری کتے بڑے لحیم اور

بڑے طاقت ور اور یہ بیچارے نحیف اور کمزور اور فاقہ مست تھے ۔ چنانچہ جب شکاری کتے شکار کے پیچھے بھاگے اور کمزور ہونے کی وجہ سے ان کتوں کے ساتھ نہ بھاگ سکے ۔ چنانچہ گر پڑے ۔ چونکہ شیخ کی طرف سے حکم یہ تھا کہ زنجیر مت چھوڑنا ۔ اس لئے زنجیر نہیں چھوڑی ۔ اب گھسٹتے ہوئے لہولہان ہوگئے ۔ لیکن شیخ کا حکم بجالانے کے لئے زنجیر نہیں چھوڑی ۔

اس واقعہ کے بعد رات کو خواب میں اپنے شیخ حضرت مولانا عبدالقدوس گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کو دیکھا کہ وہ فرمارہے ہیں کہ "میں نے تو تم سے اتنی مشقت نہیں لی" کیونکہ اولاد کا خیال تو باپ کو ہی ہوتا ہے ۔ چنانچہ جب صبح ہوئی تو ان کو بلا کر سینے سے لگایا اور فرمایا کہ جو دولت میں تمہارے والد سے لیکر آیا تھا ۔ وہ اللہ نے تمہیں دیدی تم نے وہ دولت مانگی تھی جو تمہاری امانت تھی ، تمہارے سپرد کر دی اور چونکہ اس طرزِ عمل کے بغیر یہ دولت نہیں مل سکتی تھی ۔ اس لئے میں نے یہ طرزِ عمل اختیار کیا ۔

فرمایا اور یہ بھی بتلائے دیتا ہوں کہ وہ جوتیاں مارے گا نہیں ، لیکن تمہیں اس کے لئے تیار ہو کر آنا چاہئے ۔ تب اصلاح ہو سکتی ہے اور اگر کہیں روک ٹوک کرنے پر ۔ ڈانٹ ڈپٹ کرنے پر دل میں کدورت پیدا ہوگئی اور برداشت نہ کر سکا تو بس محروم رہے گا ۔ ایسے شخص کو اس راہ میں قدم ہی نہ رکھنا چاہئے ۔ اس میں سب سے اول شرط یہ ہے کہ :

در رہ منزل لیلیٰ کہ خطرہا است بجاں
شرط اول قدم آنست کہ مجنوں باشی

اس سکت کا طالب اس راہ میں قدم رکھتے ہی منزل مقصود پر پہنچ جائے گا اور اگر برداشت نہ کر سکا اور واویلا مچانے لگا تو بس ہو چکی اصلاح اور پہنچ چکا منزل مقصود پر ، اسی کو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ۔

تو بیک زخمے گریزانی زعشق
تو بجز نامے چہ می دانی زعشق

اور فرماتے ہیں کہ :

گر بہر زخمے تو پر کینہ شوی
پس کجا بے صیقل آئینہ شوی

تشریح: آئینہ تو جبھی بنتا ہے جو خوب رگڑے کھاتا ہے۔ ہمارے خواجہ عزیز الحسن مجذوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ کے خلفاء میں سے شاعر بھی تھے۔ وہ فرماتے ہیں کہ:

جلا کردہ دست دلدار ہوں میں
مجھے دیکھ آئینہ یار ہوں میں

حقیقت یہ ہے کہ ٹھوکریں کھاکر، محنتیں کرکے، سر رگڑ رگڑ کر ہی یہ چیز حاصل ہوتی ہے۔ انّ متاع اللہ غالیۃ یہ ایسا سستا سودا نہیں ہے کہ کسی شیخ اور بزرگ کے پاس گئے اور اس کے ہاتھ پر ہاتھ رکھا اور یہ چیز حاصل ہوگئی۔

مجلس: ۳۲

# مراقبات واشغال کا درجہ اور ہدیہ کے آداب

## صوفیاء کے اشغال از خود نہ کریں

فرمایا کہ جب میں مکہ مکرمہ میں حضرت حاجی صاحب قدس اللہ سرہ کی خدمت میں مقیم تھا تو خیال آیا کہ غذائے روح میں حضرت نے جتنے اشغال نقل فرمائے ہیں' سب کو دو دو دن کرکے دیکھوں' مگر اس پر عمل کرنے سے پہلے حضرت سے اس کی اجازت چاہی۔

تشریح: ''غذائے روح'' کے نام سے حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کتاب ہے۔ اس میں بہت سے اعمال واشغال ذکر کئے ہیں تو حضرت نے سوچا کہ اس میں جتنے اعمال واشغال ہیں ان کو دو دو دن توکرکے دیکھوں کہ ان کا کیا اثر ہوتا ہے۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ کوئی کتاب کا سبق تھوڑا ہے کہ سب کو پڑھتے چلے جاؤ بلکہ یہ تو عطار کی دکان ہے' جس میں ہزاروں دوائیں ہیں اور ہر دوا ہر مریض کے لئے مفید نہیں ہوتی کہ جس کا جی چاہے جو دوا چاہے' اس دواخانے سے لیکر کھالے۔

تشریح: دواخانے میں دوائیں رکھی ہیں۔ جی چاہا کہ آج اسی شیشی میں سے کھا لوں۔ کل اس میں سے کھالوں اور پرسوں اس میں سے' سب دوائیں لگاتار کھاتے چلے جاؤ تو اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ مریگا اور کیا ہوگا؟ اس لئے حضرت حاجی صاحب نے ایسا کرنے سے منع کر دیا۔

ایک مرتبہ مجھے ایک خبط سوار ہوا' میں نے سوچا کہ امراض باطنہ کے ازالہ کا مجاہدہ میں نے نہیں کیا حضرت والا سے میں نے ذکر کیا کہ دل یوں چاہتا ہے کہ میں تفصیلی ریاضت شروع کروں حضرت والا نے بھی مجھے بعینہ یہی جواب دیا کہ اس کا مطلب یہ

ہے کہ دواخانے میں جتنی دوائیں ہیں، سب کو کھالوں، چنانچہ ایسا کرنے سے منع کر دیا۔

## اشغال صوفیاء کا مقصد

پھر فرمایا کہ صوفیاء کرام نے جتنے اشغال لکھے ہیں ان کی اصل صرف اتنی ہے کہ ان کے ذریعہ جمعیت خاطر حاصل ہو جائے۔ وساوس وخیالات سے قلب فارغ ہو جائے، ان اشغال کی جزئیات تو سنت سے ثابت نہیں، مگر اس کی اصل ثابت ہے۔ نماز میں نمازی کے سامنے سترہ کھڑا کرنے کا جو حکم ہے اس کا مقصد بھی جمعیت خاطر ہے۔

تشریح: نماز میں یہ جو حکم ہے کہ کوئی چیز آگے کھڑی کر دو، تاکہ کوئی شخص اس کے آگے سے نہ گزرے بلکہ پیچھے سے گزرے، یہ اس لئے کہ جب سترہ کھڑا کر دیا تو آدمی کی نظر اس تک جائے گی، اس سے آگے نہ جائے گی۔

ان اشغال کو اگر کوئی شخص طاعت مقصودہ سمجھ بیٹھے تو وہ بدعت ہو جائیں گے جیسے زکام میں گل بنفشہ پینے کو اگر کوئی شخص طاعت مقصودہ سمجھنے لگے تو وہ بھی بدعت ہو جائے گا اور ایک تدبیر صحت سمجھ کر استعمال کرے تو جائز ہے چونکہ تحصیل صحت جائز، بلکہ مامور بہ ہے۔

## اذکار واشغال میں فرق

تشریح: آپ لوگوں کو سمجھ میں نہیں آیا ہوگا۔ صوفیاء کے یہاں دو طرح کی چیزیں استعمال کی جاتی ہیں۔ ایک تو اوراد وظائف، تسبیحات، اللہ کا نام، قرآن کی تلاوت، یہ سب تو موجب اجر وثواب ہیں۔ اعمال صالحہ بھی ہیں اور قرآن وحدیث سے ثابت ہیں۔ دوسری طرح کی چیزیں وہ ہوتی ہیں جو صوفیاء کرام کے یہاں اشغال کہلاتی ہیں۔ وہ ایک قسم کی توجہ اور غور وفکر کی چیز ہوتی ہے صوفیاء کرام یہ بھی استعمال کراتے ہیں اس کے متعلق فرمارہے ہیں کہ ان سے مقصد جمعیت خاطر حاصل کرنا ہے، اب جمعیت خاطر کا مقصود اور مطلوب ہونا تو حدیث سے ثابت ہو گیا، لیکن ہر شغل

حدیث ہی سے ثابت ہو' ایسا نہیں ہے جیسا کہ یہ ثابت نہیں ہے کہ زکام میں گل بنفشہ پیا کرو۔ یہ مفید ہوگا فلاں دوا فلاں چیز میں نفع کرے گی۔ حدیث میں ثابت ہونا ضروری نہیں۔ اتنا کافی ہے کہ تجربہ سے اس کے ذریعہ شفا حاصل ہونا ثابت ہو جائے۔ اس طرح یہ اشغال تجربہ کی چیزیں ہیں' بزرگوں نے تجربے کئے اور ان کے ذریعہ جمعیت خاطر حاصل ہو جاتی ہے' اس لئے ان کو اختیار کیا ہے

## ذکر میں جہر و ضرب کا درجہ

اسی طرح ان اشغال کو جمعیت خاطر کا ذریعہ سمجھ کر کرے تو درست ہے' عبادت مقصودہ سمجھ کر کرے تو بدعت ہے۔ یہی حکم ذکر اللہ میں جہر کرنے کا ہے کہ ذکر جہر دفع وساوس اور جمعیت خاطر کے حصول کی تدبیر سمجھ کر کرے تو درست ہے۔ خود جہر کو طاعت مقصودہ سمجھے تو بدعت ہے۔

تشریح: ذکر جہر اور ضرب جو صوفیاء کا خاص کر چشتیہ کا جو طریقہ ہے' اگر اس کو مقصود سمجھ لیا جائے تو یہی فعل بدعت ہو جائے گا' البتہ اگر یہ سمجھ کر کیا جائے کہ اس سے جمعیت خاطر حاصل ہوتی ہے اس میں کوئی حرج نہیں' اس لئے کہ یہ مشاہدہ اور تجربہ کی بات ہے کہ اگر ایک انسان آہستہ آہستہ لا الہ الا اللہ، لا الہ الا اللہ پڑھتا رہے تو اس میں جمعیت خاطر حاصل نہیں ہوتی۔ جتنی جہر اور ضرب سے حاصل ہوتی ہے۔

## قبول ہدیہ سے متعلق امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق پر اشکال اور جواب

حضرت امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جو شخص کسی کو ہدیہ اس نیت سے دے کر یہ شخص صالح اور بزرگ ہیں اور واقعہ میں وہ شخص ایسا نہ ہو تو ہدیہ قبول کرنا اس کے لئے جائز نہیں۔

تشریح: اس لئے کہ اس میں دھوکہ ہو گیا۔ اس نے تو بزرگ سمجھ کر دیا اور ہم بزرگ ہیں نہیں' گویا کہ ہم نے اپنی وضع قطع سے دھوکہ دیا اور اس سے وہ ہدیہ لے لیا۔

اس پر حضرت مولانا رشید احمد کانپوری نے جو حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد تھے۔ یہ

سوال کیا کہ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ ہدیہ کا لینا اور دینا کسی حال میں بھی جائز نہ ہو' کیونکہ جس شخص کو صالح اور بزرگ سمجھ کر ہدیہ دیا جا رہا ہے اگر وہ خود بھی اپنا معتقد ہو اور اپنے آپ کو صالح اور بزرگ سمجھتا ہو' تو یہ تزکیہ نفس ہے' جو نص قرآن :

وَلَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ (اپنے نفوس کو عیب سے پاک نہ کہو)۔

کے خلاف ہونے کی وجہ سے گناہ ہے۔ اس لئے اپنے آپ کو بزرگ سمجھنا گناہ ہے اور اگر وہ اپنے آپ کو صالح اور بزرگ نہیں سمجھتا تو امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی تحقیق پر اس کو ہدیہ قبول کرنا جائز نہیں۔

تشریح: یہ مولانا رشید احمد صاحب حضرت کے شاگرد تھے' کتب خانہ رشیدیہ جو دہلی میں اب بھی ہے اور انہی کا قائم کیا ہوا ہے۔ بڑے ذہین آدمی تھے' اور یہ بھی ذہانت کا سوال تھا کہ اگر اس نے اپنے آپ کو بزرگ سمجھا تو اس لئے ناجائز ہے کہ اپنے آپ کو بزرگ سمجھنا گناہ ہے اور اگر اپنے آپ کو نہیں سمجھتا تو ہدیہ لینا ہی ناجائز ہے گویا کہ دونوں صورتوں میں ہدیہ قبول کرنا جائز نہیں۔ بزرگ ہے تو جائز نہیں' بزرگ نہیں تو بھی جائز نہیں۔

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے اس اشکال کا جواب دیا کہ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کی مراد یہ ہے کہ جو شخص قصد کر کے لوگوں کو اپنی بزرگی اور نیکی کا معتقد اس لئے بنائے کہ وہ اس کو ہدیہ دیں گے' یہ حرام ہے کیونکہ یہ ایک قسم کا فریب ہے لیکن بغیر کسی قصد اور کوشش کے لوگ کسی کے معتقد ہو جائیں اور اس کو نیک اور بزرگ سمجھ کر ہدیہ پیش کریں اور وہ اپنے دل میں جانتا ہے کہ میں ایسا نہیں تو ایسی حالت میں قبول ہدیہ ممنوع نہیں۔

## دھوکہ سے بچانا

تشریح: حضرت رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں اس کا بڑا اہتمام تھا کہ دھوکہ نہ ہو' ایک مرتبہ اپنا واقعہ سنایا کہ ایک شخص مجلس میں آتا تھا۔ غریب آدمی تھا۔ تنخواہ بھی کم تھی۔ وہ اکثر دو روپے ہدیہ پیش کرتا' اور حضرت بڑے اہتمام سے اس کا ہدیہ قبول فرما لیتے اور کبھی اس کا ہدیہ رد نہیں فرمایا کبھی اگر زیادہ ہدیہ دیا تو بس پانچ روپے دیدیئے۔ گویا کہ دو روپے سے پانچ روپے تک دیتے اس سے زائد نہ دیتے۔

## ضرورت مند سمجھ کر زیادہ ہدیہ دینا

جب حضرت کی بیماری کا زمانہ تھا تو ایک مرتبہ میں نے غالباً بیس روپے ہدیہ کے طور پر حضرت والا کو پیش کئے' اب حضرت کے کمالات کو دیکھئے کہ انسان اس کو سمجھ بھی نہیں سکتا۔ اب اگر وہ ہدیہ رد کر دیتے تو میرا دل برا ہوتا کہ میرا ہدیہ واپس کر دیا۔ اس لئے ہدیہ رد تو نہیں کیا۔ قبول تو کر لیا۔ لیکن ایک قصہ سنا دیا' تاکہ اس بات کی اصلاح ہو جائے۔

قصہ یہ سنایا کہ نواب جمشید علی خان جو باغ پت کے نواب ہیں۔ وہ اب کی مرتبہ جب آئے تو خلاف عادت ہدیہ زیادہ دیا' مثلاً پہلے سو روپے دیتے تھے۔ اب کے اس کا دگنا دیا' مجھے یہ شبہ ہوا کہ انہوں نے اس لئے ہدیہ زیادہ دیا ہے کہ دیکھا کہ میں بیمار ہوں اور بیماری کے اخراجات زیادہ ہوں گے' اس لئے زیادہ ہدیہ دیا۔ میں نے سوچا کہ یہ بیچارے خواہ مخواہ دھوکے میں ہیں' مجھے ضرورت ہے نہیں اور انہوں نے ضرورت سمجھ کر ہدیہ دیا ہے' تو میں نے ان نواب صاحب سے کہا کہ دیکھو بھائی! صفائی کی بات یہ ہے کہ غالباً آپ نے جو ہدیہ زیادہ دیا ہے وہ یہ سمجھ کر دیا ہے کہ میں بیمار ہوں اور بیماری میں اخراجات زیادہ ہو رہے ہیں اور اخراجات کی وجہ سے ضرورت زیادہ ہوگی تو اگر آپ نے اس نیت سے دیا ہے تو ہدیہ واپس لے لو' کیونکہ یہ واقعہ کے خلاف ہے اور دھوکہ ہے اور مجھے اللہ کا شکر ہے کہ ضرورت نہیں ہے اس لئے بیماری کے اخراجات ضرورت کے مطابق موجود ہیں۔ وہ بھی چونکہ حضرت کے پڑھائے ہوئے اور سکھائے ہوئے لوگ تھے۔ فوراً ہدیہ واپس لے لیا اور گھر واپس جانے کے بعد اس کا دگنا ہدیہ دوبارہ بھیج دیا اور حضرت نے اس کو قبول کر لیا۔

یہ سارا قصہ مجھے اس لئے سنایا تاکہ میرے حال کی اصلاح ہو جائے کہ میں یہ سمجھ کر ہدیہ پیش کروں کہ حضرت کو ضرورت ہوگی' گویا کہ واقعہ سنا کر اصلاح بھی کر دی اور میری یہ رعایت بھی کر دی کہ میرا ہدیہ واپس نہیں کیا۔

مجلس: ۳۳

# ہمت اور حسرت

ایک حدیث کا ترجمہ ہے کہ مومن کی شان یہ ہے کہ جو چیز اس کی طاقت میں ہے اس میں غفلت نہ کرے اور جو نہیں کر سکتا (چاہے وہ دین کا کام ہو اور اس کی قدرت اس کو نہ ہو) اس پر غمگین رہے، تاسف کرتا رہے مثلاً آپ کو طاقت ہے تہجد کی نماز پڑھ سکتے ہیں اور اٹھ کر پڑھتے ہیں یہ محنت ہے اور محنت تو ہر چیز میں ہوتی ہے مگر جس کی طاقت ہے اس کو نہ چھوڑے اور جس کی طاقت اور قدرت نہیں اس کا کم از کم افسوس رہے۔

## حسرت نایاب

قاری فتح محمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ ساری رات کھڑے ہو کر روزانہ قرآن پڑھتے رہتے ہیں اب ہم میں اتنی طاقت نہیں ہے تو اس پر افسوس ظاہر کریں۔ کاش ہم میں بھی اتنی طاقت ہوتی حسرت نایاب اسی کو کہتے ہیں۔

## اصلاح کے دو اصول

حضرت فرماتے ہیں کہ اس سے دو امر ثابت ہوئے ایک تو ہمت نہ ہارے دوسرے نیک کام کا ارادہ کرے اور یہ شیطان کا دھوکا ہے کہ نفس کہتا ہے کہ یہ کام تجھ سے نہیں ہوگا جب طاقت اس کی موجود ہے تو اس کو ضرور کرے، دین کے کام میں تھوڑی تھکان تو اٹھائے جب دنیا کے کام میں پسینہ پسینہ ہو جاتا ہے تو آخرت کے لئے کم از کم مشقت تو برداشت کرے، نفس کہتا ہے کہ کیا کریں ہم سے ہو نہیں سکتا ورنہ کر لیتے، ایک صاحب نے کہا کہ مجھ سے وضو نہیں ہوتا، میں نے کہا کہ ہاتھ میں تکلیف ہے یا کیا بات ہے؟ کہنے لگے نہیں بس ایک بار سا ہوتا ہے۔ میں نے کہا کہ

ہمت کیا کرو' انہوں نے ہمت کر کے لوٹا اٹھایا اور وضو کیا کچھ بھی نہ تھا۔

## اہل وعیال کی اصلاح کا طریقہ

ایک حکیم صاحب روزہ کو مہلک بتاتے تھے میں نے کہا کہ یہ لاکھوں آدمی جو روزہ رکھتے ہیں ان کو عید کے بعد وزن کر کے دیکھ لینا' کوئی بھی کمی نہ ہوگی۔ بیوی نماز نہیں پڑھتی' بیٹا روزہ نہیں رکھتا' یہ سب نفس کا دھوکہ ہے تمہارے بکس میں سے روپیہ نکال کر لیجائے' بیوی تمہارے قتل کے درپے ہو جائے دیکھیں تم کیا تدبیر نہ کرو گے' تدبیر اس درجہ کی کرو۔ جس کی تم اپنے نفس کے مطابق کرنے کی کوشش کرتے ہو۔ قبل از عمل تھک جانے والا کوئی عمل نہیں کر سکتا اپنی طاقت تک اس کام کو کرتے رہو' جب نہیں ہوتا سوچتے ہیں' ایک لمبی سڑک پر دو طرف درخت ہیں دور جا کر آپ کو دونوں قطاریں ملتی نظر آئیں گی' اب آپ یہ کہیں کہ موٹر لے جا کر کیا کروں گا آگے سڑک تو بند ہے پھر راستہ کیسے قطع ہو گا' مایوسی قبل از عمل ناجائز ہے بلکہ بڑا گناہ ہے جو نیک اعمال سے محروم کر دیتا ہے۔

## بقدر ہمت عمل کرامت سے بڑھ کر ہے

مولانا رومی فرماتے ہیں

گرچہ رخنہ نیست عالم راپدید　　　خیرہ یوسف واری باید پذیر

اگر یوسف علیہ السلام اٹھ کر نہ بھاگتے تو دروازہ کیسے کھلتا اپنی طاقت جمع نہ کرتے تو دروازہ خود نہیں کھلتا۔ جتنا تمہارے بس کی بات ہے وہ کر لو آگے اللہ پاک مدد کریں گے اور وہ ہمیشہ مدد کرتے ہیں اور کون مدد کرنے والا ہے۔ قید خانہ میں ایک بزرگ جمعہ کے دن غسل کر کے کپڑے بدل کر کوٹھڑی سے نکل کر جیل کے دروازہ تک پہنچے' یہاں پہنچ کر ہمارے دل میں آتا ہے کہ ایسے بزرگ کے لئے دروازہ کھل جائے گا' حالانکہ یوں بھی ہو سکتا ہے مگر اس کرامت سے بڑھ کر اور کرامت ان کو مل گئی' اگلے جمعہ کو پھر اس طرح اہتمام کر کے دروازہ تک جاتے پھر دعا کرتے کہ یا اللہ میرے بس

میں توبس اتنا ہی تھا' آگے آپ کے ہاتھ میں ہے' نماز پڑھنے میں' خشوع کرنے میں' نیکی کرنے میں' دل لگانے میں اپنی طرف سے کوشش کرو' پھر وساوس آجائیں تو کوئی بات نہیں' یہ تمہارے بس میں نہیں' تم ایسا کرتے رہو گے اور وساوس کا خیال نہ کرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری مدد فرمائیں گے بعض اوقات اللہ پاک تمہاری کوششوں پر اپنی غیبی مدد عطا فرمائیں گے اور بعض وقت اس سے بڑھ کر انعام دیتے ہیں یعنی آخرت کے درجات بڑھ جائیں گے۔ یہ ساری کرامتوں سے بڑھ کر ہے یعنی اگر وہ بزرگ دروازہ کھل جانے پر باہر جاکر نماز ادا کر لیتے تو جو ثواب اس پر ملنا تھا اس سے زیادہ ثواب ان کو نہ جانے پر ملا کہ ہر جمعہ کو توفیق ملی اس اہتمام کی اور یہ اہتمام اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمت کو متوجہ کرنے میں کہیں بڑھا ہوا تھا۔ کھڑا ہے۔ بیچارہ نماز پڑھتا ہے یہ چاہتا ہے کہ وساوس نہ آئیں مگر آتے ہیں پھر اپنا خیال بنا کر اللہ کی طرف متوجہ کر لیتا ہے پھر وساوس آتے ہیں اور ایک شخص وہ ہے کہ اللہ کے سامنے کھڑا ہوا ہے اور خشوع اور خضوع سے نماز ادا کر لی اور وساوس بالکل نہیں آئے۔ دراصل درجہ اس کا بڑھا ہوا ہے جس کو وساوس آئے ہیں اور پھر بھی لگا ہوا ہے کوششوں میں اس چیز میں درجات کا اضافہ زیادہ ہوتا ہے۔ ایک شخص غیبت نہ کرنے کا عہد کرتا ہے کوشش کرتا ہے پھر اس سے ہو جاتی ہے مگر پھر توبہ کرتا ہے۔ پھر عہد کرتا ہے۔ اس کوشش پر جو ثمرہ ملے گا وہ اس سے زیادہ ہے۔ جس سے بالکل غیبت نہیں ہوتی۔ لغو کلام نہیں کرتا' جھوٹ نہیں بولتا جو لگا رہے محنت کرتا رہے اس کو بھی کامیاب کا ہی درجہ ملتا ہے' جو یہ سوچ لے بھئی ہم کہاں تک بچیں گے کہاں سے ایسے تقویٰ کی زندگی لائیں جھوٹ اور غیبت سے کہاں تک بچیں' تمہاری زبان تمہارے اختیار میں ہے کوئی دوسرا تمہاری زبان پکڑ کر نہیں ہلاتا' بس اس میں خود بے احتیاطی کرتے ہو۔ زبان سے خود بخود کچھ نہیں نکلتا تمہاری غفلت اور کوتاہی سے نکلتا ہے۔ قبل از عمل مایوسی کے بہت شکار ہیں' تکبر' ریا' کینہ' دل آزاری' جھوٹ' حرص' مال کی محبت اس بچنے کی کوشش میں لگا رہے۔ حاصل آید یا نہ آید جستجوئے میکنم۔

## مسلسل کوشش چاہئے

حضرت نوح علیہ الصلوۃ والسلام ساڑھے نو سو برس تبلیغ کرتے رہے۔ لوگ مان کر نہ دیں اور وہ تبلیغ نہ چھوڑیں ساڑھے نو سو برس سینکڑوں سال ہوتے ہیں ایک دو دن نہیں پھر اسی آدمی مسلمان ہوئے اس میں زیادہ اپنے خاندان کے 'پھر اس میں بھی ایک بیٹا کافر' غرض یہ ہے کہ کوشش کرتا رہے 'اللہ کا معاملہ اس کے ہاتھ میں ہے حاصل دیکھ کیا ہوا۔ بس تم کو درجہ مل جائے تو محنت وصول ہے اختیاری امور کیا ہیں' روزہ رکھنا' حلال کھانا حرام سے بچنا' چغلی' عیب جوئی زبان کے گناہ' حسد' بغض' کینہ' حب مال' حب جاہ' یہ دل کے کبیرہ گناہ ہیں۔ ان سے بچنا انسان کا اختیاری فعل ہے' کرتا رہے' تھکے نہیں تو اللہ کسی کی کوشش کو ضائع نہیں کرتے۔

## حقیقت تقویٰ

تقویٰ بہت آسان ہے سارے گناہوں سے بچنے کا نام تقویٰ نہیں' گناہوں سے بچنے کی کوشش کا نام تقویٰ ہے۔ قرآن میں ہے' جتنا تم کر سکتے ہو اتنا کرو' اپنی کوشش کرو گناہوں سے بچنے کی' نیکی کرنے کی' یہ ضروری نہیں کہ ہر گناہ سے بچ ہی جاؤ' یہ ضروری نہیں کہ ساری نیکیاں کر ہی ڈالو' لوگ مایوس ہو جاتے ہیں کہ ہم ایسے متقی کہاں بن سکتے ہیں یہ غلط ہے نفس کا دھوکہ ہے۔ بے وقوفی سے ہم یہ سمجھ لیتے ہیں کہ یہ ہم سے ہو ہی نہیں سکتا۔ زیادہ تھکان کی ضرورت نہیں تھوڑی سی تھکان ہو جائے نفس کو اور تم اتنا تو کر سکتے ہو اور جس چیز کی قدرت نہیں اس پر افسوس کرے' مسلسل روزے نہیں رکھ سکتے رات بھر نماز نہیں پڑھ سکتے۔ علم دین حاصل کرنے کی قدرت نہیں ہے اس پر افسوس کرتا رہے اور حتی المقدور اس پر کوشش ضرور کرتا رہے۔ آپ دنیا بھر کے اسکولوں میں تعلیم حاصل کرتے ہیں' یہ کوئی تعلیم تھوڑی ہے' تعلیم کا مطلب علم دین ہے۔ اگر یہ حاصل نہیں تو اس پر افسوس کرے' حافظ نہیں تو اس پر افسوس کرے اور فرمایا کہ جس کو افسوس نہیں وہ مومن نہیں' اس کا دل مردہ ہے اور یہ حسرت نایافت کا درجہ اتنا بڑا ہے جو بعض اوقات

ملنے والوں کے برابر بنا دیتی ہے۔ایک شخص دوڑا ہوا مسجد میں آیا نماز ہو چکی 'اس کو ثواب اور اجر جماعت کا ملے گا' ہاں نماز کا وقت تو ایک بجے ہے اور دوڑا ہوا آرہا ہے دو بجے تو پھر اجر نہیں' حسرت اس کو ہوتی ہے جو عین وقت پر آئے اور پھر نہ مل سکے۔

## حسرت کا اجر

حضرت ابراہیم ادہم کے پڑوس میں ایک لوہار رہتا تھا' زیادہ عبادت گذار تو نہ تھا' بس محنت کرتا' نماز پڑھتا اور کوئی خاص عبادت اس کی نہ تھی جب اس لوہار کا اور حضرت ابراہیم ادہم کا انتقال ہوا تو کچھ لوگوں نے ابراہیم ابن ادہم کو خواب میں دیکھا پوچھا کیا معاملہ رہا؟ کہا کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا بڑا شکر ہے بڑے درجات ہیں۔مگر وہ درجہ نہیں ملا جو ہمارے پڑوس کے لوہار کو ملا ہے لوگ گئے لوہار کی بیوی کے پاس پوچھا کہ ان کا کیا عمل تھا' اس نے کہا کہ کوئی خاص عمل نہیں 'البتہ اکثر روتے تھے کہ کاش ہم کو بھی فرصت ہوتی تو ایسی عبادت کرتے جیسے ابراہیم بن ادہم کرتے ہیں یہ ہے حسرت نایافت 'اللہ تعالیٰ کے ہاں اس حسرت کی بہت قیمت ہے اگر دل سے ہو' مومن کی مثال حسرت نایافت ہے مگر غلو اس میں بھی برا ہے 'غلو دین اور دنیا کے ہر کام میں برا ہے' حزن وملال تو چاہئے مگر اعتدال کیساتھ یعنی اتنا ملال بھی نہ ہو کہ اس کی صحت پر اثر پڑے یہ بھی برا ہے۔

حدیث کے الفاظ ہیں۔ذلیل ہوئی ناک اس کی (تین بار فرمایا) عرض کیا کون یا رسول اللہ ﷺ 'فرمایا۔

(۱) ایک وہ جس کے سامنے میرا نام آیا اور اس نے درود نہ بھیجا

(۲) دوسرا وہ جس کے ماں باپ اس کے سامنے بڑھاپے کو پہنچ گئے اور ماں باپ نے اس کو بخشوایا نہیں (اور جبکہ ماں باپ سے اپنی بخشش کا سامان لینا اس کے اپنے اختیار میں تھا)

اللہ تبارک وتعالیٰ کے فرائض وواجبات کے بعد ماں باپ کی خدمت سب سے بڑا عمل ہے کوئی عمل ماں باپ کی اطاعت سے بڑھ کر نہیں جسے کچھ حاصل کرنا ہو ماں

باپ کو راضی کر لے اور یہ بہت آسان ہے وہ تو ہوتے ہی ہیں راضی ۔

(۳) تیسرا وہ کہ رمضان المبارک کا مہینہ آیا اور چلا گیا اور اس کے گناہ معاف نہ ہوئے ۔

اب سوچنا یہ ہے کہ ہمارے اختیار میں تھوڑا ہی ہے کہ گناہ معاف ہو جائیں ' رمضان المبارک کے ایام میں راہیں ایسی ہیں کہ ہماری ذرا سی محنت ذرا سی کوشش ہم کو نکھار دیتی ہے ۔اللہ تبارک وتعالیٰ کی رحمتوں سے کام نہ لیا' اس طرف متوجہ نہ ہوئے 'کوشش نہ کی اس سے بڑھ کر کیا بد نصیبی ہوگی ' ہمارے جیسے روزے اور نماز ہیں ' نہ آداب کا پتہ ' نہ فرائض اور واجبات کا دیہان ' نہ حلال وحرام کی تمیز ۔

بہرحال اتنے روزے گذر گئے یعنی ۲۵ روزے گذر گئے ہیں 'ان باقی ایام میں اصلاح کر لو ان کو درست کر لو تو وہ کریم ہیں باقی بھی ٹھیک کر دیں گے ۔ان ہی میں جدوجہد کر لو ' ظاہری اور باطنی آداب کے مطابق محنت کر لو' اللہ پاک اس کی توفیق عطا فرمائیں آمین !

مجلس : ۳۴

# محاسبہ نفس

حضرت حارث محاسبی صوفیاء کرام کے امام مانے گئے ہیں۔امام عینی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ بغدادی ان کے شاگرد ہیں۔یہ بڑے درجہ کے عالم ہیں۔ان کے ملفوظات میں سے ہے فرماتے ہیں۔

حَاسِبْ نَفْسَكَ فِي كُلِّ خَطْرَةٍ وَرَاقِبِ اللهَ فِي كُلِّ نَفَسٍ.

اپنے نفس کا محاسبہ کرو ہر خطرہ میں۔قلب کی کیفیات کے وہ ماہر تھے۔فرمایا دل میں خیال آیا کہ فلاں زینت، فلاں تماشہ بڑا اچھا ہے۔دل میں میلان پیدا ہوا۔پہلے دل میں ایک خطرہ ایک خیال آتا ہے اگر خطرہ کی پرورش کی جائے تو ارادہ بنتا ہے۔ارادہ پر عمل آتا ہے اور عمل سے عادت بن جاتی ہے اگر خیال پر آپ نے محاسبہ کر لیا۔ذہن سے نکال دیا تو فارغ ہو گئے۔ورنہ سوچتے سوچتے دل میں ارادہ ہو جائے گا اور ارادہ کسی نہ کسی وقت عمل کی صورت اختیار کر لے گا۔

## شیطان کے بہکانے کا طریقہ

شیطان نیک آدمی کو یہ نہیں کہتا کہ تم زنا کرو۔پہلے ایک حسین صورت دکھائی۔اگر تم نے اس کی توجہ ذہن سے نہ نکال لی تو بار بار آئے گا۔پہلی نظر اختیاری نہ تھی دوسری نظر اختیاری ہو گئی۔یہ بیج آگے چل کر ایک درخت ہو جائے گا۔کیونکہ اس مقصود کو حاصل کرنے کے لئے ذرائع میں لگ جائے گا۔یہاں تک کہ وہ گناہ صادر ہو جائے گا اور ارادہ کامل کے بعد عمل لازمی طور پر ہو جاتا ہے۔

پھر ایک دفعہ گناہ ہو جائے توبہ کر لے تائب ہو جائے گا۔اور اگر توبہ نہ کی تو یہ عادت ہو گئی اس واسطے فرمایا کہ اول دل میں ارادہ پیدا ہو تو محاسبہ کرو۔اچھا ہے یا برا؟ اللہ کو ناپسند ہے یا پسند؟ اگر معلوم ہو کہ گناہ ہے تو اس سے بچنے کی کوشش کرو۔جس

میں دین جائے ایسا نفع بھی نہیں چاہئے۔

اگر اس کو دفع نہ کیا تو اس پر عمل ہو گا اور پھر عادت ہو جائے گی۔

## عادی گناہگار کا دل الٹے برتن کی طرح ہے

حدیث میں ہے کہ ایک شخص عادی ہو جائے گناہ کا تو اس کا قلب ایسا ہو جاتا ہے جیسا الٹا برتن جس میں کوئی چیز نہ آئے۔ پھر نہ کسی بھلائی کو بھلائی اور نہ برائی کو برائی سمجھتا ہے۔ شروع خطرہ سے ہوتا ہے۔ جیسے ڈاکٹر جانتا ہے کہ فلاں بیماری کے جراثیم یہاں سے چلتے ہیں۔ وہ اس کو وہیں روکتے ہیں۔ اسی طرح یہ عارف' باطن کے طبیب ہوتے ہیں وہ جانتے ہیں کہ سب سے پہلے کہاں سے گناہ پرورش پاتا ہے' شہوات نفسانی کا یہی حال ہے اس لئے شریعت نے وہیں پر محاسبہ کا حکم دیا ہے' فرمایا پہلی مرتبہ غیر اختیاری نظر کسی پر پڑ گئی وہ گناہ نہیں لیکن دوسری مرتبہ دیکھنا گناہ ہے وہ اختیاری ہے۔

آپ ﷺ ایک اونٹنی پر سوار تھے' فضل بن عباس ساتھ تھے۔ برابر ایک دوسرا اونٹ گزرا' اس پر عورت سوار تھی۔ فضل بن عباس بار بار ادھر دیکھتے۔ آپ نے ان کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا۔ تو وہ خطرہ جاہ کا ہو۔ شہوات کا ہو یہ شروع میں اسی دل سے پیدا ہوتا ہے۔

## بے پردگی کا عذاب

سب سے پہلے نظر پر پہرہ بٹھایا۔ آج سارے جہاں میں یہ بے پردگی کا عذاب عام ہے لوگ کہتے ہیں کہ نظر ڈالنے سے وسوسہ نہیں آتا۔ یہ جھوٹ ہے شیطان کا دھوکہ ہے۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ نظر ڈالے بار بار اور وسوسہ نہ آئے۔ آج بازار میں چلنا مشکل ہو گیا ہے۔ اس کا علاج یہی ہے کہ ایسی تفریحات ایسی مجلسیں' ایسی جگہ سے بچنا چاہئے' جہاں عورتیں' مرد جمع ہوں۔ اپنے اہل وعیال میں اس کی فکر کریں کہ پردہ قائم ہو۔ جس شریعت نے نظر پر پہرہ بٹھایا تھا۔ اس کے ماننے والے آج بے

باک بازاروں میں بے پردہ پھرا رہے ہیں اپنی لڑکیوں کو۔اور سمجھتے ہیں کہ یہ ترقی ہے۔ سب سے بڑا عذاب امت پر آج بے حیائی' بے پردگی کا ہے اور کوئی اس کی پرواہ نہیں کرتا۔ کسی کو ہوش نہیں ہے۔ بڑے پاکباز عالم بھی اس پر توجہ نہیں کرتے۔ بزرگوں کو نظر سے پتہ چلتا تھا کہ کون کیسی نظر ڈال کر آیا ہے۔

آج ترقی کا زمانہ سمجھتے ہیں۔ غیرت حمیت برباد ہو رہے ہیں۔ ساری نیکی' تقویٰ برباد کرنے کے بعد کچھ ٹکے ہاتھ آجائیں یہ ترقی ہے۔یہ عارف لوگ اسی کو جڑ سے اکھاڑنے کی بات بتلاتے ہیں کہ دل میں کوئی خطرہ آجائے اس کو دفع کرو۔

## دوسری نظر اور دوسرا خیال لانا وبال ہے

یہاں ایک سوال ہے۔ خطرہ دل میں آنا غیراختیاری ہے۔ حضرت نے فرمایا: خطرہ جب بلا اختیار آئے تو پہلی نظر پڑنے کے مترادف ہے۔یہ معاف ہے۔ جیسے سامنے اچانک ایک لڑکی آجائے اب دوبارہ نہ دیکھو۔اسی طرح خطرہ دل میں آجائے۔ پھر اس کی پرورش کرنا' اس کے راستے اختیار کرنا یہ وبال ہے' یہ اختیاری ہے' آدمی سب سے پہلے اس کا خیال کرے کہ اگر دل میں شیطان وسوسہ ڈالے تو یہ اس کو دور کرنے کی کوشش کرے۔اللہ اس کی مدد کرے گا۔اس کو تقویت اللہ پاک کی طرف سے ملے گی۔

## ہروقت حق تعالیٰ کا دھیان رکھو

آگے فرمایا: اللہ کا مراقبہ کرو ہر سانس میں۔اب سانس کی طرف توجہ کرو۔ ایک سانس کی قیمت کے آگے ساری دنیا کی دولتیں ہیچ ہیں۔ہارون الرشید دیندار اور عیش پسند بادشاہ تھے ایک مجذوب ان کے زمانہ میں بہلول تھے۔ دربار میں عام اجازت ان کو تھی۔وہ ایک روز پہنچے۔بادشاہ عمدہ گلاس میں شربت لے کر پینا چاہتے تھے یہ پہنچے' پوچھا۔اے امیرالمومنین' اگر تجھے بہت پیاس لگی ہو اور کوئی شخص تم کو آدھی سلطنت کے بدلہ یہ گلاس دینا چاہے تو دوگے یا نہیں؟ اس نے کہا۔ ضرور دوں

گا۔ فرمایا یہ تو آدھی سلطنت کا سودا ہے۔

اگر یہ پیٹ میں جاکر رک گیا' پیشاب نہ ہوا۔ پھر دوسری آدھی سلطنت اس پیشاب کے بدلہ دوگے یا نہیں؟ فرمایا ہاں! دوں گا۔ فرمایا: بس ایک گلاس کی قیمت ساری سلطنت ہے تو جو کنوئیں پی کر خالی کر دیئے ان کی کیا قیمت ہے؟

## عابد اور فیاض حکیم

ایک حکیم تھے دہلی میں۔ عابد بھی اور فیاض بھی۔ انہوں نے سنایا کہ بمبئی میں ایک کروڑپتی سوداگر بھاگا ہوا آیا۔ کہا میرا باپ مر رہا ہے۔ ایسی دوا دیجئے کہ تجوری کی چابیاں ہم کو معلوم نہیں ہیں' ہم کو اس کی فکر نہیں کہ باپ مرے یا بچے۔ بلکہ بتائے کہ چابیاں کہاں ہیں۔ ایک دفعہ اس کی زبان کھل جائے۔ حکیم صاحب نے فرمایا پچاس ہزار روپیہ لوں گا۔ انہوں نے دوا دی۔ زبان پر ڈالنے سے زبان ایک لمحہ کے لئے کھل گئی۔

## سانس عمر کے اجزاء ہیں

یہ سانس جانتے ہو کیا چیز ہے؟ تمہاری عمر کے اجزاء ہیں ایک سانس گھٹ گیا' ایک جز عمر کا کم ہو گیا' عربی کا ایک شعر ہے (جس کا مطلب ہے) تیری ساری عمر کیا ہے؟ کچھ سانس ہیں جو اللہ کے یہاں گنے ہوئے ہیں تمہیں ان کی تعداد معلوم نہیں۔ جب تم جانتے ہو کہ یہ قیمتی اجزاء ہیں 'ان کو خالی نہ جانے دو۔

صوفیاء کرام نے ایسی باتیں ہم کو بتائیں کہ کوئی سانس اللہ کی یاد سے خالی نہ جائے۔ سانس اندر گیا ایک نعمت ہے۔ باہر آیا دوسری نعمت ہے کیا انعام ہے خداوندیم کریم کا؟ حضرت فاروق اعظم فرماتے ہیں۔ محاسبہ کرو اپنے نفس کا۔ قبل اس کے اللہ کے یہاں اس کا حساب ہو۔ ہوشیار تاجر انکم ٹیکس جانے سے قبل اپنا حساب تیار رکھتا ہے۔ یہ دوکاندار دو رجسٹر رکھتے ہیں۔ مگر اللہ پاک کے یہاں دو رجسٹر نہیں چلیں گے۔ انکم ٹیکس کی آخری شرح یہ ہے کہ روپے میں سے ساڑھے پندرہ آنے

حکومت کے۔ دو پیسے دوکاندار کے۔ کون ایسا بیوقوف ہے جو ایسا ہونے دیگا؟ یہی وجہ ہے چوری کی۔ اگر مقدار اس کی ایسی قابل ہوتی تو زیادہ لوگ اداء کرتے مگر انکم ٹیکس انسپکٹر کے ہاتھ میں کچھ رکھ کر اس کو چلتا بھی کر سکتے ہیں۔

مگر اس علیم و خبیر کا محاسبہ۔ جہاں یہ کچھ نہیں چلے گا۔ محشر کے حال سے پہلے یہاں جانچ کرلو۔

## آخرت کے پانچ سوال

حدیث میں ہے۔ یاد رکھو! قیامت کے میدان میں جہاں نہ کوئی سایہ ہوگا' نہ چھپی چیز' نہ درخت' نہ پہاڑ' نہ اونچا نیچا۔ ساری مخلوق اس میدان میں کھڑی ہے دھوپ تیز ہے' کوئی آدمی اپنی جگہ سے نہ ہلے گا۔ جب تک پانچ سوالوں کا جواب نہ دیدے گا۔ آج امتحان کے سوالات خفیہ رکھے جاتے ہیں۔ معلوم ہو جانے سے کہتے ہیں کہ پرچہ آؤٹ ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ نے ظاہر کر دیا ہے چھاپ دیا ہے۔ یہ پانچ سوال ہوتے ہیں ساری عمر اس کی تیاری کرلو۔

(۱) اپنی عمر کس کام میں صرف کی؟ اتنے سانس کی تعداد۔ ساری عمر کا محاسبہ۔

(۲) جوانی جو عمر کی بہترین شے تھی اس طاقت کو کہاں لگایا۔ بوڑھا' بچہ تو شاید ہمت' طاقت کے کام نہ کر سکے جوان تو پہاڑ اٹھا کر رکھ دے۔ تو نے ہمارے لئے کیا کیا؟

(۳) یہ مال جو تم نے کمایا کہاں سے کمایا' حلال سے یا حرام سے؟

(۴) یہ مال جو تم کو دیا تھا کس طرح خرچ کیا۔ حرام میں یا حلال میں اور اللہ کے بتائے ہوئے احکام میں؟

(۵) جو ہم نے علم دیا تھا جس درجہ کا بھی دیا تھا۔ عام علم مسلمانوں کو یہ ہے۔ جھوٹ' چوری' زنا' شراب اور دھوکہ یہ حرام ہیں۔ جو علم دیا تھا اس سے کیا عمل کیا؟ ہم نے تم کو اپنے رسول' اپنے نیک بندوں کی معرفت' تم کو علم پہنچایا۔ اس پر تم نے کہاں تک عمل کیا؟

عقل مند وہ ہے جو ان سوالوں کے جواب کی تیاری کرلے۔ جو حساب حشر

میں لیا جائے گا' اس کو آج سوچ لیں۔ ساری عمر تیاری کر لیں۔ اللہ تعالیٰ نے بتا رکھا ہے یہ سوال ضروری ہیں۔

آج اکاونٹ کا زمانہ ہے' مستقل فن بن گیا ہے ان حسابوں میں جس طرح لگے ہو' ایک اور بھی اکاؤنٹ ہے ہمارا۔ جو ضروری ہے جن کے خزانے سے یہ چیزیں ملی ہیں وہ ہم سے حساب لینے والے ہیں۔

## ڈرائی کلین کی مشین

ایک دوست ایک ڈرائی کلین کی مشین دکھانے لے گئے۔ میں نے یہ فکر کی کہ کپڑے کے داغ دھبے دور کرنے میں کیا کیا کوششیں کیں۔ ہزاروں مصالحے' ہزاروں مشینیں' لاکھوں روپیہ برباد کیا' وہ کپڑا جو کچھ ہی دنوں میں بوسیدہ ہو کر ختم ہو جائے گا۔ اس کا حال معلوم ہے کہ یہ داغ آج چھٹ جائے گا۔ کل پھر میلا ہو جائے گا۔ بلکہ دھوتے دھوتے ختم ہو جائے گا۔ اس کا اتنا اہتمام۔

رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ایک گناہ کرنے سے قلب پر ایک دھبہ لگ جاتا ہے۔ دوسرے سے دوسرا۔ یہاں تک کہ قلب سیاہ اور الٹا ہو جاتا ہے۔ دنیا کی کوئی دولت اس قلب کے برابر نہیں ہے اور مخبر صادق ﷺ اس کو دیکھ رہے ہیں اس کو بتا رہے ہیں۔ اس کے داغ دھبے دھو لو' دور کر لو۔ اس کی ڈرائی کلین والے صوفیاء کرام اور علماء عظام ہیں۔ یہ جانتے ہیں کہ کس مصالحہ سے دھبہ دور ہو گا۔

اسی لئے فرماتے ہیں آج حساب لے لو اپنے نفسوں کا اور یہ کوئی مشکل نہیں۔ یہ جو آمد و خرچ کا ہم روز حساب کرتے ہیں' پانچ منٹ میں اپنے روزانہ کا محاسبہ کر لیں۔ بہت سی برائیوں سے نجات مل جائے آگے فرمایا۔ اپنے اعمال کو تولو قبل اس کے کہ حشر کے دن ترازو میں تولے جائیں۔ کثرت اعمال مقصود نہیں' بھاری اعمال کی ضرورت ہے۔ وزن اللہ کے ہاں اعمال کا ہے۔ ڈھیر روئی کے گالوں کی طرح نہ ہو۔ تھوڑا ہو لیکن خالص اور وزنی ہو۔ وزن اعمال کا آتا ہے۔ نیت درست ہو۔ صحابہ کرام کی شان تھی کہ ایک مد (آدھا سیر) کے برابر خرچ کرتے تو دوسرے لوگوں کے پہاڑوں کے برابر خرچ کرے ہوئے سے بڑھا ہوا ہوتا۔ یہ ان کے اخلاص کی برکت

ہم نیک کام کرتے ہیں۔اس میں بھی شیطان کچھ دنیا کے نفع کا لالچ ہمارے دل میں ڈال کر وزن ہلکا کر دیتا ہے۔دل لگا کر نماز پڑھی تو وزن ہے۔غیر خشوع کے نماز کا وزن نہیں ہے۔

## ہمارا وجود ایک متحرک کارخانہ ہے

اور فرمایا: حشر میں اللہ کے سامنے کھڑا ہونا ہے آج اس کی تیاری کر لو۔آج ہمارا وجود ایک چلتا پھرتا کارخانہ ہے۔اس میں ایسی چیز تیار کرلو جو حشر کے دن کام آئے۔

فرمایا' اپنے دل میں صرف اللہ سے خوف کرو۔یعنی دین کے معاملہ میں جہاں کوتاہی ہو اس کو اللہ کے خوف سے دور کرنے کی کوشش کرو اور خیر کی امید اللہ سے ہی رکھو۔تمام امور میں خیر کے طالب اللہ سے رہو۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ دنیا ساری چیزوں سے ڈرتی ہے۔ملازم آقا سے 'تاجر نقصان سے 'لیکن دراصل سوائے گناہ کے اور کوئی چیز ڈرنے کی نہیں۔ برباد کرنے والی اصل میں اس کا گناہ ہے اور امید سوائے اپنے رب کے کسی اور سے نہ رکھو۔یہ جو رنج پیش آتے ہیں۔اس لئے کہ دوستوں عزیزوں سے امیدیں باندھ رکھی ہیں۔وہ پوری نہیں ہوتیں۔پھر روتے ہیں۔رب ہی وہ ذات کریم ہے جو تمہاری امیدیں پوری کر سکتی ہیں۔اول تو دوست احباب ارادہ ہی نہیں کرتے۔پھر وہ ارادہ کریں بھی اور مدد نہ کر سکیں تو وہ خود محتاج ہیں۔اللہ پاک مختار ہیں۔خود مختار سے مانگو۔محتاج سے نہ مانگو۔

اللہ پاک اس پر ہم سب کو عمل کی توفیق عطا فرمائے۔آمین!

مجلس : ۳۵

# دل میں گناہوں کا خیال لانا

ایک بڑے بزرگ حارث رحمۃ اللہ علیہ بڑے درجہ کے صوفی اور امام ہیں حضرت جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے استادوں میں ہیں ان کے ملفوظات میں ہے فرمایا ''کسی گناہ کا دل میں خیال بھی نہ لاؤ''۔ دل میں خیال لانے کا مطلب یہ ہے کہ عمل چاہے نہ ہو مگر دل میں سوچ کر کسی گناہ سے مزے لینا خیال پکانا یہ بھی نہ کرو۔

اب یہ بزرگ یہ فیاض ہیں حکیم ہیں تجربہ کی بات کہتے ہیں جو چیز مضر ہے انسان کیلئے اس کے دل میں خیال سے بھی منع کرتے ہیں، حاذق ڈاکٹر کا کام ہے، ابتداء بیماری کے جراثیم سے روکتا ہے وہ بیمار کو بات کرنے کی اجازت بھی نہیں دیتے مریض سے ملنے کو بھی منع کرتے ہیں۔ دراصل یہ پرہیز بیماری کو مضر نہیں مگر وہ جانتے ہیں کہ انجام اس کا برا ہے، صوفیاء کرام رحمۃ اللہ علیہ جانتے ہیں کس چیز سے آدمی گناہ میں مبتلا ہو جاتا ہے حدیث کی رو سے گناہ تو نہیں مگر اکثر یہ ہوتا ہے جب ایک منصوبہ دل میں بنا لیا غلط راستوں کا نقشہ ذہن میں بٹھا لیا، عادت یہ ہے کہ پھر بچنا مشکل ہو جاتا ہے فطرت یہی ہے کہ منصوبہ پکا لیا۔ پھر اس پر ٹھہرنا مشکل ہے ایسے مواقع سے بچو ایسے خیالوں سے بچو، ایسی مجلسوں سے بچو دل کو گناہ کے خیال سے ہی بچالو اور دل کو اتنی دیر اور کسی فائدہ مند عمل میں لگا لو ذکر کر لو۔

## صغیرہ اور کبیرہ دونوں گناہوں سے بچو

دوسری نصیحت صغیرہ گناہ اور کبیرہ گناہ دو قسم کے ہیں فرق یہ ہے کہ کبیرہ بغیر توبہ وندامت اور بغیر چھوڑنے کا عہد کے معاف نہیں ہوتا پہلے کئے پر ندامت ہو، آگے کیلئے عزم کریں، اور عملاً اس کے پاس آئندہ نہ جائیں اور صغیرہ گناہ اللہ پاک

نیک کام کرنے سے خود بخود معاف کر دیتے ہیں قرآن میں ہے نیکیاں برائیوں کو مٹا دیتی ہیں اس سے مراد صغیرہ ہی ہے کتنا ہی تہجد پڑھ لو زنا' چوری' رشوت' جھوٹ' غیبت یہ تو معاف ہو نہیں سکتے' صغیرہ جتنے ہیں ان کے بارے میں اللہ پاک نے یوں رحمت سے کام لیا ہے کہ نیکیاں کرنے سے وہ خود معاف ہو جاتے ہیں۔

## صغائر کی مثالیں

ایک آدمی صبح اٹھتا ہے سلام کر لیا ایک گناہ معاف ہو گیا کسی سے ہنس کر بات کر لی' مسجد کی طرف چل دیئے۔ ہر قدم پر ایک نیکی لکھی گئی ایک گناہ معاف ہوا وضو سے ہاتھ پاؤں کے گناہ معاف ہو گئے مگر یہ سارے صغیرہ گناہوں کے لئے ہیں یہ فرق ہے دونوں میں صغیرہ گناہ بے شمار ہیں سنت کے خلاف سارے عمل صغیرہ ہیں پانی بسم اللہ کہہ کر نہیں پیا یہ صغیرہ ہو گیا۔ داہنے کے بجائے بائیں سے کھایا پیا صغیرہ گناہ ہے سینکڑوں گناہ معلوم ہی نہیں تو عمل اس سے بچنے کا کیسے ہو گا۔ غرض حضور ﷺ کے طریقوں کے خلاف کرنا سارے صغیرہ ہیں اور بسا اوقات ایسے گناہ ہو جاتے ہیں کہ آدمی کو خبر بھی نہیں ہوتی اسی طرح اللہ پاک ان کو ایسے معاف کر دیتے ہیں کہ ان کو خبر بھی نہیں ہوتی جیسے صغیرہ گناہ ہونے کے سینکڑوں راستے ہیں ایسے ہی اس کے معاف ہونے کے بھی سینکڑوں راستے ہیں۔

## صغیرہ کو معمولی نہ سمجھو

یہ صوفیاء اسپیشلسٹ ڈاکٹر ہیں جانتے ہیں انسان کی ہر رگ و ریشہ کو' فرمایا۔ صغیرہ کو چھوٹا سمجھ کر بے پرواہی نہ کرو غفلت ہو جائے وہ اور بات ہے مگر یہ نہ سوچے صغیرہ کر ہی لیا تو کیا حرج ہے' یہ بڑا گناہ ہے چونکہ جس چھوٹے کو چھوٹا سمجھ لیا وہ کبیرہ ہو گیا' کسی نے پوچھا۔ کبیرہ گناہ کیا ہے فرمایا جو اللہ کو ناپسند ہے وہ کبیرہ ہے اب اس کا کیا پیمانہ بتایا جائے چھوٹے گناہ بڑے گناہ کی مثال ایسی ہے جیسے چھوٹا بچھو اور بڑا بچھو۔ عقلمند آدمی چھوٹے بچھو کو بھی ہاتھ میں نہیں لیتا چونکہ وہ بھی کم زہریلا نہیں ہے۔ فرمایا

صغیرہ سے بھی اس طرح بچو' جیسے کبیرہ سے بچتے ہو جان بوجھ کر کسی چھوٹے گناہ کو کرنا اللہ کے سامنے جرات ہے اور یہ بڑا گناہ بن جاتا ہے۔یہ بڑا جرم ہے اور صغیرہ گناہ پر اصرار کرنا بھی کبیرہ ہے۔مثلاً پہلے دائیں کروٹ لیٹ گئے پھر چاہے جس طرح لیٹے اگر جان بوجھ کر دائیں کروٹ نہ لیٹا اور معلوم ہونے کے باوجود ضد یا اصرار سے ایسا کیا تو یہ کبیرہ ہے۔بائیں ہاتھ سے کھانا پینا شیطان کا کام ہے۔آج کے مسلمان عمداً اس کے خلاف کرتے ہیں کھاتے وقت بھری انگلیں سے گلاس دائیں سے پکڑنا نفاست کے خلاف ہے مگر بائیں سے گلاس پکڑ لو اور پینا شروع کرو دایاں ہاتھ نیچے رکھ کر' تاکہ رسول پاک ﷺ کے فرمان کا اہتمام اور عظمت ہو۔

## ہر حاجت اللہ سے مانگو

اور فرمایا جب تمہیں کوئی حاجت پیش آئے اللہ سے رجوع کرو' اس سے یہ ہوگا کہ دل میں رجوع الی اللہ کا خیال آتے ہی پہلے تو اس کا ثواب مل گیا کلام پاک میں ہے اے اللہ جب میں اس کام میں داخل ہوں مجھے اچھی طرح داخل کیجئے اور اچھی طرح نکالئے اور اس میں میرا کوئی مددگار بنا دیجئے " رب ادخلني..... الخ" کسی کام کے شروع میں یہ پڑھ لیا نقد نفع تو یہ ملا کہ تلاوت کا ثواب ملا پھر اس میں آسانیاں اللہ پاک نے پیدا کر دیں۔

## اصحاب کہف اور خدا کی قدرت

اصحاب کہف مومن تھے بادشاہ ظالم تھا انہوں نے اپنے دین کو بچانے کے لئے غار میں پناہ لی تین سو سال۔نیند اللہ نے مسلط کر دی نہ بدن گلا نہ بھوک لگی اس عرصہ میں حکومت بھی بدل دی بزرگوں نے لکھا ہے کہ ان پر جو دعاء انہوں نے مانگی تھی اس کے سبب اللہ نے ان کو بے نیاز کر کے قائم رکھا اللہ پاک صرف منہ سے کھلانے کے محتاج نہیں آج بھی انجکشن سے غذا دیجاتی ہے اللہ پاک مسامات سے ناک سے جس راستہ سے بھی چاہیں غذا دیدیں اور غذا ضروری نہیں کہ روٹی ہو صرف ہوا میں

وہ طاقت دیدیں کہ پیٹ بھر جائے۔

صوم وصال حضور ﷺ رکھتے تھے لیکن صحابہ کرام کو آپ نے اس سے منع فرمایا کہ اللہ پاک مجھے تو غذا اسی حالت میں بھی دے دیتا ہے۔ تم کو یہ درجہ نہیں مل سکتا، آج ہومیو پیتھک کی دوا جتنی طاقت کم ہوگی فائدہ زیادہ دے گی۔ ایٹم بم کی بنیاد ایسی ذرات پر ہے جو سب سے کم درجہ کے ہوں، اللہ پاک کی قدرت ان تمام ایٹموں سے کہیں زیادہ ہے وہ جس طرح چاہیں، انتظام کر دیں۔

## پہلے حق تعالیٰ سے مانگو پھر ذریعہ اختیار کرو

اللہ پاک نے اصحاب کہف کو ایسا رکھا کہ دیکھنے والا سمجھے کہ جاگ رہے ہیں آنکھیں کھلی ہیں اور مزید یہ کہ ایک کتا دروازہ پر بٹھا دیا اس کی بھی ہیئت ایسی ہے کہ سب سمجھیں کہ جاگ رہا ہے غرض نہ کوئی آفت باہر سے آئی نہ اندر سے یہ اس دعا کی برکت ہے جو اصحاب کہف نے مانگی، غرض مومن کے سارے مقاصد کلیہ رجوع الی اللہ ہے ڈاکٹر کے پاس جانے سے پہلے اللہ سے دعا کرو۔ وکیل سے پہلے خدا سے مشورہ لو دوکان سے پہلے اللہ سے مانگو ذرائع سارے بعد میں اختیار کرو پہلے دعا کرلو۔ ان اسباب میں برکت ہوگی اور اس کا اجر بھی اللہ پاک سے ملے گا۔

## ہر حال میں ہم اللہ تعالیٰ کے محتاج ہیں

آگے فرمایا، اللہ کے سامنے محتاج بنے رہو ہر حال میں اللہ سے بے نیازی ظاہر نہ کرو اپنے طرز عمل سے زبان سے دل سے یہی ظاہر کرو اللہ کے دیئے ہوئے رزق کو ضائع نہ کرو۔ جس کے گھر بہت سا غلہ بھرا ہے کھانا سامنے آیا دو چار نوالے کھا کر باقی پھینک دیا کیا پرواہ ہے، نہیں بلکہ جیسے حاجت مند فقیر کھاتا ہے اس طرح اسے کھاؤ اس کا شکر ادا کرو۔ محتاجی اللہ سے ظاہر کرو۔

رسول پاک ﷺ کے سامنے کوئی چیز ہدیہ پیش کرتا آپ کی عادت تھی کہ اگرچہ اس کی ضرورت نہ ہو یا پسند نہ ہو مگر ایسے اس کو لیتے تھے جیسے اس کے محتاج ہوں اس

کی ضرورت ان کو ہو یہ کہنا کہ ہم کو تو ضرورت نہیں بڑا گناہ ہے تاکہ دینے والے کا دل ٹھنڈا رہے۔

## ہر نعمت کی قدر کرو

جو نعمت اللہ کی ملے اس کی قدر پہچانو یہ نہ کہو کہ میرے پاس سینکڑوں آجائیں گے یہ سب اس نے دیا ہے اگر ناقدری کی تو ترس جاؤ گے دانہ دانہ کو' کراچی میں رزق کی ایسی بے ادبی ہے اس کی وجہ سے مہنگائی بڑھتی جارہی ہے کوئی نہیں جانتا کہ یہ گرانی مہنگائی کس لئے ہے یہ ساری رزق سے بے اعتنائی کی وجہ ہے۔

## عربوں کی مہمان نوازی

ایک عرب کے پاس کسی کا ۷/۱ درہم قرض تھا وہ قرض خواہ تقاضا کرنے آیا اس نے عذر کیا وہ چلنے لگا اسے روک لیا کہ تم میرے مہمان ہو' دنبہ ۸۰ روپے کا ذبح کیا اسے کھانا کھلایا عرب کی فطرت مہمان نوازی کی ہے مگر ضائع اس کو نہیں کرتے۔ یہاں نئے نئے ہوٹل تو بنتے جارہے ہیں مگر قیمتی کھانے بھی بچ جانے کے بعد ضائع کر دیئے جاتے ہیں یہ گرانی اسی وجہ سے ہے۔ فرمایا اللہ کے سامنے ہر وقت بتکلف محتاج بنے رہو اور فرمایا ہر کام میں اللہ پر بھروسہ رکھو۔ دنیا کے کام کرو مگر اعتقاد یہ بناؤ کہ نفع دینے والا اللہ ہے اور فرمایا نفس کی خواہشات سے بچو جس چیز کی رغبت نفس کی زیادہ ہو اسے غور کرو کہیں یہ گناہ تو نہیں ایسے ہی جس وقت نفس نے تقاضا کیا وہ کام نہ کر ڈالو بلکہ سوچ لو' اور نیک کاموں کو کل پر نہ ڈالو۔ کوشش کرو کہ جو کل کرنا ہے وہ آج کر ڈالو کل آنے والا کام بھی تو اپنی جگہ اہم ہوں گے پھر آج کا کام کل کرنے سے دو ہو جائے گا۔ جب آج نہ کر سکے تو کل کیسے کرو گے۔

## حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا معمول

حضرت کو چین نہیں آتا تھا جب تک کام پورا نہ ہو جائے۔ تمام کاموں کا

بوجھ اور پھر سب کا نباہنا صرف ڈاک کو دیکھئے ہزاروں مختلف لمبے لمبے خطوط سب کا جوب دینا۔ ہم صرف ایک خط پڑھنا چاہیں تو بعض بعض ایسے کہ پورے دن میں نہ پڑھ سکیں اور آپ سارے خطوط چاہے کتنی رات ہو جائے کھانا نہ کھائیں گے جواب ضرور جائے گا وہ کام کرنے والے تھے 'نفس کے بہانوں سے بچو اور نیک کام فوراً کر ڈالو۔

## شہرت یا مصیبت

اور فرمایا اپنے ذکر کو گمنام کرو کوئی نہ جانے کہ کیا پڑھتے ہیں 'اکبر نے کہا ہے۔

اک زمانہ میں یہ خواہش تھی کہ جانیں ہم کو لوگ
اب یہ رونا ہے کہ ہم کیوں اس قدر جانے گئے

زیادہ تعارف سے راحتیں بھی ہیں مگر ایک عذاب بھی ہے کہ چین نہیں ملتا نفع کم نقصان زیادہ ہے اور فرمایا اللہ کا ہر حال میں شکر ادا کرتے رہو۔ یہاں تک کہ مصیبت ' بیماری 'تکلیف میں اللہ کا شکر ادا کرتے رہو اور صبر بھی کرو۔ اب سوچنا یہ ہے کہ جیسے اللہ کی نعمتوں کی حدود کی انتہا نہیں ایسے ہی مصائب کی بھی کوئی حد نہیں ہے۔ یہ شکر کرو کہ یا اللہ مجھے جتنی تکلیف ہے یہ کم ہے مجھ سے زیادہ تکلیف والے لوگ دنیا میں موجود ہیں دوسرے یہ کہ دنیا کی مصیبت آسان ہے بہ نسبت اس کے کہ دین کی مصیبت آئے مثلاً کسی نے سود ' شراب 'غیبت شروع کر دی یہ اس سے بڑی مصیبت ہے جو بیماری یا مصیبت یا پریشانی تم پر آگئی اس لئے ان گناہوں سے جو بچ گیا تو یہ بات بھی قابل شکر ہے۔

## دنیا کی تکلیف آخرت کی کلفت سے بہتر ہے

حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ مالٹا جیل میں چار سال کی قید اور اسی سال کی عمر میں وہاں سے لکھا یاد رکھنے کے قابل ہے۔ فرمایا الحمد للہ! مصیبت میں گرفتار ہو گیا ہوں گناہوں میں نہیں ' کتنے دن کی زندگی ہے اگر ساری زندگی بھی مصیبت میں کٹ جائے اور

گناہوں سے بچ جائے تو یہ بہت اعلیٰ سودا ہے بڑا منافع ہے اس میں، جب بے چینی میں ہو تو کہے اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ، اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ حَالِ اَھْلِ النَّارِ. کیسے پیارے الفاظ ہیں رسول پاک ﷺ کے، اللہ پاک ہم کو اس پر دائم بنائے اور فرمایا استغفار کی کثرت کرو۔ توبہ کرتے رہو اس واسطے کہ آدمی کثرت سے گناہوں میں مبتلا ہے تو استغفار بھی کثرت سے ہو جایا کرے۔

مجلس: ۳۶

# زبان کی آفتیں

ایک حدیث میں سرکار دوعالم ﷺ نے ''زبان'' کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ:

﴿جِرْمُهٗ صَغِيْرٌ وَجُرْمُهٗ كَبِيْرٌ.﴾

''اس کا جسم تو چھوٹا سا ہے مگر یہ جرم بڑے بڑے کرتی ہے''۔

اور حقیقت یہ ہے کہ انسانی جسم میں جتنے زیادہ گناہ زبان کی اس قدرتی مشین سے سرزد ہوتے ہیں، شاید ہی کسی اور عضو سے اتنے گناہوں کا ارتکاب ہوتا ہو، حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کو ایک مرتبہ دیکھا گیا کہ اپنی زبان کو پکڑ کر مروڑ رہے ہیں، پوچھا گیا تو فرمایا کہ: "إن هذا أوردني الموارد" اس چیز نے مجھے بہت سی ہلاکتوں میں مبتلا کیا ہے۔

## زبان کے بعض سنگین گناہ

زبان سے جو گناہ سرزد ہوتے ہیں ان میں سے بہت سے تو وہ ہیں جن کا گناہ ہونا سب جانتے ہیں، مثلاً جھوٹ، غیبت، گالی گلوچ اور گانا بجانا وغیرہ۔ ہر مسلمان کو معلوم ہے کہ یہ چیزیں ناجائز ہیں اگر کوئی شخص ان کا ارتکاب کرتا بھی ہے تو گناہ سمجھ کر کرتا ہے، دل میں شرمندہ ہوتا ہے اور یہ امید رہتی ہے کہ کسی وقت اس گناہ سے نجات حاصل کرلیگا۔ لیکن زبان کے بعض سنگین جرائم ایسے ہیں جن کے گناہ ہونے کا احساس بھی لوگوں کو نہیں ہوتا اور جب بیمار کو اپنی بیماری کا شعور ہی نہ ہو تو اس کی صحت کی کیا خاک امید ہوسکتی ہے؟ اس لئے یہ جرائم زیادہ خطرناک اور موجب ہلاکت ہیں، آج اسی قسم کے چند گناہوں کا ذیل میں ذکر کیا جاتا ہے۔

## ۱۔لایعنی باتیں

زبان ایک قدرتی مشین ہے جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل و کرم سے انسان کو مرحمت فرمائی ہے 'تاکہ وہ اس کو ایسے کاموں میں صرف کرے جو اس کے دین یا دنیا کے لئے مفید ہوں۔لہٰذا اگر اس کو کسی ایسے کام میں استعمال کیا جائے جو نہ دین کے لئے مفید ہو نہ دنیا کے لئے 'تو یہ اس قدرتی مشین کا بیجا استعمال ہے 'اور اسلام میں اس سے بچنے کی ترغیب دی گئی ہے 'فضول اور بے فائدہ باتوں میں زبان کا استعمال کرنا ہر اعتبار سے مضر ہی مضر ہے 'یہی وجہ ہے کہ حدیث میں آنحضرت ﷺ کے بارے میں منقول ہے:

"كَانَ صَلَّي اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَزَرُ الكلام طَوِيْلُ الصَّمْتِ."

"آپ کم گو اور زیادہ تر خاموش رہنے والے تھے"۔

امام اعظم ابو حنیفہ کے بارے میں لکھا ہے کہ انہوں نے اپنی انگوٹھی پر یہ قول نقش کرایا ہوا تھا کہ:

قُلِ الْخَيْرَ وَ إلاَّ فَاصْمُتْ

"نیک بات کہو' ورنہ خاموش رہو"۔

علمائے دیوبند میں حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ (جو حضرت میاں صاحب کے لقب سے معروف ہیں) عجیب شان کے بزرگ تھے 'مجھ پر خاص شفقت فرماتے تھے 'ایک روز میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو فرمایا کہ "آج گفتگو عربی میں کریں گے"'اس سے قبل چونکہ حضرت نے کبھی ایسی فرمائش نہیں کی تھی اس لئے مجھے حیرت ہوئی تو حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے خود اس کی حکمت بیان فرمائی کہ "عربی میں بلا تکلف بولنے کی مشق نہ تم کو ہے' نہ مجھے 'اس لئے اس قید کی وجہ سے باتیں کم ہوں گی" ۔اور پھر فرمایا کہ "ہماری مثال اس مسافر کی سی ہے جس کی روپیوں سے بھری ہوئی تھیلی ختم ہونے لگی ہو 'اب وہ ایک ایک روپیہ بڑی احتیاط سے خرچ کرتا ہے"۔

## ۲۔ فضول مباحثے

لایعنی باتوں ہی کی ایک قسم جس میں اہل علم بطور خاص مبتلا ہو جاتے ہیں، فضول بحث و مباحثہ ہے جس کے پیچھے کوئی فائدہ نہ ہو، ایک بحث و مباحثہ تو وہ ہے جس کا مقصد تحقیق حق ہوتا ہے، اور جو طالب علم کی خصوصیت ہے، وہ تو بلاشبہ جائز بلکہ مستحسن ہے، مقولہ مشہور ہے کہ "طالب علمے کہ چون وچرا نہ کند و صوفی کہ چون وچرا کند، ہر دو را بہ چراگاہ باید رفت" لیکن یہاں میری مراد بحثوں سے ہے جن کے پیچھے کوئی فائدہ نہیں ہوتا۔

ایک مرتبہ دو بزرگ حضرت نظام الاولیاء رحمۃ اللہ علیہ سے استرشاد کے لئے بلخ سے دہلی پہنچے، حوض پر وضو کرنے بیٹھے تو دونوں میں بحث چھڑ گئی کہ یہ حوض بڑا ہے یا بلخ والا فلاں حوض، کافی دیر تک جانبین سے "دلائل" پیش کئے جاتے رہے، حضرت نظام الاولیاء کو اس کی اطلاع ہوگئی، جب دونوں نماز کے بعد حاضر ہوئے اور مدعا عرض کیا تو حضرت نے فرمایا۔ "کیا فیصلہ ہوا؟ کونسا حوض بڑا ہے؟ دونوں خاموش رہے تو حضرت نے فرمایا کہ جاؤ تمہارا علاج یہ ہے کہ دونوں حوضوں کی پیمائش کر کے پہلے اپنی بحث کا فیصلہ کرو، اس کے بعد آگے بات ہوگی"۔

عوام میں بھی یہ مرض آج کل شدید ہو رہا ہے کہ دین کی ضروری باتوں سے مطلق بے خبر ہیں مگر فضول کی بحثوں میں الجھے رہتے ہیں۔ مجھ سے جب کوئی ایسے فضول سوال پوچھتا ہے تو میں جواب میں یہ حدیث لکھ دیتا ہوں کہ: "مِنْ حُسْنِ إسلامِ الْمَرْءِ تَرْكُهُ مالا يَعْنِيهِ" "انسان کے اسلام کی اچھائی کا یہ جز ہے کہ وہ بے فائدہ باتوں کو چھوڑ دے"۔

## ۳۔ مراء و جدال

پھر جو بحثیں جائز اور مفید ہیں، ان میں بھی ایک بڑی آفت "مراء و جدال ہے" آج کل یہ وبا اس قدر عام ہوگئی ہے کہ بحث خواہ کتنی علمی اور مفید ہو، لیکن اس میں ایک دوسرے پر طعن و تشنیع طنز و تعریض اور چوٹیں کئے کے بغیر تنقید کو تنقید سمجھا ہی نہیں جاتا

اور اس مقصد کے لئے طرح طرح کی "مہذب" گالیاں ایجاد کی جاتی ہیں، اور اس کو بڑا ہنر سمجھا جاتا ہے۔ حالانکہ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ "المراء في العلم يَذْهَبُ بنور الايمان" علم میں جھگڑا کرنا ایمان کے نور کو زائل کر دیتا ہے۔ کسی نے پوچھا کہ "اگر کوئی کسی شخص کو خلاف سنت کام کرتے دیکھے تو کیا کرے؟" فرمایا کہ "نرمی سے سمجھا دے اور جدال نہ کرے"۔

واقعہ یہ ہے کہ اس فقرہ بازی سے مسلمان کی دل آزاری کا انفرادی گناہ تو ہوتا ہی ہے، اس کے علاوہ اس کا ایک زبردست اجتماعی مفسدہ یہ ہے کہ اس سے مسلمانوں کے باہمی افتراق وانتشار کو ہوا ملتی ہے اور فرقہ بندی اور جماعتی تعصب کی جڑیں مضبوط ہوتی ہیں۔ اگر علمی بحثیں خالص علمی انداز میں کی جانے لگیں تو مجھے یقین ہے کہ مسلمانوں کے موجودہ افتراق میں بڑی نمایاں کمی واقع ہوگی۔

# چند ارشادات

## زبان کو قابو کیجئے

انسان کو چاہئے کہ کوئی بات ایسی نہ کرے کہ جس سے دوسرے کو تکلیف اور اذیت پہنچے یہ کل سلوک ہے۔

## بزرگوں کو ستانا سخت گناہ ہے

فرمایا۔ میاں جی نور محمد صاحب حضرت شیخ کے دادا پیر تھے۔ ایک شخص سے ان کی شان میں کچھ گستاخی ہوگئی۔ اور پھر وہ بیعت بھی ہوگیا حضرت سے۔ آپ نے ایک مدت کے بعد فرمایا کہ بھئی تم کو مجھ سے کوئی فائدہ تو نہیں پہنچ سکتا۔ چونکہ جب کبھی میں کوئی فائدہ پہنچانے کے لئے تم پر توجہ کرتا ہوں۔ وہ تمہارے الفاظ دیوار بن کر حائل ہو جاتے ہیں۔ اگرچہ میں نے معاف کر دیا ہے لیکن دل پر ابھی تک اس کا اثر موجود ہے۔ بزرگوں کی شان میں گستاخی بعض اوقات رکاوٹ ہو جاتی ہے دینی مدارج حاصل کرنے میں اسی طرح کسی بزرگ کی بے ادبی کرنا، یا دل دکھانا سخت ترین گناہ ہے ایک صحابی جنھوں نے قبل اسلام حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو شہید کیا تھا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تھا کہ تم اچھا ہے کہ میرے سامنے نہ آیا کرو۔ تم کو دیکھ کر مجھے اپنے چچا کا واقعہ یاد آتا ہے۔ مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ اللہ جب کسی کو ذلیل کرنا چاہتے ہیں تو وہ نیک لوگوں کی برائی میں مبتلا ہو جاتا ہے اور اللہ جس کی پردہ پوشی کرنا چاہتے ہیں وہ کسی عیب دار کو بھی برا نہیں کہتا۔ گناہ کا برا ہونا اور بات ہے۔ کسی گنہگار کو برا مت خیال کرو اس کے گناہ سے نفرت کرو۔ معلوم نہیں کب وہ توبہ کرلے اور اس کا کیا معاملہ پیش آئے۔ انجام کسی کا معلوم نہیں۔

سلطان الہند رحمۃ اللہ علیہ نے دو آدمیوں کو بیعت کرنے سے قبل فرمایا کہ پہلے اس حوض کو ناپ کر آؤ۔ جس کو تم بڑا کہہ رہے ہو۔ پھر جب وہ ناپ کر آئے اور کہا کہ ایک بالشت بڑا

ہے تو پھر فرمایا کہ تم نے بہت بڑا کیوں کہا۔ ہم تم کو بیعت نہیں کرتے ۔ آج کل شعبدے یاد کر لئے اور پیر بن گئے ۔کھانا پینا' بولنا' چلنا سب حرام ۔مگر شعبدہ یاد ہے ۔پیر کامل بن گئے ۔ بزرگوں نے ایسے مجاہدات کئے تب یہ درجات حاصل ہوئے ۔ہم بغیر کسی محنت کے وہ درجات حاصل کرنا چاہتے ہیں اللہ پاک اپنے دین کی سمجھ عطا فرمائیں اور نیک علم وعمل کی توفیق ہم سب کو عطا کریں ۔ آمین

## غیبت کا علاج

صاحب حق سے معاف کرا کر تدارک کرنا یہ سب سے زیادہ ضروری اور موثر ہے ۔

مجلس: ۳۷

# متقی بنانے والی کتاب

## هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ کا مطلب

(فرمایا هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ کا مطلب سمجھنے کے لئے) ایک مثال پیش کرتا ہوں اُس سے یہ مفہوم سمجھ میں آجائے گا وہ یہ کہ کسی جگہ چند انگریزی کتابیں رکھی ہوں، جو بی اے کے کورس میں داخل ہوں اب ان کتابوں کے بارے میں یہ کہنا کہ یہ بی اے کا کورس ہے۔ درست ہے یا نہیں؟ سب نے کہا کہ یہ درست ہے۔ حضرت والا نے پھر یہ فرمایا کہ جو شخص بی اے کر چکا ہے اُس کو تو اس کورس کی ضرورت نہیں اور جس نے یہ کورس نہیں کیا وہ بی اے نہیں، جو جواب آپ یہاں دیتے ہیں۔ وہی "هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ" کا جواب ہے سب کے سب مطمئن ہو کر خاموش ہو گئے اور مطلب واضح ہو گیا کہ یہ کتاب متقی بنانے والی ہے۔

تشریح: "بی اے" کے کورس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو پڑھ کر آدمی بی اے ہو جاتا ہے، اسی طرح قرآن کریم سے ہدایت حاصل ہو جاتی ہے تو "تمثیل"۔ ایک ایسا فن ہے جو اللہ تعالیٰ خاص خاص لوگوں کو دیتا ہے اور یہ انبیاء کا خاص فن ہے اور سب سے بڑھ کر قرآن کریم کی تمثیل ہے۔ اس کے بعد امت کے خاص خاص لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے تمثیل کا فن عطا فرمایا ہے۔ ان میں سے خصوصی امتیاز حضرت مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ کو حاصل ہے ایسی مثال دے کر بات سمجھاتے ہیں کہ دل میں بات اترتی چلی جاتی ہے۔

## ۱۸۵۷ء کی ایک نصیحت آمیز حکایت

حضرت نے فرمایا کہ ہمارے ماموں جو ایک آزاد منش درویش تھے۔ انہوں نے ۱۸۵۷ء کی جنگ آزادی کے زمانے کا ایک واقعہ نقل کیا ہے کہ ایک مقام پر بہت سی لاشیں

پڑی ہوئی تھیں ایک لالہ جی (یعنی بنیا) دور کھڑے ہو کر تماشہ دیکھ رہے تھے۔لاشوں میں سے ایک زخمی جو ابھی مرا نہیں تھا اس نے لالہ جی کو آواز دی کہ لالہ جی یہاں آؤ۔لالہ جی گھبرا گئے اور بھاگنے لگے کہ مردہ بول اٹھا۔اس نے پھر آواز دی کہ لالہ جی گھبراؤ نہیں، میں مردہ نہیں ہوں بلکہ زخمی ہو گیا ہوں اور مرنے والا ہوں اور میری کمر میں بہت سے روپے بندھے ہوئے ہیں، مجھے یہ خیال آیا کہ اب یہ روپے میرے کام کے تو نہیں۔تمہیں ہی دیدوں۔تمہارے کام آجائیں گے۔روپیہ کا نام سن کر لالہ جی پگھل گئے اور ڈرتے ڈرتے زخمی کے پاس گئے، جب بالکل قریب آگئے تو زخمی نے تلوار اٹھائی اور لالہ جی کی ٹانگ کاٹ دی، اب لالہ جی گر پڑے، مگر گرتے ہی اس کی کمر ٹٹولی کہ روپیہ تو سنبھالوں۔زخمی نے کہا۔لالہ جی تم باؤلے ہوئے ہو، کوئی میدان جنگ میں بھی روپیہ باندھ کر لایا کرتا ہے۔بس بات اتنی ہے کہ یہاں سب مردے پڑے ہیں اور میں تنہا زندہ ہوں، رات ہو رہی ہے، میں نے چاہا کہ بات چیت کے لئے آدمی ہو تو رات آسان ہو جائے گی۔تمہیں ویسے ٹھہرنے کو کہتا تو تم کہاں رہتے، میں نے انس کے لئے تمہیں اپنے ساتھ کر لیا ہے۔لالہ جی غصے میں بھر کر بولے: مگا مگا اوت کے اوت، نہ خود چلے نہ دوسروں کو چلنے دے۔

ماموں صاحب نے یہ حکایت بیان کر کے سنایا کہ آج اللہ کے راستے میں لوگوں کا یہی حال ہے کہ خود تو چلتے ہی نہیں، کوئی دوسرا چلنا چاہے تو اس کے راستے میں روڑے اٹکاتے ہیں۔

## اصلاح میں خود رائی مضر ہے

ارشاد فرمایا کہ ایک صاحب جو میرے مخصوص دوستوں میں سے ہیں، انہوں نے بعض رذائل کی اصلاح میں بار بار خلاف ورزی ہو جانے سے تنگ ہو کر اپنے نفس پر بطور سزا ایک بڑی رقم ماہوار صدقہ کرنا تجویز کر لیا۔مجھے اطلاع ہوئی تو میں نے منع کر دیا کہ تمہیں ایک پیسہ خرچ کرنے کی اجازت نہیں، کیونکہ میں جانتا تھا کہ اگر یہ خرچ کریں گے تو تشویش میں پڑ جائیں گے اور اہل و عیال کے حقوق جو ان کے ذمے ہیں ان میں کوتاہی ہوگی۔

تشریح: بس، یہ تو عارف ہی جانتا ہے کہ کس کے لئے کیا مناسب ہے۔حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ

تو ایسی تجویزیں خود کیا کرتے تھے کہ اگر کوئی آدمی غلطی کر بیٹھے اور یہ معلوم ہو کہ بار بار یہ غلطی ہوتی ہے تو آپ اس سے فرماتے کہ اپنے اوپر جرمانہ قائم کرو اور کبھی نفل پڑھنے کا اور کبھی صدقہ خیرات کرنے کا جرمانہ لگاتے۔ لیکن یہاں یہ ہوا کہ اس شخص نے اپنی خود رائی سے اپنے اوپر جرمانہ لگالیا اور بہت بڑا جرمانہ لگالیا کہ اتنی رقم ماہوار صدقہ کروں گا اور اتنی رقم ماہوار صدقہ کرنے کی اس کی پوزیشن نہیں تھی اور اتنی حیثیت نہیں تھی کہ ماہوار اتنا صدقہ کرنے کے بعد اپنے اہل وعیال کا خرچ بھی اٹھا سکے۔ جس کا نتیجہ یہ ہوتا کہ اہل وعیال بھوکے مرتے۔ اس واسطے حضرت والا نے ان کو روک دیا۔

## مجلس: ۳۸

# اعمال صالحہ

### تین دوست

آج پہلے ایک ملفوظ سن لیں ابن عطاء اللہ اسکندری رحمۃ اللہ علیہ کا جو بلند پایا بزرگ ہیں! فرمایا اے عزیز! اس دنیا میں تمہارے تین دوست ہیں ایک "مال" جو تکلیف کے وقت کام آتا ہے اس سے دنیا کے سب قصے چلتے ہیں اسی لئے لوگ سب سے زیادہ اسی کی فکر کرتے ہیں اس کو منائے رکھنے کے واسطے متفکر رہتے ہیں دوسرا دوست تمہارے "عیال" ہیں بچپن میں ماں باپ جوانی میں بیوی بچے یہ بھی تکلیف وخوشی کے ساتھی ہیں اور تیسرا وہ جس کو تم دوست نہیں سمجھتے وہ ہیں "اعمال" دنیا میں بھی اعمال کے اثرات مرتب ہوتے ہیں گو وہ تم کو معلوم نہ ہوں مگر کس عمل سے یہ فائدہ ہوا' کس سے یہ نقصان ہوا' سب کچھ نہ کچھ اپنے عمل کا نتیجہ ہوتا ہے' نیک اعمال کے ثمرات فراخی عیش' آسانیاں اور بداعمال کے اثرات' تنگی' ذلت' بے چینی ہیں۔

### فوائد تقویٰ

فرمایا جو تقویٰ اختیار کرتا ہے اللہ پاک اس کے لئے ہر جگہ راستہ نکال دیتے ہیں اور رزق ایسی جگہ سے دیتے ہیں' جہاں سے ان کو گمان بھی نہ ہوتا ہو' اس کے کام آسان کر دیتے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ جیسے مال اور عیال مشکلات میں کام آتے ہیں اسی طرح اعمال ہیں جو دنیا میں بھی آسانیاں کر دیتے ہیں اور مدد پہنچاتے ہیں فرق اتنا ہے کہ بیٹے نے مدد کی تو اندازہ ہوا' ہاں یہ کام آیا' پیسہ دیا تو نظر آیا ہاں پیسہ نے کام دیا اور اعمال کی مدد نظر نہیں آتی اس لئے آپ کو اس کی خبر نہیں ہوتی۔

## گناہوں کے اثرات

گناہوں کے اثرات جب دنیامیں پھیلتے ہیں تو وبا کی صورت اختیار کر لیتے ہیں، جیسے آج کل ہو رہا ہے، رشوت و حرام سے جائداد بنالی تو تیرے اوپر بھی کوئی اور ظالم آئے گا جو تجھ سے یہ چھین لے گا یا تکلیف پہنچائے گا آج بالائی آمدنی سے لوگ بڑے خوش ہیں مگر یہ خبر نہیں کہ اس سے زیادہ خرچ ہو جائے گا اور تجھ کو خبر نہ ہوگی گھی والا ملاوٹ کر کے خوش ہو گیا، مگر جب دودھ لینے گیا تو اس کو اس سے زیاد ملاوٹ کی شے ملی اس مسکین کو خبر نہیں کہ یہ کمایا ہوا جائے گا کس راستہ سے خدا بچائے لوگ خوش ہیں کہ ہم نے خوب تجوریاں بھر لیں مگر حقیقت ہے کہ امن و عافیت سے خالی ہیں، غرض اس تیسرے دوست اعمال کی مدد نظر نہیں آتی۔

آپ گھر سے نکلے جس سے ملنا تھا راستہ میں مل گیا کام ہو گیا گھر آ گئے اگر یہ دوست نہ ہوتا تو جس سے ملنے گئے وہ تو نہ ملا ایک اور آفت دوسری کھڑی ہو گئی اس سے نجات نہ ملی تھی کہ تیسری مصیبت کھڑی ہو گئی الجھن پر الجھن بڑھ گئی، ٹریفک کا سگنل جب کھلا ملا تو ہر جگہ کھلتا ہی ملتا گیا، بند ہوا تو ہر جگہ رکاوٹ ہوتی چلی گئی یہ اتفاقات نہیں ہیں بلکہ ایک سوچی سمجھی اسکیم کے تحت تمہارے ساتھ ہو رہا ہے تم کو خبر نہیں۔

## سب سے اچھا دوست اعمال صالحہ ہیں

مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں پتھر بن کر لوگوں کے سالہا سال سر توڑتا رہا کچھ دن خاک بن کر دیکھو کیسے کیسے گل نکلتے ہیں آزمائش کے لئے ہی تقویٰ اختیار کر کے دیکھ لو پھر مشاہدہ ہو جائے گا امداد غیبی کا، غرض یہ تین دوست ہیں ان میں اعمال تیسرا دوست سب سے زیادہ مدد کرتا ہے اور احسان کبھی نہیں جتاتا بس کام ہو جاتا ہے اس کا ایک خاصہ اور ہے مال تو سب سے پہلے ختم ہو جاتا ہے دم گلے تک آیا اور بنک بیلنس تمہارا رخصت ہو گیا اب رہ گئے اہل و عیال دوسرا دوست ہے جب تک سانس ہے تمہارے ساتھ کام کر رہا ہے اور

مرنے کے بعد غسل کفن دفن تک تمہارے ساتھ رہے گا یہ پہلے دوست سے زیادہ وفادار ہے مگر قبر میں اتارنے کے بعد یہ بھی رخصت ہو گئے کتنی بھی محبت کرنے والی اولاد ہو' بیوی ہو قبرستان سے واپس آجاتے ہیں نہ ایک دوسرے کی خبر نہ ایک دوسرے کی مدد کر سکتے ہیں تیسرا دوست قبر میں بھی تمہارے ساتھ موجود ہے دنیا سے زیادہ اب یہاں وہ تمہارے ساتھ رہ کر کام کرے گا فرمایا کہ یہاں بعض آدمی کے پاس ایک خوبصورت شکل کا آدمی آئے گا مردہ پوچھے گا کون ہے؟ وہ کہے گا میں تمہارا نیک عمل ہوں تاکہ تمہاری تنہائی کا مونس ہوں اور بد عمل کی ہیبت ناک سانپ کی شکل ہوگی جو تارک زکوۃ کو ڈسے گا سانپ بن کر۔

فرمایا سر کی طرف سے عذاب آئے گا تو قرآن بچائے گا داہنی طرف سے نماز ڈھال ہوگی بائیں طرف سے روزہ' پیروں کی طرف سے صدقات چاروں طرف پہرہ اپنے اعمال کا ہوگا۔ یہ اعمال برزخ میں بھی ساتھ رہ کر قبر کے عذاب سے بچائیں گے جو لغزشوں اور گناہوں کے نتیجہ میں قبر میں آتا ہے۔

## برزخ میں ہر ایک کا حال جدا ہے

برزخ کی حقیقت تو اللہ ہی جانے دنیا کا ہی حال نہیں معلوم' وہاں ہر ایک کی زندگی جدا ہے دنیا میں ایک قوم کا ایک حال ایک لباس ایک خوراک ہے دوسری کا دوسرا مگر برزخ میں ہر ایک کا حال دوسرے سے جدا ہے۔

ایک بزرگ کو خواب میں دیکھا کتابوں کا مطالعہ کر رہے ہیں چاروں طرف کتابیں لگی ہیں پوچھا کہ یہ کیا بات؟ یہاں تو اعمال اور سزا و جزاء سب بند ہیں اب کتابیں کیوں دیکھ رہے ہیں فرمایا یہاں ہر شخص سے پوچھا جاتا ہے اس انتظار گاہ میں کس طرح وقت گزارو گے میری جو مشغولی دنیا میں وہی یہاں بھی کر دی گئی اس طرح مجرموں کی انتظار گاہ جیل خانہ ہوتی ہے غرض وہ عالم تھے تو علم ان کا ذوق تھا نماز کی عبادت بھی ایسی ہی لذت ہے اس کی لذت اس سے پوچھو جس کی یہ غذا بن جائے۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کو قبر میں نماز پڑھتے دیکھا گیا جسکو یہ لذت آجائے اسکو پھر

دوسری چیز میں چین نہیں آتا یہی عادت شریفہ حضور ﷺ کی تھی جب کوئی مشکل یا خوشی یا غم پیش آتا نماز کی طرف رجوع کرتے ساری بیماریوں کا علاج نماز ہے جو ایسی لذیذ ثابت ہے کہ دنیا چھوڑنے کے بعد بھی وہ اس کو نہیں چھوڑ سکتا خلاصہ یہ کہ اعمال صالحہ یا اعمال بد جیسے بھی ہوں تمہارا دنیا میں بھی اور آخرت میں بھی اور برزخ میں بھی پیچھا نہیں چھوڑتے ہیں قرآن اور حدیث میں یہ اعمال کی تنبیہ جگہ جگہ ہے برزخ میں مرد صالح کے لئے ڈھال بن کر اور برے آدمی کے لئے کہیں سانپ بچھو بن کر سامنے آتے ہیں محشر کا بھی یہی حال ہے اعمال آنکھوں کے سامنے موجود ہوں گے۔

## انسان کا ہر بول محفوظ ہے

کسی کو گالی دی ہم سمجھے وہ ختم ہو گیا مگر یاد رکھو اللہ نہیں بھولا اللہ نے وہ محفوظ کر رکھا ہے تمہارا ٹیپ ریکارڈ امریکہ سے آتا ہے جو خراب ہو جائے تو بنانے والا بھی مشکل سے ملتا ہے اللہ کا ٹیپ ریکارڈ ان مشینوں سے مبرا ہے جو لگے ہوئے ہیں سارے جہاں میں فرمایا قرآن میں ایک کلمہ بھی تمہاری زبان سے ایسا نہیں نکلتا کہ اس کی حفاظت نہ کی جاتی ہو اور محفوظ نہ ہو اور جب ٹیلی ویژن میں آواز کے ساتھ شکل بھی آتی ہے تو ایسے ہی عمل کی شکل بن کر محشر میں سامنے آئے گا جو راحت یا تکلیف پہنچائے گا خلاصہ یہ کہ یہ تیسرا دوست پیچھا نہ چھوڑے گا۔

## عقلمندی کا فیصلہ

فرمایا ابن عطاء اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے اب فیصلہ کرو کہ کون عقلمند ہے وہ جس نے چاند پر جھنڈا گاڑ دیا یا جس نے اعمال صالحہ کرنے کی فکر کی اگر آخرت پر ایمان ہے تو اس کے سوا کوئی جواب نہیں کہ جو اپنی خواہشات پورا کرنے کی فکر میں رہا اور نفس کی ہوا سے نہ بچا اور آخرت کی فکر نہ کی تو دوزخ کے عذاب سے کیسے بچے گا۔

## لقمہ حرام ایک انگارہ ہے

قرآن میں ہے کہ حرام کا لقمہ ایک انگارہ ہے تم کہو گے کیسے انگارہ ہے وہ تو موٹا ہو گیا بدن پھول گیا عیش کر رہا ہے؟ جواب یہ ہے کہ عمل نے ابھی اصلی شکل اختیار نہیں کی' پیٹرول چھڑک دیا ابھی پتہ نہیں چلا تھوڑی دیر بعد پتہ چلے گا۔ سنکھیا قاتل ہے ہاتھ میں لے لو جلے گا نہیں کھالو فوراً اثر نہ ہو گا تھوڑی دیر بعد پتہ چلے گا ذرا دو بالشت زمین کے نیچے اتر جاؤ تب معلوم ہو گا یہ عمل ابھی بچہ ہے پرورش پا کر بڑا ہو گا جب اصلی شکل اختیار کرے گا فرمایا عاقل کون ہے کون سے دوست کی فکر کرنا چاہئے 'کس کو روٹھنے پر منانا ہے۔ کس کی تکلیف دور کرنا ہے بس احکام الٰہی سے اوامر و نواہی کو پہچانو اور نواہی سے بچو۔

آج کل تین ماہ کا سفر تین گھنٹہ میں طے ہوتا ہے دنیا کے کاروبار تیز ہو گئے ہیں 'اللہ میاں نے بھی اپنا کاروبار تیز کر دیا ہے پہلے برسوں میں انقلاب آتا تھا اب روزانہ اخبار میں ایک انقلاب کی خبر سن لو یہ تعجب کی بات نہ رہی شام کو بادشاہ تھا صبح کو فقیر بلکہ آہنی زنجیر کے اندر نظر آتا ہے ایسے واقعات آج تیزی سے ہو رہے ہیں۔

## عقلمند کون ہیں؟

ایک سوال پیش ہوا ایک شخص نے وصیت کی کہ میرا مال اُن کو دیدیا جائے یہ کہہ کر مر گیا اب کس کو دیا جائے ایسا کون ہے جو اپنے کو عاقل نہ کہے دولتمندی سے انکار کرے کہ میں دولت مند نہیں ہوں مگر عقلمندی سے کون انکار کرے گا کہ میں بیوقوف ہوں۔ فقہاء حکماء امت ہیں فرمایا جو قناعت کر کے بیٹھے ہیں دنیا کے پیچھے نہیں پڑے ہیں وہ عقلمند ہیں ان کو یہ دیا جائے 'آج کل اس کا بالکل الٹ ہے عاقل سب سے بڑا وہ ہے جس کی تجوری بڑی وہ آکل تو ہے کھانے والا ہے مگر عاقل نہیں۔

## انگریز عقلمند نہیں

ایک بزرگ سے کہا انگریز بڑے عقلمند ہے فرمایا عقلمند خاک ہیں ہاں قینچی چاقو

خوب بناتے ہیں عقلمند تو وہ ہے جس کو آخرت کی فکر ہے، علماء بھی اس صف میں نہیں زاہدوں کا یہ حق ہے کہ ان کو عقلاء کہا جائے پھر فرمایا اس دنیا میں جس نے جائز ناجائز کو پہچانا وہ سب سے بڑا عاقل ہے۔

## اصلی کرامت

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا آج کل لوگ بزرگوں سے یہ توقع رکھتے ہیں کہ خرق عادت کوئی کرامت دکھائیں ان شعبدوں کا انتظار کرتے ہیں انبیاء علیہم السلام، صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین سے زیادہ تو کوئی بزرگ نہیں ہو سکتا پھر پیر کیسے ان سے بڑھ جائیں گے۔ شیخ کی کرامت کائنات میں تلاش مت کر اپنے نفس میں تلاش کر، شیخ کی کرامت آسمان پر اڑنا اگر تجھ کو کوئی فائدہ نہ پہنچا سکا تو تیرے لئے بیکار ہے، اپنے نفس میں کیا ڈھونڈے یہ نہیں کہ دل ہلنے لگا یا نہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی صحابی کا دل نہیں ہلایا جیسے آج مجلسوں میں مراقبہ کراتے اور آنسو لاتے ہیں پانچ منٹ بعد وہ غائب ہو گیا جیسے جھوٹ بولنا تھا ویسے ہی بولتا رہا وہ شعبدے ہیں اس کی وجہ سے وہ جو کچھ کر رہا تھا وہ بھی گیا۔

ایک شخص مخلص ہے مگر دل ہلانے کو کامیابی سمجھتا ہے عیوب سے نہ ہٹا تو دل ہلنا اختلاج قلب کے مریض کو سب سے زیادہ ہوتا ہے اپنے نفس میں کرامت یہ دیکھنی ہے کہ تم کو جائز ناجائز کی فکر بھی لگی یا نہیں دماغ بھی آخرت کی طرف رجوع ہوا یا نہیں؟ اللہ کس سے راضی ہوتا ہے کس سے ناراض بس یہ شیخ کی کرامت ہے بلکہ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع نصیب ہو جائے تو یہی اللہ کی رضا ہے اگر تم میں کوئی فرق نہ آیا تو سمجھ لو یا تو شیخ کامل نہیں یا تمہیں مناسبت نہیں، قاعدہ یہی ہے کہ دھن لگ جائے اچھا برا معلوم کرنے کی اللہ کی طرف پہنچنے کا راستہ طے ہو رہا ہے یا نہیں تو ہزار خواب آئیں کشف ہو سارے ہیچ ہیں، حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کیفیات محمود تو ہیں مقصود نہیں۔

آنسو آنا اچھی کیفیت ہے مگر ایسا نہیں کہ اس کے بغیر عمل مقصود نہ ہو، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے اللہ! مجھے ایسی آنکھ دے جو تیرے خوف سے آنسو بہاتی رہیں یہ دعا کرنا تو اچھا ہے مگر اس کے حاصل نہ ہونے پر کڑھنا یہ فکر کی بات نہیں اس فکر میں اپنا وقت ضائع

نہ کرے یہ غیر اختیاری ہے۔

## تقویٰ اور خوف خدا

تجربہ شاہد ہے جب تقویٰ اور خوف خدا و آخرت غالب ہوتا ہے تو بڑے بڑے جھگڑے منٹوں میں ختم ہو جاتے ہیں' باہمی منافرت کے پہاڑ گر د بن کرا ڑجاتے ہیں۔یعنی ان لوگوں کو کسی جنگ و جدل اور جھگڑے سے تو کیا دلچسپی ہوتی 'ان کو تو خلائق کی صلح اور درستی کے لئے بھی فرصت نہیں ملتی کیونکہ جس کا قلب اللہ تعالیٰ کی محبت و خوف اور یاد میں مشغول ہوا اس کو دوسروں سے تعلقات بڑھانے کی کہاں فرصت ہے۔

## دقیق تقویٰ

فرمایا' بعض حکایات اصحاب حال لوگوں کی وعظ میں پڑھیں مثلاً ایک کا بیل کسی دوسرے کے کھیت میں چلا گیا تو پہلے بیل والے کو خیال ہوا کہ میرے بیل کے کھروں میں مٹی لگ کر دوسرے کے کھیت میں آگئی ہوگی اور غیر کی ملکیت میں بلا اجازت کھیت بولیا سو اس نے اس کھیت کی گندم ہی نہیں کھائی۔

اس واقعہ کے بعد فرمایا ایک ہوتا ہے دقیق تقویٰ اور ایک ہوتا ہے سد للذرائع اور یہ دقیق تقویٰ متقدمین صوفیاء میں پایا جاتا ہے لیکن بعض مرتبہ مباح چیز کو اس لئے ترک کر دیا جاتا ہے کہ کہیں یہ مباح چیز معصیت اور حیلہ سازی نفس کا ذریعہ نہ بن جائے یہ ترک مباح سد للذرائع ہے۔

اس پر حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک ملفوظ نقل فرمایا کہ ایک مرتبہ لفافہ پر ایسا ٹکٹ لگا ہوا آیا کہ اس ٹکٹ پر ڈاکخانہ کی مہر لگی ہوئی نہ تھی اس کو اتار کر فرمایا اب اس کا کیا کیا جائے۔اس کا دوبارہ لگانا تو جائز نہیں کیونکہ یہ ایک بار استعمال ہو چکا۔اس کا حق صاحب معاملہ پورا پورا اٹھا چکا۔لہٰذا اس کو چاک کر دیا۔پھر فرمانے لگے کہ مجھے اس ٹکٹ کا استعمال جائز تھا کیونکہ میں نے حکومت کو ایسا ٹیکس دیا ہے کہ اس سے محسوب کر سکتا تھا مگر صرف

اس لئے استعمال میں نہیں لیا کہ کسی نفس کو حیلہ اور ذریعہ نہ مل جائے اور اس قسم کے حیلہ کرنے کا عادی نہ بن جائے کیونکہ عادی ہونے کے بعد معصیت میں بھی حیلہ بازی کرے گا۔ایک مرتبہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے خنزیروں کو فرمایا (حالانکہ ان کی شریعت میں بھی یہ ناپاک ہے) فروایایھا الخنازیر بسلام اے خنزیرو! سلامتی کے ساتھ بھاگ جاؤ' کسی نے عرض کیا کہ خنزیروں کے لئے سلامتی کا لفظ کیوں استعمال کیا حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے فرمایا کہ کہیں زبان برے الفاظ کے استعمال کرنے کی عادی نہ بن جائے اس لئے برا لفظ ہی نہ بولا جائے جب بات نکلے سلامتی والی نکلے۔

## تقویٰ حاصل کرنے کا ایک اور طریقہ

حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے نصیحت فرمائی کہ "اِتَّقُوا اللہَ وَکُونُوا مَعَ الصّٰدِقِیْنَ" کہ تقویٰ صادقین کی صحبت میں رہنے سے حاصل ہوگا' اور فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے مواعظ میں یہ برکت رکھی ہے کہ اس کے پڑھنے سے تجربہ شاہد ہے کہ تقویٰ پیدا ہو جاتا ہے' اور فرمایا کہ خلاصہ قصد السبیل' تعلیم الدین' مواعظ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ' اور حیوۃ المسلمین کا فرصت کے وقت گھر جا کر چھٹیوں میں مطالعہ کرو اور اپنے محلہ کی مسجد میں حیوۃ المسلمین کو تھوڑا تھوڑا پڑھ کر سناؤ اور آخر میں فرمایا کہ اگر کسی نے میری اس نصیحت پر عمل کیا تو انشاءاللہ کامرانی ہی کامرانی ہے' اور ہمیشہ اعمال میں صدق کا خیال رکھو' بس طالب علموں کا سب سے پہلا عمل صدق ہے اگر انہوں نے اس پر عمل کر لیا اور اپنے تمام امور میں اس کا خیال رکھا تو گویا انہوں نے سارے دین پر عمل کر لیا۔

مجلس : ۳۹

# اعتقاد عوام کی حقیقت

فرمایا کہ میں سوچتا ہوں کہ اگر کوئی شخص میرا معتقد ہوگیا۔ تو دین کا کیا فائدہ ہوا؟ ایسے ہی اگر کوئی شخص میرا معتقد نہ رہا تو دین کا کیا ضرر ہوا؟ بلکہ غور سے دیکھا جائے تو دنیا کا بھی کوئی ضرر نہیں۔

تشریح: آجکل یہ بیماری عام ہوگئی ہے۔ اللہ تعالیٰ بچائے۔ اکثر علماء عباد وزھاد جو اللہ والے کہلاتے ہیں' ان میں یہ بیماری زیادہ ہے کہ اس فکر میں رہتے ہیں کہ لوگ ہمارے معتقد ہو جائیں۔ حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ غور کرو کہ اگر معتقد ہوگئے تو کیا فائدہ ہوا اور معتقد نہ ہوئے تو کیا نقصان ہوا؟ سوچنے کی بات ہے۔ نہ دین کا فائدہ' نہ دین کا کوئی نقصان۔ اس فکر میں نہ پڑنا چاہئے یہ فکر خود دنیا پرستی ہے۔

## لباس میں تکلف کی پابندی نکما پن ہے

فرمایا کہ جب میں کسی کو دیکھتا ہوں کہ لباس میں تکلف کا پابند ہے تو دو چیزوں پر استدلال کرتا ہوں۔ اول یہ کہ وہ نکما آدمی ہے۔ کام میں مشغول رہنے والا اس کا پابند نہیں ہو سکتا' دوسرے یہ کہ یہ پست حوصلہ ہے اس کے سامنے کوئی بڑا مقصد نہیں۔ اگر وہ ہوتا تو اس میں لگ کر اپنے اوقات کو ضائع نہ کرتا۔

تشریح: ایک ہوتا ہے صاف ستھرا لباس پہننا' وہ تو مسنون ہے۔ میلا کچیلا نہ رہے۔ بدبودار نہ رہے۔ یہ تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ہے۔ لیکن ایک ہے لباس میں تکلف کرنا کہ شاندار لباس ہو اور بھڑکدار لباس ہو۔ تکلف کا مطلب یہ ہے کہ اس کا اہتمام کرنا کہ جب لباس پہنے گا تو ایسا ہی پہنے گا' اس کے بارے میں حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ جس شخص کو میں دیکھتا ہوں کہ وہ لباس میں اہتمام کرتا ہے تو میں دو چیزوں پر

استدلال کرتا ہوں' ایک تو یہ کہ یہ آدمی نکما اور بے کار ہے اس لئے کہ کام کے آدمی کو خبر بھی نہیں ہوتی کہ میرا لباس کیسا ہو رہا ہے چاہے دنیا کے کاریگروں کو دیکھ لو یا دین کے کاموں میں لگنے والوں کو دیکھ لو۔ جن کے پاس کاموں کی کثرت ہوتی ہے ان کو اس کا خیال بھی نہیں رہتا کہ میرے لباس پر کوئی دھبہ یا داغ آگیا ہے۔ آجکل لوگ مغرب کے مقلد ہیں اور وہاں کی نقل کیا کرتے ہیں وہاں کے جتنے موجدین ہیں جو نئی نئی ایجادات کرتے ہیں ان کی کوئی شخص تصویریں دیکھے تو یہ معلوم ہوگا کہ یہ کوئی وحشی جانور ہے ان کو نہ سر کی خبر نہ پیر کی خبر' نہ لباس کی خبر' نہ کسی اور چیز کی خبر بس دن رات اپنے کاموں میں کھپے ہوئے ہیں اور لگے ہوئے ہیں۔ جو آدمی غور و فکر میں لگا ہوگا اس کو اپنی ظاہری آرائش کی فکر بھی نہیں ہوگی۔ کبھی اچھا کپڑا مل گیا وہ پہن لیا۔ کبھی خراب ملا وہ پہن لیا تکلف کر کے ہمیشہ اچھا ہی لباس استعمال کرے' یہ اس بات کی علامت ہے کہ یہ نکما اور بے کار ہے اس کو کوئی کام دھندا نہیں ہے۔ دوسرے یہ کہ یہ پست حوصلہ ہے' اگر کوئی مقصد اس کے سامنے ہوتا تو اس مقصد کے پیچھے لگتا۔ یہ کام نہ کرتا۔

ایک اور بات بھی ہے وہ یہ کہ اگر انسان کو اچھا کپڑا میسر ہو اور پھر بھی وہ اس کو نہ پہنے' یہ بھی سنت کے خلاف ہے' غیب سے اگر اللہ تعالیٰ نے کوئی اچھا اور عمدہ لباس دیدیا ہے تو اس کو شکر کیساتھ استعمال کرنا چاہئے لیکن اہتمام میں لگنا کہ جب تک عمدہ سے عمدہ اور اعلیٰ سے اعلیٰ لباس نہیں ہوگا' نہیں پہنوں گا۔ یہ برا ہے۔ حضرت امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کیلئے ایک صاحب ۳۶۰ جوڑے بنا کر دے جاتے تھے تاکہ روزانہ ایک نیا جوڑا پہنیں' جو جوڑا ان کے بدن پر آج آگیا وہ دوبارہ لوٹ کر نہیں آتا تھا۔ وہ لوگوں کو صدقہ کر دیا کرتے تھے۔ ہر روز نیا جوڑا استعمال کرتے۔ چونکہ ایک آدمی نے اس کو اپنے ذمہ لے لیا اور اس کا انتظام کر دیا۔ یہ اس کی وسعت ہے یہ کوئی گناہ اور کوئی عیب نہیں تھا لیکن اس اہتمام میں لگنا کہ نیا ہی کپڑا پہنا کریں گے اور یا ہمیشہ اعلیٰ کپڑا ہی پہنا کریں گے۔ یہ غلط ہے۔

## رحمت حق تعالیٰ کا ایک عجیب واقعہ

ایک جاہل عورت مرنے کے وقت کچھ کلمات بول رہی تھی، جو اس کے جاہل گھر والوں کی سمجھ میں نہیں آتے تھے وہ لوگ کسی مولوی صاحب کو بلا کر لائے اور کہا کہ ذرا دیکھو یہ کیا بھونک رہی ہے، مولوی صاحب نے قریب جاکر سنا تو عربی زبان کے یہ کلمات اس کی زبان سے ادا ہو رہے تھے:

اِنَّ هٰذَیْنِ الرجلین. یقولان: اُدخل الجنّۃَ.

یہ دو آدمی مجھ سے کہہ رہے ہیں کہ جنت میں داخل ہو جاؤ۔

## قبر اور آخرت کی زبان عربی ہے

تشریح: اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آسمان کی دفتری اور سرکاری زبان عربی ہے، جیسے دنیا میں سرکاری زبانیں ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی سرکاری زبان عربی ہے۔ چنانچہ جب اس عالم میں قبر سے داخلہ شروع ہوتا ہے تو یہیں سے عربی زبان شروع ہو جاتی ہے اور قبر میں جب فرشتہ سوال کرے گا کہ مَنْ رَبُّکَ؟ وَمَا دِیْنُکَ؟ وہ عربی ہی میں پوچھے گا اور جواب دینے والا بھی عربی میں جواب دے گا وہ کہے گا "رَبِّیَ اللّٰہ" اب جو عربی نہیں جانتا وہ بھی عربی جاننے لگے گا، قبر میں پہنچتے ہی سرکاری زبان کا عمل شروع ہو جائے گا۔ یہ تو حدیث میں آیا ہے کہ "لِسَانُ اَھْلِ الْجَنَّۃِ عَرَبِیٌّ." "اہل جنت کی زبان عربی ہوگی، لیکن قبر میں بھی سوال و جواب عربی میں ہوں گے اور یہ مذکورہ واقعہ تو قبر سے بھی پہلے کا ہے، مرنے سے پہلے وہ عورت کہہ رہی ہے کہ "اِنَّ هٰذَیْنِ الرَّجلینِ یقولانِ اُدخلِ الجنَّۃ" یہ دو آدمی کہہ رہے ہیں کہ جنت میں داخل ہو جاؤ، وہ دو آدمی کون ہوں گے؟ وہ فرشتے ہوں گے، اللہ کی قدرت ہے۔

## کسی کو حقیر مت سمجھو

اسی واسطے علماء نے فرمایا ہے کہ کسی کو حقیر نہ جانو، اب یہ ایک جاہل عورت ہے وہ مر رہی ہے اور مرتے وقت اس کے پاس اللہ تعالیٰ نے دو فرشتے بھیج دیئے وہ

اس کو بشارت دے رہے ہیں کہ جنت میں چلی جا۔

قرآن کریم میں قیامت کے بارے میں ارشاد فرمایا:

"خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ."

میدان محشر کا عجب عالم ہو گا' وہ بہتوں کو بلند کرنے والا ہے 'اور بہتوں کو پست کرنے والا ہے جو لوگ دنیا میں بعض اوقات بڑے اونچے نظر آیا کرتے تھے' بڑے علامہ ہیں۔ بڑے مولانا ہیں' بڑے بزرگ ہیں لیکن یوں معلوم ہو گا کہ بڑے نیچے پڑے ہیں' بعض لوگوں کو دنیا میں کوئی نہیں سمجھتا تھا کہ یہ بڑے ولی ہیں بڑے بزرگ ہیں وہاں اس کا بڑا اونچا مقام ہو گا۔ اس لئے فرمایا کہ "خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ" وہ پست کرنے والی ہے اور بلند کرنے والی ہے۔ آج کی بلندی اور پستی کا کوئی اعتبار نہیں۔ آج تو حیلے اور ہتھکنڈے کر کے آدمی شہرت حاصل کر لیتا ہے' لیکن اللہ تعالیٰ کے یہاں کون بڑا ہے کون چھوٹا ہے کون اونچا ہے کون پست ہے یہ وہاں جا کر معلوم ہو گا' یہ پستی اور بلندی اللہ جل شانہ کے فضل کے تابع ہے اسی وجہ سے فرمایا کہ کسی کو حقیر نہ جانو۔

سب سے پہلا کام' بڑا کام اور ضروری کام یہ ہے کہ کسی مسلمان کو حقیر نہ جانو' کیسا ہی گناہ گار ہو۔ کیسا ہی گناہ میں مبتلا ہو۔ حقیر نہ جانو۔ کچھ بعید نہیں کہ اس کا انجام ہم سے بہتر ہو جائے اور وہ ہم سے آگے پہنچ جائے۔

## اسم الٰہی کی عظمت

مولوی صاحب حیرت میں رہ گئے 'گھر کے جاہل لوگوں کو بتایا کہ اس کو تو جنت کی بشارت دی جارہی ہے اس کے اعمال کیا تھے؟ جس کے بدلے میں اس کو یہ نعمت ملی' لوگوں نے کہا کہ یہ تو بے عمل بلکہ بدعمل عورت تھی' مولوی صاحب نے کہا: غور کرو۔ اس کا کوئی اچھا عمل اللہ تعالیٰ کے نزدیک مقبول ہو گیا ہے وہ کیا عمل تھا؟ بہت سوچنے کے بعد لوگوں نے بتلایا کہ اس کی ایک خاص عادت یہ تھی کہ جب اذان ہوتی تو سب کام چھوڑ دیتی تھی اور اذان کی طرف متوجہ ہو کر سنتی تھی اور دوسروں کو بھی

اس وقت بولنے نہیں دیتی تھی، مولوی صاحب نے فرمایا کہ معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام کی عزت کرنا ہی اس کے کام آگیا اور اس نے دوسری برائیوں پر پانی پھیر دیا۔

تشریح: اللہ تعالیٰ کا کرم ہے وہ اگر بخشنا چاہیں تو ایک بات پسند آگئی جس نے تمام عیوب پر پردہ ڈال دیا۔ اسی واسطے حدیث میں حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ کسی نیکی کو حقیر سمجھ کر اور کم سمجھ کر مت چھوڑو، اگر دل میں یہ خیال آیا کہ یہ ذرا سی نیکی کر لیں تو کر گزرو۔ یہ نہ سوچو یہ ذرا سی نیکی ہے کیا کریں، ایک آدمی بے نمازی ہے اور نماز نہیں پڑھتا، لیکن کان میں جب اذان کی آواز آئی تو دل میں خیال آیا کہ لاؤ اذان کا جواب دیدیں۔ اللہ اکبر، اللہ اکبر، کہہ دیں، تو اسے کہہ لینا چاہئے، چاہے نماز نہیں پڑھنی، لیکن جتنی نیکی کا دل میں خیال آیا اس کو کر گزرو، بعض دفعہ یہ چھوٹی نیکی بڑی نیکی کا سبب بن جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ کے یہاں قبول ہو جاتی ہے اور سارے عیوب پر پردہ ڈال دیتی ہے اور سارے گناہوں کا کفارہ بن جاتی ہے۔ اب یہی وجہ ہے کہ اذان کے وقت اللہ تعالیٰ کے نام کی عزت اور عظمت کرنے کا صلہ اس کو مل گیا کہ سارے گناہ معاف ہو گئے۔

## انعامی وظیفہ کا درجہ

انعامی وظائف کا کوئی قانون نہیں ہوا کرتا۔ یہ خوب سمجھ لو، اس کا یہ مطلب نہیں کہ آج کوئی آدمی سارے گناہ کرتا رہے اور صرف اذان کے وقت خاموش رہ کر اللہ کا نام لیا کرے تو اس کو بھی یہی انعام مل جائے گا۔ یہ کوئی ضروری نہیں کیونکہ یہ انعامی وظیفہ ہے اللہ تعالیٰ کو ایک بات پسند آگئی اس کو اس پر انعام دیدیا گیا اب ضروری نہیں کہ دوسروں کے ساتھ بھی وہی معاملہ ہو۔ لیکن بہرحال! اس سے یہ بات معلوم ہوئی کہ اللہ کے نام کی عزت اور عظمت کرنا اور اذان کے وقت خاموش رہنا ایسی بڑی نعمت ہے کہ بعض اوقات یہ سارے گناہوں کی معافی کا سبب بن جاتی ہے۔ جیسا کہ اس واقعہ میں ہوا۔

حدیث میں ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا بھی یہی حال تھا کہ وہ اذان کے وقت خود بھی کلام نہیں کرتی تھیں اور دوسروں کو بھی نہیں بولنے دیتی

تھیں۔

اللہ جل شانہ ٗکی اس رحمت عامہ کا یہ واقعہ نقل فرمانے کے بعد حضرت والا نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے متعلق کسی صاحب کا یہ شعر مجھے بہت پسند ہے؎

تصدق اپنے خدا کے جاؤں کہ مجھ کو آتا ہے پیار انشاء
اِدھر سے اتنے گناہ پیہم اُدھر سے یہ دم بدم عنایت

## بیوی کی غلطی پر صبر باعث مغفرت

تشریح: اللہ تعالیٰ کے انعامات واحسانات کی کیا حد ہو سکتی ہے۔ اب یہ ایک معمولی سا کام تھا۔ اللہ تعالیٰ کو پسند آگیا اور اس پر بخشش ہو گئی ' ایک واقعہ یاد آیا۔ دارالعلوم دیوبند کے سب سے پہلے مدرس حضرت ملا محمود دیوبندی رحمۃ اللہ علیہ دیوبند ہی کے باشندے تھے ' بڑے عالم تھے اور ہزاروں علماء کے استاد تھے۔ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم کے پہلے شاگرد اور ملا محمود صاحب رحمۃ اللہ علیہ پہلے استاد۔ ان دونوں حضرات سے دارالعلوم دیوبند کی بنیاد پڑی۔ ان کی وفات کے بعد کسی نے ان کو خواب میں دیکھا ان سے پوچھا : کیا گزری؟ کیا معاملہ ہوا؟ فرمایا : اللہ تعالیٰ کا شکر ہے۔ اس نے بخش دیا۔ پوچھا کہ مغفرت کا سبب کیا ہوا؟ فرمایا کہ اور کسی چیز کے بارے میں نہ پڑھنے لکھنے کے بارے میں تو کسی نے پوچھا ہی نہیں۔ درس وتدریس۔ درس حدیث کے بارے میں کسی نے نہیں پوچھا۔ البتہ یہ کہا گیا کہ فلاں دن تم نے اپنے گھر میں کھچڑی پکانے کو کہا تھا اور کھچڑی میں نمک تیز ہو گیا تھا اور بیوی نے غلطی سے نمک تیز کر دیا اور تم نے اس کھچڑی کو صبر کے ساتھ کھا لیا اور اپنی بیوی کو کچھ کہا سنا نہیں اور تم نے اس تکلیف کو صبر کیساتھ تحمل کیا اور اس لئے اس کا اظہار نہیں کیا کہ اس سے اس کا دل دکھے گا اس صبر و تحمل کے نتیجے میں تمہیں بخشا جاتا ہے۔

یہ انعامی وظائف ہوتے ہیں۔ جب کسی کو انعام دینا ہوتا ہے تو معمولی چیز پر بھی انعام دیدیا جاتا ہے۔

دیوبند ہی کے ایک مدرس اور بڑے عالم مولانا منفعت علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ بڑوں بڑوں کے استاد تھے خود میرے والد صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے استاد تھے۔ کانپور میں اچانک ان

کا انتقال ہو گیا۔ شاید کوئی قلبی مرض پیش آگیا اور وفات ہو گئی اور کوئی قریبی عزیز تو کیا ہوتا کوئی دوسرا شخص بھی پاس نہیں تھا۔ بے کسی کے عالم میں وفات ہو گئی' ان کے مرنے کے بعد ہمارے عزیزوں میں سے ایک صاحب نے ان کو خواب میں دیکھا اور پوچھا کہ کیا ہوا؟ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فضل فرمایا اور یہ فرمایا کہ تیری موت بے کسی میں آئی اور اس پر ہمیں رحم آیا اور تمہیں بخش دیا۔

تو ایسا ہوا کرتا ہے۔ بعض اوقات اللہ جل شانہ چھوٹی چیزوں کو قبول کر لیتے ہیں۔ عمل چھوٹا ہوتا ہے لیکن وہ اخلاص کے ساتھ ہوتا ہے اس لئے قبول کر لیا جاتا ہے اور سارے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ بار بار اس لئے کہہ رہا ہوں۔ تاکہ لوگ اس مغالطے میں نہ پڑ جائیں کہ بس اتنا چھوٹا سا عمل کر لیا اور باقی سب کام چھوڑ دیئے تو بھی بخشش ہو جائے گی۔

اس پر ایک مثال یاد آئی حیدر آباد کی' نظام حیدر آباد بادشاہانہ مزاج رکھتے تھے۔ آجکل کے حکمرانوں کی طرح نہیں تھے۔ بلکہ پرانے طرز کے بادشاہوں جیسا ان کا مزاج تھا۔ ایک وزیر نے ان کی کھانے کی دعوت کی' چنانچہ وہ ان کے گھر دعوت کے لئے گئے وزیر کے گھر ان کا چھوٹا بچہ بھاگ دوڑ رہا تھا بادشاہ نے اس بچے کو قریب بلا کر چھیڑا۔ اس پر بچے نے بادشاہ کو گالی دیدی اب وزیر نے جب دیکھا کہ میرے بچے نے بادشاہ کو گالی دی ہے اس نے فوراً تلوار نکال لی کہ اس بچے کو فوراً قتل کر دوں۔ بادشاہ نے کہا: کوئی بات نہیں بچہ ہے اور ہم اس پر اس کا وظیفہ مقرر کرتے ہیں اس لئے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ بچہ ہوشیار اور سمجھ دار ہے اور اس پر اس کا وظیفہ دشنام (گالی کا وظیفہ) کہہ کر بچے کا وظیفہ جاری کر دیا۔ اور عمر بھر وہ وظیفہ اس کو ملتا رہا۔ شیخ سعدی نے جو فارسی کا مقولہ نقل کیا ہے کہ:

گاہے بدشنام خلعت دھند

وہ بالکل اس پر صادق آتا ہے لیکن اب دوسرا شخص کہے کہ میں بھی یہ کام کروں اور بادشاہ کو گالی دوں تاکہ مجھے بھی وظیفہ ملے۔ بتایئے وظیفہ ملے گا۔ ہرگز نہیں۔ اسی طرح اللہ جل شانہ کے انعامات وہ قیاس اور قانون نہیں ہوتے' قانون وہی ہے کہ شریعت پر سیدھے طریقے پر عمل کرو گے تو جنت میں جاؤ گے اور گڑ بڑ کرو

گے تو مارے جاؤ گے 'البتہ اللہ تعالیٰ کی رحمت سے اس کی توقع ضرور رکھو کہ ہر نیک کام۔ چاہے وہ چھوٹا ہو یا بڑا اس کو کر گزرو اور یہ نیت رکھو کہ کچھ بعید نہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کو قبول فرمالیں اور یہ ہی نیکی ہمارے کام آجائے۔

احقر جامع کہتا ہے کہ اس واقعہ سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مرنے کے بعد برزخ میں سب کی زبان خود بخود عربی ہو جائے گی۔ کیونکہ وہی انسان کے اصلی وطن یعنی جنت کی زبان ہے اسی میں اللہ تعالیٰ کی سب کتابیں نازل ہوئی ہیں۔ پھر انبیاء علیہم السلام نے اپنی اپنی زبان میں اس کے ترجمے اپنی امت کو سنائے ہیں۔

تشریح: بعض روایات میں آتا ہے کہ یہ توریت 'عبرانی زبان میں نازل ہوئی ہے اور دوسری آسمانی کتابیں دوسری زبانوں میں آئی ہیں۔ بات یہ ہے کہ اصل زبان تو عربی ہی تھی 'انبیاء علیہم السلام اپنے اپنے ملکی اور مقامی زبانوں میں ترجمہ کرکے اس کو بتلایا ہے۔ ورنہ تمام آسمانی کتابوں کی اصلی زبان اور دفتری زبان عربی ہے اور برزخ سے اس زبان پر عمل شروع ہو جائے گا۔

## حضرت کرش مجذوب رحمۃ اللہ علیہ کی ایک کرامت

"جامع کرامات الاولیاء" طبع مصر میں ایک واقعہ حضرت کرش مجذوب رحمۃ اللہ علیہ کا نقل کیا ہے یہ بزرگ ولی اللہ جزامی تھے (یعنی کوڑھی تھے) اس لئے نکاح نہیں کرتے تھے کہ دوسروں کو تکلیف ہوگی 'مگر جوان تھے۔ طبعی تقاضے موجود تھے۔ ایک روز اس تقاضے کی بناء پر مریدوں سے کہا کہ ہم نے نکاح کرنے کا ارادہ کر لیا ہے آپ پیغام دو 'مگر اس طرح کہ ہمارا پورا حال بیان کردو اگر کوئی عورت ان حالات کے باوجود نکاح پر راضی ہو جائے تو بہتر ہے ورنہ صبر کریں گے ایک مرید اٹھا اور اپنے گھر گیا۔ اس کی ایک جوان بیٹی تھی۔ اس سے پیر صاحب کا پورا حال بیان کرکے نکاح کے متعلق پوچھا (حال بیان کر دیا کہ کوڑھی اور جزامی ہے) لڑکی نے خوشدلی سے کہا میں راضی ہوں یہ مرید خوش ہو کر واپس آیا اور کرش مجذوم سے کہا کہ میری لڑکی راضی ہے آپ نے پھر پوچھا کہ تم نے اس کے سامنے میری پوری حالت بتلا دی تھی یا نہیں؟ اس نے کہا کہ بالکل واضح کرکے بتلا دی تھی 'مگر لڑکی نے کہا کہ میں ان کی

خدمت گزاری کو دینی سعادت سمجھ کر قبول کرتی ہوں۔ چنانچہ نکاح ہو گیا۔کرش صاحب رحمۃ اللہ علیہ کرامات وتصرفات کے مالک تھے۔لڑکی کی اس بلند حوصلگی کو سن کر اللہ تعالیٰ سے دعا کی جب میں اس کے پاس جاؤں تو میری صورت تندرست اور حسین ہو جائے۔اللہ تعالیٰ نے دعا قبول فرمالی۔جب گھر میں تشریف لے گئے تو ایک جوان رعنا کی صورت میں تھے۔لڑکی نے ان کو دیکھ کر پردہ کر لیا اور کہا کہ تم کون ہو؟کرش مجذوم نے کہا کہ میں تمہارا شوہر کرش ہوں۔لڑکی نے جواب دیا کہ وہ تو مجذوم ہے۔ تم وہ نہیں ہو۔جب کرش رحمۃ اللہ علیہ نے واقعہ کرامت ذکر کر کے بتلایا کہ اب میں جب بھی تمہارے پاس آؤں گا۔اسی صورت میں آؤں گا۔لڑکی کی عالی حوصلگی دیکھئے کہ اس نے جواب دیا کہ افسوس! آپ نے میری نیت اور اس کے ثواب کو برباد کر دیا۔میں نے آپ سے نکاح محض معذور سمجھ کر خدمت کا ثواب حاصل کرنے کے لئے کیا۔ دنیاوی راحت اور خواہش نفسانی کے لئے نہیں۔اب اگر آپ اپنی اصل صورت میں ملنا چاہیں تو میں خادمہ ہوں ورنہ مجھے طلاق دیدیجئے۔حضرت کرش رحمۃ اللہ علیہ یہ بات سن کر اپنی اصلی ہیئت اور صورت میں آگئے اور لڑکی ان کے ساتھ اسی حالت میں رہنے لگی۔

## حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے تفقہ پر حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ کی شہادت

حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ آج اگر کوئی شخص یہ قسم کھائے کہ میں آج کسی فقیہ کو ضرور دیکھوں گا تو اس قسم سے اس وقت تک سبکدوش نہ ہو گا۔جب تک وہ مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کی زیارت نہ کرے۔"

تشریح: اس کا حاصل یہ ہے کہ اس زمانے میں فقیہ کا لفظ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ میں منحصر تھا صرف وہی ایک فقیہ تھے۔

مطلب یہ ہے کہ ہمارے اس قصبے میں صرف حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ "فقیہ" کہلانے کے مستحق ہیں اور کوئی نہیں۔ یہ واقعہ نقل فرما کر حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہمارے بزرگوں کی جو بات امتیاز کی ہے وہ یہ ہے کہ ان میں کوئی تصنع اور تکلف نہ تھا۔

تشریح: یعنی ایک بزرگ دوسرے بزرگ کی کس طرح تعریف کر رہے ہیں۔ ورنہ آج کل تو ہر بزرگ یہ چاہتا ہے وہ میرے معتقد ہو جائے اور دوسرے بزرگ کا عیب ظاہر کرتے ہیں۔

## بیماری میں حضرت نانوتوی کا تیمّم نہ کرنا اور مولانا یعقوب کی تنبیہ

حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ایک مرتبہ بیمار ہو گئے اور پانی کا استعمال مضر تھا۔ مگر حضرت رحمۃ اللہ علیہ تکلیف کے باوجود وضو ہی کرتے تھے۔ لوگوں نے عرض کیا کہ آپ کے لئے تیمم جائز ہے کیوں مشقت برداشت کرتے ہیں مگر مولانا اس عزیمت پر عمل کرنے کے لئے تکلیف اور مشقت برداشت کرتے تھے۔

ایک مرتبہ حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ عیادت کیلئے آئے اور یہ حالت دیکھی تو فرمایا کہ ایسی حالت میں رخصت پر عمل کرنے میں احتیاط برتنا میرے نزدیک اچھا نہیں۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے اپنی بہادری جتانے کے مترادف ہے اس وقت آپ کو تیمم کرنے ہی میں زیادہ ثواب ملے گا۔ مولانا رحمۃ اللہ علیہ نے ان کے فرمانے کو قبول فرمایا۔

تشریح: اللہ تعالیٰ نے جب بیماری ڈالی ہے تو اس بیماری کے حقوق ادا کرو۔

## اہل علم کے لئے انتظامی کاموں سے الگ رہنا ہی بہتر ہے

ارشاد فرمایا کہ میں اپنے دوستوں کو یہی مشورہ دیتا ہوں کہ اگر اللہ تعالیٰ ان کو کسی مدرسے میں درس وتدریس کا موقع نصیب فرمائیں تو انتظام اور اہتمام کو اپنے لئے قبول نہ کریں کیوں کہ ان دونوں میں تضاد ہے۔ مدرس اور علمی خدمت کرنے والوں کے لئے یہی زیبا ہے کہ اپنے علمی شغل میں لگے رہیں۔ مقامی اور ملکی سیاست سے یکسو رہیں۔

تشریح: حقیقت میں تو علم اس وقت آتا ہے جب آدمی اس کے پیچھے لگا رہے۔

## ذکر جہر، اشغال صوفیاء اور بدعت کی حقیقت

ارشاد فرمایا کہ عام احادیث میں ذکر اللہ میں جہر کی ممانعت مستفاد ہوتی ہے اور حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کا مذہب بھی ہے۔ ہمارے بزرگوں میں سب سے بڑے فقیہ اور محتاط بزرگ حضرت مولانا رشید احمد گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ ہیں ان کی تحقیق اس معاملے میں یہ ہے کہ ذکر اللہ میں جہر کو کوئی شخص افضل یا زیادتی ثواب کا موجب سمجھ کر جہر کرے تو یہ بدعت ہے ہاں! جمعیت خاطر اور قطع وساوس کی تدبیر و علاج کے طور پر کرے تو کوئی مضائقہ نہیں۔

تشریح: اس کے ذریعہ یکسوئی اور دلجمعی حاصل ہوتی ہے، یہ سمجھ کر بطور علاج ذکر جہر اختیار کرے تو ٹھیک ہے۔

اس کی مثال بعینہ یہ ہے کہ زکام میں گل بنفشہ پکا کر پینے کو اگر کوئی شخص ثواب اور عبادت سمجھنے لگے تو یہ بھی بدعت ہو جائے گا اور اگر محض علاج اور تدبیر کے طور پر کرے تو اس کا بدعت سے کوئی واسطہ نہیں۔ اس معاملے میں امیر شاہ صاحب نے حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک حدیث کی جو تحقیق نقل کی ہے وہ اسی مضمون کی تائید کرتی ہے۔ ایک حدیث میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"مَنْ اَحْدَثَ فِي أَمْرِنَا هَذَا فَهُوَ رَدٌّ."

یعنی جس نے ہمارے دین میں کسی نئی چیز کو بڑھایا وہ مردود ہے۔ حضرت مولانا نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ حدیث میں جس چیز کی ممانعت فرمائی ہے وہ احداث فی الدین ہے۔ لیکن دین کے احکام بروئے کار لانے کے لئے جن ذرائع اور وسائل کی ضرورت پیش آئے، ان کا قرآن و حدیث میں منصوص یا منقول ہونا ضروری نہیں، وہ ہر زمانے میں کام کی مناسبت سے اختیار کئے جا سکتے ہیں جیسے اس زمانے میں حج کے لئے ہوائی جہاز اور جہاد کے لئے ٹینک اور بم وغیرہ استعمال کرتے ہیں، اس کو احداث فی الدین نہیں کہہ سکتے۔

تشریح: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں تو یہ چیزیں نہیں تھیں۔ لیکن یہ دین نہیں، بلکہ

دین کا ذریعہ ہیں۔ دین کے ذرائع میں تو تنوع ہو سکتا ہے نئے سے نئے ذرائع پیدا ہو سکتے ہیں لیکن دین میں تبدیلی نہیں ہو سکتی۔

اس کو "احداث فی الدین" نہیں کہہ سکتے 'بلکہ احداث للدین" کہا جائے گا۔ وہ جائز ہے۔ اس طرح جمعیت خاطر اور قطع وساوس کے لئے ذکر میں جہر یا اشغال صوفیاء میں سے کوئی شغل اختیار کرنا بھی "احداث فی الدین" نہیں۔ بلکہ "للدین" ہے۔

## حضرت سید احمد بریلوی رحمۃ اللہ علیہ اور مفتی الٰہی بخش کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ

حضرت مفتی الٰہی بخش کاندھلوی رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے مثنوی مولانا روم رحمۃ اللہ علیہ کا تکملہ لکھا ہے اور "خاتم مثنوی" کے نام سے معروف ہیں بڑے عالم اور مفتی تو معروف ہی ہیں۔ ان کا تقویٰ بھی بے مثال تھا۔ حضرت سید احمد صاحب بریلوی شہید رحمۃ اللہ علیہ سے بیعت ہوئے تو فرمایا کہ ہم قرآن کریم کو پہلے بھی پڑھتے تھے مگر حضرت سید احمد صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے تعلق کے بعد اس کا اور ہی رنگ نظر آنے لگا۔

**تشریح:** حقیقت یہ ہے کہ یہ ظاہری علم کے انوار وبرکات اس وقت نظر آنے لگتے ہیں جب آدمی کا باطن درست ہونے لگے۔ کسی بزرگ کی صحبت میں رہ کر دل کی اصلاح ہو اور باطن کی اصلاح ہو تو پھر اس کا رنگ ہی کچھ اور ہوتا ہے۔

مجلس : ۴۰

# اخلاق حمیدہ

اعمال باطنہ میں اخلاق محمودہ جن کی تحصیل کا حکم ہے وہ مندرجہ ذیل چند مقامات ہیں۔ حضرات صوفیہ کی اصطلاح میں جب تک کسی صفت میں پوری طرح رسوخ نہ ہو اس کو حال کہتے ہیں۔ اور جب پورا رسوخ ہو جائے یعنی وہ عادت ثانیہ بن جائے، اس کو مقام کہتے ہیں۔ یہ اخلاق حمیدہ بھی جب نفس میں راسخ ہو جائیں تو مقامات کہلاتے ہیں۔ وہ مقامات یہ ہیں۔ توبہ، صبر، شکر، خوف، رجاء، زہد، توحید، توکل، محبت، شوق، اخلاص، صدق، مراقبہ، محاسبہ، تفکر۔

تعلیم الدین میں سیدی حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ نے ان تمام مقامات کو ایک ایک فصل میں اختصار کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ اور مکمل تفصیل و تشریح احیاء العلوم جلد چہارم میں مذکور ہے، اس مجلس میں انہیں مختصر فصول کو کسی قدر تشریح کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے۔

## پہلی فصل توبہ میں

اس کا بیان احیاء العلوم میں بڑی تفصیل کے ساتھ پچاس صفحات میں آیا ہے۔ اس فصل میں حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے توبہ کی ماہیت وحقیقت یہ بیان فرمائی ہے کہ خطا کو یاد کر کے دل دکھ جانا اور اس کے لئے لازم ہے بالفعل اس گناہ کو ترک کر دینا اور آئندہ کو دل میں پختہ ارادہ رکھنا کہ اب اس کے پاس نہ جائیں گے پھر اگر کسی وقت نفس میں اس گناہ کی خواہش پیدا ہو تو مجاہدہ کر کے نفس کو اس سے روکنا۔ یہ حقیقت ہے توبہ کی۔

عام طور سے لوگوں کے ذہن میں "توبہ" کا مفہوم یہ ہے کہ صرف زبان

سے "أستغفر الله ربّي من كلّ ذنب و أتوب اليه" کا ورد کرلیں، حالانکہ یہ بڑی سخت غلط فہمی ہے۔ توبہ کی حقیقت یہ ہے کہ انسان کو اپنے پچھلے گناہوں پر حسرت وندامت ہو، اور بالفعل ان کو چھوڑ دیا جائے اور آئندہ کے لئے ان سے بچنے کا مکمل عزم ہو۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اس بات کو بڑی اچھی طرح سمجھایا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس دنیا میں "خیر" اور "شر" ملے جلے رہتے ہیں اس میں "تقویٰ" کے دواعی بھی موجود ہیں، اور فسق وفجور کے بھی، بہت سی چیزیں ایسی ہیں جو آپ کو نیکی کی ترغیب دیتی ہیں، اور بہت سی وہ ہیں جو آپ میں گناہ کرنے کا داعیہ پیدا کرتی ہیں، آپ کا فرض یہ ہے کہ گناہ کے دواعی کو مغلوب کرکے نیکی کے دواعی کو اس پر غالب کر دیں۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کی مثال اس "سونے" کی سی ہے جس میں کھوٹ ملا ہوا ہو، ظاہر ہے کہ ایسے سونے سے آپ اس وقت تک کام نہیں لے سکتے جب تک کہ سونے کو کھوٹ سے الگ نہ کرلیں جس کا واحد ذریعہ آگ کی تپش ہے، یہ آگ کی تپش ہی سونے کو کھوٹ سے جدا کرتی ہے۔

امام فرماتے ہیں کہ بالکل اسی طرح انسان کے "نیک" کو "بد" سے ممتاز کرنے کے لئے بھی "تپش" کی ضرورت ہے، یہ "تپش" جو انسان کو کھوٹ سے نجات عطا کرتی ہے، دو طرح کی ہے، ایک عذاب جہنم کی تپش کیونکہ مومن کے لئے جہنم کی آگ بھی درحقیقت کھوٹ ہی کو الگ کرنے کے لئے ہوگی محض جلانا مقصد نہیں ہوگا بلکہ پاک صاف کرکے جنت میں داخل کرنا مقصود ہوگا بہ خلاف کافروں کے، کہ انہیں دائمی طور پر جلنے ہی کے لئے جہنم میں ڈالا جائے گا، اسی لئے قرآن کریم نے فرمایا "وَهَلْ نُجزِي إلا الْكَفُور "۔ (ہم حقیقی سزا نہیں دیتے مگر کافر کو)

دوسری قسم کی "تپش" حسرت وندامت کی تپش ہے یہ ایسی آگ ہے جو اس دنیا میں کھوٹ کو پگھلا سکتی ہے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ انسان کو کھوٹ سے نجات حاصل کرنے کے لئے ان دو قسموں میں سے کسی ایک قسم کی آگ میں جلنا ضروری ہے، اب اگر وہ چاہے تو جہنم کی آگ کو اختیار کرلے اور اگر یہ بات اسے

مشکل معلوم ہوتی ہے۔ چنانچہ واقعتاً بھی یہ بڑی مشکل ہے۔ تو اس کے سوا چارہ نہیں کہ اسی دنیا میں اپنے دل کے اندر حسرت و ندامت کی تپش اور سوزش پیدا کرے، اسی تپش اور سوزش کا نام ''توبہ'' ہے۔ اسی لئے حدیث میں ارشاد فرمایا گیا کہ:

اِنَّمَا التَّوْبَةُ النَّدَامَةُ. ''توبہ ندامت ہی کا نام ہے''۔

## توبہ کے تین درجے

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ ندامت کس طرح پیدا ہو؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ندامت پیدا کرنے کا واحد ذریعہ ''علم'' ہے، کیونکہ جب تک آدمی کو یہ معلوم نہ ہو کہ میں نے جو کام کیا ہے وہ غلط یا مضر تھا، اسے اپنے کئے پر کبھی پشیمانی نہیں ہوگی، جس شخص کو یہی پتہ نہ ہو کہ جو چیز میں نے کھائی ہے وہ زہر تھی، اسے ندامت کیسے ہو؟ ندامت اسی وقت ہو سکتی ہے جب اسے یہ علم ہو کہ میں نے زہر کھایا ہے اور یہ میرے لئے مہلک ہے۔

## پہلا درجہ

بالکل اسی طرح جب تک آدمی کو یہ علم نہ ہو کہ جو کام میں نے کیا ہے وہ برا، ناجائز یا عذاب جہنم کا موجب ہے۔ اس وقت تک اسے اپنے اس فعل پر ندامت نہیں ہو سکتی لہٰذا اگر ''ندامت'' کی تپش پیدا کرنی ہے تو اس کا پہلا راستہ یہ ہے کہ گناہ کے گناہ ہونے کا علم پیدا کیا جائے، اور علم بھی محض رسمی اور لفظی علم نہیں، جس میں پھیلاؤ بہت ہے بلکہ مختصر ایسا علم جو دل میں فکر آخرت، خوف خدا اور گناہ کی لذت سے زیادہ اس کی نفرت پیدا کرے۔ اسی لئے قرآن کریم نے اللہ سے ڈرنے کو علم کی علامت قرار دیا ہے ارشاد ہے:

اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہَ مِنْ عِبَادِہِ الْعُلَمٰٓؤُا.

''اللہ کے بندوں میں سے جاننے والے ہی اس سے ڈرتے ہیں''۔

جس شخص کے دل میں خوف خدا اور فکر آخرت نہ ہو، اور جسے گناہوں کی تباہ کاری کا علم یقین حاصل نہ ہو، وہ عالم نہیں، بدترین جاہل ہے، مولانا رومی فرماتے ہیں۔

جان جملہ علم ہا این است و ایں
کہ بدانی من کیم در یوم دیں؟

جب تک گناہوں کے بارے میں یہ یقینی علم حاصل نہ ہو کہ وہ ظاہری طور پر کتنے ہی نظر فریب کیوں نہ ہوں حقیقت میں آگ کے انگارے ہیں، قرآن کریم کی اصطلاح میں اس علم یقین کے بغیر انسان عالم نہیں کہلا سکتا، اور نہ اس کے بغیر توبہ کی حقیقت حاصل ہو سکتی ہے۔

اس "علم" کو پیدا کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ قرآن و سنت میں غور کر کے گناہوں کے وبال اور عذاب کا استحضار پیدا کیا جائے۔ اور ان کی تباہ کاریوں کو مراقبہ کے ذریعہ ذہن میں خوب اچھی طرح جمایا اور بٹھایا جائے، شیخ ابن حجر ھیثمی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مستقل کتاب میں گناہوں کی فہرست جمع کر دی ہے جس میں تین سو گناہ کبیرہ شمار کئے ہیں اس کا اردو ترجمہ بھی چھپ گیا ہے۔ حافظ زین الدین بن نجیم اور حافظ ابن حجر عسقلانی کی بھی اس موضوع پر مستقل کتابیں ہیں جن کا خلاصہ احقر نے اپنے رسالہ "گناہ بے لذت" میں لکھ دیا ہے اور اردو میں حکیم الامت حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصانیف اور بالخصوص "جزاء الاعمال" میں اس پہلو کو واضح فرمایا ہے ان کتابوں کا مطالعہ مذکورہ "علم" کے حاصل کرنے کے لئے کافی ہے۔

## دوسرا درجہ

اس "علم" کے بعد توبہ کا دوسرا درجہ "ندامت" ہے ظاہر ہے کہ جب کسی شخص کو کسی ناجائز فعل کے تباہ کن ہونے کا یقینی علم حاصل ہو جائے گا تو اگر اس نے ماضی میں وہ ناجائز فعل کیا ہے تو اس کو لازماً اپنے کئے پر "ندامت" اور پشیمانی ہوگی۔

## تیسرا درجہ

اس کے بعد تیسرا درجہ "تدارک" ہے، جس کیلئے دو کام کرنے ضروری ہیں:

(۱) آئندہ گناہ نہ کرنے کا پختہ عزم۔

(۲) ماضی میں جو گناہ ہوئے ہیں اگر وہ حقوق العباد سے تعلق رکھتے ہیں تو ان کی حتی المقدور ادائیگی، مثلاً اگر کسی کا مال ناحق لیا ہے تو اسے واپس کیا جائے، کسی کو ہاتھ یا زبان سے تکلیف پہنچائی ہے تو اس کے بدلے کے لئے تیار ہو کر اس سے درخواست کرنا کہ یا بدلہ لے لو یا خدا کیلئے معاف کر دو۔

اور اگر وہ گناہ حقوق اللہ سے تعلق رکھتا ہو تو جن گناہوں کا قضا یا کفارہ سے تدارک ممکن ہو اُن کا اسی طرح تدارک کرنا، مثلاً اگر نمازیں یا روزے چھوڑ دیئے ہیں تو ان کی قضا کی جائے، یا اگر قسم کھا کر توڑی ہے تو اس کا کفارہ ادا کیا جائے۔ زکوۃ صدقۃ الفطر ادا نہیں کیا تو اب گذشتہ سالوں کا حساب کر کے ادا کرے۔

اور اگر گناہ ایسا ہے کہ شریعت میں قضاء یا کفارہ کے ذریعہ اس کا تدارک ممکن نہیں جیسے کسی واقعہ ماضیہ پر جھوٹی قسم کھانا وغیرہ تو اللہ تعالیٰ سے پوری عاجزی کے ساتھ استغفار کرنا، معافی مانگنا۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے یہاں ان تمام چیزوں کا خاص اہتمام کیا جاتا تھا اور وہ ہمیشہ توبہ کے وقت سابقہ گناہوں کے تدارک کی ہر امکانی کوشش کام میں لانے کی تلقین فرماتے تھے۔

اگر اس طریقے پر گناہوں سے توبہ کی جائے تو بقول حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے ایک شخص چند لمحوں میں ولی کامل بن سکتا ہے، اس لئے کہ حدیث میں سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ: اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ كَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهُ.

"گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہے جیسے وہ شخص جس نے کبھی گناہ ہی نہ کیا ہو"۔

توبہ کا یہ دروازہ ہر شخص کے لئے اس وقت تک کھلا ہوا ہے جب تک نزع کی کیفیت اس پر طاری نہیں ہو جاتی، اس کے بعد توبہ قبول نہیں ہوتی۔

## بیعت طریقت

صوفیاء کرام کے یہاں جو بیعت طریقت معروف ہے یہ درحقیقت گناہوں سے

توبہ اور شریعت کی پابندی کے معاہدہ ہی کا نام ہے یوں تو ہر شخص کو ہروقت اپنے گناہوں سے توبہ اللہ تعالیٰ کے سامنے کرنا ہی چاہئے لیکن جب توبہ کسی شیخ کامل مرشد کے ہاتھ پر کی جاتی ہے تو اسی کا نام بیعت ہے یہ سنت سے بھی ثابت ہے اور اگرچہ توبہ یا اصلاح اعمال کیلئے اس طرح کی بیعت شرط نہیں مگر اس کی برکت ناقابل انکار ہے اور جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ اس طریق میں کسی مرشد کامل کے بغیر کامیابی سخت مشکل تقریباً ناممکن ہے علوم ظاہرہ میں بھی عادۃً کوئی علم صحیح بغیر استاد کے مطالعہ کے زور سے حاصل نہیں کیا جاسکتا صرف کتابوں کا مطالعہ کرکے دنیا میں کبھی کوئی عالم نہیں بنا اسی طرح بلکہ اس سے بھی زیادہ استاد اور مرشد کی ضرورت اصلاح اعمال کیلئے ہے خصوصاً اعمال باطنہ کیلئے اس لئے اس طریق میں قدم رکھنے والے کیلئے سب سے پہلی مہم شیخ کامل کی تلاش ہونا چاہئے اور جب وہ مل جائے تو خود کو اس کے ایسا سپرد کر دیا جائے جیسا مردہ بدست زندہ ہر جائز کام میں اس کا اتباع کرے اس کی مخالفت سے بلکہ ہر ایسے کام سے جو اس کے لئے بار خاطر ہو مکمل پرہیز کرے۔

# چند ارشادات

## اخلاق کی تعریف

فرمایا: اخلاق کی حقیقت یہ ہے کہ ہم سے کسی کو کسی قسم کی ایذاء ظاہری یا باطنی حضور یا غیبت میں نہ پہنچے۔

## تعلیم کا اصل مقصد تزکیہ اخلاق

تزکیہ اخلاق اور باطنی طہارت ایک ایسا کام ہے جس کو عام اقوام اور سوسائٹیوں نے سرے سے نظرانداز کر رکھا ہے، انسانی لیاقت واستعداد کا معیار اس کی تعلیمی ڈگریاں سمجھی جاتی ہیں، انہیں ڈگریوں کے وزن کے ساتھ انسانوں کا وزن گھٹتا بڑھتا ہے، اسلام نے تعلیم کے ساتھ تزکیہ کا ضمیمہ لگاکر تعلیم کے اصل مقصد کو پورا کر دکھایا۔

## تصوف میں اصل چیز تہذیب اخلاق ہے

اس راہ میں اصل وظائف نہیں بلکہ تہذیب اخلاق ہے۔ جب آدمیت آجائے تو بہت جلد وصول ہو جاتا ہے۔ اور جب تک آدمی رگڑے نہ کھائے آدمی نہیں بنتا اور رگڑے شیخ کے پاس لگتے ہیں۔ اس کے کام دھندہ کرنے، اس کی خدمت کرنے، اٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے میں غلطیاں معلوم ہوتی ہیں اور ان ہی باتوں پر تنبیہہ کی جاتی ہے۔ کسی کو علم غیب تو ہے نہیں اور نہ برکت ہے یہاں تو حرکت کی ضرورت ہے۔

## ایثار نفس

فرمایا: حکم شرعی یہ ہے کہ اگر تقویٰ کے کسی خاص درجہ پر عمل کرنے سے دوسرے کی دل شکنی ہو تو فتویٰ پر عمل کرنا چاہئے، ایسے موقع پر تقویٰ کی حفاظت جائز نہیں،

چنانچہ کسی چیز کے نہ لینے میں اپنی عزت ہو اور اپنے بھائی کی ذلت ہو اور لینے میں اپنی ذلت ہو اور بھائی کی عزت ہو تو بھائی کی عزت کو ترجیح دے یعنی اپنی عزت و آبرو کو لات مارے اور اپنے بھائی کی بات کو اونچا رکھے' یہ ہے ایثار نفس۔

## مجلس: ۴۱

# صبر

توبہ کے بعد دوسرا قدم یہ ہے کہ انسان اپنی ظاہری اور باطنی زندگی کی اصلاح کی فکر کرے جس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ نے جن باتوں کا حکم دیا ہے انہیں بجا لائے 'اور جن چیزوں سے روکا ہے 'ان سے باز رہے 'ظاہری زندگی میں جن باتوں کا حکم دیا گیا ہے انہیں ''ماموات'' کہا جاتا ہے مثلاً نماز روزہ وغیرہ اور جن چیزوں سے روکا گیا ہے انہیں ''منہیات'' کہتے ہیں۔ مثلاً چوری 'شراب نوشی وغیرہ۔ ماموات اور منہیات علم فقہ کا موضوع ہیں اور یہاں زیر بحث نہیں ہیں۔

البتہ بالکل اسی طرح ہماری باطنی زندگی کے بھی کچھ اعمال ایسے ہیں جن کا ہمیں حکم دیا گیا ہے 'اور کچھ ایسے ہیں جن سے روکا گیا ہے 'علم تصوف کی اصطلاح میں پہلی قسم کے اعمال کو ''فضائل'' اور دوسری قسم کو ''رذائل'' کہا جاتا ہے۔ یہاں پہلے فضائل کا بیان کیا جائے گا 'اس کے بعد ''رذائل'' کا۔

یہاں یہ بھی سمجھ لیجئے کہ جب انسان کو کسی ''فضیلت'' کی ایسی عادت پڑ جائے کہ وہ اس کی طبیعت ثانیہ بن جائے تو اس کو تصوف کی اصطلاح میں ''مقام'' کہتے ہیں 'لہٰذا جب ہم یوں کہتے ہیں کہ فلاں شخص نے ''مقام صبر'' حاصل کر لیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ''صبر'' کا باطنی عمل جو ''فضائل'' میں سے ہے 'اس کے اندر خوب راسخ ہو کر اس میں اچھی طرح رچ بس گیا ہے۔ آج کی محفل میں ''مقام صبر'' کے بارے میں کچھ ضروری باتیں عرض کرنی ہیں ''صبر'' کے لغوی معنی ہیں ''روکنا'' اور اسلامی اصطلاح میں ''صبر'' کی تعریف ہے ''اپنے آپ کو ناجائز خواہشات سے روکنا''

اس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ قرآن کریم اور اسلام کی اصطلاح کے مطابق ''صبر'' کے معنی صرف یہ نہیں ہیں کہ کسی تکلیف یا رنج پر واویلا نہ کیا جائے (جیسا کہ عام گفتگو میں

''صبر'' کا لفظ اسی معنی میں استعمال کیا جاتا ہے) بلکہ اس کے شرعی معنی بہت وسیع اور ہمہ گیر ہیں اور اس میں دین کے تقریباً تمام شعبے داخل ہو جاتے ہیں یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم میں جس قدر تاکید ''مقام صبر'' حاصل کرنے کی آئی ہے اتنی تاکید شاید ہی کسی اور چیز کی آئی ہو' اور اس کا اجر و ثواب بھی اتنا بتلایا گیا ہے کہ شاید کسی اور چیز کا نہ بتایا گیا ہو' چنانچہ ارشاد ہے:

﴿ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ . ﴾

''تم ایک دوسرے کو حق کی اور صبر کی نصیحت کرو''۔

اور فرمایا جاتا ہے:

﴿ اِنَّمَا يُوَفَّى الصَّابِرُوْنَ أَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ . ﴾

''بلاشبہ صبر کرنے والوں کو ان کے اجر سے بے حساب نوازا جائے گا''۔

''صبر'' کی مندرجہ بالا اہمیت کو سمجھنے کے لئے تھوڑی سی تفصیل کی ضرورت ہوگی۔

یہ تو آپ جانتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے انسان میں بھلائی کا مادہ بھی رکھا ہے' اور برائی کا بھی' قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿ فَأَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوَاهَا ﴾

''اللہ نے انسان کی جان کو گناہ اور تقویٰ دونوں سے باخبر کر دیا ہے''۔

اور چونکہ دنیا میں آزمائش کا مطلب ہی یہ ہے کہ انسان برائی کو چھوڑ کر بھلائی اختیار کرے۔ اس لئے اللہ نے بھلائی کے مادے کی تقویت کے لئے بھی کچھ سامان مقرر فرمائے ہیں اور برائی کے مادے کو تقویت دینے کے لئے بھی۔

## نیکی کی دعوت دینے والی قوتیں

انسان کو بھلائی کی طرف راغب کرنے کے لئے ایک قوت تو خود انسان کے دل میں رکھی گئی ہے جسے ''نفس لوامہ'' کہا جاتا ہے' اور عرف عام میں اس کا نام ''ضمیر'' ہے۔ ہر انسان جب کسی برائی کا ارادہ کرتا ہے تو ایک ان دیکھی قوت اسے برائی سے روکتی ہے۔ یہی

قوت ""نفس لوامہ"" ہے' اس کے علاوہ کچھ خارجی طاقتیں ہیں جو انسان کو نیکی پر آمادہ کرتی اور برائی سے روکتی ہیں' یہ خارجی قوتیں ""فرشتے"" ہیں۔ جو اللہ تعالیٰ کی فرمانبردار مخلوق ہے اور اس میں برائی کا مادہ پیدا ہی نہیں کیا گیا۔

## برائی کی دعوت دینے والی قوتیں

دوسری طرف دو قوتیں ایسی ہیں جو انسان کو برائی کی طرف راغب کرتی ہیں۔ ان میں سے ایک خود انسان کے باطن میں موجود ہے جسے ""نفس امارہ"" کہا جاتا ہے۔ یہ نفسانی خواہشات کا وہ منبع ہے جو نیکیوں سے جی چرانے اور گناہ کی طرف مائل ہونے کا جذبہ پیدا کرتا ہے' اور دوسری قوت ""شیاطین"" کی ہے جنہوں نے اپنا مقصد زندگی ہی یہ قرار دیا ہوا ہے کہ انسان کو نیکیوں سے ہٹا کر برائیوں کی طرف لیجائیں۔

ان دو متضاد قوتوں کی کشاکش ہی میں انسان کی آزمائش ہے' اور اس آزمائش میں کامیاب ہونے کے لئے یہ ضروری ہے کہ انسان نیکی کے تقاضوں کو بدی کے تقاضوں پر غالب کر دے اور اسی کا نام شریعت کی اصطلاح میں ""صبر"" ہے۔

اس مقام کا حصول محض زبانی جمع خرچ سے نہیں ہوتا بلکہ اس کے لئے بڑی محنتیں کرنی پڑتی ہیں' صوفیاء کرام نے بیشتر مجاہدات اسی مقام کو حاصل کرنے کے لئے مقرر کئے ہیں' یہ جو بہت سے صوفیاء کرام سے منقول ہے کہ انہوں نے بعض مرتبہ مباحات کو بھی ترک کر دیا' اس کی وجہ یہ نہیں تھی کہ وہ ان مباحات کو حرام سمجھتے تھے' بلکہ واقعہ یہ ہے کہ انہوں نے نفسانی خواہشات کو قابو میں کرنے کے لئے ایسا کیا ہے۔

## نفسانی خواہشات پر قابو پانا

شروع میں انسان کو نفسانی خواہشات کے دبانے میں مشقت ہوتی ہے' لیکن جب ایک مرتبہ یہ کڑوی دوا پی لے تو پھر رفتہ رفتہ اللہ تعالیٰ اس کے لئے یہ کام بہت آسان کر دیتا ہے' یہاں تک کہ اس کا نفس ""نفس مطمئنہ"" بن جاتا ہے یعنی اس میں بھلائی کے تقاضے

اس قدر غالب ہو جاتے ہیں کہ بدی کے تقاضے ان کے سامنے بالکل مردہ اور مضمحل ہو کر رہ جاتے ہیں ' اسی بات کو آنحضرت ﷺ نے اس طرح تعبیر فرمایا ہے کہ:

"مَنْ يَتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ."

"جو شخص مقام صبر تک پہنچنا چاہے اللہ اسے صبر دے دیتا ہے"۔

اور جس شخص کو یہ نعمت حاصل ہو جائے اس کے بارے میں حضور ﷺ کا ارشاد یہ ہے کہ: "لَمْ يُؤْتَ أَحَدٌ نِعْمَةً أَوْسَعَ مِنَ الصَّبْرِ." (وکما قال)

"کسی شخص کو صبر سے زیادہ وسیع نعمت کوئی نہیں دی گئی"۔

## مقام صبر حاصل کرنے کا طریقہ

اس مقام کو حاصل کرنے کا اصل طریقہ تو یہ ہے کہ ایسے لوگوں کی صحبت اختیار کی جائے جنہیں "صبر" کی نعمت حاصل ہے تجربہ شاہد ہے کہ انسان کے ماحول اور صحبت سے زیادہ اس کا مربی کوئی نہیں ہوتا ' اگر انسان "صابرین" کا ماحول اختیار کرلے تو رفتہ رفتہ خود بھی "صابر" بن جائے گا۔

اسکے علاوہ مقام صبر حاصل کرنے کا انفرادی طریقہ یہ ہے کہ جب بھی دل میں کسی گناہ کا خیال پیدا ہو ' اس کے ساتھ اس عذاب اور وعید کا تصور جمائے جو قرآن کریم اور احادیث میں اس گناہ کے کرنے والے کے لئے بیان فرمایا ہے ' اور اس کے ساتھ ہی اپنی موت ' انجام اور قبر کی تنہائی کو یاد کرے ' اسی لئے آنحضرت ﷺ نے تلقین فرمائی ہے کہ:

أَكْثِرُوْا ذِكْرَ هَاذِمِ اللَّذَّاتِ

"تمام لذتیں ختم کر دینے والی چیز (یعنی موت) کو کثرت سے یاد کیا کرو"۔

## صابرین بھی ہوشیار رہیں

جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ نے "صبر" کی نعمت سے سرفراز فرمایا ہے اور جن کی نیکیوں کی قوت بدی کی قوت پر غالب ہے ' انہیں بھی کسی وقت بے فکر نہ ہونا چاہئے ۔ سیدی حضرت

تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے خلفاء کو اس کی تلقین فرماتے تھے کہ وہ کسی وقت اپنی اصلاح سے غافل نہ ہوں' ایک دن خلفاء سے خطاب کرتے ہوئے حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے مثنوی مولانا روم کی ایک حکایت نقل فرمائی کہ ایک لکڑہارا روزانہ صبح اندھیرے جنگل جاتا اور شام کو لکڑیاں لیکر لوٹتا تھا' ایک دن ایک لکڑی کے ساتھ ایک سردی سے ٹھٹھرا ہوا سانپ بھی بندھ کر آگیا' راستہ بھر تو وہ بے حس وحرکت رہا اور لکڑہارے کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکا' لیکن جب گھر پہنچ کر اس میں کچھ گرمی پیدا ہوئی تو اس نے ابھرنا شروع کیا اور لکڑہارے کے لئے خطرۂ جان بن گیا۔

مولانا رومی فرماتے ہیں کہ "نفس امارہ" کی مثال بالکل اس ٹھٹھرے ہوئے سانپ کی سی ہے جو مرا نہیں' بلکہ وقتی طور پر افسردہ ہو گیا ہے۔

نفس اژدھا است' او کہ مردہ است
از غم بے آلتی افسردہ است

اس لئے اس سے غافل اور بے فکر ہونے کے کوئی معنی نہیں یہ واقعہ نقل کر کے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ یہ بات میں صرف آپ ہی سے نہیں کہہ رہا ہوں' بلکہ خود اپنا نفس بھی میرا مساوی طور سے مخاطب ہے' اور بحمد للہ اس بات پر کاربند بھی ہوں' اور یہ کہہ کر اپنے ڈیسک سے کچھ پرچے نکال کر دکھلائے جن پر کچھ ہدایات لکھی ہوئی تھیں' اور فرمایا کہ میں اپنے اندر جو کمزوریاں محسوس کرتا ہوں' یہ پرچے ان کے علاج کے لئے ہیں۔

## بے صبری تباہی ہے

اس کے برعکس اگر انسان اس مقام "صبر" کو حاصل کرنے کی کوئی کوشش نہ کرے تو نفسانی خواہشات اسے پچھاڑ ڈالتی ہیں' اور وہ ان کے ہاتھوں بے بس ہو کر رہ جاتا ہے' ظاہر ہے کہ ایک مومن کے لئے اس سے زیادہ خطرناک بات کوئی نہیں ہے۔

حدیث میں ہے کہ جب انسان کوئی گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ پڑ جاتا ہے' اور اگر آدمی اس کی طرف کوئی توجہ نہ کرے اور مسلسل گناہوں میں ملوث ہوتا چلا جائے تو رفتہ رفتہ یہ سیاہی پورے دل کو گھیر لیتی ہے اور جب آدمی اس مرحلے پر پہنچ جائے تو وہ گناہوں کا خوگر ہو جاتا ہے اور ضمیر کی قوت اتنی کمزور ہو جاتی ہے کہ اسے کوئی گناہ گناہ

محسوس نہیں ہوتا۔

حسیات میں اس کی مثال ایسی ہے جیسے اگر کسی شفاف کپڑے پر کوئی دھبہ لگ جائے تو وہ ہروقت نگاہوں میں کھٹکتا ہے اور اسے مٹانے کی فکر بھی پیدا ہوتی ہے، لیکن اگر کپڑے پر بیشمار دھبے لگ جائیں تو ان کی وہ برائی دل میں باقی نہیں رہتی اور انہیں مٹانے کی فکر بھی کم ہو جاتی ہے۔

بس اسی طرح اگر دل پر لگنے والے پہلے داغ کو توبہ کے ذریعہ نہ دھویا گیا اور اس کے بعد ''صبر'' کے ذریعہ احتیاط نہ کی جائے تو پورا نفس داغ دار ہو جاتا ہے۔ اور اسی کو حدیث میں ''دل کے زنگ'' سے تعبیر کیا گیا ہے۔

## حکیم الامت کی احتیاط

جن لوگوں کو اللہ تعالیٰ اپنی اصلاح کی لگن اور آخرت کی فکر دیتا ہے انہیں ہروقت اس بات کی طرف توجہ رہتی ہے کہ کہیں نفس ''صبر'' کا دامن چھوڑ کر گناہوں کا عادی نہ بن جائے۔ حضرت حکیم الامت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس ایک مرتبہ ڈاک میں ایک لفافہ ایسا آیا کہ اس پر ٹکٹ تو لگا ہوا تھا مگر مہر نہ تھی، حضرت نے اسے چاک کر کے پھینک دیا اور فرمایا کہ اگرچہ حکومت ہم سے بہت سا روپیہ ناجائز ٹیکسوں میں وصول کرتی ہے، اس لئے ہمیں فتوے کی رو سے یہ حق ہے کہ ہم اس طرح اپنا حق جس قدر ہو سکے وصول کر لیں، لیکن ان طریقوں کو اس لئے استعمال نہیں کرتا کہ اس طرح نفس کو حیلے نکالنے کی بری عادت پڑ جاتی ہے۔

مجلس : ۴۲

# صبر ایمان کا سر ہے

حضرت قاری حارث المحاسبی رحمۃ اللہ علیہ حدیث وتفسیر کے امام ہیں اور صوفیاء کرام میں اکثر ان کے شاگرد ہیں آپ کے ملفوظات میں سے ہے' فرمایا:

انّ الصّبر من الایمان — صبر ایمان میں سے ہے

صبر اور ایمان میں ایسی نسبت ہے جیسے سر کی سارے بدن میں' اگر سر کاٹ دیا جائے تو بدن بیکار ہے صبر نہ رہے تو ایمان نہ رہے۔ حدیث پاک ہے دنیا میں کسی کو صبر سے زیادہ وسیع تر نعمت نہیں ملی جب ایک دفعہ ایک حدیث کا درس ہوا تو خیال ہوا ایمان سے بڑھ کر دین میں آخرت کے اعتبار سے کوئی نعمت نہیں پھر ان دونوں میں ایسا اختلاف کیوں؟ پھر مندرجہ بالا قول سے حدیث کی شرح نکل آئی کہ صبر ایمان کا سر ہے اب صبر کے جو معنی ہیں اس پر تعجب ہوتا ہے کہ ہم نے سمجھ رکھا ہے کہ صبر کہتے ہیں کسی کے مرجانے پر خاموش ہو جانے کو لیکن حقیقت یہ ہے کہ ناجائز خواہشات سے روکنے کا نام صبر ہے' یہی قرآن کریم کی اصطلاح ہے اور مطلب یہ ہے کہ کسی کے مرجانے پر ہی صبر موقوف نہیں ہے بلکہ ایمان بھی اسی کی ایک فرع ہے' گھروں میں گمراہی ہو رہی ہے' ہمارا نفس تقاضا کرتا ہے کہ ان رسموں کو جاری رکھیں خواہ حرام ہوں یا حلال۔ عرب میں آخر تک بہت سے مشرکین اسی وجہ سے ایمان نہ لائے کہ رسموں کو چھوڑ نہ سکتے تھے۔ابو طالب جن کی وفات شرک پر ہوئی ہے باوجود ایمان پر قائم نہ ہونے کے ان کا نام عظمت سے لینے کو جی چاہتا ہے اس لئے کہ ان کو پوری زندگی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رہی۔ آخر وقت میں انتقال کے وقت رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بار بار فرمایا کہ ایک دفعہ کلمہ پڑھ لو' آپ کی نجات ہو جائے گی' تمنا اس کی تھی' وہ نہ مانے' ابوجہل ابولہب وغیرہ نے گھیراؤ ڈال رکھا تھا کہ کہیں آخر وقت میں

اپنا آبائی دین نہ چھوڑ دیں مگر چچا نے کہا میں جانتا ہوں آپ کے دین سے بہتر کوئی دین نہیں ہے آپ سچ فرماتے ہیں مگر یہ لوگ گالی دیں گے کہ موت کے ڈر سے مسلمان ہو گیا اس لئے ہمت نہیں تو ایمان لانے کے لئے بھی صبر کی ضرورت ہے اپنے نفس پر قابو پائے جب ہی ایمان لا سکتا ہے اس لئے حدیث کی شرح بھی ہو گئی کہ سب سے بڑی نعمت صبر ہے، صبر کے معنی بری خواہشات سے روکنے کے ہیں۔

چنانچہ بہت سے لوگ تیجہ، چہلم اور بہت سی رسموں کو جانتے ہیں کہ بری ہیں مگر اتنی جرات نہیں ہوتی کہ انہیں چھوڑ دیں اس لئے کہ برادری کے لوگ برا کہیں گے تو صبر حاصل نہیں ہے اس لئے مجبور ہیں۔

## نفس کو قابو میں رکھنے کا نام صبر ہے

جب صبر کا یہ مقام ہے تو اگر اپنے کسی حریف مقابل سے ایسا کلمہ سنو جس سے آپ کو غصہ آجائے تو اس کو معاف کر دو اور اس کا کوئی انتقام نہ لو نفس کو قابو میں رکھنے کا نام صبر ہے، کہا ہوا تو گذر جائے گا معاف کر دو گے تو دنیا میں کوئی نقصان نہ ہو گا آخرت میں درجات بڑھیں گے، آپ ﷺ نے کبھی اپنی ذات کے لئے کبھی انتقام نہیں لیا۔ اسلام کے لئے تو جذبہ انتقام ہوا مگر اپنے لئے کبھی ایسا نہ کیا اور جن کو اللہ نے یہ مقام عطا کر دیا ہے ان کو ایسی بیہودہ باتوں کا کوئی خیال بھی نہیں ہوتا کوئی برا کہے بھلا کہے دونوں یکساں ہیں۔ کسی کی تعریف اور برائی کا اثر نہ ہونا۔

حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ نے بہت دن سے خط نہیں لکھا حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کو، حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے خود لکھا کہ خط نہ لکھنے کی کیا وجہ ہے جواب میں فرمایا۔ میں خطا وار ہوں کسی قابل نہیں کیا لکھوں، مگر حالت یہ ہے کہ لوگ مجھے برا کہیں بھلا کہیں مجھے کوئی فرق محسوس نہیں ہوتا یعنی مدح یا برائی میں کوئی خوشی یا غم اثر نہیں کرتا۔ یہ مقام اسی کو ملتا ہے جس کا اللہ سے تعلق ایسا ہو کہ ساری دنیا اس کی نظر میں کالعدم ہو۔ اس کی ایسی مثال ہے جیسے آپ نے جانور پال رکھے ہیں ایک جانور آپ کو برا کہہ رہا ہے دوسرا اچھا اگر آپ کو معلوم بھی ہو جائے تو آپ کو کیا فرق محسوس ہو گا ان کی برائی بھلائی سے بس یہی حالت اس کی ہوتی ہے جس کو تعلق مع

اللہ حاصل ہو جاتا ہے۔

## ایک درویش کا واقعہ

گلستان میں واقعہ ہے کہ ایک بادشاہ کے یہاں ایک درویش پہنچے کوئی بات ان کی ناگوار ہوئی۔انہوں نے کہا بند کر دو، وہ ہنس پڑے۔ بادشاہ نے کہا اچھا ہنستے ہو ساری عمر جیل میں بند رکھو، وہ پھر ہنسے اس نے ہنسنے کی وجہ پوچھی فرمایا کہ مجھے یہ نہیں معلوم کتنی عمر میری ہے چاہے قید میں گذرے چاہے باہر گذرے اس میں کیا فرق پڑتا ہے، مجھے اس میں کوئی خوشی یا غم نہیں اور فرمایا دنیا کی زندگی کے بعد آگے تیرے بس میں نہیں ہے تو اتنی قلیل مدت کی کیا پروا ہے جس طرح بھی گذر جائے۔ جیسے موسیٰ علیہ السلام کے زمانہ میں جادوگر جب ایمان لائے اور فرعون نے ان کو دھمکایا تو وہ کہنے لگے ہم کو کیا ہے جو تیرا جی چاہے کرلے ہم اس سے نہ پھریں گے یہ جب ہوتا ہے جب آدمی عادی بنالے نفس کے خلاف سننے کا تو سارا مسئلہ حل ہو جاتا ہے۔

## خیالات کا محاسبہ

آگے فرمایا، تمہارے دل میں جو خیالات پیدا ہوتے ہیں ان کا محاسبہ کرو، ان کی حفاظت کرو، کسی غلط راستہ میں نہ پڑ جاؤ۔ دیکھو! دل میں اور خیال میں لوگوں کے عیب آتے ہیں فلاں میں یہ عیب ہے اس میں یہ عیب ہے مگر اپنے عیب کی خبر نہیں اور یہ عیب سب سے بڑا ہے اس لئے کہ جو بیمار خود کو بیمار سمجھے وہ دوائی کریگا مگر جو خود بیمار نہ سمجھے، وہ کتنی ہلاکت کی طرف جائے گا۔جب خدا سے کسی کو تعلق ہو جاتا ہے نظر تیز ہو جاتی ہے اپنے عیوب اس پر آشکارا ہو جاتے ہیں اللہ پاک ان کی نظر کو خوردبین عطا کر دیتا ہے اور وہ اپنے معاملہ میں اتنے باریک نظر ہو جاتے ہیں کہ ذرا ذرا سی اپنی برائی ان کو نظر آئے گی اور دوسروں کے معاملہ میں وسیع نظر ہو جاتے ہیں ہر شخص سے حسن ظن رکھتے ہیں۔

## اپنے عیوب کی فکر کریں

فرمایا دوسروں کے عیوب کو دیکھنے کی بجائے اپنے عیب کے دور کرنے کی فکر کرو توبہ کرلو۔ اگر اپنے عیوب نظر آنے لگیں تو دوسروں کے عیوب باوجود نظر آنے کے اس کی طرف نظر جا ہی نہیں سکتی کسی کا سارا بدن زخموں سے چور ہو تو دوسرے کی پھانس یا تراش اس پر کیا اثر کریگی۔

بہادر شاہ ظفر نے لکھا ہے:

تھے جو اپنے عیوب سے بے خبر رہے دیکھتے اوروں کے عیب وہنر
پڑی اپنی برائیوں پہ جو نظر تو جہاں میں کوئی برا نہ رہا

ایک شاعر کا قصہ ہے جو آزاد منش آدمی تھا دینداری کی بھی پرواہ نہ تھی، انتقال ہوا خواب میں دیکھا جنت میں ٹہل رہے ہیں پوچھا تم کہاں کہنے لگے تم کو معلوم ہے کہ میں کیسا آدمی تھا مگر مرنے سے پہلے چند شعر کہے یا اللہ تجھ کو معلوم ہے ساری عمر آوارہ رہا کوئی نیک کام نہیں کیا ہاں ایک تیری ذات پر ایمان ضرور ہے اور ترے رسول ﷺ پر ایمان ہے پھر میں نے چند اشعار کہے جو کسی کو سنائے بھی نہیں بس مالک کا کرم ہو گیا۔ بعض اوقات یہ بھی کام آجاتا ہے۔

جسے عیش میں یاد خدا نہ رہی جسے طیش میں خوف خدا نہ رہا

یہ دوسروں کے عیوب نظر آنا اپنے کیڑوں سے غافل رہنے کا سبب ہے۔

## توکل اور کمانے میں اعتدال

ایک جملہ ان کا یہ ہے "اپنی عقل کو کام میں لاؤ کہ تدبیر چھوڑ دو، اللہ کے حوالہ کرو"۔

مراد اس کی یہ ہے کہ دوائی پاس رکھی ہے کھاتا نہیں، وہ گنہگار ہے، کما کر لانا یہ بھی فرض ہے ضروریات زندگی حاصل کرنا فرض ہے ان کو چھوڑنا گناہ ہے اسباب تو اختیار کرنا ضروری ہے یہ مطلب ہے کہ جتنے اختیار اور اسباب تم کو ملے ہیں وہ کرلو پھر رضائے الٰہی کا انتظار کرو جو اللہ نے کیا ملے یا نہ ملے، آدھا ملے پورا ملے اس پر راضی

رہو، پلو میں باندھنے کی چیز ہے۔

فرمایا: "اجملوا في الطلب وتوكلوا عليه."

اختصار کرو طلب میں اور توکل کرو اللہ پر یہ ہے اصل توکل، جتنے اسباب اپنے اختیار میں ہیں ان کو استعمال کرو مگر تھکو نہیں، اس میں اختصار کرو، پھر اللہ پر توکل کرو، ایک بیمار ہے اس کا علاج موجود ہے اس کا علاج نہ کرنا جائز نہیں ہے، ڈاکٹر کے پاس جائے دوا لے، پرہیز کرے مگر اس کے بعد ایک قدم مومن کا ہے کہ ڈاکٹر یا دوا کو شفا نہ سمجھے بلکہ اللہ پاک کی طرف سے شفا ہے، جب اللہ کو منظور نہیں ہوتا تو بڑے سے بڑا ڈاکٹر ایسی لغو غلطی کرتا ہے کہ مریض بچتا نہیں۔ تو اختصار ہے تدبیر میں یہ نہیں کہ فلاں جگہ جو تمہارے فی الحال پہنچ سے باہر ہے اس کا بڑا نام ہے، وہ ماہر ہے اس کام کا، زیادہ لمبی فکروں میں نہ جاؤ، قریب قریب کی تدبیریں کرو، تھکو نہیں علاج ہو، مقدمہ ہو، تجارت ہو، ظاہری آسانیوں سے ہونے والی تدبیریں، اکٹھی کرکے دماغ پر بوجھ نہ ڈالو، آسانی سے ہونے والی تدبیریں حاصل نہ کرنا تو کفر ہے مگر جان کھپا دینا اپنی اس کے اندر یہ اس توکل کے خلاف ہے۔

## دنیا میں جان مت کھپاؤ

جن پر اللہ پاک حقیقت کھول دیتے ہیں ے

یہ کہاں کا فسانہ سود وزیاں
جو گیا سو گیا جو ملا سو ملا
کہو دل سے کہ فرصت عمر ہے کم
جو دلا تو خدا ہی کی یاد دلا

خلاصہ یہ ہے کہ ان تدبیروں میں اتنی جان کھپا دینا کہ اصل دینے والے کو بھول جائے یہ مومن کا کام نہیں ہے بس مختصر اسباب کرے پھر اللہ کے حوالے کر دے، نقصان پہنچ جائے تب بھی راضی رہے، نفع ہو تب بھی راضی رہے۔ آخر لوگ باوجود لاکھ کوششوں کے بھی ہار جاتے ہیں، جرمنی اور امریکہ میں علاج کرانے والے بھی مرجاتے ہیں یہ کہاں کی عقلمندی ہے کہ اس پر جان کھپا دو۔ عقل کی مقتضی یہ ہے

کہ ہماری بصیرت محدود ہے 'کرنے والا تو وہ ہے ہم نے جو اختیار میں تھا وہ کر لیا۔

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے آدم کے بیٹے مالداری پر بہت خوش نہ ہو اور فقر و فاقہ آ گیا تو بہت مایوس مت ہو۔ دونوں حالتیں ہمیشہ قائم ہونے والے نہیں اس پر عقل کا کھپانا عقلمندی نہیں ہے اور بیماری یا نقصان یا کچھ اور حادثہ ہو جائے اس پر زیادہ غمگین نہ ہو۔

## تکالیف گناہوں کا کفارہ ہیں

جب سونا نکھارا جاتا ہے آگ میں ڈال کر 'اللہ کے نیک بندوں کو بھی دنیا میں ایسی تکلیف دے کر ان کے گناہوں کو دھویا جاتا ہے اور یہ سمجھ لو گے تو گناہوں کا کفارہ بھی ہو جائے گا ورنہ تکلیف تو یوں بھی آنی ہے جو اہل جنت ہیں ان کو دنیا میں تکالیف پہنچتی ہیں کیونکہ یہ جنت کے تحفے ہیں اور اہل جہنم کو دنیا میں راحت اور عیش ملتا ہے کہ یہ جہنم کے گرد کے پھل ہیں۔

فرمایا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ اللہ تعالیٰ نے جنت نعمتوں کی جگہ بنائی اور جہنم تکالیف کی جگہ بنائی مگر ان کے گرد ایک باڑ لگائی جہنم کے گرد لذت اور عیش اور راحت' شہوات' دل لبھانے والی چیزوں کی باڑ لگائی ہے' جنت کے گرد مختلف تکلیف مشقت کی باڑ لگی ہوئی ہے لہٰذا کانٹے مصیبت اور تکلیف اٹھانے کے بعد ہی جنت میں داخلہ ہو گا۔

## جنت کے تحفے

مومن کا ایمان سلامت رہے تو یہ تکالیف 'غم' بیماری اور مصیبت یہ تحفے ہیں جنت کے یہ کانٹا ہٹا جنت کا راستہ ملا۔ جو لذائذ میں مبتلا ہیں وہ سوچ سمجھ کر قدم رکھیں کہ اس میں کہیں خلاف شرع تو کچھ نہیں کہ یہ جہنم کا تحفہ ہو اللہ پاک ہر مومن کو اس سے بچائے۔

# عقلمند اور متقی کی دوستی اور اس کا معیار

فرمایا: مجلس رکھو عاقل اور متقی سے۔ بیوقوف سے آرام کی بجائے تکلیف پہنچ جاتی ہے اور غیر تقویٰ والا جو خدا کا خوف نہ رکھے اس کا کوئی بھروسہ نہیں ہے۔ حدیث میں ہے سوال کیا گیا ہم کن لوگوں کے پاس بیٹھیں، آپ ﷺ نے فرمایا، جن میں تین وصف ہوں، آج سمجھ لو یہ شیطان کا دھوکا ہے جو ہم کو بتاتا ہے کہ کوئی عالم بھی خالص نہیں کہاں بیٹھیں، شیخ پیر کہاں ہیں آج کل تو یہ غلط ہے بے شک جنید رحمۃ اللہ علیہ اور شبلی رحمۃ اللہ علیہ تو نہ ملیں گے مگر ایک کسوٹی ہے اس پر شیخ کو دیکھ لو، کوئی کہے میں تو افلاطون سے علاج کراؤں گا تو مرجائے گا بو علی سینا نہ ملے گا۔

(۱) جس کو دیکھ کر خدا یاد آئے اس کی یاد کا نور ایسا ہے جو چہرہ سے فوراً عیاں ہوتا ہے۔

(۲) جب وہ بولے تو علم کی بات کہے، فضولیات میں وقت برباد نہ کرے۔

(۳) اس کے عمل سے آخرت کی یاد آئے، قول سے نہیں بلکہ اس کے عمل سے تم کو آخرت کی فکر غالب ہو۔ نہ وہ آسمان پر اڑے، نہ کوئی کرامت ضروری ہے بس یہ تین صفات دیکھ لو اور وہ انہیں لوگوں میں ہو گا۔

مجلس : ۴۳

# باقی اور فانی

قال الله تعالیٰ : مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللهِ بَاقٍ . وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْا اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ○

یہ کلام پاک کی آیت ہے ترجمہ اس کا یہ ہے کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ خدا کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہے گا۔ اور جو لوگ ثابت قدم ہیں ہم ان کے اچھے کاموں کے عوض میں ان کا اجر ان کو ضرور دیں گے۔

## جو کچھ تمہارے پاس ہے

اس مختصر آیت میں اللہ جل شانہ نے سب سے پہلے لفظ فرمایا ہے جو کچھ تمہارے پاس ہے اب ہم سوچیں کہ ہمارے پاس کیا ہے اول تو جو کچھ ہے وہ خدا کا دیا ہوا ہے۔ پھر اگر مستعار طور پر ہم اس کے مالک مجازی بنا بھی دیئے گئے تو وہ کسی طرح ملکیت ہماری شمار نہیں ہو سکتی۔ دولت ہو' اولاد ہو' مال' جائیداد ہو' کھیتی کاروبار ہو اور اس کے علاوہ جو بھی ہو وہ سب "جو کچھ" کی تعریف میں آتا ہے تو ظاہر ہے کہ دولت 'اولاد' جائیداد ان میں سے کچھ باقی رہنے والا نہیں۔ اب اپنے جسم پر غور کیا جائے۔ صحت' طاقت' جوانی' حسن' یہ بھی چیزیں باقی رہنے والی نہیں ہیں۔ پھر حالات کا جائزہ لو' خوشی' غمی' بے فکری' بے چینی' غصہ' ہنسی' صحت' بیماری' امیری' غریبی' غرض کوئی حالت ہو۔ وہ بھی ہمیشہ رہنے والی نہیں۔ انسان کسی ایک حالت پر

تھوڑی سی دیر بھی قائم نہیں رہتا۔بلکہ وہ حالات ختم ہو جاتے ہیں۔اگر کوئی بڑی خوشی حاصل ہوئی اس کی لذت تھوڑی دیر میں جاتی رہی۔کوئی بڑی تکلیف آگئی۔ کچھ دیر گزرنے کے بعد اس کو بھول گیا۔

گو وقتی طور پر تھوڑی سی دیر کے لئے ان حالات کے تاثرات ہمارے ذہن میں بھی رہتے ہیں۔لیکن جوں، جوں مدت گزرتی جائے ان کا خیال بھی دماغ سے محو ہو جاتا ہے۔ بیشتر واقعات یا صدمات ایسے ہماری زندگی میں پیش آئے ہیں کہ اگر صدمہ کا اثر اسی حادثہ کے وقت کی طرح آج بھی ہمارے ذہن میں بدستور قائم رہتا تو ہمارے ذہنوں کا کیا حال ہوتا، یا کوئی بڑی سے بڑی لذت مسلسل ہمارے پاس رہتی تو کچھ عرصہ گزرنے کے بعد ہم اس لذت سے بھی بے کیفی محسوس کرتے اور اکتا جاتے۔ اسی خوشی یا لذت سے غرض تھوڑا یا بہت چھوٹا یا بڑا کوئی صدمہ، کوئی خوشی ایسی نہیں جو باقی رہنے والی ہو اور یہ سب اس آیت کے پہلے لفظ "جو کچھ" کی تعریف میں آتا ہے یعنی جو کچھ بھی تمہارے پاس ہے وہ ختم ہونے والا ہے۔

## جو کچھ خدا کے پاس ہے

اور پھر فرمایا جو کچھ خدا کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔یہاں پر ایک بات کتنی واضح ہے کہ خدا خود بھی باقی رہنے والا ہے۔اس لئے جو کچھ اس کے پاس ہے وہ بھی باقی رہنے والا ہے اور جو کچھ تمہارے بھیجے ہوئے عمل اس کے پاس پہنچ گئے وہ بھی باقی رہیں گے یعنی دنیا کی لذت اور خوشی پاکر ہم نے اگر خدا کا شکر ادا کر لیا تو لذت اور خوشی تو رہنے والی نہیں مگر شکر کے وہ چند الفاظ جو ہم نے اپنی زبان سے ادا کر لئے وہ اللہ کے پاس باقی رہیں گے۔

اور مصیبت اور تکلیف کا صدمہ تو ہمیشہ باقی نہ رہے گا۔ہاں! اس پر صبر کے نکلے ہوئے الفاظ حیات جاودانی اختیار کر لیں گے اور قیامت کے دن اللہ پاک شمار کرا کرا ایک ایک نیکی کا کئی کئی بار بدلہ عطا فرمائیں گے۔

یہ صرف ذہن بنانے کی بات ہے اگر ہم اپنا ذہن اس طرح بنالیں کہ جو کچھ غم یا خوشی آئے اللہ کے ذکر کے ساتھ اس وقت کو رسول پاک ﷺ کی سنت کے

مطابق گزار دیں۔ تو ان فانی حالات میں سے ایسے باقی ذخائر ہم اللہ کے پاس بھیج دیں گے جو ہمیشہ کے لئے اس کے پاس ہمارے حساب میں جمع ہو جائیں گے۔

مثال کے طور پر یوں سمجھ لیجئے کہ ہم کو کسی نے گالی دی یا کوئی نقصان پہنچایا، تو وہ نہ تو گالی ہمیشہ باقی رہے گی اور نہ نقصان ہمیشہ قائم رہے گا اور گالی تو محض بد زبانی کا اظہار ہے۔ اس سے تو ہمارا کچھ بھی نہیں بگڑتا۔ بلکہ ایسی بے بنیاد چیز پر یعنی گالی کے بدلے ہم نے اگر ایک گالی دیدی تو اسکی اور ہماری دونوں کی بد زبانی کا گناہ دونوں پر باقی رہے جائے گا اور وہ ہم کو قیامت کے دن خسارہ پہنچ جائے گا۔ لیکن اگر ہم اس گالی کو برداشت کر گئے اور جواباً اس کو کہہ دیا کہ اللہ تم کو نیک ہدایت دے تو یہ دعائیہ جملے ہمارے واسطے سرمایہ آخرت اور اس کے واسطے ذریعہ ہدایت بن جائیں گے۔ اسی طرح کسی خوشی اور نقصان کے تاثرات تو تھوڑی دیر میں ختم ہو جائیں گے۔ لیکن باقی رہنے والی وہ نیکیاں یا برائیاں ہوں گی جو اسکو پاکر ہم نے اپنے دل اور زبان سے ادا کیا۔

بزرگان دین کا قاعدہ تھا کہ جب کوئی خوشی یا صدمہ آتا تو نوافل پڑھتے اور خدا کا ذکر کرتے تھے اور یہی چیز خدا کے پاس باقی رہنے والی ہے۔

## صبر کا بدلہ

پھر آگے چل کر فرماتے ہیں کہ پھر ہم جلد ہی اس صبر کا بدلہ دیں گے۔ اب معلوم ہوا کہ یہ ساری تعلیم کس کے لئے دی جارہی ہے۔ دراصل صبر کے لئے بندوں کو تیار کرنا تھا۔ پتہ چلا کہ صبر کے معنی یہی نہیں کہ کوئی مرجائے تو اس پر صبر کریں، بلکہ ہر چھوٹی یا بڑی ناگواری کو برداشت کرنا صبر ہے۔ چونکہ صبر اللہ پاک کو بہت پسند ہے اور صبر کا بدلہ بہت اچھا ملنے والا ہے اور ایک ایک صبر کا بدلہ زندگی بھر کی نیکیوں سے بڑھ کر دینے والے ہیں۔ مخبر صادق ﷺ خبر دیتے ہیں کہ خدا تمہاری ایک نیکی کو اگرچہ وہ کھجور کی گٹھلی کے برابر ہو۔ پال پال کر احد کے پہاڑ کے برابر قیامت کے دن اس کا بدلہ عطا فرمائیں گے ظاہر ہے کہ کسی چیز کو پالنے سے وہ بڑھتی ہے اور پھر جب رزاق دو جہاں کا پالنے والا ہو تو کتنی پرورش ہوگی وہ جو اندھیری رات میں سیاہ پتھر پر

چلنے والی سیاہ چیونٹی کی رفتار سنتا ہے اور پتھر کے نیچے دبے ہوئے کیڑے کو رزق عطا کرتا ہے۔اس کا پالنا کیسا ہوگا؟اب ایک ذرا سے نقصان پر جو ہم نے صبر کیا اور اس پر خدا کا شکرادا کیا۔اس ہماری نیکی کو اللہ پاک باقی رکھیں گے اور یہی نہیں بلکہ زندگی کے اچھے سے اچھے نیک کام کا جو بدلہ ہوسکتا ہے اس پر وہ عطا فرمائیں گے۔

اب اگر ہم کو اس کا یقین ہو جائے کہ گالی سن کر یا نقصان اٹھا کر جو ذرا سی دیر میں ختم ہو جانے والا ہے ہم صبر کریں تو خدا کے یہاں کتنا بڑا بدلہ ملنے والا ہے تو ہم بڑے سے بڑے نقصان پر بھی اس کا شکرادا کریں اور صابر ہو جائیں۔

اس کی مثال اس طرح ہے کہ دنیا کا کوئی بڑا حاکم ہم کو بلائے اور ہمارے لئے سامان آراستہ ہوں، اراکین حکومت ہم کو لینے کے لئے باادب حاضر ہوں اور راستہ میں کوئی شخص ہم کو گالی دیدے تو ہم اس کی گالی کو شمار بھی نہیں کریں گے۔بدلہ لینا تو کیا ہے؟ چونکہ ہمارے سامنے وہ عزت اور مرتبہ عطا ہونے والا ہے کہ اگر ہم اس وقت اس گالی دینے والے کی طرف توجہ بھی کریں گے تو ہمارا قیمتی وقت ضائع ہو جائے گا۔اور توجہ دوسری طرف ہو جائے گی۔اس پر نہ تو ہم منہ بنائیں گے اور نہ غصہ ہوں گے نہ اس کی گالی کا کوئی خیال دل میں لائیں گے۔بلکہ اس کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہ کریں گے۔بلکہ اپنے چہرہ پر اور بھی مسکراہٹ اور تشکر کا اظہار پیدا کریں گے کہ سامنے عظیم ہستی ہمارے استقبال میں ہے۔

بالکل اسی طرح خبردار کیا جارہا ہے کہ جو کچھ تمہارے پاس ہے وہ ختم ہونے والا ہے اور جو خدا کے پاس ہے وہ باقی رہنے والا ہے۔

## طاعت میں لگنے والا وقت

لہٰذا دنیا میں جتنا وقت ہم خدا اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت میں صرف کریں گے وہی وقت قیمتی ہوگا۔ایک بزرگ کا قول ہے کہ ہم کو کسی سے لڑائی، جھگڑا کرنیکا وقت تو کجا کسی سے صلح کرنے کا وقت بھی نہیں ہے۔جتنا وقت اس کی یاد کے بغیر گذرے گا وہ بے قیمت ہوگا اور باقی رہنے والی وہی ساعتیں ہوں گی جو اس کے ذکر میں مصروف ہوں۔

ایک بزرگ ستو پھانک کر گذارا کرتے تھے۔ان سے پوچھا کہ آپ ایسا کیوں کرتے ہیں۔ جواب دیا کہ میں نے حساب لگایا ہے' جتنا وقت روٹی کھانے میں صرف کروں اتنی دیر میں کئی ہزار بار سبحان اللہ کہہ سکتا ہوں۔چنانچہ چالیس سال سے یہی دستور رہے۔اس کا مقصد یہ نہیں کہ ہم بھی ستو پھانکیں۔بلکہ یہ مثالیں اس لئے ہیں کہ ہمارے ذہن میں یہ آجائے کہ جو وقت بھی میسر ہو' خدا کے ذکر میں گذارنے کی کوشش کریں اور یہ خیال رکھیں کہ جلد ہمیں اس کے پاس جانا ہے اور ایک ایک ذرہ کا حساب دینا ہے' جو حالات بھی ہم پر دنیا میں آئیں گے وہ ختم ہو جائیں گے۔ لیکن ان کے اوپر جو نیکیاں ہم خدا کے پاس بھیج دیں گے وہ باقی رہیں گی۔

سو سال کا کافر اگر ایک دفعہ صدق دل سے کلمہ پڑھ لے تو اس کی ساری زندگی کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔پھر ایک مسلمان کیلئے کیا کچھ عطائیں ہیں۔ساری دنیا کے لوگ اگر کمائی پر لگ جائیں تو ساری عمر میں اتنا نہیں کما سکتے۔جتنا ایک مسلمان ایک منٹ میں کما سکتا ہے بس ایک منٹ کی قیمت معلوم ہونا شرط ہے جس کے لئے یقین کی ضرورت ہے۔

اللہ پاک کو ہم اپنی ذات عالی کا یقین عطا فرمائیں اور ہر وقت اپنے ذکر کی توفیق عطا کریں۔ آمین ثم آمین!

# چند ارشادات

## تمام اعمال کا مغز

فرمایا، تمام اعمال کا مغز یہ ہے کہ نفس کو جانوروں کی طرح آزاد نہ چھوڑا جائے، بلکہ اس کو پابند کیا جائے، اسی کو صبر کہتے ہیں اور اسی کی تاکید وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ میں ہے۔

## بے صبری

فرمایا حدود شرعیہ سے بالاختیار (اپنے اختیار سے) تجاوز کرنا بے صبری ہے۔

## صبر کی حقیقت

فرمایا نفس کی ناگوار باتوں کو تحمل کرنا اس طرح کہ حدود شرعیہ سے تجاوز نہ ہونے پائے صبر ہے (یعنی جزع وفزع اور خلاف شرع اقوال سے بچنا صبر کہلاتا ہے)

## صبر کا ادب

فرمایا صبر کا ادب یہ ہے کہ زبان کو شکوہ وشکایت سے روکا جائے اور سوائے حق تعالیٰ کے اپنی مصیبت کسی کے سامنے بیان نہ کرے۔

مجلس : ۴۴

# شکر کی حقیقت

''صبر'' کے بعد دوسرا مقام جس کی تحصیل فرض ہے ''مقام شکر'' کہلاتا ہے، اگر آپ نے قرآن کریم پڑھا ہے تو اس میں بے شمار آیات دیکھی ہوں گی جن میں انسان کے ذمہ ''شکر'' کو واجب قرار دیا گیا ہے، آج کی مجلس میں مختصراً یہی بتلانا ہے کہ اس ''شکر'' سے کیا مراد ہے؟ اور اس مقام کو کیسے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

## شکر کیلئے تین لازمی عناصر

''شکر'' کی حقیقت یہ ہے کہ محسن حقیقی کی نعمتوں کا اس طرح اقرار کرنا کہ اس سے دل میں محسن کی محبت اور اس کی اطاعت کا جذبہ پیدا ہو، گویا ''شکر'' کے تین لازمی عناصر ہیں۔

(۱) اس بات کا اقرار و اعتراف کہ جتنی نعمتیں مجھے حاصل ہیں وہ سب کی سب اللہ کی طرف سے ہیں اور اس نے محض اپنے فضل و کرم سے مجھے عطا فرمائی ہیں۔

(۲) چونکہ اللہ تعالیٰ نے مجھ پر اتنے فضل و کرم کی بارشیں برسا رکھی ہیں۔ اس لئے کائنات میں میرے لئے اس سے بڑا محبوب کوئی نہیں ہونا چاہئے۔

(۳) اللہ کے بے پایاں انعامات کا فطری تقاضا یہ ہے کہ میں اپنی زندگی میں اسی کی اطاعت کروں اور اس کے مقابلے میں کسی کی اطاعت نہ کروں، بہ الفاظ دیگر جو نعمتیں اس نے مجھ کو عطا فرمائی ہیں، ان کو انہی کاموں میں خرچ کروں جو اس کی مرضی کے مطابق ہیں، اور ان کاموں میں خرچ کرنے سے بچوں جو اس کی مرضی کے خلاف ہیں۔

## مقام شکر

جب یہ تین جذبات کسی انسان کے دل میں پختہ ہو جاتے ہیں تو ''تصوف'' کی اصطلاح میں اسے کہا جاتا ہے کہ اس شخص نے ''مقام شکر'' کو حاصل کر لیا ہے۔

پھر ''مقام شکر'' کو حاصل کرنے کے لئے ان تین جذبات میں سے بھی اصل الاصول پہلا ہی جذبہ ہے' کیونکہ اگر کسی شخص کے دل میں یہ خیال کما حقہ راسخ ہو جائے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے مجھ پر کتنی نعمتیں ہر آن مبذول رہتی ہیں تو اس کا لازمی نتیجہ یہ ہو گا کہ اللہ تعالیٰ سے محبت اور اطاعت کا جذبہ خود بخود بیدار ہو گا' لہٰذا اگر کسی وقت ''محبت'' اور ''اطاعت'' میں کوتاہی محسوس ہو تو سمجھ لینا چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا صحیح اقرار واعتراف دل میں پیدا نہیں ہوا۔

فرض کیجئے کہ ایک نامعلوم شخص ہے جو ہر مشکل کے وقت آپ کی مدد کرتا ہے جب کبھی آپ کو روپیہ پیسہ کی شدید ضرورت ہوتی ہے تو خود بخود کسی ذریعہ سے روپیہ پیسہ آپ کے پاس بھجوا دیتا ہے' جب کبھی آپ بیمار پڑتے ہیں تو نہایت موثر دوائیں آپ کے لئے مہیا کرتا ہے جب کبھی آپ بے روزگار ہوتے ہیں تو بہترین روزگار آپ کو دلوا دیتا ہے غرض ہر اس موقعہ پر نامعلوم طریقے سے آپ کی مدد کرتا ہے جب آپ پریشان یا خستہ حال ہوں۔ فطری بات ہے کہ آپ خواہ کتنے ہی سنگدل کیوں نہ ہوں اس شخص کی محبت آپ کے دل میں جاگزیں ہو جائے گی۔ اور اگر کسی موقعہ پر یہ شخص آپ سے کوئی کام کرنے کو کہے گا تو اس کی تعمیل میں آپ فخر اور مسرت محسوس کریں گے۔

## مقام شکر حاصل کرنے کا طریقہ

اس سے معلوم ہوا کہ اگر ''محسن'' کے احسانات کا علم اور اعتراف صحیح طریقے سے ہو تو اس کی محبت اور اطاعت خود بخود دل میں پیدا ہوتی ہے' لہٰذا ''مقام شکر'' کو حاصل کرنے کے لئے سب سے پہلا کام یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے انعامات کا صحیح اقرار اور استحضار پیدا کیا جائے۔

عقیدۃً تو ہر صاحب مذہب اس بات کو مانتا ہے کہ تمام نعمتیں اللہ کی طرف سے آتی ہیں، لیکن ''مقام شکر'' تک پہنچنے کے لئے ضروری یہ ہے کہ یہ حقیقت خیالات میں اتنی پیوست ہو جائے کہ آدمی کو ہر وقت یہ حقیقت سامنے کھڑی نظر آئے، مختصر لفظوں میں یوں کہہ لیجئے کہ اس حقیقت کا استحضار اتنا قوی ہو کہ اسے اس کے ثابت کرنے کے لئے کسی دلیل کی ضرورت نہ رہے بلکہ وہ اس کا مشاہدہ کرے یہاں تک کہ تکلیفوں اور پریشانیوں کے وقت بھی وہ ان سینکڑوں نعمتوں کو فراموش نہ کرے جو عین اس وقت بھی اس پر مبذول ہیں۔

## مقام شکر سے محرومی کا انجام

جب انسان کو ''مقام شکر'' حاصل نہیں ہوتا تو تکلیفوں اور پریشانیوں کے لئے اس کا احساس تیز اور نعمتوں اور راحتوں کے لئے نہایت سست ہو جاتا ہے اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ سیکڑوں نعمتوں اور راحتوں کے درمیان اگر اسے ذرا سی تکلیف پہنچ جائے تو وہ نعمتوں کو بھول کر اپنی ساری توجہات کا مرکز اس تکلیف کو بنالیتا ہے، اور اسی کا غم لئے بیٹھا رہتا ہے، اس کے برعکس جس شخص کو ''مقام شکر'' حاصل ہو وہ چند در چند پریشانیوں میں بھی نعمتوں کا پلہ بھاری دیکھتا ہے اور اسی وجہ سے اس حالت میں بھی اس کی زبان پر شکووں اور آہوں کے بجائے شکر ہی کے کلمات جاری رہتے ہیں۔

حضرت مولانا سید اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ جو اکابر دیوبند میں حضرت میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے نام سے مشہور ہیں، میرے نہایت شفیق استاذ اور مربی تھے، ایک مرتبہ انہیں شدید بخار آیا، میں مزاج پرسی کے لئے حاضر ہوا تو وہ چارپائی پر تقریباً مدہوش لیٹے ہوئے تھے، بخار اپنے شباب پر تھا اور اس کی شدت کی وجہ سے غشی سی طاری تھی، وہ ذرا ہوش میں آئے تو میں نے سلام کر کے مزاج پوچھا انہوں نے بے ساختہ کہا:

''الحمد للہ! الحمد للہ! بہت اچھا ہوں، خدا کا شکر ہے کہ دل صحت مند ہے، گردے میں درد نہیں، سینے میں کوئی تکلیف نہیں سب اعضاء ٹھیک کام کر

رہے ہیں 'بس بخار ہے!؟''

یہ ہے ''مقام شکر'' کا نتیجہ کہ انسان شدید بخار میں 'مدہوش ہونے کی حالت میں بھی اس حقیقت کا استحضار رکھتا ہے کہ ''تکلیف ایک ہے اور نعمتیں بے شمار'' حقیقت بلاشبہ وہی ہے جو حضرت میاں صاحب نے بیان فرمائی کہ بخار بیشک ایک تکلیف ہے لیکن اس کے ساتھ نعمتیں کتنی موجود ہیں! دیکھنے کے لئے آنکھ 'بولنے کے لئے زبان' سننے کے لئے کان 'پکڑنے کے لئے ہاتھ' علاج کے لئے حکیم اور ڈاکٹر تیمار داری کے لئے عزیز و قریب اور رشتہ دار' پھر تکلیف بھی صرف بخار ہے' دل' دماغ' سینہ' گردہ ہر چیز اپنی مخصوص بیماری سے محفوظ ہے۔ یہ حقیقت تو بیشک ہے' لیکن عام حالات میں انسان ایسے موقعہ پر ان تمام نعمتوں سے یکسر غافل ہو جاتا ہے اور اسے بخار کی تکلیف کے سوا کچھ نظر نہیں آتا' اس حقیقت کا ادراک اور استحضار انہی لوگوں کو ہوتا ہے جنہیں اللہ نے ''مقام شکر'' کی دولت نصیب فرمائی ہو۔

## رنج و بیماری میں مقام شکر کا حصول

یہ دولت حاصل کس طرح ہوتی ہے؟ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کے حصول کا طریقہ یہ ہے کہ آدمی کثرت کے ساتھ اللہ کی نعمتوں پر غور کیا کرے۔ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم میں تفصیل کے ساتھ ان نعمتوں کا ذکر فرمایا ہے جن پر غور کرنے سے انسان ''مقام شکر'' حاصل کر سکتا ہے۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ نعمتیں دو قسم کی ہیں 'ایک مخصوص نعمتیں جو کسی شخص کو انفرادی طور سے ملتی ہیں' فلاں شخص بہت بڑا عالم ہے' فلاں کے پاس اچھا مکان ہے فلاں کو بڑی سعادت مند اولاد ملی ہوئی ہے' فلاں شخص بڑا ہر دلعزیز ہے۔ یہ ساری نعمتیں مخصوص نعمتیں ہیں' اس کے علاوہ کچھ نعمتیں عام قسم کی ہیں جو ہر انسان کو ہر وقت میسر ہیں' چاند' سورج' ستارے' ہوا' آگ' پانی' مٹی' جنگل' پہاڑ' پھر جسم کے اعضاء آنکھ' کان' ناک' ہاتھ پاؤں وغیرہ اگر انسان ان تمام نعمتوں اور ان کی حکمتوں پر سنجیدگی سے غور کرے تو ممکن ہی نہیں ہے کہ انسان کو ''مقام شکر'' حاصل نہ ہو' لیکن چونکہ یہ ساری نعمتیں بے مانگے اللہ نے دیدی ہیں' انہیں حاصل

کرنے کے لئے کوئی محنت اٹھانی نہیں پڑی، کوئی پیسہ خرچ کرنا نہیں پڑا، اس لئے انسان انہیں نعمت یا تو سمجھتا ہی نہیں ہے، یا سمجھتا ہے تو سرسری طور پر دیکھ کر گذر جاتا ہے حالانکہ انسان کو یہ سوچنا چاہئے کہ اگر کسی وقت ان میں سے ایک نعمت بھی چھن جائے تو کروڑ دو کروڑ روپیہ نہیں، ساری دنیا کے تمام خزانے لٹا کر بھی کیا وہ اس نعمت کو واپس لاسکتا ہے؟ قرآن کریم اسی طرف اشارہ فرماتا ہے:

﴿ان جَعَلَ اللہُ عَلَیْکُمُ اللَّیْلَ سَرْمَداً إِلٰي یَوْمِ الْقِیامَةِ مَنْ إِلٰهٌ غَیرُ اللہِ یَأتِیکُم بِضِیاءٍ. ﴾

”اگر اللہ تم پر قیامت کے دن تک دائمی رات مسلط کر دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں روشنی لا کر دے سکے؟“

اسی طرح

﴿إِنْ جَعَلَ اللہُ عَلَیْکُمُ النَّھَارَ سَرْمَداً إِلٰي یَوْمِ الْقِیَامَةِ مَنْ إِلٰهٌ غَیرُ اللہِ یَأْتِیکُم بِلَیْلٍ تَسْکُنُوْنَ فِیْهِ. ﴾

”اگر اللہ تم پر ہمیشہ کے لئے قیامت تک دن ہی مسلط کر دے تو اللہ کے سوا کون معبود ہے جو تمہیں ایسی رات لا کر دے سکے جس میں تمہیں سکون حاصل ہو۔

غرض انسان کو چاہئے کہ اولاً وہ ان مخصوص نعمتوں پر غور کرے جن سے بہت سے افراد محروم ہیں، پھر عام نعمتوں پر غور کرے جو ہر انسان کو میسر ہیں، مگر ان میں سے ہر ایک ایسی ہے کہ دنیا بھر کے عقلاء حکماء اور سائنسدان مل کر بھی چاہیں تو اس کو پیدا نہ کر سکیں، اگر وہ چھن جائے تو واپس نہ لا سکیں۔

اس معاملہ میں امام غزالی کی ایک مختصر کتاب "الحکمة فی مخلوقات اللہ" بہت مفید ہے، اس کا اردو ترجمہ بھی اسی نام سے شائع ہو چکا ہے، ”مقام شکر“ کو حاصل کرنے اور اللہ کی نعمتوں کا استحضار پیدا کرنے کے لئے اس کا مطالعہ نہایت مفید ہو گا۔

# چند ارشادات

## شکر کا مفہوم

فرمایا جو حالت طبیعت کے موافق ہو ' خواہ اختیاری ہو یا غیر اختیار ' اس حالت کو دل سے خدا تعالیٰ کا عطیہ اور نعمت سمجھنا ' اس پر خوش ہونا اور اپنی لیاقت سے اس کو زیادہ سمجھنا اور زبان سے اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنا اور اس نعمت کو جوارح (اعضاء) سے گناہوں میں استعمال نہ کرنا یہ شکر ہے۔

## معمولی نعمت کی قدر

فرمایا: فالتو کاغذ جمع کرتا رہتا ہوں اور ان کو مختلف کاموں میں لاتا رہتا ہوں۔

## قدر نعمت بعد زوال

فرمایا: النعمة وحشية قيدوها بالشكر (نعمت ایک وحشی جانور ہے جس کو شکر سے قید کرو) فرمایا! انسان کو جب نعمت حاصل ہوتی ہے تو وہ خوش ہوتا ہے ' لیکن چند روز بعد یہ نعمت اپنی مانوسیت کی وجہ سے اپنی قدر وقیمت کھو دیتی ہے ' اب اس میں کوئی ندرت باقی نہیں رہتی ' اب اگر یہ نعمت اس سے چھین لی جائے تو اب اس کو اس کی قدر ہوتی ہے۔

فرمایا نعمت کے شعور سے نعمت کا بقا ہے ' شعور کا فقدان نعمت کا فقدان ہے اس لئے احساس نعمت کو زندہ رکھنا چاہئے اور یہی چیز شکر سے حاصل ہوتی ہے۔

فرمایا: نعمتیں دو ہی ہیں ' (ایک) نعمت نفع (دوسرے) نعمت دفع۔

مجلس : ۴۵

# مقام زہد

## زہد کے لفظی اور شرعی معنی

"زہد" کے لغوی معنی ہیں : اپنی کسی مرغوب چیز کو کسی دوسری بہتر چیز کے لئے چھوڑ دینا اسلامی اصطلاح میں زہد کا مطلب ہے آخرت کے لئے دنیا کو ترک کر دینا۔ اس سے یہ بات واضح ہوگئی کہ محض "ترک دنیا" کا نام "زہد" نہیں ہے ' لہٰذا اگر کوئی شخص بے حسی کی بنا پر دنیا کو چھوڑ دے تو یہ "زہد" نہیں کہلا سکتا۔

پھر آخرت کے لئے بھی جس "ترک دنیا" کی ترغیب دی گئی ہے اس کا مطلب سمجھنے میں بھی بڑی غلط فہمیاں پائی جاتی ہیں ' بعض لوگ "زہد" کو "رہبانیت" کا مرادف سمجھنے لگتے ہیں ' اور یہ سمجھتے ہیں کہ کھانا ' پینا ' تجارت یا کسب معاش کے ذرائع اختیار کرنا "زہد" کے خلاف ہے حالانکہ اس قسم کی "ترک دنیا" قرآن وسنت کی تصریحات کے بالکل خلاف ہے۔

## حقوق نفس کی ادائیگی ضروری ہے

ہمیشہ یاد رکھئے کہ ایک تو ہیں دنیا کے مقاصد ضروریہ جن کے بغیر انسانی زندگی کا بقاء ممکن نہیں اور جنہیں حاصل کرنا انسان کی فطرت میں داخل ہے ' مثلاً بقدر ضرورت کھانا پینا اور حصول معاش کی کوشش ایسی چیزوں کو "حقوق نفس" کہا جاتا ہے ' اور شریعت نے انسان کے ذمے ضروری قرار دیا ہے کہ "نفس" کے ان "حقوق" کو ادا کیا جائے ' اور انہی حقوق کو ترک کرنے کا نام "رہبانیت" ہے جس کی قرآن کریم نے ممانعت فرمائی ہے۔ اور حدیث میں سرکار دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

طَلَبُ الْمَعَاشِ فَرِيضَةٌ بَعْدَ الْفَرِيضَةِ.

"طلب معاش فرائض اسلام کے بعد دوسرا فریضہ ہے"۔

حکیم الامت حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اسی وجہ سے اپنے متوسلین کو تاکید فرمایا کرتے تھے کہ وہ اپنی "صحت" کا خاص خیال رکھا کریں کیونکہ وہ حقوق نفس میں سے ہے اور اگر صحت خراب ہو جائے تو آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔

## حظوظ نفس کو چھوڑنا چاہئے

دوسری چیز ہے "حظوظ نفس" یعنی وہ نفسانی لذتیں جن پر نہ انسان کی بقاء موقوف ہے اور نہ ان کی تحصیل انسان کی فطرت میں داخل ہے انسان انہیں محض اپنی زائد از ضرورت نفسانی خواہشات کی تسکین کے لئے اختیار کرتا ہے۔اس قسم کی خواہشات کو ترک کرنے کا نام "زہد" ہے اور یہ اسلام میں مطلوب و محبوب ہے۔ قرآن وحدیث یا فقہاء و صوفیاء کے کلام میں "ترک دنیا" سے مراد ہمیشہ یہ "زہد" ہی ہوتا ہے۔"رھبانیت" نہیں۔

## زہد کے تین درجے

صوفیاء کرام نے فرمایا ہے کہ "زہد" کے تین درجات ہیں۔

## زہد کا پہلا درجہ

(۱) سب سے اعلیٰ درجہ تو یہ ہے کہ مال و متاع سے دل میں ایسا اعراض اور نفرت ہو کہ کوئی بے مانگے بھی دے جائے تو اچھا نہ لگے۔مگر اس نفرت کے باوجود اسے بقدر ضرورت استعمال کرے اور ضروریات اصلیہ سے زائد حصے کو چھوڑ دے یہ اعلیٰ مقام سرکار دو عالم ﷺ کا تھا، آپ ﷺ نے فرمایا۔

"مَالِي وَلِلدُّنْيَا اِنَّمَا أَنَا كَمَثَلِ رَاكِبٍ اِسْتَظَلَّ تَحْتَ شَجَرَةٍ ثُمَّ ارْتَحَلَ." (اوکما قال)

"مجھے دنیا سے کیا کام؟ میری مثال تو اس شہسوار کی سی ہے جو ذرا دیر کے لئے کسی درخت کی چھاؤں لیتا ہے، پھر آگے بڑھ جاتا ہے"۔

یہی وجہ ہے کہ آپ کا معمول کھانے پینے میں یہ تھا کہ بہت تھوڑی مقدار پر

اکتفا فرماتے تھے ۔ شمائل ترمذی کی متعدد روایات سے ثابت ہے کہ آپ نے کبھی "سیر" ہو کر کھانا تناول نہیں فرمایا' حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ بعض اوقات ہم مہینوں تک صرف پانی اور کھجور پر اکتفا کرتے تھے ۔

## زہد کا دوسرا درجہ

(۲) زہد کا دوسرا درجہ یہ ہے کہ آدمی نہ دنیوی مال و متاع سے بالکل نفرت کرتا ہو' اور نہ اس کی کوئی خاص رغبت ہو کوئی زائد از ضرورت چیز بھی مل گئی تو اللہ کا شکر کر کے استعمال کی' اور اگر کچھ نہ ملا تو بھی چنداں رنج و افسوس نہ ہوا ۔

حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ ہے کہ مکہ مکرمہ میں ان کا سارا مال چوری ہو گیا' چوروں نے ان کے گھر میں بالکل جھاڑو ہی دیدی ایک چیز نہ چھوڑی' حضرت کو پتہ چلا تو چنداں ملال کا اظہار نہ فرمایا بلکہ ایک خاص کیفیت میں یہ مصرعہ پڑھا ۔ ع

ماہیچ نہ داریم و غم ہیچ نہ داریم

اتفاق سے متوسلین کی کوشش سے وہ مال مسروقہ دوبارہ مل گیا' تو اس پر بھی مسرت کا اظہار فرمایا ۔ اور اسے استعمال کیا ۔

حضرت قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی اسی قسم کا واقعہ منقول ہے ۔

## زہد کا تیسرا درجہ

(۳) زہد کا تیسرا درجہ یہ ہے کہ آدمی کو دنیا کی طرف رغبت تو ہو' مگر اس کی فکر میں زیادہ نہ پڑے' اسی وجہ سے دنیا کی محبت اسے اللہ کی یاد سے غافل نہیں کرتی یہ درجہ "قناعت" بھی کہلاتا ہے' اسی کو حضرت مولانا رومی فرماتے ہیں:

چیست دنیا' از خدا غافل شدن
نے قماش و نقرہ و فرزند و زن

یعنی سونا چاندی اور بیوی بچے دنیا نہیں' دنیا یہ ہے کہ آدمی کی توجہات اور فکری و عملی توانائیوں کا سارا مرکز یہ چیزیں بن جائیں' اور وہ خدا سے غافل ہو جائے'

لہٰذا اگر کوئی شخص مالدار ہے مگر اس کی دولت اسے اللہ سے غافل نہیں کرتی تو یہ "دنیا" نہیں، اور اگر کسی کے پاس چار ہی پیسے ہیں۔ مگر انہیں میں اس کا دل الجھا ہوا ہے تو یہ "دنیا" ہے اور مذموم ہے۔

## ایک بزرگ زاہد کا واقعہ

ایک بزرگ کا واقعہ مشہور ہے کہ وہ بہت بڑے تاجر تھے، ایک شخص ان کی بزرگی کا شہرہ سن کر ان کے پاس بڑی عقیدت کے ساتھ بیعت ہونے کے لئے پہنچا۔ مگر دیکھا کہ ان کے اوقات کا بڑا حصہ تجارت اور کاروبار میں صرف ہوتا ہے۔ اس کے دل میں شبہ پیدا ہوا اور اس نے ان بزرگ سے کہا کہ: "حضرت! کیا یہ اتنا بڑا کاروبار زہد کے منافی نہیں"۔ بزرگ نے اس وقت کوئی جواب نہ دیا، پھر ایک دن تفریح کے لئے وہ اپنے مرید کو لیکر آبادی سے دور نکل گئے۔ وہیں انہوں نے اچانک مرید سے کہا کہ: "بھائی! حج کرنے کو دل چاہ رہا ہے"۔ مرید نے کہا: "حضرت! دل تو میرا بھی چاہتا ہے"۔ بزرگ نے کہا: "پھر چلو!" اور یہ کہہ کر مکہ مکرمہ کی سمت چل پڑے، مرید نے کہا: "حضرت! میری ایک چادر شہر میں رہ گئی ہے، ذرا وہ لے آؤں"۔ اس پر بزرگ نے فرمایا: "تمہیں اپنی چادر کی تو بڑی فکر ہوئی، مگر یہ نہ دیکھا کہ ہمارا کاروبار کس قدر پھیلا پڑا ہے۔ مرید کو اس موقعہ پر تنبہ ہوا اور اس نے کہا کہ بات سمجھ میں آگئی"۔

## زہد کی مکمل مثال

حضرت مولانا رومی نے ایک نہایت دلنشین مثال سے اس کو سمجھایا ہے، وہ فرماتے ہیں کہ انسان کی مثال کشتی کی سی ہے، اور دنیا کی مثال پانی کی سی ہے کشتی کے لئے پانی اس قدر ناگزیر ہے کہ کشتی اس کے بغیر چل ہی نہیں سکتی، اور جب تک پانی کشتی کے اردگرد رہے اس کے لئے رحمت ہے، لیکن اگر یہی پانی کشتی کے اندر داخل ہو جائے تو وہی کشتی کی تباہی کا سامان بن جاتا ہے، بالکل یہی حال دنیا کا ہے کہ جب تک وہ انسان کے اردگرد رہے تو اس کے لئے رحمت ہے، لیکن اگر انسان کے دل میں

داخل ہو جائے تو یہی دنیا انسان کو تباہ کر ڈالتی ہے۔

آب اندر زیر کشتی پشتی است
آب در کشتی ہلاک کشتی است

## روح زہد

حقیقت یہ ہے کہ اس حکیمانہ مثال سے مولانا رومی نے "دنیا" کی حقیقت اس طرح واضح فرما دی ہے کہ اس پر کوئی اضافہ نہیں ہو سکتا۔ بس! "زہد" کی روح یہ ہے کہ آدمی کا دل اللہ کے سوا ہر چیز سے خالی ہو' خواہ وہ بیوی بچوں کے عین درمیان رہے۔ کسب معاش کی کوششیں بھی کرے۔ کھائے اور پیئے بھی' آرام اور تفریح بھی کرے' لیکن ان میں سے کسی چیز کی محبت کو اپنے دل پر غالب نہ ہونے دے' اور اسے یاد خدا کے لئے مخصوص رکھے' اکبر نے کیا خوب کہا ہے۔

یہ کہاں کا فسانہ سود و زیاں' جو گیا سو گیا' جو ملا سو ملا
کہو دل سے کہ فرصت عمر ہے کم' جو دلا تو خدا ہی کی یاد دلا

ہمارے حضرت مجذوب صاحب فرماتے ہیں۔

دنیا میں ہوں' دنیا کا طلب گار نہیں ہوں
بازار سے گذرا ہوں' خریدار نہیں ہوں

اس زمانے میں "زہد" کے پہلے دو درجات کو حاصل کرنا مشکل ہے اور اگر فقر وفاقہ حد سے گزر جائے تو موجودہ حالات میں گناہوں کا سبب بھی بن سکتا ہے' اس لئے محقق صوفیاء کا کہنا ہے کہ اس دور میں تیسرے درجے کو حاصل کرنے کی کوشش کی جائے' حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی اپنے متوسلین سے فرمایا کرتے تھے کہ تم سب کے بدلے فقر وفاقہ میں نے کر لیا ہے' تمہارا زہد یہ ہے کہ حلال راستوں سے معاش حاصل کرو' اور خدا کی یاد سے غافل نہ ہو۔

# زہد کے متعلق چند ارشادات

## زہد کی حقیقت

فرمایا زہد ترک لذات کا نام نہیں ،بلکہ محض تقلیل لذات (لذتوں میں کمی کرنا) زہد کیلئے کافی ہے یعنی ہر وقت اس کی فکر میں نہ لگا رہے کہ یہ پکنا چاہئے ' وہ پکنا چاہئے ' یہ پہننا چاہئے وہ اوڑھنا چاہئے۔

فرمایا زہد کی ماہیت دنیا سے بے رغبتی کرنا ہے۔

## حاجت پوری ہونے پر اکتفا کریں

ہر شخص کو چاہئے کہ اپنی نظر کو ہر چیز میں صرف حاجت روائی کے درجہ تک مختصر (محدود) رکھنے تزئین اور لذت کے درجہ پر نظر نہ ہو ،کیونکہ لذت کی کوئی حد نہیں ہے سو جو اس کے درپے ہو گا 'اس کو کبھی تشویش سے نجات نہ ہو گی اور جو شخص حاجت پر کفایت کرے گا جس وقت حاجت پوری ہو جائے گی اس کو سکون ہو جائے گا۔

## دین دار دنیا کی طرف نہ جھکے

فرمایا اگر دنیا والا تھوڑا سا بھی دین کی طرف متوجہ ہو تو غنیمت ہے اور اگر دیندار تھوڑا سا بھی دنیا کی طرف متوجہ ہو تو رنج ہوتا ہے۔

## ترک دنیا اچھی چیز ہے

فرمایا ' ترک دنیا بہت اچھی چیز ہے 'اسی واسطے طالبان دنیا کو بھی ان مولویوں سے محبت ہوتی ہے (جو تارک دنیا ہوتے ہیں) تو معلوم ہوا کہ ترک دنیا تمہارے

نزدیک بھی اچھی ہے۔

## زہد حاصل کرنے کا طریقہ

فرمایا: زہد حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ مخلوق کے ہاتھ میں جو کچھ متاع دنیا ہے، سب سے امید قطع کر دے جو شخص ایسا کرے گا اس کا قلب راحت میں رہے گا کیونکہ زہد قلب اور بدن دونوں کو راحت دیتا ہے۔

مجلس : ۴٦

# مقام توحید

## توحید کا مفہوم

جن اعمال باطنہ کو حاصل کرنا انسان کے ذمہ ضروری ہے' ان میں سے ایک "توحید" ہے۔ توحید کا ایک مفہوم تو آپ نے علم عقائد میں پڑھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ انسان خدا کو ایک مانے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائے یہ توحید اعتقادی ہے جس پر انسان کا ایمان موقوف ہے اور اس کے بغیر انسان مسلمان ہی نہیں ہو سکتا۔

## توحید عملی

لیکن علم تصوف میں "توحید" سے مراد "توحید عملی" ہوتی ہے جو توحید اعتقادی سے اگلا درجہ ہے' اور اس کا مطلب یہ ہے کہ "توحید اعتقادی" میں جس عقیدے کو عملی طور پر حاصل کیا گیا تھا' اسے عملی طور پر اپنا "حال" بنا لیا جائے یعنی ہر آن اس حقیقت کو نگاہوں کے سامنے رکھا جائے کہ اس کائنات میں جو کچھ ہو رہا ہے' وہ صرف اللہ کی ذات واحد سے ہو رہا ہے۔ اس دنیا میں جتنے واقعات پیش آتے ہیں وہ سب اللہ ہی کی طرف سے آتے ہیں اور اس کی مشیت کے بغیر کوئی ذرہ ادھر سے ادھر حرکت نہیں کر سکتا' عقیدے کی حد تک تو اس بات کو ہر مسلمان جانتا اور مانتا ہے' لیکن ہر رنج وراحت اور غم و مسرت کے وقت اس حقیقت کا استحضار نہیں رہتا' اس لئے جب کسی ظاہری ذریعے سے کوئی خوشی یا تکلیف پہنچتی ہے تو آدمی اسی ظاہری ذریعہ کو سب کچھ سمجھ بیٹھتا ہے اور خوشی اور تکلیف دونوں کی نسبت اسی کی طرف کرتا ہے۔ لیکن "توحید عملی" کا مطالبہ انسان سے یہ ہے کہ وہ اس حقیقت کو ہر

آن اس طرح مستحضر رکھے گویا اس کو دیکھ رہا ہے' اسی کو بعض بزرگوں نے اس طرح تعبیر فرمایا ہے کہ:

""توحید خدا واحد دیدن بود' نہ واحد گفتن""

جب انسان کائنات کے ہر واقعے کے پیچھے ہر آن خدائے واحد ہی کو دیکھتا ہے تو وہ لوگوں کی دشمنی اور دوستی سے بے نیاز ہو جاتا ہے' اس لئے کہ وہ جانتا ہے کہ جو راحت یا تکلیف اسے پہنچی ہے وہ تمام تر خدا ہی کی طرف سے ہے' اور جو انسان ظاہری طور پر اس کا سبب نظر آرہا ہے' وہ محض ایک واسطہ ہے' اس سے زائد کچھ نہیں ؎

از خدا داں خلاف دشمن و دوست
کہ دل ہر دو در تصرف اوست

سرکار دو عالم ﷺ سے منقول ہے کہ جب آپ ﷺ کے سامنے کوئی ناگوار طبع بات پیش آتی تو زیادہ غم وغصہ کا اظہار فرمانے کے بجائے صرف اتنا فرمایا کرتے تھے۔ کہ "مَا شَاءَ اللہُ کَانَ وَمَالَمْ یَشَأْ لَا یَکُوْنُ۔" (جو کچھ اللہ نے چاہا وہ ہو گیا اور جو کچھ وہ نہیں چاہے گا وہ نہیں ہو گا) اور حقیقت یہ ہے کہ رنج و تکلیف کے موقعہ پر تسکین قلب کا اس سے بہتر نسخہ کوئی نہیں ہو سکتا۔

## توحید کی مثال

امام غزالی نے ایک تمثیل کے ذریعے اس بات کو سمجھایا ہے' فرماتے ہیں کہ ایک شخص نے تلوار پر دعویٰ کیا کہ تو نے مجھے مارا ہے' اس نے جواب میں کہا کہ میں کون ہوں! مجھ میں کیا طاقت تھی؟ مجھے تو ہاتھ نے استعمال کیا' دعویٰ کرنا ہے تو اس پر کرو' اس شخص نے ہاتھ پر دعویٰ کیا تو اس نے کہا کہ میرا کیا قصور؟ میں تو بے حس و بے شعور تھا' یہ ""ارادہ"" تھا جس نے آکر مجھے جگایا اس لئے لڑنا ہے تو اس سے لڑو' اس نے ""ارادہ"" پر دعویٰ کیا تو اس نے کہا میں کیا چیز ہوں؟ مجھے تو دل نے اس حرکت پر برانگیختہ کیا تھا' دل کے پاس پہنچا تو وہ بولا کہ میری حقیقت کیا ہے؟ میں تو کسی اور کے قبضہ قدرت میں ہوں' اَلْقُلُوْبُ بَیْنَ اِصْبَعَیِ الرَّحْمٰنِ! اس طرح انجام

کار تمام حرکات کی انتہا ایک ہی فاعل حقیقی پر ہوتی ہے' اور وہ ہے اللہ تبارک وتعالیٰ۔

بس یہی وہ حقیقت ہے جس کا استحضار "توحید عملی" کو مطلوب ہے' اور جب انسان توحید کے اس مقام کو بدرجہ اتم حاصل کر لیتا ہے تو نہ اس کے دل میں کسی کی خوشامد کا جذبہ پیدا ہوتا ہے' نہ وہ چاپلوسی کرتا ہے نہ وہ خدا کے سوا کسی سے ڈرتا ہے' نہ مال و دولت کی لالچ اسے کسی کام پر آمادہ کر سکتی ہے اور نہ جان کا خوف' اسی کو شیخ سعدی فرماتے ہیں ؎

موحد! چہ برپائے ریزی زرش
چہ فولاد ہندی نہی بر سرش
امید و ہراسش نہ باشد زکس
ہمیں است بنیاد توحید وبس

اس لئے کہ وہ اس حقیقت کو صرف جانتا ہی نہیں کھلی آنکھوں دیکھتا ہے کہ ساری دنیا کے انسان مل کر مجھے کوئی نفع پہنچانا چاہیں تو نہیں پہنچا سکتے' اور سارے جہاں کی مخلوقات جمع ہو کر مجھے کوئی زک دینا چاہیں تو نہیں دے سکتیں' اس لئے میں کسی سے کیوں ڈروں؟ اور کسی خوشامد کسی لالچ کا شکار کیوں بنوں؟ چنانچہ وہ اللہ کے سوا نہ کسی سے ڈرتا ہے نہ کسی کے سامنے جھکتا ہے نہ کسی کی خوشامد کرتا ہے' نہ کسی سے کوئی ایسی امید باندھتا ہے جس کی خلاف ورزی سے اسے تکلیف پہنچے! بس وہ تو ایک ہی ذات کے ساتھ تعلق میں مست ہے' اور اس کا نعرہ یہ ہے کہ ع

یکے داں' یکے خواں' یکے بیں' یکے جو

## مقام توحید حاصل کرنے کا طریقہ

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ مقام حاصل کیسے ہو؟ بات دراصل یہ ہے کہ ہر مسلمان کو اعتقاداً توحید کا یقین تو ہوتا ہے' لیکن چونکہ انسان کی نگاہیں ظاہری وسائط کے خم و پیچ میں الجھی رہتی ہیں' اس لئے اس یقین پر کچھ اوہام مسلط ہوتے رہتے ہیں' اس کی مثال بقول امام غزالی ایسی ہے جیسے ایک مردہ انسان کی لاش کے بارے میں ہر انسان کو مکمل یقین ہوتا ہے کہ یہ جماد ہے' اس میں کوئی شعور نہیں' یہ از خود حرکت

نہیں کر سکتی، لیکن اس یقین کے باوجود انسان اس لاش کے ساتھ ایک ہی بستر پر سونے سے وحشت محسوس کرتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ وہ لاش کے بے جان ہونے کا قائل نہیں، بلاشبہ وہ اسکے بے جان ہونے کا قائل ہے، لیکن کچھ اوہام اس کے ذہن کو پریشان کرتے ہیں۔

بس! اسی طرح ہر مسلمان ان ظاہری وسائط کو بے بس تو سمجھتا ہے مگر اس کے قلب میں اتنی قوت نہیں ہوتی کہ وہ اوہام کو اپنے اوپر غالب نہ ہونے دے۔ اگر قلب میں یہ قوت پیدا ہو جائے تو "توحید عملی" کا مقام خود بخود حاصل ہو جائے گا، حضرت مجذوب فرماتے ہیں ؎

کچھ بھی مجنوں! جو بصیرت تجھے حاصل ہو جائے
تو نے لیلیٰ جسے سمجھا ہے وہ محمل ہو جائے

قلب کی یہ قوت "مراقبات" کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے، جب انسان یکسوئی کے ساتھ روزانہ واقعات عالم پر نظر کرتا ہے، اور یہ دیکھتا ہے کہ انسانوں کے بنائے ہوئے منصوبے کس طرح روزانہ خاک میں مل جاتے ہیں، تو رفتہ رفتہ اس کے دل سے اوہام کے بادل چھٹنے لگتے ہیں اور "عقیدہ توحید" اس کی رگ و پے میں سرایت کر کے اس کا "حال" بننے لگتا ہے۔ ہاں! ان مراقبات میں کسی شیخ کامل کی رہنمائی کی ضرورت ہے، تاکہ وہ انسان کو افراط و تفریط میں مبتلا ہونے سے روکتا رہے۔

## توحید کا ایک لطیف ادب

افراط و تفریط کے سلسلے میں دو باتیں یاد رکھنے کی ہیں، ایک تو یہ کہ اگرچہ اس کائنات میں ہر خیر و شر کا خالق اللہ تعالیٰ ہے، اور انسان کو راحت بھی اسی کی طرف سے پہنچتی ہے اور تکلیف بھی لیکن ادب کا تقاضا یہ ہے کہ انسان خیر کے جزئیات کی نسبت تو اللہ تعالیٰ کی طرف کرے لیکن شر کے جزئیات کی نسبت اس کی طرف نہ کرے، قرآن عزیز کا ارشاد ہے کہ:

﴿مَا يَفْتَحِ اللهُ مِنْ رَحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا وَمَا يُمْسِكْ فَلَا

مُرْسِلَ لَهُ مِنْ بَعْدِہ. ﴾

"اللہ جس رحمت کو کھول دے تو اسے بند کرنے والا کوئی نہیں اور جس چیز کو بند کر دے اسے اس کے سوا کوئی چھوڑنے والا نہیں۔

یہاں باری تعالیٰ نے کھولنے کے ساتھ تو "رحمت" کا ذکر فرمایا ہے، مگر بند کرنے کے ساتھ "رحمت" کا ذکر نہیں فرمایا بلکہ وہاں "جس چیز" کے الفاظ ہیں، اس "چیز" کی تشریح نہیں فرمائی اس میں اس بات کی تعلیم دی گئی ہے کہ رحمت کو بند کرنے کی نسبت اللہ کی طرف کرنا خلاف ادب ہے، اور اس میں یہ نکتہ بھی ہے کہ جو چیز بہ ظاہر خلاف رحمت نظر آتی ہے، وہ بھی کائنات کے تکوینی مصالح کے پیش نظر رحمت ہی ہوتی ہے۔

اسی طریقے کو حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اختیار فرمایا قرآن کریم میں ہے کہ وہ تمام اچھی چیزوں کی نسبت اللہ کی طرف کرتے رہے کہ وہ مجھے ہدایت دیتا ہے، مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے اور اس کے بعد فرمایا کہ:

﴿ وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ ﴾

"اور جب میں بیمار ہو جاتا ہوں تو وہ مجھے شفا دیتا ہے"۔

یہاں شفا دینے کی نسبت اللہ کی طرف فرمائی، اور مرض کی نسبت خود اپنی طرف کی۔

اسی طرح حضرت خضر علیہ السلام نے ایک جگہ تو فرمایا کہ "فَأَرَادَ رَبُّكَ أَنْ يُبْدِلَهُمَا خَيْرًا مِنْهُ زَكٰوةً وَأَقْرَبَ رُحْمًا." یہاں اچھی بات کے ارادے کی نسبت اللہ کی طرف فرمائی لیکن کشتی کے قصے میں فرمایا "فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيبَهَا" یہاں چونکہ "عیب" کا لفظ آگیا تھا، اس لئے اس کی نسبت خود اپنی طرف فرمائی۔

اسی وجہ سے فقہاء نے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اللہ تعالیٰ کے لئے صرف "خالق الكلاب والخنازير" کے الفاظ استعمال کرے تو وہ کافر ہو جاتا ہے۔

دوسری بات یہ ہے کہ اگرچہ کائنات کے تمام واقعات میں فاعل و موثر حقیقی اللہ ہی کی ذات ہے لیکن اسلامی شریعت نے ظاہری وسائط کو دنیوی احکام میں بالکل

خارج از بحث قرار نہیں دیا' بلکہ ان کے بھی کچھ حقوق رکھے ہیں' اس کی وجہ یہ ہے کہ فاعل حقیقی تو بلا شبہ اللہ ہی ہے لیکن اللہ نے جس چیز کو فعل کے وقوع کے لئے واسطہ بنایا اس کا بھی ایک مقام ہے چنانچہ اگر کوئی شخص آپ پر کوئی احسان کرے تو اس کا شکر ادا کرنا بھی آپ پر واجب ہے اس کی مثال ایسی ہے جیسے علماء نے لکھا ہے کہ حصول علم کے جو آلات ہوتے 'مثلاً قلم' دوات اور کاغذ وغیرہ' طالب علم کو ان کا بھی احترام کرنا چاہئے۔

البتہ ان وسائط کو کس حد تک ملحوظ رکھا جائے اور کہاں ان سے صرف نظر کر لیا جائے؟ یہی وہ باریک فرق ہے جو "توحید عملی" کی راہ پر چلنے والے کو ملحوظ رکھنا پڑتا ہے' اور عملاً اس کی حدود کا تعین کسی شیخ کامل کی رہنمائی ہی سے ہو سکتا ہے۔

مجلس : ۴۷

# مقام توکل

## توکل کے لفظی اور شرعی معنی

جن باطنی اعمال کو حاصل کرنا انسان کے ذمہ ضروری ہے ان میں سے ایک "توکل" ہے جو درحقیقت اسی وقت حاصل ہوتا ہے جب انسان "مقام توحید" کو حاصل کر چکا ہو' قرآن وحدیث میں توکل کی تاکید بار بار آئی ہے اور جگہ جگہ اس کے فضائل وفوائد بیان کئے گئے ہیں۔ آج کی مجلس میں اسی کی حقیقت بیان کرنا مقصود ہے۔

"توکل" عربی زبان کا لفظ ہے جو "وکالۃ" سے ماخوذ ہے۔ اس کے لغوی معنی ہیں۔ "کسی پر بھروسہ کرکے کسی کام کو اس کے سپرد کر دینا"۔ پھر اسلامی اصطلاح میں توکل اسے کہتے ہیں کہ انسان اسباب پر تکیہ کرنے کے بجائے اللہ پر مکمل بھروسہ کرکے اپنے تمام امور اسی کو سونپ دے۔

## کسی پر بھروسہ کرنیکی تین وجہ

غور فرمایئے کہ آپ کسی شخص پر کب بھروسہ کرتے ہیں جس شخص کو آپ بھروسہ کا اہل سمجھتے ہوں اس میں کیا صفات آپ دیکھنا چاہتے ہیں؟ غور کریں گے تو معلوم ہو گا کہ ایک انسان بھروسہ کا اہل اس وقت ہوتا ہے جب اس میں تین چیزیں پائی جاتی ہوں۔ علم' قدرت اور ہمدردی وشفقت!

(۱) یعنی اول تو آپ اس بات کا اطمینان کرنا چاہیں گے کہ جس شخص پر آپ بھروسہ کر رہے ہیں وہ آپ سے آپ کے احوال سے اور تمام متعلقہ امور سے پوری واقفیت

رکھتا ہو ورنہ ظاہر ہے کہ وہ آپ کو کچھ فائدہ نہ پہنچا سکے گا۔

(۲) دوسرے آپ یہ چاہیں گے کہ جو کام آپ اس کے سپرد کر رہے ہیں وہ اسے انجام دینے کی پوری صلاحیت اور قدرت رکھتا ہو' ورنہ ظاہر ہے کہ اگر وہ اس معاملہ میں بے بس ہوا تو آپ کی کیا مدد کر سکے گا؟

(۳) تیسرے آپ کی خواہش یہ ہوگی کہ جس شخص پر آپ نے بھروسہ کیا ہے وہ آپ کا ہمدرد اور آپ پر مہربان ہو' ورنہ اس کی وسیع معلومات اور عمدہ صلاحیتیں آپ کے کچھ کام نہ آسکیں گی۔

## تینوں اوصاف حق تعالیٰ میں کامل ہیں

اسکے بعد ذرا اپنے گرد وپیش پر ایک نظر ڈال کر دیکھئے 'کیا کوئی انسان ایسا نظر آتا ہے جس میں یہ تینوں صفات مکمل طور سے موجود ہوں اور زندگی کے ہر معاملے میں آپ اس کے علم' قدرت اور شفقت پر بھروسہ کر سکتے ہوں! اگر آپ حقیقت پسندی کا مظاہرہ کریں گے تو یقیناً آپ کا جواب نفی میں ہو گا۔ ایسا کوئی شخص آپ کو ڈھونڈے سے بھی نہیں مل سکے گا جس میں یہ تینوں اوصاف اس قدر کمال کے ساتھ موجود ہوں کہ آپ اپنی زندگی کا ہر معاملہ اسے سونپ کر بالکل مطمئن ہو سکیں۔

اب اللہ جل شانہ کے معاملے پر غور فرمایئے تو نظر آئے گا کہ اس میں یہ تینوں اوصاف اس قدر کمال کے ساتھ موجود ہیں کہ اس سے زیادہ کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا لہٰذا کیا وہ ذات اس لائق نہیں ہے کہ انسان اپنی زندگی کا ہر معاملہ اسے سونپ کر مطمئن ہو جائے اور ہر معاملہ میں بس اسی پر بھروسہ کرے یقیناً ہے!

اس لئے قرآن کریم فرماتا ہے:

﴿وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ.﴾

"اور مومن بس اللہ ہی پر بھروسہ رکھیں"۔

## توکل کی تین قسمیں

چونکہ توکل کا صحیح مفہوم سمجھنے میں لوگ عموماً غلطیاں کرتے ہیں' اس لئے یہ سمجھ لیجئے کہ اس کی تین قسمیں ہیں۔

(۱) توکل کی ایک صورت تو یہ ہے کہ انسان نظری طور سے تو اپنا معاملہ اللہ ہی کے سپرد کر رکھے۔ لیکن عملی طور پر اس کا دھیان اسباب ہی کی طرف لگا رہے' اور ظاہری اسباب و وسائل ہی اسکی بیشتر توجہات کا مرکز بنے رہیں۔ اس کی مثال ایسی ہے جیسے آپ اپنا مقدمہ کسی وکیل کو سپرد کر دیتے ہیں' اس پر آپ کو بھروسہ تو ہوتا ہے' لیکن آپ معاملہ اس کے سپرد کر کے بالکل فارغ نہیں ہو جاتے' بلکہ ہر وقت دھیان اور کوشش اس کی طرف لگی رہتی ہیں۔

(۲) دوسری صورت یہ ہے کہ آپ ظاہری اسباب کو معمولی طور سے صرف اس لئے اختیار کریں کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اختیار کرنے کا حکم دیا ہے' اس کے بعد معاملہ اللہ کے حوالہ کر دیں اور یہ بات ہر آن مستحضر رکھیں کہ یہ ظاہری اسباب کوئی حقیقت نہیں رکھتے' کرنے والا اللہ ہی ہے' چنانچہ آپ کی بیشتر توجہات اللہ ہی کو پکارنے اور اسی کے سامنے اپنی حاجتیں بیان کرنے میں صرف ہوں اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک بچے کو جب کبھی کوئی ضرورت پیش آتی ہے' وہ بس اپنی ماں ہی کو پکارتا ہے' خود کچھ ہاتھ پاؤں مارے بھی تو اس پر مطمئن نہیں ہوتا' اس کی توجہ اسی کی طرف رہتی ہے کہ کسی طرح ماں متوجہ ہو جائے تو وہ ہر مشکل کو حل کر دے گی۔

(۳) تیسری صورت یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ پر اس درجہ بھروسہ کیا جائے کہ ظاہری اسباب کی طرف مطلق نظر نہ ہو' یہاں تک کہ اللہ کو پکارے بھی نہیں' اور یہ سمجھے کہ وہ تو خود میرے دکھ درد کو جانتا ہے' وہ خود ہی مداوا کرے گا۔

ایک روایت ہے کہ جب نمرود حضرات ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈال رہا تھا تو حضرت جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور پوچھا کہ اگر کسی خدمت کی ضرورت ہو تو میں حاضر ہوں۔ حضرت خلیل اللہ نے اس کے جواب میں فرمایا۔

أَمَّا إِلَيْكَ فَلا، وَأَمَّا اللهُ فَهُوَ يَعْلَمُ مَابِي.

""تمہاری تو مجھے احتیاج نہیں ' ہاں اللہ کی طرف محتاج ہوں 'مگر وہ میرے حال کو خود جانتا ہے""۔

توکل کے ان تین درجات میں سے پہلا درجہ تو عامیانہ توکل ہے جو توکل کا بالکل ادنیٰ درجہ ہے 'اور تیسرا درجہ توکل کی حقیقت کے اعتبار سے تو بہت اعلیٰ ہے ' مگر یہ انبیاء و صلحاء کے خاص احوال سے متعلق ہے دائمی طرز عمل کے لئے شریعت میں مطلوب نہیں ہے۔

## توکل کا مطلوبہ درجہ

شریعت میں مطلوب توکل کا دوسرا درجہ ہے ' آنحضرت ﷺ نے سنت اسی کو قرار دیا ہے 'کہ ظاہری اسباب کو معمولی طور سے اختیار کرو 'اللہ سے دعائیں بھی کرو ' لیکن بھروسہ ان ظاہری اسباب پر کرنے کے بجائے اللہ ہی پر رکھو۔

مجلس: ۴۸

# ترک اسباب کا نام توکل نہیں

بعض ناواقف لوگوں نے "توکل" کو بہت غلط استعمال کیا' انہوں نے اسباب کو بالکل ترک کر دینے کا نام توکل رکھا ہے' بعض صوفیاء نے جو اپنے کچھ اقوال یا اشعار میں' ترک اسباب کو قابل تعریف قرار دیا ہے' یہ لوگ اس سے استدلال کرتے ہیں' حالانکہ ان کا منشا یہ تھا کہ ظاہری اسباب کی حقیقت ہر آن پیش نظر رکھو کہ حقیقت میں نہ وہ کوئی فائدہ پہنچا سکتے ہیں نہ نقصان' نفع و ضرر تمام تر اللہ ہی کے قبضے میں ہے' ان کا منشاء یہ ہرگز نہیں تھا کہ ظاہری اسباب کو بالکل چھوڑ دو۔

یہاں "ترک سبب" کے مسئلے کی تھوڑی سی تفصیل عرض کر دینا مناسب ہو گا۔ واقعہ یہ ہے کہ انسان اس دنیا میں جتنے کام کرتا ہے اس سے یا جلب منفعت (نفع حاصل کرنا) مقصود ہوتا ہے یا حفظ منفعت (حاصل شدہ نفع کی حفاظت) یا دفع مضرت (کسی نقصان کو ختم کرنا) انہیں کاموں کے لئے ساری دنیا دن رات سرگرداں ہے' اللہ تعالیٰ نے ان میں سے ہر ایک کام کے لئے کچھ اسباب بنائے ہیں' ان اسباب کی تین قسمیں ہیں۔

## (۱) یقینی اسباب

یعنی ایسے اسباب جن کے ذریعہ مسبب کا حصول یقینی ہوتا ہے۔ مثلاً بھوک لگ رہی ہے' روٹی سامنے رکھی ہے' یقین ہے کہ اس کے کھا لینے سے بھوک رفع ہو جائے گی ایسے اسباب کو چھوڑ دینا توکل نہیں' جنون ہے' اور شرعاً حرام ہے۔

## (۲) ظنی اسباب

یعنی ایسے اسباب جن کو اختیار کرنے سے مسبب کا حصول پوری طرح یقینی تو

نہیں ہے، لیکن عادۃً ہو جایا کرتا ہے، مثلاً تجارت، زراعت وغیرہ کے ذریعہ معاش کا حصول، ایسے اسباب کو ترک کرنے کی بھی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ نہ سبب کو اختیار کرے، نہ اسباب کے ماحول میں رہے، مثلاً کوئی شخص جنگل میں جاکر بیٹھ جائے، یہ تو شرعاً ناجائز ہے۔

## ترک اسباب کی شرطیں

دوسری صورت یہ ہے کہ اسباب کے ماحول میں رہ کر اسباب کو چھوڑ دے، مثلاً شہروں میں لوگوں کے ساتھ رہے لیکن کسب معاش کی فکر نہ کرے، عام حالات میں تو یہ بھی جائز نہیں، لیکن چند شرائط کے ساتھ جائز ہے۔

(الف) صاحب عیال نہ ہو یعنی کسی کا نان و نفقہ شرعاً اس کے ذمہ نہ ہو۔

(ب) صاحب عزم اور پختہ کار ہو۔

(ج) ہر حال میں راضی برضا رہے۔

(د) کسی سے صراحۃً یا اشارۃً سوال نہ کرے۔

ان شرائط کے ساتھ کوئی شخص علاجاً اسباب معاش کو ترک کرے تو شرعاً جائز ہوگا لیکن ان میں سے کوئی ایک شرط بھی مفقود ہوگئی تو ناجائز ہو جائے گا۔ جن صوفیاء کرام سے منقول ہے کہ وہ اسباب معاش کو ترک کرکے بیٹھ گئے تھے ان کا حال یہی تھا کہ وہ واقعتاً راضی برضا تھے، اولوالعزم اور پختہ کار تھے، کسی دیکھنے والے کو گمان ہی نہ ہوتا تھا کہ یہ فاقہ سے ہیں، یا انہیں روپے پیسے کی کوئی ضرورت ہے، قرآن کریم نے اصحاب صفہ کی یہی شان بیان فرمائی ہے کہ:

يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ أَغْنِيَاءَ مِنَ التَّعَفُّفِ (بقرہ)

"ناواقف آدمی ان کے نہ مانگنے کی وجہ سے انہیں مالدار سمجھتا ہے"۔

## اسلاف کا ترک اسباب علاج کے طور پر تھا

پھر یہاں یہ بھی یاد رکھئے کہ جن حضرات صحابہ رضی اللہ عنہم یا صوفیاء کرام

سے اسباب معاش کو ترک کرنا منقول ہے' وہ کسی دینی یا اجتماعی ضرورت یا علاج نفس کے لئے تھا' ورنہ عام حالات میں افضل بہر صورت یہی ہے کہ انسان کسب معاش کرے اور یہ توکل کے کسی طرح منافی نہیں ہے' انبیاء علیہم السلام' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور اونچے درجے کے عارفین کا توکل یہی ہے کہ وہ کسب معاش کر کے نظر اللہ کے سوا کسی اور پر نہیں رکھتے۔

## توکل کی حکیمانہ حکایت

انوار سہیلی فارسی کی مشہور کتاب ہے' اس میں ایک بڑی حکیمانہ حکایت نقل کی ہے کہ ایک شخص نے ایک کوے کو دیکھا کہ اس کے پر کٹے ہوئے ہیں' وہ دل میں سوچنے لگا کہ یہ بیچارہ کیسے زندہ رہے گا؟ اس کے لئے خوراک کیسے مہیا ہوگی؟ ابھی کچھ ہی دیر گذری تھی کہ ایک عقاب نظر آیا جو اپنی چونچ میں ایک شکار پکڑ کر لایا تھا' یہ عقاب کوے کے قریب پہنچا اور کوے کے منہ میں شکار ڈال گیا۔ اس شخص نے جب یہ دیکھا تو خیال آیا کہ اللہ تعالیٰ اپنی مخلوقات کو اس طرح بھی رزق دیتا ہے۔ پھر میں تلاش معاش کی فکر کیوں کروں۔ اللہ تعالیٰ خود میرے لئے رزق بھیجے گا' چنانچہ وہ ہاتھ پر ہاتھ رکھ کر بیٹھ گیا' کئی روز گذر گئے مگر اسے کچھ نہ ملا' پھر کسی حکیم نے اسے سمجھایا کہ بندۂ خدا تجھے دو پرندے دکھلائے گئے تھے' ایک پر کٹا کوا' دوسرے عقاب۔ تو نے کوا بننے کو ترجیح کیوں دی؟ عقاب بننے کا خیال کیوں نہ آیا؟ جو خود بھی کھاتا ہے اور دوسرے معذوروں کو بھی کھلاتا ہے۔

یہ حکایت توکل کی حقیقت کی بالکل ٹھیک نشان دہی کرتی ہے جس شخص کے پاس اسباب ووسائل موجود ہوں اس کا اسباب کا چھوڑ دینا غلط ہے' اس کی مثال عقاب کی سی ہے' اسے خود بھی کھانا چاہئے' دوسروں کو بھی کھلانا چاہئے' ہاں! اگر کوئی شخص معذوری یا مجبوری سے اسباب سے محروم ہو جائے تو پھر یہ غیر معمولی فکر بھی غلط ہے کہ روزی کہاں سے آئے گی؟ اس کو ہر آن یہ سوچنا چاہئے کہ اسباب ووسائل تو چند آلات تھے' اصل رزاق تو اللہ ہے' اگر اسے زندہ رکھنا منظور ہے تو وہ کوئی نہ کوئی انتظام کرے گا۔

## اسباب اختیار کرنا بہتر ہے یا ترک کرنا

چنانچہ صوفیاء کرام نے اس مسئلے پر گفتگو کی ہے کہ جن صورتوں میں انسان کے لئے ترک سبب جائز ہوتا ہے ان صورتوں میں بھی اسباب عادیہ کو ترک کرکے توکل کرنا بہتر ہے یا اسباب عادیہ کو اختیار کرکے؟ شیخ عبداللہ تستری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جو شخص اسباب کو اختیار کرنے پر زبان طعن دراز کرے وہ اللہ کی حکمت پر اعتراض کرتا ہے، اور جو شخص (جائز مواقع پر) اسباب عادیہ کو ترک کرنے پر اعتراض کرتا ہے وہ توحید کی حقیقت کا انکار کرتا ہے، لہٰذا ایسے موقعہ پر جائز تو دونوں ہیں، لیکن افضل واعلیٰ طریقہ وہی ہے جس کی تعلیم انبیاء علیہم السلام اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دی ہے اور جو ان حضرات کی سنت ہے، اور وہ یہ کہ اسباب کو اختیار بھی کیا جائے، لیکن بھروسہ تمام تر اللہ پر ہو، اسباب کو کارساز نہ سمجھا جائے۔ آں حضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے "اعقل ساقھا و توکل" کے سادہ، مختصر اور بلیغ جملے میں اسی حقیقت کی طرف اشارہ فرمایا ہے۔

عصر حاضر میں خاص طور سے "توکل" کا صحیح طریقہ یہی ہے، کیونکہ جن مواقع پر ترک اسباب جائز ہوتا ہے وہاں بھی اسباب کو چھوڑنے سے آج کل سینکڑوں مفاسد اور غوائل کا خطرہ ہے، اور یہ چیز کم از کم کبر تو پیدا کر ہی دیتی ہے۔

## اسباب خفیہ کو ترک کرنا چاہئے

ہاں اسباب کی ایک قسم اور ہے جسے اسباب خفیہ کے نام سے تعبیر کیا جا سکتا ہے اور وہ ہے دور از کار اور باریک تدبیروں کے پیچھے پڑنا، یہ چیز بلاشبہ "توکل" کے منافی ہے، اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ جس مقصد کو بھی حاصل کرنا ہو، اس کے لئے سامنے کے ان ظاہری اسباب کو تو ضرور اختیار کیا جائے جو انسان کے بس میں ہوں، قلب و دماغ کو لمبی چوڑی تدبیروں کی فکر سے آزاد رکھا جائے، حدیث میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی بات کو اس طرح تعبیر فرمایا ہے کہ۔

اَجْمَلُوا فِي الطَّلَبِ وَتَوَكَّلُوا عَلَيْهِ .

"کسی چیز کو طلب کرنے میں اختصار سے کام لو' اور پھر اللہ پر بھروسہ کرو"۔

صحیح مسلم کی ایک حدیث میں آنحضرت ﷺ نے ان افراد کا ذکر فرمایا ہے جو بے حساب جنت میں داخل ہوں گے آپ ﷺ نے فرمایا کہ یہ وہ لوگ ہیں جو:

لا یکتوو ن

"داغ دینے کا علاج نہیں کرتے"۔

اس میں بھی اسی طرف اشارہ ہے کہ باریک تدبیروں کے پیچھے لگنا اسلام میں پسندیدہ نہیں ہے' کیونکہ اہل عرب میں لوہے کے ذریعہ داغ دینے کا علاج آخری علاج سمجھا جاتا تھا' مقولہ مشہور ہے کہ "آخر الدّواء الكيّ" (آخری دوا داغ دینا ہے) خود آنحضرت ﷺ کا معاملہ بھی یہ تھا کہ سامنے کے اسباب اور تدبیروں کو اختیار فرماتے اور اس کے بعد یہ دعا فرماتے کہ

اَللّٰهُمَّ هٰذَا الْجُهْدَ وَعَلَيْكَ التكلان

(اے اللہ! یہ اپنی سی کوشش تھی اور بھروسہ آپ ہی پر ہے)۔

## اسباب اختیار کرنا اور توکل

۱۸۵۷ء کے جہاد میں دہلی کے چند بزرگ ایک مکان میں محصور ہو گئے' باہر قتل عام ہو رہا تھا' اس لئے نکلنا ممکن نہ تھا پانی کا جتنا ذخیرہ مکان کے اندر موجود تھا' وہ دو تین روز میں ختم ہو گیا۔ جب پیاس سے عاجز ہو گئے تو ایک بزرگ نے پیالہ لے کر پرنالے کے نیچے رکھ دیا اور دعا کی کہ یا اللہ! میرے بس کا تو اتنا ہی کام تھا' آگے بارش برسانا آپ کا کام ہے' چنانچہ اللہ کے فضل وکرم سے بارش ہوئی اور سب لوگ سیراب ہوئے۔

## توکل کا خلاصہ

خلاصہ یہ ہے کہ اسلام کے نزدیک اسباب کو بالکل چھوڑ بیٹھنا غلط ہے' لیکن

توکل کا مطلب یہ ہے کہ ایک تو اسباب کی حقیقت ہر آن ذہن میں مستحضر رہے اور کسی بھی مرحلے پر ظاہری اسباب پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ اسکے بجائے اختصار اور اعتدال کے ساتھ اسباب کو اختیار کر کے معاملہ اللہ پر چھوڑ دیا جائے۔

البتہ افراط و تفریط سے بچ کر اعتدال کے اس راستہ کو اختیار کرنا بہت مشکل کام ہے، اور عادۃً کسی شیخ کامل کی رہنمائی کے بغیر اس مقام کو حاصل کرنا ممکن نہیں ہوتا، اس لئے ''مقام توکل'' کو حاصل کرنے کا صحیح طریقہ بھی یہی ہے کہ کسی شیخ کامل سے رجوع کر کے اپنے حالات وواقعات سے اسے باخبر رکھا جائے، اور اس کی ہدایات پر عمل کیا جائے۔

مجلس :۴۹

# رزق رسانی کا قدرتی نظام

اللہ پاک کی کچھ مخلوق ایسی بھی ہے جو بالکل کاہل یا اپاہج ہے اور اللہ پاک اس کو بھی رزق مہیا فرماتا ہے اس کی مثال مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے اشعار میں دی ہے کہ زمین نہ تو چل سکتی ہے اور نہ جدوجہد کر سکتی ہے اللہ پاک نے اس کی پیاس بجھانے کے لئے بادلوں کو بنایا جو سمندروں سے پانی لاکر اس جگہ پہنچاتے ہیں جہاں اس کی ضرورت ہوتی ہے۔ مجھے یاد آیا ابھی کچھ روز قبل محکمہ موسمیات نے اعلان کیا تھا کہ فلاں جگہ بارش ہوگی لیکن بارش تو ہوئی مگر اس جگہ سے فاصلہ پر اور پھر محکمہ موسمیات نے اعلان کیا کہ دراصل اس زمین کو جہاں یہ بارش ہوئی ہے زیادہ ضرورت تھی پانی کی، خیر چلو انہوں نے یہ تو مان لیا کہ جہاں زیادہ ضرورت تھی وہاں پر بادل جاکر برسے، لیکن یہ سب کچھ یونہی نہیں ایک باقاعدہ نظام ہے ہر چیز کا قدرت نے ایک نظام بنایا ہے چنانچہ پانی جو زندگی کا اہم ترین جزو ہے ہو سکتا تھا کہ اللہ پاک یہ کہہ دیتے کہ سال میں ایک یا دو مرتبہ بارش ہوگی اور جس کو جتنی ضرورت ہو پانی لے کر رکھ لے پھر نہ ملے گا تو کیا ہوتا مگر قربان جائیے اس کی رزاقی کے کیا مصلحت آمیز نظام ہے کہ پہلے تو بادل پانی اٹھا کر لیجاتے ہیں سمندر کے کڑوے پانی کو، اوپر جاکر مشینوں کے بغیر ٹھنڈا اور میٹھا بناتے ہیں، پھر جس جگہ ضرورت ہوتی ہے اس کے حکم اور اندازے کے مطابق برستے ہیں، مجال کیا ہے اس کے خلاف کر جائیں۔

## آب رسانی کا قدرتی نظام

آپ کی کراچی کے اوپر سے سارے بادل جہاز کے جہاز پانی کے بھر کر جاتے ہیں ایک بوند تو آپ کو مل جائے اس میں سے بغیر اس کے حکم کے، غرض یہ برسات

بھی اتنی کہ ندی نالے کنوئیں سیراب ہو جائیں زمین تروتازہ ہو جائے کچھ عرصہ تک کام آسکے اتنا پانی برساتے ہیں اور باقی حصہ پہاڑوں پر جاکر ریزو رو کر دیتے ہیں جو برف کی صورت میں جمع ہو جاتا ہے سبحان اللہ پانی کے ذخیرہ کا بھی کیسا انتظام کیا 'اگر یونہی پانی کسی جگہ جمع ہو جاتا یا ہمارے آپ کی طرح ٹینکوں میں بھر کر رکھ دیا جاتا تو گل سڑ کر خراب ہو جاتا' یہ نہیں بلکہ برف کی صورت میں جمع کیا پھر آہستہ آہستہ اس کو جب اور جس جگہ ضرورت ہوتی گئی پہاڑوں پتھروں کی رگوں سے سوت کی شکل میں اور آفتاب کی تمازت سے پگھلا کر دریاؤں کی شکل میں لا کر ہم تک پہنچایا غرض وہی اس مردہ زمین کو پھر زندہ بھی کر دیتے ہیں اب اس سے مطلب یہ نہ نکال لیا جائے کہ کاہل اور عہدی بن کر پڑ جائیں کہ خدا تو رازق ہے وہی دے گا بے شک توکل کا یہ درجہ جن کو حاصل ہے ان کو وہ ایسے بھی غیب سے بھیج کر پالتے ہیں مگر اسباب بنائے اور عقل دی اس وجہ سے کہ ہاتھ پاؤں ہلاؤ تم اور روزی عطا کریں گے ہم۔

## کوے اور باز کی حکایت

اس پر ایک واقعہ یاد آیا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب میں لکھا ہے کہ ایک شخص محنت مزدوری کرتا تھا مگر تنگی سے گذارہ ہوتا تھا اس نے ایک دفعہ جنگل میں دیکھا ایک کوا پڑا ہوا ہے جس کے دونوں بازو بے کار ہیں وہ چل پھر نہ سکتا تھا تھوڑی دیر میں ایک باز آیا اس نے گوشت کا ٹکڑا یا کوئی لقمہ اس کی چونچ میں ڈال دیا اور اڑ گیا پھر تھوڑی دیر بعد اپنی چونچ میں پانی لایا اور وہ بھی اس کوے کی چونچ میں ڈال کر چلا گیا۔ اس نے سوچا جب وہ ایک کوے کو اس طرح دیدیتا ہے تو ہم تو اشرف المخلوقات ہیں۔ ہم کو بھی ایسے ہی دیدے گا چنانچہ بیٹھ گئے' جنگل میں جاکر' ایک بزرگ آئے انہوں نے ان سے کہا میاں تم نے جانور دو ہی دیکھے تھے ایک کوا دوسرا باز تو تم کوے کیوں بنتے ہو باز کیوں نہیں بنتے کہ خود بھی اپنا پیٹ بھرو اور دوسروں کو بھی کھلاؤ۔ سبحان اللہ کیا مثال دی ہے غرض یہ کہ اسباب اختیار کرنا اور پھر خدا پر توکل کرنا ہی شریعت ہے۔ شریعت نے عام حالات میں اسباب قطع کرنے کو ناجائز قرار دیا ہے۔

## حصول رزق میں اختصار کی حدود

ہاں یہ ضرور ہے کہ طلب میں اختصار کرو اب طلب میں اختصار کی حدود کیا ہیں چنانچہ فرمایا تین چیزیں ہیں ایک تو ذلت سے بچو یعنی کمائی کے لئے کسی کے آگے ہاتھ مت پھیلاؤ جتنا جدوجہد سے مل جائے اسی پر قناعت کرو' دوسرے انہماک سے بچو یعنی کمانے میں اتنے مستغرق نہ ہو جاؤ کہ نہ بیوی بچوں کے حقوق ادا ہو رہے ہیں نہ مہمان کی خبر ہے نہ پڑوسی کا دھیان ہے۔ بس کمانا کھانا ہی زندگی بنی ہوئی ہے اس سے بچو اور تیسرے تعب سے بچو یعنی اتنی کاوش کمائی کے لئے نہ کرو کہ تھک کر چور ہو جاؤ یا اپنی صحت پر اثر پڑے' دن رات ایک کر کے لگے ہوئے ہیں کمائی کے پیچھے نہ عبادت کا خیال ہے نہ آخرت کا دھیان نہ ذکر الٰہی کے لئے وقت ہے غرض یہ تین چیزیں بچنے کی ہیں۔

(اتفاق سے تینوں منہیات کے اول حروف ذات ہیں راقم نے عرض کیا یعنی ذات کو نہ بھولو' شیخ نے فرمایا ہاں اپنی ذات کو) یہ ہے اختصار طلب کا طریقہ تو طلب میں اختصار کرو اور پھر توکل کرو خدا پر بھروسہ رکھو۔

## پریشانیوں کا نفسیاتی علاج

رہا یہ کہ پھر بھی پریشانیاں باقی رہیں تو اس کے لئے حضرت نے اپنے ملفوظات میں فرمایا ہے کہ دنیا کی تمام پریشانیوں سے بچنے کا ایک واحد طریقہ ہے آخر ہیں تو حکیم الامت کیا حکمت کی بات بتلائی ہے پریشانیوں کو پریشانیاں نہ سمجھو تو کوئی پریشانی باقی نہیں رہتی۔ اب ہم یہ کہیں گے کہ صاحب درد تو ہو رہا ہے اس کو درد نہ سمجھا جائے تو پھر کیا کریں تو آج کل بھی اس زمانہ میں نفسیات کو علاج میں بڑا دخل دیا جا رہا ہے یہاں تو باقاعدہ اس کا شعبہ قائم ہے کہ ہر بیماری کا نفسیات سے علاج ہو رہا ہے۔ نفسیات کیا ہے کہ دماغ کو اس تکلیف سے ہٹا لو تو تکلیف جاتی رہتی ہے یعنی اگر کسی کو بخار ہے اور دوسرے نے کہہ دیا کہ یہ بخار بہت خطرناک ہے تو اب تک تو خطرناک

نہ تھا ہاں اب خطرناک بن گیا اسی طرح اگر پریشانی کو یہ سمجھا جائے کہ یہ پریشانی کچھ بھی نہیں ہے تو وہ پریشانی نہیں رہتی۔ بہت سے مریض اور پریشانی میں مبتلا شخص اس پر عمل کر کے اپنے آپ کو صحت منداور راحت میں محسوس کر سکتے ہیں اور اصل اس کی یہ ہے کہ دنیا میں جتنے لوگ ہیں ان میں ایک بھی ایسا نہیں جو کسی نہ کسی تکلیف میں گھرا ہوا نہ ہو' ایسا تو کوئی بھی نہیں جس کی تمام خواہشات پوری ہو جائیں یہ تو صرف خدا کو درجہ حاصل ہے یہاں تک کہ انبیاء کے اوپر بھی پریشانیاں آئیں تو اب یہ سمجھا جائے کہ اللہ پاک نے ہم کو اس پریشانی میں جو مبتلا کیا ہے یہ ان کی مہربانی ہے ورنہ اس سے زیادہ اور پریشانی اور تکلیف دہ چیزیں دنیا میں موجود ہیں ہو سکتا ہے ہم کو اس سے نکال کر اس سے زیادہ خطرناک پریشانی میں مبتلا کر دیں جو دنیوی نہیں تو دین کے لحاظ سے خطرہ کا باعث ہوں' چونکہ ظاہری امراض تو انسان دیکھ سکتا ہے اور اس کا علاج بھی کر سکتا ہے مگر باطنی روگ ایسے ہیں کہ اللہ ان سے محفوظ رکھے۔ عجب' کبر' حسد' غیبت' بے ایمانی' بے انصافی' دل آزاری یہ ایسے روگ ہیں کہ نظر بھی نہیں آتے اور انسان ان کو جب اپنے اندر محسوس ہی نہیں کرتا تو پھر علاج کس طرح کرائے گا غرض باطنی بیماریاں زیادہ خطرناک ہیں اور سب سے زیادہ خطرناک بیماری یہ ہے کہ یہ سمجھے کہ ہم کو باطن کا کوئی روگ نہیں۔

## باطنی امراض سے بچنے کا طریقہ

اب یہ کیسے معلوم ہو کہ ہمارے اندر باطنی روگ ہیں اور ان کا علاج کیا ہے تو حکیم الامت نے اس کے معلوم کرنے کا بھی ایک تھرما میٹر دیا ہے جس سے اندر کا بخار بھی پتہ چل جائے وہ یہ کہ اگر تم کوئی طاعت کرتے ہو' کوئی نیک کام کرتے ہو تو یہ سوچ کر دل میں عجب پیدا نہ ہو جائے کہ ہم نے فلاں نیک کام کر لیا یا ہم بڑے دین دار ہو گئے' اس میں یہ سوچ لیا کرو کہ جیسا اس طاعت یا نیکی کا حق تھا ہم نے ویسا ہی اس کو کر لیا ہے یا نہیں ظاہر ہے کہ طاعت اور نیکی جیسا کہ اس کا حق ہے ہم جیسے ناقصوں سے ادا نہیں ہو سکتا تو اس سے عجب یا کبر ہی پیدا نہ ہو گا بلکہ اس سے اور اعلیٰ کرنے کی فکر پیدا ہو جائے گی اور دراصل اس فکر ہی سے انسان متوجہ ہو جاتا ہے اللہ کی

طرف اور اللہ پاک اس کے عجز کو ہی شرف قبولیت عطا فرما دیتے ہیں حاصل اس کا یہ ہے کہ مشکلات کے دور ہونے کے لئے اللہ پاک سے دعا بھی کریں اور استغفار بھی کثرت سے کریں اور اللہ پاک جس حالت میں رکھے اس میں صابر و شاکر رہیں اور اللہ پاک کے سامنے اپنی کوتاہیوں کا ہر وقت اعتراف کریں اور معصیت سے بچنے اور نیکی کرنے کی توفیق بھی اللہ ہی سے مانگیں' اللہ پاک ہم سب کو نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین!

# توکل کے بارے میں چند ارشادات

## تفویض و توکل

فرمایا خدا کی تجویز میں اپنی تجویز کو فنا کر دو۔ ابتداء میں تو اہل اللہ کو یہ حالت تکلف کے ساتھ حاصل ہوتی ہے' خدا تعالیٰ کی حکمت و قدرت کو سوچ سوچ کر اپنے ارادہ و تجویز کو فنا کرنا پڑتا' پھر یہ حالت ان کے لئے امر طبعی بن جاتی ہے۔ پھر فرمایا اپنے ارادہ کو خدا کے ارادہ کے تابع کر دو جو کچھ ہو گا ہم اس پر راضی ہیں۔ توکل مطلوب یہ ہے کہ تم اللہ تعالیٰ پر اعتقاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر کچھ نہیں ہو سکتا جو وہ چاہیں گے وہ ہی ہو گا' اور خلاف شرع تدبیر نہ کرو! واللہ تم متوکل ہو اور فرمایا تمام تدابیر کے بعد تفویض ہی سے گرہ کھلتی ہے۔

پھر فرمایا پھونک دو اپنی ہوس کو اور جلا دو اپنی تجویز کو' بس فنا اور تفویض کلی اختیار کرو' میاں کو راضی رکھنے کی کوشش کرو! کمال کی ہوس کرنے والے تم کون ہو۔

## حقیقت توکل

فرمایا توکل ترک اسباب نہیں' ترک رویت اسباب ہے (یعنی توکل اسباب چھوڑنے کا نام نہیں اسباب تو اختیار کرے مگر اسباب پر نظر اور بھروسہ نہ کرے بلکہ بھروسہ صرف حق تعالیٰ پر کرے اس کو توکل کہتے ہیں)

آدمی تدابیر کرے' دوا کرے اور پھر خدا پر بھروسہ رکھے یہ ہے اصل توکل۔

## سکون کا طریقہ

سکون کا بہترین اور سہل طریقہ تسلیم و تفویض اور افتقار وانکسار ہے۔

## اکابر کا توکل

حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کتابیں چھاپتے تھے۔ ان لوگوں نے جان بوجھ کر یہ طریقے

اختیار کئے تھے حالانکہ وہ اس سے مستغنی تھے۔ حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ اجازت ہو تو اس ملازمت کو چھوڑ دوں۔ فرمایا مولانا ابھی تو مشورہ لے رہے ہیں، یہ دلیل ہے خامی کی کہ پورا توکل ابھی نہیں ہوا۔ اس حالت میں ملازمت چھوڑنا جائز نہیں۔

آج ہم جیسے کم علم لوگ بغیر اسباب کے توکل کے الفاظ کہتے ہیں۔ یہ کیسی غلطی ہے۔ خود حضرت حکیم الامت کو حاجی صاحب نے بوقت رخصت فرمایا کہ کانپور کی ملازمت جب چھوڑ دو تو پھر اور کوئی ملازمت نہ کرنا۔ فرمایا۔ دل میں خیال آیا کہ میں چھوڑنے ہی کیوں لگا لیکن جب آگے چل کر یہ معاملہ پیش آیا کہ ذکر اللہ میں سب کچھ چھوٹ گیا۔ یہاں تک کہ ملازمت بھی چھوڑنا پڑی تو وہ بات یاد آگئی۔

ملازمت چھوڑنے کے بعد ڈیڑھ سو روپیہ قرض ہو گیا۔ حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ سے ادائیگی قرض کے لئے دعا کی درخواست کی۔ فرمایا دارالعلوم میں مدرسی کی ملازمت ہے کرلو۔ فرمایا۔ اگر آپ حکم دیں تو کر لوں گا۔ لیکن حاجی صاحب نے آئندہ ملازمت کو منع کر دیا تھا اب آپ کا حکم مقدم ہو گا۔ حاجی صاحب کا حکم موخر ہے۔ فرمایا نہیں جب حاجی صاحب کا حکم ہے تو اس پر قائم رہیں اور دعا کر دی۔ فرمایا کہ قرض تو ادا ہو ہی گیا۔ لیکن اس کے بعد سے ہر وقت میرے پاس ڈیڑھ سو روپیہ ضروریات سے علیحدہ فارغ رہتے تھے۔

حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ ہمارا بھی دارالعلوم سے ملازمت چھوڑنے کا معاملہ پیش آیا سال بھر تک روکے رکھا۔ پھر فرمایا اب چھوڑ دو۔ ترک معاش کرنا بغیر مجبوری کے پسندیدہ نہیں۔ اب ۶۲ ھ سے ۸۶ ھ تک چوبیس سال ہو گئے۔ آج تک کبھی معاشی پریشانی تو ہوئی نہیں۔ بزرگوں کے ارشاد پر عمل کیا وہ بصیرت سے حکم دیتے تھے۔ حالانکہ مجھے حضرت نے آئندہ ملازمت کرنے کو منع بھی نہیں فرمایا۔ لیکن دل نے یہ چاہا کہ آپ کی سنت پر عمل کروں۔ دین کی حکمت حقیقت میں بزرگوں پر منکشف ہو گئی تھی۔

مجلس : ۵۰

# مقام محبت

## تحصیل محبت فرض ہے

جن باطنی اعمال کو حاصل کرنا ہر مسلمان کے لئے ضروری ہے ان میں سے ایک اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی محبت ہے۔

قرآن کریم کا ارشاد ہے:

﴿وَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا أَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ.﴾

"اور جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ اللہ سے زیادہ محبت رکھتے ہیں"

اور آنحضرت ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"لا يُوْمِنُ أَحَدُكم حَتَّي يَكُوْنَ اللّٰه وَرَسُوْلُهٗ اَحَبَّ إِلَيهِ مِمَّا سِوَاهُمَا" (وکما قال)

"تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک مومن نہیں ہو سکتا جب تک اللہ اور اس کا رسول اس کے لئے ہر ماسوا سے زیادہ محبوب نہ ہو جائے"۔

ان آیات اور احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ محبت کی تحصیل ہر مسلمان پر فرض ہے۔

محبت کا دعویٰ کر دینا تو بہت آسان ہے، اور ہر شخص یہ زبانی خدمات انجام دے سکتا لیکن

وَكُلٌّ يَدَّعِي حُبًّا لِلَيْلٰي        وَلَيْلٰي لَا تُقِرُّ لَهُم بِذَاكَا

اصل دیکھنے کی چیز یہ ہے کہ محبت کی کچھ حقیقت بھی دل میں موجود ہے یا نہیں۔ دنیا کی ہر چیز کی طرح محبت کی بھی ایک علامت ہے اور وہ علامت ہے محبوب کی اطاعت!

إنّ المحبّ لمن يحبّ مطيع

اسی حقیقت کو قرآن کریم نے اس طرح واضح فرمایا ہے کہ:

﴿قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ.﴾

"آپ کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری اتباع کرو اللہ تم کو محبوب رکھے گا"۔

## محبت حاصل کرنے کا طریقہ

اب سوال یہ ہے کہ یہ محبت حاصل کیسے ہو؟ اس سلسلے میں سب سے پہلا قدم یہ ہے کہ انسان اپنے دل کو دوسری محبتوں سے خالی کرے۔ صوفیاء کرام نے بالکل درست فرمایا ہے کہ قلب ایک ایسا برتن ہے جس میں دو چیزیں بیک وقت جمع نہیں ہو سکتیں دل کو اللہ تعالیٰ نے خالصتاً اپنے ہی لئے بنایا ہے۔ اب اگر یہ دل دنیا کی اور جاہ و مال کی محبت سے بھرا ہوا ہو تو اس میں اللہ کی محبت کیسے آئے؟

حکیم الامت حضرت تھانوی قدس سرہ ایک مرتبہ خانقاہ سے گھر جا رہے تھے، مجھے بھی اس طرف جانا تھا، میں بھی ساتھ ہولیا، راستے میں چلتے چلتے اچانک رکے اور جیب سے کاغذ اور پنسل نکالی پھر کچھ لکھ کر اسے جیب میں ڈال لیا۔ پھر خود ہی مجھ سے پوچھا "سمجھے مولوی شفیع! کیا بات ہوئی؟" میں نے انکار کیا تو فرمایا کہ: "دل کا بوجھ کاغذ پر ڈال دیا! ایک کام یاد آیا تھا جو خانقاہ میں واپس آکر کرنا ہے۔ نہ لکھتا تو دل میں کھٹکتا رہتا، اب دل فارغ ہے"۔ پھر فرمایا کہ: "دل کو اللہ نے اپنے لئے ہی بنایا ہے"۔

## دل اللہ پاک کی یاد کیلئے ہے

لہٰذا دل کا صحیح مصرف اللہ کی یاد ہے، بقدر ضرورت دیگر اشیاء کے خیال میں مضائقہ نہیں، لیکن دل کو دنیوی امور ہی کی محبت اور انہی کی فکر سے معمور رکھنا غلط ہے۔ انبیاء و اولیاء میں اور ہم میں فرق یہی ہے کہ دنیوی کام وہ بھی کرتے تھے اور ہم بھی کرتے ہیں، مگر وہ "دست بکار و دل بیار" کے مصداق تھے۔ خالص دنیا کے کام انجام دیتے وقت بھی

ان کا قلب اللہ کے ذکر اور اس کی یاد میں محو ہوتا تھا اس کے برعکس ہمارا حال یہ ہے کہ ان کاموں میں ہمارے ہاتھ پاؤں تو کم صرف ہوتے ہیں مگر دل ہمہ وقت دنیا ہی میں مشغول رہتا ہے۔

حضرت صدیقہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے کسی نے پوچھا کہ آنحضرت ﷺ کی گھریلو زندگی کیسی تھی؟ انہوں نے فرمایا کہ آپ ﷺ اسی طرح گھر میں تشریف لاتے تھے جس طرح دنیا کے سب مرد، لیکن فرق یہ ہے کہ تمام دنیوی امور انجام دینے کے ساتھ ساتھ جب کان میں اذان کی آواز پڑتی تھی تو:

مَرَّ کَأَنْ لَّمْ یَعْرِفْنَا

"اس طرح اٹھ کر چلے جاتے تھے جیسے ہمیں پہچانتے ہی نہیں"۔

## شیخ حداد کا حال

مشہور محدث امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ کے اساتذہ میں سے ایک بزرگ حداد (لوہار) تھے۔ ان کا معمول یہ تھا کہ گرم لوہے پر ضربیں لگاتے لگاتے جس وقت اذان کی آواز کان میں پڑتی تو اگر ہتھوڑا سر سے اوپر اٹھایا ہوا ہوتا تو اسے وہیں پیچھے کی طرف چھوڑ دیتے تھے اور اس ایک ضرب کو کام میں لانا بھی گوارا نہیں کرتے تھے۔

## حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کے باغ کا صدقہ

حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے بڑی خطیر رقم صرف کر کے ایک باغ لگایا تھا، ایک دن دیکھ بھال کے لئے باغ میں گئے ذرا فرصت ملی تو نماز کے لئے کھڑے ہو گئے۔ اتنے میں ایک پرندا آکر کھجوروں کے خوشوں میں الجھ گیا۔ اور پھڑپھڑانے لگا۔ حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ کی نگاہ اس پر پڑی تو ذہن کچھ دیر کے لئے نماز سے ہٹ کر اس طرف متوجہ ہو گیا۔ سلام پھیرا تو تنبہ ہوا اور جاکر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے کہا کہ یہ باغ مجھے اللہ کی یاد سے غافل کرتا ہے اس لئے میں اسے صدقہ کرتا ہوں۔ اس زمانے میں یہ باغ نو ہزار میں فروخت ہوا۔ (موطا امام مالک)

## محبت حاصل کرنے کا دوسرا طریقہ

تو اللہ کی محبت حاصل کرنے کیلئے سب سے پہلا کام یہ ہے کہ دل کو غیر اللہ کی محبت سے فارغ کیا جائے ۔اس کے علاوہ دوسرا طریقہ ''معرفت'' کی کوشش ہے ۔عقلی طور سے انسان غور کرے تو کسی کے ساتھ محبت کرنے کے عموماً چار اسباب ہوتے ہیں ۔

۱۔حسن و جمال ' ۲۔فضل و کمال ' ۳۔ملک و مال اور ۴۔جود و نوال

اور یہ چاروں چیزیں ذات باری تعالیٰ میں اس درجہ مکمل طور پر پائی جاتی ہیں کہ کسی اور میں نہیں پائی جاسکتیں ' مخلوقات میں جہاں کہیں ان میں سے کوئی چیز موجود ہے وہ اللہ ہی کی عطاکردہ ہے لہٰذا عقلاً اللہ سے زیادہ محبوبیت کا مستحق کوئی نہیں ۔

حضرت حسن بصری فرماتے ہیں کہ:

"من عرف اللہ لم یحبّ غیرہ و من عرف الدنیا زھد فیہ ."

''جسے اللہ کی معرفت حاصل ہو وہ اس کے سوا کسی سے محبت نہیں کرے گا اور جو شخص دنیا کی حقیقت پہچان لے وہ اس سے کنارہ کشی اختیار کرے گا''۔

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کائنات کا ہر ذرہ معرفت حق کا راستہ ہے ۔جس مخلوق پر بھی تفصیلی نگاہ ڈالو ' وہ اپنے خالق کی عظمت پر دلالت کرے گی ۔

## محبت حاصل کرنے کا تیسرا طریقہ

محبت الٰہی کے حصول کا تیسرا طریقہ ''ذکر لسانی'' ہے ۔انسان اگر کثرت کے ساتھ اللہ کا ذکر کیا کرے تو رفتہ رفتہ اللہ کی محبت دل میں پیدا ہو جاتی ہے ۔''ذکر'' کے دوران اس بات کی کوشش کرنی چاہئے کہ ذہن اور دل زیادہ سے زیادہ ''ذکر'' ہی کی طرف متوجہ رہے ۔ دوسرے خیالات میں نہ الجھے ۔ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ طریق سلوک میں جمعیت خاطر رکھنا اور مشوشات سے دل کو پاک رکھنا ضروری ہے ۔غیر اختیاری افکار میں تو مضائقہ نہیں لیکن بقول حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ ''غیر

ضروری افکار دل کا ستیاناس کر دیتے ہیں"۔

## محبت حاصل کرنے کا اصل طریقہ

آخر میں یہ واضح کر دینا ضروری ہے کہ مقام محبت کے حصول کا اصلی طریقہ کسی اہل اللہ بزرگ کی طویل صحبت ہے، اپنے آپ کو کسی مرشد کامل کے حوالہ کئے بغیر عموماً یہ مقام حاصل نہیں ہوتا کیونکہ ان مقامات کو حاصل کرنے کے طریقے مختلف لوگوں کے اختلافِ طبائع کی مناسبت سے مختلف ہوتے ہیں اور انہیں کوئی شیخ کامل ہی پہچان سکتا ہے۔

# مقام محبت کے متعلق ایک ارشاد

## عمل پیدا کرنے کا طریقہ

فرمایا (عمل پیدا کرنے کا طریقہ) غلبہ محبت الٰہی کا حاصل کرنا ہے۔

مجلس:۵۱

# مقام شوق وانس اور رضا بالقضاء

## شوق واُنس کا مطلب

جن اعمال باطنہ کی تحصیل انسان کے ذمہ ضروری ہے' ان میں سے ایک "شوق وانس" بھی ہے' یہ دونوں علم تصوف کی اصطلاحات ہیں۔ "شوق" کے معنی یہ ہیں کہ "جو اچھی صفت انسان کو حاصل نہیں ہے' اس کی طرف دل مائل ہو"۔ اور انس کا مطلب یہ ہے کہ "جو اچھی صفت انسان کو حاصل ہے اس پر دل مسرور ہو"۔ اگر انسان اپنے دل کی دنیا کو درست رکھنا چاہتا ہے تو اس میں یہ دونوں صفات ضرور موجود ہونی چاہئیں۔

## دل کی نزاکت

لیکن دل کا معاملہ بڑا نازک ہوتا ہے' جذبات کی اس پوشیدہ دنیا میں بسا اوقات دو متضاد چیزیں ساتھ ساتھ چلتی ہیں اور ایسے وقت میں دل کو صحیح راستے پر قائم رکھنا بڑا مشکل ہو جاتا ہے اچھی چیز کا "شوق" قابل تعریف صفت ہے' لیکن اگر یہی شوق پٹڑی سے اتر جائے تو "ناشکری" اور "حسد" بھی بن سکتا ہے۔ اگر معاملہ صرف یہاں تک ہے کہ اچھی چیز کی طرف دل مائل ہوتا ہے تو لائق درست ہے' لیکن اگر انسان اس کو ذرا آگے بڑھا کر اپنی تقدیر کا شکوہ شروع کر دے تو یہی چیز "ناشکری" ہو گئی' یا اگر اس کو دوسرے کے پاس دیکھ کر جلنے لگے تو یہی "حسد" بن گیا۔

اسی طرح اگر انسان اپنی کسی نیکی پر خوش ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے ضمیر کا اطمینان وسکون محسوس کرتا ہے تو یہ "انس" ہے' قابل تعریف ہے اور ایمان کی علامت ہے' چنانچہ حدیث میں ارشاد فرمایا گیا:

﴿إِذَا سَرَّتْكَ حَسَنَتُكَ وَسَاءَتْكَ سَيِّئَتُكَ فَأَنْتَ

( و کما قال )

جب تمہیں اپنی نیکی پر خوشی ہو اور اپنی برائی بری لگے تو سمجھ لو کہ تم مومن ہو۔

لیکن اگر اس سے خود پسندی پیدا ہو جائے تو یہی "عجب" بن جاتا ہے۔ جو دل کی ہلاکت کا شاید سب سے بڑا سامان ہے، مطلب یہ ہے کہ اپنی کسی اچھی صفت پر خوش ہونا اس نقطہ نظر سے ہونا چاہئے کہ اللہ نے اپنے فضل و کرم سے مجھے یہ چیز عطا فرمادی ورنہ میں خود اس کو حاصل کرنے کی کوشش کرتا تو قیامت تک نہ کر سکتا لیکن اگر آدمی خوش اس لئے ہوتا ہے کہ یہ قابل تعریف صفت میرا اپنا کارنامہ ہے اور اس سے میرے مقام کی بلندی کا پتہ چلتا ہے تو بس یہی خوشی "عجب" بن گئی۔ اور سارے کئے کرائے پر پانی پھر گیا۔

دل کی دنیا کے یہ حالات اور ان کا باہمی فرق اتنا باریک ہوتا ہے کہ بسا اوقات انسان کو پتہ بھی نہیں چلتا کہ بات کہاں سے کہاں جا پہنچی ہے۔ اسی وجہ سے اصلاح باطن کے لئے کسی مرشد کامل کی ضرورت ہوتی ہے اور اس کے بغیر منزل مقصود تک پہنچنا عموماً مشکل ہوتا ہے۔

## رضا بالقضاء

قلب کے جن اوصافِ حمیدہ کو حاصل کرنا ضروری ہے ان میں سے ایک "رضا بالقضاء" بھی ہے۔ یہی وہ چیز ہے جو مصیبت کے وقت مسلم اور کافر کے درمیان امتیاز پیدا کرتی ہے اور جس سے انسان کے غم والم سکون واطمینان سے بدل جاتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ انسان اللہ کی تقدیر کے فیصلوں پر ہر حال میں راضی رہے اور اپنی تقدیر کا شکوہ نہ کرے۔ نہ اللہ تعالیٰ کے فیصلوں پر اعتراض کرے۔ بلکہ خوشی ہو یا رنج، تکلیف ہو یا راحت ہر آن یہ بات مستحضر رکھے کہ قدرت کی مصلحتوں کے تحت یہی چیز مناسب تھی۔

اس پر عام طور سے ذہنوں میں یہ اعتراض پیدا ہوتا ہے کہ رنج سے رنجیدہ اور خوشی سے خوش ہونا تو انسانی فطرت کا تقاضا ہے، یہ کیسے ممکن ہے کہ انسان کو درد ہو اور وہ اس پر کراہنے کے بجائے خوشی کا اظہار کرے، اور اگر کوئی شخص ایسا کرے بھی تو وہ یا تصنع

ہو گیا فطرت کے ساتھ بغاوت۔

## رضا بالقضاء کا صحیح مفہوم

اس اعتراض کے جواب میں عارفین نے فرمایا ہے کہ "رضا بالقضاء" کے معنی یہ نہیں ہیں کہ آدمی کو اسباب غم سے غم نہ ہو یا وہ اسباب غم سے الٹا مسرور ہو۔ بلکہ رضا بالقضاء کا مطلب صرف یہ ہے کہ انسان تقدیر پر معترض نہ ہو' اللہ کا شکوہ نہ کرے ورنہ تکلیف کو تکلیف سمجھنا "رضا بالقضاء" کے خلاف نہیں۔ ہاں البتہ بعض صوفیاء کرام پر یہ "رضا بالقضاء" بطور حال طاری ہو جاتا ہے۔ اس وقت یہ حال ان کی طبیعت ثانیہ بن جاتا ہے اس کے بعد واقعتاً انہیں تکلیف سے تکلیف نہیں ہوتی' وہ رنج اور مصیبت میں بھی مست اور مسرور رہتے ہیں' لہٰذا جن صوفیاء سے یہ منقول ہے کہ وہ اسباب غم پر خوش ہوئے' اسی غلبہ حال پر محمول ہے۔ جو محمود اور قابل تعریف تو ہے' لیکن مطلوب و مقصود نہیں۔

بہرکیف! "رضا بالقضاء" کا اصلی مفہوم یہ ہے کہ رنج و مصیبت کے حالات میں بھی انسان کے منہ یا دل سے کوئی شکایت کا کلمہ نہ نکلے۔ اس کے بجائے اس کی زبان ہر وقت اللہ کے شکر اور اس کی حمد ہی سے تروتازہ رہے' چنانچہ سرکار دو عالم ﷺ کی تلقین یہ ہے کہ انسان کو جب کوئی رنج و تکلیف پیش آئے اسے یہی کہنا چاہئے کہ:

"اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ"

"ہر حال میں تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں"۔

اس تعلیم کی عقلی وجہ یہ ہے کہ بیچارے انسان کا علم نہایت محدود ہے' وہ حقیقت میں اپنے بھلے برے کو نہیں پہچانتا۔ بسا اوقات وہ کسی چیز کو اپنے لئے اچھا سمجھتا ہے وہ درحقیقت اس کے لئے بری ہوتی ہے' یا کسی چیز کو برا سمجھتا ہے مگر وہ اس کے لئے اچھی ہوتی ہے' اگر انسان اپنے گردوپیش پر نظر ڈال کر دیکھے تو اس کے سینکڑوں شواہد اسے روزمرہ کی زندگی میں مل جائیں گے۔

## گاڑی نکل جانا بہتر ہوا

ایک صاحب کو غیر منقسم ہندوستان میں بریلی سے طوفان میل میں سوار ہونا تھا۔ گاڑی رات گئے وہاں پہنچتی تھی' وہ گاڑی کے انتظار میں ویٹنگ روم کے اندر سو گئے اور اسٹیشن ماسٹر سے کہہ دیا کہ گاڑی کے وقت مجھے جگا دیا جائے۔ اتفاق سے اسٹیشن ماسٹر کو یاد نہیں رہا اور گاڑی نکل گئی۔ یہ اٹھ کر اسٹیشن ماسٹر پر بہت خفا ہوئے لیکن تھوڑی ہی دیر میں پتہ چلا کہ وہ گاڑی ذرا آگے جاکر ایک شدید حادثے کا شکار ہوگئی۔ یہ صاحب گاڑی نکلنے کو اپنے حق میں برا سمجھ رہے تھے مگر معلوم ہوا کہ اگر گاڑی نہ نکلتی تو زندہ بچنے کا کوئی سوال نہ تھا۔

اس واقعہ میں تو فوراً پتہ چل گیا کہ جس چیز کو برا سمجھ رہے تھے وہ درحقیقت اچھی تھی۔ بعض اوقات انسان کو یہ پتہ بھی نہیں چلتا۔

میرے لڑکے محمد زکی سلمہ (محمد زکی کیفی) جب چھوٹے سے بچے تھے تو ایک دن میں نے انہیں دیکھا کہ مکان کی چھت کے بالکل کنارے کھڑے ہوئے باہر کو جھک رہے ہیں' صورت حال کچھ ایسی تھی کہ اگر وہ ذرا اور آگے کو جھکتے تو نیچے گر جانے میں کوئی کسر باقی نہ تھی۔ میں نے سوچا کہ اگر آواز دے کر انہیں پیچھے ہٹنے کو کہتا ہوں تو کہیں گھبرا کر آگے کو نہ لڑھک جائیں۔ اس لئے میں کچھ کہے بغیر دبے پاؤں ان کے پیچھے کی طرف سے گیا اور قریب پہنچ کر انہیں اپنی طرف کو زور کا جھٹکا دیا' وہ اندر کی طرف آگرے اور رونا شروع کر دیا۔ وہ سمجھے کہ باپ نے مجھ پر بڑا ظلم کیا ہے کہ پکڑا اور گرا دیا۔ لیکن حقیقت میں یہی "ظلم" ان کی جان بچانے کا ذریعہ بن گیا' مگر انہیں کم از کم بچپن تک یہ معلوم نہ ہو سکا کہ باپ نے یہ ظلم کیوں کیا تھا؟

## اسباب غم سے غم ہونا بے خبری کی وجہ سے ہے

لہٰذا جن چیزوں سے ہم اس دنیا میں رنجیدہ ہوتے ہیں اور اپنے آپ کو مظلوم سمجھتے ہیں' درحقیقت وہ اپنی بے خبری اور جہالت کی وجہ سے سمجھتے ہیں۔ ورنہ یہ تمام واقعات مصلحت و حکمت پر مبنی ہوتے ہیں۔ بعض کی حکمت ہمیں آگے چل کر معلوم ہو جاتی ہے اور

بعض کی معلوم نہیں ہوتی۔

"اگر انسان کو اپنی اس بے خبری کا استحضار رہے تو وہ ہمیشہ راضی بہ رضا رہے گا اور اللہ سے یا اس کی تقدیر سے شکایت کے جذبات اس کے دل میں کبھی پیدا نہ ہوں گے"۔

لہٰذا رضا بالقضاء کے مقام کو حاصل کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اس قسم کے واقعات پر غور کیا جاتا رہے۔ جنہیں انسان ابتداء میں اپنے لئے مضر سمجھتا ہے مگر بعد میں وہی مفید ثابت ہوتے ہیں۔

مجلس: ۵۲

# اصل چیز تعلق مع اللہ ہے

حضرت سیدنا احمد کبیر رفاعی رحمۃ اللہ علیہ حضرت شاہ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کے پایہ کے بزرگ ہیں اور ان کے ہم عصر بھی ہیں دنیا میں ان کے ساتھ ایک خصوصی واقعہ پیش آیا ہے 'اولیاء کرام سب ہی عاشق ہیں رسول پاک ﷺ کے 'مگر ان کا جذبہ کچھ عجیب تھا دربار نبوت میں حاضری ہوئی مزار اقدس کے سامنے جاکر دو شعر پڑھے جن کا مضمون یہ ہے کہ ''جب تک دور تھا دور سے سلام بھیجتا تھا اب دربار میں حاضر ہوں اپنا دست مبارک دیجئے میں اس کو بوسہ دوں''، نوے ہزار مسلمان اس وقت موجود تھے اکابر علماء بھی ان میں شامل تھے دن کا وقت تھا سب نے دیکھا کہ روضہ اقدس میں سے ہاتھ نکلا اور انہوں نے بوسہ دیا سب نے زیارت کی ان میں حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی بھی تھے یہ مقام تھا ان کا مگر اتنے بڑے اعزاز والے کیا کرتے ہیں ایسے وقت میں ہم تو بہت خوش ہوں گے مگر انہوں نے کیا کیا دروازہ میں آ کر لیٹ گئے سب کو قسم دی کہ مجھ پر پیر رکھ کر گزر جاؤ۔ حقیقت میں یہی اولیاء اللہ ہیں۔ دین کتابوں سے باتوں سے نہیں پھیلا اپنے بزرگوں سے دین پھیلا ہے۔

ڈاکٹر حبیب اللہ کا حال ہی میں ایک خط آیا ہے وہ بارہ زبانوں کے ماہر ہیں اور بالکل صوفی آدمی ہیں پیرس میں رہتے ہیں اسلام کی خدمت کر رہے ہیں بڑی تعداد مسلمانوں کی وہاں ہے انکا پیغام آیا ہے میں نے ان کو لکھا تھا کہ علم اور شغل کی طرف لگو اب ان کا جواب آیا ہے کہ یہ جملہ پڑھا تو رونے لگا وہاں کے مسلمان ایمان راسخ والے ہیں وہ دل کی گہرائی سے نکلی ہوئی بات کو دل میں لیتے ہیں۔

### اللہ تعالیٰ سے دل وابستہ ہونا

حضرت سید احمد کبیر نے فرمایا مجھے بھیک ماننے والوں کا ڈھیلہ نہ بناؤ میری تعریفیں

نہ کرو۔ میری خانقاہ کو حرم کی طرح زیارت گاہ نہ بنانا اور مرنے کے بعد میری قبر کو بت نہ بنانا' میں نے اللہ سے دعا کی ہے کہ مجھے دنیا میں اپنی ذات کا دھیان عطا فرمانا' سو بحمد للہ یہ بات جمعیت قلب کیساتھ حاصل ہوگئی ہے 'یہ اتنی بڑی نعمت ہے کہ کہنے کو آسان ہے کہ کسی چیز میں دل اٹکا نہ ہوا ہو' صرف اللہ سے تعلق ہو ایسے شخص کو دنیا ہی میں جنت مل جاتی ہے۔

## حضرت تھانوی کے دل کا حال

ایک مرتبہ حضرت کے پاس حاضر تھا فرمایا میاں بات کہنے کی نہیں کہیں دعویٰ نہ ہو جائے مگر اللہ کی نعمت کا اظہار کرتا ہوں کہ میں اب اپنے کو تنہا پاتا ہوں اور کچھ نظر نہیں آتا۔ بیوی بچے 'طلبا مریدین ایک تماشہ لگا ہے مگر کچھ نظر نہیں آتا۔ صرف اپنے آپ کو تنہا پاتا ہوں یہ ہے جلوت میں بھی خلوت 'یہ بڑوں کا مقام ہوتا ہے ۔یہ ہوتی ہے مجمع میں بھی ہو اور دل اللہ سے لگا ہو۔ فرماتے ہیں الحمد للہ یہ مجھے حاصل ہے اور امید ہے کہ دنیا سے جدا ہو کر وہاں بھی وہ خیریت کے ساتھ گزار دیں گے جس کو اللہ مل گیا پھر وہ کسی کی کیا پرواہ کرے گا اس دنیا میں کچھ حاصل کرنے کی چیز ہے تو وہ اللہ سے تعلق ہے سیاست ریاست سب یہاں رہ جانے والا ہے ۔بس یہ تعلق سب پر پانی پھیر دیتا ہے ۔یہ بیوی بچے دولت دکان جب ہی یاد آتی ہے جب تک اللہ کی یاد دل میں جگہ نہ کرلے 'کل کے وزیر آج قیدی بنتے دنیا میں بھی دکھائی دیتے ہیں مگر اللہ تعالیٰ کو فنا نہیں اس کے تعلق کو بھی فنا نہیں جو تعلق اللہ کے واسطے سے قائم ہو وہ بھی باقی رہنے والا ہے اس کو بھی فنا نہیں اللہ کو یاد کرو تو اللہ بھی باقی رہتا ہے جس طرح اس کی ذات باقی ہے اس کی یاد میں بھی بقا ہے۔

یہ بزرگ جن کا آج ذکر ہو رہا ہے تقریباً ایک ہزار سال ہوگئے آج بھی وہ زندہ ہیں جس مجلس میں ان کا ذکر آجاتا ہے ان کا نور درس مجلس میں محسوس ہونے لگتا ہے اس جہاں سے کوئی چیز ساتھ بھی گئی ہے وہ اللہ کا ذکر ہے کسی کا شعر ہے۔

ذکر اتنا کیا ترا ہم نے     قابل ذکر ہوگئے ہم بھی

ان کا ذکر جس محفل میں آجاتا ہے قلب کی حالت بدلنا شروع ہوجاتی ہے۔

آگے فرمایا اللہ کے تعلق کو لازم سمجھو یہی اصل سرمایہ ہے بینک کا بیلنس باقی رہنے

والا نہیں لہٰذا اس اصل سرمایہ کو جمع کرو اللہ کے حق کی قسم کہ اس کے سوا نہ کوئی نفع دے سکتا ہے نہ ضرر جو یہود و نصاریٰ کا حال تھا کہ اللہ کے سوا دوسروں کو اپنا رب بنا لیا ہے کہنے کو ہم بھی اللہ کو رب العالمین کہتے ہیں، مگر جب واسطہ پڑتا ہے خدا معلوم کس کس کو راضی کرنے کی فکر کرتے ہیں افسروں اور سرکاروں کو راضی کرنے کی فکر کرتے ہیں اگر اس سے آدھی فکر بھی ہم خدا کو راضی کرنے کی کرلیں وہ آسانی سے راضی ہو جاتے ہیں حدیث میں ارشاد ہے "یقین کرو کہ اگر ساری دنیا کے انسان جنات تم کو ضرر پہنچانا چاہیں تو تم کو ضرر نہیں پہنچا سکتے اور جو اللہ پاک تم کو نہ دینا چاہیں اور ساری زمین و آسمان کی طاقتیں تم کو دینا چاہیں تو ہرگز نہیں دے سکتے۔

## اہل اللہ کی بادشاہت

عقیدہ تو ہمارا یہی ہے اگر اس کا رنگ رچ جائے وہی کام آنے والی بات ہے اگر کسی پر یہ حال غالب ہو جائے تو دنیا میں اس سے بڑھ کر کون بادشاہ ہوگا۔ کسی سے پوچھا حضرت کیسا مزاج ہے فرمایا کیا بات ہے ہمارا مزاج بگڑنا کب ہے ہماری خواہش سے ہی سب ہو رہا ہے وجہ یہ ہے کہ ہم نے اپنے مزاج کو اللہ کی رضا میں فنا کر دیا ہے۔ اللہ کی مرضی ہے ہم کو بخار آجائے ہم اس میں خوش ہیں بادشاہت مل جائے اس میں خوش ہیں فاقہ آجائے اس میں خوش ہیں پھر مزاج خراب کیوں ہوتا۔ حقیقت میں خوشحال تو وہ ہیں جو ہر حال میں خوش ہیں۔ شیخ سعدی علیہ الرحمۃ نے لکھا کہ ایک درویش پر ایک بادشاہ خفا ہوا وہ ہنس پڑے بادشاہ کو اور غصہ آیا کہ بڑا گستاخ ہے فرمایا اس کو قید کر دو۔ انہوں نے کہا اگر اتنی عمر دو چند ہو جائے اور اسے بھی قید میں ڈال دو۔ پھر بھی کیا پرواہ ہے تمہارے ہاتھ میں ہے کیا۔

## صحبت کا اثر

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابل جادوگر ہار گئے اور پھر مسلمان ہو گئے فرعون نے کہا میں تم کو سولی پر چڑھا دوں گا۔ جواب دیا 'جو تیرا جی چاہے حکم دے' دنیا کی زندگی پر ہی تو قابو پا

سکتا ہے اس کے بعد کیا کرے گا یہ تو چند دن کی زندگی ہے ہم کو اس کی پرواہ نہیں۔اتنی جلد مسلمان ہونا اتنا پختہ ایمان ہونا یہ کیا ہے نبی کی صحبت۔بس اللہ والوں کی صحبت میں یہ کایا پلٹ ہوتی ہے کہ ستر برس کا مسلمان ایسا پختہ ایمان والا نہ ہوگا جیسا ایک لمحہ کے مسلمان کا ایمان پختہ ہوا' یہ اثر صحبت ہی کا تو تھا۔تم دنیا بھر کے سامان کرتے پھرتے ہو۔اگر ایک اللہ کے ہو جاؤ سب تمہارے ہو جائیں گے کوئی کسی کو دولت ظاہری باطنی نہیں دے سکتا۔بس ہماری نظریں اسباب پر ہوتی ہیں ہم نے انہیں کو رب بنالیا ہے اصل دینے والا اللہ ہے۔مگر وہ پردہ میں رکھ کر اسباب سے دیتا ہے دیکھنا یہ ہے کہ ظاہری اسباب پر کون ایمان رکھتا ہے اور غیب پر کس کا ایمان ہے؟

## ماں کی محبت کی حقیقت

مولانا رومی والدین کی اطاعت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ماں کی خدمت بڑی نعمت ہے بڑا احسان ہے مگر آنکھیں کھولو ماں کی شفقت کہاں سے آئی اللہ نے ہی سب کو پیدا کیا ماں بیچاری کیا کر لیتی وہ خود کہاں سے آئی ایک عجیب عالم سامنے کرتے ہیں ایک لڑکی کو ماں باپ نے پالا جان سے عزیز اس کو رکھا اپنی جان کو دکھ اور اولاد کو سکھ میں رکھا نہ ان کو خبر ہے کہ ہم کس کے واسطے یہ پال رہے ہیں نہ لڑکی کو کچھ خبر ہے اور ایک جگہ لڑکا پالا جا رہا ہے دونوں کی پرورش ہو رہی ہے کسی کو خبر نہیں یہ کیا ہو رہا ہے۔دونوں کی شادی یہ کوئی اتفاق نہیں یہ سوچی سمجھی ایک تدبیر ہے۔یہ اتفاق کہنے والا بے خبر ہے حق تعالیٰ کے یہاں کہیں اتفاق نہیں ہے سب کچھ دل میں ڈالتا ہے تم کو ہم کو سب کو وہ اپنی خاص مشیت سے چلا رہا ہے۔وہی ملاتا ہے وہی جدا کرتا ہے ماں کو باپ سے ملاتا ہے کس نے ملایا یہ لکھ رکھا تھا یہاں لڑکی ہوگی یہاں لڑکا ہوگا وہاں جا کر دونوں کا جوڑ ملے گا تب وہ ایک بچہ پیدا ہوگا ماں کے اندر کیا کیا کل پرزے لگائے ہیں محبت اس کے دل میں کیسی ڈال دی ہے اور کس لئے ڈالدی؟ یہ سب نظام قدرت ہے تم اتفاق کہتے ہو ماں باپ کی خدمت اس لئے فرض ہے کہ وہ سبب ہے ہماری پرورش کا مگر یہ سبب پرورش کا کس نے پیدا کیا وہی ذات حقیقی ہے وہی رب ہے' سب کا تم نے بہت دوست پالے نیک لوگ تو جنت میں گئے فاسق دوست

جہنم میں گئے تم اکیلے رہ گئے ادھر نہ ادھر تمہارا دوست کون ہے، دامن اس کا پکڑ جو نہ اوپر جائے نہ نیچے جائے تیرے ساتھ ہر وقت رہے قبر میں ساتھ، حضر میں سفر میں ساتھ۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ دوستی رکھو گے آسمان پر جاؤ گے قارون سے دوستی کرو گے زمین میں دھنس جاؤ گے تعلق رکھو اس ذات سے جو حی و قیوم ہے محبت لگانی ہے تو اس سے لگاؤ جو ہمیشہ باقی رہنے والا ہے۔

آج تیرے پاس مکان دکان ساز و سامان بھی ہے ایک دن وہ آنے والا ہے نہ دکان ہوگی نہ مکان نہ ساز و سامان اس وقت جو کام آنے والا ہے۔ اس کے ساتھ دوستی رکھو۔

عزیزو! اس کا انکار نہیں ہے کہ اللہ تک پہنچنے کے لئے وسیلہ ضروری ہے مثلاً اعمال صالحہ وغیرہ اور کچھ واسطے ہیں ان کی بھی ناشکری نہیں ہو سکتی ماں باپ و پیر کا بھی شکر کرنا ہے لیکن اس کا یہ معنی نہیں ہے ان کو رب بنالو ان کو واسطہ کا درجہ دو مگر یقین اللہ تعالیٰ پر رکھو کہ جو دکھ ملتا ہے اللہ تعالیٰ سے ملتا ہے اللہ پر ایمان لانے کے معنی ہیں دل سے اس کو معبود برحق اور یکتا سمجھو اور جو رسول تم کو دیں وہ لے لو جس سے روکے اس سے رک جاؤ اور وسیلوں کی بھی تعظیم کرو جو تم کو خدا کا راستہ بتاتے ہیں مگر ان کو رب نہ بناؤ۔

## حضرت بشر حافی رحمۃ اللہ علیہ کی توبہ

حضرت بشر حافی تصوف کے امام ہیں شروع میں مالدار اور عیش پرست تھے کسی نے دروازہ پر دستک دی باندی گئی اس نے کہا اس گھر کا مالک غلام ہے یا آزاد، باندی نے کہا میاں وہ تو آزاد ہے، سائل نے کہا بے شک وہ غلام نہیں ہے اگر غلام ہوتا تو ایسے کام نہ کرتا۔ اس کلمہ نے چوٹ لگائی ننگے پیر بھاگے اس کو پکڑ لیا پوچھا یہ کیا بات ہے اس نے کہا یہ عیش چند گھنٹوں کا ہے اگر کسی کے غلام ہوتے تو یہ رنگ نہ ہوتا بس وہ قدموں پر گر پڑے اور کہا مجھ کو اللہ کا بنا دو پھر رنگ پلٹ گیا پھر انہوں نے عمر بھر جوتا نہیں پہنا لوگوں نے پوچھا یہ کیا بات ہے انہوں نے کہا ننگے پیر ہی یہ دولت مجھ کو ملی اس لئے اس کو کیسے چھوڑ دوں۔

## واسطہ کی قدر

ایک مرید تھے حضرت حاجی صاحب کے کانپور میں دیکھا ایک دفعہ جوتا ٹوٹا ہوا سر پر رکھا ہے زار زار رو رہے ہیں کچھ دیر بعد پوچھا یہ کیا بات ہے؟ انہوں نے کہا کبھی کبھی یہ جوتا سر پر رکھتا ہوں تو حالت کچھ اور ہو جاتی ہے یہ جوتا ٹوٹا ہوا حضرت حاجی صاحب کا تھا تو کبھی واسطوں کی بھی عظمت کرنا پڑتی ہے مگر وہ صرف واسطہ ہوتا ہے مقصد نہیں ہوتا جیسے سارے بجلی کے بلب صرف ایک مرکزی پاور ہاؤس سے تعلق رکھتے ہیں لیکن روشنی بلب سے ہی ملتی ہے پاور سے ہوا اور روشنی نہیں ملتی روشنی اور ہوا کے لئے بلب اور پنکھا لانا ہی پڑے گا تو یہ واسطے ہیں یہ بھی قابل قدر ہیں لیکن حق تعالیٰ کی ذات اصل مقصود ہے۔

# تعلق مع اللہ سے متعلق چند ارشادات

## مخلوق سے بلا ضرورت تعلق مضر ہے

فرمایا جب تک نسبت مع الخالق راسخ نہ ہو، تعلق مع الخلق بلا ضرورت سراسر مضر ہے اور جو منفعت سوچی جاتی ہے کہ اداءِ حق خلق بنے، وہ حق خلق بھی جب ہی ادا ہوتا ہے کہ نسبت مع الخالق راسخ ہو جائے، ورنہ حق خلق ادا ہوتا ہے، نہ حق خالق۔

## اصل دین

فرمایا دنیا محض خادم دین، محبت، تعلق مع اللہ، خدا کا خوف، خدا کا شوق، دنیا سے بے رغبتی یہ اصل دین ہے۔

## تعلق مع اللہ

خدا تعالیٰ سے تعلق پیدا کرنا چاہئے اور غیر اللہ سے تعلق کم کرنا چاہئے (ارشاد باری ہے) وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا۔

اور تو اپنے پروردگار کا ذکر کر اور ہر طرف سے بے تعلق ہو کر اسکی طرف متوجہ ہو۔

## صحیح تعلق پیدا کریں

آدمی کو چاہئے کہ خدا سے صحیح تعلق پیدا کرے، پھر اللہ تعالیٰ بڑے متکبروں اور فرعونوں کی گردنیں اس کے سامنے جھکا دیتے ہیں۔

## غیر اللہ کی دوستی کا آخر دشمنی ہے

غیر اللہ کی دوستی کا انجام عداوت ہے، جس دوستی کی بناء فاسد ہو گی آخر میں عداوت ہو گی۔

مجلس : ۵۲

# اخلاص کے ثمرات

خطبہ مسنونہ کے بعد فرمایا کہ :

مجھے آج کے اجلاس میں جو موضوع خطاب دیا گیا ہے اس کا عنوان ہے اخلاص اوراس کے ثمرات۔ واقعہ یہ ہے کہ اس موضوع پر کچھ معروضات پیش کرنا بڑا ہمت طلب مسئلہ ہے کیونکہ اس دور میں اخلاص کا ہی فقدان ہے' ہماری روزمرہ کی مصروفیات جو بظاہر عبادت نظر آتی ہیں ان کا اگر جائزہ لیا جائے تو ان میں سے اکثر کاموں میں مقصود نظریا جلب منفعت ہے یا شہرت وناموری اور نام ونمود کی خواہش ' اپنے علم وفضل کا اظہار اور دوسرے لوگوں سے اپنی برتری کا لوہا منوانا۔

## "لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ" کا صحیح مفہوم

اگر میں اپنا جائزہ لے کر دیکھوں کہ مجھ میں کس قدر اخلاص ہے تو شاید بولنے کی ہمت نہ ہو لیکن قرآن حکیم نے جو لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَالَا تَفْعَلُوْنَ. فرمایا ہے اس کے نتیجے میں بعض حضرات یہ سمجھتے ہیں کہ اگر ہم کوئی نیک عمل نہیں کرتے تو اس نیک عمل کی ترغیب کسی دوسرے کو بھی دینا صحیح نہیں ہوگا۔ اس شبہ کو دور کرنے کے لئے اس کا صحیح مفہوم بیان کرنا چاہتا ہوں۔

میرے شیخ حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی تھانوی قدس اللہ سرہ نے اس آیت کی تفسیر میں ایک جامع جملہ ارشاد فرمایا تھا کہ یہ آیت دعویٰ کے متعلق ہے دعوت کے متعلق نہیں مثلاً نماز ہم صحیح نہ پڑھتے ہوں اور دعویٰ یہ کرتے ہوں کہ نماز بالکل صحیح پڑھتے ہیں۔ روزہ نماز زکوۃ وغیرہ کو ان کے آداب کے مطابق ادا نہ کریں

اور دعویٰ یہ کریں کہ ہم ان کو پورے طور پر صحیح ادا کرتے ہیں اس قسم کے کام کی اس آیت میں ممانعت فرمائی گئی ہے لیکن اگر ہم کوئی نیک عمل اپنے کسل یا غفلت اور کمزوری کے باعث نہیں کر سکے تو یہ بات اس عمل کی دعوت دوسرے لوگوں کو دینے میں رکاوٹ نہیں ہونی چاہئے۔ دعوت دیتے وقت اپنے نفس کو بھی مخاطب کرنا چاہئے اور دوسرے لوگوں کو بھی کیونکہ دعوت کا خاصہ یہ ہے کہ وہ داعی پر بھی اثرانداز ہوتی ہے۔ اگر کوئی شخص نماز باجماعت کے معاملے میں خود کوتاہ ہے اور نماز باجماعت کے فضائل واہمیت پر وعظ کہتا ہے تو قدرتی طور پر اس کا نفس خود بھی ندامت محسوس کریگا اور بالآخر انشاءاللہ اس کو بھی پابند بنا دے گا۔

حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ جس رذیلہ کا اپنی ذات میں احساس کرتے تھے تو اس پر وعظ کہتے تھے اور اس طرح اپنے نفس کا علاج کر لیتے تھے۔

چونکہ بحمداللہ اس مجلس میں دعویٰ کی کوئی بات نہیں ہے صرف دعوت ہی کے لئے منعقد کی گئی ہے اس لئے اخلاص پر چند باتیں کہنے کی ہمت کر رہا ہوں۔

## اعمال حسنہ کی روح اخلاص ہے

قرآن حکیم نے ارشاد فرمایا ہے:

وَمَا اُمِرُوا اِلَّا لِيَعْبُدُوا اللّٰهَ مُخْلِصِينَ لَهُ الدِّينَ.

یعنی ہم جو عبادت بھی کریں اس میں ہمارا تمام تر مقصود و مطلوب اللہ کی رضا حاصل کرنا ہو۔

اس کے علاوہ اور کسی قسم کا داعیہ نام ونمود یا مالی منفعت، عزت وشہرت وغیرہ نہ ہو اگر ان میں سے کوئی چیز بھی دل میں پیدا ہوگئی تو دعوت خالص نہیں رہے گی الا اللہ الدّین الخالص ایک حدیث میں سرور دوعالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ جب بندہ کسی عمل میں دو نیتیں کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ جب تم نے اس عمل میں میرے ساتھ غیر کو شریک کر لیا تو میں یہ غیر کو ہی دے دیتا ہوں اور منطق کا مشہور مقولہ ہے کہ نتیجہ ہمیشہ ارذل کے تابع ہوتا ہے۔ یاد رکھئے ہر عمل کا ایک ڈھانچہ ہوتا ہے

اور ایک اس کی روح ہوتی ہے۔

## جسم اور روح لازم وملزوم ہیں

قرآن حکیم نے انسانی تخلیق کے متعلق پہلے تو تدریجی تخلیق کا ذکر کیا کہ ہم نے نطفہ کو مضغہ بنایا پھر مضغہ سے ہڈیاں پیدا کیں پھران ہڈیوں پر گوشت چڑھایا۔

تدریجی تخلیق کا بیان فرماکر ارشاد ہوا "ثُمَّ اَنْشَأْنَاہُ خَلْقاً آخَرَ" اور وہ روح کی تخلیق ہے۔ روح تمام افعال کا صدور کرانے والی ہے اور جسم اس کے کہنے کے مطابق کام کرتا ہے۔ انسانی روح تو پہلے سے موجود تھی لیکن جسم میں آنے سے پہلے نہ وہ مومن تھی نہ کافر اور نہ اس کا کوئی عمل تھا۔ جب اس کا تعلق بدن کے ساتھ قائم کر دیا گیا تو کام شروع ہوا۔ نہ صرف روح سے کام چل سکتا ہے اور نہ صرف جسم سے تمام دنیا کے کارخانوں کا دارومدار اسی پر ہے۔

بجلی حاصل کرنے کے لئے پہلے بجلی کے تاروں کی فٹنگ وغیرہ کی جاتی ہے اس کے بعد بلب لگایا جاتا ہے یہاں تک تو بجلی کا ڈھانچہ تھا۔ اب اس کے بعد پاور ہاؤس سے کرنٹ آتا ہے جو بجلی کی روح ہے تب روشنی حاصل ہوتی ہے۔

## تمام اعمال کی روح اخلاص ہے

اسی طرح ہر عمل کا ایک ڈھانچہ ہوتا ہے اور ایک اس کی روح ہوتی ہے۔ نماز میں ہاتھ اٹھاکر تکبیر کہنا قیام وقعود اور رکوع وسجود وغیرہ یہ سب نماز کا ڈھانچہ ہے اور اس کی روح اخلاص ہے کہ دوران نماز غیر اللہ کا خیال نہ آنے پائے اللہ اکبر کہہ کر ہاتھ باندھنے کا عمل ایک دعویٰ ہے کہ ہم نے ماسوی اللہ سے ہاتھ اٹھالیا ہے۔ اسی کو احسان صلوۃ کہا جاتا ہے۔ تمام اعمال صالحہ کی روح اخلاص ہے اس لئے ہمیں ہر عمل کے وقت اس کا خیال رکھنا ہوگا کہ اس عمل کا ڈھانچہ بھی درست ہو اور اس میں روح بھی موجود ہو۔ اللہ تعالیٰ کے یہاں اعمال کے اعداد کا شمار نہیں ہوتا کہ کتنی نمازیں پڑھیں کس قدر روزے رکھے، کتنے حج کئے بلکہ وہاں بندوں کے اعمال کا وزن

کیا جائے گا تعداد نہیں گنی جائے گی۔ قرآن و حدیث میں آپ نے کہیں نہیں پڑھا ہو گا کہ یوم حساب میں اعمال کی گنتی کی جائے گی۔

## حسن عمل مقصود ہے نہ کہ کثرت عمل

قرآن کریم میں احسن عملاً فرمایا گیا ہے اکثر عملاً نہیں فرمایا۔ ہر عمل میں حسن عمل کو دیکھا جائے گا کثرت عمل کو نہیں دیکھا جائے گا اللہ تعالیٰ کے یہاں عمل کے وزن کے اعتبار سے جزا ملے گی اعمال میں جس قدر اخلاص ہو گا اسی قدر وا عمال وزنی ہوں گے کسی کا عمل دیکھنے میں معمولی ہو گا لیکن اخلاص کی بدولت اس کی جزاء بہت بڑی ہوگی اور کسی کے اعمال دیکھنے میں بہت عظیم ہوں گے لیکن اخلاص نہ ہونے کیوجہ سے ان کی جزا بہت معمولی ہوگی احادیث میں ارشاد فرمایا گیا ہے کہ کسی صحابی کا ایک مدمال خرچ کرنا (جو ہمارے ایک سیر کے قریب ہوتا ہے) غیر صحابی کے جبل احد کے برابر خرچ سے بھی زیادہ باعث اجر ہو گا۔ آخر اس کا سبب کیا ہے بظاہر تو یہ بے انصافی معلوم ہوتی ہے کہ ایک شخص احد کے برابر مال خرچ کر کے بھی صحابی کے ایک سیر مال کے برابر اجر حاصل نہ کر سکے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ صحابی کو رسول کریم ﷺ کے شرف صحبت سے جو اخلاص عمل حاصل ہو گیا وہ غیر صحابی کو حاصل ہو ہی نہیں سکتا اسی لئے اخلاص عمل کی وجہ سے صحابی کے معمولی اعمال کا وزن بڑھا ہوا ہے اور غیر صحابی میں اخلاص عمل کی کمی کی وجہ سے اس کے عمل کا درجہ گھٹا ہوا ہے یہی وجہ ہے کہ جب حضرت عبداللہ ابن مبارک سے کسی نے سوال کیا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز (جو عمر ثانی کہلاتے ہیں) اور حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ میں سے کون افضل ہے تو حضرت عبداللہ ابن مبارک نے فرمایا کہ:

"میں بقسم کہتا ہوں کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا مقام تو بہت بلند ہے۔ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے گھوڑے کی ناک کا وہ غبار جو رسول اللہ ﷺ کی معیت میں جہاد کے وقت اس کی ناک میں پہنچا سینکڑوں عمر بن عبدالعزیز سے بہتر ہے۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے فضائل و کمالات اپنی جگہ سب مسلم ہیں لیکن وہ حضور اکرم ﷺ کی معیت کی دولت کہاں سے لا سکیں گے"۔

## اخلاص کا ثمرہ

اخلاص کے دو اثر ہوتے ہیں ایک آخرت میں وزن بڑھنے کا' دوسرے نقد ثمرہ دنیا میں مخاطب پر اثر انداز ہونے کا تجربہ شاہد ہے کہ اخلاص کے ساتھ جو بات کہی جاتی ہے وہ موثر ومفید ہوتی ہے اور تلخ بھی ہوتی ہے تو ناگوار نہیں ہوتی۔اختلاف کی صورت میں جنگ وجدال اور معرکہ آرائیوں کا بڑا سبب اخلاص کی کمی یا اس کا فقدان ہے۔اگر بات اخلاص کے ساتھ کہی جاتی ہے تو اس کا انداز محبت' ہمدردی اور دل سوزی کا ہوتا ہے اور اخلاص نہ ہو تو بات وہی ہوتی ہے لیکن انداز توہین آمیز ہو جاتا ہے جس کا نتیجہ افتراق وانتشار اور جنگ وجدل کے سوا کچھ نہیں نکلتا۔

## دعوت میں اخلاص ہو تو اصلاح ہو سکتی ہے

موطا امام مالک رحمۃ اللہ علیہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا ایک قول مذکور ہے:

" الناس مبتليً ومعافيً فا رحموا مبتليً وسلوا الله العافية "

کچھ لوگ بیمار ہیں اور کچھ عافیت میں ہیں پس بیمار پر رحم کھاؤ اور اللہ تعالیٰ سے عافیت طلب کرو۔

یہ حکیمانہ ہدایت نامہ ہے کہ اگر کسی کو بیمار دیکھو برے اعمال میں مبتلا پاؤ تو اس کو اس بیماری اور اعمال بد سے بچانے کی کوشش پوری ہمدردی' دل سوزی اور لگن کے ساتھ کرو۔اور ایسے ایسے طریقے سے کرو کہ مریض تنگدل پریشان اور بیزار نہ ہو۔اس کو بیمار اور خود کو صحت مند دیکھ کر اپنے آپ کو افضل نہ سمجھو اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرو کہ اس نے محض اپنے فضل سے تمہیں اس بری عادت میں مبتلا نہیں کیا۔

خلاصہ یہ ہے کہ اگر دعوت میں اخلاص ہو گا تو خود بخود داعی غور وفکر کر کے اپنی بات ایسے انداز میں پہنچانے کی سعی کریگا جو مخاطب کے قلب پر اثر انداز ہو۔انبیاء مرسلین کا طریق اخلاص اور ہمدردی کے ساتھ اصلاح کرنا ہے اور اصلاح اس طریق کے سوا ممکن ہی نہیں ہے۔

## دعوت کے تین زرین اصول

حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ میرے استاد اور میرے پھوپھی زاد بھائی تھے وہ فرمایا کرتے تھے کہ حق بات 'حق نیت سے 'حق طریق سے کہی جائے تو ضرور موثر ہوتی ہے۔ جہاں بات موثر نہیں ہوتی وہاں ان تینوں باتوں میں سے کسی بات کی کمی ہوتی ہے۔ اگر ان رعایتوں کے ساتھ اصلاح کی کوشش کی جائے گی تو انشاء اللہ موثر ہوگی۔ مخاطب اثر قبول کر کے صحیح عمل کرے گا اور اگر مخاطب عمل نہ بھی کر سکا تو کم از کم یہ فائدہ لازمی ہے کہ اس کو صحیح علم ہو جاتا ہے۔

## اخلاص کا اثر

بڑے بڑے مقررین اور جادو بیان خطیب تقریریں کرتے ہیں وقتی طور پر بڑے بڑے اجتماع ان کی تقریروں کو سنتے بھی ہیں۔ لیکن اکثر تقریریں ختم ہونے کے ساتھ ہی فضاء میں تحلیل ہو جاتی ہیں اور بعض اللہ کے نیک بندے نہ تقریر کرنا جانتے ہیں نہ ان کو خطابت کے انداز آتے ہیں۔ سیدھی سادھی مختصر بات کہتے ہیں اور وہ دلوں میں اتر کر ہزاروں انسانوں کی زندگی میں انقلاب پیدا کر دیتی ہے۔ اخلاص عمل کے راستہ میں نام و نمود۔ جذبہ شہرت اظہار علم مالی منفعت وغیرہ رکاوٹ بنتے ہیں۔ لیکن اگر انسان ان چیزوں کو اللہ تعالیٰ کی رضا کے لئے نظر انداز کر دے تو یہ فوائد مع زوائد کے اللہ تعالیٰ خود بخود حاصل کرا دیتے ہیں۔ جو لوگ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لئے دنیا کو ٹھوکر مار دیتے ہیں 'اللہ تعالیٰ دنیا کو ان کے قدموں میں تابع بنا کر ڈال دیتے ہیں۔ بس اسی پر ختم کرتا ہوں دعا کیجئے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اخلاص کی دولت عطا فرمائے اور ہم سے اپنے دین کی خدمت اخلاص کے ساتھ لے۔

مجلس : ۵۴

# اخلاص عمل

## عبادت میں خلوص ضروری ہے

عبادات میں اخلاص کا ہونا قبولیت کے لئے شرط کی حیثیت رکھتا ہے۔کوئی بھی عبادت ہو جب تک کہ خلوص نیت نہ ہو وہ ریاکاری میں داخل ہو جائے گی۔ مثلاً تلاوت کلام پاک ہی کو لے لیجئے۔اگر قاری کا پڑھنا اس لئے ہو' کہ لوگ اس کی آواز سن کر اس کی تعریف کریں تو یہ ریاکاری ہوگی لیکن اس میں بھی مختلف شکلیں ہیں چنانچہ ایک مرتبہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ حرم شریف میں تلاوت فرما رہے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لے آئے اوران کو معلوم بھی نہ ہوا۔جب تلاوت ختم کر چکے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خوش ہو کر فرمایا ابو موسیٰ تم نے قرآن بہت اچھا پڑھا۔ حضرت ابو موسیٰ نے فرمایا کہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ حضور سن رہے ہیں تو اور اچھی طرح پڑھتا۔

یہاں ایک خیال پیدا ہوتا ہے کہ ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور کو خوش کرنے کے لئے یہ تمنا کی۔تو یہاں یہ بات قابل لحاظ ہے کہ حضور کو خوش کرنا گویا حق تعالیٰ کو خوش کرنا ہے یعنی حضور کا خوش کرنا خود اپنی جگہ عبادت ہے اس لئے ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ خواہش ظاہر کی۔ چنانچہ حضرت حکیم الامت فرماتے ہیں کہ اگر قاری بھی یہ خیال کرکے پڑھے کہ سامعین قرآن سن کر خوش ہوں گے تو یہ بھی اپنی جگہ عبادت بن سکتا ہے چونکہ مومن کا خوش کرنا بھی عبادت میں داخل ہے لیکن اگر قاری کی خواہش سامعین سے عزت' دولت۔وغیرہ حاصل کرنا حب دنیا میں سے ہے تو پھر وہ عبادت نہ رہے گی اور اس پڑھنے کا قاری کو ثواب نہ ہوگا۔

# عبادت میں دنیوی غرض اچھی نہیں

یہاں ایک واقعہ دہلی کا یاد آیا۔ شاہ اسحاق محدث بڑے بزرگوں میں سے ہیں جنہوں نے قرآن وحدیث کی بڑی خدمت کی ہے آپ کو بواسیر کا مرض تھا ایک شخص نے ان سے عرض کیا کہ آپ نماز تو پڑھتے ہی ہیں اگر آپ وتر کی تین رکعات میں سورۂ اذا جاء سے سورۂ اخلاص تک علی الترتیب تینوں رکعات میں پڑھ لیا کریں تو انشاء اللہ بواسیر کی شکایت نہ ہوگی۔ آپ سن کر مسکرا دیئے کچھ عرصہ بعد وہی شخص پھر شاہ صاحب کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا کہ آپ نے اس نسخہ پر عمل کیا یا نہیں۔ شاہ صاحب نے ٹھنڈی سانس لی اور فرمایا بھائی ہم اللہ کی اور تو کوئی عبادت کرنے کے قابل نہیں لے دے کے چند رکعات نماز کی ہیں اس کو بھی ہم حب دنیا کے لالچ میں پڑھیں تو پھر کیا رہ جائے گا یہ ان بزرگوں کی باتیں ہیں جنہوں نے اپنی زندگیاں اللہ کی راہ میں صرف کر دیں اور عمر بھر بیماری کا ساتھ رہنا گوارا کیا لیکن دنیا کا لالچ نماز کی ترتیب میں لانا گوارا نہ کیا حالانکہ اس طرح سورتیں پڑھنا ناجائز نہیں ہے لیکن آپ نے یہ غور کیا کہ کتنا اخلاص تھا ان کی نیتوں میں۔ اب یہاں ایک اور سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ بعض آیات قرآنی جن کے مخصوص فائدے خود قرآن میں بھی مذکور ہیں اور احادیث میں بھی ان کا تذکرہ ہے مثلاً کسی خاص درد کے لئے کوئی خاص آیت یا دیگر کاروبار کی ترقی۔ دنیا کی پریشانیوں سے نجات کے لئے مختلف قرآن کی سورتیں بتائی جاتی ہیں یا قرآن کی آیتوں کو پڑھ کر دم کیا جاتا ہے تو اس کے لئے بزرگوں نے بتایا ہے کہ جو آیت پڑھ کر دم کیا جائے گا اس سے شفاء اور دوسرے اجر تو اللہ پاک عطا فرمانے والے ہیں لیکن اس کے پڑھنے کا ثواب نہیں ملے گا۔ یعنی اس تلاوت کا اجر شفا تو ہو سکتا ہے عبادت نہیں ہوگا۔ خلاصہ یہ نکلا کہ عبادت کو ذریعہ عبادت تو بنا سکتے ہیں ذریعہ جاہ ومال نہیں اگر ایسا کریں گے تو وہ عبادت خالص نہ رہے گی۔ اس واسطے بعض بزرگ جو خاص اوراد پڑھنے کے لئے بتلاتے ہیں ان کو اوراد سمجھ کر اور عبادت کی نیت سے پڑھنا چاہئے اس کا اجر اللہ پاک خود عطا فرمانے والے ہیں ہم کو دنیا کا اجر حاصل کرنے کی نیت سے نہیں پڑھنا چاہئے چونکہ مقصد اگر دنیا کا فائدہ ہوا تو عبادت نہ ہوئی اور عبادت جب اللہ کو راضی کرنے کے لئے ہوگی تو

اللہ تو بے حساب دینے والے ہیں۔

## صدقہ سے مال گھٹنے کا مطلب

اسی طرح حدیث کے الفاظ ہیں۔جن کا مفہوم یہ ہے کہ صدقہ سے مال کم نہیں ہوتا بڑھتا ہے۔اب اگر ہم یہ سوچنے بیٹھ جائیں کہ سو روپے میں سے کسی نے دس روپیہ صدقہ کر دیا تو نوے روپے رہ گئے۔بظاہر تو وہ نوے ہیں یعنی عدد کے حساب سے وہ دیکھنے والوں کو کم لگیں گے لیکن برکت اور مطلب بر آری کے لحاظ سے وہ حقیقت میں بڑھ جاتے ہیں جن کو یقین نہیں وہ تجربہ کر کے دیکھ لیں۔ہم نے بیشتر لوگوں کو ایسا دیکھا ہے کہ جو صدقات کرتے رہتے ہیں ان کی ضروریات زندگی کم رقم سے پوری ہو جاتی ہیں اور برخلاف اس کے جو سود وغیرہ ناجائز طریقہ سے کماتے ہیں ان کا ایسے لوازمات زندگی پر بے جا خرچ ہو جاتا ہے کہ پہلی حالت کے مقابلہ میں کہیں زیادہ رقم نکل جاتی ہے اور سکون و آرام وہ نہیں ملتا جو صدقہ کرنے والے کو حاصل ہوتا ہے۔صدقہ بجائے خود ایک سکون دلانے کا ذریعہ ہے انسان جب کوئی بھی رقم صدقہ کرتا ہے تو فوراً ہی اس کو ایک روحانی طمانیت میسر ہوتی ہے اور یہ قرآن میں موجود ہے اللہ پاک فرماتے ہیں سود سے اللہ پاک مال کم کرتے ہیں اور صدقہ سے زیادہ، حالانکہ جو مومن نہیں ان کے یہ بات سمجھ میں آ ہی نہیں سکتی، لیکن خدا کا حکم اپنی جگہ اٹل ہے یہ اور بات ہے کہ سود سے انسان کی رقم بڑھتی ہوئی نظر آتی ہے مگر اس کی مثال ایسی ہے جیسے کسی کے بدن پر ورم آجائے یا بادی سے پھول جائے اس کو موٹا نہیں کہتے بلکہ ورم کا آنا تو موت کی علامت سمجھا جاتا ہے۔پس سود سے مال ایسا ہی بڑھتا نظر آتا ہے لیکن سور خود ہمیشہ بیماری، مقدمہ بازی، چوری اور اسی قسم کی پریشانیوں میں مبتلا رہتا ہے برخلاف اس کے غریب دو پیسہ کے اندر جو آرام ولطف حاصل کر لیتا ہے وہ کسی ایسے امیر کو دو ہزار روپے میں حاصل ہونا مشکل ہے۔

یہاں پر ایک اور مسئلہ بھی ہے کہ حج اور عمرہ سے غنا بڑھتا ہے لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ غنا حاصل کرنے کے لالچ میں حج اور عمرہ کیا جائے اگر ایسا کیا تو وہ اصل ثواب بھی جاتا رہے گا۔وہ جو ایک قصہ مشہور ہے کہ کسی شخص کو کیمیا کے نسخہ کی

تلاش تھی ایک شخص نے کہا نسخہ تو بہت آسان ہے مگر ایک شرط ہے۔فلاں پہاڑی پر ایک بوٹی ہے وہ توڑ کر لے آؤ۔لیکن بوٹی توڑتے وقت بندر کا خیال دل میں نہ آئے ورنہ کیمیا نہ بن سکے گی اس نے کہا بندر کا تو مجھے کبھی بھی خیال نہیں آیا۔میں ضرور ایسا کر لوں گا لیکن جب کبھی بھی وہ بوٹی کے خیال سے نکلا بندر کا خیال اس کے ساتھ ہی آیا اور وہ اس خیال کو کسی طرح بھی ہٹا نہ سکا۔

مطلب یہ کہ اگر حب دنیا کا خیال عبادت میں آگیا تو پھر عبادت عبادت نہ رہے گی' چونکہ اعمال کا دارومدار نیت پر ہے چنانچہ جو بھی عبادت کرے صرف اللہ کے راضی کرنے کے لئے کرے۔ہاں یہ حقیقت اپنی جگہ اٹل ہے کہ آج تک حج یا عمرہ کرنے کی وجہ سے کوئی فقیر نہیں ہوا۔یعنی کاروبار میں نقصان ہو جائے دوسری آفتیں ہوں ان کی وجہ سے تو مفلس ہو سکتا ہے مگر آج تک کسی نے یہ نہیں سنا کہ کوئی شخص حج کو جانے کی وجہ سے مفلس ہو گیا' حالانکہ حج پر جانے والے کا روپیہ گھٹنا چاہئے بلکہ بعض غریب اور متوسط طبقہ کے لوگ تو ایسے ہیں جو عمر بھر رقم جمع کرتے ہیں اور پھر حج کو جاتے ہیں۔مگر حقیقت یہی ہے کہ اللہ پاک اپنے فضل وکرم سے اس کو غنا عطا فرماتے ہیں اور اس کا مظاہرہ کوئی میدان عرفات میں دیکھے کہ حج کو جانے والوں میں نوے فیصدی غریب اور متوسط طبقہ ہی ہوتا ہے اگر اللہ پاک غنا عطا نہ فرمائیں تو لوگ دو دو اور تین تین دفعہ کیسے حج کو جا سکتے ہیں جبکہ امیروں کی تعداد بہت کم جاتی ہے۔تو معلوم ہوا کہ اللہ پاک کے وعدے اور اس کے رسول ﷺ کے الفاظ اپنی جگہ اٹل ہیں۔ہمیں چاہئے کہ ہم جو عبادت کریں خلوص نیت سے کریں اور ہر کام کے وقت اپنی نیت صحیح رکھیں کہ اللہ پاک دلوں کا حال جاننے والے ہیں۔

# اخلاص کے متعلق چند ارشادات

## خلوص پیدا کریں

ارشاد فرمایا کہ رات کو دین کی کتابیں پڑھنا ساری رات عبادت کرنے سے افضل ہے اس میں بھی یہی بات ہے کہ عبادت کو پڑھنے کے مقابلے میں زیادہ فضیلت دیتے ہیں' کیونکہ پڑھنے والے کو کوئی ولی نہیں سمجھے گا' اور نوافل اور تہجد پڑھنے والے کو بڑا عابد اور ولی اللہ سمجھتے ہیں' تو بھئی حاصل یہی ہے کہ خلوص پیدا کرنے کی فکر کرو' اعمال گنے نہیں جائیں گے تولے جائیں گے' عبادتیں کثرت سے کی ہوں گی' لیکن خلوص کم ہونے کی بناء پر ان کا وزن معمولی ہوگا' اور بعض امور ایسے ہوں گے' جو دیکھنے میں تھوڑے ہوں گے' لیکن خلوص کی بناء پر بڑے وزنی ہوں گے' دنیاوی کام بھی کرو تو اسی ذمہ داری کے ساتھ کرو' انشاءاللہ خلوص کی بناء پر یہ کام اچھا ہوگا۔

## خلوص کی علامت

فرمایا کسی کام میں خلوص کی علامت یہ ہے کہ اس سے اچھا کام کرنے آجائے تو یہ کام چھوڑ دے۔

## اصل مقصود

فرمایا: اصل مقصود اعمال ظاہری اور باطنی پر اخلاص کے ساتھ مداومت کرنا ہے۔

## خلاصہ تصوف

اخلاص اور ہمت خلاصہ تصوف ہیں۔

## فکر آخرت

حضرت والا نے ارشاد فرمایا، کہ سفر درپیش ہے اور زاد راہ کچھ نہیں، اس ارشاد کے بعد حاضرین مجلس کو نصیحت فرمائی، فرمایا کہ میں نے چلتے وقت حضرت حکیم الامت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی قدس سرہ سے عرض کیا کہ حضرت مختصر سی نصیحت فرما دیجئے، آپ نے یہ حدیث نصیحتاً پڑھ کر سنائی۔

"اِذَا اَمْسَیْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الصَّبَاحَ، وَاِذَا اَصْبَحْتَ فَلَا تَنْتَظِرِ الْمَسَاءَ، وَعُدَّ نَفْسَكَ مِنْ اَصْحَابِ الْقُبُوْرِ".

(ترجمہ: جب آپ شام کریں تو صبح کا انتظار نہ کریں اور جب صبح کریں تو شام کا انتظار نہ کریں، اور اپنے آپ کو اہل قبور میں شمار کریں)۔

اور فرمایا کہ آخرت کی فکر کرو، موت کا کوئی وقت مقرر نہیں، میں دل کے مرض میں مبتلا ہوں، جب تکلیف کی شدت ہوتی ہے، میں سمجھتا ہوں کہ موت کا وقت آگیا، پھر اللہ تعالیٰ تکلیف ہلکی فرما دیتا ہے، یہ سلسلہ تقریباً پانچ سال سے چل رہا ہے، اور اس اثناء میں کئی جوان چل بسے جو بالکل تندرست و توانا تھے، بس بھئی اللہ کو اور اپنی حقیقت کو مت بھولو، آج ہم ان دونوں چیزوں کو بھول بیٹھے ہیں، پھر ایک شعر پڑھا ہے

نظر آتے ہیں جو، نہیں اپنے
جو ہے اپنا، نظر نہیں آتا

حضرت ﷺ نے اس مجلس میں خصوصیت سے ارشاد فرمایا، اور مجلس میں پڑھی جانے والی ملفوظات کی کتاب کو روک کر فرمایا، کہ کام تو سب ہی کرتے ہیں، کوئی دنیا کا کام کرتا ہے اور کوئی دین کا، اصل بات یہ کہنا ہے کہ کام خالص دنیاوی ہو، خواہ دفتری ہو یا ملازمت ہو، اگر اسے ڈیوٹی سمجھ کر انجام دے رہا ہے تو یہ سمجھو کہ وہ بڑا ولی اللہ

ہے، جس چیز میں جس قدر خلوص ہوگا' اسی قدر اس میں وزن ہوگا' نوافل اور عبادت میں تو عدم خلوص اور ریا کا احتمال زیادہ ہے لیکن جو ایسے کام ہیں جیسے ڈیوٹی' ملازمت' فتویٰ نویسی وغیرہ لوگ اسے دیکھ کر ولی اللہ نہیں سمجھتے' میں نے رات ایک بجے تک فتویٰ لکھا' اس پر غور و خوض کیا' بڑی بڑی کتابوں کو چھانا' اب کسے معلوم ہے اور نہ اس شخص کو معلوم ہے جس کو یہ فتویٰ ملے گا اگر کسی نے رات کو اٹھ کر دیکھ بھی لیا' تو یہ دیکھ کر کہ کاغذ کالے کر رہا ہے' ولی اللہ نہیں سمجھے گا' غرض خلوص جس قدر ہوگا' قیمتی ہوگا۔

## مثنوی کا خلاصہ

حضرت نے ۲۶/ شعبان ۹۶ھ کو جبکہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ صاحب مد ظلہم بھی دارالعلوم کراچی میں تشریف لائے ہوئے تھے' حضرت موصوف رحمتہ اللہ علیہ کی موجودگی میں حضرت والا نے حضرت مولانا عبدالغفور صاحب کا ایک ملفوظ سنایا کہ

"الاخلاص، ما الاخلاص ، عدم رؤيته الاخلاص في الاخلاص ."

(اخلاص' کیا ہے اخلاص؟ اخلاص میں اخلاص کو نہ دیکھنا یعنی محسوس نہ کرنا اخلاص ہے)

اور حضرت نے حضرت مجدد الملت تھانوی کا ایک قول نقل فرمایا کہ حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا' مکمل مثنوی کا خلاصہ صرف دو چیزیں ہیں' توحید اور حب شیخ اور حضرت نے فرمایا کہ میرا حال اب وہی ہے جو ہمارے حضرت تھانوی نے فرمایا کہ میں یہ تو نہیں کہتا کہ موت محبوب ہوگئی ہے' لیکن زندگی مبغوض ہوگئی ہے۔

مجلس:۵۵

# ادب اور اس کی تفصیلات

سید احمد کبیر رفاعی کے ملفوظات کچھ عرصہ سے سنائے جا رہے ہیں، باتیں تو ہم آپ بھی کر لیتے ہیں مگر ان بزرگوں کے الفاظ میں جو برکت اور اثر ہے وہ عجیب وغریب ہے۔

دوستو! ادب کو مضبوطی کے ساتھ قائم رکھو، خدا کا ادب، رسول کا ادب، قرآن کا ادب وغیرہ۔

خدا کا ادب یہ ہے کہ اس سے کسی وقت غافل نہ ہو، کیونکہ یہی مقصود حاصل کرنے کا دروازہ ہے۔ جو غفلت اختیار کرتا ہے گویا ترک ادب کرتا ہے اللہ جل شانہ کا جن کو اللہ کی یاد کی توفیق ہوتی ہے ان کو کسی وقت غفلت نہیں ہوتی، ایک روز میں تھانہ بھون میں حاضر تھا، حضرت کا وصال ہو چکا تھا، خواجہ صاحب سے باتیں ہو رہی تھیں، ہنسی مذاق بھی جاری تھا، پھر کھانا آگیا، وہ بھی کھایا، باتیں ہوتی رہیں، پھر فرمایا خیال کرو ہم سب میں کون کتنی دیر غافل رہا، میں نے کہا ہم سب ہی اتنی دیر سے غافل ہیں اس روز خواجہ صاحب کا مقام معلوم ہوا، فرمایا الحمدللہ میں ایک لمحہ بھی غافل نہیں رہا ذکر ہی نہیں بلکہ مراقبہ میں رہا اور یہ سب کچھ ہو سکتا ہے بہر حال جس شخص کو خبر نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کے ہم پر کیا حقوق ہیں؟ اور کیا کیا احکام ہیں؟ یہ سب سے بڑی غفلت ہے۔ بڑی بے ادبی ہے جس مالک نے آپ کو پیدا کیا، پرورش کیا، اس کے احسانات کا کیا کہنا ہے اس سے غفلت کتنی سخت بے ادبی ہے پھر نافرمانی تو کتنا دور کر دیتی ہے اللہ کا ڈر، جاننے والوں کو ہی ہوتا ہے اور علم یہی ہے کہ اللہ کے حقوق جانے، اس کے احکام جانے اور ان پر عمل کرے۔

## سب سے زیادہ نافع ادب

کسی نے حضرت حسن بصری سے پوچھا سب سے زیادہ نفع دینے والا ادب کونسا ہے؟ فرمایا دین کی سمجھ حاصل کرنا' اور دنیا سے بے رغبتی کرنا یہی دین کی ساری فہم ہے اور یہ کہ اللہ کی رضا معلوم کرے' اس کی ناپسند باتوں سے بچے' قرآن وحدیث سب کا خلاصہ یہی ہے کہ دین کی سمجھ مل جائے۔

## اللہ تعالیٰ کا ادب

پھر فرمایا: بندہ پر اللہ کے حقوق پہچاننا یہ ادب ہے جس نے ادب کے ذریعہ سے اپنے نفس کو دبالیا وہ اخلاص سے اللہ کی عبادت کر سکتا ہے جو کام کریگا اس میں دنیا کی کوئی غرض حائل نہ ہوگی۔ کسی کام کو کسی کی خوشی کے لئے کرنا یہ اس کا اخلاص ہے اور صرف اللہ کی خوشنودی کے لئے کسی کام کو کیا جائے تو وہ اس کی رضا کا ذریعہ ہے۔

## مشائخ کا ادب

مشائخ کا ادب بھی ضروری ہے جوان کے دل کو ناخوش کرتا ہے' دنیا میں بھی وہ ستایا جاتا ہے اور خود بھی ظالم ہو جاتا ہے اور دوسرے ظالم بھی اس پر مسلط ہو جاتے ہیں' ایک آدمی ظلم کرتا ہے تو سارا جہان اس کے سبب ظلم کے پنجہ میں آجاتا ہے' ہر شخص کے ادب کا طریقہ معلوم کرے' اپنے بڑے کا ادب یہ ہے کہ اس کی خدمت کرو' اور برابر کا ادب یہ ہے کہ اس کے ساتھ ایثار وہمدردی کرو یہ نہیں کہ ہم آگے بڑھ کر اپنا مطلب حاصل کرلیں' یہ کھڑا رہ جائے یہ اس کی بے ادبی ہے' تم دوسروں کو آگے بڑھانے کی کوشش کرو تم کو اللہ آگے بڑھائیں گے۔ صحابہ کرامؓ کے علاوہ تابعین' تبع تابعین کا یہی حال تھا کہ ایک دوسرے کو آگے بڑھاتے تھے اور یہ سب محبت کا اثر تھا' جب سے علم کتابوں میں آیا ہے جب سے یہ جمود پیدا ہو گیا ہے۔ ابراہیم نخعی اور ابراہیم تیمی یہ دونوں حضرات تبع تابعین کے اعلیٰ طبقہ میں سے ہیں' ظالم امت حجاج بن یوسف نے جس طرح ہزاروں علماء وفضلاء کو جیل خانہ میں

سڑیا اور ہزاروں کو شہید کیا یا کرنا چاہا ان میں ابراہیم نخعی بھی ہیں کہ حجاجی سپاہی آپ کی تلاش میں پھرتے تھے اور آپ اس وجہ سے روپوش رہتے۔

ایک روز کسی مخبر نے سپاہیوں کو خبر دی کہ فلاں جگہ ابراہیم ہیں، وہاں اتفاق سے دوسرے ابراہیم جو انہی کے ہمعصر ہیں اور ابراہیم تیمی کے نام سے موسوم ہیں موجود تھے، سپاہی ان کے پاس آئے اور دریافت کیا کہ ابراہیم کون ہیں اور کہاں ہیں؟ ابراہیم تیمی جانتے تھے کہ یہ لوگ میری تلاش میں نہیں بلکہ ابراہیم نخعی کی طلب میں ہیں، لیکن آپ نے محیر العقل ایثار سے کام لیا کہ ابراہیم نخعی کا پتہ دینے کے بجائے یہ کہہ کر خود گرفتار ہوگئے کہ میرا ہی نام ابراہیم ہے۔ اور حجاج کے حکم سے دیناس نامی جیل خانہ میں قید کر دیئے گئے، جس میں نہ دھوپ سے کہیں سایہ تھا اور نہ سردی سے بچاؤ کی کوئی صورت، پھر اس میں بھی دو دو آدمیوں کو ایک زنجیر میں جکڑا ہوا تھا، حضرت ابراہیم تیمی اس قید کی شدت سے اس درجہ لاغر و کمزور ہوگئے کہ ان کی والدہ ان سے ملنے کیلئے جیل خانہ میں آئی تو دیکھ کر پہچانا نہیں، آخر کار اسی جیل خانہ میں آپ کی وفات ہوگئی، لوگوں نے آپ سے عرض بھی کیا کہ جب سپاہی آپ کی طلب میں نہ تھے تو آپ باختیار خود کیوں گرفتار ہوگئے، فرمایا کہ میں نے مناسب نہ سمجھا کہ ابراہیم نخعی جیسے امام وقت کو لوگ آکر گرفتار کریں اس لئے میں نے خود ہی ان کی جگہ اپنا نام پیش کر دیا۔ کیا انتہا ہے ایثار و ہمدردی کی؟ لیکن

جہاں یورپ کے شاطروں کو استاد مان لیا جائے وہاں لوگ مدینہ والوں کا اخلاق کہاں سے سیکھ سکتے ہیں، ایک ذرہ برابر ہمدردی نہیں ہوتی، کتنا بھی بڑا ڈاکٹر ہو جائے، بڑا انجینئر بن جائے، وکیل بن جائے بھائی دانہ دانہ کا محتاج ہو جائے مگر نئی تہذیب کے دلدادہ اس کی مدد اس کا غم کبھی نہیں کریں گے۔

## چھوٹوں کا ادب اور تربیت کا طریقہ

اور اپنے سے چھوٹے کا ادب یہ ہے کہ اس پر شفقت کرو، اس کی خیر خواہی کرو، مطلب یہ نہیں ہے چھوٹا کہے مجھے سینما دکھلاؤ بس اس کی شفقت سمجھ کر دکھا دو، اس کی خیر خواہی یہ ہے کہ اسے سمجھاؤ، یہ سمجھانا شفقت ہے اس لئے کہ یہاں بچپن سے

بری عادتیں پڑتی ہیں' بڑے ان کو نہیں روکتے' پھر وہ بچے بڑے ہو کر کیسے چھوڑ دیں' ان کے ذہن نشین ہی نہیں کیا کسی نے کہ برائی کیا ہے؟ بھلائی کیا ہے؟ ماں باپ بچے کے خوش لباس' خوش خوراکی پر تو نظر رکھتے ہیں مگر اخلاقی مرض اس کے وہیں سے پیدا ہوتے ہیں اس کو سنوارا نہیں جاتا بعض لوگ مار پیٹ سے بچہ کو سدھارتے ہیں' جو مار پیٹ سے کسی کام پر لایا جاتا ہے' وہ مار پیٹ سے نکلتے ہی ساری برائیاں دوگنی چوگنی کر لیتا ہے اور سمجھا کر بچہ کو راضی کرنا کچھ مشکل نہیں' بس اس کے آگے اپنا ماحول بنا کر پیش کر دو' اپنی بیوی اپنے بھائی بہن کی حالت درست ہو تو اولاد گھر میں خالص دینی ہو گی جب تم ہی نماز نہیں پڑھو گے تو بچہ کا ذہن کیسے اس طرف آئے گا۔ دین کوئی مشکل نہیں ہے' اور یہ کسی خوف سے نہیں آتا' نرمی سے بچہ کو بتاؤ گے بچہ کبھی برے راستے پر نہیں چلے گا' ماں باپ کو جھوٹ بولتا دیکھ کر بچہ جھوٹ بولنا سیکھتا ہے ورنہ اسے جھوٹ کہاں سے آئے۔ لہٰذا بچوں کا ادب یہ ہے کہ ان کی اخلاقی تربیت کی جائے۔

## عارفین کا ادب

عارفین کا ادب یہ ہے کہ ان کے سامنے سر خم رکھو' زاہدین عابدین دنیا میں بہت ہیں عارفین کم ملتے ہیں' اللہ تعالیٰ کسی کو عارف کی محبت عطا کر دے' اسکا دامن پکڑ لو' اس کے خلاف کوئی بات نہ کرو' اس کی مخالفت سے اس کو تکدر ہو گا اور تکدر اس کا گویا اللہ کی ناراضگی لینا ہے۔

## ہر مسلمان کا ادب

ہر مسلمان کی خیر خواہی کرنا یہ ادب ہے عام انسانوں کا۔

## نفس کا ادب

نفس کا بھی ادب ہے' وہ یہ کہ اس کے چاہنے کے خلاف کرو مگر نفس کے

ایک تو حقوق ہیں جن پر زندگی کا دارومدار ہے مثلاً کھانا' سونا' چلنا' کمانا' خرچ کرنا۔ اور ایک نفس کے حظوظ ہیں کہ بغیراس کے کھانا نہ کھائے گا' بغیراس کے لذت نہ آئے گی' تو حقوق نفس ادا کرو اور حظوظ کی پرواہ نہ کرو بلکہ نفس کی مخالفت کرو۔

## شیطان کا ادب

اور شیطان کا بھی ادب ہے وہ یہ کہ اس سے دشمنی اور عداوت کرتے رہو' یہی اس کا ادب ہے' شیطان اور اس کے بھائی کفار و مشرکین عدواللہ ہیں ان سے عداوت رکھو' آج اپنے بھائی سے عداوت ہے مشرکین سے دوستی یہ کہاں کا انصاف ہے؟

## ناشکری کا وبال

فرمایا اللہ کی نعمت کا شکر ادا نہ کرنا سلب نعمت کا سبب ہوتا ہے۔ فرمایا الحمدللہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جن پر نہ خوف ہو گا نہ وہ غمگین ہوں گے۔ فرمایا اللہ جب کسی بندہ کو کوئی نعمت عطا فرماتے ہیں پھر واپس نہیں لیتے' وہ ذات کریم ہے اور جس سے واپس لے لی گئی سمجھ لو اس کو نعمت ملی ہی نہیں تھی دھوکہ ہوا تھا' کسی کو دین سے رغبت ہوئی اور پھر وہ پلٹ گیا تو سمجھ لو کہ دین کی نعمت کا دھوکہ تھا' اس کو ملی ہی نہیں تھی اور معلوم ہوا کہ جس نعمت کے ساتھ شکر کی توفیق نہ ہو وہ نعمت کا دھوکہ ہے نعمت نہیں ہے نعمت کا شکر یہ ہے کہ اس کی قدر و منزلت پہچانے تو چھوٹی نعمت کو چھوٹا نہ سمجھو' ایک چنے کا دانہ کتنی بڑی نعمت ہے بظاہر وہ بے حقیقت ہے مگر غور کرو اس ایک دانہ کے پیدا ہونے میں آسمان' زمین' چاند' سورج' بارش' بادل سب اس کام میں لگے' چھ ماہ میں جانور انسان تمام مخلوق نے اس پر محنت کی جب یہ دانہ تیار ہو کر تمہارے پاس آیا ہے۔ اپنے اعضاء پر غور کرو کیا کیا نعمتیں ملی ہیں؟ الحمدللہ کہنا صرف زبان کا شکر ہے اللہ کی نعمت کا صحیح شکر یہ ہے کہ اس نعمت سے اللہ کی نافرمانی کا کام نہ لے' مثلاً اللہ نے مال دیا ہے تو ناجائز کاموں میں نہ لگائے' جائز کام میں لگائے

یہی شکر ہے 'اسی طرح اولاد ایک نعمت ہے ایسی تعلیم نہ دے اس کو جس سے وہ خدا کی نافرمانی کے راستہ پر چلے یہ ناشکری ہوگی اولاد کی نعمت کی۔اس کو نیک تعلیم دینا اس کی نعمت کا شکر ادا کرنا ہے 'اللہ پر نظر رکھیں یہ اس کا شکر ہے کسی کو علم دیا اس سے جھگڑے فساد کا کام نہ لے جیسا کہ آج عام واعظین کا حال ہے۔یہ وبال ہے علم کا' اور اس کا شکر یہ ہے کہ اللہ کو پہچانے اس کی رضا حاصل کرے 'اس کے حقوق ادا کرے اس کا شکر یہ ہے کہ دل اپنے منعم کے ساتھ ادب کے ساتھ ڈرتا رہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ اس کی اطاعت کی جائے اس کی نافرمانی سے بچا جائے۔ منعم پر نظر کرے نعمت پر نظر نہ کرے 'اس کی کتنی بڑی شان ہے۔یہ نہ سمجھے کہ میرے پاس یہ کمال ہے بلکہ سمجھے کہ یہ اس کی عطا ہے۔

# چند ارشادات

## ادب کی حقیقت

فرمایا تعظیم کا نام ادب نہیں 'ادب نام ہے راحت رسانی کا 'استادوں کا ادب واحترام نہ کرنے کی وجہ سے علم میں سے خیروبرکت اٹھ جاتی ہے۔عادۃ اللہ یہی ہے کہ استاد خوش راضی نہ ہو تو علم نہیں آسکتا۔

## ادب کا مدار

فرمایا ادب کا مدار اس پر ہے کہ ایذا نہ ہو۔

## علم نافع حاصل کرنے کے دوگر

فرمایا ادب اور تقویٰ کو زیادہ دخل ہے 'استفادۂ علم میں۔

مجلس ۵۶:

# رجوع الی اللہ

انسان اس دنیا میں آتا ہے تو سننے، دیکھنے، سوچنے، سمجھنے اور چلنے پھرنے اور انسانی مقدور کا ہر کام کرنے کی قوتیں، اس کے وجود میں سموئی ہوئی آتی ہیں مگر وہ اس وقت ہر چیز سے خالی ہاتھ نظر آتا ہے۔

"و اللہ اَخرَجَکُمْ مِنْ بطُو نِ اُمَّھَاتِکُمْ لا تَعْلَمُو نَ شَیْأً

(۷۸ النحل ۱۶)

(اللہ نے تمہیں شکم مادر سے ایسا نکالا کہ تم کچھ نہ جانتے تھے)

پھر آہستہ آہستہ ان قوتوں کو ظہور ٹھیک اس کی ضرورتوں کے پیمانے پر ہوتا ہے۔ سب سے پہلا ہنر جو وہ سیکھتا ہے اس کا رونا ہے اسے بھوک لگتی ہے تو رو دیتا ہے اسے سردی گرمی ستاتی ہے تو رو دیتا ہے اسے کوئی دکھ درد پیش آتا ہے تو رونے لگتا ہے۔ یہی رونا اس کا سرمایہ زندگی ہے اس کے ذریعہ اس کے سب کام نکلتے ہیں۔ قدرت نے ماں اور باپ کے دلوں میں ایک غیر اختیاری تڑپ اس بے شعور کمزور بچے کی طرف ایسی لگا رکھی ہے کہ ان کے کان اس کی آواز پر لگے رہتے ہیں ان کی نگاہیں اس کے چہرے کی طرف متوجہ رہتی ہیں وہ اس کا رونا سن کر اپنی عقل اور تجربے سے اسکے رونے کا سبب دریافت کر کے اس کی بھوک پیاس درد دکھ درد کا علاج کرتے ہیں وہ زبان سے نہیں کہتا کہ مجھے دودھ چاہئے یا سردی سے بچنے کیلئے گرم کپڑا چاہئے۔

آہستہ آہستہ وہ سننے، دیکھنے بولنے کا ہنر سیکھتا ہے پھر اٹھنے بیٹھنے، چلنے پھرنے کے بیشمار مراحل سے گزرتا ہوا اتنے ہنر سیکھ لیتا ہے جن سے اس کی موجودہ زندگی کی

ضروریات وابستہ ہیں۔اب روز بروز اس کی ضروریات بڑھتی ہیں اور اسی پیمانے پر اس کی ہوش و عقل اور شنوائی و گویائی اور میدان زندگی میں دوڑ دھوپ کی طاقتیں بڑھتی رہتی ہیں، وہ بچپن کے گہوارے سے گھر میں اور پھر کوچہ و بازار میں چلنے پھرنے لگتا ہے۔

اب اس کے ماں باپ اس کی جسمانی غذا اور نشو نما کے سامان کے ساتھ روحانی غذا اور ذہنی نشو نما کا سامان بھی مہیا کرتے ہیں جس کے لئے وہ تعلیم گاہوں اور استادوں کے سپرد ہوتا ہے۔

ابھی تک یہ اپنے بھلے برے کو نہیں جانتا، اس کا ذہن اپنے ماضی و مستقبل سے بے نیاز ہے اس کی ساری ضرورتیں دوسروں کے کندھے پر ہیں۔

طفلی و آغوش مادر خوش بہارے بودہ است
تا بپائے خودرواں گشیتم سرگرداں شدیم

لیکن اب یہ دور ختم ہوتا ہے، ایک طرف جسمانی طاقتیں ترقی کر کے جوانی کی امنگوں میں تبدیل ہوتی ہیں۔کھیل کھلونے کی جگہ زیب و زینت کی خواہش لے لیتی ہے۔ "انما الحیوۃ الدنیا لھو ولعب و زینۃ" (دنیا کی زندگی کھیل کود ہے اور زینت) لیکن اس کے ساتھ ہی عقل و ہوش کی توانائی تعلیم و تربیت کے سائے میں پروان چڑھتی ہے کچھ ذمہ داریاں اس پر عائد ہوتی ہیں جو اس کی آزاد خواہشات کے لئے زنجیر پا بن جاتی ہیں۔

اسیر پنجہ عہد شباب کر کے مجھے کہاں گیا مرا بچپن خراب کر کے مجھے

اب یہ دیکھنے کے قابل جوان ہے، ہر علم و فن اور صنعت و ہنر کی قابلیت کا حامل ہے کھلونوں اور گھروندوں کے بجائے اچھے مکان، اچھے لباس، بلند سوسائٹی کی فکر ہے، پچھلے دور طفولیت میں جن چیزوں کو اپنی زندگی کا مایہ ناز سمجھتا اور اس کے حاصل ہونے پر بے حد مسرور بلکہ مغرور ہو جایا کرتا تھا اب ان چیزوں سے اس کو وحشت ہے، گھن آتا ہے ان میں مشغول ہونے والوں کی بے عقلی پر ہنستا ہے، اب اس کی مستور طاقتوں نے پر پرزے نکالے ہیں، اس کی دوڑ دھوپ کیلئے عرصہ زمین بھی تنگ ہو رہا ہے، وہ ہوا و فضا میں تیرتا ہے اس کو چاند اور مریخ پر پہنچنے کی فکر ہے۔

مال و دولت کی بہتات اور اقتدار کی ہوس نے وہ نشہ پلایا ہے کہ راحت و آرام جو قلبی سکون سے وابستہ ہے یہ مسکین اس کے مفہوم سے بھی نا آشنا ہو گیا ہے۔

منتشر رہنے میں پانے لگے آرام حواس
شوق مجموعہ ہوش خرد افزا نہ رہا!

غرض دنیا میں پھیلا ، چمکا، گرجا اور برسا، مگر جوں جوں اس میدان میں بڑھتا گیا تو اسے یہی نظر آتا گیا کہ ”ستاروں سے آگے جہاں اور بھی ہیں“۔ ہوس کا میدان بے حد و بے انتہا اور توانائی کامل مکمل ہو کر بھی محدود۔ سارے سامان عیش و عشرت ، کوٹھی ، بنگلے مل اور کارخانے ، بینک بیلنس اور مال و دولت کی فراوانی سب کچھ حاصل ہے ، مگر اس کے قلب کو سکون نہیں اس کی نگاہیں ھل من مزید کی فکر میں لگی ہوئی ہیں ، ابھی اس مسکین کو یہ خبر نہیں کہ اس کی یہ بے پناہ پیاس کبھی بجھنے والی نہیں۔

کار دنیا کسے تمام نہ کرد
انچہ گیرید مختصر گیرید

آخر اسی بھول بھلیاں میں دور شباب ختم ہونے لگتا ہے جوانی کی ترنگیں سرد ہونے لگتی ہیں۔ بیماریاں لگ جاتی ہیں ، کھانا ہضم نہیں ہوتا ، رات کو نیند نہیں آتی۔ انتہائی محبوب چیزیں اب نظروں میں مبغوض ہونے لگتی ہیں۔

ومن صحب الدنيا طويلا تقلبت
علي عينه حتي يري صدقها كذبا

جو شخص دنیا میں زیادہ رہا بسا تو دنیا اس کی آنکھوں کے سامنے ہی پلٹ جاتی ہے یہاں تک کہ اس کے اچھے کو برا سمجھنے لگتا ہے لیکن اس کے باوجود ہوس اس کا پیچھا نہیں چھوڑتی وہ عشرت کدوں کے قابل نہیں رہا مگر دل میں وہی ہوس چٹکیاں لیتی رہتی ہے۔

تن پیر گشت و آرزدی دل جواں ہنوز

حکیم الحکماء ﷺ نے سچ فرمایا يَشِيبُ ابْنُ آدَمَ وَيَشِبُّ فِيهِ خَصْلَتَانِ

یث یعنی انسان بوڑھا ہو جاتا ہے مگر اس کی دو خصلتیں جوان رہتی ہیں ایک مال کی محبت دوسرے جاہ واقتدار کی خواہش۔

اور پھر فرمایا

”ولا یملأ جَوْفَ ابنِ آدَمَ الا التُّرابُ۔“

یعنی آدم کے بیٹے کا پیٹ قبر کی مٹی کے سوا کوئی چیز نہیں بھر سکتی

آں شنیدستی کہ در صحرائی غور
رخت سالارے فتادہ از ستور
گفت چشم تنگ دنیا داررا
یا قناعت پر کند یا خاک گور

بہرحال اب قویٰ کا انحطاط آگیا ہاتھ پاؤں کی طاقت جواب دے رہی ہے شنوائی اور

اگر چشم وگوش ست گردست وپائے
زمن باز مانند یک یک بجائے

اب مال و دولت کا مصرف خلوت کدہ کا عشوہ وناز لذیذ غذائیں، رنگ برنگ کے کھانے اور ناشتے نہیں رہے بلکہ ڈاکٹر اور ان کی لیبارٹریاں رہ گئی ہیں۔

ہر عضو کے اسپیشلسٹ ڈاکٹر موجود ہیں ایکسرے اور ایکسرے بین کی بہترین مشینیں موجود ہیں، صبح شام ہر عضو کا جائزہ لیا جارہا ہے، مشرق ومغرب سے دوائیں اور غذائیں آرہی ہیں ہر ہر عضو کی سلامتی کی بے مثال تدبیریں کی جارہی ہیں۔

مگر سرکار کو چند تولے کلیجی کا پانی بھی اب ہضم نہیں ہوتا نیند نہ آنے کی شکایت ہے خواب آور گولیاں موجود ہیں مگر اب وہ بھی کام نہیں کرتیں، احباب حشم اور خدم کا جھرمٹ بھی کھڑا ہے۔ ڈاکٹر بھی مشغول تدبیر ہیں مگر سرکار جس منزل کی طرف جا رہے ہیں وہ قریب سے قریب تر ہوتی جارہی ہے وہ کسی مذہب مشرب سے تعلق رکھتے ہوں، کوئی نظریہ وفلسفہ رکھتے ہوں سائنس کی انتہائی معراج کو پہنچے ہوئے ہوں، مگر جو منزل سامنے آرہی ہے اس سے کسی کو نہ انکار ہو سکتا ہے، نہ اس سے فرار ممکن

ہے۔ آخر وقت آگیا اور منزل بعید آپہنچی۔

صد شکر کہ پہنچا ہے لب گور جنازہ
لو بحر محبت کا کنارہ نظر آیا

زندگی کا یہ دور بھی ختم ہوا اور اب ٹھیک اسی طرح کہ بچپن کی مرغوبات جوانی کے دور میں مضحکہ خیز نظر آتے تھے اس نئے دور میں پہنچ کر جوانی اور بڑھاپے کے سارے مرغوبات مبغوض و متروک اور مضحکہ خیز بن گئے ہیں اور اب ایک بالکل نئے سفر کا آغاز ہے۔

ازل سے پھرتے پھرتے گور تک پہنچا ہوں مشکل سے
مسافر ہوں کہاں جانا ہے ناواقف ہوں منزل سے

## غیر اختیاری رجوع الی اللہ

جو ہر پیدا ہونے والے اور زمین پر چلنے والے کے لئے ناگزیر اور ناقابل انکار ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ انسان سمجھے یا نہ سمجھے اور مانے یا نہ مانے مگر یہ حقیقت اس کے سامنے آکر رہتی ہے کہ وہ ایک دائم السفر مسافر ہے' دنیا کی ساری زندگی اسی سفر کے مراحل تھے وہ بچپن سے لیکر بڑھاپے اور موت تک ہر گھڑی اور ہر آن سفر میں تھا۔ وہ وطن میں اور اپنے گھر میں بیٹھا ہوا بھی سفر کی منزلیں طے کر رہا تھا اس کا ہر سانس اس کے سفر کا ایک قدم تھا۔

ہے دم کی آمد رفتار اپنی سالک
طے کر رہے ہیں رستہ بیٹھے ہوئے فنا کا

وہ کھانے پینے۔ سونے جاگنے کے ہر حال میں اس منزل کی طرف چل رہا تھا جہاں پہنچ کر اب وہ بظاہر محو خواب نظر آتا ہے۔

رہا مرنے کی تیاری میں مصروف
مرا کام اور اس دنیا میں تھا کیا

ہر انسان کے لئے یہاں تک کا سفر آنکھوں سے نظر آتا ہے جس سے نہ کوئی بڑے سے بڑا صاحب اقتدار بادشاہ وامیر مستثنی ہے نہ کوئی بڑے سے بڑا رسول پیغمبر'

اور یہ بھی ہرانسان کا آنکھوں دیکھا حال ہے کہ وہ جس طرح دنیا میں ہر چیز سے خالی آیا تھا اسی طرح تہی دست رخصت ہوتا ہے۔

"وَلَقَدْ جِئْتُمُونَا فُرَادَىٰ كَمَا خَلَقْنَاكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ وَتَرَكْتُم مَّا خَوَّلْنَاكُمْ وَرَاءَ ظُهُورِكُمْ." (تم ہمارے پاس اکیلے ہی آئے جیسا کہ اول تمہیں اکیلا پیدا کیا تھا اور دنیا کی جو چیزیں تمہیں دی گئی تھیں وہ وہیں چھوڑ آئے)۔ (۹۴ لانعام ٦)

## اگلی منزل

وَاتَّقُوا يَوْمًا تُرْجَعُونَ فِيهِ إِلَى اللَّهِ."

(ڈرو اس دن سے جس میں تم اللہ کی طرف لوٹ کر جاؤ گے) (لبقرة ۲۸۱)

یہاں تک تو وہ ناقابل انکار سفر تھا جس پر دنیا کا ہر مذہب و مشرب اور ہر نظریہ وفلسفہ متفق ہے۔ مگر غور کرو تو انسان کا حال اپنے ہر دور میں یہ رہا ہے کہ وہ جس دور میں ہوتا ہے اس میں ایسا مگن رہتا ہے کہ وہ بعد میں آنے والے ہر دور سے جاہل یا بے خبر بلکہ عملاً منکر نظر آتا ہے۔ جس طرح شکم مادر میں وہ اسی جگہ کو اپنا جائے قرار اور اسی گندی غذا کو اپنی دائمی غذا سمجھ کر مطمئن و مسرور تھا اگر وہاں اس کو بتلایا جاتا کہ تجھے اتنے بڑے مکان اور زمین میں جانا ہے 'اور ایسی ایسی غذائیں اور ہوائیں ملنا ہیں جو دنیا میں موجود ہیں' تو ظاہر ہے کہ اس کے پاس ان سب چیزوں کے انکار اور ناقابل تصور ہونے کے سوا کوئی جواب نہ تھا۔ پھر بچپن کے دور میں جو چیزیں اس کے زیر استعمال رہیں اور جو اس کی ضروریات زندگی تھیں اگر اس کو بتلا دیا جاتا کہ آنے والے دور میں اس سے بڑا میدان اور اس سے بہتر غذائیں اور سامان ملے گا تو وہ اس سے بھی ایسا ہی بے خبر اور منکر ہو گا جیسے شکم مادر میں اس موجودہ دور کی چیزوں سے جاہل وغافل تھا۔ اسی طرح جب وہ اس دور میں قدم رکھ کر ان تمام چیزوں سے آشنا ہو گا مگر ابھی جوانی کی خصوصیات سے بے خبر ہے اس وقت اس کو اگر کوئی اگلے دور میں ملنے والی عیش وعشرت اور حسن وجمال کے کرشمے اس کو پیش کرے تو وہ ان کو

بھی سمجھنے اور ماننے سے ایسا ہی قاصر ہوگا جیسے پچھلے ہر دور میں اگلے دور کی چیزوں سے رہتا چلا آیا ہے۔ لیکن جب وہ دور اپنے سازوسامان کے ساتھ اپنے سامنے آگیا تو سب چیزوں کا یقین آجاتا ہے۔

اب زندگی کے یہ سارے دور ختم ہوکر بڑھاپے اور موت کے بعد کیا ہونا ہے۔ مٹی ہوکر معاملہ ختم ہوگیا' یا آگے بھی کچھ اور ہے؟

اس وقت یہ سوال جس شخص کے سامنے ہے وہ کوئی شیر خوار بچہ نہیں کوئی کھیل کھلونوں میں بسر کرنے والا لڑکا نہیں وہ عقل وہوش اور علم وفضل والا دانشمند ہے۔

مگر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ جس طرح اس کے عقل وہوش اور علم ومعلومات ابتداء ولادت سے تدریجی ترقی ہوکر یہاں تک پہنچے ہیں اب بھی اس کے عقل وہوش صرف اپنے موجودہ دور ہی کے معلومات تک محدود ہیں موت کے بعد آنے والے دور سے وہ اب بھی ایسے ہی بے خبر ہیں جیسے تمام پچھلے ادوار زندگی میں آنے والے دور سے بے خبر تھے اور اس کے معاملے میں اس کے عقل وہوش اب بھی بالغ نہیں ہوئے۔

خلق اطفالند جز مرد خدا

نیست بالغ جز رہیدہ از ہوا

اور مومن کے بعد کا یہ آخری دور پچھلے دور سے اس لحاظ سے بھی ممتاز ہے کہ پچھلے ہر دور میں آنے والے دور سے بے خبری یا اس کا انکار اس کو آنے والے دور کی نعمتوں اور راحتوں سے محروم کرنے والا نہ تھا وہ نعمتیں اس دور میں پہنچ کر بہرحال اس کو مل جاتی تھیں مگر یہ آخری دور ایسا نہیں' یہ انسانی سفر کی آخری منزل ہے یہاں پہنچ کر یا ہمیشہ کا آرام وراحت ہے یا ہمیشہ کی تکلیف ومصیبت۔ اس دور کی تمام راحتیں اس سے پہلے ادوار زندگی میں کچھ کام کرنے پر موقوف ہیں' جو اس دور زندگی سے ناآشنا یا منکر ہو تو ظاہر ہے کہ وہ اس کے لئے کوئی کام بھی نہ کرے گا اور اس کے نتیجہ میں نہ صرف یہ کہ آنے والے دور کی نعمتوں راحتوں سے محروم ہوگا بلکہ ناقابل برداشت مصائب اور آلام سے سابقہ پڑے گا۔

اس لئے انسان کے پیدا کرنے والے مالک اور پالنے والے رحیم وکریم نے اس آخری منزل کے حالات سے واقف کرنے اور اس منزل کے لئے مفید اور مضر چیزوں سے آگاہ کرنے کے لئے اپنے انبیاء بھیجے اپنی کتابیں نازل فرمائیں جو عہد آدم علیہ السلام سے لیکر خاتم الانبیاء کے عہد تک مختلف خطوں، مختلف زبانوں، مختلف زمانوں میں ہونے کے باوجود یک زبان ہو کر اس کے داعی بنے کہ وہ انسانوں کو بتلائیں کہ تیرا سفر موت پر ختم نہیں ہو جاتا یہ تیری آخری منزل نہیں، موت کے بعد ایک دوسری زندگی اور دوسرا عالم آنے والا ہے جس میں دنیا کی زندگی کے ہر اچھے برے کام کا حساب ہوگا اور اس پر جزاء وسزا ہوگی اچھے اور برے کاموں کی تشریح بھی انہیں حضرات انبیاء نے کھول کھول کر بیان کر دی اور پھر قدم قدم پر انسان کو اس پر متنبہ کیا کہ وہ دنیا کی چہل پہل میں لگ کر کہیں، اس آخری منزل اور آخری دن کو نہ بھول جائے۔

همه اندر زمن ترازین ست
که تو طفلی دخانه رنگین ست

قرآن حکیم نے اس مضمون کو بار بار دہرایا کہیں ارشاد فرمایا

| | |
|---|---|
| وَاتَّقُوا یَوْمًا تُرْجَعُوْنَ فِیْهِ اِلَی اللهِ ثُمَّ تُوَفّٰی کُلُّ نَفْسٍ بِمَا کَسَبَتْ وَهُمْ لَا یُظْلَمُوْنَ. | اور اس دن سے ڈرو جس میں تم اللہ کے پاس واپس جاؤ گے، پھر ہر انسان کو پورا پورا دیا جائے گا وہ جو اس نے کیا تھا اور ان پر ظلم نہ ہوگا۔ |

اور کہیں فرمایا

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّکُمْ وَاخْشَوْا یَوْمًا لَّا یَجْزِیْ وَالِدٌ عَنْ وَّلَدِهٖ وَلَا مَوْلُوْدٌ هُوَ جَازٍ عَنْ وَّالِدِهٖ شَیْئًا. | اے لوگو اپنے پروردگار سے ڈرو اور اس دن سے ڈرو جس میں باپ اپنے بیٹے کا بدلہ نہ دے سکے گا، اور نہ بیٹا اپنے باپ کا بدلہ بن سکے گا۔ |

اور فرمایا

وَلۡتَنۡظُرۡ نَفۡسٌ مَّا قَدَّمَتۡ لِغَدۡ — اور انسان دیکھے کہ اس نے کل کے لئے کیا آگے بھیجا ہے۔

غرض سارا قرآن کریم اس تعلیم وتلقین اور وعظ و تنبیہ سے بھرا ہوا ہے' اسی طرح رسول کریم ﷺ نے اپنے ہر قول وعمل سے اسی دن کی تیاری پر آمادہ فرمایا ہے۔

سعید ہیں وہ روحین جو اپنے غیراختیاری رجوع الی اللہ کی ساتھ اختیاری طور پر دل سے اللہ جل شانہ کی طرف رجوع ہوں اور کسی وقت اس کی یاد سے غافل نہ ہوں کہ درحقیقت دنیا و آخرت میں قلب وروح کا سکون صرف اسی سے حاصل ہو سکتا ہے۔

أَلَا بِذِكۡرِ اللهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ — خبردار صرف اللہ کی یاد سے ہی دلوں کا اطمینان حاصل ہو سکتا ہے

ایک حدیث میں ارشاد ہے

لَا تَزَالُ قَدَمَا ابۡنِ آدَمَ حَتّٰي يُسأَلَ عَنۡ خَمۡسٍ عَنۡ عُمۡرِهٖ فِيۡمَا افۡنَاهُ وَعَنۡ شَبَابِهٖ فِيۡمَا ابۡلَاءُ وَعَنۡ مَالِهٖ مِنۡ اَيۡنَ اكۡتَسَبَهُ وَاَيۡنَ اَنۡفَقَهُ وَعَنۡ عِلۡمِهٖ مَاذَا عَمِلَ بِهٖ۔ — ابن آدم کے قدم اس وقت تک زائل نہ ہوں گے جب تک اس سے پانچ چیزوں کا سوال نہ ہو جائے ایک اس کی عمر کا کہ کاہے میں فنا کی' اور اس کی جوانی کا کہ اسے کس چیز میں بوڑھا کیا اور اس کے مال کا کہ کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا؟ اور اس کے علم کا کہ اس پر کیا عمل کیا۔

اس حدیث میں آنے والی منزل میں جو امتحان ہونے والا ہے اس کا پرچہ سوالات خود (آؤٹ) ظاہر کر دیا ہے۔ بڑا محروم وبدنصیب ہے وہ شخص جو اس امتحان کی تیاری نہ کر پائے۔

## اختیاری رجوع الی اللہ

رجوع الی اللہ جو اس مقالہ کا عنوان ہے اس کا ایک پہلو تو وہ ہے جو ابھی بیان ہوا کہ کوئی انسان جانے یا نہ جانے اور مانے یا نہ مانے وہ بہرحال ہر وقت ہر آن اللہ

کی طرف لوٹنے اور سفر کرنے میں مشغول ہے اور اس کا یہ سفر موت پر نہیں بلکہ قیامت کے حساب و کتاب پر ختم ہو گا۔

اس کا دوسرا پہلو جو مقالہ کا مقصود الذکر ہے وہ یہ ہے کہ انسان اپنے موجودہ ادوار زندگی میں اپنے اس غیر اختیاری رجوع کو جانے اور پہچانے اور صرف بدن سے نہیں بلکہ دل سے اللہ کی طرف رجوع ہو' وہ اس کا یقین کرے کہ میں ہر وقت ہر حال میں اللہ تعالیٰ کے سامنے ہوں وہ میرے تمام کھلے اور چھپے اعمال و افعال سے میرے دل میں آنے والے خیالات سے پورا پورا واقف ہے۔

اللہ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے تم جہاں کہیں بھی ہو۔

سکون قلب مضطر ہے تری یاد
دواء درد دل اے چارہ گردے

مجلس ۵۷:

# اصلاح نفس کیلئے دو کام کی باتیں

## اصل ضرورت اصلاح نفس کی ہے

دین داری کے لئے بڑی ضرورت ہے اصلاح نفس کی آج لوگ اس کے لئے صرف اتنی کوشش کرتے ہیں کہ کسی بزرگ کے مرید بن جائیں لیکن یہ نہ سمجھئے کہ مرید ہونا مقصد نہیں بلکہ اصلاح نفس مقصد ہے۔اصل مقصد کو چھوڑ کر ذریعہ کے پیچھے پڑ جاتے ہیں حالانکہ پیر کے ہاتھ پر بیعت ہونا ذریعہ ہے۔اس مقصد کے حاصل کرنے کا اور یہ بھی ضروری نہیں کہ سب کو اسی ذریعہ سے اصلاح ملے شیخ امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ کسی شخص کو یہ معلوم کرنا ہو کہ اللہ تعالیٰ اس سے راضی ہیں یا ناراض ہیں تو وہ یہ دیکھے کہ دین اور دنیا کے کاموں سے جو وقت فراغت کا اس کو ملتا ہے اس وقت کو کن کاموں میں گزارتا ہے؟

## کامیابی حاصل کرنے کے دو گر

دنیا میں جتنے انسان ہیں اتنی ہی تعداد اللہ تک پہنچنے کے راستوں کی ہے یعنی اللہ تک پہنچنے کی بھی بیشمار راستے ہیں ہر شخص الگ الگ راستوں سے اللہ تک پہنچ سکتا ہے۔اس لئے یہ خیال نہ کرے کہ تصوف تو صرف خالی آدمیوں کا راستہ ہے ہر شخص اپنی محنت کے بقدر کامیاب ہو سکتا ہے۔ایک بزرگ کے پاس ایک طالب علم آیا اور کہا کہ حضرت میرے دل میں خواہش ہے کہ آپ کے ہاتھ پر بیعت کروں اور تصوف کی لذت حاصل کروں لیکن اس سے ڈرتا ہوں کہ تصوف کے راستے میں بڑے مجاہدے کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور میں اپنے اندر اس کی قوت نہیں پاتا اور نہ میرے پاس اتنا وقت ہے کہ مجاہدات کا راستہ اختیار کروں اس لئے کہ علم دین

حاصل کرنے میں مشغول ہوں اور اس سے فرصت نہیں پاتا بزرگ ہنسنے لگے اور فرمایا اچھا کوئی مشکل کام نہیں بتائیں گے دو جملے کہتا ہوں۔ اسی کو اپنالو کامیاب ہو جاؤ گے پہلی بات یہ کہ فضول باتوں سے بچو دوسرے یہ کہ تقویٰ اختیار کرو۔

دیکھا آپ نے ان دو جملوں میں ساری دنیا اور آخرت کی بھلائی پوشیدہ ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان غور کرے اور فضول باتوں سے بچے تو سارے گناہوں سے بچ جاتا ہے، مثلاً کہنے میں کوئی فضول بات نہ ہو، یعنی ہر بات کہنے میں یا تو دین کا کوئی فائدہ ہو یا دنیا کا کوئی فائدہ ہو تو بولے ورنہ فضول کلام نہ کرے۔ سننے میں ایسی مجلسوں میں بیٹھے جو کارآمد ہوں جن باتوں سے کوئی فائدہ نہ ہو وہ نہ سنے کھانے میں وہ چیز کھائے جس سے کوئی فائدہ ہو، فضول کھانے بھی چھوڑ دے ہر کام میں یہ دیکھے کہ اس میں کوئی فائدہ ہے یا نہیں جو کام بے فائدہ ہو اسے چھوڑ دے۔

## بیکار گفتگو سے بچیں

آج ہمارا بہت سا وقت محض اخبار پڑھنے یا بیکار کی گفتگو کرنے میں گذر جاتا ہے حالانکہ اخبار پڑھنا گناہ نہیں صرف خبریں دیکھنا ہو یا تجارتی کوئی مقصد ہو تو اخبار پڑھے بعض لوگوں کو اخبار دیکھنا بھی ایک بیماری کی طرف لازمی بن کر رہ گیا ہے اور بیکار گفتگو تو عام ہے جہاں دو چار آدمی جمع ہوں گے ادھر ادھر کی بے معنی گفتگو شروع ہو جائے گی جس میں یا تو کسی کی برائی بھلائی ہوگی یا محض وقت کا گزارنا ہو گا ایسے خالی وقت میں جب کوئی کام نہ ہو اپنے اوپر غور کرنے کی ضرورت ہے اور جس نے اپنے اوپر غور کیا اور سمجھ لیا کہ کل مالک یوم جزاء کے سامنے کھڑا ہونا ہے اس کے لئے میں نے کیا تیاری کی؟ تو نہ صرف بدگوئی اور برے اعمال سے بچے گا بلکہ آخرت کا کچھ سامان کر لے گا دوسری بات جس میں تقویٰ اختیار کرنے کو کہا ہے یہ تمام اعمال حسنہ کی جڑ ہے۔ فرائض وواجبات اختیار کرو ممنوع اور حرام چیزوں سے بچو، آخرت کی فکر کرو، خدا کا خوف کرو، یہی تقویٰ ہے۔ ہر انسان کی کامیابی کے لئے بس یہی دو جملے کافی ہیں یہ ایسے سبق ہیں کہ انسان پہلے دن سے لیکر آخر دم تک انہیں کو پکڑ کر صراط مستقیم پر چل سکتا ہے۔

## دو نعمتیں

حدیث شریف میں آتا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ دو چیزیں نعمت ہیں جن کی موجودگی میں انسان ان کی قدر نہیں کرتا اور ان نعمتوں کے جانے کے بعد ان کی قدر ہوتی ہے وہ ہیں صحت اور فراغت، صحت کی قدر جب ہوتی ہے جب بیماری آتی ہے اور فراغت کی قدر جب ہوتی ہے جب انسان عمل کے قابل نہیں رہتا اور دونوں کی قدر یہ ہے کہ محاسبہ کرے اپنے اعمال کا اور فکر کرے آخرت کی۔

## پانچ چیزوں کو پانچ چیزوں سے پہلے غنیمت سمجھو

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا پانچ چیزیں غنیمت سمجھو پانچ چیزوں سے پہلے۔ جوانی کو بڑھاپے سے پہلے۔ صحت کو بیماری سے پہلے۔ زندگی کو موت سے پہلے۔ غناء کو فقر سے پہلے اور فراغت کو مشغولیت سے پہلے جوانی کو اس لئے غنیمت فرمایا کہ جوانی میں انسان کے پاس قوت ہوتی ہے، ارادہ ہوتا ہے، طاقت ہوتی ہے ہر کام کر سکتا ہے، چنانچہ اس میں جتنے بھی نیک اعمال اکٹھے ہو سکیں کرے۔ پھر جب بڑھاپا آجاتا ہے تو ارادے بھی پست ہو جاتے ہیں اور قویٰ بھی جواب دیدیتے ہیں اگر چاہے تب بھی کوئی کام نہیں کر سکتا اور پھر افسوس کرتا ہے جوانی پر اور اس پر بھی اگر کوئی وقت مقرر کرلے یعنی یہ سمجھ لے کہ جوانی تو دس پندرہ سال رہے گی ابھی سے کیا فکریں کریں؟ تو صحت کا تو کوئی اعتبار نہیں ہر شخص کو کسی نہ کسی بیماری سے تو دوچار ہونا ہی پڑتا ہے اس وقت نیک اعمال کی طاقت کہاں ہوگی اس وقت تو صحت کے لئے ہی دعائیں مانگنی پڑتی ہیں اور اعمال کی طاقت کہاں؟ اور مشغولیت دراصل ایک عذاب ہے جس میں آج ہم مبتلا ہیں آج کا فیشن ہی ہمارے لئے مشغولیت کا عذاب بنا ہوا ہے آج کے نوجوانوں کو بننے اور سنورنے میں ہی گھنٹوں صرف ہو جاتے ہیں فضولیات کو ضروریات بنا چھوڑا ہے بلکہ اپنے اوپر لاد لیا ہے اکثر مجلسوں میں بات کام کی دس منٹ کی ہوتی ہے اس کا اہتمام اور فضولیات گھنٹوں کی ہوتی ہیں۔

## شریعت کی نظر میں مالدار

اور غنا کو اس وجہ سے غنیمت جانو کہ مال بھی چلتی پھرتی چھاؤں ہے آج ہے کل نہیں جو کرنسی آخرت کی خرید کر جمع کرا دو گے کل آخرت میں وہ جمع کیا ہوا مل جائے گا۔ آج ہم غنی اس کو سمجھتے ہیں جس کے پاس بہت دولت ہو' مل ہوں' موٹر ہوں بلکہ غنی ہر وہ شخص ہے جو شریعت کی رو سے صاحب نصاب ہو' حاصل یہ کہ پیسہ پر بھروسہ نہ کرے' نہ معلوم کب ختم ہو جائے اور یہ ساری چیزیں ایک دوسرے کے بعد آنی ضروری ہیں اب کوئی یہ کہے کہ فلاں شخص تو شروع سے مالدار تھا اور مرتے دم تک مالدار رہا اس پر فقر کب آیا تو سمجھو اس بات کو کہ آخر میں مرتے وقت تو اس سے سب مال چھن گیا اور فقیر ہو کر ہی دنیا سے رخصت ہوا کیا مال وہ لے گیا! اپنے ساتھ صرف وہ مال جس کو اپنے ہاتھوں سے اپنے لئے جمع کرا دیا وہی اس کے کام آئے گا۔

## اصل فقیر

آج ہم فقیر اس کو کہتے ہیں جس کے پاس مال نہ ہو' اللہ کے سچے نبی ﷺ نے فرمایا کہ فقیر وہ ہے جو دنیا سے جاتے وقت بہت اعمال اور نیکیاں ساتھ لے گیا لیکن حقوق کی پرواہ نہ کی اور قیامت میں جب میزان کا وقت آیا تو اس کے حقداروں نے اللہ پاک سے درخواست کی کہ ہمارے حقوق دلوائے جائیں' اب وہاں روپیہ پیسہ تو موجود نہ ہو گا چنانچہ حق تعالیٰ ارشاد فرمائیں گے کہ اس کی نمازیں لے لو۔ پھر بھی وہ لوگ آئیں گے جن کا اس نے حق مارا تھا' جن کی غیبت کی تھی اور ان کے حقوق کے بدلے میں اللہ پاک اس شخص کے روزے' نوافل' عمرے اور حج دلوائیں گے پھر وہ بالکل نیکیوں سے خالی ہو جائے گا۔ اور حق دار جب اور آئیں گے تو حکم ہو گا اب نیکیاں اس کے پاس ختم ہو گئیں اب اپنے گناہ اس پر ڈالدو اور وہ شخص جو نیکیوں کا انبار لیکر گیا تھا اب گناہوں سے لد جائے گا۔ فرمایا غریب وہ شخص ہے۔

## زندگی غنیمت ہے

اور زندگی کو غنیمت سمجھنا موت سے پہلے تو ظاہر ہے کہ یہ سارا عمل کا میدان زندگی میں ہی ہوگا اور آج تو وہ زندگی مشینی ہے ہر کام بٹن دبا کر مشین سے کیا جاتا ہے تو عزرائیل علیہ السلام کا کام بھی مشینی ہو گیا ہے چنانچہ موت بھی آج مشینی طور پر آتی ہے آدمی ابھی ابھی بات کر رہا ہے ابھی ابھی کام کر رہا ہے' ابھی ابھی سفر کر رہا ہے اور آن کی آن میں حرکت قلب بند ہو جاتی ہے' جب تک سانس ہے کچھ کر لو پھر تمنا رہ جائے گی کہ ہم کو بھی وقت ملتا تو اعمال کا ذخیرہ کر لیتے اور کچھ نہیں ہو سکتا تو اپنے خالی اوقات ہی کو ذکر الٰہی میں صرف کر دو' لایعنی باتوں ہی سے بچ جاؤ' آخرت کی فکر کرو' اللہ پاک ہم سب کو نیک اعمال کی توفیق عطا فرمائے۔

مجلس ۵۸:

# علماء دیوبند کی فنائیت اور دنیا سے بے رغبتی

ارشاد فرمایا کہ مکہ مکرمہ میں ایک رومی بزرگ "خلیل پاشا" نامی تھے پہلے ترکی سلطنت کی طرف سے ینبوع کے گورنر رہے اور پھر عہدہ چھوڑکر درویشی اختیار کرلی' ان کی درویشی کا بھی ایک خاص واقعہ یہ ہے کہ ان کے والد بڑے بزرگ اور کامل شیخ تھے 'مکہ مکرمہ میں مقیم تھے۔ حضرت حاجی صاحب قدس اللہ سرہ کی خدمت میں بھی کبھی کبھی حاضر ہوتے تھے 'ایک روز حضرت حاجی صاحب سے شکایت کی کہ میرا بیٹا دنیا دار ہوگیا ہے۔ حضرت نے فرمایا کہ غم نہ کرو' وہ بھی آپ جیسا ہی ہو جائے گا' چنانچہ تھوڑے عرصے میں خود بخود ان کا دل دنیا سے اٹھ گیا'گورنری چھوڑکر درویشی اختیار کرلی اور عبادت میں مشغول ہوگئے' میری ان سے کبھی ملاقات نہیں ہوئی تھی ایک رات خواب میں دیکھا کہ کوئی بزرگ مجھ سے کہتے ہیں کہ تم خلیل پاشا سے کیوں نہیں ملے؟ میں نے کہا کہ حضرت حاجی صاحب کے ہوتے ہوئے میں نے کسی بزرگ سے ملنے کی ضرورت نہیں سمجھی اور یہ مثال بھی خواب ہی میں بیان کی کہ مقصود بیت اللہ کے پاس حاضری ہے۔جو شخص ایک راستے سے وہاں پہنچ جائے 'اس کے ذمے نہیں کہ پھر لوٹ کر جائے اور دوسرے راستے سے پہنچے' وہ بزرگ خاموش ہوگئے۔

صبح کو میں نے وہ خواب حضرت حاجی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں پیش کیا تو فرمایا کہ ان کی زیارت ضرور کرو'میں نے کہا کہ اب حضرت کے حکم سے ضرور جاؤں گا' چنانچہ میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا تو خلیل پاشا نے فرمایا کہ میں تین زبانیں جانتا ہوں' ترکی' عربی' فارسی'اب میں آپ سے کس زبان میں بات کروں؟ میں نے عرض کیا کہ میں ترکی زبان کو نہ تو سمجھ سکتا ہوں' نہ بول سکتا ہوں' عربی کو سمجھ لیتا ہوں' بولنے کی عادت نہیں' فارسی کو سمجھ بھی لیتا ہوں اور بول بھی سکتا ہوں' انہوں نے بڑی بشاشت کیساتھ فارسی میں گفتگو فرمائی'بہت سی باتیں ہوئیں'ان میں سے

ایک یہ بھی تھی۔

خلیل پاشا نے فرمایا کہ میں عرب وعجم کے بہت سے علماء سے ملا ہوں، مگر ہندوستان کے علماء سے بہتر علماء کہیں نہیں پائے میں نے پوچھا کہ آپ نے ان میں کونسا ایسا وصف پایا ہے؟ فرمایا کہ وہ محبِّ دنیا نہیں، اخلاص کے ساتھ دین کی خدمت میں لگے ہیں۔

تشریح: بس حقیقت یہ ہے کہ یہ بات ہمارے اکابرین دارالعلوم کے طبقے میں مخصوص تھی جو دنیا کے علماء اور درویشوں میں سب سے زیادہ امتیاز اللہ تعالیٰ نے عطا فرمایا تھا، وہ یہ کہ سب کچھ ہونے کے باوجود اپنے آپ کو فنا کر دینا اور کچھ نہ سمجھنا اور دنیا کی محبت چھوڑ دینا اور خاص طور پر جاہ کی محبت چھوڑ دینا۔ اس لئے کہ مال کی محبت چھوڑنا تو آسان ہے لیکن جاہ کی محبت چھوٹ جائے آدمی کے دل میں اپنی بڑائی اور اس بڑائی کی محبت دل میں نہ رہے، یہ چیز صرف اپنے بزرگوں میں دیکھی، یہ بات کہیں اور نظر نہیں آئی۔

## حاجی صاحب کے سلسلہ کی علامت فنا ہے

ہمارے حضرت والا ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت حاجی امداد اللہ صاحب قدس اللہ سرہ کے متعلقین اور ان کے مریدین کو اللہ تعالیٰ نے خصوصیت سے یہ چیز عطا فرمائی ہے، یعنی فنا اس لئے ان کے اندر حب جاہ نہیں ہوتا اور جس میں یہ چیز نہیں تو سمجھ لو کہ اس کا اس سلسلے سے تعلق یا تو صحیح نہیں ہے یا وہ تعلق بہت کمزور ہے اور جو اس سلسلے سے صحیح طور پر وابستہ ہے اس کی سب سے پہلی علامت یہ ہے کہ اس میں تکبر نہیں ہو گا، تعلی نہیں ہوگی دعویٰ نہیں ہو گا، اپنے کو اونچا سمجھنے کا کہیں کوئی شائبہ نہیں ہو گا۔

## حضرت شیخ الہند کی فنائیت

واقعہ یاد آیا، دیوبند میں ایک شادی کی تقریب تھی اور وہ ایسی تقریب تھی جو

علماء کی شان کے خلاف سمجھی جاتی تھی حضرت شیخ الہند قدس اللہ سرہ بھی اس تقریب میں تشریف فرما تھے، کچھ لوگوں نے آکر حضرت شیخ الہند علیہ سے عرض کیا کہ یہ جو کچھ ہو رہا ہے، آپ اس کو روکتے نہیں؟ اس تقریب میں دوسرے بہت سے علماء بھی تھے جو سب کے سب حضرت شیخ الہند کے شاگرد تھے۔ چنانچہ آپ نے جواب میں فرمایا کہ اتنے بڑے بڑے علماء بیٹھے ہیں۔ جب یہ بولتے نہیں تو میں کیا بولوں۔ گویا کہ آپ اپنے آپ کو یہ سمجھتے تھے کہ میں کچھ نہیں ہوں، حالانکہ مسلم طور پر سب کے بڑے آپ ہی تھے۔

## فنائیت کا دوسرا عجیب واقعہ

مدینہ منورہ کے مہاجر اور میرے ایک ہم سبق دوست مولوی مغیث الدین یوپی کے رہنے والے تھے اور پھر وہ یہاں سے عراق چلے گئے ایک زمانہ دراز تک عراق میں رہے اور پھر وہاں سے مدینہ طیبہ ہجرت کرکے وہاں گمنامی کے ساتھ پڑ گئے۔ تیس پینتیس سال سے مدینہ طیبہ میں ہیں جب میں آخری مرتبہ مدینہ طیبہ حاضر ہوا تھا اس وقت وہ حیات تھے اور ان سے ملاقات ہوئی تھی۔ خدا کرے کہ اب بھی حیات ہوں ان کی عمر میری عمر جیسی تھی۔ انہوں نے مجھے دیوبند میں ایک واقعہ سنایا تھا لیکن وہ ایسا عجیب وغریب واقعہ تھا کہ مجھے یہ خیال ہوا کہ کہیں اس میں کوئی مبالغہ تو نہیں ہے میری یاد میں تو کوئی غلطی نہیں ہوگئی۔ چنانچہ اب کی مرتبہ جب مدینہ طیبہ میری حاضری ہوئی تو ان سے ملاقات کے وقت میں نے ان سے کہا کہ بھائی تمہاری روایت سے میں نے یہ واقعہ سنا تھا، میں آگے اس کو بیان کرتے ہوئے ڈرتا ہوں، اس لئے کہ مجھے اس میں شبہ ہوا ہے کہ کہیں غلطی تو نہیں ہوگئی، یا کوئی مبالغہ تو نہیں ہوگیا اس لئے وہ پورا واقعہ دوبارہ سنا دو، چنانچہ انہوں نے پھر وہ واقعہ سنایا۔

یہ مولانا معین الدین صاحب اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ ہے۔ جو اجمیر کے بہت بڑے عالم ہیں جن کا مدرسہ بھی مدرسہ معینیہ کے نام سے قائم ہے، اجمیر ہی کے رہنے والے تھے، بڑے علماء میں ان کا شمار ہوتا تھا مگر دیوبند کے بزرگوں سے ان کا کوئی تعلق نہیں رہا تھا اور ان کا تعلیم کا سلسلہ دوسرا تھا۔ ایک مرتبہ ان کو خیال ہوا کہ یہ

دیوبند کے مولوی دنیامیں بہت مشہور ہیں۔ چلو' ان کو دیکھ کر آئیں کہ کیسے ہوتے ہیں چنانچہ صرف اس مقصد کے لئے سفر کیا کہ دیوبند کے مولوی دیکھیں گے وہ کیسے ہوتے ہیں چنانچہ ریل گاڑی میں سفر کرکے دیوبند کے اسٹیشن پر پہنچ گئے۔اب کسی کو خبر نہیں کہ یہ آرہے ہیں اور نہ انہوں نے کبھی دیوبند دیکھا تھا۔ چنانچہ اپنا سامان اٹھا کر اسٹیشن سے باہر آگئے اور ایک تانگے والے سے کہا کہ بھائی' یہاں کا جو سب سے بڑا عالم ہو مجھے وہاں لے جاؤ۔ تانگے والے نے کہا کہ ایک صاحب دیوبند میں جو بڑے مولوی صاحب کہلاتے ہیں اسی نام سے مشہور ہیں ان کا مکان بھی اس نام سے مشہور ہے۔ یعنی بڑے مولوی صاحب کا مکان' انہوں نے فرمایا کہ بس مجھے انہی کے گھر پہنچا دو۔ وہ بڑے مولوی صاحب تھے حضرت شیخ الہند قدس اللہ سرہ۔

مجھے یاد ہے کہ بچپن میں ہم سب انہیں "بڑے مولوی صاحب" کہا کرتے تھے اس سے زیادہ لمبا چوڑا کوئی لقب نہیں تھا۔ دیوبند کے تانگے والے سب ان کو اسی نام سے جانتے تھے۔ جس کو جانا ہوتا بس وہ یہ کہہ دیتا کہ بڑے مولوی صاحب کے گھر پہنچا دو' اور مدرسے میں اسی نام سے جانے جاتے تھے نہ مولانا نہ شیخ وغیرہ کوئی دوسرا لقب نہیں تھا آج کل کے القاب کی حقیقت یہ ہے کہ جب ہم ہمارے اندر کچھ نہ رہا تو ہمارے القاب لمبے چوڑے ہوگئے۔

بہرحال! تانگہ والے نے ان کو "بڑے مولوی صاحب" کے گھر پہنچا دیا' یہ وہاں اتر گئے وہاں انہوں نے ایک شخص کو دیکھا کہ گرمی کی وجہ سے تہبند باندھے ہوئے کھڑا ہے اور کرتا اتارے ہوئے ہے ننگا بدن ہے وہ یہ سمجھے کہ یہ "بڑے مولوی صاحب" کا کوئی نوکر ہے' چنانچہ انہوں نے ان سے کہا کہ میرا یہ سامان رکھو اور بڑے مولوی صاحب کو میرے آنے کی اطلاع کر دو۔ میں ملنے کے لئے آیا ہوں۔ وہ خود حضرت شیخ الہند تھے۔ آپ سمجھ گئے۔ چنانچہ انہوں نے کہا کہ بہت اچھا آپ تشریف لائیے۔ چنانچہ ان کو اندر بٹھایا۔ گرمی کا زمانہ تھا۔ اس لئے پنکھا جھلنے کے لئے کھڑے ہوگئے اور ٹھنڈا پانی پلایا۔ انہوں نے پھر کہا کہ میں بڑے مولوی صاحب سے ملنے کے لئے آیا ہوں' ان کو اطلاع کر دو۔ جواب میں فرمایا کہ گرمی کا موسم ہے۔ آپ تھوڑا سا آرام فرمالیں۔ میں ابھی اطلاع کر دیتا ہوں۔ اب حضرت والا گھر کے اندر سے ٹھنڈا

پانی اور شربت لے کر آئے اور آکر فرمایا کہ ہاں بڑے مولوی صاحب کو اطلاع ہو گئی ہے انشاء اللہ آپ کی ان سے ملاقات ہو جائے گی۔ پھر جب کھانے کا وقت آیا تو کھانا خود لا کر کھلا دیا۔ جب کھانا بھی کھا لیا تو پھر پوچھا کہ بڑے مولوی صاحب کہاں ہیں؟ انہوں نے فرمایا کہ آپ فکر نہ کریں ملاقات ہو جائے گی۔

گرمی کا موسم تھا' اس لئے کھانا کھلا کر بستر پر لٹایا اور خود پنکھا جھلنا شروع کر دیا' وہ بیچارے تھکے ماندے تھے انہیں نیند آگئی' حضرت والا دوپہر بھر پنکھا جھلتے رہے' جب ظہر کی اذان ہوئی تو اس وقت ان کی آنکھ کھلی تو اب وہ بہت پریشان ہوئے اس لئے کہ ان کا ارادہ یہ تھا کہ بڑے مولوی صاحب سے ملاقات کر کے ظہر کے بعد کی گاڑی سے واپس ہو جائیں گے' اب وہ ناراض ہو گئے کہ تمہیں اتنی دیر سے کہہ رہے ہیں کہ بڑے مولوی صاحب کو خبر کر دو' تم نے ان کو اب تک اطلاع نہیں کی۔ مجھے تو اب واپس جانا ہے اب حضرت نے فرمایا کہ یہاں کوئی بڑے مولوی صاحب تو رہتے نہیں ہیں البتہ "بندہ محمود" تو میرا ہی نام ہے تب حقیقت کھلی اور وہ پیروں میں پڑ گئے' فرمایا کہ آپ نے غضب کر دیا' پہلے سے نہیں بتایا۔

بہرحال! پہلے پہل دیوبند کا ایک ہی مولوی دیکھا جو اس شان کا دیکھا! چنانچہ پھر عمر بھر یہ کہتے تھے کہ علماء دیوبند تو واقعی علماء دیوبند ہیں۔

## حضرت تھانوی کی فنائیت

حقیقت یہ ہے کہ علماء دیوبند کا جو خاص امتیاز تھا۔ وہ یہ تھا کہ اپنے آپ کو مٹانا' اپنے کو کچھ نہ سمجھنا۔ جب میں تھانہ بھون میں حاضر ہوا۔ حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو اللہ تعالیٰ نے ایک شان جلال اور ایک رعب اور وجاہت عطا فرمائی تھی' چہرہ مبارک بڑا وجیہ تھا اگر وہ اپنی وجاہت کو چھپانا بھی چاہیں تو نہیں چھپا سکتے۔ لیکن ان سب باتوں کے باوجود طالب علموں اور دوسرے لوگوں میں ملے جلے رہتے تھے ایک مرتبہ میں نے مغرب کے بعد آپ کو دیکھا کہ ایک صاحب کرتا اتارے ہوئے صرف پائجامہ پہنے ہوئے حوض کے پاس چٹائی پر لیٹے ہوئے ہیں میں ادھر ادھر گھوم رہا ہوں اور مجھے پتہ بھی نہیں کہ یہ حضرت والا لیٹے ہوئے ہیں اور پاس میں طلبہ بھی لیٹے ہوئے ہیں' بعد میں

پتہ چلا کہ حضرت لیٹے ہوئے ہیں' اس طرح ان حضرات کی خاص شان تھی' یہ چیز دنیا میں شاذونادر ہی ملتی ہے یہ خصوصی وصف اللہ تعالیٰ نے ان بزرگوں کو دیا تھا' افسوس! اب ہمارے پاس بزرگوں کی صحبت حاصل نہیں رہی' صرف مدرسے اور کتابیں رہ گئی ہیں۔اللہ تعالیٰ ہمارے اندر بھی یہ وصف پیدا فرمادے۔ آمین!

# فنائیت اور دنیا سے بے رغبتی سے متعلق چند ارشادات

## اپنی اصلاح کی فکر

چولہے میں ڈالو کمال کو اور مخلوق کی اصلاح کو بس یہ نیت کرو کہ مجھ سے اللہ تعالیٰ راضی ہو جائیں، کیسا کمال، کہاں کی مشیخت۔

## فنا کی حقیقت

فرمایا فنا کی حقیقت صرف اتنی ہے کہ اپنے ارادہ اور تجویز کو فنا کر دے، یعنی اپنے ارادہ اور تجویز کو ارادہ و تجویز حق کے تابع کر دے۔ اور فناء ارادہ سے مطلق ارادہ کا فناء کرنا مراد نہیں ہے، بلکہ اس ارادہ کا فنا کرنا مقصود ہے جو اللہ تعالیٰ کو ناپسند ہو یعنی جو ارادۂ حق کے خلاف اور تجویز حق کے مزاحم ہو۔

## طریق باطن کی تعریف

فرمایا طریق باطن ذوق وشوق کا نام نہیں، بلکہ مداومت ذکر اور اطاعت احکام اور ملکات باطنہ مثل توکل و رضاء و شکر وغیرہ کا نام ہے۔

## مقصود رضائے حق ہے

فرمایا جو کام کرو رضاء حق کے ساتھ کرو، ورنہ ترک کر دو۔ بقول حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کے کہ ثمرات مقصود نہیں، صرف رضاء حق مطلوب ہے، نہ مدرسہ مقصود ہے، نہ طلباء کی کثرت مطلوب ہے، نہ عمارت مقصود ہے، صرف رضاء حق مطلوب ہے، اگر رضاء حق کے ساتھ یہ کام چلتے رہیں تو چلاؤ اور حسب ہمت وطاقت

اس میں کام کرتے رہو، جو کام طاقت سے زیادہ ہو اس کو الگ کرو۔

پھر فرمایا ثمرات مقصود نہیں صرف رضاء حق مقصود ہے، ثمرہ پر نظر نہ کرو، اسی طرح ذکر شغل میں لگو تو رضاء حق پر نظر رکھو، لذت وشوق وغیرہ کو مطلوب نہ سمجھو، اگر قبض ہو تو خوش رہو، بسط ہو تو خوش رہو، کیفیات نہ ہوں تو خوش رہو، کیفیات ہوں تو خوش رہو۔

## گمنامی

فرمایا ایسی گمنامی کے ساتھ زندگی بسر ہو کہ کام تو سب ہوں، مگر کسی کو خبر نہ ہو۔

## خشوع وتواضع کے آثار

فرمایا خشوع وتواضع کے آثار یہ ہیں جب چلے گردن جھکا کر چلے، بات چیت میں معاملات میں سختی نہ کرے، غصہ اور غضب میں آپے سے باہر نہ ہو اور بدلہ لینے کی فکر میں نہ رہے۔

## بڑا بننے کا طریقہ

فرمایا، بڑا بننے کا طریقہ یہ ہے کہ چھوٹا بنے۔

## اتفاق کا مدار

فرمایا اتفاق واتحاد کا مدار اعمال صالحہ اور تواضع پر ہے۔

## حاصل نہ ہونے کا احساس ہی سب کچھ ہے

فرمایا، حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ جس کو تمام عمر کام کرکے

ساری عمر میں یہ بات حاصل ہو جائے کہ مجھے کچھ حاصل نہیں ہوا' اس کو سب کچھ حاصل ہو گیا' مبارک ہے وہ شخص جو عمر بھر اسی ادھیڑ بن میں لگا رہے کہ میری حالت اچھی ہے یا بری؟...... صاحبو! طلب ہی مطلوب ہے بس عمر بھر طلب ہی میں رہو' وصول مطلوب نہیں' کیونکہ وہ تمہارے اختیار میں نہیں' جس نے اپنے کو فارغ و کامل سمجھ لیا' اور اپنی حالت پر مطمئن و بے فکر ہو گیا' وہ برباد ہو گیا' مگر اس کے ساتھ یہ بھی سمجھے کہ اس وقت جو کچھ میری حالت ہے جیسی کچھ بھی ہے یہ سب خدا کا فضل ہے' تاکہ تواضع و شکر دونوں جمع ہو جائیں۔

## تواضع کا طریقہ

فرمایا محققین کا قول ہے کہ تم یہ سمجھ کر تواضع اختیار کرو کہ حق تعالیٰ کی عظمت کا حق یہ ہے کہ ان کے سامنے ہر شخص پستی اور تواضع کو اپنی صفت بنائے اور اپنے آپ کو لاشیئی محض سمجھے' اس پر حق تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ جو اس طرح تواضع اختیار کرے گا ہم اس کو رفعت عطا کریں گے' لیکن تم رفعت کی نیت سے تواضع اختیار نہ کرو' گو ایک گونہ رفعت اس طرح بھی حاصل ہو جائے گی' کیونکہ تواضع میں خاصیت ہے' گو کسی نیت سے ہو قلوب کو کشش کرتی ہے' مگر اس صورت میں قرب و رضاء حق حاصل نہ ہوگی۔

## طلباء دین کو نصیحت

فرمایا لباس اور وضع سے یا اہل دنیا کے طرز گفتگو سے عزت طلب کرنا انسان کا کام نہیں' یہ تو نہایت بھدا پن ہے' اے طلباء مدرسہ! تمہارا فخر یہ ہی ہے کہ کہ جس جماعت میں تمہارا شمار ہے تم اسی کی اصطلاح اور وضع اور طرز کو اختیار کرو' تمہاری عزت اسی میں ہے' اگر مخلوق میں اس سے عزت نہ ہوئی تو کیا برا ہے۔ خالق کے یہاں تو ضرور عزت ہوگی' تم کو تو ایسی تواضع اور پستی اختیار کرنی چاہئے کہ تمام دنیا پستی و تواضع میں تمہاری شاگرد ہو جائے اور تم اس شعر کے مصداق ہو جاؤ اور بہ بانگ

دہل یوں کہو ؎

افروختن و سوختن و جامہ دریدن
پروانہ زمن شمع زمین گل زمن آموخت

غرض تم ایسے متواضع ہو جاؤ کہ ہر چیز میں تمہاری ہی تواضع کا اثر ظاہر ہو، تم کو ظاہری اسباب عزت کی ضرورت نہیں، انسان تو وہ ہے جو کمالات میں بادشاہ ہو، گو ظاہر میں فقیر ہے ؎

مبیں حقیر گدایان عشق را ایں قوم
شہان بے کر خسروان بے کلاہ اند

ایک جگہ اپنی گدائی پر فخر کرتے ہوئے فرماتے ہیں ؎

گدائے میکدہ ام لیک وقت مستی مبیں
کہ ناز بر فلک و حکم بر ستارہ کنم

تم کسی کی تحقیر کی پروا نہ کرو، اگر کوئی تمہارے لباس پر طعن کرے کرنے دو، کوئی تمہاری طرز میں عیب نکالے نکالنے دو، تمہارے لئے اللہ تعالیٰ کی رضا کافی ہے، تم ان کو راضی کرنے کی فکر کرو، یاد رکھو عشق میں تو ملامت ہوا ہی کرتی ہے، تم اللہ تعالیٰ کے عاشق بننا چاہتے ہو تو ملامت سننے کے لئے تیار ہو جاؤ!!

اپنے لئے کوئی خاص وضع نہ بناؤ جو محبوب دے پہنو، شال دے شال اوڑھو، کمبل دے کمبل اوڑھو، اور ہر حال میں خوش رہو، مگر حدود شرعیہ سے باہر نہ جاؤ، تم اپنے کو مٹا دو گمنام کر دو، سب سے الگ ہو جاؤ تو پھر تمہاری محبوبیت کی یہ شان ہوگی کہ تم چپ ہو گے اور تمام مخلوق میں تمہارا آوازہ ہوگا جیسے عنقاء نے اپنے کو مٹا دیا تو اس کا نام اس قدر مشہور ہوا کہ مخلوق کی زبان زد ہے۔

## مقام کی تعریف

پہلا غلبہ ذکر کہ غفلت میں وقت کم گزرے دوسرے دوام طاعت کہ نافرمانی اللہ تعالیٰ کی بالکل نہ ہو، حقیقت میں حاصل کرنے کی یہی دو چیزیں ہیں اور یہی حاصل کرنے کے لئے مجاہدات اور معالجات اختیار کئے جاتے ہیں جس پر حسب سنت اللہ تعالیٰ

وہ مقصود مرتب ہو جاتا ہے' شروع میں قدرے تکلف ہوتا ہے بعد میں چندے (جس کی مدت متعین نہیں استعداد پر ہے) مثل امر طبعی کے ہو جاتا ہے گو کبھی کبھی ضد کا تقاضا بھی ہوتا ہے مگر ادنیٰ توجہ سے وہ ضد مغلوب ہو جاتی ہے' اس رسوخ وثبات کو "مقام" کہتے ہیں' یہ فی نفسہ غیر اختیاری ہے' لیکن باعتبار اسباب کے اختیاری ہے۔

## عبدیت کی تعریف

فرمایا عبدیت نام ہے (اس کا) کہ (بندہ) احکام شرعیہ کا اتباع کرے اور مصالح کی پرواہ نہ کرے (مثلاً) انجن کو کیا حق ہے؟ کہ راستہ میں ڈرائیور کے ٹھہرانے کے بعد نہ ٹھہرے' بلکہ اس کو ڈرائیور کے ٹھہرانے کے بعد فوراً ٹھہر جانا چاہئے۔

مجلس : ۵۹

# حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا مزاج و مذاق

ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے قرآن شریف بچپن میں حفظ کیا۔ یہاں جب آیا ہوں اس وقت عمر تقریباً بارہ سال تھی۔ اس وقت سے تمام اہل قصبہ ہندو مسلمان سب کو مجھ سے محبت رہی یہ امر ہر زمانے میں مشترک رہا کہ عداوت کس کو نہیں رہی بلکہ زمانہ تحریک خلافت میں قریب قریب سب نے رائے میں مخالفت کی' لیکن دل میں واقعہ کی حقیقت سب کے تھی۔

تشریح : یہ سب منجانب اللہ ہوتا ہے۔ اللہ جل شانہ کی طرف سے اپنے نیک بندں کے لئے سارے انسانوں کے دلوں میں محبت ڈال دی جاتی ہے' خواہ وہ فاسق ہو' فاجر ہو' کوئی ہو' اگر بچپن سے نیک ہو تو بچپن سے یہی معاملہ ہوتا ہے۔ حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ نے بارہ سال کی عمر میں قران شریف حفظ کر لیا آج کل اول تو بارہ سال تک تعلیم بھی نہیں شروع کراتے اور یہ زمانہ کھیل کود اور شوخی اور شرارت کا زمانہ ہوتا ہے اور اس زمانے میں کون کس کو نیک اور بڑا سمجھتا ہے' لیکن اس وقت بھی سب آپ کو نیک اور بڑا سمجھتے تھے اور پھر اس وقت تحریک خلافت اور کانگریس کے عروج کا زمانہ بھی آیا۔ ترکی خلافت ختم ہو گئی اور اس وقت انگریزوں کے خلاف مسلمانوں نے ایک تحریک چلائی اور یہ بہت بڑی اور سخت تحریک انگریزوں کے خلاف چلی' اس تحریک میں ہندو اور مسلمان مل گئے اور ان کے ملنے کی وجہ سے کچھ شرعی قباحتیں پیدا ہو گئیں اور ہندو مسلمان بھائی بھائی کے نعرے لگائے جانے لگے اور ہندوؤں کے ساتھ تعلقات اور روابط بڑھ گئے یہاں تک کہ بعض مسلمانوں نے ہندوؤں کی طرح قشقے لگا لئے۔ لیکن حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو یہ سب افعال ناگوار گزرے۔ اس لئے آپ نے کانگریس سے موافقت نہیں کی اور اس میں پورے ہندوستان کے بڑے بڑے علماء کرام حضرت والا سے رائے کا اختلاف رکھتے تھے حتیٰ کہ قصبہ کے لوگوں میں بھی رائے کا اختلاف ضرور تھا۔ لیکن محبت میں کمی نہیں تھی۔ سارے کے سارے لوگ حضرت والا سے محبت رکھتے تھے۔ یہ صورت منجانب اللہ ہوتی ہے۔

# متفرقات

## جھگڑے میں بزرگوں کا تحفظ

ایک سلسلہ گفتگو میں فرمایا کہ میں نے جھگڑے کی باتوں میں کبھی اپنے بزرگوں کا نام نہیں لیا۔ کبھی اپنی تسلی کے لئے تو پوچھ لیا۔ لیکن کام اپنی قوت پر کیا اور اپنی طرف ہی منسوب کیا۔

تشریح: آج لوگ یہ کرتے ہیں کہ قصہ تو اپنا ہے اور نام بزرگوں کا لیکر اپنی جان بچانا چاہتے ہیں کہ فلاں بزرگ نے یہ کہا ہے۔ اب اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ مخالف شخص مخالفت میں ان بزرگوں کو بھی برا بھلا کہے گا۔ اس لئے حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ جھگڑے کے مواقع میں میں نے اپنے بزرگوں کا نام کبھی نہیں لیا تاکہ اگر کسی کو اعتراض ہو تو وہ اعتراض مجھ پر ہی کرے۔ اپنے بزرگوں پر اعتراض کراؤں یہ مجھے اچھا معلوم نہیں ہوتا۔

## بزرگوں سے محبت نہ ہونے کی دلیل

ہمیشہ یہی خیال رہا کہ اپنے بزرگوں کو کیوں برا کہا جائے۔ جو کچھ برائی آئے وہ اپنے اوپر ہی آئے مگر آج لوگ بزرگوں کو بھی تختہ مشق بناتے ہیں یہ عدم محبت کی صاف دلیل ہے۔

تشریح: اصل بات یہ ہے کہ اپنے بزرگوں سے تعلق اور محبت نہیں ہے، جو اصل بنیاد تھی، اس واسطے جب اپنے اوپر کوئی آنچ آتی دیکھی۔ فوراً بزرگوں کا نام لے لیا کہ فلاں بزرگ نے یہ کہا ہے۔

## سختی اور مضبوطی میں فرق

ایک صاحب کی غلطی پر مواخذہ فرماتے ہوئے فرمایا کہ جو صاحب مجھ کو نرمی

کرنے کے لئے رائے دیتے ہیں وہ اگر اس جلسے میں ہوتے تو دیکھتے کہ میں نے کس قدر نرمی کا برتاؤ کیا اور اس نرمی کا نتیجہ یہ ہوا کہ مخاطب کی طرف سے اذیت بڑھتی رہی اور جب ہار کر آخر میں سختی کی تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ اذیت ختم ہو گئی۔ دور بیٹھ کر رائے دیدینا بہت آسان ہے۔ جب اپنے اوپر آکر پڑتی ہے تب پتہ چلتا ہے میں بہت برداشت کرتا ہوں اور میرا کرنا معلوم اس لئے نہیں ہوتا کہ میں بالکل سختی نہیں کرتا۔ اس لئے سختی معلوم ہوتی ہے حالانکہ وہ سختی نہیں بلکہ مضبوطی ہے۔ میں اس پر ایک مثال دیا کرتا ہوں کہ ریشم کا رسہ کہ نرم تو اس قدر کہ جس طرف چاہو موڑ توڑ لو۔ جہاں چاہے گرہ لگالو۔ مگر مضبوط اس قدر کہ ہاتھی کو بھی اس سے باندھ دیں تو جنبش نہیں کر سکتا۔

تشریح: حضرت والا رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ لوگوں نے دو چیزوں کو خلط ملط کر دیا ہے اور ان کا مفہوم غلط سمجھ لیا ہے۔ ایک ہے سختی اور درشتی، وہ اور چیز ہے اور مذموم اور بری ہے۔ حدیث میں اس کی ممانعت آئی ہے۔ مضبوطی اور چیز ہے، سختی اور درشتی کے مقابلے میں "لین الکلام" آیا ہے۔ حدیث میں نرم کلام کرنے کی بڑی تاکید آئی ہے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حدیث میں جہاں کفارات کا ذکر فرمایا ہے جو انسان کو گناہوں سے پاک کر دیتے ہیں۔ وہ چند چیزیں ہیں۔ ان میں ایک "صلاۃ باللیل و الناس قیام" یعنی آخر رات کی تہجد کی نماز ہے اور اس میں لین الکلام کا لفظ بھی ہے۔ اپنے کلام کو نرم رکھو، کسی سے دلخراش بات نہ کرو اس طرح بات نہ کرو کہ جس سے اس کا دل ٹوٹے اور اس کو ناگوار ہو۔ اس کی فکر تمام انبیاء کرام نے فرمائی ہے اور تمام بزرگوں نے اس کی فکر فرمائی ہے تو کلام کی درشتی اور سختی جو مضر ہو اس سے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا ہے اور قرآن وحدیث ایسے ارشادات سے بھرے ہوئے ہیں اور صحابہ وتابعین اور بزرگان دین کا ہمیشہ معمول رہا ہے کہ دلخراش الفاظ سے بچیں۔ لیکن مضبوطی الگ چیز ہے یعنی اپنے اصول پر قائم رہنا الگ چیز ہے۔ یعنی اگر کوئی شخص کسی سے اصول کے خلاف کام کرائے یہ کمزوری ہے، انبیاء علیہم السلام اور بزرگان دین اپنے اصولوں پر ہمیشہ نہایت مضبوطی سے قائم رہے۔ حضرت والا اس کی مثال دیا کرتے تھے کہ جیسے اگر کوئی شخص ریشم سے بڑا رسہ بنوالے تو وہ ہے تو نرم، جس

طرف چاہو اس کو موڑ لو۔ لیکن مضبوط اتنا ہے کہ اگر ہاتھی کو بھی باندھ دو اس سے تو ہل نہ سکے۔ اسلئے آپ نے فرمایا کہ میں اپنے اصول پر پابند رہتا ہوں ان کے خلاف کسی کے تابع ہو کر نہیں چلتا۔ کوئی شخص اگر یہ چاہے کہ مجھے اپنے ان اصولوں سے ہٹا دے تو میں اس کو کبھی گوارہ نہیں کرتا۔ باقی سختی اور درشتی میرے اندر نہیں ہے۔

## مثال دینے کا فن

سختی اور چیز ہے اور مضبوطی اور چیز ہے' اس میں لوگوں کو فرق معلوم نہیں۔ وہ فرق اس مثال سے واضح ہو گیا۔ امثلہ توضیح کے لئے ہوتی ہیں اور ایسی امثلہ ان حضرات پر جن کے سپرد ارشاد خلق ہوتا ہے۔ کھول دی جاتی ہیں' دقیق سے دقیق اور غامض مضامین عام فہم اور سہل ہو جاتے ہیں۔

تشریح: قرآن عظیم کے علوم کے بہت عنوانات ہیں۔ ان میں سے ایک عنوان تمثیل کا بھی ہے۔ قرآن مجید مثالیں دیتا ہے۔ علماء نے فرمایا کہ علم تمثیل خود ایک بہت اہم علم ہے۔ اس کے ذریعہ معقولات کو محسوسات کے انداز میں سمجھا دیا جاتا ہے جو بات عام آدمی نہیں سمجھ سکتے' مثال کے ذریعے اس کا سمجھنا آسان ہوتا ہے اور یہی طریقہ حق تعالیٰ شانہ نے قرآن کریم میں اختیار کیا اور پھر یہ چیز انبیاء علیہم السلام کو بھی عطا ہوئی۔ انبیاء علیہم السلام نے جو تمثیلیں بیان کیں وہ سب سے زیادہ بے نظیر ہیں اس کے بعد اللہ کے نیک بندوں اور بعد کے مصنفین نے بیان کیں۔ حضرت والا علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ ان مصنفین میں سے دو کے نام یہ ہیں۔

ایک مولانا رومی اور ایک امام غزالی اللہ تعالیٰ نے ان دونوں کو تمثیل کا فن عطا فرمایا تھا۔ جب مثال دیتے ہیں تو ایسی مثال دیتے ہیں کہ گتھیاں کھلتی چلی جاتی ہیں۔

مجلس : ٦٠

# امن اور سکون کا راستہ

## اللہ تعالیٰ کی محبت کا مدار

آج ہمارے دلوں میں جو دین کی باتیں نہیں آتیں اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے دل غیراللہ کی محبت سے بھرے ہیں اس دل میں سینکڑوں تمنائیں' آرزوئیں اور ارمان مچلتے ہیں جو شخص دنیا دار ہے اور دنیا کے مال و دولت کے چکر میں پھنسا ہوا ہے جتنی زیادہ دنیا اس نے حاصل کی ہے اتنی ہی زیادہ اس کی تمنائیں بڑھ گئی ہیں۔ آپ کسی ٦٠ روپیہ تنخواہ پانے والے سے پوچھو کیسی گذر رہی ہے؟ وہ کہے گا گذر تو ہوتی ہے لیکن اگر ١٠٠ روپیہ ہو جائے تو بافراغت گذار سکوں گا۔ اس کی تمنائیں ٤٠ روپیہ بڑھ جانے تک محدود ہیں لیکن بڑھتے بڑھتے اگر ایک آدمی ایک ہزار روپیہ آمدنی پر آجائے تو اس کی خواہشیں دو ہزار تک بڑھ جائیں گی' صرف دولت ہی نہیں معاملات کو دیکھ لو۔ حوائج ضروریہ کو دیکھ لو' کپڑے اور مکان کو دیکھ لو جس طرف نظر جاتی ہے لا محدود تمنائیں دل کو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہیں' مکان کی محبت' بچوں کی محبت' روپیہ کی محبت' ہزاروں محبتوں نے دل پر قبضہ کر رکھا ہے تو خدا کی محبت دل میں کیسے آئے۔

## غیراللہ کی یاد سے دل کو خالی رکھو

ایک دفعہ حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی انگلی میں کوئی معمولی پھانس لگ گئی اتفاق سے اس انگلی میں قلم تھامے کچھ لکھ رہے تھے بار بار قلم زمین پر رکھ کر پھانس ٹٹولتے' پھر لکھنے میں محو ہو جاتے۔ آخر پھانس نکل گئی تو فرمایا سارے بدن کی جسامت دیکھو اور اس پھانس کی حقیقت دیکھو جس کا وزن ایک رتی کے سو حصہ کے برابر بھی نہ

ہو گا لیکن بدن کو کسی غیر شے کی مداخلت اپنے اندر برداشت نہیں۔ پھر خدا کی یاد اس دل میں کیسے آسکتی ہے جہاں سینکڑوں یادوں نے دل کو گھیر رکھا ہو' اگر ہم خدا کی یاد سے دل کو آباد نہیں رکھ سکتے تو کم از کم غیر اللہ کی یاد سے خالی رکھنا تو ہمارے اختیار میں ہے اگر ہم اس دل کو خالی رکھیں گے تو کبھی نہ کبھی تو خدا کی یاد دل میں گھر کر ہی لے گی۔

## اللہ تعالیٰ کی یاد دنیا سے بے تعلقی میں ہے

میں کبھی کبھی حضرت مولانا کے ساتھ ہم سفر بھی ہو جاتا حالانکہ وہ کسی کے ساتھ سفر بھی پسند نہ فرماتے تھے اکثر تنہا سفر کرتے۔ اتفاق سے ایک روز ان کے ہمراہ جا رہا تھا چلتے چلتے ایک جگہ رک گئے اور جیب سے ایک کاغذ پنسل نکالا اور کچھ لکھ کر پھر جیب میں ڈال دیا۔ پھر فرمایا تم کو معلوم ہے میں نے کیا لکھا؟ مجھے مسجد کا ایک کام یاد آیا تھا۔ میں نے سوچا اگر میں اس کو دل میں رکھتا ہوں تو سارے سفر میں اس کا دھیان رہے گا اس لئے دل کا بوجھ کاغذ پر ڈال دیا۔ پھر فرمایا ہمیشہ دل کو غیر اللہ سے خالی رکھو دیکھا آپ نے۔ حالانکہ وہ کام بھی مسجد کا تھا۔ ظاہر ہے کہ رفاہ عام کا اس سے تعلق ہو گا۔ لیکن اللہ والے اللہ کی یاد کے سوا کوئی چیز بھی دل میں رکھنا گوارا نہیں کرتے اور جب قلبی کیفیت یہ ہو جاتی ہے تو پھر دنیا کی چیزوں کی محبت بھی کم ہو جاتی ہے چنانچہ جب ہم انبیاء کرام علیہم السلام' صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اور بزرگان دین کی سیرت طیبہ پر نظر کرتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ جس دل میں خدا کی یاد گھر کر لے اس دل میں کوئی اور محبت آ ہی نہیں سکتی بلکہ دنیا سے بے تعلقی کا دارومدار ہی اللہ کی یاد میں ہے۔

## حضرت شیخ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ کا واقعہ

پس جو شخص دنیا کی محبت اپنے دل سے ہٹانا چاہے اس کو چاہئے کہ خدا کی یاد میں مشغول ہو جائے یہ ایک مشغولیت سینکڑوں مشاغل سے نجات دیدیتی ہے۔ صحابہ کرام کا ذکر الٰہی میں مشغول رہنا اور دنیا سے بے تعلق ہو جانا سب کو معلوم ہے۔ ان

جیسے درجات تو دنیا کا کوئی فرد بھی حاصل نہیں کر سکتا لیکن ان جیسے اعمال کی کوشش کرنا ہی باعث فلاح دارین ہے اور کوشش ہر وقت ہر دور میں ہر شخص کر سکتا ہے۔ حضرت شیخ قطب الدین بختیار کاکی رحمۃ اللہ علیہ جن کا مزار دہلی میں ہے ان کا یہ دستور تھا کہ جمعہ کے دن اپنے گھر میں جھاڑو دے ڈالتے تھے مطلب صفائی کا نہیں بلکہ جو چیز بھی استعمال کی گھر میں ہوتی کپڑا' برتن' پیسہ 'اوڑھنا چٹائی لوٹا بدھنا غرض ہر چیز یہاں تک کہ جھاڑو بھی اپنے گھر میں نہ رکھتے تھے اور پھر ایسا ہی خدا ان کو دیتا تھا یعنی جمعہ کی نماز کے بعد سے ان کے معتقدین ان کی خدمت میں ہدیے لانا شروع کر دیتے اور پھر اگلے جمعہ تک وہ سب صدقہ ہو جاتا۔

## حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا طریقہ انفاق

خود حضرت مولانا تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کا یہ دستور تھا کہ جو رقم آپ کے پاس اپنی ذاتی صرفہ کی ہوتی اس کے تین حصے کرتے 'ایک حصہ سب سے پہلے صدقہ ہو جاتا باقی میں سے پھر تین حصے کرتے اور اس میں سے ایک حصہ اپنے تصرف میں لاتے تھے ' باقی گھر بھیج دیتے اور یہ عمل کوئی مشکل نہیں ہے انسان اگر اپنی خواہشات کو کنٹرول کر کے اور حاجت ضروریہ پوری کرنا شروع کرے تو بہت کچھ اس کا نفس اس کے قابو میں آسکتا ہے نفس کو قابو میں کرنا اور اس کو خدا کی اطاعت میں لگانا اور طریقہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے زندگی گذارنا یہی کامیابی ہے دین اور دنیا دونوں جگہ کی۔ پھر ایسے لوگوں کو خدا کی مدد حاصل ہوتی ہے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم خوش ہوتے ہیں ان کو رسول پاک کی زیارت نصیب ہوتی بلکہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ہم کلامی کا شرف حاصل ہوتا ہے۔ حضور پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں جا کر اللہ والے سلام کرتے ہیں تو جواب ملتا ہے اور اس قسم کے بیشتر واقعات ہم نے کتابوں میں پڑھے ہیں۔

## زبان جوڑنے کا واقعہ

اسی قسم کا ایک واقعہ ہے کہ یمن کے ایک عالم تھے جو ہر سال حج بیت اللہ کو آتے اور ہر سال ایک قصیدہ لکھ کر لاتے اور حضور کے دربار میں کھڑے ہو کر سناتے

اور یہی نہیں بلکہ قصیدہ میں حضور کے ساتھ حضرات شیخین کو یعنی حضرت ابوبکر عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بھی خطاب فرماتے۔ اتفاق سے ایک شیعہ بھی وہاں موجود تھا اس کو یہ قصیدہ صحابہ کرام کی شان میں کب گوارا ہوتا چنانچہ قصیدہ کے بعد وہ ان عالم کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان کو دعوت کے بہانہ اپنے گھر لے گیا وہاں جاکر اس بے ہودہ نے ان کے ساتھ یہ زیادتی کی کہ ان کی زبان کاٹ ڈالی کہ اب کیسے ذکر صحابہ کر سکے گا۔ وہ عالم مطلق پریشان نہ ہوئے بلکہ وہ کٹی ہوئی زبان کا ٹکڑا ہاتھ میں لئے ہوئے وہاں سے آگئے اور دربار پاک میں اس کو دکھایا منہ سے کچھ بول نہ سکتے تھے اسی حالت میں گھر واپس چلے گئے اللہ والوں کو ایسی حالت میں بھی تکلیف کا احساس نہیں ہوتا چنانچہ نیند آگئی تو خواب میں حضور ﷺ تشریف لائے اور وہ ٹکڑا اپنے ہاتھ سے ان کی زبان میں جوڑ دیا جب آنکھ کھلی تو دیکھا زبان بالکل صحیح سالم اور کوئی خراش تک نہیں بلکہ پہلے سے زیادہ فصیح ہوگئی۔

## روضہ اقدس سے سلام کا جواب

ایک ملنے والے بزرگ کا ابھی حال ہی میں انتقال ہوا ہے وہ ملیر کالونی میں دفن ہیں۔ فرماتے ہیں میں ایک دفعہ دربار نبوی ﷺ میں حاضر تھا رات کا وقت تھا لوگ جا چکے تھے ایک افریقی شخص لمبا چغہ پہنے داخل ہوا اور دربار کے پاس آکر کہا السلام علیک یا رسول اللہ تو دربار کے اندر سے آواز آئی وعلیک السلام ۔ وہ بزرگ فرماتے ہیں خود میں نے اپنے کانوں سے حضور ﷺ کی آواز سنی۔

## بدعتی پیر کا سلام

ایک اور بزرگ کا واقعہ ہے ان کے ایک مرید حج اور زیارت کو جا رہے تھے خود شیخ نہ جا سکے تو مرید سے فرمایا حضور ﷺ سے ہمارا سلام کہہ دینا۔ چنانچہ مرید جب دربار میں حاضر ہوئے تو اپنے پیر کا سلام پیش کیا۔ وہاں سے جواب ملا۔ اپنے بدعتی پیر کو ہمارا بھی سلام کہہ دینا۔ چنانچہ مرید جب واپس ہوئے تو پوچھا ہمارا سلام بھی کہا تھا۔

جواب دیا جی ہاں سلام پیش کر دیا تھا اور حضور نے آپ کو بھی سلام کہا ہے۔ پیر صاحب نے فرمایا نہیں وہی الفاظ کہو جو حضور ﷺ نے فرمائے تھے مرید نے کہا میں نے آپ کی تعظیم اور ادب کی وجہ سے وہ الفاظ نہیں کہے تھے لیکن آپ کو خود اس کا علم ہو گیا اب میرے کہنے کی کیا ضرورت ہے فرمایا نہیں تم کہو میں تمہارے منہ سے سننا چاہتا ہوں چنانچہ مرید نے کہا یہ فرمایا ہے کہ اپنے بدعتی پیر کو بھی ہمارا سلام کہہ دینا یہ سن کر شیخ کھڑے ہو کر ناچنے لگے اور فرمایا اس طنز میں جو مزہ میں نے سنا وہ کوئی کیا جانے' یہاں پر ایک نکتہ کی بات یہ ہے کہ شیخ صاحب سماع یعنی قوالیاں سنتے تھے۔ چنانچہ قوالیاں سننا اگرچہ کہنے والا اور سننے والا دونوں باوضو ہوں یا با شرع ہوں اور عورت یا لڑکا نہ ہو اور رباب وچنگ مقصد نہ ہو اور حمد ونعت کا بیان ہو تو مباح ہیں لیکن بدعت اس وجہ سے فرمایا کہ اس کو عوام جس رنگ میں لیتے ہیں وہ کسی طرح جائز نہیں ان میں سے کسی چیز کا بھی اہتمام عام لوگ نہیں کر سکتے اس لئے ایسی چیز جس کا ہم پورے طور پر اہتمام نہ کر سکیں اس سے بچنا ہی اچھا ہے جہاں تک لطف اور لذت کی بات ہے وہ تو خدا کے ذکر اور اس کے رسول کی اطاعت میں ہی اصل لذت ہے اور اس لذت کے سامنے دنیا کی ساری چیزیں ہیچ ہیں خلاصہ یہ ہوا کہ ہم اپنے دل کو حضور ﷺ کے اتباع کے مطابق اللہ کی یاد سے وابستہ کر لیں تو دنیا کے نہ تو ہم کو مشاغل گھیریں گے نہ دنیا کی کسی چیز کا رنج ہو گا نہ فکر اور نہ غم سارے غموں اور فکروں سے نجات دینے والا اور دنیا ودین میں کامیابی دلانے والا یہی راستہ ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنے ذکر کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین!

مجلس : ٦١

# متفرقات

## شہرت سے نفرت

حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب رحمۃ اللہ علیہ اول عمر سے عفیف اور متقی تھے، شہرت سے سخت نفرت تھی۔

تشریح : یہ حضرت مولانا مملوک علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادے تھے اور جو استاد الکل تھے ہندوستان میں جتنے تھے۔ حضرت نانوتوی حضرت گنگوہی سب کے استاذ تھے اور چونکہ یہ استاذ زادے تھے، اس حیثیت سے دنیا بھر میں معروف تھے اور پھر خود ذاتی کمالات والے اور صاحب کشف وکرامات بزرگ تھے، اس وجہ سے دنیا میں ان کی شہرت تو ہونی تھی۔ مگر شہرت سے بہت گھبراتے تھے۔

## اصلاح بذریعہ اہل اللہ

ارشاد فرمایا کہ جب حضرت مولانا عبیداللہ سندھی رحمۃ اللہ علیہ نے دہلی میں ''ادارۃ المعارف'' قائم فرمایا تو اس وقت وہ تھانہ بھون آئے اور آکر فرمایا کہ میں علامہ شبلی نعمانی سے ملا انہوں نے مسلمانوں کی عام بے راہ روی، پریشانی اور مبتلائے آفات ہونے کا تذکرہ کیا۔ میں نے ان سے پوچھا کہ آپ کے ذہن میں قوم کی اصلاح کی تدبیر کیا ہے؟ علامہ شبلی نعمانی نے فرمایا کہ قوم کی اصلاح صرف وہ لوگ کر سکتے ہیں جن کا قوم پر مکمل اثر ہو اور یہ اثر بغیر تقدس کے نہیں ہو سکتا اور تقدس بغیر تقویٰ اور کثرت عبادت اور کثرت ذکر اللہ کے حاصل نہیں ہو سکتا۔

تشریح : یہ علامہ شبلی کی رائے ہے، جو بڑے جدت پسند آدمی ہیں، اسی جدت کی وجہ سے انہوں نے ''ندوۃ العلماء'' لکھنؤ میں قائم کیا اور دوسرے لوگوں سے مختلف

طرز اختیار کیا' یہ سارے کام کئے اور لیکن رائے یہ ہے کہ قوم کی اصلاح انہی لوگوں سے ہو سکتی ہے جن میں تقدس ہو' جن میں تقویٰ' طہارت ذکر اللہ اور عبادت ہو اور اس تقدس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ لوگوں کے دلوں میں اعتقاد پیدا ہو جاتا ہے اور قوم ان کی بات مانتی ہے۔ یہ بات انہوں نے بہت تجربہ کی بات کہی ہے۔ جہاں کہیں لوگوں کی اصلاح ہوئی ہے وہ انہی لوگوں کے ذریعہ سے ہوئی ہے' جن کا اپنا عمل صحیح ہو' ورنہ چاہے کتنا بڑا محقق عالم آدمی ہو۔ کتنی بڑی لمبی چوڑی تقریریں کرتا ہو' وہ سب ہوا میں اڑ جاتی ہیں اس کا اثر کچھ نہیں ہوتا۔

حضرت سید عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ۔ اللہ تعالیٰ ان کی مغفرت کرے' بڑے نیک اور مخلص آدمی تھے' لیکن خطابت ان کی ایسی تھی کہ دشمنوں کو رام کر دے۔ ان کی خطابت کا یہ اثر تھا کہ کبھی ناکام واپس نہیں جاتے تھے اگر مجمع کو رلانا چاہیں تو سارے مجمع کو رلا دیں' میں ایک مرتبہ ڈیرہ غازی خان گیا۔ ایک صاحب کے مکان میں قیام کیا' وہ صاحب شاہ صاحب کے مرید تھے ان صاحب نے فرمایا کہ جب وہ آتے ہیں تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کے علاوہ دنیا میں کوئی نہیں ہے اور جب وہ چلے جاتے ہیں تو اس کے بعد وہ بات نہیں رہتی بہرحال خطابت کا اثر وقتی ہوتا ہے اور اس سلسلے میں مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے بڑے عجیب وغریب قصے ہیں' البتہ ان میں بزرگوں سے تعلق کا بھی ایک خاص رنگ تھا۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو خاص کمال عطا فرمایا تھا۔ اتنے بڑے خطیب ہونے کے باوجود بزرگوں کے ساتھ تعلق اور عقیدت اور محبت بھی تھی' میرا جب بھی ملتان جانا ہوا تو کبھی ان سے ملاقات کے لئے نہیں جانا پڑا۔ بلکہ وہ خود ہی ملاقات کے لئے تشریف لے آتے اور اپنے بزرگوں کا بڑا احترام کرتے تھے۔

بہرحال' جہاں تک خطابت کا تعلق ہے' اس کا اثر تھوڑی دیر رہتا تھا اور ان کے ذاتی تقدس کا جو اثر تھا وہ باقی رہتا تھا اور عام طور پر یہی دیکھا ہے کہ لمبی چوڑی تقریر سے سننے والوں کی زندگی میں کوئی انقلاب نہیں آتا اور یہ جو مقدس بزرگ ہوتے ہیں' جن کے اپنے اعمال صحیح اور سنت کے مطابق ہوتے ہیں ان کی چھوٹی سی بات دلوں پر اثر کر جاتی ہے اور بعض اوقات زندگیوں کو بدل ڈالتی ہے۔

## مہمان کا اکرام اور دینی مضرت سے احتیاط

ارشاد فرمایا کہ مسٹر گاندھی بھی میرے پاس آئیں تو ان کا بھی اکرام کروں گا۔ مگر ایک شرط یہ لگاؤں گا کہ اپنے خیالات کی تقریر کرنے کا یہاں موقع نہ دیا جائے گا۔
تشریح: اس لئے کہ مہمان کا اکرام بھی ہے اور اپنے آپ کو مضرت سے بچانا بھی ہے۔

## کفر و اسلام سے مرکب سیاست

سیاسی تدابیر جو خلاف شرع ہوں، مسلمان کے لئے مفید نہیں ہوتی۔ کفار کے لئے مفید ہوں تو اس سے دھوکہ نہ کھائے۔

ارشاد فرمایا کہ جو سیاسی تدابیر کفر اور اسلام سے مرکب ہوں، جب اس کو کفار اختیار کرتے ہیں تو وہ اسلام سے قریب ہو جاتے ہیں اس لئے کامیاب ہو جاتے ہیں۔
تشریح: یعنی کفار اگر ایسی تدبیر اختیار کریں جو کفر اور اسلام سے مرکب ہو اور اس میں کچھ دین کا جزء ہو اور کچھ بے دینی کا جزء ہو تو کفار اس میں کامیاب ہو جائیں گے۔ اس لئے کہ اس صورت میں کفار اپنے کچھ کفر کو چھوڑ کر اسلام کی طرف آئے اور اس میں تھوڑی سی اسلام کی برکت شامل ہوگئی۔ اور جب مسلمان ان تدابیر کو اختیار کریں تو وہ کفر سے قریب ہوتے ہیں۔ اس لئے ناکام ہوتے ہیں۔ مسلمان قوم کا ایک خاص مزاج ہے ان کو کفار کے مزاج پر قیاس کرنا ایسا ہی غلط ہے جیسا کہ بوجھ بجھکڑ کا قیاس مشہور ہے۔

گاؤں کا ایک آدمی کھجور کے درخت پر چڑھ گیا جب وہاں سے اترنا چاہا تو گرنے کا خطرہ ہوا۔ شور مچایا کہ لوگو میری جان بچاؤ اور کسی طرح یہاں سے اتارو۔ لوگ جمع ہو کر اپنے بوجھ بجھکڑ کے پاس گئے اور اس سے تدبیر پوچھی اس نے کہا کہ ایک مضبوط لمبا رسا لو اور درخت کے اوپر پھینک دو اور اس شخص سے کہو کہ اپنی کمر پر باندھ لے، پھر تم سب مل کر جھٹکہ دو، وہ نیچے آجائے گا۔ معلوم ہوتا ہے وہاں سب

عقل مند لوگ ہی جمع تھے' چنانچہ انہوں نے اس کے کہنے پر پورا عمل کیا اور کھجور کے درخت پر چڑھا ہوا انسان ایک منٹ میں نیچے آگیا' مگر ہڈی پسلی کوئی سالم نہ رہی اور دم توڑ دیا یہ لوگ اپنے مرشد بوجھ بجھکڑ کے پاس دوڑے اور کہا کہ وہ تو مر گیا۔ بوجھ بجھکڑ صاحب نے فرمایا کہ میں اس کو کیا کروں' اس کی موت ہی آگئی تھی۔ اسے کون بچا سکتا تھا۔ ورنہ میری تدبیر تو بالکل سلامتی کی یقینی تھی میں نے اس تدبیر کو کنویں میں گرے ہوئے بہت سے لوگوں پر استعمال کر کے ان کی جان بچائی ہے۔ بوجھ بجھکڑ نے کنویں کی گہرائی کو کھجور کی بلندی پر قیاس کر لیا اور قیاس کا نتیجہ سامنے آگیا۔

اسی طرح مسلمان اللہ کے نزدیک بلندی پر ہیں۔ کفار پستی میں ہیں ان کی نجات کے لئے ایک ہی تدبیر مفید ہونا ضروری نہیں۔

## سلیقہ مندی مطلوب و محمود ہے

فرمایا کہ ہمارے ماموں صاحب جو نیک آدمی ہیں۔ مگر آزاد منش ہیں اس لئے بہت سی چیزوں میں مجھے ان سے اختلاف رہتا تھا۔ وہ آیات و روایات سے اپنے ذہن کے مطابق استدلال کیا کرتے تھے جو میرے نزدیک قواعد شرعیہ پر منطبق نہیں تھے۔ مگر ان کا ایک استدلال مجھے پسند آیا انہوں نے فرمایا کہ قرآن کریم میں حضرت داؤد علیہ السلام کو لوہے کی زرہ اور جنگ کے لئے لوہے کا لباس بنانے کا طریقہ سکھلایا گیا لیکن اس کے ساتھ یہ بھی ارشاد فرمایا کہ:

وَقَدِّرْ فِي السَّرْدِ

یعنی زرہ کی آہنی کڑیاں ایک انداز کی ہونی چاہئیں۔ کیونکہ اگر کڑیاں چھوٹی بڑی ہو جائیں تو گو اس سے جنگی مقصد میں تو فرق نہیں آتا' مگر فطری نظم کے خلاف ہے' اور ایک طرح کا حسن اس سے مختل ہو جاتا ہے۔

تشریح: یہ نظم بتا دیا کہ زرہ کی کڑیاں یکساں ہونی چاہئیں' اگر یکساں نہ ہوئیں جب بھی کام ہو جاتا' مگر قرآن کریم نے "قَدِّرْ فِي السَّرْدِ" کہہ کر بتایا کہ جب بنا رہے ہو

تو سلیقے سے بناؤ۔

## اپنے بزرگوں پر اعتقاد کی وجہ

ارشاد فرمایا کہ میں جو اپنے بزرگوں کا معتقد ہوں' اس کی بناء یہ نہیں کہ میں ان کو سب سے بڑا عالم سمجھتا ہوں کیونکہ میرے نزدیک یہ احتمال موجود ہے کہ دنیا میں ان سے بھی بڑے علماء موجود ہیں' میرے اعتقاد کی بڑی وجہ یہ ہے کہ یہ اللہ والے تھے' دنیا دار نہ تھے' دنیا میں رہے۔ مگر ان کو دنیا کی ہوا نہیں لگی تھی دنیا کے مال وجاہ کی خواہش سے بالکل الگ تھلگ تھے۔ ان کا جو کام تھا وہ دینی داعیہ اور دینی تقاضہ تھا' خواہ اس میں اپنے ذاتی مصالح برباد ہو جائیں۔

تشریح: واللہ' یہ اپنے ان بزرگوں کا مشاہدہ تھا' جو اب آہستہ آہستہ ختم ہوتا جا رہا ہے ایک وقت وہ تھا جب سارے بزرگوں کا ایک ہی رنگ تھا' ان کو اپنے نفس کے بارے میں کبھی یہ وہم وگمان بھی نہیں گزرتا تھا کہ وہ بڑے عالم ہیں' بڑے بزرگ ہیں جس کو بھی دیکھو وہ سب کچھ جانتا ہے مگر اپنے آپ کو کچھ نہیں سمجھتا۔

حضرت والا ﷺ خود فرماتے ہیں کہ میں نے جہاں تک دنیا کو دیکھا بڑے بڑے علماء دیکھے درویش بھی دیکھے' صحیح معنی میں حقیقی طور پر کامل لوگوں کو دیکھا۔ مگر جو شان اپنے بزرگوں میں دیکھی کہ سب کچھ ہیں' پھر بھی کچھ نہیں' اپنے آپ کو مٹائے ہوئے ہیں۔ یہ مٹانے کی شان ان بزرگوں میں خصوصیت کے ساتھ تھی' جو اب فنا ہو گئی ہے۔

## فکر اصلاح کیجئے

بہرحال محض باتیں سننا مقصود نہیں' اپنے نفس کی اصلاح میں لگنا چاہئے' اپنے عیوب کو سوچو' فکر کرو' محاسبہ کرو۔ کیا کمی اور کیا کوتاہی ہے۔ ہر شخص اپنا اپنا محاسبہ کرے۔ کوتاہی کو دیکھے پھر اس کے علاج کی فکر میں لگے اور صرف اپنی فکر نہیں بلکہ اپنی اولاد اور گھر والوں کی بھی فکر کرنی چاہئے۔ ان سب باتوں کے سننے سنانے اور بزرگوں

کی صحبت کا اصل فائدہ جب ہے جب ہمارے دل میں یہ لگن پیدا ہو جائے کہ ہم اپنا محاسبہ خود کرنے لگیں کہ ہم سے کیا کیا غلطیاں ہوتی ہیں۔ کیا کیا کوتاہیاں ہمارے اندر ہیں۔ ان کا علاج کیسے ہو؟ مجاہدوں سے علاج ہوتا ہے۔ کوشش کرے ' مجاہدہ کرے ' فکر کرے تو انشاءاللہ نفس قابو میں آجائے گا۔

# چند ارشادات

## اصل آدمی

حضرت نے حضرت شیخ الحدیث مولانا زکریا صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی دارالعلوم کراچی تشریف آوری کے موقع پر اپنی قیام گاہ پر بحالت استراحت حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ حضرت حکیم الامت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ فرمایا کہ ہم میں اور تم میں کوئی فرق نہیں ہے جیسے ہم ہیں ویسے تم ہو' ہاں ایک فرق ہے وہ یہ کہ ہم نے آدمی دیکھے ہیں اور تم نے آدمی نہیں دیکھے ہیں' کوئی بیل ہمیں آدمی کے روپ میں دھوکہ نہیں دے سکتا' ایک تم ہو کہ تم نے آدمی دیکھے نہیں' اس لئے تم دھوکہ کھا جاؤ گے' اور پہچان نہ سکو گے' کہ یہ آدمی ہے یا بیل' حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ نے تائید میں فرمایا' سچ فرمایا' اور حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت شیخ سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ ان لوگوں نے کتاب والوں کو پڑھا تھا' اور ہم نے صرف کتابیں پڑھی ہیں' حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نہایت تواضع کے ساتھ بار بار حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ کا تشریف لانے پر شکریہ ادا کر رہے تھے اور فرما رہے تھے کہ مجھے عرصہ سے آپ کی زیارت کی تمنا تھی' اللہ تعالیٰ نے آج پوری کرا دی' اس دوران میں حضرت رو رہے تھے' عجیب عالم تھا' دونوں حضرات آمنے سامنے گاؤ تکیہ کے ساتھ سہارا لئے ہوئے تھے' اس کے بعد دونوں حضرات کی کچھ دیر تنہائی میں بات چیت ہوئی' پھر حضرت شیخ رحمۃ اللہ علیہ دارالافتاء میں تشریف لے آئے۔

## نعمتیں

فرمایا جوانی میں جو صحت اور قوت ہوتی ہے وہ اور بے فکری اور مالی گنجائش بڑی نعمتیں ہیں۔

## عافیت بڑی نعمت ہے

فرمایا عافیت بڑی نعمت ہے' اس سے دین میں مدد ملتی ہے' باقی زیادہ تمول (مالداری) تو (خدا سے) بھلا ہی دیتا ہے' عذاب ہے' ہروقت ہزاروں فکریں پھر بدون عافیت سب ہیچ ہے۔

## برکت اعمال

فرمایا' اعمال کی برکت سے دل میں نور پیدا ہو جاتا ہے' فرمایا' نامحرم عورت کی آواز سننے سے بچنا چاہئے' خصوصاً رونے سے' فرمایا افعال کے خواص ہیں اور یہ بہت بڑی چیز ہے۔

## دعا قبول ہوتی ہے

فرمایا رسول اللہ ﷺ نے تم میں سے ہر ایک کی دعا قبول کی جاتی ہے جب تک جلدی نہ کرے۔

## تکرار عمل کا فائدہ

فرمایا' تکرار عمل سے ہر عمل صعب (مشکل) سہل ہو جاتا ہے۔

## فضول خرچی سے بچو

فرمایا' اپنے فضول اخراجات کو موقوف کرو' بس ضروری ضروری خرچوں میں اپنی آمدنی خرچ کرو۔

## فضولیات میں مشغول ہونا

فرمایا جو شخص فضولیات میں مشغول ہو گا' عادةً وہ ضروریات میں ضرور کوتاہی

کریگا اور فرمایا جتنے بھی مباحات ہیں' ان سب کی کثرت مضر ہے۔

## بلا ضرورت اچھی باتیں بھی مضر ہیں

فرمایا اگر اچھی اچھی باتیں بھی بلا ضرورت کی جائیں تو ان کا بھی یہ اثر ہوتا ہے کہ دل بے رونق ہو جاتا ہے۔

## قلب بڑا مفتی ہے

فرمایا قلب بڑا مفتی ہے' جب خوف ہوتا ہے تو سب تدبیریں اداء حقوق کی سوجھنے لگتی ہیں۔

# اخلاقیات

## معیار قساوت

فرمایا تاثر عقلی یا اعتقادی و عملی کا فقدان قساوت (دل کا سخت ہو جانا) ہے۔

## نادانی کی محبت

فرمایا' نادانی کی محبت ماں کی محبت ہے کہ بچہ کو جاہل رکھتی ہے۔

## بے تکلفی کی علامت

فرمایا' بے تکلفی کی علامت یہ ہے کہ ہم پیر پھیلا کر اس کے کندھے پر بھی رکھ دیں تو بھی کسی جانب انقباض نہ ہو۔

## مخلوق کا برا کہنا

فرمایا مخلوق کے برا کہنے کا کیا خیال؟ حق تعالیٰ کے ساتھ معاملہ صرف رکھنا چاہئے۔

## کردار کی درستی

"میں خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں کہ ہم اگر اپنی اصلاح کر لیں' تو تمام دنیا سدھر سکتی ہے اور بغیر کسی ظاہری تبلیغ کے بھی بہت کچھ سدھر سکتی ہے۔ہمارے اسلاف نے الفاظ سے زیادہ کردار سے اسلام کی تبلیغ کی ہے"۔

## انسان کی سعادت وفضیلت

"عیش پرستی اور اس کے لئے طرح طرح کی ایجادات کو سرمایہ فضل وکمال سمجھنا اس شخص کا کام ہے جو حقیقی فضل وکمال سے محروم ہو کیونکہ انسان کی سعادت

وفضیلت صرف اس میں ہے کہ اپنے مالک کے حق کو پہچانے۔اس کی یاد اور اطاعت وعبادت میں اپنے اوقات مشغول رکھے' دنیاوی سامان صرف اس قدر جمع کرے جس کے بغیر کام نہیں چلتا"۔

## بد دینی کا اثر

فرمایا بد دین آدمی اگر کسی اور کی بات کی نقل بھی کرے مثلاً بد دین نحو کی کوئی کتاب لکھے 'گو اس میں کوئی مسئلہ بد دینی کا نہیں ہے 'مگر اس کے دیکھنے سے بد دینی کا اثر دل میں پیدا ہو گا۔

## پاکستان بننے پر کیا کرنا تھا؟

اللہ پاک نے پاکستان بنوا دیا۔کوئی حالات تو ایسے سامنے نہ تھے۔کچھ اللہ کے بندوں کی آواز اللہ پاک نے سن لی اور ایک قطعہ زمین کا دیدیا۔خواب تو یہ دیکھا تھا کہ اسلامی سلطنت بن جائے گی اور اس ملک کو دنیا کا دارالامان سمجھا جائے گا۔ہوا یہ کہ جتنے دنیا بھر کے گناہ ہیں۔اس میں پوری قوم جس کو جتنا موقع ملا اندھے بن کر پڑ گئے۔دیندار طبقہ جو کہلاتا ہے وہ بھی اس سے نہ بچ سکے یعنی صلحاء اور دیندار بھی حسب طاقت ان بیماریوں میں پڑ گئے۔جنہوں نے مال ودولت نہ کمایا۔وہ اپنی بڑائی اور نفس کی بیماریوں سے مستثنی نہیں' سب ایک کشتی میں سوار ہیں۔حالانکہ ہونا یہ چاہئے تھا کہ ہم اپنے کو سنوارتے کم از کم قدم تو اصلاح کی طرف ہوتا۔بلکہ نظریہ آیا کہ ہر شخص اصلاح کے میدان سے پیچھے ہٹ کر برسوں دور جا رہا ہے۔آج ہم کافروں پر الزام لگاتے ہیں۔مگر حقیقت یہ ہے کہ ہم سب مجرم ہیں اللہ کے۔اور ان باطنی بیماریوں میں مبتلا ہیں بلکہ دن بدن اضافہ ہے۔شہوانی گناہوں سے صرف دفاتر' دوکانیں' بازار نہیں۔بلکہ مسجدیں' خانقاہیں بھی خالی نہیں اور جاہی بیماری نے صرف ممبر اور سیاست ہی نہیں دین کو بھی اکھاڑا بنا لیا ہے اور دیندار علماء بھی اس جاہ کے چکر میں ہیں۔

نزھۃ البساتین

نزھۃ البساتین **ایک** کتاب ہے 'اس کا اردو ترجمہ روض الریاحین ہے 'اس کو دیکھنا چاہئے ' فوری طور پر حالات میں تبدیلی ہوتی ہے ' کلام کا اثر ہوتا ہے (اس کتاب میں اکابر اولیاء اللہ رحمہم اللہ کی سبق آموز حکایات ہیں اور دارالاشاعت بندر روڈ کراچی سے شائع ہوئی ہے )۔

مجلس : ۶۲

# دار العلوم دیوبند اور اس کا مزاج ومذاق

دار العلوم دیوبند برصغیر کی وہ عظیم علمی درس گاہ ہے جس نے گزشتہ صدی میں عالم اسلام کی مایہ ناز شخصیتیں پیدا کیں اور ملت کی فکری اور علمی رہنمائی کرکے مسلمانوں کی تاریخ پر گہرے اور دور رس اثرات مرتب کئے۔

## دار العلوم دیوبند کے قیام کا سبب

دار العلوم دیوبند کیا ہے؟ وہ کیوں قائم ہوا اور اس نے کیا خدمات انجام دیں؟ ان سوالات کا صحیح جواب معلوم کرنے کیلئے آج سے تقریباً ایک صدی پہلے کے حالات پر ایک نگاہ ڈالنی ضروری ہے، کیونکہ یہی حالات دار العلوم دیوبند کے قیام کا سبب بنے، اور اس درس گاہ کو اسی وقت ٹھیک سمجھا جاسکتا ہے جبکہ اس کے قیام کا پورا پس منظر سامنے ہو۔

۱۸۵۷ء کا جہاد آزادی مسلمانوں کی طرف سے ہندوستان کو مغربی تسلط سے نکالنے کی آخری کوشش تھی اور اس تحریک نے انگریز حکمرانوں پر کم از کم یہ بات ضرور واضح کردی تھی کہ مسلمان ایسی قوم ہے جو کسی بھی حالت میں غلامی پر قانع نہیں ہو سکتی، چنانچہ اس مرحلہ پر انگریز نے اپنی پالیسی میں تبدیلی کی اور وہی انگریز جس نے لاکھوں مسلمانوں کا خون بہا کر اور سینکڑوں کو تختہ دار پر کھنچوا کر ہندوستان میں اپنے پنجے جمائے تھے اب ہندوستانی عوام کا خیر خواہ بن کر ان کے سامنے آیا، مقصد یہ تھا کہ جو قوم زور اور زبردستی سے قابو میں نہیں آسکی اس کے ذہن کو رفتہ رفتہ ایسا بدلا جائے کہ وہ ایک علیحدہ قوم کی حیثیت سے اپنے وجود کو فراموش کر بیٹھے، وہ اپنی دینی روایات، تہذیبی اقدار اور تابناک ماضی سے دھیرے دھیرے بے خبر ہوتی چلی جائے،

یہاں تک کہ ایک عرصہ کے بعد اسے یہ یاد ہی نہ رہے کہ ع

وہ کیا گردوں تھا تو جس کا ہے اک ٹوٹا ہوا تارا

اس مقصد کے لئے سب سے زیادہ موثر حربہ یہ تھا کہ مسلمانوں کے نظام تعلیم میں کچھ ایسی انقلابی تبدیلیاں لائی جائیں جن کے ذریعہ ان کے ذہنوں پر مغرب کی ہمہ جہتی بالادستی کا سکہ بٹھایا جاسکے اور وہ اس بالادستی سے مرعوب ہوکر اپنے ذہن سے سوچنے کے قابل ہی نہ رہ جائیں۔ چنانچہ لارڈ میکالے نے ہندوستانی باشندوں کے لئے ایک نئے تعلیمی نظام کی سفارش کی اور اس غرض کے لئے ایک طویل یادداشت مرتب کی جس میں اسلامی اور مشرقی علوم کا پوری ڈھٹائی کے ساتھ مذاق اڑایا۔ مسلمان علماء پر بے بنیاد الزامات لگائے اور آخر میں صاف صاف لکھا کہ :

> ”ہمیں اس وقت بس ایک ایسا طبقہ پیدا کرنے کی سعی کرنی چاہئے جو ہمارے اور ان کروڑوں انسانوں کے مابین ترجمانی کے فرائض انجام دے سکے جن پر ہم اس وقت حکمران ہیں، ایک ایسا طبقہ جو خون اور رنگ کے اعتبار سے ہندوستانی ہو، مگر ذوق، طرز فکر، اخلاق اور فہم وفراست کے نقطہ نظر سے انگریز“۔

مسلمانوں کو ذہنی طور پر مفلوج کرکے انہیں ہمیشہ کے لئے انگریز کا غلام بنا دینے کی یہ سازش درحقیقت ہندوستان پر اپنے اس اقتدار کو سنبھالا دینے کے لئے تیار کی گئی تھی جو آزادی کی مختلف تحریکوں کی بناء پر ہروقت ڈانواں ڈول رہتا تھا اور جس کی حفاظت کے لئے توپ وتفنگ کی طاقتیں ناکام ہوچکی تھیں، اکبر الہ آبادی مرحوم نے ایک چھوٹے سے شعر میں اس سنگین انگریز سازش کو بڑے بلیغ انداز میں بیان کیا ہے، فرماتے ہیں ؎

توپ کھسکی پروفیسر آئے
جب بسولہ ہٹا تو رندا ہے

## اہل بصیرت علماء کی دور اندیشی

لیکن مسلمانوں میں سے اہل بصیرت علماء اس خطرناک سازش کے دوررس

اثرات سے غافل نہ تھے' وہ جانتے تھے کہ اگر اس مرحلہ پر مسلمانوں کے دین وایمان کی حفاظت کے لئے کوئی موثر قدم نہ اٹھایا گیا تو کچھ عرصہ کے بعد یہ قوم ایک علیحدہ قوم کی حیثیت سے اپنا وجود ہی کھو بیٹھے گی اور چند نسلوں کے بعد ان میں شاید یہ بات جاننے والا بھی کوئی نہ رہے کہ اسلام کس چیز کا نام ہے؟ اور اس کی بنیادی خصوصیات کیا ہیں؟

اب تک اس دور کے اہل بصیرت علماء اس کوشش میں مصروف تھے کہ ہندوستان سے انگریز کے سیاسی اقتدار کو ختم کیا جائے اور اس مقصد کے لئے آزادی کی مختلف تحریکوں کے ذریعہ وہ انگریزوں کے خلاف نبرد آزما ہو چکے تھے' لیکن جب اس خاموش مگر سنگین سازش کا انکشاف ہوا تو انہوں نے بھی اپنی پالیسی میں فوراً تبدیلی کر کے سیاست کی راہ سے انگریز کے براہ راست مقابلے کو فوراً چھوڑ دیا' نئے تعلیمی نظام کی ہلاکت آفرینیوں سے مسلمانوں کو محفوظ رکھنے کا ایک ہی راستہ تھا اور وہ یہ کہ مسلمانوں کی طرف سے خود ایسے تعلیمی ادارے قائم کئے جائیں جن میں وہ اسلام کو اپنی صحیح شکل وصورت کے ساتھ محفوظ رکھ سکیں۔ چنانچہ ان حضرات نے سیاست کو بالکلیہ خیرباد کہہ کر اپنی ساری توانائیاں اسی کام میں صرف کر دیں' حضرت مولانا محمد قاسم صاحب نانوتوی 'حضرت مولانا رشید احمد صاحب گنگوہی اور حضرت حاجی سید عابد حسین صاحب یہ وہ حضرات تھے۔ جنہوں نے ۱۸۵۷ء کے جہاد میں نمایاں حصہ لیا تھا اور یوپی کے ایک چھوٹے سے خطے میں باقاعدہ اسلامی حکومت بھی قائم کر لی تھی اور اسی کے صلے میں انہیں عرصہ دراز تک حکومت کا سخت معتوب بھی رہنا پڑا' لیکن جب تعلیمی نظام کا یہ منصوبہ سامنے آیا تو ان حضرات نے سیاست کے کوچے کو بالکلیہ ترک کر کے دیوبند کے مقام پر ایک دینی درس گاہ کی بنیاد ڈالی' اور اسی درس گاہ کا نام آج ''دارالعلوم دیوبند'' ہے۔

یہ وہ وقت تھا جبکہ ہندوستان میں کسی دینی درس گاہ کو قائم کرنا نت نئے مصائب کو دعوت دینے کے مترادف تھا' دہلی میں جہاں سلطان محمد تغلق کے دور میں ایک ہزار مدارس قائم تھے' انگریزی تسلط کے بعد ایک بھی مدرسہ باقی نہ رہا تھا' علماء بھی جہاد میں حصہ لینے کے جرم میں یا پھانسی پر چڑھا دیئے گئے تھے یا انہیں کالا پانی

بھیج دیا گیا تھا۔ باقی ماندہ حضرات منتشر اور اپنے اپنے حالات میں گرفتار تھے' اسی لئے ان حضرات نے اس درس گاہ کے لئے کسی شہر کے بجائے قصبہ دیوبند کو پسند کیا اور کچھ علماء کو جمع کر کے اس سلسلہ خیز کا آغاز کر دیا۔

## دارالعلوم دیوبند کا بنیادی مقصد اسلام کی حفاظت

اس درسگاہ کے قیام کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ اسلام اور اسلامی علوم کو مٹانے کی جو کوششیں لارڈ میکالے کے نظام تعلیم کے ذریعہ کی جا رہی ہے اسے ناکام بنا کر اسلامی علوم کی ٹھیک ٹھیک حفاظت کی جائے اور ایسے جان نثار علماء کی ایک کھیپ تیار کر دی جائے جو سخت سے سخت حالات میں دین کو نہ صرف محفوظ رکھ سکیں بلکہ اسے دوسروں تک پھیلا اور پہنچا سکیں اور اس طرح عام مسلمان الحاد اور بے دینی کے ان فتنوں سے باخبر ہو سکیں جو مغربی طرز فکر اپنے ساتھ لائے گا تاکہ جب کبھی مسلمان کو مغرب کے سیاسی اقتدار سے آزادی نصیب ہو تو انہیں اسلامی نظام زندگی قائم کرنے کے لئے اسلام کی ہدایات جوں کی توں محفوظ مل جائیں اور وہ ان کی بنیاد پر اپنے مستقبل کی تعمیر کر سکیں۔

## سن تاسیس اور جگہ کا انتخاب

چنانچہ مورخہ ۱۵ محرم ۱۲۵۳ھ بمطابق ۳۰ مئی ۱۸۶۷ء کو نہایت سادگی کے ساتھ اس عظیم دینی درس گاہ کا آغاز کیا گیا اس درس گاہ کے بانیوں کا مقصد چونکہ دین کی پر خلوص خدمت تھی اس لئے اس کے قیام کے لئے نہ اخبار واشتہار کا اہتمام ہوا نہ اس مقصد کے لئے کوئی باضابطہ بورڈ قائم کیا گیا۔ نہ شہرت اور نام ونمود کے دوسرے طریقے اختیار کئے گئے بس اللہ کے کچھ مخلص بندوں نے دیوبند کے چھوٹے سے قصبہ کی ایک چھوٹی سے مسجد میں جسے چھتہ کی مسجد کہتے تھے ایک انار کے درخت کے نیچے آب حیات کا یہ چشمہ جاری کر دیا' اس عظیم الشان تعلیمی منصوبے کو عملاً شروع کرنے والے صرف دو افراد تھے۔ ایک استاد ایک شاگرد دونوں کا نام محمود

تھا' استاد حضرت ملا محمود دیوبندی تھے جنہیں مدرس کی حیثیت میں میرٹھ سے بلایا گیا تھااور شاگرد دیوبند کے ایک نوجوان محمود الحسن تھے جو بعد میں شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب ؒ کے نام سے معروف ہوئے اور جنہوں نے اپنی ریشمی رومال کی تحریک کے ذریعہ انگریزی حکومت کے ایوانوں میں زلزلہ ڈال دیا۔

دارالعلوم کی ابتداءایک انار کے درخت کے سایہ میں ہوئی تھی کسے معلوم تھا کہ یہ دوافراد جواتنی مسکنت اور گمنامی کے ساتھ یہاں ایک چشمہ فیض جاری کر رہے ہیں بالاخر برصغیر کی تاریخ کا رخ موڑ کر رکھ دیں گے لیکن دنیا نے دیکھ لیا کہ اسی سادہ سی درسگاہ سے علم وفضل کے ایسے ایسے آفتاب وماہتاب پیدا ہوئے جنہوں نے ایک دنیا کو جگمگا کر رکھ دیا۔ درسگاہیں دنیا میں بہت سی قائم ہوئی ہیں' دینی درس گاہوں کا بھی کسی دور میں فقدان نہیں ہوا لیکن اللہ نے دارالعلوم دیوبند کو جو فضیلت اور جو امتیاز بخشا وہ بہت کم علمی اداروں کے حصے میں آتا ہے۔ یہاں مجھے مختصراً اسی امتیاز کو واضح کرنا ہے۔

## خصوصیات دارالعلوم دیوبند

دارالعلوم دیوبند کی پہلی خصوصیت یہ ہے کہ وہ محض ایک درس گاہ کا نہیں ایک خاص نظریہ اورایک خاص طرز عمل کا نام ہے۔اس درس گاہ کی بنیاد ہی چونکہ اس لئے رکھی گئی تھی کہ اس کے ذریعہ اسلام اوراسلامی علوم کواپنی صحیح شکل وصورت میں محفوظ رکھا جائے اس لئے اس کا مسلک یہ رہا ہے کہ دین صرف کتابی حروف ونقوش کا نام نہیں ہے اور نہ دین محض کتابوں سے سمجھا جا سکتا ہے۔اللہ نے ہمیشہ کتاب کے ساتھ رسول کواس لئے بھیجا ہے کہ وہ اپنے عمل سے کتاب کی تفسیر کرے۔ چنانچہ ایسی مثالیں تو ملتی ہیں کہ دنیا میں رسول بھیجے گئے مگر کتاب نہیں آئی لیکن ایسی مثال کوئی ایک بھی نہیں ہے کہ صرف کتاب بھیج دی گئی ہواوراس کے ساتھ رسول کوئی نہ آیا ہو۔اللہ تعالیٰ کی یہ سنت بتلاتی ہے کہ دین کو سمجھنے سمجھانے اور پھیلانے پہنچانے کا راستہ صرف کتاب نہیں ہے بلکہ اس کے ساتھ وہ اشخاص بھی ہیں جو کتاب کا عملی پیکر بن کراس کی تفسیر وتشریح کرتے ہیں لہٰذا دین کو سمجھنے کے لئے کتاب اللہ اور

رجال اللہ' لازم وملزوم کی حیثیت رکھتے ہیں۔ان میں سے ایک کو دوسرے سے جدا نہیں کیا جاسکتا۔ چنانچہ قرآن کریم کو آنحضرت ﷺ کی تفسیر و تشریح کی روشنی میں اور سنت رسول اللہ ﷺ کو صحابہ تابعین اور دوسرے بزرگان دین کے متواتر عمل کی روشنی میں ہی ٹھیک سمجھا جاسکتا ہے اس کے بغیر دین کی تعبیر و تشریح کی ہر کوشش گمراہی کی طرف جاتی ہے۔

ہاں دین کے ان سرچشموں میں مراتب کا فرق ضرور ہے' جو مقام اللہ تعالیٰ کا ہے وہ کسی نبی کو حاصل نہیں ہوسکتا' جو مرتبہ ایک نبی کا ہے وہ کسی صحابی کو نہیں مل سکتا اور جو درجہ ایک صحابی کو حاصل ہے کوئی بڑے سے بڑا ولی اس درجہ تک نہیں پہنچ سکتا۔بس فرق مراتب کے ساتھ دین کے ان سرچشموں میں سے ہر ایک کے حقوق وحدود کی رعایت دارالعلوم دیوبند کا وہ خصوصی مزاج ہے جس نے اسے دوسرے اداروں سے امتیاز عطا کیا ہے اور جس کی بناء پر اس کا مسلک مسلمانوں کے مختلف مکاتب فکر کے درمیان ایک ایسی راہ اعتدال کی حیثیت رکھتا ہے جو افراط و تفریط سے بچتی ہوئی کتاب وسنت تک پہنچتی ہے۔

اور جب دارالعلوم دیوبند کا اساسی نظریہ یہ ٹھہرا کہ دین کتاب اللہ اور رجال اللہ کے مجموعہ کا نام ہے تو یہیں سے اس کا ایک دوسرا عملی امتیاز ظاہر ہوتا ہے اور وہ یہ کہ دارالعلوم اپنے عہد شباب میں محض ایک علمی درس گاہ نہیں تھی جس میں طلباء کو صرف کتابوں کے حروف ونقوش اور صرف علم کا ظاہری خول دیا جاتا ہو بلکہ یہ ساتھ ساتھ ایک عملی تربیت گاہ بھی تھی،' جہاں علم کے ظاہری بدن میں عمل صالح اور اخلاق فاضلہ کی روح بھری جاتی تھی' یہاں سے فارغ ہو کر نکلنے والے صرف ظاہری علوم ہی سے آراستہ نہیں ہوتے تھے بلکہ وہ عملی اعتبار سے بھی سچے اور پکے مسلمان ہوتے تھے جن کی ہر ہر نقل وحرکت اسلام کی نمائندگی کرتی تھی۔

## دارالعلوم دیوبند کا منفرد دور

میرے والد ماجد حضرت مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم کے قرن اول کے طلباء میں سے تھے وہ فرمایا کرتے تھے کہ ہم نے دارالعلوم کا وہ زمانہ دیکھا ہے

جب اس کے ایک چپراسی سے لے کر صدر مدرس اور مہتمم تک ہر ہر شخص ولی کامل تھا۔ دن کے وقت یہاں علوم وفنون کے چرچے ہوتے اور رات کے وقت اس کا گوشہ گوشہ اللہ کے ذکر اور تلاوت قرآن سے گونجتا تھا۔ چنانچہ اس دور میں جو شخصیتیں دارالعلوم دیوبند سے تیار ہوئیں انہوں نے عبادات، معاملات، اخلاق، معاشرت، سیاست اور اجتماعی امور میں ایسے ایسے تابناک کردار پیش کئے ہیں کہ آج اس کی نظیر ملنا مشکل ہے، ان میں سے ہر شخص اسلام کی مجسم تبلیغ تھا، وہ جہاں بیٹھ گیا، ایک جہاں کو سچا مسلمان بنا کر اٹھا، علم اگر روح عمل سے خالی ہو تو عموماً انسان میں خود پسندی اور پندار پیدا کر دیتا ہے۔ لیکن دارالعلوم دیوبند کا علم چونکہ روکھا پھیکا علم نہ تھا، بلکہ اس میں اخلاق وعمل اور عشق ومحبت کا سوز وساز بھی شامل تھا۔ اس لئے اس کی تیسری خصوصیت یہ رہی ہے کہ اس کا پورا ماحول تواضع اور سادگی اور بے تکلفی کا ماحول تھا وہاں ہر شخص علم وعمل کا آفتاب ہونے کے باوجود عبدیت اور تواضع کا پیکر تھا اس جماعت کے افراد ایک طرف عملی وقار استغناء اور خودداری کے حامل تھے اور دوسری طرف فروتنی، خاکساری اور ایثار وزہد کے جذبات سے معمور۔

## علماء دیوبند کے کارنامے اور ان کی سادگی

دارالعلوم کے بانی حضرت مولانا محمد قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ ہر علم وفن میں یکتائے روزگار تھے، ان کی تصانیف آج بھی ان کے علوم کی شاہد ہیں، لیکن سادگی کا عالم یہ تھا کہ ان کے پاس کبھی کپڑوں کے دو سے زائد جوڑے جمع نہیں ہوئے دیکھنے والا پتہ بھی نہ لگا سکتا تھا کہ یہ وہی مولانا محمد قاسم ہیں جنھوں نے مسلمانوں ہی سے نہیں غیر مسلموں اور مخالفوں سے بھی اپنے علم وفضل کا لوہا منوایا ہے۔ حضرت مولانا سید احمد دہلوی دارالعلوم کے قرن اول کے اساتذہ میں سے تھے اور فلسفہ ریاضی، ہیئت اور دیگر عقلی علوم میں اس وقت ان کا ثانی نہیں تھا، انہوں نے ساری عمر دیوبند کے قصبہ میں گذاری اور اس حالت میں دنیا سے تشریف لے گئے کہ دیوبند میں ان کی ذاتی جائیداد تو کجا رہنے کا مکان بھی اپنا نہیں تھا۔ تعظیمی القاب کے تکلفات تو بہت بعد میں پیدا ہوئے، حضرت شیخ الہند مولانا محمود الحسن صاحب جو دارالعلوم کے پہلے طالب

علم تھے اور بعد میں علم وسیاست دونوں میدانوں میں عالمگیر شہرت حاصل کی جب وہ دارالعلوم کے صدر مدرس ہوئے توانہیں صرف "بڑے مولوی صاحب" کہا جاتا تھا۔

مفتی عزیز الرحمٰن صاحب دارالعلوم کے مفتی اعظم تھے لیکن مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ وہ محلے کی بیواؤں یتیموں اور بے کس افراد کا سودا سلف خود اپنے ہاتھوں سے لاکر انہیں پہنچایا کرتے تھے۔ حضرت مولانا سید اصغر حسین (جو حضرت میاں صاحب کے نام سے معروف ہیں) حدیث کے اونچے درجے کے اساتذہ میں تھے' لیکن آخر عمر تک ایک کچے مکان میں مقیم رہے اور صرف اس لئے پختہ مکان نہیں بنوایا کہ محلہ غریبوں کا تھا اور جب تک سب کے مکان پختہ نہ بن جائیں اپنا مکان پکا کرانے کو دل نہیں مانتا تھا۔

## حکیم الامت کا نظم وضبط

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ جنہیں آج دنیا اس صدی کے عظیم رہنما کی حیثیت سے جانتی ہے اور جنہوں نے ایک ہزار سے زیادہ تصانیف چھوڑی ہیں۔ایک امیر گھرانہ کے چشم وچراغ تھے' لیکن دارالعلوم میں طالب علمی کی زندگی اس طرح بسر کی کہ مدرسہ کے قریب ایک چھوٹی سی مسجد میں رہتے اور طالب علمی ہی کے زمانے میں اوقات کے نظم وضبط کا عالم یہ تھا کہ ان کی مصروفیات کو دیکھ کر وقت معلوم کیا جاسکتا تھا' زمانہ امتحان کا ہو یا عام تعلیم کا ہمیشہ عشاء کے بعد سو جاتے اور آخر شب میں تہجد کے لئے بیدار ہوتے۔اس معمول میں کبھی فرق نہیں آیا۔اس علمی ادارے کی چوتھی خصوصیت یہ ہے کہ اس نے اپنے مسلک اعتدال کی طرف دعوت اور دوسروں پر تنقید کے سلسلے میں پیغمبرانہ اسلوب تبلیغ اختیار کیا جس میں مخالف کو زیر کرنے کے بجائے اس کی دینی خیر خواہی کو زیادہ اہمیت حاصل ہوتی ہے' دارالعلوم دیوبند نے حق کے معاملے میں مداہنت کو کبھی گوارا نہیں کیا اور جس بات کو حق سمجھا اس کا برملا اظہار بھی کیا لیکن اس اظہار میں حکمت اور نرمی کا پہلو ہمیشہ مدنظر رکھا گیا۔

## مقصد دارالعلوم دین کی حفاظت

دارالعلوم دیوبند کا اصل مقصد چونکہ دین کی حفاظت تھا اور یہ مقصد اس وقت تک حاصل نہ ہو سکتا تھا جب تک ایک جماعت دوسرے ہر کام کو چھوڑ کر صرف اسی کی نہ ہو رہے اس لئے انہوں نے دنیوی مناصب اور عہدوں سے قطع نظر کر کے اور خود پیٹ پر پتھر باندھ کر اس خدمت کو انجام دیا، لیکن عام مسلمانوں کی مادی ترقی کی فکر انہیں ہمیشہ دامن گیر رہی اور انہوں نے ہر اس پر خلوص تحریک کے ساتھ مقدور بھر تعاون کیا جو دین کو محفوظ رکھتے ہوئے مسلمانوں کی اجتماعی فلاح اور مادی ترقی کا مقصد لے کر آگے بڑھی، ہاں جس جگہ مادی ترقی کے شوق میں انہیں دین پامال ہوتا نظر آیا وہاں وہ دین کی حفاظت کے لئے سد سکندر بن گئے اور اسی کا نتیجہ ہے کہ دو سو سال تک انگریز اور ہندو کی دوہری چکی میں پسنے کے باوجود اللہ کے فضل و کرم سے آج دین اپنی صحیح شکل میں محفوظ ہے۔ برصغیر میں دین کو سمجھنے والے اس کی دعوت دینے والے اور اس پر اپنا سب کچھ قربان کرنے کا جذبہ رکھنے والے موجود ہیں اور عام مسلمان بھی مغربی افکار کے بے پناہ سیلاب کے باوجود نظری طور پر آج بھی مسلمان ہیں اور اسلام پر فخر کرتے ہیں۔

## دارالعلوم دیوبند اور عظیم شخصیتیں

دارالعلوم دیوبند نے جتنی عظیم شخصیتیں پیدا کیں اتنی شخصیتیں کم ہی کسی علمی درسگاہ کے حصے میں آتی ہیں شیخ الہند حضرت مولانا محمود الحسن صاحب، حضرت علامہ انور شاہ صاحب کشمیری، حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی، حضرت مولانا مفتی عزیز الرحمٰن صاحب، حضرت مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب، حضرت مولانا مناظر احسن گیلانی اور نہ جانے علم و عمل کے کیسے کیسے آفتاب و ماہتاب اس درس گاہ سے پیدا ہوئے۔ جن میں سے ہر شخص ایک مستقل جماعت کی حیثیت رکھتا تھا۔

دارالعلوم دیوبند درحقیقت انہی شخصیتوں اور اسی طرز فکر اور طرز عمل کا نام

ہے جس کی مختصر تشریح اوپر پیش کی گئی۔

میں نے اپنی آنکھ دارالعلوم دیوبند ہی کے پرنور صحن میں کھولی اور ترپن سال اس مادر علمی کی آغوش میں گذارے ہیں اور میں سمجھتا ہوں کہ اس کے انوار وفیوض کا ہر شعبہ ایک ضخیم تصنیف چاہتا ہے اور آج جب کوئی شخص مجھ سے یہ پوچھتا ہے کہ دارالعلوم دیوبند کس چیز کا نام ہے؟ اور اس کے امتیازی خصائص کیا ہیں؟ تو میں اس شعر کے سوا ان سوالات کا کوئی جواب نہیں دے پاتا کہ ؎

اکنوں کرا دماغ کہ پرسد زباغباں
بلبل چہ گفت وگل چہ شنید و صبا چہ کرد؟

# اسلام کے قرن اول میں تعلیم کا نصاب اور نظام

## نظام تعلیم

قرآن کریم نے تعلیم کو یہ اہمیت دی ہے کہ رسول کریم ﷺ کی بعثت کا مقصد ہی تعلیم کو قرار دیا اور اسی لئے رسول کریم ﷺ نے فرمایا "انَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا" یعنی مجھے تو معلم ہی بنا کر بھیجا گیا ہے۔ آنحضرت ﷺ نے قرآنی ارشادات کے ماتحت ایک طرف تو ہر مرد و عورت پر علم حاصل کرنے کو فرض قرار دیا' دوسری طرف امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کا فریضہ ہر مسلمان پر ڈال کر ایک حیثیت سے اس کا اعلان کر دیا کہ ہر مسلمان کو اپنے دوسرے بھائیوں کے لئے معلم ہونا چاہئے۔ ارشاد قرآن:

> كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ.
>
> یعنی تم بہترین امت ہو جو لوگوں کے فائدہ کے لئے پیدا کی گئی ہے (تمہارا کام ہی یہ ہے کہ) لوگوں کو نیک کاموں کے لئے آمادہ کرتے اور برے کاموں سے روکتے رہو۔
>
> ارشاد رسول ﷺ ہے
>
> كُلُّكُمْ رَاعٍ وَكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَعِيَّتِهٖ.
>
> یعنی تم میں ہر شخص نگران ہے اور جس کی نگرانی اس کے سپرد کی گئی ہے اس کا ذمہ دار مسئول ہے۔

پھر خصوصیت کے ساتھ اس کی تاکید فرمائی کہ مسلمانوں میں ایک ایسی جماعت ہمیشہ موجود رہنی چاہئے جس کا کام ہی تعلیم و تبلیغ ہو۔

> وَلْتَكُنْ مِّنْكُمْ اُمَّةٌ يَّدْعُوْنَ اِلَى الْخَيْرِ وَيَأْمُرُوْنَ

بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ.

یعنی مسلمانوں میں سے ایک جماعت ایسی ہونی چاہئے جو بھلائی کی طرف دعوت دے اور برائیوں سے روکے۔

ایک دوسری آیت میں ارشاد فرمایا:

لَوْ لَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَآئِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّيْنِ.

یعنی ایسا کیوں نہیں ہوا کہ مسلمانوں کی ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت اس کام کے لئے نکل کھڑی ہوتی کہ وہ دین میں سمجھ حاصل کرے۔

قرآن کریم کے ارشادات مذکورہ نے تعلیم کا ایک ایسا فطری آسان اور سستا نظام وضع فرمایا کہ اس کے ذریعہ تعلیم غیر شعوری طور پر جبری اور مفت ہوگئی اور ضروری معلومات کی حد تک مسلمانوں کا ہر گھر ایک پرائمری مدرسہ اور ہر خاص و عام مسلمان اس کا معلم بن گیا۔ بچہ کے لئے آغوش مادر سب سے پہلا مدرسہ ہوگیا جہاں سے وہ غیر شعوری طور پر بہت سا علم، اخلاق، عادات لے کر نکلتا ہے اور جب تک مسلمانوں نے اس ہدایت پر عمل کیا ان کا بچہ کسی مکتب یا مدرسہ میں جانے سے پہلے اتنا علم حاصل کر لیتا تھا جو آجکل کے پرائمری مدرسہ میں بھی حاصل ہونا مشکل ہے۔ صحابہ کرام جو رسول اللہ ﷺ کے بلا واسطہ شاگرد ہیں ان کو رسول اللہ ﷺ کی طرف سے یہ حکم ملا تھا کہ

بَلِّغُوا عَنِّي وَلَوْ آيَةً.

یعنی میری تعلیم دنیا کو پہنچا دو (جس کو جتنی حاصل ہو) اگرچہ وہ ایک چھوٹا سا حصہ ہو۔

ان حضرات نے اس حکم نبوی کو مقصد زندگی بنا لیا اور دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیل کر جس کے پاس جتنا علم رسول کریم ﷺ سے حاصل کیا ہوا تھا وہ اس کو خدا تعالیٰ کی دی ہوئی ایک امانت سمجھ کر عام مسلمانوں تک پہنچانے کو اپنا فرض سمجھتا اور پہنچاتا

تھا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کا واقعہ صحیح بخاری میں مذکور ہے کہ ایک حدیث بیان کرنے سے رہ گئی تھی جب ان کی وفات کا وقت آیا تو لوگوں کو جمع کر کے وہ حدیث سنائی اور فرمایا کہ یہ کام میں نے اس لئے کیا ہے کہ اس امانت کو اپنے سینہ میں لئے ہوئے دنیا سے رخصت ہو جاؤں تو گناہ گار ہوؤں گا۔ تعلیم و تبلیغ کا یہ عام طریقہ تو ہر صحابی کا شعار لازم تھا ہی اس کے ساتھ ان حضرات میں ایک جماعت ایسی بھی تھی جنہوں نے رسول کریم علیہ السلام کے نقش قدم پر اپنا مقصد زندگی صرف تعلیم و تبلیغ ہی کو بنا لیا تھا۔ یہ علماء صحابہ اور فقہاء صحابہ کہلاتے ہیں یہ حضرات جس خطہ جس جگہ بیٹھ گئے وہ علوم عالیہ کا ایک بڑا مدرسہ یا کالج بن گیا' اور اطراف سے طلباء علم جوق در جوق وہاں جمع ہو کر ان سے مستفید ہوئے اور عالم بن کر اپنے اپنے اطراف میں پہنچے۔ اس طرح دنیا میں علوم اسلامیہ کی تعلیم عام ہوتی چلی گئی۔

## نصاب تعلیم

اسلامی تعلیم جس میں انسان کے بچپن سے لے کر بڑھاپے تک اور عائلی خانگی زندگی سے لے کر ملکی اور سیاسی زندگی تک اس کی ہر انفرادی اور اجتماعی ضرورت کے لئے مکمل ہدایات موجود ہیں اس کے عمود دو ہیں قرآن' سنت' اسلام کے قرن اول میں مسلمان ہونے والے حضرات عموماً عرب تھے جو قرآن و سنت کی زبان (عربی) سمجھنے پر براہ راست قادر تھے۔ ان کو صرف و نحو' معانی' بیان' ادب عربی وغیرہ علوم آلیہ پڑھنے سیکھنے کی کوئی ضرورت نہ تھی۔ ان کی معاشی اور سیاسی ضرورتیں بھی مختصر تھیں اس لئے ان کا نصاب درس براہ راست کتاب و سنت تھا۔

ابتدائی دور میں یہ دونوں چیزیں بھی کتابی صورت میں مدون نہ تھیں۔ اس لئے تعلیم زبانی ہوتی تھی البتہ قران کی آیات کو لکھنے لکھوانے کا اہتمام تھا۔ بترتیب نزول جو آیت نازل ہوتی لکھ لی جاتی تھی۔

بعض حضرات کچھ کچھ حدیثیں بھی لکھ لیا کرتے تھے مگر نزول قرآن کے زمانہ میں حدیث لکھنے کو التباس کے خطرہ کی بناء پر پسند نہ کیا جاتا تھا۔ بہرحال تعلیم کا مدار کتاب پڑھانے کے بجائے زبانی تعلیم پر تھا۔ خلافت راشدہ کے عہد میں قرآن کتابی

صورت میں لکھ کر دنیا میں پھیلایا گیا اور اس کے متصل بعد پہلی صدی ہجری ہی میں سنت کی تدوین کا کام افضل التابعین حضرت عمر بن عبدالعزیز نے جماعت صحابہ کی مدد سے شروع کیا۔ آپ نے پوری اسلامی قلمرو میں احکام بھیجدیئے کہ جہاں کہیں بھی کوئی صحابی موجود ہے اور ان کے پاس رسول کریم ﷺ سے سنی ہوئی کوئی حدیث ہے یا کسی کے پاس حدیث رسول ﷺ لکھی ہوئی موجود ہے ان کو جمع کر لیا جائے۔ اطراف دنیا میں پھیلے ہوئے صحابہ وتابعین نے اس حکم کی تعمیل میں ایک بہت بڑا ذخیرہ حدیث کا جمع کرکے بھیج دیا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز نے صحابہ کرام کے مشورے سے اس کی پوری تحقیق اور چھان بین کی اور اشتباہ کے مواقع پر باقاعدہ شہادتیں لے کر ان احادیث کو جمع کر دیا جن پر ان کو شہادتیں مل گئیں اور پورا وثوق واعتماد ہو گیا۔

تدوین حدیث کی صورت کا اجمالی تذکرہ تو صحیح بخاری میں بھی موجود ہے اور اس کی تفصیلات کچھ ابن عبدالبر نے "جامع بیان العلم" میں لکھی ہیں۔ کچھ سیرت عمر بن عبدالعزیز اور مسند عمر بن عبدالعزیز میں مذکور ہیں۔ دنیوی فنون' حساب' ریاضی صنعت وغیرہ جس کو جتنی ضرورت پڑتی رہی 'اپنی اپنی جگہ سیکھتا رہا۔ بعض صحابہ کرام مختلف زبانوں سے واقف تھے۔ بعض صحابہ کتابت کے ماہر تھے۔ بہت سے حضرات مختلف صنعتیں جانتے تھے۔ ابن کثیر نے اپنی تاریخ "البدایہ والنہایہ" میں غزوۂ حنین کے واقعات میں ذکر کیا ہے کہ دو صحابی حضرت عروہ ابن مسعود اور غیلان ابن سلمہ اس جہاد میں اس لئے شریک نہیں ہو سکے کہ وہ مقام جرش میں آلات جنگ' دبابات' مجانیق' حنبور کی صنعت سیکھ رہے تھے۔ مجانیق اس وقت قلعہ شکن توپ کی جگہ اور دبابہ۔ حنبور۔ ٹینک کی جگہ استعمال ہوا کرتے تھے۔

(لبدایہ ص: ۳۴۵ ج: ۴)

خلاصہ یہ ہے کہ ان حضرات نے علم و تعلیم کا اصل محور تو کتاب وسنت کو قرار دیا اور جنگی سیاسی اور عمرانی ضرورتوں کے لئے جتنی جتنی ضرورت سامنے آتی رہی وہ عام دنیا کے لوگوں کی طرح ان کو بھی سیکھتے رہے۔

عرب میں لکھنے کا رواج بہت کم تھا۔ پوری امت ہی امیین کہلاتی تھی۔ رسول کریم ﷺ نے کتابت کو دینی اور تعلیمی ضرورتوں کے لئے اہم سمجھ کر اس کی تعلیم کا خود

یہ اہتمام فرمایا کہ جنگ بدر میں جو قیدی مسلمانوں کے ہاتھ آئے اوران کو فدیہ لے کر چھوڑ دینا تجویز ہوا توان میں کچھ لوگ ایسے بھی تھے جو کتابت جانتے تھے' آپ ﷺ نےان کا فدیہ یہی قرار دے دیا کہ وہ مسلمانوں کو لکھنا سکھا دیں۔

صحابہ کرام ضض دنیا کے اطراف میں پھیلے تو تعلیم کے اسی سادہ اور فطری اصول کو رواج دیا کہ ابتدائی احکام وضروریات تک ہر مسلمان مرد وعورت کو واقف کر کے ایک خانگی معلم اوران کے گھر کوایک ابتدائی (پرائمری) مدرسہ بنا دیااور علماء صحابہ ضض جس جگہ بیٹھ گئے وہ علوم عالیہ کاایک مدرسہ بن گیا۔

اس دور میں مدرسوں کے لئے مستقل مکان اور نظام کی بھی ضرورت محسوس نہیں کی گئی۔ عموماً مساجد سے یہ کام لیا گیا یہ خود علماء کے مکانوں کی ڈیوڑھیاں مدرسہ کا کام دیتی رہیں۔

رسول کریم ﷺ کے فیض نظر سے صحابہ کرام ضض کو حق تعالیٰ نے وہ کشش اور جاذبیت عطا فرمادی تھی کہ جتنے ملک ان کے ہاتھوں فتح ہوئے اگرچہ ان کی پہلی زبانیں' رومی' بربری' فارسی' وغیرہ تھیں مگر ملک فتح ہوتے ہی ان میں بغیر کسی جبروا کراہ کے عربی زبان کااس قدر رواج بڑھا کہ بہت تھوڑی مدت میں ان ملکوں کی زبان ہی عربی ہوگئی۔ مصر' شام اور عراق سے لیکر خراسان تک تمام ملکوں میں عربی بولی جانے لگی۔

(اقتضاء الصراط المستقیم — ابن تیمیہ)

اس لئے عالمگیر فتوحات کے بعد نصاب درس میں کسی خاص ترمیم کی ضرورت محسوس نہ ہوئی اور حسب دستور ابتدائی تعلیم کچھ اپنے گھروں میں کچھ مسجدوں میں ہوتی رہی جس مسجد میں کوئی بڑا عالم بیٹھ گیا وہ علوم عالیہ کا مدرسہ بن گیا۔ گویا اس وقت کا ہر عالم ایک مستقل مدرسہ یا کالج تھا۔

تبع تابعین کے دور میں جبکہ عجم میں اسلام پھیلنے کے سبب عربی زبان کو اتنا سمجھنے کے لئے جس سے قرآن سمجھا جا سکے صرف ونحو کے فنون ایجاد ہوئے۔ادب عربی کو سیکھنے کی ضرورت پڑی۔ دنیاوی ضروریات میں بھی بہت سی نئی چیزوں کا اضافہ ہوا۔ اس کے مناسب نئی نئی کتابیں تصنیف ہوئیں اور حسب حال نصاب تعلیم میں جدید

چیزوں کے اضافہ کا سلسلہ شروع ہو گیا اور تعلیم کتابی صورت میں آگئی۔ کتابوں کے پڑھنے پڑھانے کا رواج عام ہو گیا۔ اسی دور میں مدارس کے لئے جداگانہ عمارتوں اور مستقل نظام کی بھی ابتداء ہوئی۔ یہ ایک سرسری جائزہ ہے قرن اول میں اسلامی تعلیم اس کے نصاب و نظام کا۔

## ہندوستان میں اسلام اور تعلیم

ہندوستان میں اسلام انفرادی صورت سے تو مختلف گوشوں میں آچکا تھا مگر اجتماعی صورت سے فاتحانہ انداز میں سب سے پہلے پہلی صدی ہجری کے آخر میں محمد بن قاسم ثقفی کے ذریعہ پہنچا جس میں پورے سندھ میں جو اس وقت صوبہ گجرات اور پنجاب پر مشتمل ایک بڑا ملک تھا اسلامی حکومت قائم ہو گئی۔ اسلامی تعلیم پورے ملک میں جاری ہوئی۔ اس وقت کے نصاب تعلیم کا کوئی تفصیلی نقشہ تو نہیں ملتا مگر سندھ کے علماء و مشائخ کے حالات سے اتنا اندازہ ہوتا ہے کہ یہاں ادب عربی۔ حدیث فقہ پر تعلیم کا خاص زور رہا۔

یہ سندھ کی اسلامی سلطنت ایک خاص صوبہ میں تھی اور وہ بھی محمد بن قاسم کے بعد مضمحل ہونی شروع ہو گئی۔ پورے ہندوستان میں اسلامی دور کا آغاز ۳۹۰ھ میں سلطان محمود غزنوی کے ہاتھوں ہوا اور تقریباً آٹھ سو برس تک آب و تاب کے ساتھ باقی رہا۔

اس آٹھ سو سالہ تاریخ میں حکومت اگرچہ مختلف ہاتھوں میں ادلتی بدلتی رہی لیکن ایک قدر مشترک سب میں قائم رہا کہ اسلامی تعلیم کا روزافزوں اضافہ ہوتا گیا۔ علماء و مشائخ اور عام مسلمان تعلیم کو دین کا اہم فریضہ سمجھ کر اس کی ادائیگی میں اخلاص کے ساتھ مشغول ہو گئے۔ دوسری طرف عام سلاطین علم دوست ہوئے۔ ان کے دربار علماء و مشائخ سے معمور رہے۔ دینی ضروریات میں علماء کی رائے کو حق تقدم حاصل رہا اور ان میں بہت سے حضرات خود بھی عالم ہوئے۔ محمود غزنوی' شہاب الدین غوری، شمس الدین التمش ' عالمگیر وغیرہ رحمتہ اللہ علیہم علماء کی صف میں بھی خاص امتیاز رکھتے ہیں۔

ان تمام سلاطین نے اور ان کے اثر سے دوسرے امراء وحکام نے جابجا خود بھی مدرسے بنائے اور جو علماء بطور خود درس وتدریس کی خدمت انجام دیتے تھے ان کے لئے حکومت کی طرف سے وظائف اور مدد معاش مقرر ہوئے تاکہ وہ اپنے معاش کی فکر سے فارغ ہوکر دین کی نشرواشاعت میں پوری تندہی کے ساتھ مشغول رہیں۔ نظام تعلیم کا مرکز اس دور میں بھی عموماً مساجد ہی رہی ہیں۔البتہ مسجدوں کے ساتھ بقدر ضرورت درس گاہیں اور طلباء کی اقامت گاہیں بنائی گئیں محمود غزنوی جب ۴۰۹ ھ میں فتح قنوج سے واپس غزنی پہنچے تو غزنی میں ایک جامع مسجد اور اس کے ساتھ مدرسہ کی بنیاد رکھی۔(تاریخ فرشتہ جات محمود غزنوی)

محمد قاسم فرشتہ نے اس مدرسہ کی بناء کے ساتھ اس کا بھی ذکر کیا ہے کہ:

"بمقتضای "الناس علي دين ملوکهم" ہریکے از امراء واعیان دولت بہ بنائے مسجد ومدارس ورباطات وخوانق مبادرت نمودند"۔

محمود غزنوی کے لڑکے شہاب الدین مسعود کا دور پہلے سے زیادہ علمی اور تعلیمی رہا۔تاریخ فرشتہ میں انکا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

"دراوائل سلطنت اودر ممالک محروسہ چنداں مدارس و مساجد بناء نہادند کہ زبان از تعداد آں عاجز و قاصراست"۔

پھر شہاب الدین غوری نے اجمیر میں 'قطب الدین ایبک 'شمس الدین التمش' علاؤالدین خلجی وغیرہ نے دہلی میں بہت سے مدرسے قائم کئے۔

مصر کے مشہور مورخ مقریزی نے اپنی کتاب "خطط" میں محمد تغلق کے دور کا حال لکھا ہے کہ دہلی کا رقبہ چالیس میل مربع ہے اور ایک ہزار مدارس اس میں قائم ہیں۔

یہاں مدارس کی تاریخ لکھنا مقصد نہیں بلکہ علم وتعلیم کے ساتھ ہندوستان کے عوام اور سلاطین دونوں کے شغف کا ایک اجمالی خاکہ سامنے لانا ہے اور اس میں اصل مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں کے آٹھ سو سالہ دور میں ان کا نصاب تعلیم معلوم کیا جائے۔افسوس ہے کہ ہمارے قدیم مورخوں نے شاہی درباروں اور ان کی نقل وحرکت ہی کو قوم کی تاریخ کا انداز دیا اور اسی کو تفصیل کے ساتھ پیش کیا ہے۔علمی '

اصلاحی، ثقافتی چیزیں کہیں کہیں ضمناً تذکرہ میں آگئی ہیں۔انہیں سے اس کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ان تمام ادوار میں نصاب تعلیم کیا رہااور اس میں کیا کیا تغیرات ہوتے رہے ایک چیز تو تمام ادوار میں مشترک رہی کہ علوم قرآن وحدیث ،فقہ اصول فقہ ، صرف ، نحو ،ادب ہماری تعلیم کا اصل اصول رہا۔اس کے ساتھ دفتری ملکی ، سیاسی ضروریات کے لئے جن علوم وفنون کی ضرورت ہر دور میں محسوس کی گئی اس کا اضافہ نصاب تعلیم میں ہوتا رہا۔

سلطان مسعود غزنوی رحمۃ اللہ علیہ کے عہد میں ابو ریحان بیرونی جو دنیا میں آج بھی بے نظیر ماہر ریاضیات مانا گیا ہے اور روس نے خلائی سفروں اور سیاروں کے سفر میں اسی کے نظریات سے کام لیا ہے۔اس نے سلطان مسعود کے نام پر ریاضی کی مشہور کتاب قانون مسعودی تصنیف کرکے دربار سے بڑا انعام حاصل کیا۔ قاضی ابو محمد ناصحی نے فقہ مسعودی کے نام سے فقہ حنفی پر کتاب لکھی ۔ (تاریخ فرشتہ)

سلطان ہمایوں کو علم ہیئت وجغرافیہ سے خاص شغف تھا۔ان فنون میں اس کی اپنی تصنیف بھی ہے اور آج جو کرے اور اسطرلاب عموماً مدارس میں پائے جاتے ہیں ابتداءً اس کا رواج ہمایوں ہی کے عہد سے شروع ہوا ۔ (تاریخ فرشتہ)

غزنوی اور غوری دور حکومت سے سکندر لودھی کے زمانہ تک منطق فلسفہ کا رواج ہندوستان کے مدارس میں زیادہ نہ تھا۔زیادہ زور صرف ونحو ،فقہ ،اصول فقہ پر دیا جاتا تھا۔

سکندر لودھی کے زمانہ میں ملتان کی طرف سے کچھ علماء معقولات اس طرف آئے اور منطق وفلسفہ کا رواج بڑھا۔یہاں تک کہ یہی فنون معیار فضیلت بن گئے۔ سید شریف اور تفتازانی وغیرہ کی تصانیف نصاب درس میں شامل کی گئیں۔

شیخ عبدالحق محدث دہلوی پہلے وہ شخص ہیں جو سفر کرکے عرب پہنچے اور تین سال قیام کرکے علم حدیث حاصل کیااور یہ تحفہ ہندوستان کے لئے لائے ۔ بارہویں صدی ہجری میں حضرت شاہ ولی اللہ قدس اللہ سرہ نے علم حدیث کو خاص طور پر فروغ دیااور اس وقت اسلامی مدارس کا نصاب تقریباً ہر حیثیت سے جامع اور مکمل ہو گیا۔ حضرت شاہ صاحب نے الجزاء اللطیف کے حوالے سے ان کی اپنی درسیات کا یہ

نقشہ لکھا ہے۔

| | |
|---|---|
| نحو میں | کافیہ۔ شرح جامی۔ |
| منطق میں | شرح شمسیہ۔ شرح مطالع۔ |
| فلسفہ میں | شرح ھدایتہ الحکمہ۔ |
| کلام میں | شرح عقائد نسفی مع حاشیہ خیالی۔ شرح مواقف۔ |
| فقہ میں | شرح وقایہ۔ہدایہ کامل۔ |
| اصول فقہ میں | حسامی اور کسی قدر توضیح تلویح۔ |
| بلاغت میں | مختصرالمعانی و مطول |
| ہیئت و حساب میں | بعض رسائل مختصرہ۔ |
| طب میں | موجزالقانون۔ |
| حدیث میں | مشکوۃ المصابیح کل۔ شمائل ترندی کل۔ کسی قدر صحیح بخاری۔ |
| تفسیر میں | مدارک۔ بیضاوی |
| تصوف و سلوک میں | عوارف۔ شرح رباعیات جامی۔ شرح لمعات۔نقدا لنصوص۔ |

حضرت شاہ صاحب نے یہ کتابیں اپنے وطن میں پڑھیں اس کے بعد عرب تشریف لے گئے وہاں کئی سال رہ کر شیخ ابو طاہرمدنی سے فن حدیث کی تکمیل کر کے واپس آئے۔ ہندوستان میں صحاح ستہ کے درس وتدریس کا رواج اسی وقت سے ہوا۔ (ہندوستان کی قدیم اسلامی درس گاہیں)

ہندوستان میں نصاب تعلیم کا آخری دور وہ ہے جو بارہویں صدی میں ملا نظام الدین سہالوی کے نام سے منسوب ہو کر درس نظامی کہلایا اور اس وقت سے آج تک تمام مدارس اسلامیہ میں یہی نصاب رائج ہے۔ملا نظام الدین سہالوی رحمۃ اللہ علیہ سلطان عالمگیر کے عہد کے ایک بڑے ماہر عالم اور مقدس بزرگ ہیں۔ فتاویٰ عالمگیری کی تدوین کے لئے عالمگیر نے جو علماء کی ایک جماعت (بورڈ) کا انتخاب فرمایا تھا اس میں ملا نظام الدین کا نام سرفہرست آتا ہے۔ان کے نصاب درس کا جو نقشہ

مولانا عبدالحیٔ ناظم ندوۃ العلماء کے حوالہ سے رسالہ ''ہندوستان کی قدیم اسلامی درسگاہیں'' میں مرقوم ہے۔وہ یہ ہے۔

**صرف:** میزان۔ منشعب۔ پنج گنج۔ زبدہ۔ دستور المبتدی۔ صرف میر۔بعد میں علم الصیغہ۔فصول اکبری۔شافیہ کااس میں اضافہ ہوا۔

**نحو:** نحو میر۔ مائتہ عامل۔ شرح مائتہ عامل۔ ہدایتہ النحو۔ کافیہ۔ شرح جامی۔

**بلاغت:** مختصرالمعانی کامل۔مطول تاماانا قلت۔

**ادب:** نفحتہ الیمن۔ سبعہ معلقہ۔ دیوان متبنی۔ مقامات حریری۔ حماسہ۔

**فقہ:** شرح وقایہ اولین۔ہدایہ اخیرین۔بعد میں منیتہ المصلی یا نور الایضاح کااور قدوری کنز کااضافہ ہوا۔

**اصول فقہ:** نورالانوار۔توضیح تلویح۔مسلم الثبوت۔

**منطق:** صغریٰ۔ کبریٰ۔ ایسا غوجی۔ قال اقوال۔ میزان منطق۔ تہذیب۔ شرح تہذیب قطبی۔ میر قطبی۔ملا حسن۔ حمداللہ۔ قاضی۔ میر زاہد رسالہ۔حاشیہ غلام یحییٰ۔ملا جلال۔بحرالعلوم شرح سلم۔ملا مبین شرح سلم۔

**فلسفہ:** میبذی۔صدرا۔شمس بازغہ۔

**کلام:** شرح عقائد نسفی۔خیالی۔میر زاہدامور عامتہ۔

**ریاضی:** تحریر اقلیدس مقالہ اولیٰ۔ خلاصتہ الحساب۔ تصریح۔ شرح چغمینی۔

**فرائض:** شریفیہ شرح سراجیہ۔

**مناظرہ:** رشیدیہ۔

**تفسیر:** جلالین۔بیضاوی تاسورہ بقرہ۔

**اصول حدیث:** شرح نخبتہ الفکر۔

حدیث : بخاری ۔مسلم ۔موطاء۔ ترمذی ۔ابو داؤد۔نسائی ۔ابن ماجہ۔

یہ نصاب ثانوی اور اعلیٰ تعلیم کا نصاب ہے ۔اس سے پہلے ابتدائی (پرائمری) تعلیم کا نصاب جداگانہ ہے ۔جو اس وقت کے تمام مکاتیب ومدارس میں رائج اور قصبات ودیہات تک پھیلا ہوا تھا اس میں قرآن مجید ناظرہ اور حفظ کے بعد اردو نوشت وخواند اور فارسی زبان اور ابتدائی حساب پر زور دیا جاتا تھا۔پھر فارسی ادب میں ''گلستان'' ۔''بوستان'' ۔اخلاق محسنی ۔اخلاق جلالی ۔رقعات عالمگیری ۔مالا بدمنہ فارسی وغیرہ ایسی کتابیں پڑھائی جاتی تھیں جن سے بچہ ضروریات دین سے اور اسلامی اخلاق وتہذیب سے بھی واقف ہو جائے اور حساب ومضمون نویسی میں اس درجہ کو پہنچ جائے کہ اس کو خواندہ آدمی کہا جا سکے۔

درس نظامی کا یہ پورا نقشہ اس وقت کے تمام مدارس میں رائج ہوا۔اس درس کے فاضل جس طرح علوم دینیہ کے ماہر ہوتے تھے اسی طرح دفتری ضروریات اور ملکی خدمات کے انجام دینے میں بھی ماہر سمجھے جاتے تھے۔خاص خاص فنون میں مہارت حسب ضرورت بعد میں حاصل کر لی جاتی تھی۔اس وقت تک علوم دینیہ دنیویہ کی کوئی تفریق نہ اس ملک میں تھی اور نہ دوسرے ممالک میں نصاب درس کچھ ایسا مقبول ہوا کہ اطراف ملک میں اس کے پڑھنے والے ہزاروں علماء وفضلاء تمام ملک میں فاضل وماہر سمجھے گئے۔ہزاروں علماء صلحا' اتقیا' محدثین' مفسرین' فقہاء' ادباء اور ماہر معقولات اس سے پیدا ہوئے۔

انگریزی عہد کی ابتداء میں بھی یہی صورت حال چلتی رہی مگر انقلاب ۱۸۵۷ء میں جبکہ تمام اسلامی شعائر مجروح اور مدارس معطل اور علماء منتشر ہو گئے۔یہ سارا نظام درہم برہم ہو جانے کے بعد انگریزی نصاب تعلیم ملک میں رائج ہوا تو اس میں اسلامی عقائد' احکام اور تہذیب کا کوئی حصہ نہ تھا۔علماء دین جو بچے کھچے مختلف اطراف میں باقی تھے وہ بھی منتشر تھے۔اسلامی تعلیم کا کوئی نظام کہیں باقی نہ رہا۔اس وقت ملت کا درد رکھنے والے چند مقدس علماء نے یہ محسوس کیا کہ اگر اسی طرح علم دین اور اس کی تعلیم سے بیگانگی رہی تو اس ملک میں اسلام کی بقا ناممکن ہو جائے گی۔اس پر نظر کر کے تیرہویں صدی کے آخر ۱۲۸۲ھ میں دیوبند ضلع سہارنپور میں ایک

مدرسہ کی بنیاد رکھی گئی۔اس کا بنیادی مقصد حکومت کے عہدوں اور مناصب سے قطع نظر کر کے دین اور علم دین کا تحفظ اور اس کے صحیح خدوخال کو برقرار رکھنا تھا تاکہ جب کبھی اسلامی تعلیم واحکام کے رواج دینے کا موقع ہاتھ آئے تو یہ متاع گرانمایہ ہمارے ہاتھوں میں ہو۔اس مدرسہ میں وہی درس نظامی جاری کیا گیا جو پہلے سے تمام مدارس میں جاری تھا۔وقتی ضرورتوں کے پیش نظر مختلف اوقات میں اس میں کچھ کمی بیشی بھی ہوتی رہی۔مگر اصل نصاب محفوظ رکھا گیا۔بعد میں دارالعلوم دیوبند کے نقش قدم پر سینکڑوں مدارس ملک میں قائم ہوئے اور یہی نصاب درس ان میں جاری ہوا۔اور بحمداللہ وہ اپنے اس مقصد میں کامیاب ہوا کہ علم دین کو اپنی اصلی حالت میں محفوظ کر دیا۔

پاکستان بننے کے بعد کچھ مدارس تو یہاں پہلے سے اسی درس نظامی پر قائم تھے اور بہت سے نئے مدارس کا افتتاح ہوا۔ان میں بھی یہی درس نظامی معمولی ترمیم کے ساتھ آج تک رائج ہے۔

## ایک لمحہ فکریہ

درس نظامی کے ابتدائی عہد میں جو فارسی زبان اور علوم منطق' فلسفہ' ریاضی' حساب وغیرہ کو اعلیٰ پیمانہ پر رکھا گیا تھا۔یہ تو ظاہر ہے کہ یہ فنون ہمارے دینی علوم نہ تھے نہ قرآن وسنت اور علوم دینیہ کا سمجھنا فی نفسہ ان پر موقوف تھا۔سکندر لودھی کے زمانہ سے پہلے ان میں سے بعض چیزوں کا تو رواج ہی نہ تھا۔اور ریاضی حساب وغیرہ جو رائج تھے وہ بھی اس لئے نہیں کہ قرآن وسنت یا دین کا سمجھنا ان پر موقوف تھا۔بلکہ صرف اس لئے کہ ایک عالم دین ملکی' سیاسی اور دفتری معلومات میں بھی قابل وماہر تعلیم یافتہ انسان سمجھا جائے فارسی زبان ظاہر ہے کہ قرآن وسنت کی زبان نہ تھی۔مگر سلطنت کی دفتری زبان بن گئی تھی۔اس لئے تمام علمائے عصر اس میں بھی وہ مہارت پیدا کرتے تھے کہ اس میدان میں بھی وہ کسی سے پیچھے نظر نہ آئیں اور اسی وجہ سے اس درس کا فاضل حکومت میں بھی ہر عہدہ ومنصب کے قابل سمجھا جاتا تھا۔

تعلیم میں علوم دینیہ اور دنیویہ کی کوئی تفریق نہ تھی۔یہ تفریق صرف انگریزی

عہد کے آثار باقیہ میں سے ہے کہ حکومت سے مایوس ہو کر علماء کو دینی علوم کی حفاظت کے لئے جداگانہ نظام بنانا پڑا جس کے نتیجہ میں دیوبند اور اس کے ملحقہ مدارس قائم ہوئے۔

## پاکستان بننے کے بعد

یہ بات قابل نظر ہے کہ ایک اسلامی حکومت میں دوئی اور تفریق کیوں پیدا ہوئی لیکن یہ بھی ظاہر ہے کہ وہ درس نظامی جواب تک ہمارے مدارس میں رائج ہے۔ علوم دینیہ کی حفاظت واشاعت کے لئے تو بلاشبہ کافی ہے مگر ملکی۔ دفتری ضروریات آج بالکل بدلی ہوئی ہیں ان میں ہماری قدیم منطق وفلسفہ اور قدیم ریاضی اور فارسی زبان کام نہیں دیتی۔ آج فارسی زبان کی جگہ انگریزی نے لے لی ہے اور قدیم معقولات کی جگہ نئی سائنس اور فلسفہ نے نیز دوسرے علوم جدیدہ نے لے لی ہے اگر ہمارے متقدمین اپنے زمانہ کی ضروریات کے پیش نظر فارسی زبان کو اپنا سکتے ہیں' یونانی منطق وفلسفہ اور ریاضی کی تعلیم کو نصاب کا ایک بڑا جزو بنا سکتے ہیں تو ان کا اتباع آج اس میں نہیں کہ ہم اس وقت بھی وہی منسوخ شدہ سکے لے کر بازاروں میں پھریں بلکہ وقت کی ضروریات کے مطابق انگریزی زبان اور فنون جدیدہ کو پڑھنا پڑھانا وہی درجہ رکھے گا جو اس زمانہ میں فارسی زبان اور یونانی فلسفہ کا مقام تھا۔ اگر آج اس حقیقت کو سمجھ کر ہمارے علماء فارسی زبان کی جگہ انگریزی کو اور یونانی فلسفہ کی جگہ جدید سائنس اور فلسفہ کو دے دیں تو اس میں نہ علوم دینیہ کی تعلیم میں کوئی غلط تصرف ہے اور نہ یہ اسوۂ اسلاف ہی سے مختلف ہے۔ البتہ یہ بات مسلم ہے کہ آج فارسی زبان اور قدیم منطق وفلسفہ کو یکسر چھوڑ بیٹھنا بھی ہمارے لئے بہت سے علمی ذخائر سے محرومی کا سبب بن سکتا ہے۔ کیونکہ بہت سے علوم وفنون اور بہترین تصانیف فارسی زبان میں ہیں اور چونکہ یونانی منطق وفلسفہ کی اصطلاحات اور ان کی تحقیقات علم دین کے پڑھنے پڑھانے والوں کی زبان پر چھائی ہوئی تھیں تو ان کی تصانیف میں بھی وہی اصطلاحات استعمال ہوئی ہیں۔ آج ان کی بہت سی تصانیف بھی قدیم منطق وفلسفہ کے جانے بغیر نہیں سمجھی جا سکتیں۔ اس لئے ہم پر دوہرا بوجھ پڑ گیا کہ فارسی

زبان اور قدیم منطق وفلسفہ کو بھی کسی نہ کسی درجہ میں باقی رکھیں اور جدید فنون عصریہ اور مروجہ زبان بھی سیکھیں۔

## ایک افسوس ناک تجربہ

ہم سے پہلے مسلمانوں نے وقت کی ضرورت سمجھ کر قدیم فلسفہ اور منطق ریاضی وغیرہ اور فارسی زبان کو اپنایا۔اس کا تجربہ تو یہ ہوا کہ اس زبان اور فنون نے مسلمانوں کے عقائد اعمال اخلاق، معاشرت پر کوئی غلط اثر نہیں ڈالا بلکہ ان میں جو غلط اور مضر اثرات تھے ان کی بھی اصلاح ہوتی چلی گئی۔فارسی زبان عربی کے بعد دوسری اسلامی زبان بن گئی یونانی فلسفہ اور منطق ریاضی وغیرہ اسلامی علوم کا ضمیمہ بن گئے۔ مگر انگریزی زبان اور اس کے ذریعہ آئے ہوئے علوم وفنون کا معاملہ اس کے بالکل مختلف نظر آیا۔وقت کی ضرورت دیکھ کر ملک کے کئی اداروں نے قدیم علوم اسلامیہ کے ساتھ انگریزی اور علوم عصریہ کا امتزاج کیا۔مگر کہیں تو یہ کام چلا ہی نہیں اور کسی جگہ چلا تو اس طرح چلا کہ وہاں کے طلبہ میں علوم عصریہ اور انگریزی زبان سے تو کچھ واقفیت ہوگئی لیکن اسلامی علوم میں مہارت کا فقدان ہی محسوس ہوتا رہا۔اس کے علاوہ ان طلباء کے عقائد اعمال ومعاشرت پر بھی مغربیت غالب آگئی۔جس نے اسلامی تعلیم کا مقصد ہی فوت کر دیا۔اس طرح کے تجربات دیکھ کر بہت سے محتاط حضرات نے انگریزی زبان اور اس کے فنون کو ترک کر دینے ہی کو "سلامت بر کنار است" قرار دے دیا۔لیکن ضرورت اس کی تھی کہ حالات اور معاملات کا تجربہ کر کے دیکھا جاتا کہ قدیم علوم فلسفیہ اور فارسی زبان کیوں ہمارے اعمال واخلاق پر اثر انداز نہیں ہوئی اور انگریزی زبان اور موجودہ فنون عصریہ کیوں ہمارے عقائد سے لے کر اعمال واخلاق تک سب کو یورپ کا تابع بنا دیتے ہیں اس تجزیہ سے جو اسباب مضرت کے ثابت ہوتے ان سے اجتناب کیا جاتا اور جو مفید کام ہیں ان کو سرے سے نظرانداز نہ کیا جاتا۔

معمولی غور وفکر سے فرق کی دو وجوہ سمجھ میں آتی ہیں ایک یہ کہ فارسی زبان اور یونانی علوم کو ہم نے اس حال میں لیا۔جبکہ دنیا پر غالب حکومت ہماری تھی۔

ہمارے ذہن دوسروں سے مرعوب و مغلوب نہ تھے۔ان تمام چیزوں کو وقت کی ضرورت سمجھ کر لیا اور اپنے عقائد و تعلیمات کا تابع بنا کر رکھا۔اصل علوم دینیہ پر برتری اور تفوق کا وسوسہ بھی کسی کو نہ آتا تھا۔

دوسرے یہ کہ تعلیم دینے والے ان فنون کے بھی وہ ہی حضرات تھے جو علوم کتاب وسنت کے ماہر عقائد میں پختہ 'تقویٰ وطہارت' عبادت وزہادت سے آراستہ تھے۔ان کی صحبت اور تعلیم نے طلباء کو ان عجمی اثرات سے محفوظ رکھا جو ہر فن اور ہر زبان کے ساتھ طبعی طور پر آیا کرتے تھے۔اس کے برعکس ہم نے انگریزی زبان اور اس میں آئے ہوئے علوم فنون کو ایسے زمانہ میں لیا جبکہ دنیا کی حکومت وقیادت انہیں لوگوں کے ہاتھ میں تھی۔جن کی طرف سے یہ زبان اور فنون آئے تھے۔ہم نے اس کو اپنے آقاؤں کی زبان اور ان کا دیا ہوا تحفہ سمجھ کر احساس کمتری کے ساتھ قبول کیا۔ انگریزی حرف لکھنے پڑھنے اور بولنے میں اپنی عزت اور فخر محسوس کیا۔ان فنون کے جاننے کو ہی ایسا سرمایہ سعادت سمجھا کہ اپنے علوم فنون سے یکسر غافل وجاہل ہوتے چلے گئے۔

دوسری طرف اس زبان اور فنون کی تعلیم کے اساتذہ بھی ہمیں یورپ ہی سے درآمد کرنے پڑے۔اپنے استادوں کے عقائد' اعمال' اخلاق معاشرت سبھی سے متاثر ہونا ایک فطری امر تھا جو پیش آکر رہا اور جب مسلمانوں میں اپنی بدنصیبی سے اس زبان اور فنون جدیدہ کی ترقی کا وقت آیا تو یہ محسوس ہوا کہ وہ اپنا سب کچھ کھو بیٹھے نہ ان کو اپنے اصلی علوم کتاب وسنت سے کوئی حق واسطہ رہا نہ اسلامی عقائد وعبادات اور اخلاق ومعاشرت سے کوئی تعلق رہا۔

یہ اسباب تھے جن کی وجہ سے انگریزی زبان اور فنون جدیدہ نے ہمیں اور چاہے کچھ بھی بنا دیا ہو مگر مسلمان نہیں بننے دیا۔

میری نظر میں اگر دونوں مضر اسباب سے مکمل پرہیز کرتے ہوئے انگریزی زبان اور عصری علوم وفنون کو پوری کوشش اور توجہ سے حاصل کیا جائے تو وہ پچھلے فلسفہ ومنطق سے زیادہ اسلامی عقائد اور اسلامی علوم کے خادم نظر آئیں گے۔

ضرورت اس کی ہے کہ اصل کو اصل سمجھا جائے اور تابع کو تابع اور تابع کو اس

کے اپنے درجہ سے نہ بڑھنے دیا جائے اس کے حاصل کرنے کو دنیا کی ضرورت سمجھا جائے سرمایہ فخر و غرور نہ بنایا جائے۔ نیز علوم کے حاصل کرنے کے لئے اساتذہ ایسے مہیا کئے جائیں جو اپنے عقائد، کردار، معاشرت اور عبادت و خدا ترسی کی رو سے پکے مسلمان اور اسلامی تعلیمات کے معلم ہونے کی پوری صلاحیت رکھتے ہوں۔ تو پھر نہ انگریزی زبان میں کوئی زہر ہے نہ فلسفہ جدیدہ اور سائنس جدید میں۔

اس وقت اس موضوع پر کوئی مستقل اور مکمل تصنیف کرنا مقصد نہیں۔ وقتی طور پر عاجلانہ انداز میں جو کچھ سامنے آیا حوالہ قلم کیا گیا ہے۔

مجلس : ٦٤

# طلباء کو نصیحتیں

## مجلس کا مقصد اور غرض وغایت

شروع سال میں ایک دو مجلسیں ہوئیں جس میں میں نے اس مجلس کی ضرورت کا اظہار آپ لوگوں کے سامنے کیا تھا' اس مجلس کا مقصد یہ بتلانا ہے کہ جو کچھ آپ کر رہے ہیں' جو کچھ پڑھتے پڑھاتے ہیں اپنے گھروں کو چھوڑ کر آئے ہیں' اس کی غرض وغایت کیا ہے اور اس غرض کے حاصل کرنے کا طریقہ کیا ہے' جو طریقہ کار آپ لوگوں نے اختیار کر رکھا ہے وہ اس کے لئے کافی ہے یا اس سے کچھ اور آگے کام کرنا ہے اس کے اظہار کے لئے میں نے یہ ہفتہ واری مجلس رکھی ہے۔

اس وقت طبیعت میں کچھ سکون تھا' دو ہفتے غالباً یہ سلسلہ چلا' اس کے بعد پھر عید الاضحیٰ کا زمانہ آگیا' آپ لوگ بھی کہیں منتقل ہو گئے' دو تین ہفتے اس میں گزر گئے۔ عید الاضحیٰ کی ۱۸ تاریخ کو (مسکراتے ہوئے فرمایا) خدا جانے تم ہی لوگوں نے کوسا ہو گا کہ یہ روز کی سمع خراشی بند کرلے۔

میری ٹانگوں میں درد ہوا اور شدید بیماری پیش آئی اور اس وقت بھی معذور ہوں' دوسرے آدمی پر سوار ہو کر آیا ہوں' اب تک ہمت بات کرنے اور بولنے کی نہیں تھی' دو مہینے سے زیادہ ہو گئے۔

## مجلس جاری رہنے کی وصیت

بہرحال ضرورت سمجھ کر' آج میں پھر اس کا آغاز کر رہا ہوں' اور اب میرا خیال ہے اور میں نے آپ اساتذہ سے بھی کہا ہے کہ یہ مجلس ہفتہ واری ہونا ہی چاہئے' میں اگر کسی وقت شریک نہ ہو سکوں یا میں نہ آسکوں تو آپ کے اساتذہ میں

کوئی استاذ کوئی کتاب پڑھ کر سنائیں گے' کوئی زبانی کچھ کہیں گے' تو مقصد یہ ہے کہ ہفتہ واری مذاکرہ ہونا بہت ضروری ہے۔

## نصیحت کا مقصد اور اس کا اثر

اور وجہ اس کی یہ ہے کہ تجربہ شاہد ہے کہ مومن کے قلب میں اللہ تعالیٰ نے یہ صلاحیت رکھی ہے کہ اس کو کوئی بات یاد دلائی جاتی ہے تو وہ بات اثر ڈالتی ہے فَذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰي تَنْفَعُ الْمُؤمِنِيْن تذکیر اگر ہوتی رہے گی تو نفع بھی دے گی انشاء اللہ۔

اگرچہ کیفیت کچھ اس طرح بن گئی ہے اس زمانہ میں' العیاذ باللہ العلی العظیم کہ عوام کو جب ڈرایا جاتا ہے اللہ کے عذاب سے' آخرت کے عذاب سے' وہ بیچارے کانپ اٹھتے ہیں' ان میں زیادہ تاثر معلوم ہوتا ہے' اور ہمارا لکھا پڑھا طبقہ جو مولوی کہلاتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں معاف کرے اس میں' میں وہ بات بہت کم پاتا ہوں' ان کو کہا جائے تو یوں سمجھتے ہیں کہ یہ باتیں ہماری پہلے سے سنی سنائی باتیں ہیں' ہم نے بھی پڑھی ہیں' بہر حال ان پر اس کا اثر بہت کم ہوتا ہے۔

لیکن ان سب باتوں کے باوجود' الحمدللہ (اثر) ہوتا ہے اور ہو گا ضرور' کم ہو یا زیادہ ہو مگر ہوتا ہے اور کم ہونے کی وجہ یہ ہے کہ تمام مدارس میں یہ تذکیر کا سلسلہ ختم ہو گیا۔ جس مدرسہ کی ہم سب شاخ کہلاتے ہیں وہ مدرسہ دارالعلوم دیوبند ہے' ام المدارس جس کو کہنا چاہئے' اس وقت ہندوستان پاکستان میں جتنے مدرسے ہیں وہ سب فروع ہیں دارالعلوم دیوبند کی۔

دارالعلوم دیوبند کو جن بنیادوں پر قائم کیا بزرگوں نے' اور جس طرح سے بڑھا اور پھلا اور اس کے فوائد پہنچے' وہ چیزیں سامنے رکھنے کی ضرورت ہے اب مدرسوں میں تقریباً ۳۰' ۴۰ سال کا عرصہ ہو رہا ہے' یہ مدرسے ہمارے بانجھ ہو گئے ہیں' آدمی نہیں پیدا ہوتا۔

## آدمی کیسے بنتا ہے

تم کہو گے آدمی تو بہتیرے پیدا ہوتے ہیں، سارے آدمی آدمی ہی نظر آتے ہیں، کیوں بھائی! آدمی نہیں بنتا؟ آدمی کیسے بنا کرتا ہے؟ ایک بزرگ کا قول نقل کیا ہے

دیدیم کہ شیخ با چراغ ہمیں گشت گرد شہر

تم نے سنا ہے؟ اردو بھی نہیں جانتے، فارسی بھی نہیں جانتے، ایک بڑی مصیبت تو یہ آگئی ہے کہ کسی چیز کی استعداد باقی نہیں رہی۔ فارسی، اردو، حساب کتاب یہ چیزیں بچپن میں سیکھنے کی ہوتی تھیں، قرآن شریف، تجوید، ان سب چیزوں سے فارغ ہو کر، عربی کی تعلیم ہوا کرتی تھی۔

اب چلے آتے ہیں، مدرسہ میں مولوی بننے کے لئے نہ فارسی آتی ہے نہ اردو آتی ہے، نہ حساب کتاب آتا ہے نہ تجوید نہ قرآن۔

حتیٰ کہ اپنی زبان بھی ان کو نہیں آتی، کوئی پشتو جانتا ہے، کوئی بلوچی جانتا ہے اور کوئی سندھی بولتا ہے لیکن غور کرو گے تو دیکھو گے کہ یہ اپنی زبان میں بھی صحیح تقریر نہیں کر سکتے۔ اردو تو کیا بولتے۔

## آدمی کی تلاش

خیر کیا کریں! مصائب ہیں، حوادث ہیں، اسی میں گزر رہے ہیں، بھئی! یہ بات بیچ میں اس لئے آگئی کہ فارسی شعر سنانے کا خیال آیا، تو سمجھ میں نہیں آیا کہ کس قوم کو سناؤں فارسی، ان میں فارسی جاننے والے ہیں کتنے؟

دیدم کہ شیخ با چراغ ہمیں گشت گرد شہر

کہتے ہیں کہ رات میں نے دیکھا کہ ایک بزرگ شہر کے گرد پھر رہے تھے چراغ لئے ہوئے ہاتھ میں کیوں پھر رہے تھے؟

کز دام و دو ملولم و انسانم آرزو است

کیوں پھر رہے تھے؟ کہتے ہیں اس لئے پھر رہا تھا کہ ساری دنیا میں گدھے

گھوڑے ہیں، آدمی کو ڈھونڈتا ہوں آدمی نہیں ملتے، مجھے اس کی آرزو ہے کہ میں انسان کو دیکھوں کوئی انسان ملے، یہ سب گدھے گھوڑے ہیں آدمی کی شکل میں پھرتے ہیں، آدمی نہیں ملتا۔

**گفتم کہ یافت می نشود جستہ ایم ما**

جواب میں کسی نے کہا کہ میاں آدمی تلاش کرتے ہو؟ آدمی کا تو قحط ہو گیا ہے وہ ہے ہی نہیں۔ "جستہ ایم"، ہم بہت ڈھونڈ چکے ہیں، نہیں ملتا آدمی۔

گفتم کہ یافت می نشوید　　آنم آرزوست

انہوں نے کہا کہ میں کیا کروں تمنا تو اسی کی ہے چاہے ملتا ہے یا نہیں، آدمی تو وہ ہے جو ملتا ہی نہیں دنیا میں۔

## حقیقت انسانیت کیا ہے؟

عالمگیر نے اپنے صاحبزادہ کو خط لکھا، اس خط میں ایک شعر تھا۔

کہ آں چونکہ مردم بسیاراست و نیست

ساری دنیا میں جنس انسان ایسی ہے کہ ہیں بہت سارے مگر پھر بھی نہیں ہیں صورت شکل کے اعتبار سے انسان ہیں، آنکھ، ناک، کان سارے انسانوں جیسے ہیں مگر حقیقت انسانیت غائب ہے۔

تم کہو گے کہ حقیقت انسانیت کیا ہوگی بھئی؟ وہ پوچھو مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ سے وہ فرماتے ہیں کہ

آدمیت لحم وشحم و پوست نیست

افسوس ہے کہ سارے شعر فارسی کے یاد آرہے ہیں۔ تم نے آدمی جس کو سمجھ رکھا ہے کہ دو آنکھیں ہوں دو کان ہوں، ایک ناک لمبی سی ہو سامنے اور گوشت پوست چڑھا ہو۔ اس کا نام آدمی رکھا ہوا ہے، لیکن اس کا نام آدمی نہیں ہے۔

آدمیت لحم وشحم و پوست نیست　　آدمیت جز رضائے دوست نیست

جو اپنے رب کو نہ پہچانے، اپنے بنانے والے پالنے والے اپنے پیدا کرنے

والے کو نہ پہچانے وہ آدمی نہیں ہے، وہ گدھا گھوڑا ہو سکتا ہے، آدمی نہیں ہو سکتا۔

آدمی وہ ہے جو یہ پہچانے کہ مجھے کس نے پیدا کیا ہے، اپنے رب کو پہچانے اور جب وہ رب کو پہچانے گا تو اس کو راضی کرنے کی بھی فکر کرے گا، تو اس لئے فرمایا کہ آدمیت جز رضائے دوست نیست، بھئی! آدمی تو وہ ہوتا ہے کہ اللہ کو راضی کرنے کی فکر میں لگا رہے۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ آدمی بنتے تھے کیسے؟ آدمیوں کی صحبت میں رہنے سے بنتے تھے۔

## دارالعلوم دیوبند کی خصوصیت

جس کی ہم نقل اتارتے ہیں وہ دارالعلوم دیوبند ہے دارالعلوم دیوبند کی بنیاد اس پر تھی کہ وہاں کے مدرسین، ملازمین، دربان سے لیکر مہتمم تک سب کے سب اولیاء اللہ اور صاحب نسبت تھے۔

میرے والد ماجد رحمۃ اللہ علیہ دارالعلوم دیوبند کے ہم قرن تھے، جس سال دارالعلوم دیوبند تعمیر ہوا، اسی سال ان کی ولادت ہوئی وہ فرماتے تھے کہ میں نے دارالعلوم کا وہ وقت دیکھا ہے کہ دارالعلوم دیوبند دن میں تو مدرسہ نظر آتا تھا اور رات کو خانقاہ معلوم ہوتی تھی جگہ جگہ سے آخر رات میں قرآن کریم پڑھنے کی آوازیں آرہی ہیں، تہجد کے لئے کھڑے ہیں خواہ طلبہ ہوں یا مدرس ہوں، جگہ جگہ سے قرآن کی تلاوت کی آوازیں آرہی ہیں۔

آج دارالعلوم دیوبند کو قائم ہوئے سو سال سے زائد ہو گئے ہیں۔ الحمدللہ اس کا اثر اور اس کا فیض پوری دنیا میں پھیلا، عرب و عجم میں، اس کی بنیاد صرف یہ کتابیں نہیں تھیں، اس کی بنیاد اللہ تعالیٰ سے تعلق تھا۔

## علم دین کی فضیلت

میں نے پچھلی مجلس میں یہ بتلایا تھا کہ علم بڑی نافع چیز ہے اور اس کے برابر کوئی متاع و سرمایہ نہیں، اس کے فضائل سے احادیث بھری ہوئی ہیں اور اقوال تو بہت

زیادہ ہیں، سب بزرگ، تمام فقہاء اس بات پر متفق ہیں کہ فقہ کی کتاب کا مطالعہ رات کی تہجد کی نماز سے افضل ہے، یہ ساری چیزیں اس لئے ہیں کہ علم بڑی افضل چیز ہے اور اس کے لئے جتنی جدوجہد کی جائے یہ بہت بڑی نعمت ہے ساری عبادات سے افضل ہے۔

## علم نافع

سوچنے کی بات ہے کہ جبکہ وہ علم، علم نافع ہو، اس کا حاصل کرنا سب سے بڑی عبادت ہے اور سب نفلی عبادتوں سے افضل ہے، اگر وہ علم نافع نہیں تو حدیث شریف میں حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ:

اَللّٰهُمَّ اِنِّي اَعُوْذُبِكَ مِنْ عِلْمٍ لاَ يَنْفَعْ وَمِنْ قَلْبٍ لاَ يَخْشَعْ وَمِنْ دُعَاءٍ لاَ يُسْمَعْ.

حضور اکرم ﷺ نے ایسے علم سے پناہ مانگی ہے جو نفع سے خالی ہو، وہ علم جو خدا کی معرفت سے خالی ہو، وہ علم جو اتباع شریعت سے خالی ہو، وہ علم پناہ مانگنے کی چیز ہے، وہ علم کوئی نفع کی چیز نہیں، پناہ مانگنے کی چیز ہے وہ علم جہنم میں لے جائے گا وہ راستہ جنت کا نہیں ہے۔

علم تو اپنی جگہ فضیلت ہے اور شرط یہی ہے کہ وہ علم نافع ہو اور علم نافع وہ ہے کہ جس کے ساتھ ساتھ اس پر عمل ہو، صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین نے حضور سرور کائنات ﷺ سے قرآن پڑھا اور اس طرح پڑھا کہ سورہ بقرہ اور آل عمران آٹھ سال میں پڑھی ہے۔

تم یہ چاہتے ہو کہ سارے علوم وفنون حاصل کر کے آٹھ سال پڑھ کے مولائی (مولوی) بن جاؤ، سورہ بقرہ، سورہ آل عمران آٹھ سال میں پڑھی ہے ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جیسے صحابی نے اور صحابہ کرام نے کہا کہ تعلمنا العلم و العمل ہم نے حضور اکرم ﷺ سے صرف علم نہیں سیکھا کہ فلاں چیز حلال ہے اور فلاں حرام ہے بلکہ عمل بھی سیکھا ہے۔

## عمل کرنے کا طریقہ

کس طرح اس پر عمل کیا جائے؟ حضور اکرم ﷺ کی صحبت میں رہ کر حضور اکرم ﷺ کی نظروں میں رہ کر یہ خاص چیز پیدا ہوتی تھی۔اس کا اثر قلب میں گھر کر جاتا تھا اور اس پر عمل کیا جاتا تھا اسی طرح آگے تک، صحابہ کرام سے تابعین تک، تابعین سے تبع تابعین تک یوں ہی معاملہ چلا آیا ہے'ایک طرف کتابیں پڑھائی جاتی تھیں اور ایک طرف نیک صحبتیں ملتی تھیں ان اساتذہ کی ان کی صحبت سے رنگ چڑھتا تھا۔

ایک وقت وہ تھا کہ سارے کے سارے مدرسین اس رنگ سے رنگین، صاحب نسبت اولیاء اللہ تھے۔ان کی مجلس میں بیٹھ کر ان سے کتاب پڑھ کر، کوئی بھی کتاب پڑھو، دل میں رنگ پیدا ہوتا تھا۔

## حضرت شیخ الہند کا درس منطق

میرے والد ماجد (حضرت مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے تھے کہ ہم نے ''ملا حسن'' پڑھی حضرت مولانا شیخ الہند سے ''ملا حسن'' کوئی فقہ کی کتاب نہیں، حدیث کی کتاب نہیں، قرآن کی کوئی تفسیر نہیں بلکہ منطق کی کتاب ہے جس کے پڑھنے پڑھانے کو بعض لوگوں نے منع بھی کیا ہے۔

''ملا حسن'' پڑھاتے وقت یوں محسوس ہوتا تھا کہ مشغول ہیں ذکر اللہ میں، یہ متضاد چیزیں چلتی ہیں' اللہ والوں کے ساتھ، ملا حسن کی تقریر بھی چل رہی ہے اور ذکر اللہ بھی ہو رہا ہے، ہمیں محسوس ہوتا تھا کہ ذکر اللہ میں مشغول ہیں۔

ایسے سلسلہ کے بزرگوں کی صحبت میں رہ کر جنہوں نے پڑھا ہے، پھر وہ رنگے بھی گئے اسی طرح سے صحابہ کرام سے لیکر آخر زمانہ تک یوں ہی چلتا آیا ہے۔

بھئی! اور تو ہمیں یاد نہیں، بس اتنا یاد ہے کہ ابتدائی کتابیں پڑھیں تو اس زمانہ میں رنگ اور تھا اور جب ہم مشکوۃ پڑھنے پہنچے تو بعد کے زمانہ کا اور رنگ تھا۔

## زندگی میں انقلاب

اور مشکوۃ ہم نے پڑھی ہے حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے اور حضرت مولانا عزیز الرحمٰن صاحب رحمۃ اللہ علیہ پہلے مفتی ہیں دارالعلوم دیوبند کے' جو باقاعدہ مفتی رہے ہیں' میرے استاذ ہیں' کئی کتابیں پڑھیں ان سے' فتویٰ بھی ان سے سیکھا ہے۔ جب ان کی خدمت میں مشکوۃ پڑھنا شروع کی ہے تو ہمارے قلب کے احوال پلٹنے شروع ہوگئے اور ہماری زندگی میں انقلاب آنا شروع ہوگیا' اتنا یاد ہے ہمیں' تو یہ فیض ہے' فقہ کے مسائل تو ہم نے پہلے بھی پڑھے تھے کہ کیا حلال ہے اور کیا حرام ہے اور نماز کس طرح پڑھا کرتے ہیں۔

کتاب میں "باب صفة الصلوة" میں پڑھتے آئے تھے' نیچے سے ہدایہ تک' لیکن عمل کی توفیق حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ کی صحبت میں رہ کر اور خدمت میں رہنے سے آئی' مشکوۃ پڑھنے کے زمانہ میں انقلاب آیا جو دلوں نے محسوس کیا۔

بھئی! اصل بنیادی چیز یہی ہے کہ ایک طرف کتابی علم' وہ بڑی پابندی سے بڑے اہتمام سے' اس کے پڑھنے کا اہتمام تھا' غیر حاضری کا کہیں نام ونشان نہیں تھا' اپنی کتابوں میں رات دن مشغول رہتے تھے۔

## مدرسے کیوں بانجھ ہوگئے؟

دوسری طرف صحبت تھی بزرگوں کی' جس سے اس پر عمل کرنے کی توفیق ہوا کرتی تھی افسوس کی بات یہ ہے کہ اب یہ دونوں ہی چیزیں رخصت ہوگئیں' اس لئے اب میں یہ کہہ رہا ہوں کہ تیس چالیس سال ہوگئے تقریباً دیکھتے ہوئے' میں نے ساری عمر ہی اس پڑھنے پڑھانے میں گزاری ہے اور تیس چالیس سال ہوگئے کہ مدرسے بانجھ ہوگئے ہیں اور بانجھ ہونے کی دو وجہ ہیں۔

(۱) اول تو اس ظاہری علم کے اندر بھی' اس کو حاصل کرنے کی طرف پوری توجہ نہیں رہی' نیچے کی کتابیں پڑھ کر نہیں آتے' عمر تباہ وبرباد کرکے' جب زمانہ نیچے کی کتابیں پڑھنے کا تھا وہ ختم کرکے۔ نہ فارسی نہ اردو' نہ حساب نہ کتاب نہ قرآن نہ تجوید آئے ہیں مولوی بننے کو' مولوی بننے سے رہے' پڑھنے پڑھانے پر مشغول نہیں

رہے، محنت نہیں رہی۔ غیر حاضریاں ہیں، مطالعہ نہیں ہے، سبق میں حاضری پابندی سے نہیں ہے، جو ظاہری سبب تھا، ظاہری علم حاصل کرنے کا وہ بھی نہیں ہے، ایک طرف یہ گھاٹا آیا کہ علم ظاہر کے ذریعہ سے کچھ آگے کو ہدایت کا راستہ ملتا، وہ بھی نہیں آیا۔

(۲) دوسری بات یہ کہ وہ صحبت، وہ صحبتیں بھی نہیں رہیں۔

آپ کہو گے کہ اس میں ہمارا کیا قصور ہے؟ ہم مفتی عزیز الرحمٰن صاحب کہاں سے لائیں، حضرت شیخ الہند کہاں سے لائیں، حضرت مولانا قاسم نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت مولانا گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ یہ آنے سے رہے اس دنیا میں؟

## ابلیس کی تلبیس

مگر اس کا بھی جواب خوب سمجھ لو کہ یہ شیطان کا دھوکہ ہے اور ابلیس کی تلبیس ہے کہ آدمی اس فکر میں رہتا ہے کہ بھئی آفتاب نکلے گا تو جب ہی روشنی حاصل کروں گا اور جب ہی کام کریں گے، ارے میاں! چاند کی روشنی بھی نکلی ہوگی تو آدمی کام کرے گا رات میں، اگر اس میں کوئی کام رات میں کرنے کا ہے۔ جو چاند کی روشنی کو روشنی نہ سمجھے، ستاروں کی روشنی کو روشنی نہ سمجھے، اس میں کام نہ نکالے، آفتاب نکلنے کا انتظار کرے تو وہ ہمیشہ محروم رہے گا۔

ایک بات، دوسری بات یہ کہ سلسلہ تو یوں ہی تنزل کا ہمیشہ سے چلا آیا ہے، صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا زمانہ خیر القرون تھا۔ "خَيْرُ الْقُرُوْنِ قَرْنِي ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ ثُمَّ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ" ثم، ثم آیا ہے، اس کے بعد تنزل ہی ہوتا چلا گیا۔

اب اگر کوئی یہ ڈھونڈے کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے پیمانہ پر کوئی بزرگ ملے گا تو اس سے فیض حاصل کریں گے یا تابعین کے زمانہ کے یا اولیاء اللہ، امام غزالی اور امام رازی کے زمانہ کے تو وہ یوں ہی محروم رہے گا ہمیشہ۔

## متقی لوگوں کی آمد کا وعدہ

اللہ تعالیٰ نے ہر زمانہ میں، اس کے زمانہ کے مناسب حال اپنے بندے پیدا

کئے ہیں اور پیدا کرتا رہے گا قیامت تک ' حدیث شریف میں وعدہ ہے کہ حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ یَغْرِسُ لِھٰذا الدِّین غَرسًا. اللہ تعالیٰ اس دین کے واسطے درخت لگاتے رہتے ہیں۔

ہر زمانہ میں' ہر وقت میں اللہ کے نیک بندے' متقی بندے' جن کی صحبت نصیب ہوگی' ان کی صحبت سے فائدہ پہنچے گا' ہر زمانہ میں پیدا ہوتے رہتے ہیں یہ ضرور ہے کہ غزالی رحمۃ اللہ علیہ جیسے' رازی جیسے نہیں ہوتے' شبلی جیسے نہیں ہوتے' صحابہ تابعین جیسے نہیں ہوتے' مگر جیسی روح ویسے فرشتے۔

## موجودہ اساتذہ کافی ہیں

جیسے ہم ہیں ویسے ہمارے مصلح بھی ہیں' تو یہ سمجھ کر کہ آج وہ بزرگ نہیں ہیں تو ہم کہاں جائیں یہ تلبیس ہے ابلیس کی' دھوکہ ہے شیطان کا' جیسے تم ہو' تمہاری اصلاح کے لئے' تمہارے جو موجودہ اساتذہ ہیں' اصلاح کے لئے وہ بھی کافی ہیں' انشاءاللہ جن کی طرف رجوع کروگے' محنت کروگے' انشاءاللہ فائدہ پہنچے گا۔

**تو بھائی!** دونوں باتیں غائب ہوگئیں جس کی وجہ سے آج ہمارے مدرسے بانجھ ہو گئے' نہ علم میں محنت رہیں اور نہ وہ صحبتیں رہیں اور جو صحبتیں موجود ہیں ان کی طرف التفات نہیں اور کوئی ان کی طرف توجہ نہیں۔

اس واسطے میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ میں کہتا رہتا ہوں' تم لوگ سمجھتے ہوگے کہ ہمارا وقت ضائع کر رہا ہے اس وقت میں بیٹھ کر اپنی کوئی کتاب دیکھتے' اس واسطے بھی اس کو سب سے زیادہ بے ضرورت چیز سمجھ لیا گیا ہے۔

میں نے اسی واسطے اس کا آغاز کیا' باوجود اس کے کہ طبیعت بھی اس قابل نہیں تھی کہ یہاں تک آسکوں اور بولنے کی بھی ہمت نہیں تھی' مگر میں نے اس کا آغاز اس لئے کیا ہے کہ مجلس آگے تک جاری رہے۔

## آخری عمر میں آخری وصیت

اور اگر کسی وقت میں حاضر نہ ہو سکوں تو' میرا تو بھئی خدا جانے کتنے دن کا

معاملہ ہے ' آخری عمر ہے ' آخری دن گزار رہا ہوں ' بہرحال اب وقت قریب ہے ' میں جانے والا ہوں 'لیکن اللہ مدرسہ کو قائم رکھے ' آپ لوگ رہیں گے ' مدرسہ رہے گا ' تعلیم وتعلم جاری رہے گا۔اس لئے میں چاہتا ہوں کہ میری ذات پر کوئی چیز موقوف نہ رہے۔

الحمدللہ میں نے اور سارے کام دوسروں کے حوالے کر دیئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے چل رہے ہیں ' مشورے دیدیتا ہوں 'اس کام کو بھی میں چاہتا ہوں کہ میری ذات پر موقوف نہ رہے 'اگر میں کسی وقت نہ آسکوں ' بیمار ہوں ' کچھ ہوں ' بہرحال میرے بعد یہ سلسلہ جاری رہنا چاہئے اور یہ سلسلہ انشاءاللہ نفع سے خالی کسی حال میں نہیں ہے 'ایک گھنٹہ 'ایک ہفتہ میں دواس کام کے لئے کہ کچھ تذکیر ہو ' یاد دلائی جائے کہ اصل کیا چیز ہے 'کس طریقہ سے طالب علمی کے زمانہ میں کس طرح رہنا چاہئے۔

## طلباء کو مطالعہ کے لئے دو کتابوں کی وصیت

یاد کسے رہا ہوگا 'میں نے کہا تھا کہ دو کتابیں کہ جس کا ہر طالب علم کو مطالعہ کرنا چاہئے 'ایک عربی میں ہے 'مصیبت یہ آگئی کہ عربی زبان پر قدرت نہیں ہے ' درسی کتابیں ہیں کہ اس میں ہندی چندی کرکے اس کو سمجھتے ہیں اور کتابیں کیا سمجھیں گے ''تعلیم المتعلم'' چھوٹا سا رسالہ ہے زرنوجی ایک بزرگ گزرے ہیں ' صاحب ہدایہ کے شاگردان کی تصنیف ہے ' "تعلیم المتعلم "اس کی شرح بھی مدرسہ میں آئی ہوئی ہے۔

اس کا حاصل یہی ہے کہ اس میں طالب علمی کے آداب سکھائے گئے ہیں ' طالب علم کو طالب علمی کے زمانہ میں کیا کرنا چاہئے اور طلب علم کس طرح کرنی چاہئے ' تعلیم کے آداب سکھائے گئے ہیں 'ایک زمانہ ہوا کہ میں نے دس بیس نسخے جمع کر دیئے تھے کتب خانہ میں اس لئے کہ طلباء اس کو دیکھا کریں وہ تو ایسا رسالہ ہے اور تم لوگ بہت سے پیسے فضولیات میں خرچ کرتے ہو 'اب بھی شاید روپیہ سوا روپیہ میں مل جاتا ہوگا چھوٹا سا رسالہ ہے خرید لو تو اچھا ہے اگر وہی پڑھا جاتا ہے تو وہ عربی زبان

میں ہے۔

اگر عربی زبان پر قدرت نہیں ہے تو حضرت رحمۃ اللہ علیہ نے (حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ) اردو میں ایک کتاب تصنیف کرائی ہے "رحمۃ المتعلمین" کے نام سے، یہ کتاب کتب خانہ میں ملتی ہے، وہ بھی کوئی بہت قیمت کی کتاب نہیں ہے، اور اگر قیمت اتنی بھاری معلوم ہو تو مدرسہ میں بھی اس کے نسخے موجود ہیں دیکھ سکتے ہو، اس میں طالب علمی کے آداب سکھائے گئے ہیں۔

مجلس مذاکرہ تو ہفتہ وار ہوگی، لیکن اس کو کم از کم سال بھر ضرور پڑھنا چاہئے کہ ہمیں طلب علمی کے زمانہ میں کیا کرنا چاہئے، کس طرح سے ہمیں زندگی گزارنی چاہئے، ہمیں کس طرح رہنا ہے، یہ دونوں کتابیں یا دونوں میں سے ایک کم از کم اس کا ہر شخص کو مطالعہ کرنا چاہئے۔

## علم مقصود کی فکر

میں یہ عرض کر رہا ہوں بھائی کہ علم نافع کے کچھ آثار ہیں، جن کتابوں کا میں نے نام لیا ہے، ان میں یہ بہت اچھی طرح واضح کیا ہے، اگر وہ آثار تمہارے اندر نہیں نظر آتے تو تمہیں فکر کر لینی چاہئے کہ ہم غلط راستہ پر جا رہے ہیں، یا ان میں جو مقصود تھا حاصل نہیں ہو رہا تو علم مقصود کے حاصل کرنے کی فکر کرنی چاہئے۔

یعنی وہ علم جبکہ نافع نہ ہو یعنی جو عمل سے خالی ہو اللہ کی خشیت سے خالی ہو، اللہ کے خوف سے خالی ہو، وہ علم پناہ مانگنے کی چیز ہے وہ علم جہنم میں لیجانے والی چیز ہے۔

## جہنم کا افتتاح

وہ جو میں نے حدیث نقل کی تھی شروع مجلس میں کہ تین آدمی ہوں گے جن سے جہنم کا افتتاح کیا جائے گا، دنیا میں کرتے ہو نا، دوکان کا افتتاح ہوتا ہے، دوکانوں کا مکانوں کا افتتاح کرتے ہو نا جہنم کا افتتاح جن سے کیا جائے گا وہ تین آدمی ہوں گے۔

ان میں سرفہرست وہ عالم ہوگا جس کو علم نے نفع نہیں دیا' کہا جائے گا کہ لیجاؤ اس کو جہنم میں' وہ کہے گا یااللہ میں نے آپ کے لئے آٹھ سال تک تو مدرسہ میں جا کر روٹیاں کھائی ہیں صفیں توڑی ہیں اور کتابیں پڑھی تھیں' فلاں فلاں' اتنے دن پڑھایا تھا' اتنے دن میں نے فتوے لکھے تھے' اتنے کام کئے تھے۔

حکم ہوگا کہ ہاں تم نے یہ سب کچھ کیا تھا اور یہ اس لئے کیا تھا کہ "لیقال انك عالمٌ" ہمارے لئے کچھ نہیں کیا تھا' اللہ کے لئے کچھ نہیں کیا تھا' اس لئے تھا کہ لوگ تمہیں عالم سمجھیں "فقد قِیْلَ" تمہارا جو مقصد تھا وہ حاصل ہو گیا تم نے علم اس لئے حاصل کیا تھا کہ لوگ تمہیں عالم سمجھیں' کہیں تعظیم و تکریم کریں' وہ بات ہم نے دیدی جو تم چاہتے تھے' اب کیا چاہتے ہو' اب ہمارے پاس کیا ہے؟

سب سے پہلے جو جہنم میں ڈالا جائے گا وہ یہ ملا ہوگا' سمجھتے ہو کہ فرشتے ہمارے نیچے پر بچھاتے ہیں بلکہ سب سے پہلے جہنم میں جاؤ گے۔

بھائی سوچو' غور کرو' ہر وقت غور کرنے کی چیز ہے۔

## آخری آرزو

بھئی! آج میں نے اس مجلس کا غیر مربوط طریقہ سے افتتاح کیا' دل میرا یہ چاہتا ہے کہ جب تک میں زندہ ہوں اس میں خود بھی حصہ لیتا رہوں' اب کسی کام سے دلچسپی نہیں' اس سے دلچسپی مجھے ضرور ہے' یوں دل چاہتا ہے کہ کسی کے کان میں کوئی نیک کلمہ پڑ جائے' شاید کسی اللہ کے بندے کو کوئی فائدہ پہنچ جائے' اس لئے جب تک میں زندہ ہوں' اس مجلس میں شرکت کا ارادہ رکھتا ہوں۔

کسی وقت میں بیمار ہوں' نہ آسکوں تو اس مجلس کو جاری رکھو اور اس کو اپنے مقاصد میں سب سے اونچا مقصد سمجھو۔

مجلس : ٦٥

# متفرق ارشادات

حضرت شاہ صاحب ﷫ درس میں طلبہ سے فرماتے تھے کہ "جاہلین! اس فن میں دنیا تو کبھی تھی ہی نہیں ایک دین تھا مگر وہ تم نے نہ لیا"۔

## امام غزالی کا واقعہ

احمد غزالی اور محمد غزالی دونوں بھائیوں کو ان کی بیوہ ماں نے صرف اس لئے مدرسہ نظامیہ بغداد میں داخل کیا تھا کہ ان کی پرورش ہو جائے گی، مگر بعد میں وہ "حجتہ الاسلام" بنے، وزیراعظم نے مدرسہ کے طلباء کا جائزہ لیا اور ہر ایک سے پوچھا کہ علم دین حاصل کرنے سے ان کا مقصد کیا ہے؟ ہر ایک نے کہا کہ میں فلاں عہدہ حاصل کرنا چاہتا ہوں، دل برداشتہ ہو کر اس نے سوچا کہ مدرسہ بند کر دے، ذرا آگے چلا تو امام غزالی جو اس وقت طالب علم تھے مطالعہ کرتے ہوئے نظر آئے ان سے تعلیم کا مقصد پوچھا تو امام غزالی نے فرمایا کہ

> "ہم نے عقل سے پہچانا کہ ہم کو ایک پیدا کرنے والا ہے اور عقل سے ہی یہ پہچانا کہ ایسی ہستی کا احسان مند ہو کر اس کی اطاعت کرنا ہمارا فرض ہے او اطاعت کا طریقہ معلوم کرنے کا ذریعہ رسالت اور وحی ہے لہٰذا ہمارے تحصیل علم کا مقصد یہ ہے کہ خدا کی پسندیدہ اشیاء پر عمل کریں، اور ناپسندیدہ اعمال سے پرہیز کریں"۔

غالباً حضرت سفیان ثوری کا ارشاد ہے کہ

طَلَبْنَا الْعِلْمَ لِغَيْرِ اللهِ فَاَبٰي اَنْ يَكُوْنَ الا للهِ .

ترجمہ : ہم نے علم حاصل تو غیراللہ (دنیا) کے لئے کیا تھا، لیکن علم نے

غیر اللہ کے لئے ہونے سے انکار کر دیا۔یعنی علم کی برکت سے ہماری نیت بھی درست ہوگئی۔

حضرت حاجی امداد اللہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے تھے کہ:

"تحصیل علم میں اگر نیت صحیح بھی نہ ہو تب بھی علم کو چھوڑنا نہیں چاہئے، کیونکہ علم کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ نیت بھی صحیح ہو جاتی ہے"۔

## امام محمد کے متعلق خواب

امام محمد بن حسن کو (جو امام اعظم ابو حنیفہ کے مشہور شاگرد رشید ہیں) ان کی وفات کے بعد خواب میں کسی نے دیکھا کہ اللہ تعالیٰ نے ان سے ارشاد فرمایا کہ اے محمد اگر میرا تجھ پر احسان کرنے کا ارادہ نہ ہوتا تو تجھے علم نہ دیتا۔

علامہ زرنوجی رحمۃ اللہ علیہ نے کسی امام کا قول نقل کیا ہے کہ:

اَلْعِلْمُ لا يُعْطِيْكَ بَعْضَهَ حَتّٰى تُعطِيه كُلَّكَ .

یعنی علم تم کو اپنا کچھ حصہ نہیں دے گا جب تک کہ تم اس کو اپنا سب کچھ نہ دیدو۔

## ایک طالب علم کا واقعہ

ہمارے بزرگ حضرت نانوتوی رحمۃ اللہ علیہ و حضرت گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ جب دہلی میں پڑھتے تھے اس وقت ان کے ایک ساتھی کا واقعہ ہے کہ مطالعہ کے لئے روشنی کا سامان نہ ہونے کی وجہ سے وہ حلوائی کی دکان کے سامنے کھڑے ہو کر مطالعہ کیا کرتے تھے۔

## مولانا عبد الحیؒ صاحب کا واقعہ

مولانا عبد الحیؒ صاحب لکھنوی کے والد مولانا عبد الحلیم صاحب نے اپنے بیٹے کے علمی شغف کا امتحان لیا کہ جب بیٹے نے نوکر سے پانی مانگا تو اشارہ کر دیا کہ تیل کا پیالہ آگے کر دو، صاحبزادے، مطالعہ میں ایسے منہمک تھے کہ دیکھے بغیر ہی اسے

پینے لگے تو باپ نے پیالہ ان سے ہٹایا۔

طالب علم کو ہر منافی علم کام سے پرہیز کرنا چاہئے 'اس وقت جس فن میں خامی رہ جاتی ہے وہ عموماً کبھی دور نہیں ہوتی۔

حضرت مولانا مدنی نے اسی جگہ اسی موضوع پر اپنی ایک تقریر میں فرمایا تھا کہ :

"ادوات علم کا ادب اسباب حصول علم میں سے ہے"۔

یعنی علم جن جن ذرائع سے حاصل ہوتا ہے ان سب کا ادب کرنا چاہئے۔اس سے علم میں برکت ہوتی ہے۔

حصول علم کے اسباب میں سے ایک اہم چیز تقویٰ ہے 'عمل کے لئے تو وقت کی ضرورت ہوتی ہے مگر تقویٰ کے لئے وقت کی بھی ضرورت نہیں۔

## مسلک دیوبند کیا ہے؟

آپ حضرات کو ابھی اس نعمت خداوندی کی قدر نہیں ہے کہ اس نے آپ کا تعلیمی رشتہ دارالعلوم دیوبند سے منسلک کر دیا 'جب اس "دبسم اللہ کے گنبد" سے آپ باہر نکلیں گے اور کتاب وسنت اور فقہی مسائل ہی کی تعبیر میں آپ کو افراط وتفریط کا ایک بھیانک منظر سامنے آجائے گا اس وقت معلوم ہو گا کہ دیوبند اور اس کا معتدل مسلک کیسی عظیم نعمت ہے۔

میں بھی طالب علمی کے زمانہ میں آپ کی طرح محض اپنے والد مرحوم کے حکم کی تعمیل میں دارالعلوم سے متعلق ہوا اور مسلک دیوبند بھی تقلیداً اختیار کیا 'لیکن دنیا کے نشیب وفراز اور سردوگرم چکھنے اور فرقہ وارانہ مباحث سے گذرنے کے بعد اپنی تحقیق سے اس مسلک اعتدال کی خوبیاں مستحضر ہوئیں۔وطن کے اعتبار سے تو میں دیوبندی فطرۃً تھا اور مسلک کے اعتبار سے تقلیداً 'لیکن طویل غور وفکر 'بحث وتمحیص اور تجربہ کے بعد مسلک دیوبند کا محض تقلید سے نہیں 'بلکہ بصیرت سے پابند ہوں۔

آخر میں ایک مختصر جملہ اس کے متعلق بھی سن لیجئے کہ دیوبند کوئی جداگانہ مذہب نہیں 'بلکہ قرآن وسنت کی صحیح تعبیر وتعمیل کا اور رفض وخروج 'اعتزال وظاہریت 'تقلید وعدم تقلید 'بزرگان سلف کے اتباع وانکار کے مختلف مسلکوں میں

سے ایک نہایت معتدل مسلک کا نام دیوبند ہے، جس میں ''تقلید'' اور ''تنقید'' کو اپنی اپنی حد میں اختیار کیا گیا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس روح دیوبند کو ہمیشہ دیوبند میں باقی رکھے اور مجھے اور آپ سب کو دیوبند کے سچے خادموں میں محشور فرمائے۔ آمین!

## طلباء کیلئے مفید دستور العمل

فرمایا، طالب علم تین باتوں کا لحاظ رکھے اور ہمیشہ کے لئے ان پر دوام رکھے، انشاءاللہ تعالیٰ اس کی استعداد اچھی ہو جائے گی۔

۱۔ سبق سے پہلے مطالعہ کرے۔

۲۔ سبق سمجھ کر پڑھے، بدون سمجھے آگے نہ چلے۔

۳۔ سبق پڑھنے کے بعد ایک بار اس کی تقریر کر لیا کرے خواہ تنہا یا جماعت کے ساتھ۔

## طلباء اپنی اصلاح کرائیں

فرمایا، طالب علموں کو ذکر میں مشغول تو نہ ہونا چاہئے، مگر اعمال کی اصلاح اور اخلاق کی اصلاح چاہئے۔

## امتحان میں کامیابی کا عمل

فرمایا ذہن کی درستگی کے لئے ہر نماز کے بعد "یَا عَلِیْمُ" اکیس مرتبہ پڑھ لیا کریں (اور نیز امتحان میں کامیابی کیلئے) امتحان کے روز (یَا عَلِیْمُ) کثرت سے پڑھو۔

## عظمت علم

سلاطین اسلام کے دل میں علم و فضل کی کیا منزلت تھی؟ اس کا اندازہ اس واقعہ سے لگائیے۔ کہ ایک مرتبہ ثابت بن ترہ کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے المعتضد (ایک خلیفہ کا نام ہے) اپنے باغ میں چہل قدمی میں مصروف تھا کہ ایک دم اس نے

ہاتھ کھینچ لیا' جب ثابت نے دریافت کیا کہ کیا معاملہ ہے؟ تو خلیفہ نے جواب دیا کہ میرا ہاتھ آپ کے ہاتھ کے اوپر تھا حالانکہ عالم کا ہاتھ سب سے اوپر ہونا چاہئے۔

## عالم دین کے اوصاف

بعد المغرب مجلس میں ارشاد فرمایا کہ ایک شخص نے عبداللہ ابن مبارک رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا۔

"العالم ما هو؟ قال العالم، العامل، راغب الي الآخرة، زاهد في الدنيا."

(عالم کون ہے؟ آپ نے فرمایا' عالم وہ ہے جو باعمل ہو' آخرت کی طرف راغب ہو اور دنیا سے بے رغبت ہو۔)

مقصد اور خلاصہ تفقہ فِي الدین ہے' اصل مقصد کتابیں پڑھنا اور رٹنا نہیں ہے۔

## علماء میں استغنا چاہئے

فرمایا' اہل علم میں استغنا ہونا چاہئے' "عرض حاجت" میں ذلت ہے' پھٹے پرانے کپڑوں میں موٹا جھوٹا کھانے میں ذلت نہیں' اور استغنا میں دین کا اعزاز ہے اگر یہ نیت ہو تو ثواب بھی ہو گا۔ دنیا داروں کے پاس نہ جائے۔ غریب کے پاس جانے میں ذلت نہیں۔

## بہترین فقیہ

فرمایا زرین کا یہ قول مجھے بہت پسند ہے' نہایت اچھا ہے وہ فقیہ آدمی کہ جب اس کی طرف احتیاج ظاہر کی جائے تو نفع پہنچائے اور اگر بے پروائی برتی جائے تو اپنے آپ کو یکسو کر لے۔

## علماء کے بارے میں غلط فہمی

"یہ کہنا کہ علماء وقت کے تقاضوں سے بے خبر ہیں یا وہ ان تقاضوں کی طرف توجہ نہیں دینا چاہتے، محقق اور اہل بصیرت علماء امت کے حالات اور تصانیف سے بے خبری کا نتیجہ ہے۔ جس کا بڑا سبب بہت سی ادھوری تعلیم والوں کا اہل علم کے نام سے معروف ہو جانا اور ناواقف عوام کا دین کے تمام معاملات میں ان پر اعتماد کر لینا ہے"۔ (ادارۂ تحقیقات اسلامی" البلاغ اکتوبر ۱۹۶۸ء ص ۳)

## ذلت کی حقیقت

فرمایا، ذلت کی حقیقت "عرض حاجت" (کسی پر اپنی حاجت پیش کرنا) ہے، بوجھ اٹھانا اور گاڑھا پہننا وغیرہ ذلت نہیں۔

## اساتذہ کو نصیحت

اساتذہ کو نصیحت فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ شاید میں آنے والے سال تک حیات نہ رہوں، معلوم نہیں میں کہاں ہوں گا اور تم کہاں ہو گے، اس لئے تم سے یہ بات عرض کر رہا ہوں، کہ جو آپ حضرات نے طریقہ تقاریر لکھوانے کا بنا رکھا ہے، اگر اسے شروع سال سے آخر تک چلا سکتے ہوں تو بہت ہی نافع ہے، لیکن عموماً یہ دیکھا گیا ہے کہ ایسا ہوتا نہیں ہے، بلکہ اساتذہ اپنا تمام زور کتاب الطہارۃ، اور زیادہ سے زیادہ کتاب الصلوۃ پر خرچ کر دیتے ہیں، اس کے بعد نہ استاد کو کچھ معلوم ہوتا ہے کہ کیا پڑھا رہا ہوں، اور نہ طالب علموں کو معلوم ہوتا ہے کہ میں کیا پڑھ رہا ہوں، بس ورق گردانی ہو رہی ہے کہ کسی طرح کتاب ختم ہو جائے، کبھی بیس صفحے اور کبھی تیس صفحے، اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ طالب علم کتاب الطہارۃ، کتاب الصلوۃ اور کچھ تھوڑا سا کتاب العلم کا محقق بن کر رہ جاتا ہے، اس کے سوا اس کو کچھ نہیں آتا۔

حالانکہ ہمارا یہ مقصد نہیں اور نہ سرکار دو عالم ﷺ کے ارشادات کا یہ مقصد

ہے اصل مقصد انسان بنانا ہے اور یہ مقصد بالکل متروک ہے' اس کی وجہ یہ ہے کہ کتاب الرقاق اور کتاب الادب جیسے ابواب کی طالب علم کو ہوا تک نہیں لگتی ہے' وہ ان باتوں سے بالکل خالی الذہن ہوتا ہے۔

میرے عزیزو اور بزرگو! یہ انتہائی مضر اور نقصان دہ ہے' قابل ترک بلکہ واجب الترک ہے اور طریقہ یہ ہے جو سلف سے چلا آرہا ہے کہ حدیث کا ترجمہ اور مفہوم طالب علم کے سمجھ میں آجائے' انشاءاللہ یہ مفید اور نافع ہوگا بلکہ نافع رہا ہے' پھر حضرت والا نے مولانا عزیز الرحمٰن صاحب مفتی دارالعلوم دیوبند سے اپنی مشکوٰۃ پڑھنے اور ان کے پڑھانے کا طریقہ بیان فرمایا کہ وہ مرقاۃ اپنے سامنے رکھتے تھے' اس کے حاشیہ پر مشکوٰۃ تھی' اسی میں پڑھاتے تھے' کوئی بات سمجھانے کی ہوتی مرقاۃ کی عبارت پڑھ کر بیان فرما دی' چنانچہ اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ ہمیں مشکوٰۃ کی حدیث تک یاد ہوگئیں' اور الحمدللہ بعض احادیث اب تک یاد ہیں' اگر بھئی اسی طرح پڑھانا ہے جیسا اب پڑھا رہے ہو تو سارے مسائل پڑھانے کی کیا ضرورت ہے' شروع و آخر سے پڑھا کر سند دیدی جائے اور یہ روایت کا جو چکر چل رہا ہے' معلوم نہیں کس نے نکالا ہے' کہ روایتاً اسباق ہو رہے ہیں' سب فضول سی بات ہے۔ خدا کے لئے کچھ سوچو' سمجھو' ہمارا مقصد زندگی اور درس وتدریس کا مقصد ملازمت نہیں ہے میں کسی ایک کو نہیں کہہ رہا ہوں سب اس میں شریک ہیں اور میں تو سب بھول بھال گیا' ماشاءاللہ آپ حضرات کا علم تازہ ہے' پڑھانے میں شروع سال سے لیکر سال کے آخر تک یکسانیت ہو' جو وقت شروع سال میں تھا' آخر میں اسی کا خیال رکھو' یہ نہ ہو کہ سال کے آخر میں رات کو بھی اسباق ہو رہے ہیں' دن کو بھی سبق ہو رہا ہے' طلبہ بھی پریشان ہیں' اساتذہ بھی کتاب ختم کرانے کی فکر میں ہیں۔

اور اس بات کا خاص خیال رکھو کہ مدرسہ کے اوقات کی پوری پابندی ہو کہ ادھر گھنٹہ بجا اور ادھر درسگاہ میں قدم رکھا' اس سے بڑی برکت ہوگی اور یہ بات ایسے ہی نہیں کہہ رہا ہوں' بلکہ تجربہ شاہد ہے اور ایسا ہوتا چلا آیا ہے' گھنٹہ لگنے کے نہ پانچ منٹ بعد شروع کرو اور نہ گھنٹہ لگنے سے پانچ منٹ پہلے ختم کرو' بس یہ چند باتیں کہنی تھیں' اپنے لئے اور دارالعلوم واساتذہ کیلئے دعا کریں۔

مجلس : ٦٦

# تفکر اہم عبادت ہے

جو خدا سے غافل ہو نہ اس کی عقل صحیح ہو سکتی ہے، نہ اس کی تقریر میں اثر ہوتا ہے، آج کل عقل مند وہ کہلاتا ہے جو روٹی اور پیٹ کی بات کرے لیکن شریعت میں عقل منداس کو کہتے ہیں جو انجام سے باخبر ہو، بھائی جو چوری کرتا ہے اگر کوئی اس کے انجام پر نظر کرے کہ پکڑا جائے گا جوتے لگیں گے تو کون اس کو اچھا کہے، یا عاقل آج کل وہ لوگ ہیں جو چاند پر راکٹ بھیج رہے ہیں مگر مرنے کے بعد ان کا کیا ہوگا موت کے بعد کے انجام سے بے خبر ہیں وہ کب عاقل ہیں؟ جب دل کا آئینہ غفلت کی گرد سے دھندلا ہو جاتا ہے تو وہ اتنا ہی اللہ کے دھیان سے دور ہوتا جاتا ہے الہام کی روشنی اس میں نہیں پہنچ سکتی، مشاہدہ ہے کہ آج کل تقریر کرکے مجمع کو مسحور کر لیتے ہیں مگر فائدہ اس سے کسی کو پہنچے یہ نہیں ہوتا اور اللہ والے ایک حرف کہہ دیتے ہیں تو سننے والے پر اثر کرتا ہے آفتاب باوجود کمال روشن کے کسی اندھے کو کیا نفع دے گا ہاں جس کی آنکھیں ہوں اس کو سورج کی روشنی راہ دکھاتی ہے اور نفع دیتی ہے اسی طرح جس کا دل اللہ کی یاد سے اندھا ہو اس کی سمجھ میں کیا آسکے گا لہٰذا دل کی آنکھ کو جلدی کھولو کہ موت کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ہم سب موت کے راستہ میں چل رہے ہیں اور عنقریب قبر کے گڑھے میں گرنے والے ہیں اپنا مقصد بنایا کہ دولت حاصل کریں، چلے فیکٹری کی طرف، دھیان لمبے چوڑے پروگرام پر ہے، حقیقت کیا ہے کہ موت کے راستہ کی طرف چل رہے ہیں ہر قدم پر عمر کے سانس کم ہو رہے ہیں یہی غفلت ساری مصیبت کی جڑ ہے ہر قدم ہر سانس موت کی طرف سفر ہے تم ہر وقت ایک طبقہ سے دوسرے طبقہ کی طرف منتقل ہو رہے ہو وہ منزل نگاہ سے غائب ہے سامنے نہیں ہے مگر جب وہاں پہنچ جائیں گے تو آنکھ کھل جائے گی۔

## تمناؤں کا سمندر

عزیزو! آرزوؤں کا ایک سمندر ہے جس میں نفس کی کشتی چھوڑ رکھی ہے حضور ﷺ نے ایک مرتبہ ایک لمبا خط کھینچا اس پر چھوٹے چھوٹے خطوط کھینچے فرمایا یہ لمبا خط انسان کی آرزوئیں ہیں یہ چھوٹا خط اس کی اجل ہے جب وقت آجائے گا ساری آرزوئیں ختم، ہمارے خیالات رات ودن ضروریات پوری کرنے میں لگے ہوئے ہیں بس خواہشات پورا کرنے کی فکر ہے حالانکہ حوادث زمانہ ہم کو خبر دے رہے ہیں کان ہو تو کوئی اس آواز کو سنے جو قبر سے روزانہ آتی ہے کہ غافل کہاں جا رہے ہو میں تنہائی کی جگہ ہوں کچھ فکر یہاں کی کر لے مگر ہم اس بدن کی تکالیف دور کرنے میں لگے ہیں اور موت کی چکی برابر چل رہی ہے جو دانہ اس کی تہہ میں آگیا اس کو پناہ نہیں مل سکتی نو فلک گردش میں ہیں اور نو چکیاں چل رہی ہیں ایک دانے کے لئے۔

## موت سے فرار ممکن نہیں

جدید قدیم کسی سائنس میں موت سے فرار کا کوئی نسخہ نہیں ہے اللہ کے قبضہ میں یہ سب کچھ ہے مرنے میں ایک جاہل اور ایک دولت مند برابر ہیں بلکہ فقیر کا مرنا آسان اور دولت مند کا مرنا بھی مشکل ہوتا ہے بہت سی تدابیر ہوتی ہیں اور جتنی تدابیر ہوتی ہیں اتنی ہی تکالیف غریب کو آتی ہیں اور غریب کو بیماری آتی بھی کم ہے جاتی بھی جلدی ہے امیر کو بیماری آتی بھی جلدی ہے اور جاتی بھی کم ہے عموماً جو ڈاکٹر کسی خاص مرض کا ماہر ہو اسی مرض میں وہ مرتا ہے اپنے دکھ کو دور کرنے کی کوئی تدبیر ان کے پاس نہیں ہوتی۔

تقدیر کے سامنے سب گرد ہیں موت کا وقت ایک معین ہے تدبیر سے دل تو چلتا ہے مگر بچ نہیں سکتا حاصل یہ ہے کہ موت سے بچنے کا تو کوئی نسخہ آج تک نہیں نکلا تو جب یہ لازمی شے ہے تو اس کے لئے ہم نے کیا سامان کیا ہے؟

اے عقلمند تو کب تک اپنے نفس کو نجات کے راستہ سے نکال کر ہلاکت کے

راستہ پر ڈالتا رہے گا کب تک طاعات کے میدان سے ہٹ کر گناہوں کی ظلمتوں میں بھٹکتا رہے گا تیری عمر بہت تھوڑی ہے اور پرکھنے والا بہت بصیرت والا ہے وہاں مصنوعی چیز کو اچھا بنا کر پیش نہیں کر سکو گے تمہاری دنیا اور اس کا سازو سامان وہاں کام نہ آئے گا کوئی کھوٹ اس سے چھپی ہوئی نہیں ہے۔

اے آدمی تیرے سانس سب گنے ہوئے ہیں جس نے پیدا کیا اس کے یہاں سب لکھے ہوئے ہیں تو ان کو فضول اور بے شمار سمجھتا ہے وہاں تعداد سانسوں کی مقرر ہے جب یہ پورے ہوں گے تو اس دن کی رات نہیں آئے گی اور یا ایسی رات آئے گی جس کا دن نہیں آئے گا یہ قریب ہی ہونے والا ہے۔

## پہلا عمل تفکر

آپ ﷺ کا سب سے پہلا عمل تفکر تھا وحی آنے سے قبل بھی آپ ﷺ انجام کی سوچ میں مستغرق رہتے تھے اللہ پاک کی نعمتوں میں اپنے نفس میں اور نفس کے باہر کی نعمتوں میں غور کرنے کے لئے جابجا قرآن میں ارشاد ہے

گلستان میں جا کر ہر اک گل کو دیکھا
جدھر دیکھتا ہوں ادھر تو ہی تو ہے

اللہ پاک صحیح تفکر عطا فرمائے ہر چیز آئینہ ہے جمال حق کا قرآن میں ارشاد ہے زمین میں آیات ہیں فکر کرنے والوں کے لئے اور تمہارے وجود کو دیکھو اس میں کیسی مشینیں ہزاروں پرزوں سے ملکر بنی ہیں ایسی نرم و نازک رقیق کہ کوئی سائنس ایسی چیز ایجاد نہیں کر سکتی' آنکھ ایک انچ کے اندر ہے لاکھوں رگیں اس میں ہیں کہ ذرا ادھر سے ادھر ہو جائے سارا نظام درہم برہم ہو جائے گا دو ہڈیوں کے بیچ میں حلقہ بنا کر سائبان لگا کر خود بخود بند ہونے والا' بغیر ارادہ حفاظت کرنے والا پیوند لگایا ہے پھر روشن ایسی کہ ساری دنیا کو دیکھو اگر آنکھ کی نعمت پر غور کرو تو دنوں گزر جائیں اس کی نعمتوں کا شمار نہیں ہو سکتا پھر رحیمی ایسی کہ امیر و غریب بڑا اور بچہ انسان جانور کو ایک نہیں دو دو ہر ایک کو عطا کی ہیں۔

کروڑوں چہرے ایک انداز کے پیدا ہو رہے ہیں مگر اتنا تفاوت کہ ایک دوسرے

سے نہیں مل سکتا ایک کی آواز دوسرے سے نہیں ملتی ایک انگوٹھے کا نشان اربوں انسانوں کا ایک دوسرے سے نہیں ملتا اس آدھے انچ کے انگوٹھے کی لکیروں میں اتنا فرق یہ کون کر سکتا ہے۔

## ایک گھڑی کا تفکر

ایک گھڑی کا تفکر ہزار سال کی نفلی عبادتوں سے بہتر ہے تفکر سے خدا کے شکر کی توفیق ہوتی ہے جو ان نصیحتوں پر غور کرے گا وہ ضرور اپنے محسن کو پہچانے گا غضب تو یہی ہے کہ اس کی قدرت پر غور کرنے کی بھی توفیق نہیں ہوتی جتنی نعمتیں آج کل زیادہ ملتی جاتی ہیں اتنے ہی اللہ سے غافل ہوتے جاتے ہیں تقاضا عقل کا تو یہ تھا کہ جتنے راز کھلتے اتنا ہی زیادہ اللہ سے تعلق ہوتا۔ پیٹرول' سوئی گیس اور جو چیزیں آج زمین سے نکل رہی ہیں پہلے تو نہ تھیں پھر ان سے کتنے فوائد ہیں' قدرت کے ہی تو یہ اسرار ہیں سائنس نے یہ پیدا نہیں کئے خدا نے ہی یہ پیدا کئے پھر اس کے شکر گزار نہیں امریکہ کے پاس سونا بہت ہے مگر عرب کے تیل کے محتاج ہیں اگر سائنس میں پیٹرول پیدا کرنے کی قدرت ہوتی تو امریکہ اپنے پاس سب پیدا کر لیتا' سائنس کا کام صرف یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیز میں جو طریقہ استعمال ہے وہ سکھا دے پیدا کرنا تو اللہ کا کام ہے۔ اور سائنسی ترقیات سے اللہ کی نعمتوں کی قدر زیادہ ہونا چاہئے مگر انسان کی غفلت عقل پر پردہ ڈال دیتی ہے غور کرتا تو رسائی ہوتی جس مالک نے ہم کو دیا ہے وہ ضرور اس کا حساب لے گا آج ہم ہنستے پھرتے ہیں اپنی جہالت سے جس کو قبر کا گڑھا روز آخرت کا خیال سامنے ہو اس کو ہنسنے کی فرصت کہاں اس پر تو غم غالب رہے گا جو انجام سوچے گا اس پر غم ہی غالب ہو گا دنیا میں خوش وہ رہ سکتا ہے جو جاہل ہو یا غافل ہو جس کے پاس علم بھی اور خبر بھی ہو انجام کی وہ کیسے دنیا میں عیش کر سکتا ہے۔ آج دنیا نے کھیل کو ہی اپنا مقصد حیات بنا لیا ہے عمل کا صحیح راستہ یہ ہے کہ کوئی وقت نکال کر اپنے وجود کی نعمتیں اپنے ماحول کی نعمتیں یہ سب سوچا کرے تو عبادت کی توفیق پیدا ہو گی ایک بوڑھی بے کس تھی دکھ درد کا دیکھنے والا کوئی نہ تھا' اس کو اگر صبر کرنے کو کہا جاتا تو کیسے مانتیں اس سے کہا گیا تیرے پاس کیا ہے' بولی کچھ نہیں

پوچھا تیرے پاس دو آنکھیں نہیں ہاتھ نہیں پیر نہیں دل زبان نہیں سینکڑوں نعمتیں جلدی جلدی شمار کرائیں پھر پوچھا جن کے پاس یہ سب کچھ نہیں وہ قابل رحم ہیں۔تو بولی واہ واہ میرے پاس تو رب کی بہت نعمتیں ہیں بس اس لئے رونا بند کر دیا اور شاکر بن گئی عبرت حاصل کرو جس مالک نے مجھے ایسا بنایا وہ کیا مجھے یونہی چھوڑ دے گا ان نعمتوں کا حساب نہ ہو گا ان نعمتوں کی فکر سے جو جذبہ شکر کا پیدا ہو وہ سب سے بڑی طاعت ہے۔وہی توفیق دینے والے ہیں۔

# متفرق ارشادات

## ولی کی پہچان

فرمایا، ولی کی پہچان ایک یہ ہے کہ اس میں دوام طاعت اور کثرت ذکر ہو اور کسی شیخ کے پاس رہ کر ان سے علاج سیکھا ہو۔ ایسے شخص کو مصلح کہتے ہیں۔

## حکیم ہونے کا معیار

فرمایا شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ نے حکیم کا معیار یہ لکھا ہے کہ صوفی بھی ہو، فقیہ بھی ہو اور محدث بھی ہو۔

## خوشگوار دنیا

فرمایا خوشگوار دنیا دین ہی کے ساتھ میسر ہوتی ہے، مسلمانوں کو تو شریعت سے الگ ہو کر دنیاوی ترقی نصیب ہو ہی نہیں سکتی۔

## مذاہب اربعہ کی معتبر کتابیں

مذاہب اربعہ معلوم کرنے کے لئے میزان، عبدالوہاب شعرانی کی معتبر کتاب ہے 'البدایہ والنہایہ میں اور مذاہب اربعہ میں اسی سے حوالہ نقل کئے ہیں۔

## حسن اسلام

فرمایا، اسلام کا ایک حسن یہ ہے کہ اس کو اپنی اشاعت کے لئے نہ زر کی ضرورت ہے اور نہ زور کی۔

## عقل وایمان

فرمایا، رہنے کی چیز تو عقل وایمان ہے۔

## دین سے عقل صحیح ہوتی ہے

فرمایا، جو دین کا پابند نہیں ہوتا، اس کی دنیا کی سمجھ بھی خراب ہو جاتی ہے اور جو شخص دیندار ہوتا ہے گو تجربہ دنیا کا نہ ہو، لیکن دنیاوی امور میں بھی اس کی سمجھ سلیم ہو جاتی ہے، حلال روزی میں بھی یہی اثر ہے، برخلاف اس کے حرام روزی سے فہم مسخ ہو جاتی ہے۔

## عزت بڑھنا

فرمایا اقرار خطا سے اور عزت بڑھ جاتی ہے۔

## کسی کو حقیر نہ سمجھئے

فرمایا، بزرگوں کا نمونہ بننے ہی میں دین کی حفاظت ہے اور دنیا کی عزت ہے، بزرگ کی شان کمال یہ ہے کہ کسی کو حقیر نہ سمجھے۔

## اکابر کی سادگی

حضرت حکیم الامت کے ملفوظات کی تشریح کرتے ہوئے فرمایا کہ مولانا محمد قاسم صاحب کی ایک زمانہ میں دس روپیہ ماہانہ تنخواہ تھی۔ کتابیں تصحیح کرنے کا کام تھا۔ بزرگوں کا یہ حال تھا کہ دیکھنے والوں کو یہ نہ معلوم ہو کہ بہت بڑے ولی ہیں ان کے کپڑے بھی دیکھ کر کوئی ان کو عالم یا مولوی نہیں سمجھتا تھا۔ اب تو علماء کے لباس بہت ممتاز ہوتے ہیں۔

آپ ایک مرتبہ اسٹیشن پر تھانہ بھون کسی کام سے گئے تھے۔ وہاں کوئی بڑے آدمی گاڑی سے اترے۔ کوئی قلی موجود نہ تھا۔ مولانا کو دیکھ کر کوئی معمولی آدمی خیال کیا۔ آواز دی ادھر آؤ سامان اٹھاؤ۔ آپ نے سر پر سامان اٹھالیا اور ساتھ ساتھ شہر کی طرف چلے۔ بستی میں داخل ہوئے تو لوگوں نے آپ کی تعظیم کی۔ دریافت کرنے پر قصہ معلوم ہوا تو اس نے معافی مانگی۔ اس رنگ کے یہ بزرگ تھے۔

## حضرت شیخ الہند کا ارشاد

فرمایا حضرت مولانا محمود الحسن صاحب رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ عمر بھر پڑھنے' پڑھانے کا یہ نتیجہ نکلا کہ ہم جہل مرکب سے جہل بسیط میں آگئے۔

فرمایا' تم کبھی کسی الجھن میں مت پڑو' جہاں الجھن دیکھو ایک دم اس کام کو چھوڑ کر الگ ہو جاؤ' انسان ہے' نفس ہے' نفسانیت آہی جاتی ہے' یکسوئی قابل قدر چیز ہے' ان قصوں جھگڑوں سے ایک بہت بڑی چیز برباد ہو جاتی ہے جس کی ہمیشہ اہل اللہ وحامیان حق سلف صالحین نے حفاظت کی ہے وہ یکسوئی ہے' ہر کام میں مقصود رضاء حق وقرب حق پیش نظر رہے۔

## کام کرنے کا سہل طریقہ

فرمایا' یہ بات ہمیشہ یاد رکھنے کی ہے کہ غیر اختیاری کاموں کے پیچھے پڑنے سے وقت خراب ہوتا ہے اور کام نہیں ہوتا اور ہو بھی کیسے وہ غیر اختیاری ہوتا ہے۔

فرمایا' روپیہ کی ذات سے حظ ہونا مرض ہے۔

## عملیات کا اثر

فرمایا عملیات کا اثر زیادہ تر قوت خیالیہ کا ثمرہ ہے

## مقبول کوشش

کلام پاک میں ہے جو ارادہ کرے' کوشش کرے آخرت کی اور کوشش اس

کے مناسب کرے اور ایمان بھی ہو ان کی کوشش اللہ کے یہاں مقبول ہے۔

یہاں پہلی شرط ایمان ہے، دوسری ارادہ، تیسری کوشش جو اس کے مناسب ہو۔ اب ایک تو وہ شخص ہے جس کا ارادہ ہی آخرت کا نہیں یہ لوگ پنج سورے لٹکاتے ہیں اس لئے کہ برکت ہو، مقصد اللہ کی رضاء نہیں بلکہ دنیا حاصل کرنا ہے تو دنیا ان کو مل جائے گی۔

سورۂ مزمل، سورۂ یٰس کے فضائل اپنی جگہ مکمل اور اٹل ہیں۔ مگر دنیا کے فوائد حاصل کرنے کی نیت ہو تو وہ صرف دنیا ہے اس میں آخرت کا کوئی حصہ نہیں۔ ہاں! یہ نیت کرو کہ سورۂ یٰس، قلب قرآن ہے آخرت کے حصول کا ذریعہ ہے اور پھر تیسرے درجہ میں دنیا کے فوائد بھی ہیں۔

## حاجات بر آنے کا ذریعہ

فرمایا، دنیا اور دین کی حاجتوں کے بر آنے کا ذریعہ استغفار ہے۔

## قول یحییٰ بن معاذ

فرمایا حضرت یحییٰ بن معاذ رحمۃ اللہ علیہ کا ارشاد ہے کہ دنیا دار الحزن ہے، دار المحن، سجن وقید خانہ ہے، غم کی وادی ہے۔ شیطان کی دوکان ہے۔

اف للدنیا وایامها فانها للحزن مخلوقه

همومها لا تنقضي ساعة عن ملك فيها اوسوقه.

(ترجمہ) دنیا اور ایام دنیا میں افسوس ہے کہ وہ حزن و غم کے لئے بنائی گئی ہے، اس کا غم ایک گھڑی کے لئے ختم نہیں ہوتا خواہ اس میں بادشاہ ہو یا بازاری آدمی۔

## قول شیخ ابو الحسن شاذلی

فرمایا شیخ ابو الحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا قول ہے کہ جان لو اگر حق تعالیٰ کوئی چیز عطا نہیں فرماتے تو ان کا یہ نہ دینا بخل کی وجہ سے نہیں، بلکہ عین رحمت ہے، ان کا نہ دینا

ہی دینا ہے، لیکن نہ دینے میں دینا وہ ہی سمجھتا ہے جو صدیق ہے۔

## دین و دنیا کے ثمرہ کا فرق

فرمایا، دین میں محنت کم ہے اور ثمرہ زیادہ ہے، برخلاف اس کے دنیا میں محنت زیادہ اور ثمرہ کم۔

## اب تک دنیا پر کتنا عرصہ گزرا ہے

فرمایا، اہل تاریخ کے نزدیک آدم علیہ السلام سے لیکر اس وقت تک سات ہزار سال ہوگئے ہیں۔

## جامع ارشاد

فرمایا، آرام سے رہیں، حرام سے ڈریں۔

## تعصب اور تصلب میں فرق

فرمایا تعصب اور تصلب میں فرق یہ ہے کہ تعصب کے معنی ہیں بیجا حمایت کرنا اور تصلب کے معنی ہیں پختگی کے ساتھ مذہب پر جما رہنا، اول ممنوع ہے اور ثانی مامور بہ ہے۔

## چاپلوسی کرنا

فرمایا، تملق (خوشامد و چاپلوسی) کی بدنامی سے تکبر کی بدنامی بہتر ہے۔

## دبنے اور رعایت میں فرق

دبنا اور چیز ہے، رعایت اور چیز ہے۔ استاد ہو کر شاگرد سے دبے، خاوند ہو کر

بیوی سے دبے بے غیرت ہے' ہاں رعایت اور چیز ہے اس کو محبت وشفقت کہتے ہیں۔

## لہو ولعب میں فرق

فرمایا' لعب کہتے ہیں لغو اور عبث فعل کو اور لہو کہتے ہیں غفلت میں ڈالنے والی بات کو۔

## خیر محض

فرمایا' جس حالت سے دین کا ضرر نہ ہو وہ خیر محض ہے۔

## چالاکی کی تعریف

فرمایا' چالاکی تو وہ ہے جس کو کوئی سمجھ نہ سکے ورنہ تو وہ پھوہڑپن ہے جب پتہ لگ گیا تو ہوشیاری' اور چالاکی ہی کیا ہوئی؟

## پریشانی خیالات کا نام خواب نہیں

فرمایا' پریشانی خیالات کا نام خواب رکھ لیا ہے پھر ان کی تعبیر ہی کیا۔

تمہیں غیروں سے کب فرصت ہم اپنے غم سے کب خالی
چلو بس ہو چکا ملنا نہ تم خالی نہ ہم خالی

## عافیت کے دو گر

فرمایا' ۱۔ کسی کی گواہی نہ دو۔ ۲۔ کسی کے معاملہ میں فیصلہ کنندہ نہ ہو۔

## مطلب واغراض معیار محبت نہیں

فرمایا' کسی کے اعتقاد اور محبت کا اعتماد صرف مطلب اور اغراض تک سب کچھ

ہے اوران کے خلاف کوئی بات پیش آجاوے اسی وقت اثراور اعتقاد ومحبت سب ختم ہو جاوے۔

## بہادر رحمدل ہوتا ہے

فرمایا تجربہ ہے کہ شجاع یعنی قوی دل ہمیشہ رحمدل ہوتا ہے، سنگدلی اکثر بزدلوں میں ہوتی ہے، عورتیں مردوں سے زیادہ رحمدل نہیں ہیں بلکہ ضعیف القلب (کمزور دل والی) ہیں اور مرد سنگدل نہیں ہیں بلکہ قوی القلب (مضبوط دل والے) ہیں۔

## صحیح متحدہ قومیت

اسلام کی اصل دعوت حقیقت میں ایک اصلی اور صحیح متحدہ قومیت ہے جو وطنی اور لسانی بنیادوں پر نہیں بلکہ اصول صحیحہ اور عقائد حقہ پر مبنی ہو جس میں خدا اور اس کے رسولوں کی مخالفت کا گزر نہ ہو۔

## مہنگا سودا

"آزادی رائے" یا "ریسرچ" اور تحقیق کے حسین عنوانات کے فریب میں آکر اگر ہم نے اسلاف کے اعتماد اور عظمت ومحبت کو ضائع کر دیا تو یقین کیجئے کہ یہ ہمارے لئے بڑا مہنگا سودا ہو گا۔ تحقیق ہمارے ہاتھ نہ آئے گی اور اسلاف کی ڈگر ہم سے چھوٹ جائے گی۔

## بدبختی کی علامت

نئی تعلیم نے "آزادی رائے" کا خوبصورت عنوان دے کر ہماری جس متاع گرانمایہ پر پہلی ضرب لگائی وہ اسلاف کی عظمت اوران پر اعتماد ہے جس کے نتیجہ میں دین کے مسلمات اور مجمع علیہ مسائل بھی تشکیکات کا کھلونا بن گئے۔ ہم ریسرچ اور

تحقیق کے نام پر ان بزرگوں کا اعتماد کھو کر شکوک واوہام کی راہوں میں بھٹکنے لگے جن مسائل میں اسلاف امت کا خود اختلاف ہے۔ان میں آپ جس کو علم وتقویٰ کی رو سے زیادہ افضل سمجھیں 'اس کے قول وعمل کو اختیار کر سکتے ہیں مگر پھر بھی اس سے مختلف رائے رکھنے والے بزرگوں کی شان میں ادنیٰ سے ادنیٰ بے ادبی بھی بد بختی کی علامت ہے۔

## حقیقت پسندی

عقل کی بات تو یہ ہے کہ انسان کو نہ قدامت پسند ہونا چاہئے نہ جدت پسند بلکہ حقیقت پسند ہونا چاہئے جو چیزیں پرانی اچھی ہیں ان کو اختیار کرے جو چیزیں نئی اچھی اور نافع ومفید ہیں ان کو اختیار کرے۔

شریعت اسلام ان ایجادات ومصنوعات میں صرف یہ چاہتی ہے کہ انسان خدا کی ان نعمتوں سے اسی کی دی ہوئی عقل کے ذریعے نئی نئی ایجادیں کریں ' معاشی آسانیاں حاصل کریں 'مگر دو شرطوں کے ساتھ 'ایک یہ کہ اس کی عطا کردہ نعمتوں کو اس کی نافرمانیوں میں استعمال نہ کریں ' دوسرے عطا کرنے والے منعم حقیقی کو نہ بھولیں''۔

## لطیفہ غیبی کی حقیقت

فرمایا' لطیفہ غیبی سے مراد کوئی لطیف جسم ہے خواہ وہ فرشتہ ہو یا روح ہو یا اللہ تعالیٰ کی کوئی اور مخلوق ہو۔

## حضرت خضر علیہ السلام کی تسلی

فرمایا حضور اقدس ﷺ کے وصال میں حضرت خضر علیہ السلام نے صحابہ کو اس طرح تسلی فرمائی تھی۔ اللہ تعالیٰ کی ذات میں ہر مصیبت سے تسلی ہے اور ہر فوت ہونے والے کا عوض ہے 'پس اللہ پر بھروسہ رکھو اور اسی سے امید رکھو 'کیونکہ پورا محروم تو

وہی ہے جو ثواب سے محروم رہے اور مسلمان تو کسی مصیبت میں ثواب سے محروم نہیں رہتا۔ فرمایا کوئی مصیبت اپنی ذات میں مصیبت نہیں، بلکہ محل کے اعتبار سے مصیبت ہے۔

## صحابی بننے کی دو شرطیں

فرمایا حضور ﷺ بھی متمثل ہو سکتے ہیں، مگر اس وقت ملاقات کرنے والا صحابی نہیں ہوگا، کیونکہ صحابی بننے کیلئے دو چیزیں شرط ہیں، ایک تو جسم ناسوتی میں حضور ﷺ کی زیارت کرے اور یہ جسم مثالی ہے، دوسرے اتحاد زمانہ تبلیغ ہو۔

## حضرت حوا کی قبر

فرمایا حضرت حوا علیہا السلام کی قبر مکہ میں پہاڑ ابو قبیس کے پاس ہے۔

## بابرکت گھوڑا

فرمایا حدیث کا مضمون ہے کہ بہترین گھوڑا سیاہ رنگ والا ہے جس کی پیشانی میں سفید ٹیکہ ہو اور اوپر کے ہونٹ میں سفیدی ہو۔ اس کے بعد اس گھوڑے کا درجہ ہے جس کی پیشانی میں سفید ٹیکہ ہو اور پیر سفید ہوں، مگر داہنا ہاتھ سارے بدن کے رنگ کا ہو۔

## حوض کوثر کی تعریف

فرمایا حوض کوثر کے پانی کی یہ تعریف ہے کہ جس نے ایک مرتبہ (اس کا) پانی پی لیا، اس کو کبھی پیاس نہ لگے گی، عمر بھر کے لئے پیاس کی کلفت رفع ہو جائے گی، اور لطف اس قدر ہوگا کہ بدون پیاس کے بھی اس کی طرف رغبت ہوگی اور اس کا مزہ حاصل ہوگا۔

## جہنم میں قیام کی ادنیٰ مدت

فرمایا، جہنم میں جو شخص داخل ہوگا، ادنیٰ مدت اس کے لبث (ٹھہرنے) کی سات ہزار سال ہوگی۔

## بغیر متن کے قرآن کریم کا ترجمہ چھاپنا درست نہیں

فرمایا: چراغ نور کے نام سے قرآن مجید کا ترجمہ بغیر متن کے طبع ہوا ہے اس طرح سے ترجمہ ہی ترجمہ چھاپنا ناجائز ہے۔

## بیوی زیادہ حسین نہ ہو

فرمایا، آج کل لوگ منکوحہ میں حسن وجمال کو دیکھتے ہیں، حالانکہ راحت اور فتنوں سے حفاظت آج کل اسی میں ہے کہ بیوی زیادہ حسین وجمیل نہ ہو، حسن وجمال کی کمی قدرتی وقایہ ہے، عرض کرنے پر فرمایا: حسن وجمال اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے، لیکن اس میں احتمال فتنہ کا غالب ہے۔

## بواسیر کا علاج

فرمایا اکتالیس بار الحمد شریف پانی پر دم کرکے پینے سے بواسیر کو فائدہ ہوگا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

مجلس : ٦٧

# حضرت مفتی اعظم کی آخری مجلس عام

مجد دالملت ، حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی نوراللہ مرقدہ کے میخانہ علوم ومعارف اور حکمت ودانش سے سرشار وسیراب ہونے والے خوش نصیب علماء وفضلاءاور صلحاء میں حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس اللہ سرہ کو حق تعالٰی جل عنایتہ نے بڑی امتیازی شان عطا فرمائی تھی ۔ حضرت تھانوی ﷺ کے مربیانہ مشفقانہ وکریمانہ فیضان نظراور خصوصی توجہات وعنایات سے مستفیض ومستفید ہونے والی اس جلیل القدر ہستی کی عظمت وجلالت بزرگی ووجاہت اور خداداد ہیبت سے کسی حق پرست وحق شناس ذی شعور انسان کو انکار کی مجال نہیں ۔

حضرت مفتی اعظم (پاکستان) مرحوم نے اپنے عظیم المرتبت شیخ طریقت اور مربی فیض مرتبت کے عطاکردہ منصب کا تادم زیست کما حقہ ' حق ادا فرمایا۔ درس وتدریس ہو ،تصنیف وتالیف ہو ،تحقیق وتطبیق ہو ' تربیت سا لکین ہو ' فتاویٰ نویسی ہو یا ارشادات وملفوظات کا سدابہار فیضان عام ہو غرض یہ کہ زندگی مستعار کا کوئی شعبہ ایسا نہیں چھوڑا کہ جس کا فیض عام عوام الناس تک نہ پہنچا ہو ' مجالس ملفوظات وارشادات کا اہتمام بھی حضرت مفتی صاحب مرحوم نے بہت ہی انصرام وانتظام اور رعایت عام کے ساتھ زندگی کے آخری ہفتے تک خوب ہی دلنشین انداز میں ادا فرمایا ' مجالس میں حاضری دینے والوں پر میخانہ علوم ومعارف ومعرفت کے خم کے خم لنڈھاتے رہے ۔ حضرت مفتی صاحب مرحوم جہاں کہیں بھی رہے ' جہاں جہاں ٹھہرے اور جہاں جہاں تشریف فرما ہوئے آن مرحوم کا صحبت عالیہ اور مجالس عرفانیہ کا چشمہ فیض سدا جاری رہا۔

## زبانی ارشادات سے نوازنا

جن دنوں بیماری شدت پر ہوتی ان دنوں بھی بندہ نوازی و دلداری کا یہ عالم دیکھا کہ شاید ہی کبھی مشاقان زیارت دیدار کئے بغیر یا مصافحہ کئے بغیر لوٹائے گئے ہوں سلامتی کی دعائیں دینے اور لے لینے والا آستانہ عالیہ اور دربار اشرفیہ کا در ہمیشہ کھلا رہا۔ دلجوئی، دلنوازی اور خورد نوازی میں تو واقعی حضرت مفتی صاحب اپنی مثال آپ تھے۔ ہرایک میکش کے آگے ان کا دور جام ہمیشہ پہنچتا رہا اور کسی کو آں مرحوم نے اپنے فیض عام سے کبھی بھی تشنہ لب نہ رہنے دیا۔ع

یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا

آج مفتی صاحب مرحوم کی مسند ارشاد و تلقین اور منصب موعظت و نصیحت خالی دیکھ دیکھ کر دل میں درد و غم ہر روز سوا ہوتا ہے، اور حضرت مفتی صاحب مرحوم کی یاد آتی ہے تو ہر نقش ماسوا کو مٹاتی چلی جاتی ہے اور یہی معلوم و محسوس ہوتا رہتا ہے کہ

یہ چل رہے ہیں، وہ پھر رہے ہیں
وہ آرہے ہیں، وہ جا رہے ہیں۔

اس بے پناہ یاد اور شدید صدمہ سے چور دل حزین کا تقاضا ہوا کہ حضرت مفتی صاحب کی مبارک زندگی کی آخری اتوار کی مجلس کے کوائف کا ذکر شیوس اپنی بے مائیگی اور کوتاہ علمی کے باوجود نفع عام کی خاطر کر دیا جائے۔

اے بارگاہ عالی مقام!

قبولش کن زراہ دلنوازی

کہ من غیر از دلے چیزے ندرم

## حاضرین کو آرام گاہ میں بلوانا

۳ اکتوبر بروز اتوار صبح تقریباً ساڑھے گیارہ بجے حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے مشاقان زیارت اور طالبان علم و معرفت کو اپنی قیام گاہ اور خاص کمرۂ استراحت میں بلوا بھیجا۔ گزشتہ رمضان شریف کا صرف پہلا اتوار ایسا گزرا تھا کہ حضرت مفتی اعظم

رحمۃ اللہ علیہ نے دارالافتاء کے وسیع کمرے میں بنفس نفیس تشریف لاکر علوم ومعارف کی بارش برسائی، حسب معمول ملفوظات اشرفیہ پڑھے گئے اور جگہ جگہ آں مرحوم تشریح وتوضاحت فرماتے رہے پڑھنے والے نے رکنا چاہا تو مفتی صاحب نے فرمایا۔ اچھا بھائی تھوڑا سا اور پڑھ لو ابھی وقت ہے۔ پھر اور دیر ہوتی چلی گئی تو ایک مرتبہ بھائی مولانا محمد تقی صاحب نے مجھے اشارہ کرکے فرمایا کہ میں مفتی عبدالرؤف صاحب (قاری ملفوظات) کو رکنے کے لئے کہہ دوں۔ تھوڑی ہی دیر اور گذری تھی کہ حضرت مفتی صاحب کے ذہن مبارک سے یہ الفاظ نکلے اچھا بھائی اب دعا کرلو چنانچہ کافی الحاح اور خشوع وخضوع کے ساتھ حضرت نے کافی دیر تک دعا فرمائی اور پھر فاروقی صاحب اور مولانا محمد تقی صاحب سلمہ کے ساتھ جائے استراحت پر تشریف لے گئے، اس اتوار کے بعد حضرت کی طبیعت، زیادہ خراب رہنے لگی تھی اور بقیہ رمضان شریف کے اتواروں میں بس یہی ہوا کہ مفتی صاحب کے خصوصی کمرہ میں لوگ سلام علیکم کرکے اور زیارت کرکے واپس آجاتے حتیٰ کہ عیدالفطر بھی اسی کیفیت کے ساتھ گذر گئی کہ اس دن بھی اتفاقاً اتوار کا ہی دن تھا۔ پھر بعد میں یہ ۳اکتوبر والا ماہ شوال کا پہلا اتوار تھا کہ حضرت مولانا مفتی صاحب نے سب لوگوں کو بلا ہی نہ لیا بلکہ خلاف معمول بغیر کتاب کے ملفوظات عالیہ سے حاضرین مجلس کو بڑی فرحت وانبساط کے ساتھ نوازنا بھی شروع کردیا۔ دوران مجلس کچھ صاحبان برابر آتے رہے اور محفل جمتی اور بڑھتی چلی گئی۔ کبھی کبھی حضرت مفتی صاحب رک جاتے اور فرماتے کہ ہاں بھئی ذرا آگے آگے ہو جاؤ لوگ سکڑتے گئے حاضرین مجلس بڑھتے گئے حتیٰ کہ تمام فرش، کرسیاں، تخت آدمیوں سے بھر گئے، کمرہ کھچا کھچ بھر گیا جہاں تل دھرنے کی جگہ نہ رہی پھر کچھ حضرات کمرہ کے دروازے کے بالکل قریب بھی بیٹھ گئے اور حضرت مفتی صاحب کے ارشادات عالیہ وملفوظات فاضلہ سے مستفیض ومستفید ہوتے رہے۔ دوران مجلس چہرے پر کمزوری اور نقاہت کے آثار بار بار محسوس ہو رہے تھے مگر اللہ کا شیر پون گھنٹے تک مسلسل بولتا رہا۔

## آپ پر حضرت تھانوی کی شفقتیں

حضرت مفتی صاحب نے بطور خاص حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی صاحب تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کی شفقتوں اور عنائتوں کے ذکر سے کلام کی ابتداء فرمائی۔ کچھ حضرات اور آگئے تو فرمایا کہ حضرت (تھانوی) کی شفقتوں پر بات آئی تھی۔ حضرت والا کے ہاں ظہر سے عصر تک مجلس عام ہوتی تھی' اس میں عام اجازت تھی سبھی بیٹھتے تھے لیکن ایک صبح کی مجلس خاص ہوتی تھی الحمدللہ میرے ساتھ کچھ خصوصیت بھی تھی جس زمانہ میں احکام القرآن کا کام میرے سپرد تھا' تحریر کا وقت ایسا تھا کہ وہی مجلس خاص کا بھی وقت تھا میں نے حضرت سے عرض کیا کہ میں تو تصنیفی کام کے سبب اس مجلس سے محروم رہ جاتا ہوں جب کہ جی بہت چاہتا ہے کہ شرکت کروں اور آپ کی صحبت سے زیادہ سے زیادہ مستفیض ہوں۔ خیر میں کام ختم کرکے ایسے وقت پہنچ جاتا کہ کبھی مجلس جاری ہوتی اکثر دیکھا کہ حضرت میرے پہنچنے کے بعد مجلس کو اور طول دے دیتے۔ بعض وقت ۱۵۔ ۲۰ منٹ اور کبھی آدھ گھنٹہ تاخیر تک تشریف فرما رہتے اور ملفوظات جاری رہتے۔ ایک روز مجھے پہنچنے میں بہت دیر ہوگئی مگر حضرت نے مجلس ختم نہیں کی بلکہ جب مجھے دیکھا تو معاً پڑھا۔

عید ہوئی ذوق مگر شام کو

دوران مجلس ایک صاحب نے مفتی صاحب مرحوم سے سوال کیا کہ حضرت دوسرا مصرعہ اس کا کیا تھا تو مفتی صاحب نے فرمایا کہ بس یہی ایک مصرع حضرت نے پڑھا تھا اور یہی مجھے یاد ہے۔

## جانشینی کا منصب عطا فرمانا

سلسلہ کلام جاری رکھتے ہوئے حضرت مفتی صاحب گویا ہوئے کہ ایک دن علماء کا مجمع تھا اور صبح کی مجلس خاص میں یہ سب حضرات بھی موجود تھے۔ میرے استاد حضرت مولانا میاں اصغر حسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ بھی تشریف لائے ہوئے تھے اور شریک مجلس تھے۔ اتفاق یہ کہ ۸۔ ۹ بجے ہی کا وقت ان دنوں میرے لئے ضروریات سے

فراغت کا ہوتا تھا۔ میں جلدی جلدی فارغ ہو کر آیا تو مجمع جم چکا تھا جتنی جگہ علماء کے لئے تھی کچھ بھی خالی نہ تھی صرف حضرت کا مصلیٰ خالی باقی تھا۔ مجھے حضرت نے دیکھا تو وہیں مصلیٰ پر آکر بیٹھ جانے کے لئے کہا میں ذرا جھجکا تو فرمایا کہ نہیں نہیں یہیں آجاؤ، پھر ایک قصہ بھی سناؤں گا چنانچہ میں حضرت کے ارشاد کے مطابق مصلیٰ پر جا بیٹھا تو حضرت نے عالمگیر اور داراشکوہ سے متعلق تخت نشینی کا قصہ یوں سنایا کہ داراشکوہ ایک بزرگ کے پاس گئے انہوں نے اسے اپنی مسند پر بٹھانا چاہا تو اس نے تکلف کیا اور نہ بیٹھا پھر تھوڑی ہی دیر کے بعد اس نے ان بزرگ سے درخواست کی کہ حضرت دعا کیجئے کہ مجھے تخت سلطنت مل جائے۔ بزرگ نے کہا کہ ہم تو تمہیں تخت دے رہے تھے لیکن تم ہی نہ بیٹھے پھر اتفاقاً کچھ دن بعد حضرت عالمگیر رحمۃ اللہ علیہ بھی انہیں بزرگ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور جب ان کو انہوں نے اپنے پاس بیٹھنے کو کہا تو یہ فوراً بیٹھ گئے۔ بعد میں انہوں نے بھی دعا کی درخواست کی کہ مجھے تخت سلطنت مل جائے بزرگ نے فرمایا کہ بھائی تخت تو تمہیں مل گیا (چونکہ یہ ان کے کہنے پر ان کی مسند پر آکر بیٹھ چکے تھے) اور یہ بزرگ تکوینی امور کے حامل ابدال میں سے تھے۔ اب تاج کا مسئلہ باقی ہے اور تمہارے فلاں خادم کے سپرد ہے جو تمہیں وضو کرواتا ہے۔

چنانچہ حضرت عالمگیر خوشی خوشی گھر پہنچے اور چونکہ یہ بڑے عاقل اور دانا تھے اس لئے انہوں نے یہ ترکیب کی کہ یوں تو کہا نہیں کہ مجھے تاج سلطنت دے دو بلکہ یہ کیا کہ وضو کے وقت اپنا صافا اتار کر انہیں پکڑا دیا اور وضو ختم کر کے کہا کہ صافا اپنے ہاتھ سے ہمارے سر پر رکھ دو۔ وہ بزرگ ذرا جھجکے مگر مخدوم کا حکم بھی نہ توڑ سکے لیکن اتنا ضرور کہا کہ خدا ستیاناس کرے اس کا کہ اس (یعنی مسند پر بٹھانے والے بزرگ) نے میرا راز فاش کر دیا اور فوراً صافا عالمگیر کے سر پر رکھ دیا۔ چنانچہ بعد میں عالمگیر تاج و تخت کے حصول میں کامیاب ہو گئے۔

ہمارے استاد حضرت میاں صاحب بھی ہمارے ساتھ تھے انہوں نے خاص طور پر بعد میں مبارکباد دی تھی کہ حضرت نے آج تمہیں بہت بڑے منصب سے نوازا اور تمہاری بڑی عزت افزائی کی اسی طرح اور دوسرے شرکائے مجلس نے بھی

مجھے بعد میں مبارکباد دی۔ میں کہہ رہا تھا کہ ہمارے اوپر بزرگوں کی شفقتیں تو بے حد ہوئیں۔ ایک مرتبہ میں دیوبند میں بیمار پڑ گیا اور تھانہ بھون حاضری میں تاخیر ہوگئی۔ جب میں اچھا ہونے کے بعد اپنے معمول کے مطابق پہنچا تو حضرت نے فرمایا ''اس مرتبہ تو انتظار میں سکھا ہی دیا'' یہ حضرت کی بے پناہ شفقت اور بے حد عنائیت کی بات تھی اور حضرت ﷺ کی توجہ خاص کا ثبوت تھا ورنہ حضرت کے یہاں انتظار کس کا؟ ہمارے پاس تو حضرت کی عنایات اور توجہات کے سوا اور کوئی سرمایہ ہے ہی نہیں۔

## احکام القرآن کی تالیف

دارالعلوم دیوبند کی ملازمت سے مستعفی ہونے کے بعد جب یک سو ہو کر تھانہ بھون پہنچا۔ تو حضرت بہت خوش ہوئے پھر مجھ سے کہا کہ یہاں تصنیف و تالیف کے کام میں لگنا ہے اور خاص طور پر پہلے ''احکام القرآن'' کا کام تمہارے سپرد کرنا چاہتا ہوں لیکن میں چاہتا ہوں کہ جو تنخواہ تمہیں دارالعلوم سے ملتی تھی میں کسی طرح تمہیں اس سے زیادہ پیش کروں۔ میں نے حضرت سے عرض کیا کہ میرے پاس الحمدللہ اتنی رقم موجود ہے کہ میں بڑے اطمینان سے اور فراغت کے ساتھ ایک سال تک اپنے خرچے پورے کر سکتا ہوں۔ ایک سال تک کسی سرمایہ کی ضرورت نہیں۔ بس جی چاہتا ہے کہ خدمت کروں حضرت نے قبول فرمالیا مگر کہا کہ اچھا اگر ہم کچھ دیا کریں تو اسے قبول کر لیا کرو' (حضرت مفتی صاحب نے تفصیل بھی بتائی تھی کہ احکام القرآن کی دو منزلیں حضرت مولانا ظفر احمد صاحب کے ذمہ تھیں' دو میرے ذمہ لگائیں ایک حضرت مولانا محمد ادریس صاحب مرحوم کے اور دو حضرت مفتی جمیل احمد صاحب کے ذمہ الحمدللہ میری اور مولانا ادریس صاحب کی جلدیں تو مکمل ہوگئی تھیں' مولانا ظفر احمد صاحب کی ایک منزل ہوگئی باقی ایک ہے اور مفتی جمیل احمد صاحب کا کچھ کام باقی ہے) اس کے بعد مفتی صاحب نے شیخ کے متعلق فرمایا کہ ہمیں تو بڑے میاں نے کاغذ کالے کرنے پر لگا دیا تھا بس اسی میں لگے رہے۔ پھر جب کام شروع کیا تو کبھی پانچ کا نوٹ آتا کبھی ۱۰ روپے کا نوٹ آتا۔ مولانا شبیر احمد صاحب مرحوم کی معرفت پیسے

آتے اور ایک پرچہ حضرت کا روپوں کے ساتھ ہوتا کہ یہ ہماری طرف سے ہدیہ ہے اسے قبول کر لو۔ معلوم ہوتا تھا کہ فی گھنٹہ کام کا حساب بھی حضرت لگاتے اور اس کے مطابق رقم مولوی شبیر احمد صاحب مرحوم کی معرفت پرچے کے ساتھ بھیجا کرتے۔ بس حضرت نے جس کام میں لگا دیا تھا الحمدللہ ساری عمر اسی میں لگے رہے اور زندگی ورقے کالے کرنے ہی میں گذر گئی۔ اللہ تعالیٰ نے حضرت رحمۃ اللہ علیہ کو ایسا مقام دیا تھا کہ کوئی نامکمل نہیں رہا "احکام القرآن" کے لئے بھی امید ہے کہ انشاءاللہ کبھی نہ کبھی پورا ہو جائے گا اور کوئی نہ کوئی پورا کر دے گا۔ میں نے مولانا ظفر احمد صاحب سے عرض کیا تھا، مگر بیماریوں نے انہیں بھی مہلت نہ دی۔ حضرت کے ارشاد کے مطابق اللہ تعالیٰ کسی کو توفیق عطا فرما دیں گے۔

## بڑا ہدیہ قبول کرنے سے معذرت

حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے دربار عالیہ کا ایک واقعہ بھی نقل فرمایا کہ ایک صاحب نے حضرت کی خدمت میں ۵۰۰۰۰ (پچاس ہزار روپے) کی پیش کش کی اور کہا کہ آپ حج کیلئے تشریف لیجائیں اور اس رقم کو استعمال فرمائیں اور اپنے ساتھ جس جس کو چاہیں لے جائیں۔ حضرت نے فرمایا اتنا بڑا ہدیہ قبول کرنا میرے اصول کے خلاف ہے۔ پھر یہ کہ آپ سے بے تکلفی بھی نہیں اس لئے میں قبول کرنے سے معذور ہوں اور بھائی جو خدمت میں یہاں کر رہا ہوں وہ بھی تو سرکار ہی کی خدمت کر رہا ہوں۔ اگر میں سفر میں رہوں گا تو شاید یہ کام یہاں چھوٹ جائے جو زیادہ ضروری ہے، وہاں حرم شریف کی زیارت تو ہو جائے گی مگر یہ سلسلہ شاید ٹوٹ جاوے اور ضروری کام باقی رہ جائے گا۔ ع

سہاگن وہی جسے پیا چاہے۔

اس لئے میں معذور ہوں۔

## بعض اعتبار سے عمرہ نفلی حج سے بہتر ہے

مفتی صاحب ﷫ نے ارشاد فرمایا کہ حج فرض والوں کو تو حج کے واسطے جانا ہی چاہئے' وہاں مرد وزن کا اختلاط بڑا سخت ہو گیا ہے حنفیہ کے نزدیک تو ایسے اختلاط کے ساتھ نماز ہی نہیں ہوتی۔ ہم لوگ دوسرے ائمہ کے فتوؤں کے مطابق جواز کا فتویٰ دے دیتے ہیں جس آدمی کے ذمہ حج نہیں وہ تو بس عمرہ ہی کر لے تو اچھا ہے' واقعہ بھی ایک سنایا تھا کہ ایک اللہ والے ؒ حج کے لئے چلے تو سفر میں ان کی ایک جگہ فرض نماز چھوٹ گئی تو وہ راستے ہی سے واپس لوٹ آئے کہ ایسے ؒ حج کو نہ جانا ہی بہتر ہے کہ جس کے لئے فرض نماز قضا ہو جائے چنانچہ حج کو نہیں گئے۔

## آزمائش میں مبتلا کرنا بھی قرب کا ذریعہ ہے

اسی مجلس کے دوران سلسلہ گفتگو میں فرمایا حق تعالیٰ کی بڑی بے نیاز بارگاہ ہے ان پر کسی کا کوئی قانون وضابطہ تو چلتا نہیں' وہ حاکم مطلق ہیں ایسے ایسے پیغمبر بھی گذرے ہیں کہ ساری عمر میں ان کو ایک ہی امتی ملا اور کوئی ایمان قبول نہ کر سکا' ایسے بھی نبی ہوئے کہ ان کے نہ ماننے والوں نے ان پر آرے چلا دیئے۔ حق تعالیٰ ضابطوں سے بے نیاز ہے۔ وہ دشمن کو پال دیں اور دوست کو قتل کرا دیں ان کے سامنے کسی کو بولنے کی مجال نہیں' پھر حضرت مفتی صاحب نے مولائے روم کی تعریف وتوصیف فرماتے ہوئے یہ دو اشعار بڑے درد اور سوز کے ساتھ پڑھے۔ پہلے شعر کو تو مفتی صاحب دو مرتبہ پڑھے بغیر نہ رہے

ما پروریم دشمن و ما می کشیم دوست
کس را چرا وچوں نہ رسد در قضائے ما

یہ بھی فرمایا کہ اپنے بہت سے نیک بندوں کو وہ آزمائشوں میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اللہ والوں کے لئے بھی آزمائش وتکلیف کوئی نئی بات نہیں' یہ بھوک کی آزمائش اور بھوکا رہنا بھی اللہ کے خاص بندوں کا کام ہے۔ وہ تو درد سران کو دیتے ہیں جنہیں اپنا بناتے ہیں بس۔

# آخری دعا

بس انہیں الفاظ کے بعد حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ اچھا بھائی اب دعا کر لو اچھی خاصی دیر تک مفتی صاحب نے بڑی دلسوزی اور آرام کے ساتھ دعا فرمائی اور اس طرح مجلس برخواست ہوئی۔ حاضرین میں سے کچھ مصافحہ کرتے تھے اور کچھ آرام وراحت کی خاطر بغیر مصافحہ کئے بھی نکلتے جاتے تھے یہ ناچیز بھی پہلے تو کھڑا کھڑا کچھ دیر تک مزید زیارت کرتا رہا اور پھر ذرا چھیٹر ہوئی تو مفتی صاحب کی خدمت میں آداب بجا لایا سلام مسنون پیش کیا جواب سے نوازا گیا' مصافحہ کا آخری موقعہ بھی نصیب ہوا اور حسب عادت مفتی صاحب نے میرے والد ماجد جناب حافظ عرفان احمد صاحب مدکرمہ 'کی خیریت دریافت فرمائی اور معاً فرمایا کہ بھائی میرا سلام بھی والد صاحب تک ضرور پہنچا دینا۔ یہ مفتی صاحب مرحوم کی خاص عادت تھی کہ ابا جی محترم کا حال مجھے دیکھتے ہی فوراً پوچھا کرتے بعد اپنا سلام آں معظم و محترم تک پہنچانے کی ہمیشہ تاکید فرماتے۔ یہ حضرت مفتی صاحب قدس اللہ سرہ کی حیات فانی کا آخری سلام تھا جو ہم باپ بیٹوں کو نصیب ہو سکا۔ ع

پس سخن کوتاہ باید والسلام

اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب رحمۃ اللہ علیہ پر بے حساب رحمتیں نازل فرمائے اور ہم کو ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق بخشے۔ آمین!

وصلي اللہ تعالٰي علي النبي الكريم محمد و آله و اصحابه اجمعين.

بندہ عبدالرؤف سکھروی غفرلہ

۱۸ رمضان المبارک لیلة الخمیس

بوقت پونے بارہ بجے ۱۴۱۶ھ

# علم اور اہل علم

۱۔ فرمایا کہ فتویٰ کا خاص ذوق اور ملکہ ہوتا ہے جو مفتی میں ہونا ضروری ہے اور وہ کتنی ہی کتابیں پڑھنے کے باوجود اس وقت تک حاصل نہیں ہوتا جب تک برسہا برس کسی ماہر مفتی کے زیر ہدایت فتویٰ لکھنے کا کام نہ کیا ہو"۔

۲۔ فرمایا کہ حضرت شاہ صاحب نے ہمیں دورہ حدیث ہی کے سال میں اس بات کی تاکید فرمائی تھی کہ فارغ التحصیل ہو جانے کو کبھی منتہائے مقصود نہ سمجھنا، فراغت کا حاصل صرف اتنا ہے کہ اس کے بعد انسان میں قوت مطالعہ پیدا ہو جاتی ہے اور علم کا دروازہ کھل جاتا ہے۔اب یہ فارغ ہونے والے کا کام ہے کہ وہ علم کی چند کلیوں پر قناعت کرنے کے بجائے اس دروازہ میں داخل ہو اور اس قوت مطالعہ کو کام میں لاکر علم میں وسعت و گہرائی پیدا کرے"۔

۳۔ فرمایا کہ فقہاء کرام نے محقق ابن ہمام اور شاہ ولی اللہ جیسے اصحاب اجتہاد کے تفردات کو قبول نہیں کیا تو بعد کے علماء کا معاملہ تو ان کے مقابلے میں بہت اہون ہے چنانچہ اگر کبھی آپ (مفتی اعظم) کا ذہن کسی ایسی رائے کی طرف مائل ہوتا جو معروف نقطہ نظر سے مختلف ہوتی تو آپ اس تلاش میں رہتے کہ یا تو فقہاء متقدمین میں کسی کا قول اس کے موافق مل جائے یا معاصر علماء اس رائے پر مطمئن ہو جائیں اور جب تک یہ نہ ہوتا اس وقت تک آپ عموماً اس رائے کے مطابق فتویٰ نہ دیتے تھے"۔

۴۔ فرمایا کہ محض فقہی کتابوں کے جزئیات یاد کر لینے سے انسان فقیہ یا مفتی نہیں بنتا، میں نے ایسے بہت سے حضرات دیکھے ہیں، جنہیں فقہی جزئیات ہی نہیں ان کی عبارتیں بھی ازبر تھیں، لیکن ان میں فتویٰ کی مناسبت نظر نہیں آئی۔وجہ یہ ہے کہ درحقیقت فقہ کے معنی "سمجھ" کے ہیں اور فقیہ وہ شخص ہے جسے اللہ تعالیٰ نے دین کی سمجھ عطا فرمادی ہو اور یہ سمجھ محض وسعت مطالعہ یا فقہی جزئیات یاد کرنے سے پیدا نہیں ہوتی بلکہ اس کے لئے کسی ماہر فقیہ کی صحبت اور اس سے تربیت لینے کی ضرورت

ہے۔

۵۔ فرمایا کہ حضرت شیخ الہند رحمۃ اللہ علیہ فرمایا کرتے کہ تقلید شخصی کوئی شرعی حکم نہیں ہے بلکہ ایک انتظامی فتویٰ ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ چاروں ائمہ مجتہدین برحق ہیں اور ہرایک کے پاس اپنے موقف کے لئے وزنی دلائل موجود ہیں لیکن اگر ہر شخص کو یہ کھلی چھٹی دے دی جائے کہ وہ جب جس امام کے مسلک کو چاہے' اختیار کرلے تو ہر شخص اپنی آسانی کی خاطر آج ایک مسلک پر عمل کرلے گا' کل دوسرے مسلک پر اور اس طرح اتباع خداوندی کے بجائے اتباع نفس کا دروازہ کھل جائے گا۔

۶۔ فرمایا کہ فتویٰ نویسی ایک مستقل فن ہے جس طرح مفتی کو بہت سی باتوں کی رعایت رکھنی پڑتی ہے۔ مثلاً سب سے پہلے مفتی کو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ مستفتی کا سوال قابل جواب ہے یا نہیں اور بعض اوقات سوال کے انداز سے یہ بات معلوم ہو جاتی ہے کہ اس کا مقصد عمل کرنا یا علم میں اضافہ کرنا نہیں بلکہ اپنے کسی مخالف کو زیر کرنا ہے یا حالات ایسے ہیں کہ اس سوال کے جواب سے فتنہ پیدا ہو سکتا ہے ایسی صورت میں استفتاء کے جواب سے گریز کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

۷۔ فرمایا کہ فتویٰ میں مسئلے کا مختصر حکم اور اس کے مفصل دلائل بالکل ممتاز ہونے چاہئیں تاکہ جو شخص صرف حکم معلوم کرنا چاہتا ہو وہ بآسانی حکم معلوم کرلے ' اور جس شخص کو دلائل سے دلچسپی ہو وہ دلائل بھی پڑھے۔ فتویٰ میں عام آدمی کے لئے تو صرف حکم ہوتا ہے اور دلائل اہل علم کے لئے ہوتے ہیں۔

۸۔ فرمایا کہ درس حدیث میں "روایۃ" اور "درایۃ" کی تفریق عہد حاضر کی بدعت ہے اسلاف میں اس کا کوئی نشان نہیں ملتا ہے کہ بعض ابواب پر بحث کے دوران انتہا درجے کی تحقیق کا مظاہرہ کیا جائے اور بعض کو تشریح مفہوم کے قابل بھی نہ سمجھا جائے۔ اس کے بجائے درس حدیث شروع سال سے اس معتدل انداز پر ہونا چاہئے کہ تمام ابواب کے تحت ضروری معلومات طالب علم کے سامنے آجائیں اور درس حدیث کا اصل فائدہ حاصل ہو۔

۹۔ فرمایا کہ درس حدیث میں جو فقہی اختلافات اور ان کے مفصل دلائل بیان کئے جاتے ہیں ان کا مقصد جہاں اپنے مسلک کے دلائل کی وضاحت اور شبہات کا

ازالہ ہوتا ہے' وہاں اصل مقصد طالب علم میں تحقیق و نظر کی صلاحیت پیدا کرنا ہے تاکہ اس پر یہ بات واضح ہو جائے کہ حدیث سے مسائل و احکام کا استخراج' متعارض احادیث میں تطبیق اور احادیث میں صحیح و سقم کی تحقیق کن اصولوں کے تحت کس طرح کی جاتی ہے۔ چنانچہ جب سال بھر تک اس قسم کے مباحث طالب علم کے سامنے آتے رہتے ہیں تو اس سے ایک مزاج پیدا ہو جاتا ہے جس کے ذریعہ وہ آئندہ اپنی بساط کے مطابق تحقیقی کام کر سکتا ہے۔ لہٰذا ان مباحث کے دوران استاد کو چاہئے کہ وہ یہ دیکھتا رہے کہ طالب علم میں یہ مزاج پیدا ہوا یا نہیں؟ استاد کی تقریر کے ایک ایک لفظ کو یاد رکھنا طالب علم کی کامیابی کے لئے ضروری نہیں لیکن جن اصولوں کے تحت یہ مباحث ہوتے ہیں ان کا محفوظ ہو جانا ضروری ہے۔

۱۰۔ فرمایا کہ حضرت علامہ انور شاہ کشمیری فرمایا کرتے تھے کہ حافظ ابن حجر ہوں یا علامہ عینی یہ سب حضرات صدیوں پہلے جنت میں اپنے خیمے گاڑ چکے ہیں' ان کی شان میں کوئی نامناسب بات کہہ کر اپنی عاقبت خراب نہ کرو۔

۱۱۔ فرمایا کہ ائمہ مجتہدین کا اختلاف تو ہوا ہی اس مقام پر ہے جہاں دلائل کی رو سے دونوں راہوں کی گنجائش موجود تھی' لہٰذا یہ ثابت کرنے کی فکر کہ دوسرا مسلک بلا دلیل ہے' بڑی نادانی کی بات ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ دلائل دونوں کی طرف موجود ہیں' اور کسی ایک مجتہد کی تقلید تو کی ہی اس مقام پر جاتی ہے جہاں دلائل متعارض ہوں' اس لئے اگر کسی حدیث کے بارے میں یہ مان لیا جائے کہ یہ شافعیہ ' حنابلہ یا مالکیہ کے مسلک پر دلالت کرتی ہے تو یہ واقع کے عین مطابق ہوگا' کیونکہ اگر کسی مسلک پر کوئی دلیل نہ ہوتی تو یہ حضرات اسے اختیار ہی کیوں فرماتے۔

۱۲۔ فرمایا کہ میں نے ۱۳۸۵ھ میں جو پہلا حج کیا تو وہاں حرم مکہ میں حدیث کے مختلف درس ہوا کرتے تھے' ان میں شرکت کی تو ان کا طریقہ بہت پسند آیا کہ وہ حدیث میں تاویلات کرنے کے بجائے ایک ہی باب کی مختلف احادیث آئیں تو حدیث کے تحت فرماتے فیہ حجۃ سادا تنا المالکیۃ پھر اس کے مخالف دوسری حدیث آتی ہو تو فرماتے فیہ حجۃ سادا تنا الحنفیۃ.

۱۳۔ فرمایا کہ قرآن کریم کی محض تلاوت بھی بلاشبہ بہت موجب اجر ہے لیکن

ایک عالم کو چاہئے کہ وہ کچھ وقت تدبر قرآن کے لئے بھی نکالا کرے۔ قرآن کریم کا کوئی لفظ حشو یا زائد نہیں ہے لہٰذا اگر غور کیا جائے تو اس کے ہر لفظ سے کسی نئے فائدے کی طرف رہنمائی مل سکتی ہے۔

۱۴۔ فرمایا کہ باطل فرقوں کی تردید بھی درحقیقت دعوت وتبلیغ ہی کی ایک قسم ہے۔ لہٰذا اس میں بھی حکمت، موعظہ حسنہ اور مجادلہ بالتي هي احسن کے اصولوں پر عمل ضروری ہے آج کل دوسروں کی تردید میں طعن وتشنیع، طنز وتعریض اور فقرے کسنے کا جو انداز عام ہو گیا ہے اس سے اپنے ہم خیال لوگوں سے داد تو وصول ہو جاتی ہے لیکن اس سے مخالفین کے دل میں ضد اور عناد پیدا ہو جاتا ہے اور کسی کا ذہن بدلنے میں مدد نہیں ملتی۔

۱۵۔ فرمایا کہ یوں تو انسان کو اپنے ہر قول وفعل میں محتاط ہونا چاہئے لیکن خاص طور پر جب دوسروں پر تنقید کا موقع ہو تو ایک ایک لفظ یہ سوچ کر لکھو کہ اسے عدالت میں ثابت کرنا پڑے گا اور کوئی ایسا دعویٰ جزم کے ساتھ نہ کرو جسے شرعی اصولوں کے مطابق ثابت کرنے کے لئے کافی مواد موجود نہ ہو۔

۱۶۔ فرمایا کہ اکابر علماء دیوبند کا طریقہ یہی رہا ہے کہ دارالعلوم دیوبند سے وابستہ رہنے کی حالت میں انہوں نے عملی سیاست میں کوئی نمایاں حصہ نہیں لیا، لیکن جب حضرت شیخ الہند آزادی ہند کے سلسلے میں تحریکات خلافت میں میں موثر حصہ لینے لگے تو دارالعلوم دیوبند سے الگ ہو گئے۔

۱۷۔ فرمایا کہ علامہ شبیر احمد عثمانی رحمۃ اللہ علیہ نے ایک مرتبہ اسمبلی میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ ارباب اقتدار اس غلط فہمی کو ذہن سے نکال دیں کہ "ملّا" اقتدار چاہتا ہے، میں واضح الفاظ میں کہہ دینا چاہتا ہوں کہ ہم کبھی اقتدار میں آنا نہیں چاہتے، لیکن ارباب اقتدار کو تھوڑا سا ملّا بنانا ضرور چاہتے ہیں۔

۱۸۔ فرمایا کہ اگر صرف علم کسی شخص کی عظمت کے لئے کافی ہوتا تو شیطان بھی بہت بڑا عالم ہے، اور وہ مستشرقین جو دن رات علمی تحقیقات میں مصروف رہتے ہیں وہ بھی بہت سے مسلمان اہل علم سے زیادہ معلومات رکھتے ہیں۔ لیکن ظاہر ہے کہ ایسے علم کی کیا قدر وقیمت ہو سکتی ہے جو انسان کو ایمان کی دولت نہ بخش سکے، اسی

طرح جو علم انسان کی عملی زندگی پر اثر انداز نہ ہو وہ بیکار ہے۔

۱۹۔ فرمایا کہ حضرت تھانوی کا ارشاد ہے کہ میں نے تحصیل علم میں نہ تو محنت زیادہ کی ہے اور نہ بہت سی کتابیں میرے مطالعہ میں رہیں۔ بس اتنا اہتمام کیا کہ اپنے کسی بھی استاد کو ایک لمحہ کے لئے بھی اپنے آپ سے ناراض نہیں ہونے دیا۔ یہ سب اسی کی برکت ہے کہ اللہ نے دین اور علم دین کی خدمت کی توفیق عطا فرمائی ہے۔ اکثر اکبر مرحوم کا یہ شعر پڑھتے ؂

نہ کتابوں سے نہ کالج سے نہ زر سے پیدا
علم ہوتا ہے بزرگوں کی نظر سے پیدا

۲۰۔ فرمایا کہ حضرات فقہاء نے من لم یعرف عرف زمانہ فھو جاھل یعنی جو اپنے زمانہ کے رسم ورواج وغیرہ سے واقف نہ ہو وہ فقیہ نہیں ہو سکتا بالکل صحیح فرمایا ہے۔

۲۱۔ طلباء واساتذہ سے فرمایا کہ آپ کو ملکی سیاست کا علم ہونا ضروری ہے البتہ جب مشغلہ میں مصروف ہیں اس وقت تک عملی سیاست میں قطعاً حصہ نہ لیں اور نہ کسی دوسری تنظیم کا رکن بنیں، کیونکہ اس سے تحصیل علم میں خلل واقع ہو گا۔

۲۲۔ فرمایا کہ قرآن عظیم میں یہ بات بتلائی گئی ہے کہ جو طائفہ علم دین حاصل کرنے کے نام پر جمع ہوا ہے اس کا کام یہ ہے کہ دین میں سمجھ بوجھ پیدا کرے، اور سمجھ بوجھ اس کو کہا جائے گا جبکہ اس علم کے ساتھ عمل بھی ہو، جس علم کے ساتھ عمل نہ ہو، وہ دین کی سمجھ بوجھ نہیں کہلاتی۔ ایسا علم تو شیطان کو بھی ہے۔

۲۳۔ فرمایا کہ تم شروع سال ہی سے اپنی نیت کو درست کر لو، اپنی نیت یہ رکھو کہ ہم جو کچھ پڑھ لکھ رہے ہیں۔ اس سے رضائے خداوندی حاصل کرنا ہے اگر اس مقصد کو مدنظر رکھ کر تم نے تعلیم کی ابتداء کی تو انشاء اللہ تم کو پڑھنے کا پورا پورا ثواب ملے گا۔ اگر خدانخواستہ یہ علم پڑھنے سے کوئی اور ارادہ ہے مثلاً یہ کہ لوگ تمہاری عزت کریں، تمہیں مفتی صاحب کہیں اور تمہارے بالوں اور قدموں کو بوسہ دیں۔ اگر یہ نیت ہے تو فوراً توبہ کرو اور اپنی نیت کو فوراً صحیح کرو۔

۲۴۔ طلبہ کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا کہ وہ تقریر کرنے کی مشق کیا کریں۔

فرمایا کہ مولویوں کے لئے ضروری ہے کہ ان کو تقریر کرنی آتی ہو۔ فرمایا کہ ایک اچھا واعظ اور مقرر بننے کے لئے ضروری ہے کہ ہر واعظ قرآن حکیم کی اس آیت کو ملحوظ رکھے۔ اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ۔"

۲۵۔ طلبہ سے فرمایا کہ عصر کی نماز کے بعد کھیل وغیرہ ہلکی ورزش کا اہتمام کیا جائے۔ اگر یہ نہ ہو سکے تو چہل قدمی ہی کی جائے۔ اس سے انشاءاللہ صحت اچھی رہے گی اور پڑھائی وغیرہ میں دل لگے گا اور انسان دلجمعی کے ساتھ رات کے وقت مطالعہ کر سکے گا۔ فرمایا کہ چہل قدمی کے لئے بازار یا مارکیٹ یا پارکوں کا اہتمام نہ کرنا چاہئے کیونکہ اس میں بہت بڑی خرابی ہے اول یہ کہ بازار وغیرہ جاکر انسان خواہ مخواہ کے گناہوں کا مرتکب ہو جاتا ہے اور بازاروں اور پارکوں وغیرہ سے دل مردہ ہو جاتا ہے۔ اس لئے اہل علم کو ایسے مقامات پر خواہ مخواہ جانا مناسب نہیں۔ ہاں بقدر ضرورت اگر کسی کام سے جائے تو چاہئے کہ فوراً لوٹ آئے۔

۲۶۔ فرمایا عزیزو! ایک عرصہ سے مدارس عربیہ کی حالت خراب سے خراب تر ہوتی جا رہی ہے۔ سب سے پہلے مدارس میں روحانیت کی کمی واقع ہونی شروع ہوئی۔ مگر تعلیمی استعداد پھر بھی اچھی تھی۔ مگر اب یہ افتاد آگئی ہے کہ عادات و اعمال کے ساتھ ساتھ تعلیمی استعداد بھی گرتی جا رہی ہے اور اب مدارس بالکل بانجھ ہو گئے ہیں کہ اب بہت ہی کم اللہ والے علماء فارغ التحصیل ہو کر نکلتے ہیں۔

۲۷۔ فرمایا کہ اگر تم چاہتے ہو کہ تمہارا علم ہمیشہ باقی اور تازہ رہے اور اس میں دن رات اضافہ ہو تو تم کو چاہئے کہ اپنے اندر عمل پیدا کرنے کی کوشش کرو۔ فرمایا کہ فارغ التحصیل ہونے کے بعد کسی پیر کامل اور شیخ کامل کی صحبت اختیار کی جائے اور اس سے اپنی اصلاح باطن کروائیں۔

۲۸۔ فرمایا کہ جہل کا اعتراف بھی علم کا ایک حصہ ہے اور پھر امام مالک رحمۃ اللہ علیہ کا مقولہ سنایا کہ وہ فرمایا کرتے "علموا اصحابکم قول لا ادری" اپنے ساتھیوں کو لا ادری (میں نہیں جانتا) کہنا بھی سکھاؤ۔

۲۹۔ فرمایا کہ دینی خدمت کے میرے سامنے اور بھی طریقے اور راستے تھے

لیکن میں نے فتویٰ کی خدمت کو اپنا مقصد زندگی سوچ سمجھ کر بنایا اس لئے کہ اس کا نفع نقد ہے اور دوسرے طریقوں میں ایسا نہیں۔ فرمایا کہ اگر کوئی شخص صرف تصنیف وتالیف کو اپنا مقصد زندگی بنالے اور کتابیں لکھا کرے تو اس کا نفع مصنف کو اسی وقت حاصل ہوگا جب کوئی اس کی کتاب کو پڑھے گا اور اس پر عمل کرے گا اور معلوم نہیں کہ ایسا ہوگا بھی یا نہیں۔

۳۰۔ فرمایا کہ مفتی کو ہمیشہ اس امر کا خصوصی طور پر خیال رکھنا چاہئے کہ اس کے فتویٰ سے کوئی فتنہ نہ کھڑا ہو جائے۔ نہایت سوچ سمجھ کر لکھنا چاہئے۔ کتب کی طرف مراجعت کے ساتھ ساتھ موقع اور محل کو بھی ملحوظ رکھنا چاہئے۔ فقہاء نے فرمایا ہے من لم یعرف اهل زمانه فهو جاهل.

۳۱۔ فرمایا کہ مفتی کو چاہئے کہ جن مسائل کا تعلق اپنی ذات سے ہو، ان مسائل میں دوسرے علماء سے استفسار کرے اپنے نفس پر اعتماد نہ کرے کیونکہ نفس کے کید خفی کا اندیشہ ہے۔

۳۲۔ فرمایا کہ میری زیادہ تر یہ خواہش رہتی ہے کہ مدرسہ میں چند اللہ والے جمع ہو جائیں اگرچہ زیادہ محقق نہ ہوں۔ جس مدرس کا مقصود تنخواہ لینا ہو اس کو حضرت ﷺ اپنی اصطلاح میں پیشہ ور مولوی فرمایا کرتے تھے۔

۳۳۔ ایک دفعہ فرمایا کہ بعض مدرسین مدرسہ سے تنخواہ تو پوری وصول کر لیتے ہیں مگر مدرسہ کی طرف سے جو کام ان کے ذمہ ہوتا ہے اس کو پورا نہیں کرتے۔ کبھی سبق میں دیر سے پہنچتے ہیں کبھی بلاوجہ سبق کا ناغہ کر دیتے ہیں۔ کبھی سبق میں بے ضرورت اور بے فائدہ باتیں کرتے ہیں۔ جس سے سبق کی کمیت اور کیفیت کا نقصان ہو جاتا ہے۔ یہ سب باتیں امانت و دیانت کے خلاف ہیں۔ خیانت اور تطفیف میں داخل ہیں۔

۳۴۔ فرمایا کہ مدرسہ کی ضروریات کی اہل خیر کو عمومی اطلاع دے دی جایا کرے یا ان مخصوص حضرات کو اطلاع کر دی جائے جو ایسے مواقع خیر کے منتظر رہتے ہیں۔ مگر چندہ کرنے کا کوئی ایسا طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس سے اہل علم کی بے وقعتی ہو۔

۳۵۔ فرمایا کہ میرے خیال میں مولوی وہ ہے جس میں اس قدر استعداد ہو کہ ہدایہ کی چاروں جلدوں میں جو جگہ اس کو بتلائی جائے اس کو حل کر کے سمجھا اور پڑھا سکے۔

۳۶۔ فرمایا کہ بقسم کہتا ہوں کہ میں نے ایک عالم بھی ایسا نہیں دیکھا کہ جس نے اللہ کے لئے پڑھا اور پڑھایا ہو اور اللہ نے اس کو عزت وراحت کی زندگی عطا نہ کی ہو۔ اگر عالم ہو تو کوئی رسوا ہو تو اپنی بدعملی سے ہوا۔

۳۷۔ فرمایا کہ طلباء کو اپنی ذمہ داریوں کا احساس نہیں ہے اور اس دور میں سہل پسندی اور کاہلی سے کام لیکر اپنی عمر کے قیمتی حصے کو برباد کر دیتے ہیں' یاد رکھو! ایک ایک لمحہ آپ کا قیمتی ہے اس کو یوں ہی نہ گزارو۔

۳۸۔ فرمایا کہ جو استاد کسی مدرسے میں پڑھا رہا ہے' اسے وہاں پڑھانے کے دوران اپنے مدرسے میں آنے کی دعوت دینا اصول کے خلاف ہے۔ اول تو اس میں "سوم علي سوم اخيه" کا گناہ ہے دوسرے ایک مدرسے کو اجاڑ کر دوسرا مدرسہ آباد کرنا دین کی کوئی خدمت نہیں۔ ہاں اگر یہ معلوم ہو جاتا کہ کوئی صاحب اس مدرسے سے الگ ہو گئے ہیں یا الگ ہونے کا ارادہ ہے تو ان سے زیادہ سے زیادہ جو بات فرماتے وہ یہ تھی کہ اگر آپ اس مدرسے کو خود چھوڑنے کا فیصلہ کر چکے ہیں تو دارالعلوم حاضر ہے۔

۳۹۔ فرمایا کہ حضرت نانوتوی کی وصیت کے مطابق جب تک دینی مدارس توکل' استغناء اور للّٰہیت پر کاربند رہیں گے ان کا کام انشاءاللہ بابرکت ہو گا اور اہل علم سے دنیا کو فائدہ پہنچے گا' لیکن جب اہل علم بھی توکل' استغناء سے محروم ہو جائیں اور اہل ثروت کی ثروت پر ان کی نگاہ جانے لگے تو ان کی تعلیم و تبلیغ بھی انوار و برکات سے خالی ہو جائے گی۔

۴۰۔ حضرت والا صاحب (حضرت مفتی اعظم) نے تمام منتظمین کو یہ وصیت فرمائی تھی کہ ہم نے دارالعلوم کی شکل میں کوئی دکان نہیں کھولی بلکہ خدمت دین کا ایک ادارہ قائم کیا ہے جب تک آپ حضرات اس ادارے کو صحیح اصولوں پر اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے مطابق چلا سکیں چلائیں اور اگر خدانخواستہ کوئی ایسا وقت آجائے کہ

اسے صحیح اصولوں پر چلانا ممکن نہ رہے تو میرے نزدیک اسے بند کر دینا بہتر ہے' بہ نسبت اس کے کہ اس غلط اصولوں پر چلایا جائے۔

۴۱۔ فلسفہ اور عقلیات کی حقیقت اور اس کے "پائے چوبیں" کی ناپائیداری

حضرت والا صاحب پر روز روشن کی طرح واضح تھی لیکن جب کبھی آپ کے سامنے یہ تجویز پیش ہوتی کہ معقولات کو درس نظامی سے نکال دیا جائے تو حضرت والا صاحب اس کی سخت مخالفت فرماتے تھے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ تفسیر' حدیث' فقہ' اصول فقہ اور عقائد پر لکھی ہوئی متقدمین کی کتابیں معقولات کی اصطلاحوں سے سے بھری ہوئی ہیں۔ اور اگر قدیم منطق وفلسفہ کو بالکل دیس نکالا دیا جائے تو اسلاف کی ان کتابوں سے خاطر خواہ استفادے کی راہ مسدود ہو جاتی ہے جو ہمارا گرانقدر علمی سرمایہ ہے۔ اس کے علاوہ منطق وفلسفہ کی تعلیم سے ذہن وفکر کو جلا ملتی ہے اور ذہن مسائل کو مرتب طریقے سے سوچنے کا عادی بن جاتا ہے اور اس طرح یہ علوم تفسیر' حدیث' فقہ اور اصول فقہ کے مسائل کو سمجھنے میں معاون ہوتے ہیں۔ حضرت والا صاحب فرمایا کرتے تھے کہ اگر ان علوم کی اصل حقیقت کو ذہن نشین کر کے کوئی شخص اس نیت سے ان علوم کو پڑھے پڑھائے کہ ان سے دینی علوم کی تحصیل میں مدد ملے گی تو ان علوم کی تحصیل بھی عبادت بن جائے گی' اور درس نظامی کے مرتبین نے اسی وجہ سے ان کو داخل درس کیا تھا اور حضرت شیخ الہند فرمایا کرتے تھے کہ اگر نیت بخیر ہو تو ہمارے نزدیک بخاری پڑھانے والے اور قطبی پڑھانے والے میں کوئی فرق نہیں' دونوں اپنی اپنی جگہ خدمت انجام دے رہے ہیں' اور دونوں کی خدمت موجب اجر وثواب ہے۔

۴۲۔ فرمایا مدرس لمبی چوڑی تقریر کر کے سمجھتا ہے کہ میں نے سبق کا حق ادا کر دیا کتاب سمجھا دی اور میرا حق ادا ہو گیا اور اسی طرح طالب علم سمجھتے ہیں کہ اب امتحان میں پاس ہو جائیں گے یا مدرس بن جائیں گے یہ کافی نہیں ہے زیادہ ضروری یہ امر ہے کہ مدرس اور طالب علم جو کچھ پڑھتے پڑھاتے جائیں ان پر عمل بھی کرتے جائیں اگر عمل کر لیا تو واقعی کتاب کا حق ادا کر لیا۔ اس لئے عمل کرنے اور کروانے کی نیت سے پڑھنا پڑھانا چاہئے۔

۴۳۔ایک مرتبہ طلباء سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا میں اپنی اسی سالہ زندگی کا نچوڑ اور حاصل آپ کو بتلاتا ہوں اس کو توجہ سے سنو! یہ خلاصہ ساری دنیا دیکھ کر اور دنیا داروں اور دینداروں کا تجربہ کرکے اور زندگی کے تمام اتار چڑھاؤ دیکھ کر بیان کر رہا ہوں، وہ یہ ہے کہ آپ جس کام میں لگے ہیں (یعنی تعلیم وتعلم) اگر یہ خلوص کے ساتھ محض حق تعالیٰ شانہ کی رضا کے لئے ہے تب تو یہ ایسا عظیم الشان کام ہے کہ دنیا کا کوئی کام اس کے برابر نہیں یہ سب سے بہتر اور افضل ہے اور اگر خدانخواستہ مقصود اس سے رضائے الٰہی نہیں دنیا کمانا پیش نظر ہے جیسا کہ آج کل یہ کام صرف ایک پیشہ بن کر رہ گیا ہے تو میرے عزیزو! پھر دنیا میں اس سے بدتر کوئی کام نہیں۔ (العیاذ باللہ)

۴۴۔ فرمایا کہ میں مدرسین میں محققین تلاش نہیں کرتا، جو شخص کتاب اچھی طرح سمجھا دے اسی سے کام چلا لیتا ہوں آدمی مدرس ہو مفہم ہو۔ صالح ہو مفسد نہ ہو۔ بس یہ کافی ہے اگر محقق ہو اور مفسد ہو تو مدرسہ اور طلبہ کا علم وعمل سب تباہ ہو جائے گا۔

۴۵۔ فرمایا کہ دارالعلوم دیوبند کا وہ زمانہ تھا کہ مہتمم سے لیکر دربان اور چپراسی تک ہر شخص صاحب نسبت تھا۔

۴۶۔ختم بخاری شریف پر فرمایا آج ہمیں اپنے پورے سال کی محنت کا نتیجہ دیکھنا ہے اور سال بھر جو چکی پیسی اس کے بارے میں غور کرنا ہے کہ حاصل کیا ہوا اور اس موقع پر حضرت مولانا انور شاہ کشمیری کا ارشاد "جعجعة ولا طحين" نقل فرمایا کرتے تھے یعنی چکی تو چلا لی اب یہ دیکھو کہ آٹا بھی ہے یا نہیں، فرماتے تھے کہ سال بھر کی محنت سے چند آدمی تیار ہوتے ہیں لیکن ان کو جو سند دی جائے گی دنیا میں اس کی دو پیسے کی بھی قیمت نہیں اس کے علاوہ کالج ویونیورسٹی میں کوئی ملازمت نہیں مل سکتی اور درحقیقت ہمارے مدرسوں سے فارغ ہونے والوں کو چاہئے بھی یہی کہ مدرسوں ہی میں زندگیاں گزار دیں دوسری طرف نظر اٹھا کر نہ دیکھیں۔اللہ کے یہاں علوم قرآن وحدیث کی قدر ہے بس ہمیں وہی چاہئے، اہل دنیا کی ملازمت کی ہمیں ضرورت ہی کیا۔ (بشکریہ ماہنامہ البلاغ شوال ۱۴۱۶ھ)

# تصانیف

## جسٹس مفتی محمد تقی عثمانی

- آسان نیکیاں
- اندلس میں چند روز
- اسلام اور سیاست حاضرہ
- اسلام اور جدت پسندی
- اصلاح معاشرہ
- اصلاحی خطبات (جلد)
- احکام اعتکاف
- اسلام اور جدید معیشت و تجارت
- اکابر دیوبند کیا تھے؟
- بائبل سے قرآن تک (۳ جلد)
- بائبل کیا ہے؟
- تراشے
- تقلید کی شرعی حیثیت
- جہانِ دیدہ (بیس ملکوں کا سفرنامہ)
- حضرت معاویہؓ اور تاریخی حقائق
- حجیت حدیث
- حضورؐ نے فرمایا (انتخاب حدیث)
- حکیم الامت کے سیاسی افکار
- درس ترمذی (۳ جلد)
- دینی مدارس کا نصاب و نظام
- ضبط ولادت
- پُر نور دعائیں
- عیسائیت کیا ہے؟
- علوم القرآن
- عدالتی فیصلے (شرعی عدالت عظمیٰ کے فیصلے)
- فرد کی اصلاح
- فقہی مقالات
- مآثر حضرت عارفی
- میرے والد میرے شیخ
- ملکیت زمین اور اس کی تحدید
- مطابق سنت نماز بخوانید
- نقوش رفتگاں
- نفاذ شریعت اور اس کے مسائل
- نمازیں سنت کے مطابق پڑھیے
- ہمارے عائلی مسائل
- ہمارا تعلیمی نظام
- ہمارا معاشی نظام
- تکملۃ فتح الملہم شرح صحیح مسلم (۳ جلد) (عربی)
- ما ھی النصرانیۃ؟ (عربی)
- نظرۃ عابرۃ حول التعلیم الاسلامی (عربی)
- احکام الاوراق النقدیۃ (عربی)
- بحوث فی قضایا فقہیۃ معاصرۃ (عربی)
- The Authority of Sunnah.
- The Rules of I' tikaf.
- What is Chiristianity?
- Easy Good Deeds.
- Perform Salah Correctly.
- Islamic Months

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

# مآثر حضرت عارفیؒ

عارف باللہ حضرت ڈاکٹر محمد عبدالحیٔ صاحبؒ عارفی قدس سرہٗ
کے مزاج و مذاق، سیرت اور افادات کا تذکرہ

جسٹس مفتی محمد تقی عثمانی

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

# حیاتِ مُفتی اعظم

فقیہ العصر مُفتی اعظم پاکستان
حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب قدس سرہ کی
کی مختصر و جامع سوانح

مولانا مُفتی محمد رفیع عثمانی

اِدارۃ المعارف کراچی ۱۴

# ...یہ تیرے پُراسرار بندے!

جہادِ افغانستان کا منظر و پس منظر، چھاپہ مار جنگ کی آپ بیتی اور آنکھوں دیکھی تفصیلات، دُنیا کی ایک عظیم طاقت پر مٹھی بھر نہتے مجاہدین کی فتح کے ایمان افروز واقعات، جہاد کے بارے میں قرآن و سُنّت کی تعلیمات، میدانِ کارزار میں اُن کے مُعجز نما کرشمے اور موجودہ دُنیا پر اس کے عجیب و غریب اثرات

مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب

ادارۃ المعارف کراچی

# میرے والد میرے شیخ

## اور اُن کا مزاج و مذاق

جسٹس مفتی محمد تقی عثمانی

ادارۃ المعارف کراچی ۱۴

# تصانیف حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب رحمۃ مفتی اعظم پاکستان

تفسیر معارف القرآن کامل ۸ جلدیں
اسلام کا نظامِ اراضی
آلاتِ جدیدہ کے شرعی مسائل
ایمان وکفر قرآن کی روشنی میں
احکام وتاریخ قربانی
احکامِ دعاء
اوزانِ شرعیہ
احکام وخواص بسم اللہ
احکامِ حج
آدابُ النبیؐ
آدابُ المساجد
انسانی اعضاء کی پیوندکاری
اسلام کا نظامِ تقسیمِ دولت
اسلام اور موسیقی
اسلامی ذبیحہ
بیمۂ زندگی
پراویڈنٹ فنڈ پر زکوٰۃ اور سود کا مسئلہ
پیغمبرِ امن وسلامت
تصویر کے شرعی احکام
جواہر الفقہ کامل ۳ جلد
جہاد
ختمِ نبوت
خطباتِ جمعہ وعیدین
دو شہید
ذوالنون مصری
ذکر اللہ اور فضائل درود وسلام
رویتِ ہلال
رفیقِ سفر
سنت وبدعت
سیرت خاتم الانبیاءؐ
شہادتِ کائنات
شب برأت
شہیدِ کربلاؓ
ضبطِ ولادت
علمی کشکول
علاماتِ قیامت اور نزولِ مسیحؑ
فتاویٰ دارالعلوم دیوبند کامل ۲ جلدیں
قرآن میں نظامِ زکوٰۃ
موت کے وقت شیطانی دھوکہ معہ مسافرِ آخرت
مجالس حکیم الامتؒ
مسئلہ سود
مقامِ صحابہؓ
میرے والد ماجدؒ
مکاتیبِ حکیم الامت
مصیبت کے بعد راحت
نجات المسلمین
نقوش وتاثرات
وحدتِ امت

فون ٥٠٤٩٧٣٣
ادارۃ المعارف کراچی ۱۴
پوسٹ کوڈ ٧٥١٨٠